وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ﴿82﴾ النمل

ترجمہ:

اور جب ان کے بارے میں (عذاب کا) وعدہ پورا ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین میں سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے بیان کردے گا اس لئے کہ لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے ﴿82﴾

آخر البیان

حصّہ اوّل

محمد عُقاب

مکمل عِلمی تو نہیں مگر اعمال کے اعتبار سے
قرآنِ عربی کا اُردو میں درُست بامحاورہ ترجمہ

فتح محمدؒ خان جالندری

(تجوید: صاحبِ کتاب)

فہرست

نمبر شمار	نام سورۃ	صفحہ نمبر	آیات	نمبر شمار	نام سورۃ	صفحہ نمبر	آیات
1	فاتحہ	1	6	31	لقمان	411	34
2	بقرہ	2	286	32	سجدہ	415	30
3	آلِ عمران	50	200	33	احزاب	418	73
4	نساء	77	176	34	سبا	428	54
5	مائدہ	106	120	35	فاطر	434	45
6	انعام	128	165	36	یٰسٓ	440	83
7	اعراف	151	206	37	صافات	445	182
8	انفال	177	75	38	صٓ	452	88
9	توبہ	187	129	39	زمر	458	75
10	یونس	208	109	40	مومن	467	85
11	ھود	221	123	41	حٰمٓ السجدہ	477	54
12	یوسف	235	111	42	شوریٰ	483	53
13	رعد	249	43	43	زخرف	489	89
14	ابراھیم	255	52	44	دخان	495	59
15	حجر	261	99	45	جاثیہ	498	37
16	نحل	267	128	46	احقاف	502	35
17	بنی اسرائیل	282	111	47	محمد	506	38
18	کہف	293	110	48	فتح	511	29
19	مریم	305	98	49	حجرات	515	18
20	طٰہٰ	312	135	50	قٓ	518	45
21	انبیاء	322	112	51	ذاریات	520	60
22	حج	331	78	52	طور	523	49
23	مومنون	342	118	53	نجم	526	62
24	نور	350	64	54	قمر	528	55
25	فرقان	359	77	55	رحمٰن	531	78
26	شعراء	366	227	56	واقعہ	534	96
27	نمل	376	93	57	حدید	537	29
28	قصص	385	88	58	مجادلہ	542	22
29	عنکبوت	396	69	59	حشر	545	24
30	روم	404	60	60	ممتحنہ	549	13

فہرست

نمبر شمار	نام سورة	صفحہ نمبر	آیات
61	صف	551	14
62	جُمعہ	553	11
63	منافقون	554	11
64	تغابن	556	18
65	طلاق	558	12
66	تحریم	560	12
67	ملک	562	30
68	قلم	564	52
69	حاقہ	567	52
70	معارج	569	44
71	نوح	571	28
72	جن	573	28
73	مزمل	576	20
74	مُدثر	578	56
75	قیامہ	580	40
76	دھر	582	31
77	مرسلات	584	50
78	نبا	586	40
79	نازعات	587	46
80	عبس	589	42
81	تکویر	590	29
82	انفطار	591	19
83	مطففین	592	36
84	انشقاق	594	25
85	بروج	595	22
86	طارق	596	17
87	اعلیٰ	597	19
88	غاشیہ	597	26
89	فجر	598	30
90	بلد	600	20
91	شمس	600	15
92	لیل	601	21
93	ضحیٰ	602	11
94	الم نشرح	602	8
95	تین	603	8
96	علق	603	19
97	قدر	604	5
98	بینہ	604	8
99	زلزال	605	8
100	عادیات	605	11
101	قارعہ	606	11
102	تکاثر	606	8
103	عصر	607	3
104	ہمزہ	607	9
105	فیل	607	5
106	قریش	608	4
107	ماعون	608	7
108	کوثر	608	3
109	کافرون	608	6
110	نصر	609	3
111	لھب	609	5
112	اخلاص	609	4
113	فلق	610	5
114	ناس	610	6

کل آیات= 6235

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَاتِحَة	حوالہ جات
	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ (1) الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ (2) مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ (3) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ (4) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ (5) صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ (6)	

ترجمہ سورت فاتحہ

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
1۔ مناسب، لائق، اہل، مبارک 2۔ مخلوق کی جمع	سب تعریف خدا ہی کو (سزاوار[1]) ہے جو تمام مخلوقات[2] کا پروردگار ہے (1) بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (2) انصاف کے دن کا حاکم (3) اے پروردگار ہم تیری ہی عبادت کرتے	
اللہ کا حکم ماننا	ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں (4) ہم کو سیدھے رستے	آئندہ حصوں میں دیکھیے
رحم، مہربانی، بخشش، سخاوت	چلا (5) ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا	
اصل راستہ بھولے ہوئے لوگ	رہا۔ نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا، اور نہ گمراہوں کے (6)	آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

الٓمّٓ ۚ﴿1﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۖ فِيْهِ ۛۚ هُدًى

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿2﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ

الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ﴿3﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ

هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۗ﴿4﴾

ترجمہ سورت بقرہ

الم (1) یہ کتاب (قرآن مجید) اس میں کچھ شک نہیں (کہ کلام

خدا ہے، خدا سے) ڈرنے والوں کی راہنما ہے (2) جو غیب پر

ایمان لاتے اور آداب کے ساتھ نماز پڑھتے۔ اور جو کچھ ہم نے

ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (3) اور جو کتاب

(اے محمدؐ) تم پر نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروںؑ پر)

نازل ہوئیں سب پر ایمان لاتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں (4)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1 بزرگ
- 2 راستہ دکھانے والا، رہبر، لیڈر
- دیا ہے

حوالہ جات:
- 1۔متشابہ، عمران: 7، بنی اسرائیل: 36، 2۔ق: 1
- بقرہ: 186
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (5) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ (6) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۫ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (7) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ (8) يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا
يَشْعُرُوْنَ (9) فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (10) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا
تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ (11) اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ (12) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا
كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ (13) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا
اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ (14) اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (15)

یہی لوگ اپنے پروردگار (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی نجات پانے والے ہیں (5) جو
لوگ کافر ہیں۔ انہیں تم نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لئے برابر ہے، وہ ایمان نہیں لانے کے (6)
خدا نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا رکھی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ (پڑا ہوا) ہے۔ اور ان
کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے (7) اور بعض لوگ ایسے ہیں، جو کہتے ہیں کہ ہم خدا پر اور
روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، حالانکہ وہ ایمان نہیں رکھتے (8) یہ (اپنے پندار میں) خدا کو اور
مومنوں کو چکما دیتے ہیں مگر (حقیقت میں) اپنے سوا کسی کو چکما نہیں دیتے اور اس سے بے خبر ہیں (9)
ان کے دلوں میں (کفر کا) مرض تھا۔ خدا نے ان کا مرض اور زیادہ کر دیا اور ان کے جھوٹ
بولنے کے سبب ان کو دکھ دینے والا عذاب ہوگا (10) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین
میں فساد نہ ڈالو تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں (11) دیکھو! یہ بلاشبہ مفسد ہیں
لیکن خبر نہیں رکھتے (12) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جس طرح اور لوگ ایمان لائے تم
بھی ایمان لے آؤ تو کہتے ہیں بھلا جس طرح بیوقوف ایمان لے آئے ہیں اسی طرح ہم بھی
ایمان لے آئیں؟ سن لو کہ یہی بیوقوف ہیں لیکن نہیں جانتے (13) اور یہ لوگ جب
مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں۔ اور جب اپنے شیطانوں
میں جاتے ہیں تو (ان سے) کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور ہم (پیروان محمدؐ سے)
تو ہنسی کیا کرتے ہیں (14) ان (شیطانوں) سے خدا ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت
دیئے جاتا ہے کہ شرارت و سرکشی میں پڑے بہک رہے ہیں (15)

مشکل الفاظ کے معانی

- رہائی، بخشش
- لانے والے
- کچھ، چند
- خیال، تصور، تکبر، غرور
- 1۔دھوکا 2۔علاوہ
- کی وجہ سے
- 1۔مخالفت 2۔درستگی، مناسب کرنا 3۔مخالفت کرنے والا
- نہیں جانتے
- پیروی کرنے والا
- مزید وقت
- 1۔بغاوت 2۔گمراہ ہونا، بدمستی چھانا

حوالہ جات

- عمران:149، 150 ، انعام:116
- یونس:57 ، حزاب:32
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- بقرہ:38، 39، عمران:20، انعام:106، 155، 163، اعراف:3، 203، یونس:15، 109، ھود:112، فرقان:27، حزاب:2، 21، ص:75 تا 85، زمر:55، 56 مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- بقرہ:257، ناس:6

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات
	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۖ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ⑯ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ	
	نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ⑰ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا	
	يَرْجِعُوْنَ ⑱ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ	
	الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ⑲ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ	
	وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ⑳ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ	
	خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ㉑ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ	
	السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ㉒ وَاِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ	
	مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ㉓	
	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی خریدی تو نہ تو ان کی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ وہ ہدایت یاب	
	ہی ہوئے (16) ان کی مثال اس شخص (کے ساتھ لوگوں) کی سی ہے، جس نے (تاریکی میں) آگ	
کم کردی، ختم کردی	جلائی جب آگ نے اس کے اردگرد کی چیزیں روشن کیں تو خدا نے ان لوگوں کی روشنی زائل کردی اور ان کو	
	اندھیروں میں چھوڑ دیا کہ کچھ نہیں دیکھتے (17) (یہ) بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں کہ (کسی طرح	
1۔واپس آنا 2۔بارش	سیدھے رستے کی طرف) لوٹ ہی نہیں سکتے (18) یا ان کی مثال مینہ (میں ان چلنے والوں) کی سی ہے کہ	
	آسمان سے (برس رہا ہو اور) اس میں اندھیرے پر اندھیرا (چھا رہا) ہو اور (بادل) گرج (رہا) ہو اور بجلی	
بجلی کی چمک	(کوند رہی) ہو تو یہ (ہر) کڑک سے (ڈر کر) موت کے خوف سے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور خدا	منافقون:4
	کافروں کو (ہر طرف سے) گھیرے ہوئے ہے (19) قریب ہے کہ بجلی (کی چمک) ان کی آنکھوں (کی	
1۔نظر 2۔اڑا لے جانا	بصارت) کو اچک لے جائے جب بجلی (چمکتی اور) ان پر روشنی ڈالتی ہے تو اس میں چل پڑتے ہیں اور جب	
سننے کی طاقت	اندھیرا ہو جاتا ہے تو کھڑے کے کھڑے رہ جاتے ہیں۔ اور اگر خدا چاہتا تو ان کے کانوں (کی شنوائی) اور	
دیکھنے کی طاقت	آنکھوں (کی بینائی دونوں) کو زائل کر دیتا۔ بلاشبہ خدا ہر چیز پر قادر ہے (20) لوگو! اپنے پروردگار کی	
اللہ کا حکم ماننا	عبادت کرو جس نے تم کو اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم (اس کے عذاب سے) بچو (21) جس	
	نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے مینہ برسا کر تمہارے کھانے کے لئے	
1۔بہت سی قسمیں ہونا 2۔پھل وغیرہ 3۔برابر	انواع و اقسام کے میوے پیدا کئے۔ پس کسی کو خدا کا ہمسر نہ بناؤ اور تم جانتے تو ہو (22) اور اگر تم کو اس	
	(کتاب) میں جو ہم نے اپنے بندے (محمد عربی) پر نازل فرمائی ہے کچھ شک ہو تو اسی طرح کی ایک سورت	بنی اسرائیل:88، سبا:40، 41، جن:6
علاوہ	تم بھی بنا لاؤ اور خدا کے سوا جو تمہارے مددگار ہوں ان کو بھی بلا لو اگر تم سچے ہو (23)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿24﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ
وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿25﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا
فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ
كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿26﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ
اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿27﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ
يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ
فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿29﴾

لیکن اگر (ایسا) نہ کرسکو اور ہرگز نہیں کرسکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے
(اور جو) کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے (24) اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو
خوشخبری سنا دو کہ ان کے لئے (نعمت کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ جب انہیں ان میں سے
کسی قسم کا میوہ کھانے کو دیا جائے گا تو کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہم کو پہلے دیا گیا تھا۔ اور ان کو ایک دوسرے
کے ہم شکل میوے دیئے جائیں گے اور وہاں ان کیلئے پاک بیویاں ہوں گی اور وہ بہشتوں میں ہمیشہ رہیں
گے (25) خدا اس بات سے عار نہیں کرتا کہ مچھر یا اس سے بڑھ کر کسی چیز (مثلاً مکھی، مکڑی وغیرہ) کی
مثال بیان فرمائے۔ جو مومن ہیں وہ یقین کرتے ہیں کہ وہ ان کے پروردگار کی طرف سے سچ ہے اور جو کافر
ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس مثال سے خدا کی مراد ہی کیا ہے؟ اس سے (خدا) بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو
ہدایت بخشتا ہے۔ اور گمراہ بھی کرتا ہے تو نافرمانوں ہی کو (26) جو خدا کے اقرار کو مضبوط کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں
اور جس چیز (یعنی خدا سے تعلق) کے جوڑے رکھنے کا خدا نے حکم دیا ہے اس کو قطع کئے ڈالتے ہیں اور زمین
میں خرابی کرتے ہیں، یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں (27) (کافرو!) تم خدا سے کیونکر منکر ہو سکتے ہو،
جس حال میں کہ تم بے جان تھے تو اس نے تم کو جان بخشی پھر وہی تم کو مارتا ہے پھر وہی تم کو زندہ کرے گا پھر
اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (28) وہی تو ہے جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں تمہارے لئے پیدا کیں۔
پھر آسمانوں کی طرف متوجہ ہوا تو ان کو ٹھیک سات آسمان بنا دیا اور وہ ہر چیز سے خبردار ہے (29)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔کسی طرح سے بھی، بالکل بھی 2۔جلائے جانے کا سامان

پھل وغیرہ

ایک ہی شکل کے

شرم

1۔مطلب، مقصد 2۔بہت سے

1۔حکم نہ ماننے والے 2۔عہد، وعدہ

کاٹ ڈالتے ہیں، توڑ دیتے ہیں

1۔بگاڑ، بربادی 2۔کیسے 3۔انکار کرنا

واپس

خبر رکھنے والا

حوالہ جات

حج:73، عنکبوت:41

مائدہ:7، اعراف:172، 173

مریم:67، دھر:1

نازعات:27تا33

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ
نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿30﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ
اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿32﴾ قَالَ
يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا
تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿33﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿34﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿35﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى
الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿36﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿37﴾

اور (وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں اپنا نائب
بنانے والا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا تُو اس میں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو خرابیاں کرے اور کشت وخون
کرتا پھرے اور ہم تیری تعریف کے ساتھ تسبیح وتقدیس کرتے رہتے ہیں۔ (خدا نے) فرمایا میں وہ باتیں جانتا
ہوں جو تم نہیں جانتے (30) اور اس نے آدمؑ کو (ان سب چیزوں کے) نام سکھائے پھر ان کو فرشتوں کے سامنے کیا
اور فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو مجھے ان کے نام بتاؤ (31) انہوں نے کہا تُو پاک ہے جتنا علم تُو نے ہمیں بخشا ہے اس کے
سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں۔ بیشک تُو دانا (اور) حکمت والا ہے (32) (تب) خدا نے (آدمؑ کو) حکم دیا کہ آدم! تم ان کو
ان (چیزوں) کے نام بتاؤ جب انہوں نے ان کو ان کے نام بتائے تو (فرشتوں سے) فرمایا: کیوں میں نے تم سے
نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی (سب) پوشیدہ باتیں جانتا ہوں اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو پوشیدہ کرتے
ہو (سب) مجھ کو معلوم ہے (33) اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کے آگے سجدہ کرو تو وہ سب سجدے میں گر
پڑے مگر شیطان نے انکار کیا اور غرور میں آ کر کافر بن گیا (34) اور ہم نے کہا کہ اے آدمؑ! تم اور تمہاری بیوی
بہشت میں رہو اور جہاں سے چاہو بے روک ٹوک کھاؤ (پیو) لیکن اس درخت کے پاس نہ جانا، نہیں تو ظالموں میں
(داخل) ہو جاؤ گے (35) پھر شیطان نے دونوں کو وہاں سے پھسلا دیا اور جس (عیش ونشاط) میں تھے اس سے ان کو
نکلوا دیا۔ تب ہم نے حکم دیا کہ (بہشت بریں کے مُلک سے) چلے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لئے
زمین میں ایک وقت تک ٹھکانا اور معاش (مقرر کر دیا گیا) ہے (36) پھر آدمؑ نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات
سیکھے (اور معافی مانگی) تو اس نے ان کا قصور معاف کر دیا۔ بیشک وہ معاف کرنے والا (اور) صاحب رحم ہے (37)

مشکل الفاظ کے معانی:

- قائمقام، خلیفہ
- 1۔ بربادی، بگاڑ 2۔ خون خرابہ
- پاکیزگی بیان کرنا
- 1۔ علاوہ 2۔ عقل والا 3۔ طاقت
- چھپی
- 1۔ کھسکا دیا 2۔ کھلی خوشی وآرام
- اعلیٰ درجے کی جنت
- 1۔ رزق، گزراوقات کا سبب 2۔ الفاظ
- رحم والا

حوالہ جات:

- نساء:48، مائدہ:33
- اعراف:23

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی
	قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿38﴾ وَالَّذِيْنَ	
	كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿39﴾ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ	
	وَاَوْفُوْا بِعَهْدِىْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّاىَ فَارْهَبُوْنِ ﴿40﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۖ وَلَا	
	تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ ﴿41﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿42﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	
	وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۗ اَفَلَا	
	تَعْقِلُوْنَ ﴿44﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۗ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿45﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ	
	اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿46﴾ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾ وَاتَّقُوْا	
	يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿48﴾	
	ہم نے فرمایا کہ تم سب یہاں سے اُتر جاؤ جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو (اس کی پیروی	پیچھے چلنا
	کرنا کہ) جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (38) اور	افسردہ
	جنہوں نے (اس کو) قبول نہ کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ دوزخ میں جانے والے ہیں۔ اور وہ ہمیشہ اس	جھوٹ سمجھنا، نہ ماننا، انکار کرنا
1۔عمران:93، 2۔مریم:58	میں رہیں گے (39) اے آلِ اسرائیل! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے تھے اور اس اقرار کو پورا	عہد، وعدہ
	کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا میں اس اقرار کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا اور مجھی سے ڈرتے	
	رہو (40) اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمدؐ پر) نازل کی ہے جو تمہاری کتاب کو سچا کہتی ہے اس پر ایمان	
بقرہ:75	لاؤ اور اس سے منکرِ اوّل نہ بنو اور میری آیتوں میں (تحریف کرکے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی	1۔سب سے پہلے نہ ماننے والے 2۔الفاظ یا مطلب بدلنا
	دنیاوی منفعت) نہ حاصل کرو اور مجھی سے خوف رکھو (41) اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور سچی بات کو	1۔نفع 2۔سچ 3۔جھوٹ
	جان بوجھ کر نہ چھپاؤ (42) اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (خدا کے آگے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا	
صف:2،3	کرو (43) (یہ) کیا (بات ہے کہ) تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے ہو اور اپنے تئیں فراموش کئے دیتے ہو، حالانکہ تم	1۔اپنے آپ کو 2۔بھلا دینا
بقرہ:153	کتاب (خدا) بھی پڑھتے ہو۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ (44) اور (رنج وتکلیف میں) صبر اور نماز سے مدد لیا کرو۔	غم
	اور بیشک نماز گراں ہے مگر ان لوگوں پر (گراں) نہیں جو عجز کرنے والے ہیں (45) جو یقین کئے ہوئے	1۔بھاری 2۔غرور کا اُلٹ
1۔عمران:93، 2۔مریم:58	ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (46) اے اسرائیل	
	کی اولاد! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے تھے اور یہ کہ میں نے تم کو جہان کے لوگوں پر فضیلت	1۔دنیا، عالم 2۔برتری، عمدگی
	بخشی تھی (47) اور اس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ کسی کی سفارش منظور کی جائے	
	اور نہ کسی سے کسی طرح کا بدلا قبول کیا جائے اور نہ لوگ (کسی اور طرح) مدد حاصل کر سکیں (48)	معاوضہ، صلہ

مشکل الفاظ کے معانی	# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ
بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿49﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿50﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى
اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿51﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿52﴾
وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿53﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ
بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ
اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿54﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ
تَنْظُرُوْنَ ﴿55﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿56﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ
وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿57﴾

اور (ہمارے ان احسانات کو یاد کرو) جب ہم نے تم کو قوم فرعون سے مخلصی بخشی وہ (لوگ) تم کو بڑا دُکھ دیتے
تھے۔تمہارے بیٹوں کو تو قتل کر ڈالتے تھے اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔اور اس میں تمہارے پروردگار کی
طرف سے بڑی (سخت) آزمائش تھی (49) اور جب ہم نے تمہارے لئے دریا کو پھاڑ دیا تو تم کو نجات دی اور
قوم فرعون کو غرق کر دیا اور تم دیکھ ہی تو رہے تھے (50) اور جب ہم نے موسیٰؑ سے چالیس رات کا وعدہ کیا تو تم
نے ان کے پیچھے بچھڑے کو (معبود)[1] مقرر کر لیا[2] اور تم ظلم کر رہے تھے (51) پھر اس کے بعد ہم نے تم کو معاف کر دیا
تاکہ تم شکر کرو (52) اور جب ہم نے موسیٰؑ کو کتاب اور معجزے عنایت کئے تاکہ تم ہدایت حاصل کرو (53) اور
جب موسیٰؑ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ بھائیو! تم نے بچھڑے کو (معبود) ٹھہرانے میں ظلم کیا ہے تو اپنے پیدا
کرنے والے کے آگے توبہ کرو اور اپنے تئیں ہلاک کر ڈالو۔تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر
ہے پھر اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا وہ بیشک معاف کرنے والا (اور) صاحب رحم ہے (54) اور جب تم نے
(موسیٰؑ سے) کہا کہ موسیٰؑ! جب تک ہم خدا کو سامنے نہ دیکھ لیں گے تم پر ایمان نہ لائیں گے تو تم کو بجلی نے آگھیرا اور
تم دیکھ رہے تھے (55) پھر موت آ جانے کے بعد ہم نے تم کو ازسرِنو زندہ کر دیا تاکہ احسان مانو (56) اور بادل کا تم
پر سایہ کئے رکھا اور من و سلویٰ[1] اُتارتے رہے۔کہ جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں[2] ان کو کھاؤ پیو (مگر بہت
سے لوگوں نے ان نعمتوں کی کچھ قدر نہ جانی) اور وہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑتے تھے بلکہ اپنا ہی نقصان کرتے تھے (57)

مشکل الفاظ کے معانی:

- رہائی، چھٹکارا
- رہائی، چھٹکارا
- ڈبو دیا
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔طے کرنا
- دیئے
- اپنے آپکو
- غلطی، خطا
- پکڑ لیا
- نئے سرے سے
- 1۔آسمانی کھانا 2۔دی ہیں
- احساس نہ کیا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ
خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿58﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿59﴾ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ
فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي
الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿60﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ
الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ؕ
اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿61﴾

اور جب ہم نے (تم سے) کہا کہ اس گاؤں میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں چاہو خوب کھاؤ (پیو) اور
(دیکھنا) دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا اور ''حِطَّةٌ'' کہنا ہم تمہارے گناہ معاف کر دیں گے اور نیکی
کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے (58) تو جو ظالم تھے انہوں نے اس لفظ کو جس کا ان کو حکم دیا تھا بدل کر اس کی
جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا۔ پس ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا، کیونکہ نافرمانیاں کئے جاتے
تھے (59) اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم کے لئے (خدا سے) پانی مانگا تو ہم نے کہا کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مارو
(انہوں نے لاٹھی ماری) تو پھر اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ اور تمام لوگوں نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر
لیا (ہم نے حکم دیا کہ) خدا کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی کھاؤ اور پیو، مگر زمین میں فساد نہ کرتے پھرنا (60) اور
جب تم نے کہا کہ موسیٰؑ! ہم سے ایک (ہی) کھانے پر صبر نہیں ہوتا تو اپنے پروردگار سے دعا کیجئے کہ ترکاری اور
ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز (وغیرہ) جو نباتات زمین سے اُگتی ہیں ہمارے لئے پیدا کر دے۔ انہوں نے
کہا کہ بھلا عمدہ چیزیں چھوڑ کر ان کے عوض ناقص چیزیں کیوں چاہتے ہو؟ (اگر یہی چیزیں مطلوب ہیں) تو کسی شہر
میں جا اُترو، وہاں جو مانگتے ہو مل جائے گا اور (آخرکار) ذلت (و رسوائی) اور محتاجی (و بے نوائی) ان سے چمٹا
دی گئی اور وہ خدا کے غضب میں گرفتار ہو گئے۔ یہ اس لئے کہ وہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے اور انبیاءؑ کو
ناحق قتل کر دیتے تھے (یعنی) یہ اس لئے کہ نافرمانی کئے جاتے اور حد سے بڑھے جاتے تھے (61)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مخصوص الفاظ
- چھڑی، سوٹی
- 1۔ بہہ نکلے 2۔ موقع، جگہ
- 1۔ دی ہوئی 2۔ رزق 3۔ مخالفت، شرک
- پودے سبزیاں وغیرہ
- 1۔ بدلے 2۔ چاہئیں
- 1۔ دستِ نگر ہو جانا، غریبی 2۔ فقیری، شنید نہ ہونا
- جلال، غُصّے
- 1۔ ناجائز 2۔ حکم الٰہی سے منکر ہونا 3۔ اللہ کی بنائی ہوئی حدود کو پھلانگتے تھے

حوالہ جات:

- بقرہ: 55 تا 57
- بقرہ: 74
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِئِيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿62﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا
مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿63﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿64﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً
خٰسِئِيْنَ ﴿65﴾ ۚ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿66﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ
يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿67﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا
رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿68﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاۗءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿69﴾

جولوگ مسلمان ہیں یا یہودی یا عیسائی یا ستارہ پرست (یعنی کوئی شخص کسی بھی قوم کا ہو) جو خدا اور روز قیامت پر ایمان
لائے گا اور عمل نیک کرے گا تو ایسے لوگوں کو ان (کے اعمال) کا صلہ خدا کے ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) ان
کو نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (62) اور جب ہم نے تم سے عہد (لے) لیا اور کوہ طور کو تم پر
اٹھا کھڑا کیا (اور حکم دیا) کہ جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے اس کو زور سے پکڑے رہو اور جو اس میں (لکھا ہے)
اسے یاد رکھو تا کہ (عذاب سے) محفوظ[1] رہو (63) تو تم اس کے بعد (عہد سے) پھر گئے[2] اور اگر تم پر خدا کا
فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو تم خسارے میں پڑ گئے ہوتے (64) اور تم ان لوگوں کو خوب جانتے ہو
جو تم میں سے ہفتے کے دن (مچھلی کا شکار کرنے) میں حد سے تجاوز کر گئے تھے تو ہم نے ان سے کہا کہ ذلیل وخوار
بندر ہو جاؤ (65) اور اس قصے کو اس وقت کے لوگوں کے لئے اور جو ان کے بعد آنے والے تھے عبرت اور
پرہیز گاروں کے لئے نصیحت بنا دیا (66) اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ ایک
بیل[1] ذبح کرو۔ وہ بولے کیا تم ہم سے ہنسی کرتے ہو؟ (موسیٰؑ نے) کہا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں کہ نادان[2]
بنوں (67) انہوں نے کہا اپنے پروردگار سے التجا کیجئے کہ وہ ہمیں بتائے کہ وہ بیل کس طرح کا ہو۔ (موسیٰؑ نے)
کہا، پروردگار فرماتا ہے کہ وہ بیل نہ تو بوڑھا ہو اور نہ بچھڑا، بلکہ ان کے درمیان (یعنی جوان) ہو۔ سو جیسا تم کو حکم دیا
گیا ہے ویسا کرو (68) انہوں نے کہا اپنے پروردگار سے درخواست کیجئے۔ کہ ہم کو یہ بھی بتا دے کہ اس کا رنگ کیسا
ہو۔ موسیٰؑ نے کہا پروردگار فرماتا ہے کہ اس کا رنگ گہرا زرد ہو کہ دیکھنے والوں کو خوش کر دیتا ہو (69)

مشکل الفاظ کے معانی:
- صلہ: بدلا
- غمناک: غم زدہ
- زور سے پکڑے رہو: سختی سے عمل کرو
- 1۔بچنا 2۔وعدہ توڑ دیا
- خسارے: نقصان،گھاٹا
- حد سے تجاوز: باہر چلے جانا
- عبرت: خاص سبق،نصیحت
- 1۔نرگائے 2۔بے وقوف

حوالہ جات:
- اعراف:163، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿70﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا
ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا
يَفْعَلُوْنَ ﴿71﴾ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿72﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ
يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿73﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ
قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ
مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿74﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ
كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَا
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿76﴾

انہوں نے کہا (اب کے) پروردگار سے پھر درخواست کیجئے کہ ہم کو بتادے کہ وہ اور کس کس طرح کا ہو کیونکہ بہت
سے بیل ہمیں ایک دوسرے کے مشابہ معلوم ہوتے ہیں، پھر خدا نے چاہا تو ہمیں ٹھیک بات معلوم ہو جائے
گی (70) موسیٰؑ نے کہا خدا فرماتا ہے کہ وہ بیل کام میں لگا ہوا نہ ہو۔ نہ تو زمین جوتتا ہو اور نہ کھیتی کو پانی دیتا ہو۔
اس میں کسی طرح کا داغ نہ ہو۔ کہنے لگے اب تم نے ساری باتیں درست بتا دیں۔ غرض (بڑی مشکل سے)
انہوں نے اس بیل کو ذبح کیا اور وہ ایسا کرنے والے تھے نہیں (71) اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کیا تو اس
میں (تم لوگ ہی) باہم جھگڑنے لگے لیکن جو بات تم چھپا رہے تھے خدا اس کو ظاہر کرنے والا تھا (72) تو ہم نے
کہا اس بیل کا کوئی سا ٹکڑا مقتول کو مارو اسی طرح خدا مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور تم کو (اپنی) نشانیاں دکھاتا
ہے تاکہ تم سمجھو (73) پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے گویا وہ پتھر ہیں یا ان سے بھی زیادہ سخت اور
پتھر تو بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں سے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ اور بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ پھٹ جاتے ہیں اور
ان میں سے پانی نکلنے لگتا ہے اور بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ خدا کے خوف سے گر پڑتے ہیں اور خدا تمہارے عملوں
سے بے خبر نہیں (74) (مومنو) کیا تم اُمید رکھتے ہو کہ یہ (کافر) لوگ تمہارے (دین کے) قائل ہو جائیں
گے (حالانکہ) ان میں سے کچھ لوگ کلام خدا کو سنتے پھر اس کے سمجھ لینے کے بعد اس کو جان بوجھ کر بدل دیتے
رہے ہیں؟ (75) اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں اور جس وقت آپس
میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں جو بات خدا نے تم پر ظاہر فرمائی ہے وہ تم ان کو اس لئے بتائے دیتے ہو
کہ اسی (بات) کے حوالے سے تمہارے پروردگار کے سامنے تم کو الزام دیں۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ (76)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مشابہ: ہم شکل، ملتے جلتے
- جوتتا: ہل چلانا
- داغ: نقص
- مقتول: قتل ہونے والا
- قائل: لاجواب ہوجانا

حوالہ جات:

- پتھر تو بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں سے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں: بقرہ:60
- کافر: کافرون:1 تا 6

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿77﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا
يَظُنُّوْنَ ﴿78﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ
لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿79﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ
عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿80﴾ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ
بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿81﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿82﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۗ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي
الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ
وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿83﴾

کیا یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ جو کچھ یہ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں خدا کو سب معلوم ہے؟ (77) اور
بعض ان میں سے اَن پڑھ ہیں کہ اپنے خیالات باطل کے سوا (خدا کی) کتاب سے واقف ہی نہیں اور وہ
صرف ظن سے کام لیتے ہیں (78) تو ان لوگوں پر افسوس ہے جو اپنے ہاتھ سے تو کتاب لکھتے ہیں اور کہتے یہ
ہیں کہ یہ خدا کے پاس سے (آئی) ہے، تاکہ اس کے عوض تھوڑی سی (دنیاوی) قیمت حاصل کریں۔ ان پر
افسوس ہے اس لئے کہ (بے اصل باتیں) اپنے ہاتھ سے لکھتے ہیں۔ اور (پھر) ان پر افسوس ہے اس لئے کہ
ایسے کام کرتے ہیں (79) اور کہتے ہیں کہ (دوزخ کی) آگ ہمیں چند روز کے سوا چھو ہی نہیں سکے گی۔ ان
سے پوچھو کیا تم نے خدا سے اقرار لے رکھا ہے کہ خدا اپنے اقرار کے خلاف نہیں کرے گا؟ (نہیں) بلکہ تم خدا
کے بارے میں ایسی باتیں کہتے ہو جن کا تمہیں مطلق علم نہیں (80) ہاں جو بُرے کام کرے اور اس کے گناہ
(ہر طرف سے) اس کو گھیر لیں تو ایسے لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں (اور) وہ ہمیشہ اس میں رہیں
گے (81) اور جو ایمان لائیں اور نیک کام کریں وہ جنت کے مالک ہوں گے (اور) ہمیشہ اس میں (عیش
کرتے) رہیں گے (82) اور جب ہم نے اولادِ اسرائیل سے عہد لیا کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور
ماں باپ اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ بھلائی کرتے رہنا لوگوں سے اچھی باتیں کہنا اور
نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہنا تو چند شخصوں کے سوا تم سب (اس عہد سے) منہ پھیر کر پھر بیٹھے (83)

سامنے
1۔کچھ، چند 2۔جھوٹ 3۔علاوہ
خیال، شُبہ
بدلے میں
جھوٹی
وعدہ
بالکل بھی
1۔اسرائیل کی اولاد 2۔اللہ کا حکم ماننا
1۔غریب یا مجبور لوگ 2۔فائدہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ (84) ثُمَّ
اَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ
اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ؕ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ
ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْىٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (85)
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ (86) ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى
الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۡ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ
بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۡ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ (87) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ
فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ (88)

اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ آپس میں کشت وخون نہ کرنا اور (کسی) اپنے کو ان کے وطن سے نہ
نکالنا تو تم نے اقرار کرلیا اور تم (اس بات کے) گواہ ہو (84) پھر تم وہی ہو کہ اپنوں کو قتل بھی کر دیتے
ہو اور اپنے میں سے بعض لوگوں پر گناہ اور ظلم سے چڑھائی کر کے انہیں وطن سے نکال بھی دیتے ہو۔ اگر
وہ تمہارے پاس قید ہو کر (واپس) آئیں تو بدلا دے کر ان کو چھڑا بھی لیتے ہو حالانکہ ان کا نکال دینا ہی
تم کو حرام تھا۔ (یہ) کیا (بات ہے کہ) تم کتاب (خدا) کے بعض احکام تو مانتے ہو اور بعض سے انکار
کئے دیتے ہو تو جو تم میں سے ایسی حرکت کریں، ان کی سزا اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا کی زندگی
میں تو رُسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت عذاب میں ڈال دیئے جائیں؟ اور جو کام تم کرتے
ہو خدا ان سے غافل نہیں (85) یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی سو نہ
تو ان سے عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ ان کو (اور طرح کی) مدد ملے گی (86) اور ہم نے موسیٰؑ کو
کتاب عنایت کی اور ان کے پیچھے یکے بعد دیگرے پیغمبرؑ بھیجتے رہے اور عیسیٰؑ بن مریمؑ کو کھلے نشانات
بخشے اور روح القدس سے ان کو مدد دی۔ تو جب کوئی پیغمبرؑ تمہارے پاس ایسی باتیں لے کر آئے جن کو
تمہارا جی نہیں چاہتا تھا تو تم سرکش ہو جاتے رہے اور ایک گروہ (انبیاءؑ) کو تو جھٹلاتے رہے اور
ایک گروہ کو قتل کرتے رہے (87) اور کہتے ہیں ہمارے دل پردے میں ہیں۔ (نہیں) بلکہ خدا نے
ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے پس یہ تھوڑے ہی پر ایمان لاتے ہیں (88)

مشکل الفاظ کے معانی

- خون خرابہ
- وعدہ
- 1۔کچھ، چند 2۔حملہ کر کے 3۔ملک
- منع
- علاوہ
- ذِلّت
- بے خبر
- 1۔دی 2۔ایک کے بعد دوسرا
- پاک روح
- 1۔دل نہیں مانتا تھا 2۔باغی، مشرک 3۔جماعت
- کی وجہ سے

حوالہ جات

- بقرہ: 48
- بقرہ: 91
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا
جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿89﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا
اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿90﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۙ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا
مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿91﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ
الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿92﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ
قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۤ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿93﴾

اور جب خدا کے ہاں سے ان کے پاس کتاب آئی جو ان کی آسمانی کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے اور
وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے تو جس چیز کو وہ خوب پہچانتے تھے جب ان کے پاس آ
پہنچی تو اس سے کافر ہو گئے پس کافروں پر خدا کی لعنت (89) جس چیز کے بدلے انہوں نے اپنے تئیں
بیچ ڈالا وہ بہت بُری ہے یعنی اس جلن سے کہ خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنی مہربانی سے
نازل فرماتا ہے خدا کی نازل کی ہوئی کتاب سے کفر کرنے لگے تو وہ (اس کے) غضب بالائے غضب
میں مبتلا ہو گئے اور کافروں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے (90) اور جب ان سے کہا جاتا ہے
کہ جو (کتاب) خدا نے (اب) نازل فرمائی ہے اس کو مانو تو کہتے ہیں کہ جو کتاب ہم پر (پہلے)
نازل ہو چکی ہے ہم تو اسی کو مانتے ہیں (یعنی) یہ اس کے سوا اور (کتاب) کو نہیں مانتے حالانکہ وہ
(سراسر) سچی ہے اور جو ان کی (آسمانی) کتاب ہے اس کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ (ان سے) کہہ دو
کہ اگر تم صاحب ایمان ہوتے تو خدا کے پیغمبروںؑ کو پہلے ہی کیوں قتل کیا کرتے (91) اور موسیٰؑ
تمہارے پاس کھلے ہوئے معجزات[1] لے کر آئے تو تم ان کے (کوہ طور جانے کے) بعد بچھڑے[2] کو
معبود[1] بنا بیٹھے اور تم (اپنے ہی حق میں[2]) ظلم کرتے تھے (92) اور جب ہم نے تم (لوگوں) سے
عہد واثق[1] لیا اور کوہ[2] طور کو تم پر اٹھا کھڑا کیا (اور حکم دیا) کہ جو (کتاب) ہم نے تم کو دی ہے
اس کو زور سے پکڑو اور (جو تمہیں حکم ہوتا ہے اس کو) سنو تو وہ (جو تمہارے بڑے تھے) کہنے لگے کہ ہم
نے سن تو لیا لیکن مانتے نہیں اور ان کے کفر کے سبب[1] بچھڑا[2] (گویا) ان کے دلوں میں رچ گیا تھا[3]۔
(اے پیغمبرؐ ان سے) کہہ دو کہ اگر تم (ایسے) مومن ہو تو تمہارا ایمان تم کو بُری بات بتاتا ہے (93)

مشکل الفاظ کے معانی

- سچا ہونے کی تائید کرنا
- اچھی طرح
- اپنے آپکو
- حسد
- شدید قہر یا غصہ
- پھنس گئے
- علاوہ
- سو فیصد
- ایمان والے
- 1۔کرشمہ، چمتکار 2۔گائے کا بچہ
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔بارے میں
- 1۔پکا وعدہ 2۔پہاڑ
- اس پر سختی سے عمل کرو
- 1۔کی وجہ سے 2۔گائے کا بچہ 3۔بیٹھ گیا تھا، سرایت کر گیا تھا

حوالہ جات

- عمران:81،82
- بقرہ:87

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿94﴾ وَلَنْ
يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿95﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۛۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ
اَشْرَكُوْا ۛۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ ع
قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿97﴾
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿98﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ ۢ بَيِّنٰتٍ ۚ
وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿99﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿100﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ
رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙۗ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿101﴾

کہہ دو کہ اگر آخرت کا گھر اور لوگوں کے لئے نہیں اور خدا کے نزدیک تمہارے ہی لئے مخصوص ہے تو اگر سچے
ہو تو موت کی آرزو تو کرو (94) لیکن ان اعمال کی وجہ سے جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں یہ کبھی اس کی آرزو
نہیں کریں گے اور خدا ظالموں سے خوب واقف ہے (95) بلکہ ان کو تم اور لوگوں سے زندگی کے کہیں
حریص دیکھو گے، یہاں تک کہ مشرکوں سے بھی۔ ان میں سے ہر ایک یہی خواہش کرتا ہے کہ کاش وہ ہزار
برس جیتا رہے۔ مگر اتنی لمبی عمر اس کو مل بھی جائے تو اسے عذاب سے تو نہیں چھڑا سکتی اور جو کام یہ کرتے ہیں
خدا ان کو دیکھ رہا ہے (96) کہہ دو کہ جو شخص جبرئیلؑ کا دشمن ہو (تو وہ خدا کا دشمن ہے) اس نے تو
(یہ کتاب) خدا کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان
والوں کے لئے ہدایت اور بشارت ہے (97) جو شخص خدا کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے پیغمبروںؑ کا
اور جبرئیلؑ کا اور میکائیلؑ کا دشمن ہو تو ایسے کافروں کا خدا دشمن ہے (98) اور ہم نے تمہارے پاس سُلجھی ہوئی
آیتیں ارسال فرمائی ہیں اور ان سے وہی انکار کرتے ہیں جو بدکردار ہیں (99) ان لوگوں نے جب
جب (خدا سے) عہد واثق کیا تو ان میں سے ایک فریق نے اس کو (کسی فالتو چیز کی طرح) پھینک دیا۔
حقیقت یہ ہے کہ ان میں اکثر بے ایمان ہیں (100) اور جب ان کے پاس خدا کی طرف سے پیغمبرؑ
(آخر الزماں) آئے اور وہ ان کی (آسمانی) کتاب کی بھی تصدیق کرتے ہیں تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی
تھی ان میں سے ایک جماعت نے خدا کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں (101)

مشکل الفاظ کے معانی:

- شدید خواہش
- بہت زیادہ
- لالچی
- سال
- تائید کرنا
- خوشخبری
- سیدھی سیدھی
- 1۔ پکا وعدہ 2۔ گروہ، جماعت، پارٹی 3۔ غیر ضروری یا اضافی
- زیادہ تر
- آخری وقت کے
- 1۔ رد کر دیا، بھلا دیا 2۔ جیسا کہ

حوالہ جات: بقرہ: 98

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ
السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا
تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ
مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ڜ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ
كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿102﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿103﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا
تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿104﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا
الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
الْعَظِيْمِ ﴿105﴾

اور ان (بے اصل باتوں) کے پیچھے لگ گئے جو سلیمانؑ کے عہد سلطنت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے۔ اور سلیمانؑ نے مطلق کفر کی بات نہیں کی بلکہ شیطان ہی کفر کرتے تھے کہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور ان باتوں کے بھی (پیچھے لگ گئے) جو شہر بابل میں دو فرشتوںؑ (یعنی) ہاروتؑ اور ماروتؑ پر اُتری تھیں اور وہ دونوں کسی کو کچھ نہیں سکھاتے تھے، جب تک کہ یہ نہ کہہ دیتے کہ ہم تو (ذریعۂ) آزمائش ہیں تم کفر میں نہ پڑو۔ غرض لوگ ان سے ایسا (فریب) سیکھتے جس سے میاں بیوی میں جُدائی ڈال دیں۔ اور خدا کے حکم کے سوا وہ اس (الٹے کام) سے کسی کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے تھے۔ اور کچھ ایسے (سبق) سیکھتے جو ان کو نقصان ہی پہنچاتے اور فائدہ کچھ نہ دیتے اور وہ (یعنی سیکھنے والے) جانتے تھے کہ جو شخص ایسی چیزوں کا خریدار ہوگا اس کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور جس چیز کے عوض انہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا وہ بُری تھی کاش وہ (اس بات کو) جانتے (102) اور اگر وہ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو خدا کے ہاں سے بہت اچھا صلہ ملتا۔ اے کاش وہ اس سے واقف ہوتے (103) اے اہل ایمان! (گفتگو کے وقت پیغمبرؐ خدا سے) راعنا نہ کہا کرو انظرنا کہا کرو اور خوب سن رکھو۔ اور کافروں کے لئے دُکھ دینے والا عذاب ہے (104) جو لوگ کافر ہیں، اہل کتاب یا مشرک، وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے خیر (و برکت) نازل ہو۔ اور خدا تو جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے (105)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ جھوٹی 2۔ بادشاہی کے دور 3۔ شیطان کی جمع

بالکل بھی، قلعی طور پر

علاوہ

1۔ بدلے میں 2۔ افسوس کا کلمہ

1۔ کی طرف سے 2۔ بدلا

1۔ افسوس کا کلمہ 2۔ مخصوص الفاظ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿106﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿107﴾ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ
مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿108﴾ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ
مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِیَ اللّٰهُ
بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿109﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ
اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿110﴾ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا
بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿111﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿112﴾ ع

ہم جس آیت کو منسوخ کر دیتے یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں تو اس سے بہتر یا ویسی ہی اور آیت بھیج دیتے ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ خدا ہر بات پر قادر ہے؟ (106) تمہیں معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت خدا ہی کی ہے اور خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مدد گار نہیں (107) کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے پیغمبرؐ سے اسی طرح کے سوال کرو جس طرح کے سوال پہلے موسیٰؑ سے کئے گئے تھے؟ اور جس شخص نے ایمان (چھوڑ کر اس) کے بدلے کفر لیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا (108) بہت سے اہل کتاب اپنے دل کی جلن سے یہ چاہتے ہیں کہ ایمان لا چکنے کے بعد تم کو پھر کافر بنا دیں۔ حالانکہ ان پر حق ظاہر ہو چکا ہے۔ تو تم معاف کرو اور درگزر کرو یہاں تک کہ خدا اپنا دوسرا حکم بھیجے۔ بیشک خدا ہر بات پر قادر ہے (109) اور نماز ادا کرتے رہو اور زکوۃ دیتے رہو۔ اور جو بھلائی اپنے لئے آگے بھیج رکھو گے اس کو خدا کے ہاں پا لو گے۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے (110) اور (یہودی وعیسائی) کہتے ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے سوا کوئی بہشت میں نہیں جانے کا۔ یہ ان لوگوں کے خیالات باطل ہیں۔ (اے پیغمبرؐ ان سے) کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو دلیل پیش کرو (111) ہاں جو شخص خدا کے آگے گردن جھکا دے اور وہ نیکوکار بھی ہو تو اس کا صلہ اس کے پروردگار کے پاس ہے۔ اور ایسے لوگوں کو (قیامت کے دن) نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (112)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ردکرنا، نابودکرنا، ختم کرنا 2۔بھلا دینا
- طاقت یا صلاحیت رکھنا
- علاوہ
- پھر گیا، بے راہ ہوگیا
- حسد کی آگ
- چشم پوشی، چھوڑ دینا
- 1۔فائدہ مُراد نیک کام 2۔پاس
- 1۔علاوہ 2۔جانے والا 3۔جھوٹ
- 1۔سند، ثبوت 2۔سر اطاعتِ خم کردے
- بدلا، معاوضہ

حوالہ جات: بقرہ:109 رعد:39 نحل:101

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَىْءٍ ۖ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَىْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ
الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿113﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا
خَآئِفِيْنَ ۬ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿114﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ
اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿115﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿116﴾
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿117﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْ لَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ
تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿118﴾ اِنَّآ
اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿119﴾

اور یہودی کہتے ہیں کہ عیسائی رستے پرنہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ یہودی رستے پر نہیں۔ حالانکہ وہ کتاب
(الٰہی) پڑھتے ہیں۔ اسی طرح بالکل انہی کی سی بات وہ لوگ کہتے ہیں جو (خدا کے احکام) نہیں جانتے
تو جس بات میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں خدا قیامت کے دن اس کا ان میں فیصلہ کر دے گا (113)
اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو خدا کی مسجدوں میں خدا کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے اور ان کی ویرانی
میں ساعی ہو؟ ان لوگوں کو کچھ حق نہیں کہ ان میں داخل ہوں مگر (خدا سے) ڈرتے ہوئے۔ ان کے لئے دنیا
میں رسوائی ہے اور آخرت میں بڑا عذاب (114) اور مشرق اور مغرب سب خدا ہی کا ہے تو جدھر تم رُخ
کرو ادھر خدا کی ذات ہے، بیشک خدا صاحب وسعت اور باخبر ہے (115) اور یہ لوگ اس بات کے قائل
ہیں کہ خدا اولاد رکھتا ہے (نہیں بلکہ) وہ پاک ہے۔ بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور
سب اس کے فرمانبردار ہیں (116) (وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔ جب کوئی کام کرنا
چاہتا ہے تو اس کو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے (117) اور جو لوگ (خدا کی بندوں کے
بارے میں عادت یا طریق کو) نہیں جانتے وہ کہتے ہیں کہ خدا ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا؟ یا ہمارے پاس
کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی انہیں کی سی باتیں کیا کرتے تھے۔ ان
لوگوں کے دل آپس میں ملتے جلتے ہیں۔ جو لوگ صاحب یقین ہیں، ان کے (سمجھانے کے) لئے ہم نے
نشانیاں بیان کر دی ہیں (118) (اے محمدؐ) ہم نے تم کو سچائی کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور
ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اہل دوزخ کے بارے میں تم سے کچھ پرسش نہیں ہوگی (119)

مشکل الفاظ کے معانی

- اختلاف: اتفاق کا متضاد
- ویرانی: اجڑ جانا، بے رونقی
- ساعی: کوشش کرنے والا
- رسوائی / رُخ: 1۔ ذلّت 2۔ چہرہ، منہ
- وسعت / باخبر: 1۔ کشادگی، کُھلاپن 2۔ خبر رکھنے والا
- فرمانبردار: حکم ماننے والا
- کلام: بات
- صاحب یقین: یقین رکھنے والے
- پرسش: پوچھ گچھ

حوالہ جات

- (113) انعام:159 روم:32

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ
الَّذِىْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿120﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ
يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿121﴾ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ
فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿122﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ
يُنْصَرُوْنَ ﴿123﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى
الظّٰلِمِيْنَ ﴿124﴾ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ
طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿125﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ
مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿126﴾

اورتم سے نہ تو یہودی کبھی خوش ہوں گے اور نہ عیسائی، یہاں تک کہ ان کے مذہب کی پیروی اختیار کرلو۔ (ان سے)
کہہ دو کہ خدا کی (طرف سے) ہدایت (ملنا) ہی ہدایت ہے۔ اور (اے محمدؐ) اگر تم اپنے پاس علم (قرآن) کے آ
جانے پر بھی ان کی خواہشوں پر چلو گے تو تم کو (عذاب) خدا سے (بچانے والا) نہ کوئی دوست ہوگا نہ کوئی مددگار (120)
جن لوگوں کو ہم نے کتاب عنایت کی ہے وہ اس کو (ایسا) پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے۔ یہی لوگ اس
پر ایمان رکھنے والے ہیں۔ اور جو لوگ اس کو نہیں مانتے وہ خسارہ پانے والے ہیں (121) اے بنی اسرائیل
میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے اور یہ کہ میں نے تم کو اہل عالم پر فضیلت بخشی (122) اور اس دن
سے ڈرو جب کوئی شخص کسی شخص کے کچھ کام نہ آئے اور نہ اس سے بدلا قبول کیا جائے اور نہ اس کو کسی کی سفارش کچھ
فائدہ دے اور نہ لوگوں کو (کسی اور طرح کی) مدد مل سکے (123) اور جب پروردگار نے چند باتوں میں ابراہیمؑ کی
آزمائش کی تو وہ ان میں پورے اُترے۔ خدا نے کہا کہ میں تم کو لوگوں کا پیشوا بناؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ (پروردگار)
میری اولاد میں سے بھی (پیشوا بنائیو) خدا نے فرمایا کہ ہمارا اقرار ظالموں کیلئے نہیں ہوا کرتا (124) اور جب ہم
نے خانہ کعبہ کو لوگوں کے لئے جمع ہونے اور امن پانے کی جگہ مقرر کرلیا۔ اور (حکم دیا کہ) جس مقام پر ابراہیمؑ
کھڑے ہوئے تھے اس کو نماز کی جگہ بنا لو۔ اور ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو کہا کہ طواف کرنے والوں اور
اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کے لئے میرے گھر کو پاک صاف رکھا
کرو (125) اور جب ابراہیمؑ نے دعا کی کہ اے پروردگار! اس جگہ کو امن کا شہر بنا اور اس کے رہنے والوں میں سے جو خدا
پر اور روز آخرت پر ایمان لائیں ان کے کھانے کو میوے عطا کر۔ تو خدا نے فرمایا جو کافر ہوگا میں اس کو بھی کسی قدر
متمتع کرونگا (مگر) پھر اس کو (عذاب) دوزخ کے (بھگتنے کے) لئے ناچار کردوں گا اور وہ بری جگہ ہے (126)

مشکل الفاظ کے معانی

- پیروی: پیچھے چلنا
- عنایت کی: دی
- خسارہ: نقصان، گھاٹا
- اہل عالم / فضیلت: 1۔اس وقت کے تمام لوگوں پر 2۔برتری، بڑائی
- پیشوا: راہبر، لیڈر
- اقرار: وعدہ
- امن / مقرر کرلیا: 1۔جنگ کا متضاد 2۔طے کرلیا
- طواف: حج اور عمرے کا رکن
- اعتکاف: ماہِ رمضان کا نیک عمل
- میوے / کسی قدر: 1۔پھل فروٹ وغیرہ 2۔کسی حد تک
- متمتع / بھگتنے کے / ناچار: 1۔فائدہ اٹھانے والا 2۔سزا لینے کیلئے، سزا سہنے کیلئے 3۔مجبور

حوالہ جات

اعراف:178، نحل:36، 37، زمر:22،
23، 36، 37، 41، 55تا57، صف:7،
مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿127﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا
مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿128﴾ رَبَّنَا
وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۧ ﴿129﴾ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿130﴾ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿131﴾ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ
اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿132﴾ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ
مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ ۢ بَعْدِىْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ وَّنَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿133﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿134﴾

اور جب ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ بیت اللہ کی بنیادیں اونچی کر رہے تھے (تو دعا کی کہ) اے پروردگار ہم سے یہ
خدمت قبول فرما۔ بیشک تُو سننے والا (اور) جاننے والا ہے (127) اے پروردگار! ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیو
اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا مطیع بناتے رہیو۔ اور (پروردگار!) ہمیں ہمارے طریق عبادت بتا
اور ہمارے حال پر (رحم کے ساتھ) توجہ فرما بیشک تُو توجہ فرمانیوالا مہربان ہے (128) اے پروردگار! ان
(لوگوں) میں انہیں میں سے ایک پیغمبرؑ مبعوث کیجیو جو ان کو تیری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور کتاب
اور دانائی سکھایا کرے اور ان کو پاک صاف کیا کرے بیشک تُو غالب اور صاحب حکمت ہے (129) اور
ابراہیمؑ کے دین سے کون رُوگردانی کر سکتا ہے بجز اس کے جو نہایت نادان ہو؟ ہم نے ان کو دنیا میں بھی منتخب کیا
تھا اور آخرت میں بھی وہ (زمرۂ) صلحاء میں ہوں گے (130) جب ان سے ان کے پروردگار نے فرمایا کہ
اسلام لے آؤ تو انہوں نے عرض کی کہ میں رب العالمین کے آگے سر اطاعت خم کرتا ہوں (131) اور
ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو اسی بات کی وصیت کی اور یعقوبؑ نے بھی (اپنے فرزندوں سے یہی کہا) کہ بیٹا خدا
نے تمہارے لئے یہی دین پسند فرمایا ہے تو مرنا تو مسلمان ہی مرنا (132) بھلا جس وقت یعقوبؑ وفات پانے لگے
تو تم اس وقت موجود تھے۔ جب انہوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے؟ تو
انہوں نے کہا کہ آپ کے معبود اور آپ کے باپ دادا ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ کے معبود کی عبادت کریں
گے جو معبود یکتا ہے۔ اور ہم اس کے حکم بردار ہیں (133) یہ جماعت گزر چکی ان کو ان کے اعمال (کا
بدلا ملے گا) اور تم کو تمہارے اعمال (کا) اور جو عمل وہ کرتے تھے ان کی پرسش تم سے نہیں ہوگی (134)

- اللہ کا گھر
- رکھنا
- 1۔ اطاعت کرنے والا 2۔ اللہ کا حکم ماننا
- بھیجا جانا، پیدا کیا جانا
- عقل
- 1۔ منحرف ہونا، مُکر جانا 2۔ ماسوائے 3۔ بہت زیادہ بیوقوف
- نیک لوگوں کی مجلس
- 1۔ دنیاؤں کا مالک 2۔ گردن جھکاتا ہوں
- مرنے یا سفر پر جانے والی کی تاکید
- اللہ کا حکم ماننا
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ ایک، اکیلا 2۔ حکم ماننے والے
- پوچھ گچھ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَة	حوالہ جات

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿135﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا
بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى
وَمَآ اُوْتِىَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿136﴾ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ
فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِىْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿137﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ
اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿138﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ
اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿139﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا
اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعْمَلُوْنَ ﴿140﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿141﴾

اور (یہودی اور عیسائی) کہتے ہیں کہ یہودی یا عیسائی ہو جاؤ تو سیدھے رستے پر لگ جاؤ۔ (ان سے) کہہ دو
(نہیں) بلکہ (ہم) دین ابراہیمؑ (اختیار کئے ہوئے ہیں) جو ایک خدا کے ہو رہے تھے اور مشرکوں میں سے نہ
تھے (135) (مسلمانو) کہو کہ ہم خدا پر ایمان لائے اور جو (کتاب) ہم پر اُتری اس پر اور جو (صحیفے) ابراہیمؑ
اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور ان کی اولاد پر نازل ہوئے ان پر اور جو (کتابیں) موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو عطا ہوئیں
ان پر اور جو اور پیغمبروںؑ کو ان کے پروردگار کی طرف سے ملیں ان (سب) پر (ایمان لائے) ہم ان پیغمبروںؑ
میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور ہم اسی (خدائے واحد) کے فرمانبردار ہیں (136) تو اگر یہ لوگ بھی اسی
طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم ایمان لے آئے ہو تو ہدایت یاب ہو جائیں۔ اور اگر منہ پھیر لیں
تو وہ (تمہارے) مخالف ہیں اور ان کے مقابلے میں تمہیں خدا کافی ہے اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا
ہے (137) (کہہ دو کہ ہم نے) خدا کا رنگ (اختیار کر لیا ہے) اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہو سکتا ہے اور ہم اسی
کی عبادت کرنے والے ہیں (138) (ان سے) کہو کیا تم خدا کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو حالانکہ وہی
ہمارا اور تمہارا پروردگار ہے اور ہم کو ہمارے اعمال (کا بدلا ملے گا) اور تم کو تمہارے اعمال (کا) اور ہم خاص اسی
کی عبادت کرنے والے ہیں (139) (اے یہود و نصاریٰ) کیا تم اس بات کے قائل ہو کہ ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ
اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور ان کی اولاد یہودی یا عیسائی تھے؟ (اے محمدؐ ان سے) کہو کہ بھلا تم زیادہ جانتے ہو یا
خدا؟ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو خدا کی شہادت کو جو اس کے پاس (کتاب میں موجود) ہے چھپائے
اور جو کچھ تم لوگ کر رہے ہو خدا اس سے غافل نہیں (140) یہ جماعت گزر چکی۔ ان کو وہ (ملے گا) جو انہوں
نے کیا اور تم کو وہ جو تم نے کیا۔ اور جو عمل وہ کرتے تھے ان کی پرسش تم سے نہیں ہو گی (141)

مشکل الفاظ کے معانی:

- صحیفے: آسمانی کتاب
- عطا ہوئیں: مِلیں
- 1۔ واحد: اکیلا 2۔ فرمانبردار: حکم ماننے والے
- 1۔ ہدایت یاب: ہدائت کامل جانا 2۔ منہ پھیر لیں: انکار کریں
- عبادت: اللہ کا حکم ماننا
- قائل: یقین کرنا، ہار ماننا
- شہادت: گواہی
- غافل: لاپرواہ
- پرسش: پوچھ گچھ

حوالہ جات:

- نفال:17، فتح:10

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (142) وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ وَمَا
جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِىْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ
هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (143) قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ
قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۠ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ (144) وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ
وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ ۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ
الظّٰلِمِيْنَ (145) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (146)

احمق لوگ کہیں گے کہ مسلمان جس قبلے پر (پہلے سے چلے آتے) تھے (اب) اس سے کیوں منہ پھیر بیٹھے؟ تم کہہ دو کہ
مشرق اور مغرب سب خدا ہی کا ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے سیدھے رستے پر چلاتا ہے (142) اور اسی طرح ہم نے تم کو اُمت
معتدل بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور پیغمبرؐ (آخرالزماں) تم پر گواہ بنیں اور جس قبلے پر تم (پہلے) تھے اس کو ہم نے اس
لئے مقرر کیا تھا کہ معلوم کریں کہ کون (ہمارے) پیغمبرؐ کا تابع رہتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے۔ اور یہ بات (یعنی
تحویل قبلہ لوگوں کو) گراں معلوم ہوئی مگر جن کو خدا نے ہدایت بخشی ہے (وہ اسے گراں نہیں سمجھتے) اور خدا ایسا نہیں کہ
تمہارے ایمان کو یونہی کھودے۔ خدا تو لوگوں پر بڑا مہربان (اور) صاحب رحمت ہے (143) (اے محمدؐ) ہم تمہارا
آسمان کی طرف منہ پھیر کر دیکھنا دیکھ رہے ہیں۔ سو ہم تم کو اسی قبلہ کی طرف جس کو تم پسند کرتے ہو منہ کرنے کا حکم دیں گے۔
تو اپنا منہ مسجد الحرام (یعنی خانہ کعبہ) کی طرف پھیر لو اور تم لوگ جہاں ہوا کرو (نماز پڑھنے کے وقت) اسی مسجد کی طرف منہ
کرلیا کرو۔ اور جن لوگوں کو کتاب دی گئی ہے وہ خوب جانتے ہیں (یہ قبلہ) ان کے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔ اور جو کام یہ
لوگ کرتے ہیں خدا ان سے بے خبر نہیں (144) اور اگر تم ان اہل کتاب کے پاس تمام نشانیاں بھی لے کر آؤ تو بھی یہ تمہارے
قبلہ کی پیروی نہ کریں۔ اور تم بھی ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے نہیں ہو اور ان میں سے بھی بعض بعض کے قبلے کے پیرو
نہیں۔ اور اگر تم باوجود اس کے کہ تمہارے پاس دانش (یعنی وحی خدا) آ چکی ہے ان کی خواہشوں کے پیچھے چلو گے تو
ظالموں میں داخل ہو جاؤ گے (145) جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (حق بات) کو اس طرح پہچانتے ہیں جس
طرح اپنے بیٹوں کو پہچانا کرتے ہیں۔ مگر ایک فریق ان میں سے سچی بات کو جان بوجھ کر چھپا رہا ہے (146)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ بیوقوف 2۔ نماز کے وقت کی سمت
- گروہ
- 1۔ درمیانی درجہ 2۔ آخری وقت کے
- حکم مانتا ہے
- 1۔ قبلہ کی سپردگی، حوالگی 2۔ بھاری، وزنی، مشکل
- 1۔ ضائع کردے 2۔ رحمت والا
- درست ہے، سچ ہے
- ماننے والے، پیچھے چلنے والے
- عقل، دانائی
- پارٹی

حوالہ جات

بقرہ:89 مائدہ:84,83
انعام:114

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿147﴾ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ

بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿148﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿149﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿150﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ

اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿151﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا

لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿152﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿153﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿154﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ

الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿155﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿156﴾

(اے پیغمبرؐ یہ قبلہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہونا (147) اور ہر ایک
(قوم، گروہ یا جماعت) کے لئے ایک سمت (مقرر) ہے جدھر وہ (نماز پڑھتے وقت) منہ کیا کرتے ہیں تو تم نیکیوں میں
سبقت حاصل کرو۔ تم جہاں ہو گے خدا تم سب کو جمع کر لے گا۔ بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے (148) اور تم جہاں سے
نکلو (نماز میں) اپنا منہ مسجد محترم کی طرف کر لیا کرو۔ بے شبہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے اور تم لوگ جو کچھ
کرتے ہو خدا اس سے بے خبر نہیں (149) اور تم جہاں سے نکلو مسجد محترم کی طرف منہ (کر کے نماز پڑھا) کرو۔ اور
مسلمانو! تم جہاں ہوا کرو اسی (مسجد) کی طرف رُخ کیا کرو (یہ تاکید) اس لئے (کی گئی ہے) کہ لوگ تم کو کسی طرح کا
الزام نہ دے سکیں۔ مگر ان میں سے جو ظالم ہیں (وہ الزام دیں تو دیں) سو ان سے مت ڈرنا اور مجھی سے ڈرتے رہنا اور یہ بھی
مقصود ہے کہ میں تم کو اپنی تمام نعمتیں بخشوں اور یہ بھی کہ تم راہ راست پر چلو (150) جس طرح (منجملہ اور نعمتوں کے) ہم
نے تم میں تمہیں میں سے ایک رسولؑ بھیجے ہیں جو تم کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہیں پاک بناتے اور کتاب (یعنی
قرآن) اور دانائی سکھاتے ہیں اور ایسی باتیں بتاتے ہیں جو تم پہلے نہیں جانتے تھے (151) سو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد
کیا کروں گا، اور میرا احسان مانتے رہنا اور ناشکری نہ کرنا (152) اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لیا کرو، بیشک خدا صبر
کرنے والوں کے ساتھ ہے (153) اور جو لوگ خدا کی راہ میں مارے جائیں ان کی نسبت یہ نہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے
ہیں (وہ مُردہ نہیں) بلکہ زندہ ہیں، لیکن تم نہیں جانتے (154) اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں
کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے تو صبر کرنے والوں کو (خدا کی خوشنودی کی) بشارت سنا دو (155) ان لوگوں پر
جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم خدا ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (156)

مشکل الفاظ کے معانی:
- درست ہے، سچ ہے
- 1۔ برتری لو، جیتو، آگے نکل جاؤ 2۔ طاقت رکھنا، حیثیت ہونا
- 1۔ قابل احترام 2۔ بیشک
- 1۔ چہرہ 2۔ زور ڈالنا
- 1۔ غرض 2۔ سب، تمام میں سے
- کے بارے میں
- مقدار میں، لحاظ سے
- خوشخبری

حوالہ جات:
- یونس:47، جاثیہ:28

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿157﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ
الْبَيْتَ اَوِاعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿158﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ
اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْ ۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿159﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ
تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿160﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ
عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿161﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿162﴾ وَاِلٰهُكُمْ
اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿163﴾ اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ
الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ
فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿164﴾

یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمت ہے، اور یہی سیدھے رستے پر ہیں (157) بیشک
صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں، تو جو شخص خانہ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ دونوں کا
طواف کرے (بلکہ طواف ایک رکن حج کی حیثیت سے نیک کام ہے) اور جو کوئی نیک کام کرے تو خدا
قدر شناس اور دانا ہے (158) جو لوگ ہمارے حکموں اور ہدایتوں کو جو ہم نے نازل کی ہیں چھپاتے ہیں،
باوجود یہ کہ ہم نے ان لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اپنی کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیا ہے۔ ایسوں
پر خدا اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں (159) ہاں جو توبہ کرتے ہیں اور اپنی حالت درست کر
لیتے ہیں اور (احکام الٰہی کو) صاف صاف بیان کر دیتے ہیں تو میں ان کے قصور معاف کر دیتا ہوں اور
میں بڑا معاف کرنے والا (اور) رحم کرنے والا ہوں (160) جو لوگ کافر ہوئے اور کافر ہی مرے،
ایسوں پر خدا کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی لعنت (161) وہ ہمیشہ اسی (لعنت) میں (گرفتار)
رہیں گے۔ ان سے نہ تو عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں (کچھ) مہلت ملے گی (162) اور (لوگو!)
تمہارا معبود[1] خدائے واحد ہے، اس بڑے مہربان (اور) رحم والے کے سوا کوئی عبادت[2] کے لائق
نہیں (163) بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے
آنے جانے میں اور کشتیوں (اور جہازوں) میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کے لئے رواں ہیں اور مینہ
میں جس کو خدا آسمان سے برساتا اور اس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ کر دیتا ہے اور زمین پر ہر قسم کے
جانور پھیلانے میں اور ہواؤں کے چلانے میں اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان گھرے
رہتے ہیں عقلمندوں کے لئے (خدا کی قدرت کی) نشانیاں ہیں (164)

مشکل الفاظ کے معانی

- جگہوں کے نام
- عزت جاننے والا
- غلطی
- مزید وقت
- 1۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ اللہ کا حکم ماننا
- چلتے ہیں
- خشک کے بعد سرسبز ہونا
- چھائے ہوئے
- طاقت، صلاحیت

حوالہ جات

- بقرہ: 199،200
- بقرہ: 174

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (165) اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا
وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ (166) وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ
يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ (167) ع يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا
طَيِّبًا ۫ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (168) اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (169) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا
يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ (170) وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِىْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ
عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (171) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ (172)

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر خدا کو شریک (خدا) بناتے اور ان سے خدا کی سی محبت کرتے ہیں۔ لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو خدا ہی کے سب سے زیادہ دوست دار[1] ہیں۔ اے کاش[2]! ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت خدا ہی کو ہے اور یہ کہ خدا سخت عذاب کرنے والا ہے (165) اس دن (کفر کے) پیشوا[1] اپنے پیروؤں[2] سے بیزاری[3] ظاہر کریں گے اور (دونوں) عذاب (الٰہی) دیکھ لیں گے اور ان کے آپس کے تعلقات منقطع[1] ہو جائیں گے (166) (یہ حال دیکھ کر) پیروی کرنے والے (حسرت[2] سے) کہیں گے کہ اے کاش! ہمیں پھر دنیا میں جانا نصیب ہو تاکہ جس طرح یہ ہم سے بیزار ہو رہے ہیں اسی طرح ہم بھی ان سے بیزار ہوں۔ اس طرح خدا ان کے اعمال انہیں حسرت بنا کر دکھائے گا اور وہ دوزخ سے نہیں نکل سکیں گے (167) لوگو! جو چیزیں زمین میں حلال طیب ہیں، وہ کھاؤ۔ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے (168) وہ تم کو بُرائی اور بے حیائی ہی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور یہ بھی کہ خدا کی نسبت ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں (کچھ بھی) علم نہیں (169) اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) خدا نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی وہ انہیں کی تقلید کئے جائیں گے؟!) (170) اور جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کسی ایسی چیز کو آواز دے جو پکار اور آواز کے سوا کچھ سن نہ سکے۔ (یہ) بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں کہ (کچھ) سمجھ نہیں سکتے (171) اے اہل ایمان! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں ان کو کھاؤ اور اگر خدا ہی کے بندے ہو تو اس (کی نعمتوں) کا شکر بھی ادا کرو (172)

مشکل الفاظ کے معانی:
- غیر خدا: اصل خدا کے علاوہ
- 1۔ دوستی رکھنے والے 2۔ افسوس کا کلمہ
- 1۔ امام، راہبر 2۔ پیچھے چلنے والے 3۔ نفرت
- 1۔ ٹوٹ جانا 2۔ افسوس، غم، دُکھ
- طیب: پاک
- نسبت: کے بارے میں
- پیروی: پیچھے چلنا
- تقلید: نقل کرنا

حوالہ جات:
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿173﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ
فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ښ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿174﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا
الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿175﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ
اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿176﴾ ع لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰي حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّاۗىِٕلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا
عٰھَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿177﴾

اس نے تم پر مرا ہوا جانور اور لہو اور سؤر کا گوشت اور جس چیز پر خدا کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے، حرام کر دیا ہے۔ ہاں جو ناچار ہو جائے (بشرطیکہ) خدا کی (دیگر کوئی) نافرمانی نہ کرے اور حد (ضرورت) سے باہر نہ نکل جائے اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بیشک خدا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے (173) جو لوگ (خدا کی) کتاب سے ان (آیتوں یا ہدایتوں) کو جو اس نے نازل فرمائی ہیں، چھپاتے اور ان کے بدلے تھوڑی سی (دنیاوی) قیمت حاصل کرتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں محض آگ بھرتے ہیں ایسے لوگوں سے خدا قیامت کے دن نہ کلام کرے گا اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک کرے گا اور ان کے لئے دُکھ دینے والا عذاب ہے (174) یہ وہ لوگ ہیں، جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی اور بخشش چھوڑ کر عذاب خریدا۔ یہ جہنم کی کیسی (کیسی سختیاں) برداشت کرنے والے ہیں! (175) یہ اس لئے کہ خدا نے کتاب سچائی کے ساتھ نازل فرمائی اور جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف کیا وہ ضد میں (آکر قرآن) سے دُور (ہو گئے) ہیں (176) نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق و مغرب (کو قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو، بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ خدا پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور (خدا کی) کتاب اور پیغمبروںؑ پر ایمان لائیں اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں اور سختی اور تکلیف میں اور کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (خدا سے) ڈرنے والے ہیں (177)

مشکل الفاظ کے معانی:
- خون
- مجبور
- صرف
- بات
- تکلیفیں
- اتفاق کا متضاد
- پیارا
- لڑائی
- باحوصلہ، مضبوط

حوالہ جات:
- ص:58 طور:47

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ
مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ
فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿178﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿179﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ
الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖۚ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿180﴾ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ
فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿181﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ
عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿182﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿183﴾ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ
فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿184﴾

مومنو! تم کو مقتولوں کے بارے میں قصاص کا حکم دیا جاتا ہے، (اس طرح پر کہ) آزاد کے بدلے آزاد (مارا جائے)
اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت اور اگر قاتل کو اس کے (مقتول) بھائی (کے قصاص میں) سے
کچھ معاف کر دیا جائے تو (وارث مقتول کو) پسندیدہ طریق سے (قرارداد کی) پیروی (یعنی جائز مطالبہ خون بہا) کرنا
اور (قاتل کو) خوش خوئی کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے۔ یہ پروردگار کی طرف سے (تمہارے لئے) آسانی اور مہربانی
ہے۔ جو اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لئے دُکھ کا عذاب ہے (178) اور اے اہل عقل! (حکم) قصاص میں
(تمہاری) زندگانی ہے کہ تم (ناحق قتل وخونریزی سے) بچو (179) تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو
موت کا وقت آ جائے تو اگر وہ کچھ مال چھوڑ جانے والا ہو تو ماں باپ اور رشتہ داروں کے لئے دستور کے مطابق وصیت
کر جائے۔ (خدا سے) ڈرنے والوں پر یہ ایک حق ہے (180) جو شخص وصیت کو سننے کے بعد بدل ڈالے تو اس
(کے بدلنے) کا گناہ انہی لوگوں پر ہے جو اس کو بدلیں (اور) بیشک خدا سنتا جانتا ہے (181) اگر کسی کو وصیت
کرنے والے کی طرف سے (کسی وارث [1] کی) طرف داری [2] یا حق تلفی [3] کا اندیشہ [4] ہو تو اگر وہ (وصیت کو بدل کر)
وارثوں میں صلح کرا دے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بیشک خدا بخشنے والا (اور) رحم والا ہے (182) مومنو! تم پر روزے
فرض کئے گئے ہیں، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے، تاکہ تم پرہیزگار بنو (183) (روزوں کے
دن) گنتی کے چند روز ہیں۔ تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کا شمار پورا کر لے۔
اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن رکھیں نہیں) وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلا دیں۔ اور جو کوئی
شوق سے نیکی کرے تو اس کے حق میں زیادہ اچھا ہے۔ اور اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی تمہارے حق میں بہتر ہے (184)

مشکل الفاظ کے معانی:
- قصاص: خون کے بدلے خون
- قرارداد: معائدہ
- خوش خوئی: عمدہ طرح سے، بہترین انداز سے
- وصیت: مسافر اور مرنے والے کی تاکید
- 1۔ مُردے کے مال کا قانونی حقدار 2۔ ناجائز حمایت 3۔ حق مارنا یا زیادتی کرنا 4۔ شبہ
- شمار: گنتی
- محتاج: غریب، ضرورت مند
- کے حق میں: کے لئے، کے بارے میں

حوالہ جات: مائدہ:33

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات		مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ
فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ
وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿185﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ
اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿186﴾ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ
الرَّفَثُ اِلٰى نِسَاۗىِٕكُمْ ۭ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ
عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي
الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿187﴾

(روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے)، جس میں قرآن نازل ہوا، جو لوگوں کا راہنما ہے اور (جس میں)
ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں
موجود ہو، چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان
کا شمار پورا کرلے۔ خدا تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا اور (یہ آسانی کا حکم) اس لئے (دیا
گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار[1] پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ خدا نے تم کو ہدایت بخشی ہے، تم اس کو بزرگی[2]
سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو (185) اور (اے پیغمبرؐ) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت
کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا
قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں (186)
روزوں کی راتوں میں تمہارے لئے اپنی عورتوں کے پاس جانا[1] جائز کر دیا گیا ہے وہ تمہاری پوشاک[2] ہیں اور تم
ان کی پوشاک ہو، خدا کو معلوم ہے کہ تم اپنے حق میں خیانت کرتے تھے، سو اس نے تم پر مہربانی کی اور تمہاری
حرکات[1] سے درگزر فرمائی[2]۔ اب (تم کو اختیار ہے کہ) ان سے مباشرت[3] کرو۔ اور جو چیز خدا نے تمہارے لئے
لکھ رکھی ہے اس کو (خدا سے) طلب کرو[1] اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری[2] (رات کی) سیاہ
دھاری سے الگ نظر آنے لگے۔ پھر روزہ (رکھ کر) رات تک پورا کرو اور جب تم مسجدوں (یا عبادت گھروں)
میں اعتکاف بیٹھے ہو تو ان سے مباشرت نہ کرو۔ یہ خدا کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جانا۔ اسی طرح خدا اپنی
آیتیں لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بنیں (187)

مشکل الفاظ کے معانی:

- سچ اور جھوٹ کو
- زندہ ہو
- لئے، بارے میں
- 1۔ گنتی 2۔ بڑائی
- 1۔ مباشرت کرنا 2۔ لباس
- امانت میں چوری
- 1۔ ناپسندیدہ کام 2۔ معافی دی، چشم پوشی کی 3۔ ہم بستری
- 1۔ مانگو 2۔ کنارہ
- روزوں میں کیا جانے والا نیک کام
- برائی سے بچیں

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- بقرہ: 148 مائدہ: 69

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿188﴾ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا
الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿189﴾
وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿190﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ
ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿191﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿192﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى
الظّٰلِمِيْنَ ﴿193﴾

اورایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور نہ اس کو (رشوتاً) حاکموں کے پاس پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ
حصہ ناجائز طور پر نہ کھا جاؤ اور (اسے) تم جانتے بھی ہو (188) (اے محمدؐ) لوگ تم سے نئے چاند کے
بارے میں دریافت کرتے ہیں (کہ گھٹتا بڑھتا کیوں ہے) کہہ دو کہ وہ لوگوں کے (دیگر کاموں کی
معیادیں) اور حج کے وقت معلوم ہونے کا ذریعہ ہے اور نیکی اس بات میں نہیں کہ (سچائی کا ساتھ دینے
کو) گھروں میں ان کے پچھواڑے کی طرف سے آؤ، بلکہ نیکوکار وہ ہے جو پرہیزگار ہو، اور گھروں میں
ان کے دروازوں سے آیا کرو اور خدا سے ڈرتے رہو تاکہ نجات پاؤ (189) اور جو لوگ تم سے لڑتے
ہیں، تم بھی خدا کی راہ میں ان سے لڑو، مگر زیادتی نہ کرنا۔ کہ خدا زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں
رکھتا (190) اور ان کو جہاں پاؤ قتل کرو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے وہاں سے تم بھی ان کو
نکال دو اور (دین سے گمراہ کرنے کا) فساد قتل وخونریزی سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اور جب تک وہ تم سے
مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کے نزدیک نہ لڑیں، تم بھی وہاں ان سے نہ لڑنا۔ ہاں اگر وہ تم سے لڑیں تو تم
ان کو قتل کر ڈالو، کافروں کی یہی سزا ہے (191) اور اگر وہ باز آجائیں تو خدا بخشنے والا (اور) رحم کرنے
والا ہے (192) اور ان سے اس وقت تک لڑتے رہنا کہ فساد نابود ہو جائے اور (غالب) خدا ہی کا دین
ہو جائے اور اگر وہ (فساد سے) باز آجائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر زیادتی نہیں (کرنی چاہیے) (193)

مشکل الفاظ کے معانی

- ناحق: ناجائز طریقہ سے
- دریافت کرتے ہیں / گھٹتا بڑھتا: 1۔پوچھتے ہیں 2۔کم زیادہ
- معیادیں: اوقات
- پچھواڑے: پچھلا حصہ
- نجات: رہائی، بخشش
- قتل وخونریزی / بڑھ کر: 1۔خون خرابہ 2۔زیادہ
- محترم: احترام والی
- باز آجائیں: رک جائیں
- نابود: بالکل ختم

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿194﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿195﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ

حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ

اَمِنْتُمْ ۥ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا

رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿196﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؔ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿197﴾

ادب کا مہینہ ادب کے مہینے کے مقابل ہے اور ادب کی چیزیں ایک دوسرے کا بدلا ہیں۔ پس اگر کوئی تم پر زیادتی کرے تو جیسی زیادتی وہ تم پر کرے ویسی ہی تم اس پر کرو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ خدا ڈرنے والوں کے ساتھ ہے (194) اور خدا کی راہ میں (مال) خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو، اور نیکی کرو بیشک خدا نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے (195) اور خدا (کی خوشنودی) کے لئے حج اور عمرے کو پورا کرو اور اگر (راستے میں) روک لئے جاؤ تو جیسی قربانی میسر ہو (کردو) اور جب تک قربانی اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے، سر نہ منڈاؤ۔ اور اگر کوئی تم میں بیمار ہو یا اس کے سر میں کسی طرح کی تکلیف ہو تو (اگر وہ سر منڈا لے تو) اس کے بدلے روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے، پھر جب (کعبے پہنچ کر) تم مطمئن ہو جاؤ تو جو (تم میں) حج کے وقت تک عمرے سے فائدہ اٹھانا چاہے وہ جیسی قربانی میسر ہو (کرے) اور جس کو (قربانی) نہ ملے وہ تین روزے ایام حج میں رکھے اور سات جب واپس ہو۔ یہ پورے دس ہوئے۔ یہ حکم اس شخص کے لئے ہے، جس کے اہل وعیال مکے میں نہ رہتے ہوں۔ اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے (196) حج کے مہینے (معین ہیں جو) معلوم ہیں تو جو شخص ان مہینوں میں حج کی نیت کرلے تو حج (کے دنوں) میں نہ عورتوں سے اختلاط کرے، نہ کوئی بُرا کام کرے، نہ کسی سے جھگڑے۔ اور جو نیک کام تم کرو گے وہ خدا کو معلوم ہو جائے گا اور زاد راہ ساتھ لے جاؤ کیونکہ بہتر (فائدہ) زادراہ (کا) پرہیز گاری ہے، اور (اے) اہل عقل مجھ سے ڈرتے رہو (197)

مشکل الفاظ کے معانی:
- مقابل: برابر، سامنے
- خوشنودی: خوشی، رضامندی
- میسر ہو: مل جائے
- اہل وعیال: قریبی رشتہ دار
- معین: مقررہ
- اختلاط: محبت کی گرم جوشی
- زاد راہ: راستے کا خرچ وغیرہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ
الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿198﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ
النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿199﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ
اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿200﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿201﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿202﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِىْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِىْ
يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ﴿203﴾

اس کا تمہیں کچھ گناہ نہیں کہ (حج کے دنوں میں بھی بذریعۂ تجارت) اپنے پروردگار سے روزی طلب کرو،
اور جب عرفات سے واپس ہونے لگو تو مشعر حرام میں خدا کا ذکر کرو، اور اس طرح ذکر کرو جس طرح اس
نے تم کو سکھایا۔ اور اس سے پیشتر[1] تم لوگ (ان طریقوں سے) محض[2] ناواقف تھے (198) پھر جہاں
سے اور لوگ واپس ہوں وہیں سے تم بھی واپس ہو اور خدا سے بخشش مانگو۔ بیشک خدا بخشنے والا اور رحمت
کرنے والا ہے (199) پھر جب حج کے تمام ارکان پورے کر چکو تو خدا کو یاد کرو، جس طرح اپنے باپ
دادا کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اور بعض ایسے ہیں جو (خدا سے) التجا کرتے ہیں کہ اے
پروردگار ہم کو (جو دینا ہے) دنیا ہی میں عنایت کر۔ ایسے لوگوں کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں (200) اور
بعضے ایسے ہیں کہ دعا کرتے ہیں کہ پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی نعمت بخشیو
اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو[1] یہی لوگ ہیں جن کے لئے ان کے کاموں کا حصہ[2] (تیار) (201)
ہے اور خدا جلد حساب لینے والا ہے (202) اور (قیام منیٰ کے) دنوں میں (جو) گنتی کے (دن ہیں)
خدا کو یاد کرو۔ اگر کوئی جلدی کرے (اور) دو ہی دن میں (چل دے) تو اس پر بھی کچھ گناہ نہیں اور جو
بعد تک ٹھہرا رہے اس پر بھی کچھ گناہ نہیں۔ یہ باتیں اس شخص کے لئے ہیں، جو (خدا سے) ڈرے اور تم
لوگ خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ سب اس کے پاس جمع کئے جاؤ گے (203)

مشکل الفاظ کے معانی
مانگو
مزدلفہ (جگہ کا نام)
1۔ پہلے 2۔ بالکل
رُکن کی جمع
منت سماجت
دے
بعض
1۔ رکھنا 2۔ بدلا
جگہ کا نام

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿204﴾
وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿205﴾ وَاِذَا
قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿206﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ
ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿207﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَلَا تَتَّبِعُوْا
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿208﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ ﴿209﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
الْاُمُوْرُ ﴿210﴾ سَلْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ
فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿211﴾

اور کوئی شخص تو ایسا ہے، جس کی گفتگو دنیا کی زندگی میں تم کو دلکش[1] معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنے مافی الضمیر[2] پر خدا کو گواہ بناتا ہے۔ حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے (204) اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو (برباد) اور (انسانوں اور جانوروں کی) نسل کو نابود کردے اور خدا فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا (205) اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ خدا سے خوف کرو تو غرور اس کو گناہ میں پھنسا دیتا ہے۔ سو ایسے کو جہنم سزاوار ہے، اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے (206) اور کوئی شخص ایسا ہے کہ خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اپنی جان بیچ ڈالتا ہے۔ اور خدا بندوں پر بہت مہربان ہے (207) مومنو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے پیچھے نہ چلو۔ وہ تو تمہارا صریح دشمن ہے (208) پھر اگر تم احکام روشن پہنچ جانے کے بعد لڑکھڑا جاؤ تو جان جاؤ کہ خدا غالب (اور) حکمت والا ہے (209) کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان پر خدا بادل کے سائبانوں[1] میں آنازل ہو اور فرشتے بھی (اتر آئیں) اور کام تمام کردیا جائے[2]؟ اور سب کاموں کا رجوع خدا ہی کی طرف ہے (210) (اے محمدؐ) اولادِ اسرائیل سے پوچھو کہ ہم نے ان کو کتنی کھلی نشانیاں دیں، اور جو شخص خدا کی نعمت کو اپنے پاس آنے کے بعد بدل دے تو خدا سخت عذاب کرنے والا ہے (211)

حوالہ جات:
- فرقان:25،حاقہ:13تا18

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔بہت ہی اچھا لگنا 2۔دل کی بات
- اللہ کی مخالفت
- خوشی،رضامندی
- صاف،کھلا
- انتظار کرنا
- 1۔چھپر 2۔کام ختم کردیا جائے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَة	مشکل الفاظ کے معانی

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ

يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (212) كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًاۢ

بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ

مُّسْتَقِيْمٍ (213) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ

وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ (214) يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ (215)

اور جو کافر ہیں ان کے لئے دنیا کی زندگی خوشنما کردی گئی ہے اور وہ مومنوں سے تمسخر کرتے ہیں۔ لیکن جو پرہیز گار ہیں وہ قیامت کے دن ان پر غالب ہوں گے۔ اور خدا جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے (212) (پہلے سب) لوگوں کا ایک ہی مذہب تھا (لیکن وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) تو خدا نے (ان کی طرف) بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے پیغمبرؑ بھیجے اور ان پر سچائی کے ساتھ کتابیں نازل کیں تاکہ جن امور میں لوگ اختلاف کرتے تھے، ان کا ان میں فیصلہ کردے۔ اور اس میں اختلاف بھی انہی لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی، باوجود یہ کہ ان کے پاس کھلے ہوئے احکامات آچکے تھے (اور یہ اختلاف انہوں نے صرف) آپس کی ضد سے کیا تو جس امرِ حق میں وہ اختلاف کرتے تھے خدا نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اس کی راہ دکھا دی اور خدا جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ دکھا دیتا ہے (213) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ (یونہی) بہشت میں داخل ہو جاؤ گے اور ابھی تم کو پہلے لوگوں کی سی (مشکلیں) تو پیش آئی ہی نہیں۔ ان کو (بڑی بڑی) سختیاں اور تکلیفیں پہنچیں اور وہ (صعوبتوں میں) ہلا ہلا دیئے گئے، یہاں تک کہ پیغمبرؑ اور مومن لوگ، جو ان کے ساتھ تھے، سب پکار اٹھے کہ کب خدا کی مدد آئے گی؟ دیکھو خدا کی مدد (عن) قریب (ہوتی) ہے (214) (اے محمدؐ) لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کس طرح کا مال خرچ کریں۔ کہہ دو کہ جو مال خرچ کرنا چاہو وہ (اہل استحقاق یعنی) ماں باپ کو اور قریب کے رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور مسافروں کو (دو) اور جو بھلائی تم کرو گے خدا اس کو جانتا ہے (215)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔خوبصورت 2۔مذاق
- 1۔فاتح 2۔اَن گنت
- خوشخبری
- بہت سے کام
- حالانکہ
- سچا معاملہ یا کام
- 1۔آگے آنا، سامنے آنا 2۔سختی، تکلیف
- جھنجھوڑے گئے
- نزدیک، جلد
- حق رکھنے والے

حوالہ جات: بقرہ: 219، 267

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ
لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿216﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَكُفْرٌ ۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ
حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿217﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿218﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ
وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ۬ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ
لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿219﴾

(مسلمانو!) تم پر (خدا کے رستے میں) لڑنا فرض کر دیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناگوار تو ہوگا مگر عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بُری لگے اور وہ تمہارے حق میں بھلی ہو، اور عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بھلی لگے اور وہ تمہارے لئے مضر ہو، اور (ان باتوں کو) خدا ہی بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (216) (اے محمدؐ) لوگ تم سے عزت والے مہینوں میں لڑائی کرنے کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دو کہ ان میں لڑنا بڑا (ممنوعہ کام) ہے اور خدا کی راہ سے روکنا اور اس سے کفر کرنا اور مسجد حرام سے اور (دوسری مساجد کے) اہلِ مسجد کو اس میں سے نکال دینا خدا کے نزدیک اس سے بھی زیادہ (سخت ممنوعہ کام) ہے اور فتنہ انگیزی خونریزی سے بھی بڑھ کر ہے۔ اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے، یہاں تک کہ مقدور رکھیں تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں اور جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر (کر کافر ہو) جائے گا اور کافر ہی مرے گا تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہو جائیں گے اور یہی لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں، جس میں ہمیشہ رہیں گے (217) جو لوگ ایمان لائے اور خدا کے لئے وطن چھوڑ گئے اور (خدا کی راہ میں) جنگ کرتے رہے، وہی خدا کی رحمت کے اُمیدوار ہیں۔ اور خدا بخشنے والا (اور) رحمت کرنے والا ہے (218) (اے پیغمبرؐ) لوگ تم سے شراب اور جُوئے کا حکم دریافت کرتے ہیں، کہہ دو کہ ان میں نقصان بڑے ہیں اور لوگوں کے لئے کچھ فائدے بھی ہیں، مگر ان کے نقصانات فائدوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ اور یہ بھی تم سے پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کونسا مال خرچ کریں، کہہ دو کہ جو ضرورت سے زیادہ ہو، اس طرح خدا تمہارے لئے اپنے احکام کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو (219)

مشکل الفاظ کے معانی:
- نامناسب
- 1۔فائدہ مند 2۔نقصان دہ
- منع کیا گیا
- خانہ کعبہ
- 1۔اللہ کی حکم عدولی، سرکشی 2۔خون بہانہ
- طاقت، اختیار

حوالہ جات:
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- مائدہ:90، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (220) وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ
وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ
مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (221) ۧ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ
حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ (222)
نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ (223) وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (224)

یعنی دنیا اور آخرت (کے فائدے کی باتوں) میں (غور کرو)۔ اور تم سے یتیموں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دو کہ ان کی (حالت کی) اصلاح بہت اچھا کام ہے۔ اور اگر تم ان سے مل جل کر رہنا چاہو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور خدا خوب جانتا ہے کہ خرابی کرنے والا کون ہے اور اصلاح کرنے والا کون۔ اور اگر خدا چاہتا تو تم کو تکلیف میں ڈال دیتا۔ بیشک خدا غالب (اور) حکمت والا ہے (220) اور (مومنو!) مشرک عورتوں سے، جب تک کہ ایمان نہ لائیں، نکاح نہ کرنا۔ کیونکہ مشرک عورت خواہ تم کو کیسی ہی بھلی لگے، اس سے مومن لونڈی بہتر ہے اور (اسی طرح) مشرک مرد، جب تک ایمان نہ لائیں، مومن عورتوں کو ان کی زوجیت میں نہ دینا کیونکہ مشرک (مرد) سے خواہ وہ تم کو کیسا ہی بھلا لگے مومن غلام بہتر ہے، یہ (مشرک، لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور خدا اپنی مہربانی سے بہشت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے، اور اپنے حکم لوگوں سے کھول کھول کر بیان کرتا ہے۔ تاکہ نصیحت حاصل کریں (221) اور تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دو کہ وہ تو نجاست ہے، سو ایام حیض میں عورتوں سے کنارہ کش رہو، اور جب تک پاک نہ ہو جائیں ان سے مقاربت نہ کرو۔ ہاں جب پاک ہو جائیں تو جس طریق سے خدا نے تمہیں ارشاد فرمایا ہے ان کے پاس جاؤ۔ کچھ شک نہیں کہ خدا توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے (222) تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاؤ اور اپنے لئے (درست اعمال) آگے بھیجو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ (ایک دن) تمہیں اس کے رُوبرو حاضر ہونا ہے اور (اے پیغمبرؑ) ایمان والوں کو بشارت سنا دو (223) اور خدا (کے نام) کو اس بات کا حیلہ نہ بنانا کہ (اس کی) قسمیں کھا کھا کر سلوک کرنے اور پرہیزگاری کرنے اور لوگوں میں صلح و سازگاری کرانے سے رُک جاؤ اور خدا سب کچھ سنتا اور جانتا ہے (224)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مناسب تربیت، درستگی
- اچھی، فائدہ مند
- منکوحہ ہونا، بیوی
- چاہے
- 1۔گندگی 2۔عورت کے ایام ناپاکی 3۔دور رہو
- نزدیکی
- 1۔خوشخبری 2۔بہانہ، وسیلہ
- معاملات کی درستگی یا راضی نامے

حوالہ جات:

- نساء: 10,6,2
- شمس: 8 تا 10
- مائدہ: 106 تا 108 نحل: 91 تا 94

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿225﴾ لِلَّذِيْنَ
يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿226﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ ﴿227﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ
يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ
بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿228﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ
بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا
حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ﴿229﴾

خدا تمہاری لغو[1] قسموں پر تم سے مواخذہ[2] نہیں کرے گا لیکن جو قسمیں تم قصد دلی سے[3] کھاؤ گے ان پر مواخذہ کرے گا، اور خدا بخشنے والا بردبار ہے (225) جو لوگ اپنی عورتوں کے پاس جانے سے قسم کھا لیں، ان کو چار مہینے تک انتظار کرنا چاہیئے۔ اگر (اس عرصے میں قسم سے) رجوع کر لیں تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (226) اور اگر طلاق کا ارادہ کر لیں تو بھی خدا سنتا (اور) جانتا ہے (227) اور طلاق والی عورتیں تین حیض[1] تک اپنے تئیں[2] روکے رہیں، اور اگر وہ خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتی ہیں تو ان کو جائز نہیں[3] کہ خدا نے جو کچھ ان کے شکم[1] میں پیدا کیا ہے اس کو چھپائیں اور ان کے خاوند اگر پھر موافقت[2] چاہیں تو اس (مدت) میں وہ ان کو اپنی زوجیت میں لے لینے کے زیادہ حقدار ہیں اور عورتوں کا حق (مردوں پر) ویسا ہی ہے جیسے دستور[1] کے مطابق (مردوں کا حق) عورتوں پر ہے۔ البتہ مردوں کو عورتوں پر فضیلت[2] ہے اور خدا غالب (اور) صاحب حکمت ہے (228) طلاق (صرف) دو بار ہے (یعنی جب ایک دفعہ طلاق دے دی جائے تو) پھر (عورتوں کو) یا تو بطریق شائستہ[1] (نکاح میں) رہنے دینا ہے یا پھر دوسری طلاق بھی دیکر بھلائی[2] کے ساتھ چھوڑ دینا، اور یہ جائز نہیں کہ جو مہر تم ان کو دے چکے ہو، اس میں سے کچھ واپس لے لو۔ ہاں اگر زن و شوہر کو خوف ہو کہ وہ خدا کی حدوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے، تو اگر عورت (کم عقل خاوند کے ہاتھ سے) رہائی پانے کے بدلے میں کچھ دے ڈالے تو دونوں پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ خدا کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں ان سے باہر نہ نکلنا اور جو لوگ خدا کی حدوں سے باہر نکل جائیں گے، وہ گنہگار ہوں گے (229)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ بےارادہ، بےہودہ 2۔ بازپرس 3۔ ارادہ کرکے
- برداشت کرنے والا
- 1۔ عورت کے ایام ناپاکی 2۔ اپنے آپکو 3۔ اختیار نہیں
- 1۔ پیٹ 2۔ اتفاق یا نزدیکی
- بیوی ہونا
- 1۔ طریقہ کار 2۔ برتری
- 1۔ اچھے انداز میں 2۔ فائدہ، اچھائی
- بیوی میاں

حوالہ جات

- مائدہ: 89
- طلاق: 1،2، مزید آئندہ حصوں میں دیکھیے
- بقرہ: 237

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ
اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿230﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ
اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۠ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ
ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ
مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿231﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ
النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿232﴾

پھر اگر شوہر (دوسری) طلاق عورت کو دے دے تو اس کے بعد جب تک عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کر لے اس (پہلے شوہر) پر حلال نہ ہوگی۔ ہاں اگر دوسرا خاوند بھی طلاق دے دے اور عورت اور پہلا خاوند پھر ایک دوسرے کی طرف رجوع کر لیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں، بشرطیکہ دونوں یقین کریں کہ خدا کی حدوں کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ خدا کی حدیں ہیں ان کو وہ ان لوگوں کے لئے بیان فرماتا ہے جو دانش رکھتے ہیں (230) اور جب تم عورتوں کو (ایک دفعہ) طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو انہیں یا تو حسن سلوک سے نکاح میں رہنے دو یا بطریق شائستہ (دوسری طلاق بھی دے کر انہیں) رخصت کر دو اور اس نیت سے ان کو نکاح میں نہ رہنے دینا چاہیئے کہ انہیں تکلیف دو اور ان پر زیادتی کرو اور جو ایسا کرے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا اور خدا کے احکام کو ہنسی (اور کھیل) نہ بناؤ اور خدا نے تم کو جو نعمتیں بخشی ہیں اور تم پر جو کتاب اور دانائی کی باتیں نازل کی ہیں، جن سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے، ان کو یاد کرو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ خدا ہر چیز سے واقف ہے (231) اور جب تم عورتوں کو طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو ان کو دوسرے شوہروں کے ساتھ، جب وہ آپس میں جائز طور پر راضی ہو جائیں، نکاح کرنے سے مت روکو۔ اس (حکم) سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے، جو تم میں خدا اور روز آخرت پر یقین رکھتا ہے۔ یہ تمہارے لئے نہایت خوب اور پاکیزگی کی بات ہے اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (232)

حوالہ جات:

بقرہ:236، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھیے

بقرہ:229 طلاق: 2

مشکل الفاظ کے معانی:

دانش: عقل، علم

عدت: مخصوص دورانیہ

1۔ حسن سلوک: اچھا رویہ 2۔ بطریق شائستہ: اچھے انداز میں

دانائی: عقل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ
بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ
اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْۤا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا
سَلَّمْتُمْ مَّاۤ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (233) وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا
يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (234) وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْۤ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ
اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّاۤ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى
يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْۤ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ (235) ع

اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دوسال دودھ پلائیں۔ یہ (حکم) اس شخص کے لئے ہے، جو پوری مدت تک دودھ پلوانا چاہے۔ اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمے ہوگا۔ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی (تو یاد رکھو کہ) نہ تو ماں کو اس کے بچے کے سبب نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کی اولاد کی وجہ سے نقصان پہنچایا جائے اور اسی طرح (نان نفقہ) بچے کے وارث کے ذمے ہے۔ اگر دونوں (یعنی ماں باپ) آپس کی رضا مندی اور صلاح سے بچے کا دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں، اور اگر تم اپنی اولاد کو دودھ پلوانا چاہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ تم دودھ پلانے والیوں کو دستور کے مطابق ان کا حق، جو تم نے دینا کیا تھا دے دو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ جو کچھ تم کرتے ہو، خدا اس کو دیکھ رہا ہے (233) اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں تو عورتیں چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں، اور جب (یہ) عدت پوری کر چکیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کر لیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں اور خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے (234) اگر تم کنائے کی باتوں میں عورتوں کو نکاح کا پیغام بھیجو یا (نکاح کی خواہش کو) اپنے دلوں میں مخفی رکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ خدا کو معلوم ہے کہ تم ان سے (نکاح کا) ذکر کرو گے۔ (مگر ایام عدت میں) اس کے سوا کہ دستور کے مطابق کوئی بات کہہ دو پوشیدہ طور پر ان سے قول وقرار نہ کرنا، اور جب تک عدت پوری نہ ہو لے نکاح کا پختہ ارادہ نہ کرنا، اور جان رکھو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خدا کو سب معلوم ہے، تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ خدا بخشنے والا اور علم والا ہے (235)

مشکل الفاظ کے معانی:
- دستور: رسم ورواج، آئین
- کے سبب: کی وجہ سے
- نان نفقہ: دیگر اخراجات
- صلاح: مشورہ
- کنائے: اشارۃً
- مخفی: چھپانا
- پوشیدہ: چھپ کر
- قول وقرار: عہد وپیما، وعدے وغیرہ

حوالہ جات:
- لقمٰن:14 احقاف:15 طلاق:6
- بقرہ:240

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ
وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿236﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ
فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ
لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿237﴾ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۚ
وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿238﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿239﴾
وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿240﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى
الْمُتَّقِيْنَ ﴿241﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿242﴾

اگر تم عورتوں کو ان کے پاس جانے یا ان کا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ ہاں ان کو
دستور کے مطابق کچھ خرچ ضرور دو (یعنی) مقدور والا اپنے مقدور کے مطابق دے اور تنگدست اپنی حیثیت
کے مطابق۔ نیک لوگوں پر یہ ایک طرح کا حق ہے (236) اور اگر تم عورتوں کو ان کے پاس جانے سے پہلے
طلاق دے دو لیکن مہر مقرر کر چکے ہو تو آدھا مہر دینا ہوگا۔ ہاں اگر عورتیں مہر بخش دیں یا مرد، جن کے ہاتھ میں
عقد نکاح ہے، (اپنا حق) چھوڑ دیں (اور پورا پورا مہر دے دیں تو ان کو اختیار ہے) اور اگر تم مرد لوگ ہی اپنا
حق چھوڑ دو تو یہ پرہیز گاری کی بات ہے اور آپس میں بھلائی کرنے کو فراموش نہ کرنا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا
تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے (237) (مومنو!) سب نمازیں خصوصاً بیچ کی نماز (یعنی نماز عصر) پورے التزام
کے ساتھ ادا کرتے رہو، اور خدا کے آگے ادب سے کھڑے رہا کرو (238) اگر تم خوف کی حالت میں ہو تو پیادے یا
سوار (جس حال میں ہو نماز پڑھ لو) پھر جب امن (واطمینان) ہو تو جس طریق سے خدا نے تم کو سکھا دیا ہے،
جو تم پہلے نہیں جانتے تھے، خدا کو یاد کرو (239) اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں وہ اپنی
عورتوں کے حق میں وصیت کر جائیں کہ ان کو ایک سال تک خرچ دیا جائے اور گھر سے نہ نکالی جائیں ہاں اگر
وہ خود گھر سے نکل جائیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کر لیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں، اور خدا
زبردست حکمت والا ہے (240) اور مطلقہ عورتوں کو بھی دستور کے مطابق نان ونفقہ دینا چاہیئے۔ پرہیز گاروں
پر (یہ بھی) حق ہے (241) اسی طرح خدا اپنے احکام تمہارے لئے بیان فرماتا ہے، تاکہ تم سمجھو (242)

مباشرت کرنا

1۔صاحب حیثیت 2۔غریب

گانٹھ، گرہ

لازم کرنا

پیدل

1۔جنگ کا متضاد 2۔سکون

سفر یا موت سے پہلے کی تحریر

1۔طلاق یافتہ 2۔رسم ورواج
3۔دیگر اخراجات

نساء:101، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَلَمْ تَرَاِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۠ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۠ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ
فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿243﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿244﴾ مَنْ
ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿245﴾ اَلَمْ تَرَاِلَى
الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ
عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا
وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿246﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ
بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ
قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿247﴾

بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا، جو (شمار میں) ہزاروں ہی تھے اور موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل
بھاگے تھے تو خدا نے ان کو حکم دیا کہ مر جاؤ۔ پھر ان کو زندہ بھی کر دیا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا لوگوں پر مہربانی رکھتا
ہے، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے (243) اور (مسلمانو!) خدا کی راہ میں جہاد کرو اور جان رکھو کہ خدا
(سب کچھ) سنتا (اور سب کچھ) جانتا ہے (244) کوئی ہے کہ خدا کو قرض حسنہ دے کہ وہ اس کے
بدلے اس کو کئی حصے زیادہ دے گا؟ اور خدا ہی روزی کو تنگ کرتا اور (وہی اسے) کشادہ کرتا ہے، اور تم اسی
کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (245) بھلا تم نے اولادِ اسرائیل کی ایک جماعت کو نہیں دیکھا، جس نے موسیٰؑ کے
بعد اپنے پیغمبرؑ سے کہا کہ آپ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں، تا کہ ہم خدا کی راہ میں جہاد کریں۔ پیغمبرؑ
نے کہا کہ اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جائے تو عجب نہیں کہ لڑنے سے پہلو تہی کرو۔ وہ کہنے لگے کہ ہم راہ خدا میں
کیوں نہ لڑیں گے، جبکہ ہم وطن سے (خارج) اور بال بچوں سے جُدا کر دیئے گئے۔ لیکن جب ان کو جہاد کا حکم
دیا گیا تو چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے، اور خدا ظالموں سے خوب واقف ہے (246) اور پیغمبرؑ نے ان
سے (یہ بھی) کہا کہ خدا نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا ہے۔ وہ بولے کہ اسے ہم پر بادشاہی کا حق کیونکر
ہوسکتا ہے، بادشاہی کے مستحق تو ہم ہیں اور اس کے پاس بہت سی دولت بھی نہیں۔ پیغمبرؑ نے کہا کہ خدا نے
اس کو تم پر (بادشاہی کیلئے) منتخب فرمایا ہے[1]، اس نے اسے علم بھی بہت سا بخشا ہے اور تن و توش[2] بھی (بڑا عطا
کیا ہے) اور خدا (کو اختیار ہے) جسے چاہے بادشاہی بخشے۔ وہ بڑا کشائش[1] والا اور دانا[2] ہے (247)

مشکل الفاظ کے معانی:

- شمار: گنتی
- قرض حسنہ: بلاسود قرض
- کشادہ: کھلی، زیادہ
- پہلو تہی کرو: کترانا، ٹال مٹول کرنا
- وطن: ملک
- پھر گئے: مُکر گئے
- مستحق: حقدار، اہل
- منتخب فرمایا / تن و توش: 1۔ چُن لیا 2۔ جسامت
- کشائش / دانا: 1۔ فراخی، کشادگی 2۔ عقلمند

حوالہ جات:

- بقرہ: 261 تا 265

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ
الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿248﴾ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ
شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا
جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ
قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿249﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا
وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿250﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ
وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ ﴿251﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿252﴾

اور پیغمبرؑ نے ان سے کہا کہ ان کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آئے گا، جس کو فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے تسلی (بخشنے والی چیز) ہوگی، اور کچھ اور چیزیں بھی ہوں گی جو موسیٰؑ اور ہارونؑ چھوڑ گئے تھے۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو تو یہ تمہارے لئے ایک بڑی نشانی ہے (248) غرض جب طالوت فوجیں لے کر روانہ ہوا تو اس نے (ان سے) کہا کہ خدا ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے، جو شخص اس میں سے پانی پی لے گا (اس کی نسبت[1] تصور[2] کیا جائے گا کہ) وہ میرا نہیں[3] اور جو نہ پیئے گا وہ (سمجھا جائے گا کہ) میرا ہے۔ ہاں اگر کوئی ہاتھ سے چلو بھر پانی لے لے (تو خیر، جب وہ لوگ نہر پر پہنچے) تو چند شخصوں کے سوا سب نے پانی پی لیا۔ پھر جب طالوت اور مومن لوگ، جو اس کے ساتھ تھے، نہر کے پار ہو گئے تو کہنے لگے کہ آج ہم میں جالوت اور اس کے لشکر سے مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔ جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ ان کو خدا کے رُوبرو[1] حاضر ہونا ہے (یعنی صاحب علم وایمان)، وہ کہنے لگے کہ بسا اوقات[2] تھوڑی سی جماعت نے خدا کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کی ہے، اور خدا استقلال رکھنے والوں کے ساتھ ہے (249) اور جب وہ لوگ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابل[1] میں آئے تو (خدا سے) دعا کی کہ اے پروردگار! ہم پر صبر کے دہانے[2] کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتح یاب کر (250) تو طالوت کی فوج نے خدا کے حکم سے ان کو ہزیمت دی اور داؤدؑ نے جالوت کو قتل کر ڈالا اور خدا نے اس کو بادشاہی اور دانائی بخشی اور جو کچھ چاہا سکھایا، اور خدا لوگوں کو ایک دوسرے (پر چڑھائی اور حملہ کرنے) سے ہٹاتا نہ رہتا تو ملک تباہ ہو جاتا، لیکن خدا اہل عالم پر بڑا مہربان ہے (251)
یہ خدا کی آیتیں ہیں، جو ہم تم کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں (اور اے محمدؐ) تم بلاشبہ پیغمبروںؑ میں سے ہو (252)

مشکل الفاظ کے معانی:

- صندوق: باکس
- تسلی: یقین
- 1۔ کے بارے میں 2۔ خیال 3۔ ساتھی نہیں
- چلو بھر: تھوڑا سا، ذرا سا
- 1۔ آمنے سامنے 2۔ اکثر
- استقلال: قیام، مضبوطی
- 1۔ مقابلے میں 2۔ منہ، سمندر
- ثابت قدم: مضبوط، مستقل
- ہزیمت: شکست

حوالہ جات: روم:56

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا
فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۟ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ (253) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا
مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (254) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَىُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَىْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ
حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ (255) لَاۤ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَىِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ
فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (256)

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
1۔گاہے گاہے 2۔برتری	یہ پیغمبرؑ (جو ہم وقتاً فوقتاً بھیجتے رہے ہیں) ان میں سے ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ بعض ایسے ہیں	بقرہ:213
کاموں میں	جن سے خدا نے گفتگو فرمائی اور بعض کے (دوسرے امور میں) مرتبے بلند کئے اور عیسیٰؑ بن مریمؑ کو ہم نے	
پاک رُوح مُراد جبرائیلؑ	کھلی ہوئی نشانیاں عطا کیں اور روح القدسؑ سے ان کو مدد دی۔ اور اگر خدا چاہتا تو ان سے پچھلے لوگ اپنے پاس	
فرقہ بندی کی	کھلی نشانیاں آنے کے بعد آپس میں نہ لڑتے۔ لیکن انہوں نے اختلاف کیا تو ان میں سے بعض تو ایمان لے	
آپس میں	آئے اور بعض کافر ہی رہے۔ اور اگر خدا چاہتا تو یہ لوگ باہم جنگ وقتال نہ کرتے۔ لیکن خدا جو چاہتا ہے کرتا	
	ہے (253) اے ایمان والو! جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس دن کے آنے سے پہلے خرچ کرلو،	
	جس میں نہ (اعمال کا) سودا ہو اور نہ دوستی اور سفارش ہو سکے۔ اور کفر کرنے والے لوگ ظالم ہیں (254)	عمران:10،انعام:70
1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔اللہ کا حکم ماننا	خدا (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ زندہ ہمیشہ رہنے والا۔ اسے نہ اُونگھ آتی ہے	
	نہ نیند۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس	
	سے (کسی کی) سفارش کر سکے۔ جو کچھ لوگوں کے رُوبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب	
1۔رسائی،پہنچ 2۔جتنا	معلوم ہے۔ اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے۔ ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اسی	
گھیرنا،چھانا	قدر معلوم کرا دیتا ہے) اسکی بادشاہی (اور علم) آسمان اور زمین سب پر حاوی ہے اور اسے ان کی حفاظت کچھ	
1۔مشکل 2۔بلند 3۔بڑا،بزرگ،شان والا	بھی دشوار نہیں۔ وہ بڑا عالی رُتبہ اور جلیل القدر ہے (255) دین (اسلام) میں زبردستی نہیں ہے۔	
عقیدہ،یقین،ایمان	ہدایت (صاف طور پر ظاہر اور) گمراہی سے الگ ہو چکی ہے۔ تو جو شخص بُتوں سے اعتقاد نہ رکھے اور خدا پر ایمان لائے	عمران:7
	اس نے ایسی مضبوط رسی ہاتھ میں پکڑ لی ہے، جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں اور خدا (سب کچھ) سنتا اور جانتا ہے (256)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۥ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿257﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَاۗجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ

اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ

بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿258﴾ اَوْ

كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰي قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰي عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ

بَعَثَهٗ ۭ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۭ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ

يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۭ فَلَمَّا

تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿259﴾

جو لوگ ایمان لائے ہیں، ان کا دوست خدا ہے کہ ان کو اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے۔ اور جو کافر ہیں، ان کے دوست شیطان ہیں کہ ان کو روشنی سے نکال کر اندھیرے میں لے جاتے ہیں۔ یہی لوگ اہل دوزخ ہیں کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (257) بھلا تم نے اس شخص کو نہیں دیکھا جو اس (غرور کے) سبب سے کہ خدا نے اس کو سلطنت بخشی تھی، ابراہیمؑ سے پروردگار کے بارے میں جھگڑنے لگا۔ جب ابراہیمؑ نے کہا، میرا پروردگار تو وہ ہے، جو جلاتا اور مارتا ہے۔ وہ بولا کہ جلا اور مار تو میں بھی سکتا ہوں۔ ابراہیمؑ نے کہا کہ خدا تو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے، آپ اسے مغرب سے نکال دیجئے۔ (یہ سن کر) کافر حیران رہ گیا اور خدا بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (258) یا اسی طرح اس شخص کو (نہیں دیکھا)، جسے ایک گاؤں میں جو اپنی چھتوں پر گرا پڑا تھا، اتفاق سے گزر ہوا[1] تو اس نے کہا کہ خدا اس (کے باشندوں)[2] کو مرنے کے بعد کیونکر[3] زندہ کرے گا تو خدا نے اس کی روح قبض کرلی (اور) سو برس تک (اس کو مُردہ رکھا) پھر اس کو جلا اٹھایا اور پوچھا تم کتنا عرصہ (مرے) رہے ہو؟ اس نے جواب دیا کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ خدا نے فرمایا (نہیں) بلکہ سو برس (مرے) رہے ہو اور اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ (اتنی مدت میں مطلق[1] سڑی بھُسی[2] نہیں اور اپنے گدھے کو دیکھو (جو مرا پڑا ہے) غرض (ان باتوں سے) یہ ہے کہ ہم تم کو لوگوں کے لئے (اپنی قدرت کی) نشانی بنائیں اور (ہاں گدھے کی) ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم ان کو کیونکر جوڑے دیتے اور ان پر (کس طرح) گوشت پوست چڑھا دیتے ہیں۔ جب یہ واقعات اس کے مشاہدے میں آئے تو بول اٹھا کہ میں یقین کرتا ہوں کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے (259)

مشکل الفاظ کے معانی

- کی وجہ سے
- بادشاہی
- زندگی دینا
- اُلٹا ہوا
- 1۔گزرنے کا موقع ملا 2۔رہنے والے لوگ 3۔کیسے
- زندگی دی
- 1۔بالکل بھی 2۔جلنا اور خراب ہونا
- گوشت اور کھال
- تجربے، دیکھنے

حوالہ جات

ناس:6

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ
اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ
اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿260﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ
كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿261﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿262﴾ قَوْلٌ
مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿263﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ
بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ
تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿264﴾

اور جب ابراہیمؑ نے (خدا سے) کہا کہ اے پروردگار! مجھے دکھا کہ تُو مُردوں کو کیونکر زندہ کرے گا۔ خدا نے فرمایا
کیا تم نے (اس بات کو) باور نہیں کیا؟ انہوں نے کہا! کیوں نہیں؟ لیکن (میں دیکھنا) اس لئے (چاہتا ہوں) کہ
میرا دل اطمینان کامل حاصل کرلے۔ خدا نے فرمایا کہ چار جانور پکڑوا کر اپنے پاس منگالو (اور ٹکڑے ٹکڑے کرادو)
پھر ان کا ایک ایک ٹکڑا ہر ایک پہاڑ پر رکھوا دو پھر ان کو بلاؤ تو وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئیں گے۔ اور جان
رکھو کہ خدا غالب اور صاحب حکمت ہے (260) جو لوگ اپنا مال خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان (کے مال)
کی مثال اس دانے کی سی ہے، جس سے سات بالیں اُگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں۔ اور خدا جس
(کے مال) کو چاہتا ہے زیادہ کرتا ہے۔ وہ بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے (261) جو لوگ اپنا
مال خدا کے رستے میں صرف کرتے ہیں۔ پھر اس کے بعد نہ اس خرچ کا (کسی پر) احسان رکھتے ہیں اور نہ (کسی
کو) تکلیف دیتے ہیں۔ ان کا صلہ ان کے پروردگار کے پاس تیار ہے اور (قیامت کے روز) نہ ان کو کچھ خوف ہو
گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (262) جس خیرات دینے کے بعد (لینے والے کو) ایذا دی جائے، اس سے تو نرم
بات کہہ دینی اور (اس کی دل آزاری سے) درگزر کرنا بہتر ہے اور خدا بے پروا (اور) بردبار ہے (263) مومنو!
اپنے صدقات (وخیرات) احسان رکھنے اور ایذا دینے سے اس شخص کی طرح برباد نہ کردینا جو لوگوں کو دکھاوے
کے لئے مال خرچ کرتا ہے اور خدا اور روز آخرت پر ایمان نہیں رکھتا تو اس (کے مال) کی مثال اس چٹان کی سی
ہے، جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اسے صاف کر ڈالے، (اسی طرح) یہ (ریاکار)
لوگ اپنے اعمال کا کچھ بھی صلہ حاصل نہیں کرسکیں گے اور خدا ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (264)

مشکل الفاظ کے معانی:
- کس طرح، کیسے
- یقین
- 1۔تسلی 2۔مکمل، پورا
- طاقت والا
- سِٹّے
- کھلا پن
- خرچ
- 1۔افسردہ 2۔تکلیف
- 1۔دل دُکھانا 2۔صابر
- تکلیف
- دکھاوا، مکر کرنے والے
- بدلا

حوالہ جات:
- لیل: 17 تا 21، ضحیٰ: 10

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ	حوالہ جات

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ
اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿265﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ
نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖۚ
فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿266﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ
بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۗ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿267﴾ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ
وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿268﴾ ۖۙ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ
اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿269﴾

اور جو لوگ خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اور خلوص نیت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں، ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے، جو اونچی جگہ پر واقع ہو (جب) اس پر مینہ پڑے تو دُگنا پھل لائے، اور اگر مینہ نہ بھی پڑے تو خیر پھوار ہی سہی اور خدا تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے (265) بھلا تم میں کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو، جس میں نہریں بہہ رہی ہوں اور اس میں اس کے لئے ہر قسم کے میوے موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پکڑے اور اس کے ننھے ننھے بچے بھی ہوں تو (ناگہاں) اس باغ پر آگ کا بھرا ہوا بگولا چلے اور وہ جل جائے۔ اس طرح خدا تم سے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے، تاکہ تم سوچو (266) مومنو! جو پاکیزہ اور عمدہ مال تم کماتے ہو اور جو چیزیں ہم تمہارے لئے زمین سے نکالتے ہیں، ان میں سے (راہ خدا میں) خرچ کرو اور بُری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا کہ (اگر وہ چیزیں تمہیں دی جائیں تو) بجز اس کے کہ (لیتے وقت) آنکھیں بند کرلو، ان کو کبھی نہ لو۔ اور جان رکھو کہ خدا بے پروا (اور) قابل ستائش ہے (267) شیطان (کا کہا نہ ماننا، وہ) تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا اور بے حیائی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور خدا تم سے اپنی بخشش اور رحمت کا وعدہ کرتا ہے اور خدا بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے (268) وہ جس کو چاہتا ہے دانائی بخشتا ہے اور جس کو دانائی ملی، بیشک اس کو بڑی نعمت ملی، اور نصیحت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں، جو عقلمند ہیں (269)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔رضامندی 2۔نیک نیتی
- 1۔بارش 2۔دوگنا 3۔فروٹ
- ننھی بوندیں
- 1۔فروٹ وغیرہ 2۔اچانک
- ہوا کا چکر
- ارادہ
- سوائے
- تعریف
- غربت
- 1۔کھلاپن 2۔عقل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿270﴾ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا
هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿271﴾
لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ
اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿272﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ
اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿273﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿274﴾

اورتم (خدا کی راہ میں) جس طرح کا خرچ کرویا کوئی نذر مانو، خدا اس کو جانتا ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں (270) اگر تم خیرات ظاہر دو تو وہ بھی خوب ہے، اور اگر پوشیدہ دو اور دو بھی اہل حاجت کو تو وہ خوب تر ہے اور (اس طرح کا دینا) تمہارے گناہوں کو بھی دُور کر دے گا۔ اور خدا کو تمہارے سب کاموں کی خبر ہے (271) (اے محمدؐ) تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو، بلکہ خدا ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے۔ اور (مومنو!) تم جو مال خرچ کرو گے تو اس کا فائدہ تمہیں کو ہے، اور تم تو جو خرچ کرو گے، خدا کی خوشنودی کے لئے کرو گے، اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دیا جائے گا اور تمہارا کچھ نقصان نہیں کیا جائے گا (272) (اور ہاں تم جو خرچ کرو گے تو) ان حاجت مندوں کے لئے، جو خدا کی راہ میں رُکے بیٹھے ہیں اور مُلک میں کسی طرف جانے کی طاقت نہیں رکھتے (اور مانگنے سے عار رکھتے ہیں) یہاں تک کہ نہ مانگنے کی وجہ سے ناواقف شخص ان کو غنی خیال کرتا ہے اور تم قیافے سے ان کو صاف پہچان لو (کہ حاجت مند ہیں اور شرم کے سبب) لوگوں سے (منہ پھوڑ کر اور) لپٹ کر نہیں مانگ سکتے اور تم جو خرچ کرو گے، کچھ شک نہیں کہ خدا اس کو جانتا ہے (273) جو لوگ اپنا مال رات اور دن اور پوشیدہ اور ظاہر (راہ خدا میں) خرچ کرتے رہتے ہیں، ان کا صلہ پروردگار کے پاس ہے اور ان کو (قیامت کے دن) نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ غم (274)

مشکل الفاظ کے معانی:

- نذر: نیاز
- پوشیدہ / اہل حاجت: 1۔چھپ کر 2۔ضرورت مند
- خوشنودی: خوشی، رضامندی
- حاجت مندوں: محتاج، ضرورت والا
- عار: شرم، غیرت، بوجھ
- غنی / قیافے: 1۔دولت مند 2۔اندازے سے
- منہ پھوڑ کر / لپٹ کر: 1۔آواز دے کر 2۔چمٹ کر
- صلہ: بدلا

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِىْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ
مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ
وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿275﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ
كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿276﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا
خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿277﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِىَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿278﴾
فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿279﴾
وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿280﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ
اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿281﴾ ع

جولوگ سُود کھاتے ہیں وہ (قبروں سے) اس طرح (حواس باختہ) اٹھیں گے، جیسے کسی کو جن نے لپٹ کر دیوانہ[1] بنا دیا ہو۔ یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ سودا[2] بیچنا بھی (نفع کے لحاظ سے) ویسا ہی ہے، جیسے سُود (لینا) حالانکہ سودے کو خدا نے حلال کیا ہے اور سُود کو حرام تو جس شخص کے پاس خدا کی نصیحت پہنچی اور وہ (سُود لینے سے) باز آ گیا[1] تو جو پہلے ہو چکا وہ اس کا۔ اور (قیامت میں) اس کا معاملہ[2] خدا کے سپرد،[3] اور جو پھر لینے لگا تو ایسے لوگ دوزخی ہیں کہ ہمیشہ دوزخ میں جلتے رہیں گے (275) خدا سُود کو نابود (یعنی بے برکت) کرتا اور خیرات (کی برکت) کو بڑھاتا ہے۔ اور خدا کسی ناشکرے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا (276) جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کو ان کے کاموں کا صلہ خدا کے ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (277) مومنو! خدا سے ڈرو اور اگر ایمان رکھتے ہو تو جتنا سُود باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑ دو (278) اگر ایسا نہ کرو گے تو خبردار ہو جاؤ (کہ تم) خدا اور رسولؐ سے جنگ کرنے کے لئے (تیار کھڑے ہو) اور اگر توبہ کرلو گے (اور سُود چھوڑ دو گے) تو تم کو اپنی اصل رقم لینے کا حق ہے، جس میں نہ اوروں کا نقصان اور نہ تمہارا نقصان (279) اور اگر قرض لینے والا تنگدست[1] ہو تو (اسے) کشائش[2] (کے حاصل ہونے) تک مہلت (دو) اور اگر (زر[3] قرض) بخش ہی دو تو تمہارے لئے زیادہ اچھا ہے، بشرطیکہ سمجھو (280) اور اس دن سے ڈرو جبکہ تم خدا کے حضور میں لوٹ کر جاؤ گے۔ اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلا پائے گا اور کسی کا کچھ نقصان نہ ہوگا (281)

- گھبرایا ہوا
- 1۔ پاگل 2۔ سامان وغیرہ
- 1۔ رُک گیا 2۔ کام، جھگڑا 3۔ حوالے
- ختم
- اللہ کے لئے خرچ
- بدلا
- پریشان
- ہوشیار
- دوسروں
- 1۔ نادار، غریب 2۔ فراخی 3۔ رقم

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ ۢ بِالْعَدْلِ ۚ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ
اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ
الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ
رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰٮهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰٮهُمَا
الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْئَمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ
وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ
وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۚ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌ ۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿282﴾

مومنو! جب تم آپس میں کسی میعاد معین[1] کے لئے قرض کا معاملہ[2] کرنے لگو تو اس کو لکھ لیا کرو اور لکھنے والا تم میں (کسی کا نقصان نہ کرے، بلکہ) انصاف سے لکھے۔ نیز لکھنے والا، جیسا اسے خدا نے سکھایا ہے، لکھنے سے انکار بھی نہ کرے اور دستاویز لکھ دے اور جو شخص قرض لے، وہی (دستاویز کا) مضمون بول کر لکھوائے اور خدا سے کہ اس کا مالک ہے خوف کرے اور زر[1] قرض میں سے کچھ کم نہ لکھوائے۔ اور اگر قرض لینے والا بے عقل یا ضعیف[2] ہو یا مضمون لکھوانے کی قابلیت نہ رکھتا ہو تو جو اس کا ولی[1] ہو وہ انصاف کے ساتھ مضمون لکھوائے۔ اور اپنے میں سے دو مردوں کو (لین دین[2] کے) گواہ کر لیا کرو۔ اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں، جن کو تم گواہ پسند کرو (کافی ہیں) کہ اگر ان میں سے ایک بھول جائے گی تو دوسری اسے یاد دلا دے گی۔ اور جب گواہ (گواہی کے لئے) طلب کئے جائیں تو انکار نہ کریں۔ اور قرض تھوڑا ہو یا بہت اس (کی دستاویز) کے لکھنے لکھانے میں کاہلی نہ کرنا۔ یہ بات خدا کے نزدیک نہایت قرین[1] انصاف ہے اور شہادت[2] کے لئے بھی یہ بہت درست طریقہ ہے۔ اس سے تمہیں کسی طرح کا شک و شبہ بھی نہیں پڑے گا۔ ہاں اگر سودا دست بدست ہو جو تم آپس میں لیتے دیتے ہو تو اگر (ایسے لین دین کی) دستاویز نہ لکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اور جب خرید و فروخت کیا کرو تو بھی گواہ کر لیا کرو۔ اور کاتب دستاویز اور گواہ (لین دین کرنے والوں کا) کسی طرح کا نقصان نہ کریں۔ اگر تم (لوگ) ایسا کرو تو یہ تمہارے لئے گناہ کی بات ہے۔ اور خدا سے ڈرو اور (دیکھو کہ) وہ تم کو (کیسی مفید باتیں) سکھاتا ہے اور خدا ہر چیز سے واقف ہے (282)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔مقررہ وقت 2۔باہمی کام
- مزید، اور
- سند، تحریر
- 1۔رقم 2۔بوڑھا
- 1۔سرپرست 2۔لینا اور دینا
- بلائے جائیں
- سُستی
- 1۔قریب 2۔گواہی
- ہاتھوں ہاتھ
- لکھنے والا
- فائدہ والی

مشکل الفاظ کے معانی | حوالہ جات

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ
وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿283﴾ لِلّٰهِ مَا فِى
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِىْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ
مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿284﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿285﴾
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟
وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰٮنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿286﴾

اور اگر تم سفر پر ہو اور (دستاویز) لکھنے والا مل نہ سکے تو (کوئی چیز) رہن یا قبضہ رکھ کر (قرض لے لو) اور اگر کوئی کسی کو امین سمجھے (اور رہن کے بغیر قرض دے دے) تو امانتدار کو چاہیئے کہ صاحب امانت کی امانت ادا کر دے اور خدا سے، جو اس کا پروردگار ہے' ڈرے۔ اور (دیکھنا) شہادت کو مت چھپانا، جو اس کو چھپائے گا وہ دل کا گنہگار ہوگا۔ اور خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے (283) جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، سب خدا ہی کا ہے۔ اور تم اپنے دلوں کی بات کو ظاہر کرو گے تو یا چھپاؤ گے تو خدا تم سے اس کا حساب لے گا۔ پھر وہ جسے چاہے مغفرت کرے اور جسے چاہے عذاب دے۔ اور خدا ہر چیز پر قادر ہے۔ (284) رسولؐ (خدا) اس کتاب پر، جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی، ایمان رکھتے ہیں اور مومن بھی۔ سب خدا پر اور اس کے فرشتوںؑ پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروںؑ پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم اس کے پیغمبروںؑ سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے۔ اور وہ (خدا سے) عرض کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا، اے پروردگار! ہم تیری ہی بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے (285) خدا کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا اچھے کام کرے گا تو اس کو ان کا فائدہ ملے گا۔ بُرے کرے گا تو اسے ان کا نقصان پہنچے گا۔ اے پروردگار! اگر ہم سے بُھول یا چُوک ہو گئی ہو تو ہم سے مواخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو، جیسا تُو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، اتنا ہمارے سر پر نہ رکھیو اور (اے پروردگار!) ہمارے گناہوں سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تُو ہی ہمارا مالک ہے اور ہم کو کافروں پر غالب فرما (286)

مشکل الفاظ کے معانی:
- دستاویز، رہن: 1۔سند،تحریر 2۔گروی
- امین: امانت دار
- پروردگار: پالنے والا
- قادر: طاقت،صلاحیت رکھنا
- مواخذہ، بوجھ: 1۔جواب طلبی 2۔وزن
- رکھیو: رکھنا
- درگزر، غالب: 1۔معاف کرنا،چشم پوشی 2۔فاتح ہونا

حوالہ جات: عمران:84،نساء:152

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

الٓمّٓ ⓵ اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ⓶ نَـزَّلَ عَـلَیْكَ الْـكِتٰـبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰۃَ
وَالْاِنْجِیْلَ ⓷ مِـنْ قَبْلُ ھُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ اِنَّ الَّـذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ وَاللّٰہُ
عَـزِیْزٌ ذُوانْتِقَامٍ ⓸ اِنَّ الـلّٰـہَ لَا یَـخْفٰى عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ⓹ ھُـوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی
الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ⓺ ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْہُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ
ھُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِہٰتٌ فَـاَمَّـا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِھِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَہَ مِنْہُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَۃِ وَابْتِغَآءَ
تَاْوِیْلِہٖ وَمَـا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَہٗٓ اِلَّا اللّٰہُ وَالـرّٰسِـخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِہٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّآ
اُولُوا الْاَلْبَابِ ⓻ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَۃً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ⓼

ترجمہ سورت آل عمران

الم (1) خدا (جو معبود برحق ہے) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ زندہ ہمیشہ رہنے والا (2)
اس نے (اے محمدؐ) تم پر سچی کتاب نازل کی، جو پہلی (آسمانی) کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اسی نے
تورات اور انجیل نازل کی (3) (یعنی) لوگوں کی ہدایت کے لئے پہلے (اور کتابیں اُتاریں) اور (پھر
آخر میں قرآن جو حق اور باطل کو) الگ الگ کر دینے والا (ہے) نازل کیا۔ جو لوگ خدا کی آیتوں سے
انکار کرتے ہیں ان کو سخت عذاب ہوگا۔ اور خدا زبردست (اور) بدلا لینے والا ہے (4) خدا (ایسا
خبیر وبصیر ہے کہ) کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں، نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (5) وہی تو ہے، جو جیسی
چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے۔ اس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (6) وہی تو
ہے، جس نے تم پر کتاب نازل کی، جس کی بعض آیتیں محکم ہیں اور وہی اصل کتاب ہیں اور بعض متشابہ
ہیں۔ تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہات کی اتباع کرتے ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اور
مُراد اصلی کا پتہ لگائیں، حالانکہ مُراد اصلی خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور جو لوگ علم میں دستگاہ کامل رکھتے
ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے۔ یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں اور نصیحت تو عقلمند
ہی قبول کرتے ہیں (7) اے پروردگار! جب تُو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں
کجی نہ پیدا کر دیجیو اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما، تُو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے (8)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔علاوہ 3۔اللہ کا حکم ماننا 4۔قابل

سچ اور جھوٹ

1۔خبر رکھنے اور دیکھنے والا، دانا 2۔چھپی ہوئی

1۔مضبوط 2۔شُبہ والی

1۔ٹیڑھاپن 2۔پیروی 3۔فساد

1۔اندر کی بات 2۔مکمل گرفت

1۔ٹیڑھاپن 2۔دینا

حوالہ جات:

متشابہ،عمران:7، بنی اسرائیل:36

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	مشکل الفاظ کے معانی

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ⑨ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ
اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ⑩ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ
اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑪ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ⑫ قَدْ كَانَ
لَكُمْ اٰيَةٌ فِىْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ
مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ⑬ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ
مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ⑭
قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ
وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ⑮

اے پروردگار! تُو اس روز، جس (کے آنے) میں کچھ بھی شک نہیں، سب لوگوں کو (اپنے حضور میں) جمع
کرلے گا۔ بیشک خدا خلاف وعدہ نہیں کرتا (9) جولوگ کافر ہوئے (اس دن) نہ تو ان کا مال ہی خدا (کے
عذاب) سے ان کو بچا سکے گا اور نہ ان کی اولاد ہی (کچھ کام آئے گی) اور یہ لوگ آتش (جہنم) کا ایندھن ہوں
گے (10) ان کا حال بھی فرعونیوں اور ان سے پہلے لوگوں کا سا ہوگا، جنہوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی
تھی تو خدا نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب عذاب میں پکڑ لیا تھا اور خدا سخت عذاب کرنے والا ہے (11)
(اے پیغمبرؐ) کافروں سے کہہ دو کہ تم (دنیا میں بھی) عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور (آخرت میں) جہنم کی
طرف ہانکے جاؤ گے اور وہ بُری جگہ ہے (12) تمہارے دو گروہوں میں جو (جنگ کے دن) آپس میں بھڑ گئے
(قدرت خدا کی عظیم الشان) نشانی تھی۔ ایک گروہ (مسلمانوں کا تھا وہ) خدا کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا
گروہ (کافروں کا تھا وہ) ان کو اپنی آنکھوں سے دُگنا مشاہدہ کر رہا تھا۔ اور خدا اپنی نصرت سے، جس کو چاہتا ہے
مدد دیتا ہے، جو اہلِ بصارت ہیں ان کے لئے اس (واقعے) میں بڑی عبرت ہے (13) لوگوں کو ان کی خواہشوں کی
چیزیں یعنی عورتیں اور بیٹے اور سونے چاندی کے بڑے بڑے ڈھیر اور نشان لگے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی بڑی
زینت دار معلوم ہوتی ہیں۔ (مگر) یہ سب دنیا ہی کی زندگی کے سامان ہیں، اور خدا کے پاس بہت اچھا ٹھکانا
ہے (14) (اے پیغمبرؐ! ان سے) کہو کہ بھلا میں تم کو ایسی چیز بتاؤں، جو ان چیزوں سے کہیں (زیادہ) اچھی ہو؟ (سنو)
جولوگ پرہیزگار ہیں، ان کے لئے خدا کے ہاں باغات (بہشت) ہیں، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ان میں وہ
ہمیشہ رہیں گے۔ اور پاکیزہ عورتیں ہیں، اور (سب سے بڑھ کر) خدا کی خوشنودی اور خدا بندوں کو دیکھ رہا ہے (15)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دربار، رُوبرو، سامنے
- 1۔آگ 2۔جلانے کے کام آنے والی اشیاء
- جھٹلایا، ان پر عمل نہ کیا
- کی وجہ سے
- 1۔جانوروں یا ریوڑ کو چلانا 2۔گروہوں 3۔لڑ پڑے
- بڑی عزت والی
- 1۔دوگنا دیکھ رہا تھا 2۔فتح
- 1۔عقل والے، دیکھنے والے 2۔نصیحت
- 1۔خوبصورت 2۔جگہ، مقام
- بہت زیادہ
- خوشی، رضامندی

حوالہ جات: نصر:1 تا 3

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (16) اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ
وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ (17) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا ۢ بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (18) اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ
الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (19) فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ
وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۭ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۭ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ
الْبَلٰغُ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ (20) اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ
بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (21) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ
نّٰصِرِيْنَ (22)

جو (لوگ) خدا سے التجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار! ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور — منت سماجت، عرض
دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ (16) یہ وہ لوگ ہیں جو (مشکلات میں) صبر کرتے اور سچ بولتے اور عبادت — اللہ کا حکم ماننا
میں لگے رہتے اور (راہ خدا میں) خرچ کرتے اور اوقات سحر میں گناہوں کی معافی مانگا کرتے ہیں (17) — سورج سامنے آنے سے پہلے کا وقت
خدا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور فرشتے اور علم والے لوگ جو انصاف پر — 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
قائم ہیں وہ بھی (گواہی دیتے ہیں کہ) اس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (18) — 1۔مضبوط کھڑے ہیں 2۔قابل
دین تو خدا کے نزدیک اسلام ہے۔ اور اہل کتاب نے جو (اس دین سے) اختلاف کیا تو علم حاصل ہونے
کے بعد آپس کی ضد سے کیا۔ اور جو شخص خدا کی آیتوں کو نہ مانے تو خدا جلد حساب لینے والا ہے (19)
(اے پیغمبرؐ!) اگر یہ لوگ تم سے جھگڑنے لگیں تو کہنا کہ میں اور میرے پیرو تو خدا کے فرمانبردار ہو چکے اور — پیچھے چلنے والے
اہل کتاب اور ان پڑھ لوگوں سے کہو کہ کیا تم بھی اسلام لاتے ہو؟ اگر یہ لوگ اسلام لے آئیں تو بیشک ہدایت
پالیں، اور اگر (تمہارا کہا) نہ مانیں تو تمہارا کام صرف خدا کا پیغام پہنچا دینا ہے۔ اور خدا (اپنے) بندوں کو
دیکھ رہا ہے (20) جو لوگ خدا کی آیتوں کو نہیں مانتے اور انبیاءؑ کو ناحق قتل کرتے ہیں اور جو انصاف — ظلم سے، زیادتی کرکے
(کرنے) کا حکم دیتے ہیں، انہیں بھی مار ڈالتے ہیں، ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خوشخبری سنادو (21) یہ
ایسے لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہیں اور ان کا کوئی مددگار نہیں (ہوگا) (22) — ضائع ہونا، تباہ ہونا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

اَلَمْ تَرَاِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿23﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۠ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿24﴾ فَكَيْفَ
اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿25﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى
الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿26﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ
مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿27﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ
مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿28﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ
صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿29﴾

بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (الٰہی) سے بہرہ دیا گیا اور وہ اس کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں، تاکہ وہ (ان کے تنازعات کا) ان میں فیصلہ کر دے تو ایک فریق ان میں سے کج ادائی کے ساتھ منہ پھیر لیتا ہے (23) یہ اس لئے کہ، یہ اس بات کے قائل ہیں کہ (دوزخ کی) آگ ہمیں چند روز کے سوا چھو ہی نہیں سکے گی۔ اور جو کچھ یہ دین کے بارے میں بہتان باندھتے رہے ہیں اس نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے (24) تو اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ان کو جمع کریں گے (یعنی) اس روز جس کے آنے میں کچھ بھی شک نہیں اور ہر نفس اپنے اعمال کا پورا پورا بدلا پائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا (25) کہو کہ اے خدا (اے) بادشاہی کے مالک تُو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے، اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے، ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے (اور) بیشک تُو ہر چیز پر قادر ہے (26) تُو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تُو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور تُو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تُو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے، اور تُو ہی جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق بخشتا ہے (27) مومنوں کو چاہئے کہ مومنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں، اور جو ایسا کرے گا، اس سے خدا کا کچھ (عہد) نہیں۔ ہاں اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرو (تو مضائقہ نہیں) اور خدا تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور خدا ہی کی طرف (تم کو) لوٹ کر جانا ہے (28) (اے پیغمبرؐ! لوگوں سے) کہہ دو کہ کوئی بات تم اپنے دلوں میں مخفی رکھو یا اسے ظاہر کرو، خدا اس کو جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، اس کو سب کی خبر ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (29)

مشکل الفاظ کے معانی:

- حصہ
- 1۔جھگڑے 2۔پارٹی 3۔دشمنی
- 1۔انکار کرنا 2۔یقین رکھتے ہیں
- 1۔علاوہ 2۔جھوٹا الزام
- جان، وجود
- 1۔رسوا 2۔فائدہ
- طاقت یا صلاحیت رکھنا
- بہت زیادہ روزی
- 1۔وعدہ 2۔شرارت 3۔شکل 4۔قباحت، برائی
- 1۔غصہ یا ناراضگی 2۔واپس
- چھپا کر

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚۛ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚۛ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًاۢ بَعِيْدًا ؕ
وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿30﴾ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿31﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ
اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿33﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿34﴾ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ
نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿35﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ
اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ
الرَّجِيْمِ ﴿36﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ
عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿37﴾

جس دن ہر شخص اپنے اعمال کی نیکی کو موجود پالے گا اور ان کی بُرائی کو بھی (دیکھ لے گا) تو آرزو کرے گا کہ
اے کاش! اس میں اور اس بُرائی میں دُور کی مسافت ہوجاتی، اور خدا تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے۔ اور
خدا اپنے بندوں پر نہایت مہربان ہے (30) (اے پیغمبرؐ! لوگوں سے) کہہ دو کہ اگر تم خدا کو دوست رکھتے ہو تو
میری پیروی کرو خدا بھی تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہوں کو معاف کر دے گا اور خدا بخشنے والا مہربان
ہے (31) کہہ دو کہ خدا اور اس کے رسولؐ کا حکم مانو، اور اگر نہ مانیں تو خدا بھی کافروں کو دوست نہیں
رکھتا (32) خدا نے آدمؑ اور نوحؑ اور خاندان ابراہیمؑ اور خاندان عمرانؑ کو تمام جہان کے لوگوں میں منتخب
فرمایا تھا (33) ان میں سے بعض بعض کی اولاد تھے۔ اور خدا سننے والا (اور) جاننے والا ہے (34) (وہ وقت
یاد کرنے کے لائق ہے) جب عمرانؑ کی بیوی نے کہا کہ اے پروردگار! جو (بچہ) میرے پیٹ میں ہے، میں
اس کو تیری نذر کرتی ہوں اسے دنیا کے کاموں سے آزاد رکھوں گی تُو (اسے) میری طرف سے قبول فرما تُو تو
سننے والا (اور) جاننے والا ہے (35) جب ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور جو کچھ ان کے ہاں پیدا ہوا تھا خدا کو
(پہلے سے) خوب معلوم تھا تو کہنے لگیں کہ پروردگار! میرے تو لڑکی ہوئی ہے، اور (نذر کے لئے)
لڑکا (موزوں تھا کہ وہ) لڑکی کی طرح نہیں ہوتا اور میں نے اس کا نام مریمؑ رکھا ہے اور میں اس کو اور اس کی
اولاد کو شیطان مرُدود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں (36) تو پروردگار نے اس کو پسندیدگی کے ساتھ قبول فرمایا
اور اسے اچھی طرح پرورش کیا اور زکریاؑ کو اس کا سرپرست بنایا۔ زکریاؑ جب بھی عبادت گاہ میں اس کے پاس جاتے
تو اس کے پاس کھانا پاتے۔ (یہ کیفیت دیکھ کر ایک دفعہ مریمؑ سے) پوچھنے لگے کہ مریمؑ یہ کھانا تمہارے پاس کہاں
سے آتا ہے وہ بولیں کہ خدا کے ہاں سے (آتا ہے) بیشک خدا جسے چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے (37)

مشکل الفاظ کے معانی:

- شدید خواہش
- 1۔افسوس کا کلمہ 2۔فاصلہ، سفر 3۔غصہ، ناراضگی
- بہت زیادہ
- پیچھے چلنا
- قابل
- تیرے لئے مخصوص کرتی ہوں
- منت، نیاز
- مناسب
- حفاظت
- 1۔ولی 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔جگہ، مقام
- حالت
- بہت زیادہ روزی

حوالہ جات:

زخرف:18

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿38﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ
قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا ۢ بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿39﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿40﴾
قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ
وَالْاِبْكَارِ ﴿41﴾ وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿42﴾ يٰمَرْيَمُ
اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ
اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿44﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ
يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ڰ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿45﴾

اس وقت زکریاؑ نے اپنے پروردگار سے دعا کی (اور) کہا کہ پروردگار! مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا
فرما، تُو بیشک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے (38) وہ ابھی عبادت گاہ میں کھڑے نماز ہی پڑھ رہے تھے
کہ فرشتوں نے آواز دی کہ (زکریاؑ) خدا تمہیں یحییٰؑ کی بشارت دیتا ہے، جو خدا کے کلمہ کی تصدیق
کریں گے اور سردار ہوں گے اور عورتوں سے رغبت نہ رکھنے والے اور (خدا کے) پیغمبرؑ (یعنی) نیکوکاروں
میں ہوں گے (39) زکریاؑ نے کہا اے پروردگار میرے ہاں لڑکا کیونکر پیدا ہوگا کہ میں تو بوڑھا ہو گیا ہوں
اور میری بیوی بانجھ ہے۔ خدا نے فرمایا! اسی طرح خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے (40) (زکریاؑ نے) کہا
کہ (میرے لئے) کوئی نشانی مقرر فرما۔ (خدا نے) فرمایا نشانی یہ ہے کہ تم لوگوں سے تین دن (رات)
اشارے کے سوا بات نہ کر سکو گے تو (ان دنوں میں) اپنے پروردگار کی کثرت سے یاد اور صبح و شام اس کی
تسبیح کرنا (41) اور جب فرشتوں نے (مریمؑ سے) کہا کہ مریمؑ خدا نے تم کو برگزیدہ کیا ہے اور پاک بنایا
ہے اور جہان کی عورتوں میں منتخب کیا ہے (42) مریمؑ اپنے پروردگار کی فرمانبرداری کرنا اور سجدہ کرنا اور
رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرنا (43) (اے محمدؐ) یہ باتیں اخبار غیب میں سے ہیں، جو ہم تمہارے
پاس بھیجتے ہیں اور جب وہ لوگ اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ مریمؑ کا سرپرست کون بنے، تو تم ان کے پاس نہیں
تھے اور نہ اس وقت ہی ان کے پاس تھے جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے (44) (اور) جب فرشتوں نے
(مریمؑ سے کہا) کہ مریمؑ خدا تم کو اپنی طرف سے ایک کلمہ کی بشارت دیتا ہے، جس کا نام مسیحؑ (اور مشہور)
عیسیٰؑ بن مریمؑ ہوگا (اور جو) دنیا اور آخرت میں باآبرو اور (خدا کے) خاصوں میں سے ہوگا (45)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔اپنی طرف سے 2۔نیک
- خوشخبری
- رجحان،شوق
- کیسے،کس طرح
- بچے نہ پیدا کرنے والی
- 1۔علاوہ 2۔زیادہ
- 1۔یاد 2۔بڑا ہونا،عزت ملنا
- 1۔چُن لینا 2۔حکم ماننا
- غائب کی خبریں
- 1۔عزت والا 2۔مخصوص لوگوں میں

حوالہ جات:

- مریم:10
- صافات:139تا141

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ (46) قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ط قَالَ
كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (47) وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ
وَالْاِنْجِيْلَ (48) وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۵ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ
فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ج وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ج وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا
تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (49) وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ
بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ قف فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (50) اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ط هٰذَا
صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (51) فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ط قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ
اللّٰهِ ج اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ج وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ (52) رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ (53)

اور ماں کی گود میں اور بڑی عمر کا ہو کر (دونوں حالتوں میں) لوگوں سے (یکساں) گفتگو کرے گا اور نیکو کاروں
میں ہوگا (46) مریمؑ نے کہا پروردگار! میرے ہاں بچہ کیونکر ہوگا کہ انسان نے مجھے ہاتھ تو لگایا نہیں؟ فرمایا کہ
خدا اسی طرح جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ جب وہ کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا
ہے (47) اور وہ انہیں لکھنا (پڑھنا) اور دانائی اور تورات اور انجیل سکھائے گا (48) اور (عیسیٰؑ) بنی اسرائیل
کی طرف پیغمبرؑ (ہو کر جائیں گے اور کہیں گے) کہ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لیکر آیا
ہوں، وہ یہ کہ تمہارے سامنے مٹی کی مورت[1] بہ شکل[2] پرندہ بناتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ خدا کے حکم
سے (سچ مچ) جانور ہو جاتا ہے اور اندھے اور ابرص کو تندرست کر دیتا ہوں اور خدا کے حکم سے مُردے میں جان
ڈال دیتا ہوں۔ اور جو کچھ تم کھا کر آتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کر رکھتے ہو، سب تم کو بتا دیتا ہوں۔ اگر تم
صاحب ایمان ہو تو ان باتوں میں تمہارے لئے (قدرت خدا کی) نشانی ہے (49) اور مجھ سے پہلے جو
تورات (نازل ہوئی) تھی، اس کی تصدیق بھی کرتا ہوں اور (میں) اس لئے بھی (آیا ہوں کہ) بعض (پاکیزہ)
چیزیں جو تم پر حرام تھیں، ان کو تمہارے لئے حلال کر دوں اور میں تو تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لیکر آیا
ہوں۔ تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو (50) کچھ شک نہیں کہ خدا ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت
کرو، یہی سیدھا رستہ[1] ہے (51) جب عیسیٰؑ نے ان کی طرف سے نافرمانی[2] دیکھی تو کہنے لگے کہ کوئی ہے جو خدا
کا طرف دار اور میرا مددگار رہو۔ حواری بولے کہ ہم خدا کے (طرف دار اور آپ کے) مددگار ہیں۔ ہم خدا پر ایمان
لائے اور آپ گواہ رہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں (52) اے پروردگار! جو (کتاب) تُو نے نازل فرمائی ہے ہم اس
پر ایمان لے آئے اور (تیرے) پیغمبرؑ کے متبع ہو چکے تُو ہم کو ماننے والوں میں لکھ رکھ (53)

مشکل الفاظ کے معانی:

- برابر، مساوی
- کیسے، کس طرح سے
- دانش، عقل
- 1۔شکل، پتلی 2۔کی طرح
- کوڑھ
- طاقت، صلاحیت
- اللہ کا حکم ماننا
- 1۔راستہ 2۔بات نہ ماننا
- حمایتی، ساتھی
- پیچھے چلنے والا، پیرو

حوالہ جات:

- مریم:30تا33
- عمران:93 نساء:160 انعام:146 مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿54﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ
فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿55﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ
نّٰصِرِيْنَ ﴿56﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿57﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ
عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿58﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ
كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿59﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿60﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ
فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ
اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿61﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿62﴾

اور وہ (یعنی مشرک لوگ ایک) چال چلے اور خدا بھی (پیغمبرؐ کے ساتھ ہو کر ایک) چال چلا اور خدا
خوب چال چلنے والا ہے (54) اس وقت خدا نے فرمایا کہ عیسیٰؑ میں تمہاری دنیا میں رہنے کی مدت پوری کر
کے تم کو اپنی طرف اٹھا لوں گا اور تمہیں کافروں (کی صحبت) سے پاک کر دوں گا اور جو لوگ تمہاری پیروی
کریں گے، ان کو کافروں پر قیامت تک فائق (وغالب) رکھوں گا۔ پھر تم سب میرے پاس لوٹ کر آؤ گے
تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے، اس دن تم میں ان کا فیصلہ کر دوں گا (55) یعنی جو کافر ہوئے ان کو
دنیا اور آخرت (دونوں) میں سخت عذاب دوں گا، اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا (56) اور جو ایمان لائے اور
عمل نیک کرتے رہے، ان کو خدا پورا پورا صلہ دے گا اور خدا ظالموں کو دوست نہیں رکھتا (57) (اے محمدؐ) یہ
ہم تم کو (خدا کی) آیتیں اور حکمت بھری نصیحتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں (58) عیسیٰؑ کا حال خدا کے
نزدیک آدمؑ کا سا ہے، کہ اس نے (پہلے) مٹی سے ان کا قالب بنایا پھر فرمایا کہ (انسان) ہو جا
تو وہ (انسان) ہو گئے (59) (یہ بات) تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تم ہرگز شک کرنے والوں
میں نہ ہونا (60) پھر اگر یہ لوگ عیسیٰؑ کے بارے میں تم سے جھگڑا کریں اور تم کو حقیقت الحال تو معلوم ہو ہی
چکی ہے تو ان سے کہنا کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں، تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم خود بھی
آئیں اور تم خود بھی آؤ پھر دونوں فریق[1] (خدا سے) دعا و التجا[2] کریں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت بھیجیں (61)
یہ تمام بیانات صحیح ہیں، اور خدا کے سوا کوئی معبود[1] نہیں اور بیشک خدا غالب اور صاحب حکمت[2] ہے (62)

حوالہ جات

- اعراف:99 انبیاء:18,17 نمل:51,50 تکویر:29,28
- مریم:57،56 زخرف:41

مشکل الفاظ کے معانی

- مدت: عرصہ، زندگی
- صحبت: محفل، بیٹھک
- فائق: اعلیٰ، معزز
- صلہ: بدلا
- حکمت: عقل، دانائی
- قالب: ڈھانچہ
- حق: سچ
- حقیقت الحال: واقعہ کی اصلیت
- 1۔ دونوں پارٹیاں 2۔ عرض، درخواست
- 1۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ حکمت والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات
	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿63﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ	
	اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا	
	مُسْلِمُوْنَ ﴿64﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا	
	تَعْقِلُوْنَ ﴿65﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ	
	لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿67﴾ اِنَّ	
	اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿68﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ	
	الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿69﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	
	وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿70﴾	
1۔مکر جائیں 2۔جھگڑالو،سرکش،مشرک 3۔اچھی طرح	تو اگر یہ لوگ پھر جائیں تو خدا مفسدوں کو خوب جانتا ہے (63) کہہ دو کہ اے اہل کتاب! جو بات ہمارے اور	
1۔برابر 2۔مان لی گئی 3۔خدا کا حکم ماننا	تمہارے درمیان یکساں (تسلیم کی گئی) ہے، اس کی طرف آؤ۔ وہ یہ کہ خدا کے سوا ہم کسی کی عبادت نہ کریں اور یہ	
1۔علاوہ 2۔کام بنانے والا	کہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا اپنا کارساز نہ سمجھے۔ اگر یہ لوگ	
حکم ماننے والا	(اس بات کو) نہ مانیں تو (ان سے) کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم (خدا کے) فرمانبردار ہیں (64) اے اہل کتاب! تم	
نازل ہوئی ہیں	ابراہیمؑ کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو، حالانکہ تورات اور انجیل ان کے بعد اُتری ہیں (اور وہ پہلے ہو چکے ہیں)	
	تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ (65) دیکھو ایسی بات میں تو تم نے جھگڑا کیا ہی تھا، جس کا تمہیں کچھ علم تھا بھی، مگر ایسی	
	بات میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تمہیں کچھ بھی علم نہیں، اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (66) ابراہیمؑ نہ تو	
کنارے ہوکر	یہودی تھے اور نہ عیسائی، بلکہ سب سے بے تعلق ہوکر ایک (خدا) کے ہو رہے تھے اور اسی کے فرمانبردار تھے اور	
پیچھے چلنا	مشرکوں میں سے نہ تھے (67) ابراہیمؑ سے قرب رکھنے والے تو وہ لوگ ہیں جو ان کی پیروی کرتے ہیں اور یہ پیغمبرؐ	عمران:81،82
1۔آخری زمانے یا وقت کے 2۔کچھ	(آخر الزماں) اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں، اور خدا مومنوں کا کارساز ہے (68) (مومنو!) بعضے اہل کتاب اس	
سیدھے راستے سے ہٹا دیں	بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ تم کو گمراہ کر دیں، مگر یہ (تم کو کیا گمراہ کریں گے) اپنے آپ کو ہی گمراہ کر رہے ہیں اور	
	نہیں جانتے (69) اے اہل کتاب! تم خدا کی آیتوں سے کیوں انکار کرتے ہو؟ اور تم (خدا) کو مانتے تو ہو (70)	عمران:64

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی
	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (71) وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	
	اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ (72) وَلَا تُؤْمِنُوْۤا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ	
	دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰۤى اَحَدٌ مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ	
	اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (73) يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (74) وَمِنْ اَهْلِ	
	الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ	
	بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (75) بَلٰى مَنْ اَوْفٰى	
	بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (76) اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ	
	لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۪ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (77)	
	اے اہل کتاب تم سچ کو جھوٹ کے ساتھ خلط ملط کیوں کرتے ہو اور حق کو کیوں چھپاتے ہو اور تم جانتے بھی ہو	1۔مکس کرنا 2۔سچ یا سچائی
	(71) اور اہل کتاب ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ جو (کتاب) مومنوں پر نازل ہوئی ہے، اس پر دن کے شروع	
عمران:100	میں تو ایمان لے آیا کرو اور اس کے آخر میں انکار کر دیا کرو تاکہ وہ (اس کتاب سے) پھر جائیں (72) اور اپنے دین	
احزاب:40	کے پیرو کے سوا کسی اور کے قائل نہ ہونا، (اے پیغمبرؐ) کہہ دو کہ ہدایت تو خدا ہی کی ہدایت ہے یہ بھی (یقین رکھو) کہ	1۔مرید، چیلا 2۔یقین نہ کرنا
عمران:78	جو چیز (یعنی کتاب و نبوت یا رسالت) تم کو ملی ہے ویسی (تمہارے بعد) کسی اور کو (نہ) ملے گی یا وہ (جھوٹ کے سوداگر)	بیوپاری
	تمہیں خدا کے رُوبرو قائل معقول کر سکیں گے۔ یہ بھی کہہ دو کہ بزرگی خدا ہی کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور	1۔سامنے 2۔راضی یا رضامند کرلیں گے 3۔عزت، بڑائی
	خدا کشائش والا (اور) علم والا ہے (73) وہ اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے خاص کر لیتا ہے اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے	کشادگی والا
	(74) اور اہل کتاب میں سے کوئی تو ایسا ہے کہ اگر تم اس کے پاس (کسی چیز کا) ڈھیر امانت رکھ دو تو تم کو (مانگنے پر فوراً)	
	واپس دے دے، اور کوئی اس طرح کا ہے کہ اگر اس کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھو تو جب تک اس کے سر پر ہر وقت	کرنسی کا نام
	کھڑے نہ رہو، تمہیں دے ہی نہیں۔ یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمیّوں کے بارے میں ہم سے مواخذہ نہیں ہوگا۔	1۔ان پڑھ، جاہل 2۔بات پرس
	یہ خدا پر محض جھوٹ بولتے ہیں اور اس بات کو جانتے بھی ہیں (75) ہاں جو شخص اپنے اقرار کو پورا کرے اور (خدا سے)	
	ڈرے تو خدا ڈرنے والوں کو دوست رکھتا ہے (76) جو لوگ خدا کے اقراروں اور اپنی قسموں (کو بیچ ڈالتے ہیں اور	وعدوں
	ان) کے عوض تھوڑی سی قیمت حاصل کرتے ہیں، ان کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں، ان سے خدا نہ تو کلام کرے گا اور نہ	1۔بدلے میں 2۔بات، گفتگو
	قیامت کے روز ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کو دُکھ دینے والا عذاب ہوگا (77)	

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی
	وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	
	وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (78) مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ	
	وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ	
	تَدْرُسُوْنَ (79) وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (80) وَاِذْ اَخَذَ	
	اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ	
	قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ (81) فَمَنْ تَوَلّٰى	
	بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (82) اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا	
	وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ (83)	
	اور ان (اہل کتاب) میں بعض ایسے ہیں کہ کتاب (الٰہی) کو زبان مروڑ مروڑ کر پڑھتے ہیں تا کہ تم سمجھو کہ جو کچھ وہ	
	پڑھتے ہیں، کتاب میں سے ہے حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے، اور کہتے ہیں کہ وہ خدا کی طرف سے (نازل ہوا)	
عمران:187	حالانکہ خدا کی طرف سے نہیں ہوتا، اور خدا پر جھوٹ بولتے ہیں اور (یہ بات) جانتے بھی ہیں (78) کسی آدمی کو	
	شایاں نہیں کہ خدا تو اسے کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائے اور وہ لوگوں سے کہے کہ خدا کو چھوڑ کر میرے	زیب نہیں دیتا
بقرہ:138، روم:30	بندے ہو جاؤ، بلکہ (اس کو یہ کہنا جائز ہے کہ) تم (لوگ) ربانی ہو جاؤ، کیونکہ تم کتاب (خدا) پڑھتے پڑھاتے	1۔مناسب، درست 2۔اللہ والے
	رہتے ہو (79) اور اس کو یہ بھی نہیں کہنا چاہیئے کہ تم فرشتوںؑ اور پیغمبروںؑ کو خدا بنا لو۔ بھلا جب تم مسلمان ہو چکے تو	
	کیا اسے زیبا ہے کہ تمہیں کافر ہونے کو کہے؟ (80) اور جب خدا نے پیغمبروںؑ سے عہد لیا کہ جب میں تم کو	اچھا لگنا، مناسب، درست
	کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی (نیا) پیغمبرؑ آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے تو تمہیں ضرور	دوں
	اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی، اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا اور اس	وعدہ
	اقرار پر میرا ذمہ لیا انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا (خدا نے) فرمایا کہ تم (اس عہد و پیمان کے) گواہ رہو	1۔وعدہ 2۔ضامن ٹھہرایا 3۔وعدہ وعید
روم:26 خم السجدہ:11,12	اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں (81) تو جو اس کے بعد پھر جائیں وہ بدکردار ہیں (82) کیا یہ (بدکردار انسان اور	مکر جائیں
طلاق:12 عبس:17 تا 23	جن) خدا کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں؟ حالانکہ (باقی) سب اہل آسمان و زمین خوشی یا زبردستی	1۔خواہش رکھنا 2۔رہائشی
	سے خدا کے فرمانبردار ہیں اور (تمام) اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (83)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	حوالہ جات

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى
وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿84﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ
يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿85﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ
الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿86﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ
وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿87﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿88﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ
بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿89﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿90﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ
افْتَدٰى بِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿91﴾

کہو کہ ہم خدا پر ایمان لائے اور جو کتاب ہم پر نازل ہوئی اور جو صحیفے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور
یعقوبؑ اور ان کی اولاد پر اُترے اور جو کتابیں موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور دوسرے انبیاءؑ کو ان کے پروردگار کی طرف
سے ملیں، سب پر ایمان لائے۔ ہم ان پیغمبروںؑ میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور ہم اسی (خدائے واحد)
کے فرمانبردار ہیں (84) اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا طالب ہوگا، وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا
جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہوگا (85) خدا ایسے لوگوں کو کیونکر ہدایت
دے، جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے اور (پہلے) اس بات کی گواہی دے چکے کہ یہ پیغمبرؐ برحق ہیں؟ اور ان
کے پاس دلائل بھی آ گئے، اور خدا ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا (86) ان لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر خدا کی
لعنت اور فرشتوں کی اور انسانوں کی سب کی لعنت ہو (87) ہمیشہ اس لعنت میں (گرفتار) رہیں گے۔ ان
سے نہ تو عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی (88) ہاں جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی اور
اپنی حالت درست کر لی تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (89) جو لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے، پھر کفر
میں بڑھتے گئے ایسوں کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی۔ اور یہ لوگ گمراہ ہیں (90) جو لوگ کافر ہوئے اور کفر ہی
کی حالت میں مر گئے وہ اگر (نجات) حاصل کرنی چاہیں (اور) بدلے میں زمین بھر کر سونا دیں تو ہرگز قبول
نہیں کیا جائے گا، ان لوگوں کو دُکھ دینے والا عذاب ہوگا اور ان کی کوئی مدد نہیں کرے گا (91)

مشکل الفاظ کے معانی:

- آسمانی کتاب
- نازل ہوئے
- اکیلا
- 1۔علاوہ 2۔خواہشمند 3۔بالکل بھی
- کیسے، کس طرح
- سچ پر ہونا
- ثبوت، سند
- پکڑا ہونا
- 1۔کم 2۔مزید وقت
- ٹھیک
- 1۔آگے جانا 2۔ایسے لوگوں 3۔بھٹکا ہونا
- رہائی، مخلصی

حوالہ جات:

بقرہ:285 نساء:152

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿92﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْٓ
اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿93﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿94﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿95﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿96﴾ فِيْهِ
اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ
فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿97﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿98﴾ قُلْ
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعْمَلُوْنَ ﴿99﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿100﴾

(مومنو!) جب تک تم ان چیزوں میں سے جو تمہیں عزیز[1] ہیں (راہ خدا میں) صَرف[2] نہ کرو گے کبھی نیکی حاصل نہ کر
سکو گے اور جو چیز تم صَرف کرو گے، خدا اس کو جانتا ہے (92) اولادِ اسرائیل کے لئے تورات کے نازل ہونے سے
پہلے کھانے کی سب (پاکیزہ) چیزیں حلال تھیں بجز ان کے جو اسرائیل نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں۔ کہہ دو
کہ اگر سچے ہو تو تورات لاؤ اور اسے پڑھو (اور دلیل پیش کرو) (93) جو اس کے بعد بھی خدا پر جھوٹ افتراء کریں
تو ایسے لوگ ہی ظالم ہیں (94) کہہ دو کہ خدا نے سچ فرمادیا پس دین ابراہیمؑ کی پیروی[1] کرو، جو سب سے بے تعلق[2] ہو کر
ایک (خدا) کے ہو رہے تھے اور مشرکوں سے نہ تھے (95) (زمین پر خدا کا) پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا تھا،
وہی ہے جو مکے میں ہے بابرکت اور جہان کے لئے موجب ہدایت (96) اس میں کُھلی ہوئی نشانیاں ہیں، جن میں
سے ایک ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے اور جو شخص اس (مبارک) گھر میں داخل ہوا، اس نے امن پالیا۔ اور
لوگوں پر خدا کا حق ہے[1] کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور[2] رکھے وہ اس کا حج کرے۔ اور جو اس حکم کی تعمیل[3] نہ کرے گا
تو خدا بھی اہل عالم سے[1] بے نیاز[2] ہے (97) کہو کہ اے اہل کتاب! تم خدا کی آیتوں سے کفر کیوں کرتے ہو؟ اور
خدا تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے (98) کہو کہ اے اہل کتاب تم مومنوں کو خدا کے رستے سے کیوں روکتے ہو؟
اور باوجودیکہ[1] تم اس سے واقف ہو اس میں کجی[2] نکالتے ہو اور خدا تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں (99) مومنو! اگر تم
اہل کتاب کے کسی فریق کا کہا مان لو گے تو وہ تمہیں ایمان لانے کے بعد کافر بنا دیں گے (100)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ پیاری 2۔ خرچ کرنا

جھوٹ باندھیں، الزام دیں

1۔ پیچھے چلنا 2۔ کنارہ کر کے

سبب، باعث

جنگ کا الٹ

1۔ حصہ ہے 2۔ طاقت، صلاحیت 3۔ بجا آوری

1۔ دنیا والوں سے 2۔ بے پرواہ

1۔ حالانکہ 2۔ ٹیڑھا پن

پارٹی

حوالہ جات:

عمران:50، نساء:160، انعام:140، 146

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿101﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿102﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا
تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى
شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿103﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى
الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿104﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿105﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۟ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿106﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ
فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿107﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿108﴾

اور تم کیونکر کفر کرو گے جبکہ تم کو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اور تم میں اس کے پیغمبرؑ موجود ہیں، اور
جس نے خدا (کی ہدایت کی رسی) کو پکڑ لیا وہ سیدھے رستے لگ گیا (101) مومنو! خدا سے ڈرو جیسا کہ اس سے
ڈرنے کا حق ہے اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا (102) اور سب مل کر خدا (کی ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا
اور متفرق نہ ہونا، اور خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں
الفت[1] ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے، اور تم آگ کے گڑھے[2] کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو
خدا نے تم کو اس سے بچا لیا۔ اس طرح خدا تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ (103) اور تم
میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے، جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور بُرے کاموں
سے منع کرے۔ یہی لوگ ہیں جو نجات[1] پانے والے ہیں (104) اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق[2] ہو گئے اور
احکام بیّن[1] کے آنے کے بعد ایک دوسرے سے اختلاف[2] کرنے لگے۔ یہ وہ لوگ ہیں، جن کو بڑا عذاب
ہوگا (105) جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے منہ سیاہ، تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہوں گے (ان
سے کہا جائے گا) کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو (106)
اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ خدا کی رحمت (کے باغوں) میں ہوں گے۔ اور ان میں ہمیشہ رہیں گے (107)
یہ خدا کی آیتیں ہیں، جو ہم تم کو صحت کے ساتھ[1] پڑھ کر سناتے ہیں اور خدا اہل عالم[2] پر ظلم نہیں کرنا چاہتا (108)

مشکل الفاظ کے معانی:
- کیونکر: کس طرح، کیسے
- حق ہے: طریقہ ہے، سچائی ہے
- متفرق: بکھرنا، فرقہ فرقہ ہونا
- 1۔ محبت 2۔ جہنم، تباہی
- 1۔ رہائی، مخلصی 2۔ بکھر جانا
- 1۔ صاف، آشکار 2۔ مخالفت
- 1۔ ٹھیک ٹھیک 2۔ دُنیا والے

حوالہ جات:
- مائدہ: 69

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	حوالہ جات

وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿109﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿110﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۟ ثُمَّ لَا
يُنْصَرُوْنَ ﴿111﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ
اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ
ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿112﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ
الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿113﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ
فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿114﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿115﴾

اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، سب خدا ہی کا ہے۔ اور سب کاموں کا رجوع[1] (اور انجام[2]) خدا
ہی کی طرف ہے (109) (اے ایمان والو! کفار کی جتنی بھی اِقسام) لوگوں میں پیدا ہوئیں تم (ہمیشہ سے)
ان سب سے بہتر ہو کہ نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور بُرے کاموں سے منع کرتے ہو اور خدا پر ایمان رکھتے ہو۔
اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو ان کے لئے بہت اچھا ہوتا۔ ان میں ایمان لانے والے بھی ہیں
(لیکن تھوڑے) اور اکثر نافرمان ہیں (110) اور یہ تمہیں خفیف سی تکلیف کے سوا کچھ نقصان نہیں پہنچا
سکیں گے۔ اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔ پھر ان کو مدد (کہیں سے) نہیں ملے
گی (111) یہ جہاں نظر آئیں گے ذلت[1] (کو دیکھو گے کہ) ان سے چمٹ[2] رہی ہے۔ بجز[3] اس کے کہ یہ خدا
اور (ایمان والے) لوگوں کی پناہ[1] میں آجائیں اور یہ لوگ خدا کے غضب[2] میں گرفتار ہیں اور ناداری[3] ان سے
لپٹ رہی ہے۔ یہ اس لئے کہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے۔ اور (اس کے) پیغمبروںؑ کو ناحق قتل کر
دیتے تھے۔ یہ اس لئے کہ یہ نافرمانی[1] کئے جاتے اور حد سے بڑھے جاتے[2] تھے (112) یہ بھی سب ایک جیسے
نہیں ہیں۔ ان اہل کتاب میں کچھ لوگ (حکم خدا پر) قائم بھی ہیں، جو رات کے وقت خدا کی آیتیں پڑھتے
اور (اس کے آگے) سجدے کرتے ہیں (113) (اور) خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے اور اچھے کام
کرنے کو کہتے اور بُری باتوں سے منع کرتے اور نیکیوں پر لپکتے ہیں۔ اور یہی لوگ نیکو کار ہیں (114) اور یہ
جس طرح کی نیکی کریں گے اسکی ناقدری نہیں کی جائے گی۔ اور خدا پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے (115)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔حوالہ 2۔آخیر
- تھوڑی، ہلکی
- واپس، پلٹ کر، مڑ کر
- 1۔رُسوائی 2۔لپٹ جانا 3۔علاوہ، سوائے
- 1۔حفاظت 2۔غصہ، ناراضگی 3۔مفلسی، غریبی
- بے دلیل، ناجائز
- 1۔حکم نہ ماننا 2۔حکم الٰہی کی خلاف ورزی کرنا
- مضبوط کھڑے
- پہل کرنا، جھپٹنا
- بے قدری، بے توقیری

حوالہ جات

- فاطر:24تا26
- عمران:81،82

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ﴿116﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ﴿117﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا
يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ
الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ﴿118﴾ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا
اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴿119﴾ اِنْ
تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا ؕ اِنَّ
اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ﴿120﴾ ع وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿121﴾

جولوگ کافر ہیں ان کے مال اوراولاد خدا کے عذاب کو ہرگز نہیں ٹال سکیں گے۔اور یہ لوگ اہل دوزخ ہیں کہ ہمیشہ
اسی میں رہیں گے (116) یہ جو مال دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ہوا کی سی ہے جس میں سخت
سردی ہواور وہ ایسے لوگوں کی کھیتی پر، جو اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے، چلے اور اسے تباہ کردے۔اور خدا نے ان پر
کچھ ظلم نہیں کیا، بلکہ یہ خود اپنے اوپر ظلم کررہے ہیں (117) مومنو! کسی غیر (یعنی کافر) کو اپنا راز داں نہ بنانا یہ لوگ
تمہاری خرابی (کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف
پہنچے ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (دشمنیاں) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ
ہیں۔اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنا دی ہیں (118) دیکھو تم ایسے (صاف دل)
لوگ ہو کہ ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو، حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو، (اور
وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے اور جب الگ ہوتے ہیں تو
تم پر غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کھاتے ہیں۔(ان سے) کہہ دو کہ غصے میں مر جاؤ، خدا تمہارے دلوں کی باتوں
سے خوب واقف ہے (119) اگر تمہیں آسودگی حاصل ہو تو ان کو بُری لگتی ہے اور اگر رنج پہنچے تو خوش ہوتے ہیں۔
اور اگر تم تکلیفوں کو برداشت اور (ان سے) کنارہ کشی کرتے رہو گے تو ان کا فریب تمہیں کچھ بھی نقصان نہ پہنچا
سکے گا۔(یہ) جو کچھ کرتے ہیں خدا اس پر احاطہ کئے ہوئے ہے (120) اور جب تم صبح کو اپنے گھر سے روانہ ہو کر
ایمان والوں کو لڑائی کے لئے مورچوں پر (موقع بہ موقع) متعین کرنے لگے اور خدا سب کچھ سنتا اور جانتا ہے (121)

مشکل الفاظ کے معانی

- بالکل، کسی صورت
- فصل
- ہم راز
- 1۔بگاڑ 2۔سستی، کمزوری
- چھپی ہیں
- 1۔وجہ 2۔افسوس کے ساتھ حیران ہونا
- 1۔خوشحالی 2۔غم
- 1۔دور رہنا، الگ رہنا 2۔دھوکہ
- گھیراؤ
- 1۔جگہ جگہ 2۔تعینات کرنے لگے، ذمہ داری دینے لگے

حوالہ جات

- عمران:149 نساء:144
- حج:72
- بقرہ:14

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	حوالہ جات
	اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿122﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ	
	بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿123﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ	
	اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿124﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ	
	اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿125﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ	
	عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿126﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿127﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ	
	الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿128﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ	
	يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿129﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا	
	اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿130﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿131﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿132﴾	
1۔بزدلی دکھانا 2۔اعتبار	اس وقت تم میں سے دو جماعتوں نے جی چھوڑ دینا چاہا، مگر خدا ان کا مددگار تھا۔ اور مومنوں کو خدا ہی پر بھروسہ	
خالی ہاتھ	رکھنا چاہئے (122) اور خدا نے جنگ بدر میں بھی تمہاری مدد کی تھی اور اس وقت بھی تم بے سروسامان تھے۔	
	پس خدا سے ڈرو (اور ان احسانوں کو یاد کرو) تاکہ شکر کرو (123) جب تم مومنوں سے یہ کہہ (کر ان کے	
حوصلہ افزائی کرنا	دل بڑھا) رہے تھے کہ کیا یہ کافی نہیں کہ پروردگار تین ہزار فرشتے نازل کرکے تمہیں مدد دے (124) ہاں	
اچانک	اگر تم دل کو مضبوط رکھو اور (خدا سے) ڈرتے رہو اور کافر تم پر جوش کے ساتھ دفعۃً حملہ کردیں تو پروردگار پانچ	
	ہزار فرشتے، جن پر نشان ہوں گے، تمہاری مدد کو بھیجے گا (125) اور اس مدد کو تو خدا نے تمہارے	
1۔خوشخبری 2۔اطمینان	لئے (ذریعۂ) بشارت بنایا یعنی اس لئے کہ تمہارے دلوں کو اس سے تسلی حاصل ہو، ورنہ مدد تو خدا ہی کی ہے،	
	جو غالب (اور) حکمت والا ہے (126) (یہ خدا نے) اس لئے (کیا) کہ کافروں کی ایک جماعت کو ہلاک یا	
رسوا اور شکست خوردہ	انہیں ذلیل و مغلوب کردے کہ (شیاطین) ناکام واپس جائیں (127) (اے پیغمبرؐ) اس کام میں تمہارا	شعراء:95 تا 102
1۔قابو 2۔حالتیں،شکلیں	کچھ اختیار نہیں (اب دو صورتیں ہیں کہ) یا خدا ان کے حال پر مہربانی کرے یا انہیں عذاب دے کہ یہ ظالم	
	لوگ ہیں (128) اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے وہ جسے چاہے بخش	
دوگُنا چارگُنا	دے اور جسے چاہے عذاب کرے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (129) اے ایمان والو! دُگنا چُوگنا سُود نہ	
رہائی،بخشش	کھاؤ اور خدا سے ڈرو تاکہ نجات حاصل کرو (130) اور (دوزخ کی) آگ سے بچو، جو کافروں کے لئے	
حکم مانو	تیار کی گئی ہے (131) اور خدا اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحمت کی جائے (132)	آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝133 الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى
السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝134 وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا
فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۣ وَلَمْ يُصِرُّوْا
عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝135 اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝136 قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝137 هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝138 وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝139 اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ
اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝140

اور اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے اور جو (خدا سے)
ڈرنے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے (133) جو آسودگی اور تنگی میں (اپنا مال خدا کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں
اور غصے کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور خدا نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے (134) اور وہ کہ
جب کوئی کُھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی بُرائی کر بیٹھتے ہیں، تو خدا کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں
اور خدا کے سوا گناہ بخش بھی کون سکتا ہے؟ اور جان بوجھ کر اپنے افعال پر اڑے نہیں رہتے (135) ایسے ہی لوگوں کا
صلہ پروردگار کی طرف سے بخشش اور باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ بستے رہیں
گے، اور (اچھے) کام کرنے والوں کا بدلا بہت اچھا ہے (136) تم لوگوں سے پہلے بھی بہت سے واقعات گزر
چکے ہیں تو تم زمین میں سیر کر کے دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ (137) یہ (قرآن) لوگوں کے لئے بیان صریح
اور اہل تقویٰ کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے (138) اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر تم
مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے (139) اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی ایسا زخم
لگ چکا ہے، اور یہ دن ہیں کہ ہم ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں، اور اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ خدا
ایمان والوں کو الگ کر دے اور تم میں سے گواہ بنائے، اور خدا بے انصافوں کو پسند نہیں کرتا (140)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔بڑھو، جلدی کرو، پہل کرو 2۔چوڑائی
- 1۔خوشحالی 2۔غربت
- غلطیاں
- اپنی خاطر، اپنے لئے
- 1۔اعمال 2۔ڈٹے نہیں رہتے
- بدلا
- صلہ، اجر
- 1۔آخیر 2۔صاف
- 1۔پرہیزگار لوگ 2۔ناامیدی یا کمزوری نہ دکھانا
- 1۔سچے 2۔فتح یاب 3۔ہارنا
- 1۔وقت اوقات 2۔ارادہ

حوالہ جات

عمران: 147,146

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ (141) اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا
مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ (142) وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ (143) ۧ وَمَا
مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى
عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ (144) وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۭ
وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ (145) وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ
قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ
الصّٰبِرِيْنَ (146) وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (147)

اور یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں (کے دلوں) کو خالص بنا دے اور کافروں کو نابود کر دے (141)
کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (بے آزمائش) بہشت میں جا داخل ہو گے حالانکہ ابھی خدا نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو
تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں اور (یہ بھی مقصود ہے) کہ وہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کرے (142) اور تم
موت (شہادت) کے آنے سے پہلے اس کی تمنا کیا کرتے تھے سو تم نے اس کو آنکھوں سے دیکھ لیا (143) اور
محمدؐ تو صرف (خدا کے) پیغمبرؐ ہیں۔ ان سے پہلے بھی بہت سے پیغمبرؐ ہو گزرے ہیں، بھلا اگر یہ مر جائیں یا مارے
جائیں تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ؟ (یعنی کافر ہو جاؤ؟!) اور جو اُلٹے پاؤں پھر جائے گا تو خدا کا کچھ نقصان نہیں کر
سکے گا۔ اور خدا شکرگزاروں کو (بڑا) ثواب دے گا (144) اور کسی شخص میں طاقت نہیں کہ خدا کے حکم کے بغیر
مر جائے (اس نے موت کا) وقت مقرر کر کے لکھ رکھا ہے، اور جو شخص دنیا میں (اپنے اعمال کا) بدلا چاہے، اس کو
ہم یہیں بدلا دیں گے اور جو آخرت میں طالب ثواب ہو اس کو وہاں اجر عطا کریں گے۔ اور ہم شکرگزاروں کو
عنقریب (بہت اچھا) صلہ دیں گے (145) اور بہت سے نبیؑ ہوئے ہیں جن کے ساتھ ہو کر اکثر اہل اللہ (خدا
کے دشمنوں سے) لڑے ہیں تو جو مصیبتیں ان پر راہ خدا میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری
اور نہ بزدلی کی، نہ (کافروں سے) دبے اور خدا استقلال رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے (146) اور (اس
حالت میں) ان کے منہ سے کوئی بات نکلتی تو یہی کہ اے پروردگار! ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں
میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما (147)

حوالہ جات:
- بقرہ: 260
- بقرہ: 155

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔مقصد، ارادہ 2۔ختم
- مضبوط کھڑے رہنا، قائم رہنا
- شدید خواہش
- 1۔فرمانبرداروں 2۔اختیار نہیں
- صلہ
- 1۔بدلا 2۔فرمانبردار لوگ
- 1۔کی وجہ سے 2۔حوصلہ، طاقت
- 1۔ڈرے 2۔قیام، مضبوطی، مستقل مزاجی
- 1۔سالم، مضبوطی 2۔دے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

فَاٰتٰهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿148﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿149﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿150﴾ سَنُلْقِيْ
فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَاۤ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى
الظّٰلِمِيْنَ ﴿151﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗۤ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰۤى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ
مِّنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ
وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿152﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰۤى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْۤ
اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّاۢ بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَاۤ اَصَابَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿153﴾

تو خدا نے ان کو دنیا میں بھی بدلا دیا اور آخرت میں بھی بہت اچھا بدلا دے گا اور خدا نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے
(148) مومنو! اگر تم کافروں کا کہنا مان لو گے تو وہ تم کو اُلٹے پاؤں پھیر (کر کافر) کر دیں گے پھر تم بڑے
خسارے میں پڑ جاؤ گے (149) (یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں) بلکہ خدا تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر
مددگار ہے (150) ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھا دیں گے، کیونکہ یہ خدا کے ساتھ شرک کرتے
ہیں، جس کی اس نے کوئی بھی دلیل نازل نہیں کی۔ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے وہ ظالموں کا بہت بُرا ٹھکانا
ہے (151) اور خدا نے اپنا وعدہ سچا کر دیا (یعنی) اس وقت جبکہ تم کافروں کو اس کے حکم سے قتل کر رہے تھے، یہاں
تک کہ جو تم چاہتے تھے خدا نے تم کو دکھا دیا۔ اس کے بعد تم (لوگوں) نے ہمت ہار دی اور حکم (پیغمبرؐ) میں جھگڑا کرنے
لگے اور اس کی نافرمانی کی، بعض تو تم میں سے دنیا کے خواستگار[1] تھے اور بعض آخرت کے طالب[2]، اس وقت خدا نے تم کو ان
(کے مقابلے) میں پھیر (کر بھگا) دیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے اور اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا اور خدا
مومنوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے (152) جب تم لوگ دُور بھاگے جاتے تھے اور کسی کو پیچھے پھر کر نہیں دیکھتے تھے
اور رسول اللہؐ تم کو تمہارے پیچھے کھڑے بلا رہے تھے تو خدا نے تم کو غم پر غم پہنچایا تا کہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی
رہی یا جو مصیبت تم پر واقع ہوئی ہے اس سے تم اندوہناک[1] نہ ہو اور خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار[2] ہے (153)

مشکل الفاظ کے معانی:
- واپس
- گھاٹہ، نقصان
- ہیبت، دبدبہ
- سند، ثبوت
- بزدلی دکھائی
- 1۔خواہشمند 2۔چاہنے والا
- خطا، غلطی
- 1۔غم زدہ 2۔خبر رکھنے والا

حوالہ جات: عمران:132

فَاِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ	حوالہ جات

سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرٰنَ

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغۡشٰى طَآئِفَةً مِّنۡكُمۡ‌ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ اَهَمَّتۡهُمۡ اَنۡفُسُهُمۡ يَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ غَيۡرَ
الۡحَقِّ ظَنَّ الۡجَاهِلِيَّةِ‌ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ لَّنَا مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَىۡءٍ‌ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ‌ ؕ يُخۡفُوۡنَ فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ
لَكَ‌ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا هٰهُنَا‌ ؕ قُلۡ لَّوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ لَبَرَزَ الَّذِيۡنَ كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقَتۡلُ
اِلٰى مَضَاجِعِهِمۡ‌ ۚ وَلِيَبۡتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ (154) اِنَّ الَّذِيۡنَ
تَوَلَّوۡا مِنۡكُمۡ يَوۡمَ الۡتَقَى الۡجَمۡعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسۡتَزَلَّهُمُ الشَّيۡطٰنُ بِبَعۡضِ مَا كَسَبُوۡا‌ ۚ وَلَقَدۡ عَفَا اللّٰهُ عَنۡهُمۡ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوۡرٌ حَلِيۡمٌ (155) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَقَالُوۡا لِاِخۡوَانِهِمۡ اِذَا ضَرَبُوۡا فِى الۡاَرۡضِ اَوۡ كَانُوۡا
غُزًّى لَّوۡ كَانُوۡا عِنۡدَنَا مَا مَاتُوۡا وَمَا قُتِلُوۡا‌ ۚ لِيَجۡعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسۡرَةً فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ‌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا
تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ (156) وَلَئِنۡ قُتِلۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَوۡ مُتُّمۡ لَمَغۡفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحۡمَةٌ خَيۡرٌ مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ (157)

پھر خدا نے غم و رنج کے بعد تم پر تسلی نازل فرمائی (یعنی) نیند کہ تم میں سے ایک جماعت پر طاری ہوگئی اور کچھ لوگ جن کو جان کے لالے پڑ رہے تھے خدا کے بارے میں ناحق کفر کے سے گمان کرتے تھے اور کہتے تھے بھلا ہمارے اختیار کی کچھ بات ہے؟ تم کہہ دو کہ بیشک سب باتیں خدا ہی کے اختیار میں ہیں۔ یہ لوگ (بہت سی باتیں) دلوں میں مخفی رکھتے تھے، جو تم پر ظاہر نہیں کرتے تھے۔ کہتے تھے کہ ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم یہاں قتل ہی نہ کئے جاتے۔ کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا، وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکل آتے۔ اس سے یہ غرض تھی کہ خدا تمہارے سینوں کی باتوں کو آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس کو خالص اور صاف کردے، اور خدا دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے (154) جو لوگ تم میں سے جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گُتھ گئیں، (جنگ سے) بھاگ گئے تو ان کے بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیا۔ مگر خدا نے ان کا قصور معاف کردیا۔ بیشک خدا بخشنے والا (اور) بردبار ہے (155) مومنو! ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو کفر کرتے ہیں اور ان کے (مسلمان) بھائی جب (خدا کی راہ میں) سفر کریں (اور مرجائیں) یا جہاد کو نکلیں (اور مارے جائیں) تو ان کی نسبت کہتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے ان باتوں سے مقصود یہ ہے کہ خدا ان لوگوں کے دلوں میں افسوس پیدا کردے اور زندگی اور موت تو خدا ہی دیتا ہے۔ اور خدا تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے (156) اور اگر تم خدا کے رستے میں مارے جاؤ تو جو (مال ومتاع) لوگ جمع کرتے ہیں اس سے خدا کی بخشش اور رحمت کہیں بہتر ہے (157)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔تکلیف 2۔اطمینان 3۔چھا جانا
- 1۔جان کی فکر پڑ جانا 2۔غلط 3۔خیال
- طاقت، بس
- چھپانا
- جگہوں
- دو بدو لڑ پڑنا، ایک دوسرے میں گھس جانا
- 1۔اعمال 2۔بہلا دیا 3۔غلطی
- برداشت کرنے والا
- کے بارے میں، کے متعلق
- 1۔چاہنا 2۔پچھتاوا، دُکھ
- 1۔دولت اور اسباب وغیرہ 2۔بہت زیادہ

حوالہ جات

- حجرات:12

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِالَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ﴿158﴾فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا
مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُتَوَكِّلِيْنَ﴿159﴾اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَاالَّذِىْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ﴿160﴾وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۗ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا
كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ﴿161﴾اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ ۗ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ﴿162﴾هُمْ
دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ﴿163﴾لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا
عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ﴿164﴾اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ
مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۗ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ﴿165﴾

اور اگر تم مرجاؤ یا مارے جاؤ، خدا کے حضور میں ضرور اکٹھے کئے جاؤ گے (158) (اے محمدؐ!) خدا کی مہربانی سے
تمہاری طبیعت ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے۔ اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے
بھاگ کھڑے ہوتے۔ تو ان کو معاف کردو اور ان کے لئے (خدا سے) مغفرت مانگو، اور اپنے کاموں میں ان سے
مشورت لیا کرو، اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کرلو تو خدا پر بھروسہ رکھو۔ بیشک خدا بھروسہ رکھنے والوں کو دوست
رکھتا ہے (159) اگر خدا تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا، اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے کہ
تمہاری مدد کرے؟ اور مومنوں کو چاہیئے کہ خدا ہی پر بھروسا رکھیں (160) اور کبھی نہیں ہوسکتا کہ پیغمبرؐ (خدا) خیانت
کریں۔ اور خیانت کرنے والوں کو قیامت کے دن خیانت کی ہوئی چیز لا حاضر کرنی ہوگی۔ پھر ہر شخص کو اس کے
اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا، اور بے انصافی نہیں کی جائے گی (161) بھلا جو شخص خدا کی خوشنودی کا تابع ہو
وہ اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے جو خدا کی ناخوشی میں گرفتار ہو اور جس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے (162)
ان لوگوں کے خدا کے ہاں (مختلف) درجے ہیں اور خدا ان کے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے (163) خدا نے مومنوں
پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں انہیں میں سے ایک پیغمبرؐ بھیجے، جو ان کو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور ان کو
پاک کرتے اور (خدا کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے (164)
(بھلا یہ) کیا (بات ہے کہ) جب (جنگ میں کفار کے ہاتھ سے) تم پر مصیبت واقع ہوئی، حالانکہ اس سے (قبل)
دوچند مصیبت تمہارے ہاتھ سے ان پر پڑ چکی ہے، تو تم چلا اٹھے کہ (ہائے) آفت (ہم پر) کہاں سے آپڑی۔ کہہ دو
کہ یہ تمہاری شامت اعمال ہے (کہ تم نے پیغمبرؐ کے حکم کے خلاف کیا) بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے (165)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دربار، سامنے
- 1۔بُری عادت 2۔سفاک
- 1۔مشورہ کرنا 2۔پکا ارادہ
- 1۔امانت میں بے ایمانی 2۔موجود کرنا ہوگی
- 1۔خوشی، رضامندی 2۔نیچے
- پکڑا ہوا
- رُتبے
- سیدھی، صاف
- پہلے
- 1۔دوگنا 2۔شور کرنا 3۔مصیبت
- 1۔مصیبت، سزا 2۔طاقت رکھنا

حوالہ جات: عمران: 132، 152، 153، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿166﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِادْفَعُوْا ۗ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنٰكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا
لَيْسَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿167﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۗ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ
اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿168﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۗ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
يُرْزَقُوْنَ ﴿169﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿170﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿171﴾ اَلَّذِيْنَ
اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ ۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿172﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ
لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖۗ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿173﴾

اور جو مصیبت تم پر دونوں جماعتوں کے مقابلے کے دن واقع ہوئی سو خدا کے حکم سے واقع ہوئی اور (اس سے) یہ مقصود تھا کہ خدا مومنوں کو اچھی طرح معلوم کرے (166) اور منافقوں کو بھی معلوم کر لے، اور جب ان سے کہا گیا کہ آؤ خدا کے رستے میں جنگ کرو یا (کافروں کے) حملوں کو روکو، تو کہنے لگے کہ اگر ہم کو لڑائی کی خبر ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ رہتے۔ یہ اس دن ایمان کی نسبت کفر سے زیادہ قریب تھے، منہ سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہیں۔ اور جو کچھ یہ چھپاتے ہیں خدا اس سے خوب واقف ہے (167) یہ خود تو (جنگ سے بچ کر) بیٹھ ہی رہے تھے، مگر (جنہوں نے راہ خدا میں جانیں قربان کر دیں) اپنے (ان) بھائیوں کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کہا مانتے تو قتل نہ ہوتے۔ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو اپنے اوپر سے موت کو ٹال دینا (168) اور جو لوگ خدا کی راہ میں مارے گئے ان کو مرے ہوئے نہ سمجھنا (وہ مرے ہوئے نہیں ہیں) بلکہ خدا کے نزدیک زندہ ہیں اور ان کو رزق مل رہا ہے (169) جو کچھ خدا نے ان کو اپنے فضل سے بخش رکھا ہے اس میں خوش ہیں اور جو لوگ ان کے پیچھے رہ گئے اور (شہید ہو کر) ان میں شامل نہیں ہو سکے ان کی نسبت خوشیاں منا رہے ہیں کہ (قیامت کے دن) ان کو بھی نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (170) اور خدا کے انعامات اور فضل سے خوش ہو رہے ہیں اور اس سے کہ خدا مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا (171) جنہوں نے باوجود زخم کھانے کے خدا اور رسولؐ (کے حکم) کو قبول کیا، جو لوگ ان میں نیکوکار اور پرہیزگار ہیں ان کے لئے بڑا ثواب ہے (172) (جب) ان سے لوگوں نے آ کر بیان کیا کہ کفار نے تمہارے (مقابلے کے) لئے (لشکر کثیر) جمع کیا ہے تو ان سے ڈرو۔ تو ان کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور کہنے لگے ہم کو خدا کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے (173)

مشکل الفاظ کے معانی:
1۔ مقصود: مقصد، مراد، مطلب 2۔ منافقوں: دورُخے لوگ
نسبت: کے بجائے، کے بارے میں
اجر: صلہ، بدلا
لشکر کثیر: بڑی فوج
کارساز: کام بنانے یا سنوارنے والا

حوالہ جات:
انفال: 20، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿174﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ
الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۖ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿175﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ ۚ
اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿176﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ
بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿177﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۗ اِنَّمَا
نُمْلِىْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۗ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿178﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ
مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ
تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿179﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۗ بَلْ هُوَ شَرٌّ
لَّهُمْ ۗ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿180﴾

پھر وہ خدا کی نعمتوں اور اس کے فضل کے ساتھ (خوش وخرم) واپس آئے۔ ان کو کسی طرح کا ضرر نہ پہنچا اور وہ خدا
کی خوشنودی کے تابع رہے، اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے (174) یہ (خوف دلانے والا) تو شیطان ہے جو
اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے، تو اگر تم مومن ہو تو ان سے مت ڈرنا اور مجھ ہی سے ڈرتے رہنا (175) اور جو لوگ
کفر میں جلدی کرتے ہیں ان (کی وجہ) سے غمگین نہ ہونا۔ یہ خدا کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے۔ خدا چاہتا ہے کہ
آخرت میں ان کو کچھ حصہ نہ دے، اور ان کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے (176) جن لوگوں نے ایمان کے
بدلے کفر خریدا، وہ خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اور ان کو دکھ دینے والا عذاب ہوگا (177) اور کافر لوگ یہ نہ خیال
کریں کہ ہم جو ان کو مہلت دیئے جاتے ہیں تو یہ ان کے حق میں اچھا ہے۔ (نہیں بلکہ) ہم ان کو اس لئے مہلت
دیتے ہیں کہ اور گناہ کر لیں۔ آخرکار ان کو ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا (178) (لوگو!) جب تک خدا ناپاک کو
پاک سے الگ نہ کر دے گا۔ مومنوں کو اس حال میں، جس میں تم ہو، ہرگز نہیں رہنے دے گا۔ اور اللہ تم کو غیب کی
باتوں سے بھی مطلع نہیں کرے گا۔ البتہ خدا اپنے پیغمبروں میں سے جسے چاہتا ہے انتخاب کر لیتا ہے تو تم خدا پر اور
اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر ایمان لاؤ گے اور پرہیزگاری کرو گے تو تم کو اجر عظیم ملے گا (179) جو لوگ مال
میں، جو خدا نے اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے، بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں۔ (وہ اچھا
نہیں) بلکہ ان کے لئے برا ہے۔ وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں
میں ڈالا جائے گا۔ اور آسمانوں اور زمین کا وارث خدا ہی ہے۔ اور جو عمل تم کرتے ہو خدا کو معلوم ہے (180)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ دل شاد، مسرور 2۔ نقصان
- 1۔ خوشی، رضامندی 2۔ نیچے
- غم کرنا
- خرابی کرنا
- 1۔ مزید وقت 2۔ کیلئے
- 1۔ آخر میں 2۔ رُسوا
- اطلاع کرنا
- بڑا معاوضہ
- 1۔ کنجوسی 2۔ اپنے لئے
- گلے کا پٹہ، وزن
- مالک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ	حوالہ جات

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ
وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿181﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿182﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ
اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ
وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿183﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ
وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿184﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ
النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿185﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۟ قف
وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ
ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿186﴾

خدا نے ان لوگوں کا قول سن لیا ہے، جو کہتے ہیں خدا فقیر ہے اور ہم امیر ہیں۔ یہ جو کہتے ہیں ہم اس کو لکھ لیتے ہیں،
اور پیغمبروںؑ کو جو یہ ناحق قتل کرتے رہے ہیں، اس کو بھی (قلم بند کر رکھا ہے) اور پھر کہیں گے کہ
عذاب (آتش) سوزاں کے مزے چکھتے رہو (181) یہ ان کاموں کی سزا ہے جو تمہارے ہاتھ آگے بھیجتے
رہے ہیں۔ اور خدا تو بندوں پر مطلق ظلم نہیں کرتا (182) جو لوگ کہتے ہیں کہ خدا نے ہمیں حکم بھیجا ہے
کہ جب تک کوئی پیغمبرؑ ہمارے پاس ایسی نیاز لے کر نہ آئے، جس کو آگ آ کر کھا جائے تب تک ہم اس پر
ایمان نہ لائیں گے۔ (اے پیغمبرؑ ان سے) کہہ دو کہ مجھ سے پہلے کئی پیغمبرؑ تمہارے پاس کھلی ہوئی نشانیاں
لے کر آئے اور وہ (معجزہ) بھی لائے جو تم کہتے ہو تو اگر سچے ہو تو تم نے ان کو قتل کیوں کیا؟ (183) پھر
اگر یہ لوگ تم کو سچا نہ سمجھیں تو تم سے پہلے بہت سے پیغمبرؑ کھلی ہوئی نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتابیں لیکر آ
چکے ہیں اور لوگوں نے ان کو بھی سچا نہیں سمجھا (184) ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے۔ اور تم کو قیامت
کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا، تو جو شخص آتش جہنم سے دور رکھا گیا اور بہشت میں
داخل کیا گیا وہ مُراد کو پہنچ گیا، اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کا سامان ہے (185) تمہارے مال و جان
میں تمہاری آزمائش کی جائے گی، اور تم اہل کتاب سے اور ان لوگوں سے، جو مشرک ہیں، بہت سی ایذا کی
باتیں سنو گے۔ تو اگر صبر اور پرہیز گاری کرتے رہو گے تو یہ بہت بڑی ہمت کے کام ہیں (186)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بیان، الفاظ 2۔ غریب
- 1۔ ناجائز، غلط 2۔ لکھنا
- 1۔ آگ 2۔ جلن، درد
- بالکل بھی
- کرشمہ، انہونی بات، چمتکار
- آسمانی کتاب
- ذی وجود
- خواہش، منزل
- تکلیف
- حوصلہ، صبر، محنت

حوالہ جات:

یونس:21، انفطار:10 تا 12
مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	حوالہ جات

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۬ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ⑱⑦ (187) لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا
تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (188) وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ
قَدِيْرٌ (189) اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (190) الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ
اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (191) رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ (192) رَبَّنَآ اِنَّنَا
سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِیْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الْاَبْرَارِ (193)

اور جب خدا نے ان لوگوں سے جن کو کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار لیا کہ (جو کچھ اس میں لکھا ہے) اسے
صاف صاف بیان کرتے رہنا۔ اور اس (کی کسی بات) کو نہ چھپانا تو انہوں نے اس کو پس پشت پھینک دیا اور اس
کے بدلے تھوڑی سی (دنیاوی) قیمت حاصل کی۔ یہ جو کچھ حاصل کرتے ہیں بُرا ہے (187) جو لوگ اپنے (ناپسند)
کاموں سے خوش ہوتے ہیں اور (پسندیدہ کام) جو کرتے نہیں، ان کے لئے چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف کی
جائے ان کی نسبت خیال نہ کرنا کہ وہ عذاب سے رستگار ہو جائیں گے۔ اور انہیں درد دینے والا عذاب ہو
گا (188) اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کو ہے۔ اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (189) بیشک آسمانوں
اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں
ہیں (190) جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور
کرتے (اور یقین سے کہتے ہیں کہ) اے پروردگار! تُو نے اس (سب کچھ) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا، تُو پاک
ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو (191) اے پروردگار! جس کو تُو نے دوزخ میں
ڈالا اسے رُسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں (192) اے پروردگار! ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ
ایمان کے لئے پکار رہا تھا (یعنی اپنے) پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار! ہمارے
گناہ معاف فرما اور ہماری بُرائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا (193)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ دی گئی تھی 2۔ عہد

پیٹھ پیچھے

1۔ کے بارے میں 2۔ چھٹکارا، خلاصی

1۔ ذلیل 2۔ آواز، پکار

دُور کر، ختم کر دے

حوالہ جات:

شعراء:24،23

حوالہ جات	سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن	مشکل الفاظ کے معانی

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (194) فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّىْ
لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ
وَاُوْذُوْا فِىْ سَبِيْلِىْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا
مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ (195) لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِى الْبِلَادِ ؕ (196) مَتَاعٌ قَلِيْلٌ قف ثُمَّ
مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (197) لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا
نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ (198) وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ
وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
سَرِيْعُ الْحِسَابِ (199) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (200) ع

اے پروردگار! تُو نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروںؑ کے ذریعے سے وعدے کئے ہیں، وہ
ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجیو۔ کچھ شک نہیں کہ تُو خلاف وعدہ نہیں کرتا (194)
تو ان کے پروردگار نے ان کی دعا قبول کر لی (اور فرمایا) کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مرد ہو یا
عورت ضائع نہیں کرتا۔ تم ایک دوسرے کی جنس ہو تو جو لوگ میرے لئے وطن چھوڑ گئے اور اپنے گھروں
سے نکالے گئے اور ستائے گئے اور لڑے اور قتل کئے گئے۔ میں ان کے گناہ دور کر دوں گا، اور ان کو
بہشتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ (یہ) خدا کے ہاں سے بدلا ہے۔ اور خدا کے
ہاں اچھا بدلا ہے (195) (مومنو!) کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں دھوکا نہ دے (196) (یہ
دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ ہے پھر (آخرت میں) تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ بُری جگہ ہے (197)
لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لئے باغ ہیں، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اور)
ان میں ہمیشہ رہیں گے (یہ) خدا کے ہاں سے (ان کی) مہمانی ہے۔ اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ
نیکوکاروں کے لئے بہت اچھا ہے (198) اور بعض اہل کتاب ایسے بھی ہیں جو خدا پر اور اس (کتاب)
پر جو تم پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور خدا کے آگے عاجزی کرتے ہیں اور خدا کی آیتوں کے بدلے
تھوڑی سی قیمت نہیں لیتے یہی لوگ ہیں جن کا صلہ ان کے پروردگار کے ہاں (تیار) ہے۔ اور خدا جلد
حساب لینے والا ہے (199) اے اہل ایمان! (شیطان کے مقابلے میں) ثابت قدم رہو اور استقامت
رکھو اور (احکام خدا پر) جمے رہو۔ اور خدا سے ڈرو تاکہ مُراد حاصل کرو (200)

مشکل الفاظ کے معانی:
- عطا فرما، رسوانہ کیجیو: 1۔دے 2۔کرنا
- جنس: مال،نوع
- ستائے گئے: تنگ کئے گئے
- بدلا: صلہ،معاوضہ
- نیکوکاروں: نیک کام والے لوگ
- صلہ: بدلا،اجر
- ثابت قدم رہو، استقامت: 1۔پاؤں جمائے رکھو 2۔مضبوطی
- جمے رہو، مُراد: 1۔ڈٹے رہو 2۔خواہش،منزل

حوالہ جات: اعراف: 17,16

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی
	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا	
	وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ① وَاٰتُوا الْيَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَلَا	
	تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۖ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ② وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا	
	تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ	
	مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ③ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَىْءٍ مِّنْهُ	
	نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ④ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا	
	وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤	

ترجمہ سورت نساء

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو، جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا (یعنی اول) اس سے اس کا جوڑا بنایا	پہلے
	پھر ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت (پیدا کر کے روئے زمین پر) پھیلا دیئے، اور خدا سے،	1۔بہت سے 2۔زمین کی سطح پر
نساء:22،23	جس کے نام کو تم اپنی حاجت براری کا ذریعہ بناتے ہو، ڈرو اور (ممنوعہ) رشتوں کے توڑنے سے (بچو)۔	1۔ضرورتیں پوری کرنا 2۔منع کئے گئے
	کچھ شک نہیں کہ خدا تمہیں دیکھ رہا ہے (1) اور یتیموں کا مال (جو تمہاری تحویل میں ہو) ان کے حوالے	پاس،نگرانی
	کر دو اور ان کے پاکیزہ (اور عمدہ) مال کو (اپنے ناقص اور) بُرے مال سے نہ بدلو اور نہ ان کا مال	1۔بہت خوب 2۔گھٹیا
	اپنے مال میں ملا کر کھاؤ، کہ یہ بڑا سخت گناہ ہے (2) اور اگر تم کو اس بات کا خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے	
آئندہ حصّوں میں دیکھئے	بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو ان کے سوا جو عورتیں تم کو پسند ہوں، دو دو یا تین تین یا چار چار ان سے	علاوہ
نساء:129	نکاح کر لو، اگر اس بات کا اندیشہ ہو کہ (سب عورتوں سے) یکساں سلوک نہ کر سکو گے تو (نکاح	1۔فکر،سوچ 2۔برابر
ہود:44، ابراہیم:27، عنکبوت:49 لقمٰن:31، 32، شوریٰ:45 حشر:16، 17، ممتحنہ:3	کے لئے) ایک عورت ہے، یا لونڈی جس کے تم مالک ہو۔ اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے (3)	خادمہ، کام کرنے والی
	اور عورتوں کے مہر خوشی سے دے دیا کرو ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو	
	اسے ذوق وشوق سے کھا لو (4) اور بے عقلوں کو ان کا مال، جسے خدا نے تم لوگوں کے لئے سبب معیشت بنایا	1۔کھلے دل سے، مزے لیکر 2۔روزگار کا ذریعہ
	ہے مت دو۔ (ہاں) اس میں سے ان کو کھلاتے اور پہناتے رہو اور ان سے معقول باتیں کہتے رہو (5)	مناسب

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ
اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا دَفَعْتُمْ
اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ⑥ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠
وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ⑦ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ
اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْھُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑧ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ
خَلْفِھِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ⑨ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى
ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ⑩

اور یتیموں کو نکاح کی عمر (یعنی بالغ ہونے) تک کام کاج میں مصروف رکھو۔ پھر (بالغ ہونے پر) اگر ان میں عقل کی پختگی دیکھو تو ان کا مال ان کے حوالے کر دو، اور اس خوف سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (یعنی بڑے ہو کر تم سے اپنا مال واپس لے لیں گے) اس کو فضول خرچی اور جلدی میں نہ اڑا دینا اور جو شخص آسودہ حال ہو اس کو (ایسے مال سے قطعی طور پر) پرہیز رکھنا چاہئے۔ اور جو بے مقدور ہو وہ مناسب طور پر (یعنی بقدر خدمت) کچھ لے لے اور جب ان کا مال ان کے حوالے کرنے لگو تو گواہ کر لیا کرو اور حقیقت میں تو خدا ہی (گواہ اور) حساب لینے والا کافی ہے (6) جو مال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تھوڑا ہو یا بہت، اس میں مردوں کا بھی حصہ ہے اور عورتوں کا بھی۔ یہ حصے (خدا کے) مقرر کئے ہوئے ہیں (7) اور جب میراث کی تقسیم کے وقت (غیر وارث) رشتہ دار اور یتیم اور محتاج آ جائیں تو ان کو بھی اس میں سے کچھ دے دیا کرو اور شیریں کلامی سے پیش آیا کرو (8) اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہئے، جو (ایسی حالت میں ہوں کہ) اپنے بعد ننھے ننھے بچے چھوڑ جائیں اور ان کو ان کی نسبت خوف ہو (کہ ان کے مرنے کے بعد ان بیچاروں کا کیا حال ہو گا) پس چاہئے کہ یہ خدا سے ڈریں اور معقول بات کہیں (9) جو لوگ یتیموں کا مال ناجائز طور پر کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں اور دوزخ میں ڈالے جائیں گے (10)

حوالہ جات: انعام:152

مشکل الفاظ کے معانی:
- عقلمندی
- خوشحال، امیر
- 1۔بالکل بھی 2۔دور رہنا 3۔غریب 4۔خدمت کے لحاظ سے
- 1۔میت کا مال 2۔جن کا وراثت میں حصہ نہ بنتا ہو
- 1۔ضرورت مند 2۔میٹھی گفتگو
- ان کے بارے میں
- 1۔جن کا کوئی بس نہ چلے 2۔مناسب
- غلط طریقے سے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ
وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ
فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ
اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ⑪ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ
لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ
لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ
رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ
شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ⑫

خدا تمہاری اولاد کے بارے میں تم کو ارشاد فرماتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے، اور اگر اولاد میت صرف لڑکیاں ہی ہوں (یعنی دو یا) دو سے زیادہ تو کُل ترکے میں ان کا دو تہائی اور اگر صرف ایک لڑکی ہو تو اس کا حصہ نصف اور میت کے ماں باپ کا یعنی دونوں میں سے ہر ایک کا ترکے میں چھٹا حصہ، بشرطیکہ میت کے اولاد ہو، اور اگر اولاد نہ ہو اور صرف ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں تو ایک تہائی ماں کا حصہ اور اگر میت کے بھائی بھی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ (اور یہ تقسیم ترکہ میت کی) وصیت[1] (کی تعمیل[2]) کے بعد جو اس نے کی ہو یا قرض کے (ادا ہونے کے بعد جو اس کے ذمے ہو عمل میں آئے گی) تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ دادوں اور بیٹوں پوتوں میں سے فائدے کے لحاظ سے کون تم سے زیادہ قریب ہے۔ یہ حصے خدا کے مقرر کئے ہوئے ہیں اور خدا سب کچھ جاننے والا اور حکمت والا ہے (11) اور جو مال تمہاری عورتیں چھوڑ مریں، اگر ان کے اولاد نہ ہو تو اس میں نصف حصہ تمہارا اور اگر اولاد ہو تو ترکے میں تمہارا حصہ چوتھائی لیکن (یہ تقسیم) وصیت (کی تعمیل) کے بعد جو انہوں نے کی ہو یا قرض کے (ادا ہونے کے بعد جو ان کے ذمہ ہو کی جائے گی) اور جو مال تم (مرد) چھوڑ مرو، اگر تمہارے اولاد نہ ہو تو تمہاری عورتوں کا اس میں چوتھا حصہ اور اگر اولاد ہو تو ان کا آٹھواں حصہ (یہ حصے) تمہاری وصیت (کی تعمیل) کے بعد جو تم نے کی ہو اور (ادائے) قرض کے بعد تقسیم کئے جائیں گے اور اگر ایسے مرد یا عورت کی میراث ہو، جس کے نہ باپ ہو نہ بیٹا، مگر اس کے بھائی یا بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے۔ (یہ حصے بھی) ادائے وصیت و قرض کے بعد بشرطیکہ ان سے میت نے کسی کا نقصان نہ کیا ہو، (تقسیم کئے جائیں گے)۔ یہ خدا کا فرمان ہے اور خدا نہایت[1] علم والا (اور) نہایت حلم[2] والا ہے (12)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ترکے: مرنے والے کی جائیداد
- نصف: آدھا
- وارث: مالک
- وصیت، تعمیل: 1۔ مسافر یا مرنے والے کی تحریر یا نصیحت 2۔ عمل درآمدگی
- میراث: پراپرٹی، جائیداد
- نہایت، حلم: 1۔ بہت زیادہ 2۔ متحمل مزاج، بردبار، برداشت کرنے والے

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑬ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑭
وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي
الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ⑮ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا
وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ⑯ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ
بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ⑰ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ
لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ
كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑱

یہ (تمام احکام) خدا کی حدیں ہیں اور جو شخص خدا اور اس کے پیغمبرؐ کی فرمانبرداری کرے گا، خدا اس کو
بہشتوں میں داخل کرے گا۔ جن میں نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی
ہے (13) اور جو خدا اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کرے گا اور اس کی حدوں سے نکل جائے گا، اس کو خدا
دوزخ میں ڈالے گا، جہاں وہ ہمیشہ رہے گا۔ اور اس کو ذلت کا عذاب ہوگا (14) مسلمانو! تمہاری
عورتوں میں جو بدکاری[1] کا ارتکاب کر بیٹھیں، ان پر اپنے لوگوں میں سے چار شخصوں کی شہادت[2] لو۔ اگر وہ
(ان کی بدکاری کی) گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو۔ یہاں تک کہ موت ان کا کام تمام کر دے
یا خدا ان کے لئے کوئی اور سبیل[1] (پیدا) کرے (15) اور جو دو مرد تم میں سے بدکاری کریں تو ان کو ایذا[2]
دو، پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نیکوکار ہو جائیں تو ان کا پیچھا چھوڑ دو۔ بیشک خدا توبہ قبول کرنے والا (اور)
مہربان ہے (16) خدا انہیں لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے، جو نادانی سے بُری حرکت کر بیٹھتے ہیں، پھر جلد
توبہ کر لیتے ہیں۔ پس ایسے لوگوں پر خدا مہربانی کرتا ہے اور وہ سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے (17)
اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی، جو (ساری عمر) بُرے کام کرتے رہے، یہاں تک کہ جب ان میں
سے کسی کی موت آموجود ہو تو اس وقت کہنے لگے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ ان کی (توبہ قبول ہوتی ہے)
جو کفر کی حالت میں مریں، ایسے لوگوں کے لئے ہم نے عذاب الیم تیار کر رکھا ہے (18)

لفظ	مشکل الفاظ کے معانی
فرمانبرداری	حکم ماننا
نافرمانی	حکم نہ ماننا
ذلت	رسوائی
بدکاری، شہادت	1۔زنا 2۔گواہی
کام تمام کر دے	ان کو ختم کر دے
سبیل، ایذا	1۔صورت، راستہ 2۔سزا، تکلیف
نادانی	ناسمجھی
الیم	دردناک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات
	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيْنَ	
	بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ⑲ وَاِنْ	
	اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ⑳ وَكَيْفَ	
	تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ㉑ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا	
	قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ㉒ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ	
	وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِىْۤ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِىْ فِىْ	
	حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِىْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۫ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ	
	اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ㉓	
1۔اجازت نہیں، ٹھیک نہیں 2۔مالک	مومنو! تم کو جائز نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ اور (دیکھنا) اس نیت سے کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا،	بقرہ: 231
	اس میں سے کچھ لے لو۔ انہیں (گھروں میں) مت روک رکھنا۔ ہاں اگر وہ کھلے طور پر بدکاری کی مرتکب ہوں	
	(تو شرح خدا کی طرف رجوع کرو) اور ان کے ساتھ اچھی طرح سے رہو سہو۔ اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو عجب نہیں	آئندہ حصوں میں دیکھئے
خوبی، فائدہ	کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور خدا اس میں سے بہت سی بھلائی پیدا کر دے (19) اور اگر تم ایک عورت کو چھوڑ کر	
نامناسب	دوسری عورت کرنی چاہو، اور پہلی عورت کو بہت سا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ مت لینا، بھلا تم ناجائز	
صاف، سیدھا	طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لو گے؟ (20) اور تم دیا ہوا مال کیونکر واپس لے سکتے ہو، جبکہ تم	
1۔مباشرت، ہمبستری 2۔پکا وعدہ	ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کر چکے ہو، اور وہ تم سے عہد واثق بھی لے چکی ہیں؟ (21) اور جن عورتوں	
	سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو، ان سے نکاح مت کرنا، مگر (جاہلیت میں) جو ہو چکا (سو ہو چکا)۔ یہ	نساء: 1، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے
طریق، رسم ورواج	نہایت بے حیائی اور (خدا کی) ناخوشی کی بات تھی اور بہت بُرا دستور تھا (22) تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں	
	اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا اور	
جس نے تمہاری ماں کا دودھ پیا ہو	رضاعی بہنیں اور ساسیں حرام کر دی گئی ہیں اور جن عورتوں سے تم مباشرت کر چکے ہو، ان کی لڑکیاں، جنہیں تم	
پالنا	پرورش کرتے ہو (وہ بھی تم پر حرام ہیں) ہاں اگر ان کے ساتھ تم نے مباشرت نہ کی ہو تو (ان کی لڑکیوں کے	
اپنے بیٹے	ساتھ نکاح کر لینے میں) تم پر کچھ گناہ نہیں۔ تمہارے صُلبی بیٹوں کی عورتیں بھی اور دو بہنوں کا اکٹھا کرنا	
	بھی (حرام ہے) مگر جو ہو چکا (سو ہو چکا)، بیشک خدا بخشنے والا (اور) رحم والا ہے (23)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات
	وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ	
	مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ ۢ	
	بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (24) وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا	
	مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْ ۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ	
	اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ	
	مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (25) ع	
	يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (26) وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۫	
	وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا (27) يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا (28)	
قید	اورشوہروالی عورتیں بھی (تم پرحرام ہیں) مگروہ جو (کفر سے بھاگ کر) تمہارے قبضے میں آجائیں۔ (یہ حکم)	ممتحنہ:10
علاوہ	خدا نے تم کولکھ دیا ہے اوران (عورتوں) کے سوا اورعورتیں تم کوحلال ہیں۔اس طرح سے کہ مال خرچ کر کے	
1۔غرض 2۔پارسائی، پاکدامنی 3۔جنسی خواہش	ان سے نکاح کرلو۔بشرطیکہ (نکاح سے) مقصود عفت قائم رکھنا ہو نہ شہوت رانی، تو جن عورتوں سے تم فائدہ	
کم یا زیادہ	حاصل کرو، ان کا مہر، جو مقرر کیا ہوا دا کردو اور اگر مقرر کرنے کے بعد آپس کی رضا مندی سے مہر میں کمی بیشی	
	کرلو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔بیشک خدا سب کچھ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (24) اور جو شخص تم میں سے	
1۔صلاحیت 2۔خادمہ	مومن آزاد عورتوں سے نکاح کرنے کا مقدور نہ رکھے تو مومن لونڈیوں میں سے، جو تمہارے قبضے میں آ گئی	
ایک ہی نوع	ہوں (نکاح کرلے) اور خدا تمہارے ایمان کواچھی طرح جانتا ہے۔تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو، تو ان	
رسم ورواج	لونڈیوں کیساتھ ان کے مالکوں سے اجازت حاصل کر کے نکاح کرلو، اور دستور کے مطابق ان کا مہر بھی ادا کردو،	
پاکدامن، پارسا	بشرطیکہ عفیفہ ہوں نہ ایسی کہ کُھلم کُھلا بدکاری کریں اور نہ درپردہ دوستی کرنا چاہیں۔پھر اگر نکاح میں آ کر بدکاری کا	
جرم کرنا	ارتکاب کر بیٹھیں تو جو سزا آزاد عورتوں کے لئے ہے، اس کی آدھی ان کو (دی جائے) یہ (لونڈی کے ساتھ نکاح	
خطرہ، سوچ	کرنے کی) اجازت اس شخص کو ہے جسے گناہ کر بیٹھنے کا اندیشہ ہو۔اور اگر صبر کرو تو یہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے، اور	
	خدا بخشنے والا مہربان ہے (25) خدا چاہتا ہے کہ (اپنی آیتیں) تم سے کھول کھول کر بیان فرمائے اور تم کو اگلے لوگوں	
	کے طریقے بتائے اور تم پر مہربانی کرے۔اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (26) اور خدا تو چاہتا ہے کہ تم پر	
بھول کر	مہربانی کرے اور جو لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے رستے سے بھٹک کر دور جا	
1۔وزن 2۔طبیعت، مزاج	گرو (27) خدا چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کرے اور انسان (طبعاً) کمزور پیدا کیا گیا ہے (28)	نساء:128 حدید:20 تغابن:16 عادیات:6تا8

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۗ وَلَا تَقْتُلُوْٓا
اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا (29) وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ
يَسِيْرًا (30) اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا (31) وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا
فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْئَلُوا اللّٰهَ
مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (32) وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ
فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا (33) اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ
عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ
فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا (34)

مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔ ہاں اگر آپس کی رضامندی سے تجارت کا لین دین ہو (اور اس سے
مالی فائدہ ہو جائے تو وہ جائز ہے) اور اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو، کچھ شک نہیں کہ خدا تم پر مہربان ہے (29) اور
جو تعدی وظلم سے ایسا کرے گا، ہم اس کو عنقریب جہنم میں داخل کریں گے اور یہ خدا کو آسان ہے (30)
اگر تم بڑے بڑے گناہوں سے، جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے، اجتناب رکھو گے تو ہم تمہارے گناہ معاف کر دیں
گے اور تمہیں عزت کے مکانوں میں داخل کریں گے (31) اور جس چیز میں خدا نے تم میں سے بعض کو بعض پر
فضیلت دی ہے، اس کی ہوس مت کرو، مردوں کو ان کاموں کا ثواب ہے، جو انہوں نے کئے اور عورتوں کو ان
کاموں کا ثواب ہے، جو انہوں نے کئے اور خدا سے اس کا فضل (وکرم) مانگتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز
سے واقف ہے (32) اور جو مال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تو (حقداروں میں تقسیم کر دو کہ) ہم نے ہر
ایک کے حقدار مقرر کر دیئے ہیں۔ اور جن لوگوں سے تم عہد کر چکے ہو، ان کو بھی ان کا حصہ دو۔ بیشک خدا ہر چیز
کے سامنے ہے (33) مرد عورتوں پر حاکم و مسلط ہیں، اس لئے کہ خدا نے بعض کو بعض سے افضل بنایا ہے اور
اس لئے بھی کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔ تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کے پیٹھ
پیچھے خدا کی حفاظت میں (ہر طرح سے) خبرداری کرتی ہیں، اور جن عورتوں کی نسبت تمہیں معلوم ہو کہ (اللہ
کے احکام سے) نافرمانی (یا سرکشی) کرنے لگی ہیں تو (پہلے) ان کو (زبانی) سمجھاؤ (اگر نہ سمجھیں تو) پھر ان کے
ساتھ سونا ترک کر دو، اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو پھر زدوکوب کرو اور اگر فرمانبردار ہو جائیں تو پھر ان کو ایذا
دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو۔ بیشک خدا سب سے اعلیٰ (اور) جلیل القدر ہے (34)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ناجائز 2۔مشورہ، باہمی خوشی
- درست
- حد سے بڑھ جانا
- بچے رہنا
- 1۔بڑائی، برتری 2۔لالچ
- 1۔مالک ہونا، حصہ دار 2۔وعدہ
- 1۔غالب ہونا 2۔بڑائی ہونا
- 1۔خبر رکھنا 2۔کے بارے میں
- 1۔مارپیٹ 2۔سزا، تکلیف
- بڑی شان والا، نہایت معزز

حوالہ جات

نفال:29، فرقان:70

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی
	وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ	
	اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿35﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى	
	وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۗ	
	اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ﴿36﴾ ۨالَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ	
	اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۗ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿37﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا	
	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۗ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿38﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا	
	مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿39﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ	
	لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿40﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿41﴾	
	اور اگر تم کو معلوم ہو کہ میاں بیوی میں اَن بن ہے تو ایک منصف مرد کے خاندان میں سے اور ایک منصف عورت	1۔ناموافقت، بگاڑ، رنجش 2۔انصاف کرنے والا
	کے خاندان میں سے مقرر کرو۔ وہ اگر صلح کرا دینی چاہیں گے تو خدا ان میں موافقت پیدا کر دے گا۔ کچھ شک	1۔راضی ہونا 2۔اتفاق، برابری
	نہیں کہ خدا سب کچھ جانتا اور سب باتوں سے خبردار ہے (35) اور خدا ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی	اللہ کا حکم ماننا
	چیز کو شریک نہ بناؤ۔ اور ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں اور محتاجوں اور رشتہ دار ہمسایوں اور اجنبی	1۔ساتھ والوں 2۔ضرورت مندوں 3۔ناواقف
	ہمسایوں اور رفقائے پہلو اور مسافروں اور جو لوگ تمہارے قبضے میں ہوں، سب کے ساتھ احسان کرو۔ کہ	پاس بیٹھنے والوں
	خدا (احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور) تکبر کرنے والے بڑائی مارنے والے، کو دوست نہیں	شیخی، تکبر وغیرہ والے
	رکھتا (36) جو خود بھی بخل کریں اور لوگوں کو بھی بخل سکھائیں اور جو (مال) خدا نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمایا	کنجوسی
	ہے، اسے چھپا چھپا کے رکھیں اور ہم نے ناشکروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے (37) اور خرچ بھی	رسوائی
	کریں تو (خدا کے لئے نہیں بلکہ) لوگوں کے دکھانے کو اور ایمان نہ خدا پر لائیں اور نہ روز آخرت پر۔ (ایسے	
	لوگوں کا ساتھی شیطان ہے) اور جس کا ساتھی شیطان ہوا تو (کچھ شک نہیں کہ) وہ بُرا ساتھی ہے (38) اور اگر یہ لوگ	
	خدا پر اور روز قیامت پر ایمان لاتے اور جو کچھ خدا نے ان کو دیا تھا اس میں سے خرچ کرتے تو ان کا کیا نقصان	
	ہوتا، اور خدا ان کو خوب جانتا ہے (39) خدا کسی کی ذرا بھی حق تلفی نہیں کرتا اور اگر نیکی (کی) ہوگی تو اس کو	کسی کے حق کو ختم کرنا
	دو چند کر دے گا اور اپنے ہاں سے اجر عظیم بخشے گا (40) بھلا اس دن کیا حال ہوگا؟ جب ہم ہر اُمت میں سے	1۔دوگنا 2۔بہت بڑا بدلہ
	احوال بتانے والے کو بلائیں گے اور تم کو (اے نبیؐ) ان لوگوں کا (حال بتانے کو) گواہ طلب کریں گے (41)	1۔حالات 2۔بلائیں گے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿42﴾ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىْ سَبِيْلٍ حَتّٰى
تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا
مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿43﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ
اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿44﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿45﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا
وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا ۢ بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا
وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿46﴾

اس روز کافر اور پیغمبرؐ کے نافرمان آرزو کریں گے کہ کاش ان کو زمین میں مدفون کر کے مٹی برابر کر دی
جاتی۔ اور خدا سے کوئی بات چُھپا نہیں سکیں گے (42) مومنو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تو جب تک (ان
الفاظ کو) جو منہ سے کہو، سمجھنے (نہ) لگو، نماز کے پاس نہ جاؤ اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے پاس نہ
جاؤ) جب تک کہ غسل (نہ) کرلو۔ ہاں اگر بحالت سفر رستے چلے جا رہے ہو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا کوئی
تم میں سے بیت الخلا سے ہو کر آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی لو اور منہ
اور ہاتھوں کا مسح (کر کے) تیمّم کرلو۔ بیشک خدا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے (43) بھلا تم نے ان
لوگوں کو نہیں دیکھا، جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا تھا۔ وہ گمراہی کو خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی رستے سے
بھٹک جاؤ (44) اور خدا تمہارے دشمنوں سے خوب واقف ہے۔ اور خدا ہی کافی کارساز اور کافی مددگار
ہے (45) اور یہ جو یہودی ہیں ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ کلمات کو ان کے مقامات سے بدل دیتے
ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور سنیئے نہ سنوائے جاؤ اور زبان کو مروڑ کر اور دین میں طعن کی
راہ سے (تم سے گفتگو کے وقت) راعنا کہتے ہیں۔ اور اگر (یوں) کہتے کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا
اور (صرف) اِسمع اور (راعنا کی جگہ) انظرنا (کہتے) تو ان کے حق میں بہتر ہوتا اور بات بھی درست ہوتی۔
لیکن خدا نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے۔ تو یہ کچھ تھوڑے ہی ایمان لاتے ہیں (46)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔حکم نہ ماننے والے 2۔شدید خواہش 3۔دفن کرنا
- مباشرت یا اختلام کے بعد کی ناپاکی
- مباشرت یا صحبت کرنا
- چُھونا، ہاتھ پھیرنا
- 1۔بھول جاؤ، پھسل جاؤ 2۔کام بنانے والا
- الفاظ
- 1۔دھرا کرنا 2۔طنز
- طرح سے
- 1۔مخصوص الفاظ
- کی وجہ سے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى
اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿47﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ
وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿48﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ
اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿49﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى
بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿50﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ
كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿51﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ
نَصِيْرًا ﴿52﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿53﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَاۤ اٰتٰىهُمُ
اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَاۤ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿54﴾

اے کتاب والو! قبل اس کے کہ ہم لوگوں کے مونہوں کو بگاڑ کر ان کو پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ان پر اس طرح
لعنت کریں جس طرح ہفتے والوں پر کی تھی۔ ہماری نازل کی ہوئی کتاب پر، جو تمہاری کتاب کی بھی تصدیق
کرتی ہے، ایمان لے آؤ۔ اور خدا نے جو حکم فرمایا سو (اب وہ) ہو چکا (47) خدا اس گناہ کو نہیں بخشے گا کہ کسی
کو اس کا شریک بنایا جائے اور اس کے سوا اور گناہ جس کو چاہے معاف کر دے۔ اور جس نے خدا کا شریک
مقرر کیا، اس نے بڑا بہتان باندھا (48) کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا، جو اپنے تئیں پاکیزہ کہتے ہیں؟
نہیں بلکہ خدا ہی جس کو چاہتا ہے پاکیزہ کرتا ہے اور ان پر دھاگے برابر بھی ظلم نہیں ہوگا (49) دیکھو یہ خدا پر
کیسا جھوٹ (بہتان) باندھتے ہیں۔ اور یہی گناہ صریح کافی ہے (50) بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا،
جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا ہے کہ بتوں اور شیطان کو مانتے ہیں اور کفار کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ لوگ
مومنوں کی نسبت سیدھے رستے پر ہیں (51) یہی لوگ ہیں، جن پر خدا نے لعنت کی ہے اور جس پر خدا لعنت
کرے تو تم اس کا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے (52) کیا ان کے پاس بادشاہی کا کچھ حصہ ہے (تو) لوگوں کو
تل برابر بھی نہ دیں گے (53) یا جو خدا نے لوگوں کو اپنے فضل سے دے رکھا ہے اس کا حسد کرتے ہیں۔ تو
ہم نے خاندان ابراہیمؑ کو کتاب اور دانائی عطا فرمائی تھی اور سلطنت عظیم بھی بخشی تھی (54)

مشکل الفاظ کے معانی

- تصدیق: درست کہنا، تائید کرنا
- 1۔ بہتان 2۔ اپنے تئیں: 1۔ جھوٹا الزام 2۔ اپنے آپ کو
- دھاگے برابر: معمولی
- صریح: صاف
- کی نسبت: کی بجائے، کے مقابلے میں
- 1۔ تل برابر 2۔ حسد: 1۔ ذرا سا 2۔ جلن
- سلطنت: بادشاہی، حکومت

حوالہ جات

- عمران: 81، 82
- نحل: 40 قمر: 50
- نساء: 116، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے
- نجم: 32

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿55﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ
كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿56﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ؗ
وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿57﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا
بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا ۢ بَصِيْرًا ﴿58﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ
وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ
خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿59﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ﴿60﴾

پھر لوگوں میں سے کسی نے تو اس کتاب کو مانا اور کوئی اس سے رُکا (اور ہٹا) رہا۔ تو ان نہ ماننے والوں (کے
جلانے) کو دوزخ کی جلتی ہوئی آگ کافی ہے (55) جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیا، ان کو ہم عنقریب
آگ میں داخل کریں گے۔ جب ان کی کھالیں گل (اور جل) جائیں گی تو ہم اور کھالیں بدل دیں گے تاکہ
(ہمیشہ) عذاب (کا مزا) چکھتے رہیں۔ بیشک خدا غالب حکمت والا ہے (56) اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل
نیک کرتے رہے ان کو ہم بہشتوں میں داخل کریں گے، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ
رہیں گے۔ وہاں ان کے لئے پاک بیبیاں ہیں اور ہم انکو گھنے سائے میں داخل کریں گے (57) خدا تم کو حکم
دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو۔ اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے
فیصلہ کیا کرو۔ خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے۔ بیشک خدا سنتا (اور) دیکھتا ہے (58) مومنو! خدا اور اسکے
رسولؐ کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی۔ اور اگر کسی بات میں تم میں
اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسولؐ (کے حکم) کی طرف
رجوع کرو۔ یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے (59) کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا، جو
دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ جو (کتاب) تم پر نازل ہوئی، اور جو (کتابیں) تم سے پہلے نازل ہوئیں ان سب پر
ایمان رکھتے ہیں اور چاہتے یہ ہیں کہ اپنا مقدمہ ایک سرکش کے پاس لے جا کر فیصلہ کرائیں، حالانکہ ان کو حکم دیا
گیا تھا کہ اس سے اعتقاد[1] نہ رکھیں اور شیطان (تو یہ) چاہتا ہے کہ ان کو بہکا کر[2] رستے سے دور ڈال دے (60)

مشکل الفاظ کے معانی:
- کھالیں: جلدیں
- بیبیاں: عورتیں، بیویاں
- صاحب حکومت: حکومت والے
- اختلاف: خلاف ہوجانا
- مآل: نتیجہ، انجام
- سرکش: باغی، مشرک
- 1۔ یقین، ایمان 2۔ ورغلا کر، دھوکے سے

حوالہ جات:
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿61﴾ فَكَيْفَ
اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿62﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا ۢ بَلِيْغًا ﴿63﴾
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ
وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿64﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ
بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿65﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا
اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا
لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿66﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿67﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿68﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو حکم خدا نے نازل فرمایا ہے اس کی طرف (رجوع کرو) اور پیغمبرؐ کی طرف آؤ تو
تم منافقوں کو دیکھتے ہو کہ تم سے اعراض کرتے اور رُکے جاتے ہیں (61) تو کیسی (ندامت کی) بات ہے
کہ جب ان کے اعمال (کی شامت) سے ان پر کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو تمہارے پاس بھاگے آتے ہیں۔
اور قسمیں کھاتے ہیں کہ واللہ ہمارا مقصود تو بھلائی اور موافقت تھا (62) ان لوگوں کے دلوں میں جو جو کچھ ہے
خدا اس کو خوب جانتا ہے۔تم ان (کی باتوں) کا کچھ خیال نہ کرو اور ان کو نصیحت کرو اور ان سے ایسی باتیں کہو جو
ان کے دلوں پر اثر کر جائیں (63) اور ہم نے جو پیغمبرؐ بھیجا ہے اس لئے بھیجا ہے کہ خدا کے فرمان کے مطابق اس
کا حکم مانا جائے، اور یہ لوگ جب اپنے حق میں ظلم کر بیٹھے تھے، اگر تمہارے پاس آتے اور خدا سے (اپنے گناہ
کی) بخشش مانگتے اور رسولؐ (خدا) بھی ان کے لئے بخشش طلب کرتے تو خدا کو معاف کرنے والا (اور) مہربان
پاتے (64) تمہارے پروردگار کی قسم! یہ لوگ جب تک اپنے تنازعات میں تمہیں منصف نہ بنائیں اور جو فیصلہ تم
کر دو اس سے اپنے دل میں تنگ نہ ہوں بلکہ اس کو خوشی سے مان لیں تب تک مومن نہیں ہوں گے (65) اور اگر
ہم انہیں حکم دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے گھر چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں تھوڑے ہی ایسا کرتے۔اور اگر
یہ اس نصیحت پر کاربند ہوتے جو ان کو کی جاتی ہے تو ان کے حق میں بہتر اور (دین میں) زیادہ ثابت قدمی کا
موجب ہوتا (66) اور ہم ان کو اپنے ہاں سے اجر عظیم بھی عطا فرماتے (67) اور سیدھا رستہ بھی دکھاتے (68)

مشکل الفاظ کے معانی:

- منافقوں / اعراض / ندامت: 1۔ریاکار، دورُخا ہونا 2۔منہ پھیرنا 3۔شرمندگی
- شامت: سزا، مصیبت
- مقصود / موافقت: 1۔مطلب، چاہت 2۔اتفاق
- فرمان: آیاتِ الٰہی
- ظلم: گناہ
- تنازعات / منصف: 1۔جھگڑے 2۔انصاف کرنے والا
- خوشی سے مان لیں: سچے دل سے قبول کرلیں
- کاربند / ثابت قدمی: 1۔عمل کرتے 2۔قدم جمانا
- موجب: ذریعہ، سبب

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ
وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿69﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿70﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿71﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ
اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿72﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ
وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿73﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿74﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿75﴾

آئندہ حصوں میں دیکھئے

اور جولوگ خدا اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں وہ (قیامت کے روز) ان لوگوں کے
ساتھ ہوں گے، جن پر خدا نے بڑا فضل کیا یعنی انبیاءؑ اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ اور ان لوگوں
کی رفاقت بہت ہی خوب ہے (69) یہ خدا کا فضل ہے اور خدا جاننے والا کافی ہے (70) مومنو!
(جہاد کے لئے) ہتھیار لے لیا کرو۔ پھر یا تو جماعت جماعت ہوکر نکلا کرو یا سب اکٹھے کوچ کیا کرو
(71) اور تم میں کوئی ایسا بھی ہے کہ (عمداً) دیر لگاتا ہے، پھر اگر تم پر کوئی مصیبت پڑ جائے تو کہتا
ہے کہ خدا نے مجھ پر بڑی مہربانی کی کہ میں ان میں موجود نہ تھا (72) اور اگر خدا تم پر فضل کرے تو
اس طرح سے کہ گویا[1] تم میں دوستی تھی ہی نہیں (افسوس کرتا اور) کہتا ہے کہ کاش[2]! میں بھی ان کے
ساتھ ہوتا تو مقصدِ عظیم حاصل کرتا (73) تو جو لوگ آخرت (کو خریدتے اور اس) کے بدلے دنیا کی
زندگی کو بیچنا چاہتے ہیں، ان کو چاہئے کہ خدا کی راہ میں جنگ کریں اور جو شخص خدا کی راہ میں جنگ
کرے، پھر شہید ہو جائے یا غلبہ پائے، ہم عنقریب اس کو بڑا ثواب دیں گے (74) اور تم کو کیا ہوا
ہے کہ خدا کی راہ میں ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے، جو دعائیں کیا
کرتے ہیں کہ اے پروردگار! ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے
جا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا، اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما (75)

لفظ	معنی
اطاعت	حکم ماننا
صدیق	سچے
رفاقت	دوستی، ساتھ
کوچ کیا کرو	چلا کرو، نکلا کرو
عمداً	ارادے سے، سوچ کر، جان کر
گویا، کاش	1۔جیسے 2۔افسوس کا کلمہ
مقصدِ عظیم	بڑی مراد
عنقریب	بہت جلد
بے بس	کچھ نہ کر سکنا
حامی	حمایت کرنا، ساتھ دینا

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ
كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا (76) اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا
كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ
عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۗ وَلَا تُظْلَمُوْنَ
فَتِيْلًا (77) اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۗ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ
عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۗ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ
يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا (78) مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۫ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۗ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ
رَسُوْلًا ۗ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (79) مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا (80)

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	جومومن ہیں وہ تو خدا کے لئے لڑتے ہیں، اور جو کافر ہیں وہ بتوں کے لئے لڑتے ہیں سو تم شیطان کے مدد گاروں سے	کوئی بھی شریک
	لڑو۔(اور ڈرو مت) کیونکہ شیطان کا داؤ بودا ہوتا ہے (76) بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو (پہلے یہ) حکم دیا	بے وزن، ناکارہ، کمزور
	گیا تھا کہ اپنے ہاتھوں کو (جنگ سے) روکے رہو اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو پھر جب ان پر جہاد فرض کر دیا گیا	ضروری
	تو بعض لوگ ان میں سے لوگوں سے یوں ڈرنے لگے جیسے خدا سے ڈرا کرتے ہیں، بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اور	
	بڑبڑانے لگے کہ اے خدا تو نے ہم پر جہاد (جلد) کیوں فرض کر دیا؟ تھوڑی مدت اور ہمیں کیوں مہلت نہ دی؟	1۔بکواس کرنے لگے 2۔رعایت
	(اے پیغمبرؐ اُن سے) کہہ دو کہ دنیا کا فائدہ بہت تھوڑا ہے، اور بہت اچھی چیز تو پرہیز گار کے لئے (نجات) آخرت	چھٹکارا، رہائی، مخلصی، بخشش
	ہے، اور تم پر دھاگے کے برابر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا (77) (اے جہاد سے ڈرنے والو!) تم کہیں رہو موت تو	معمولی سا
	تمہیں آ کر رہے گی خواہ بڑے بڑے محلوں میں رہو۔ اور اگر ان لوگوں کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو (اے محمدؐ تم سے) کہتے	لازمی آئے گی
	ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے۔ اور اگر کوئی گزند پہنچتا ہے تو (اے محمدؐ تم سے) کہتے ہیں کہ یہ (گزند) آپ کی وجہ	نقصان
	سے (ہمیں پہنچا) ہے۔ کہہ دو کہ (رنج و راحت) سب اللہ ہی کی طرف سے ہے، ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ بات بھی	غم اور خوشی
	نہیں سمجھ سکتے (78) (اے آدم زادا!) تجھ کو جو فائدہ پہنچے وہ خدا کی طرف سے ہے، اور جو نقصان پہنچے وہ تیری	آدم کی اولاد
	ہی (شامت اعمال کی) وجہ سے ہے، اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو لوگوں (کو ہدایت کرنے) کے لئے پیغمبرؐ بنا کر بھیجا ہے	سزا، مصیبت
عمران:20 نساء:64 مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے	اور (اس بات کا) خدا ہی گواہ کافی ہے (79) جو شخص رسولؐ کی فرمانبرداری کرے گا تو بیشک اس نے خدا کی فرمانبرداری کی	حکم ماننا
	اور جو نافرمانی کرے تو (اے پیغمبرؐ) تمہیں ہم نے ان کا نگہبان بنا کر نہیں بھیجا ہے (80)	1۔حکم نہ ماننا 2۔محافظ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ
عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿81﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ
اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿82﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ
لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿83﴾ فَقَاتِلْ فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا
وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿84﴾ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ مُّقِيْتًا ﴿85﴾ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ
شَىْءٍ حَسِيْبًا ﴿86﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿87﴾ ع

اور یہ لوگ منہ سے تو کہتے ہیں کہ (آپ کی) فرمانبرداری (دل سے منظور) ہے، لیکن جب تمہارے پاس سے چلے جاتے ہیں تو ان میں سے بعض لوگ رات کو تمہاری باتوں کے خلاف مشورے کرتے ہیں اور جو مشورے یہ کرتے ہیں خدا ان کو لکھ لیتا ہے تو ان کا کچھ خیال نہ کرو اور خدا پر بھروسہ رکھو اور خدا ہی کافی کارساز ہے (81) بھلا یہ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے؟ اگر یہ خدا کے سوا کسی اور کا (کلام) ہوتا تو اس میں اختلاف پاتے (82) اور جب ان کے پاس امن یا خوف کی کوئی خبر پہنچتی ہے تو اسے مشہور کر دیتے ہیں، اور اگر اس کو پیغمبرؐ اور اپنے سرداروں کے پاس پہنچا دیتے تو تحقیق کرنے والے اس کی تحقیق کر لیتے اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو چند اشخاص کے سوا سب شیطان کے پیرو ہو جاتے (83) تو (اے محمدؐ) خدا کی راہ میں لڑو۔ تم اپنے سوا کسی کے ذمہ دار نہیں ہو اور مومنوں کو بھی ترغیب دو۔ قریب ہے کہ خدا کافروں کی لڑائی کو بند کر دے، اور خدا لڑائی کے اعتبار سے بہت سخت ہے اور سزا کے لحاظ سے بھی بہت سخت ہے (84) جو شخص نیک بات کی سفارش کرے تو اس کو اس (کے ثواب) میں سے حصہ ملے گا۔ اور جو بُری بات کی سفارش کرے تو اس کو اس (کی بُرائی) میں سے حصہ ملے گا۔ اور خدا ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (85) اور جب تم کو کوئی دعا دے تو (جواب میں) تم اس سے بہتر (کلمے) سے (اسے) دعا دو یا انہیں لفظوں سے دعا دو۔ بیشک خدا ہر چیز کا حساب لینے والا ہے (86) خدا (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ قیامت کے دن تم سب کو ضرور جمع کرے گا اور خدا سے بڑھ کر بات کا سچا کون ہے؟ (87)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔حکم ماننا 2۔قبول
- کچھ
- 1۔توجہ نہ کرو 2۔کام بنانے والا
- 1۔علاوہ 2۔بات 3۔تضاد
- اطمینان، تسلی
- پرکھنا، حقیقت معلوم کرنا
- پیچھے جانا
- 1۔توجہ کرانا 2۔لحاظ
- انعام، اجرت
- 1۔طاقت، صلاحیت 2۔الفاظ
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- اللہ کا حکم ماننا

حوالہ جات: نساء: 94

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ
يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿88﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ
حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿89﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ ۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ
يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ
وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿90﴾ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ
وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْۤا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْۤا
اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿91﴾

تو کیا سبب[1] ہے کہ تم منافقوں[2] کے بارے میں دو گروہ[3] ہو رہے ہو حالانکہ خدا نے ان کو ان کے کرتوتوں[4] کے
سبب اوندھا کر دیا ہے؟ کیا تم چاہتے ہو کہ جس شخص کو خدا نے گمراہ کر دیا ہے اس کو رستے پر لے آؤ؟ اور جس
شخص کو خدا گمراہ کر دے تو اس کے لئے کبھی بھی رستہ نہ پاؤ گے (88) وہ تو یہی چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ خود
کافر ہیں (اسی طرح) تم بھی کافر ہو کر (سب) برابر ہو جاؤ تو جب تک وہ خدا کی راہ میں وطن نہ چھوڑ جائیں ان
میں سے کسی کو دوست نہ بنانا۔ اگر (ترک وطن کو) قبول نہ کریں تو ان کو پکڑ لو اور جہاں پاؤ قتل کر دو۔ اور ان
میں سے کسی کو اپنا رفیق اور مددگار نہ بناؤ (89) مگر جو لوگ ایسے لوگوں سے جا ملے ہوں، جن میں اور تم میں
(صلح کا) عہد ہو یا اس حال میں کہ ان کے دل تمہارے ساتھ یا اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے رُک گئے ہوں،
تمہارے پاس آ جائیں (تو ان کے ساتھ لڑائی میں پہل نہیں کرنا) اور اگر خدا چاہتا تو ان کو تم پر غالب کر دیتا تو وہ
تم سے ضرور لڑتے۔ پھر اگر وہ تم سے (جنگ کرنے سے) کنارہ کشی کریں اور لڑیں نہیں اور تمہاری طرف
صلح (کا پیغام) بھیجیں تو خدا نے تمہارے لئے ان پر (زبردستی کرنے کی) کوئی سبیل مقرر نہیں کی (90) تم
کچھ اور لوگ ایسے بھی پاؤ گے، جو یہ چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں،
لیکن جب فتنہ انگیزی[1] کو بلائے جائیں تو اس میں اوندھے منہ گر پڑیں[2]۔ تو ایسے لوگ اگر تم سے (لڑنے سے)
کنارہ کشی نہ کریں اور نہ تمہاری طرف (پیغام) صلح بھیجیں اور نہ اپنے ہاتھوں کو روکیں تو ان کو پکڑ لو اور جہاں پاؤ
قتل کر دو۔ ان لوگوں کے مقابلے میں ہم نے تمہارے لئے سند صریح مقرر کر دی ہے (91)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔وجہ 2۔دورُخے لوگ 3۔پارٹی 4۔غلط کام
- اُلٹا، احمق، بیوقوف
- وطن چھوڑ دینا
- ساتھی، دوست
- دُور رہنا
- سند، راستہ
- 1۔سرکشی، شرک 2۔آگے کو گرنا، ذلیل ہونا
- صاف یا سیدھی دلیل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَاً ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَاً فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ
يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ
مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۫ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (92)
وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا (93) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ
مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا (94) لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ (95)

اور کسی مومن کو شایان نہیں کہ مومن کو مار ڈالے مگر بھول کر اور جو بھول کر بھی مومن کو مار ڈالے تو (ایک تو) ایک مسلمان غلام آزاد کردے اور (دوسرے) مقتول[1] کے وارثوں کو خوں بہا[2] دے۔ ہاں اگر وہ معاف کردیں (تو ان کو اختیار ہے۔) اگر مقتول تمہارے دشمنوں کی جماعت میں سے ہو اور وہ خود مومن ہو تو صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہئے، اور اگر مقتول ایسے لوگوں میں سے ہو، جن میں اور تم میں صلح کا عہد ہو تو وارثانِ مقتول کو خون بہا دینا اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہئے۔ اور جس کو یہ میسر[1] نہ ہو وہ دو مہینے کے متواتر[2] روزے رکھے۔ یہ (کفارہ) خدا کی طرف سے (قبول) توبہ (کیلئے) ہے اور خدا (سب کچھ) جانتا (اور) بڑی حکمت والا ہے (92) اور جو شخص مسلمان کو قصداً مار ڈالے گا تو اس کی سزا دوزخ ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ اور خدا اس پر غضبناک ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا اور ایسے شخص کے لئے اس نے بڑا (سخت) عذاب تیار کر رکھا ہے (93) مومنو! جب تم خدا کی راہ میں باہر نکلا کرو تو تحقیق سے کام لیا کرو۔ اور جو شخص تم سے سلام علیک کرے، اس سے یہ نہ کہو کہ تم مومن نہیں ہو۔ اور اس سے تمہاری غرض[1] یہ ہو کہ دنیا کی زندگی کا فائدہ حاصل کرو۔ سو خدا کے پاس بہت سی غنیمتیں[2] ہیں۔ تم بھی تو پہلے ایسے ہی تھے۔ پھر خدا نے تم پر احسان کیا تو (آئندہ) تحقیق کر لیا کرو۔ اور جو عمل تم کرتے ہو خدا کو سب کی خبر ہے (94) جو مسلمان (گھروں میں) بیٹھ رہتے اور لڑنے سے جی چراتے[1] ہیں۔ اور کوئی عذر[2] نہیں رکھتے اور وہ جو خدا کی راہ میں اپنے مال اور جان سے لڑتے ہیں، وہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ خدا نے مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجے[1] میں فضیلت[2] بخشی ہے، اور (گو)[3] نیک وعدہ سب سے ہے۔ لیکن اجر[1] عظیم کے لحاظ سے خدا نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر کہیں[2] فضیلت بخشی ہے (95)

مشکل الفاظ کے معانی:

- شایان نہیں: جائز نہیں، زیب نہیں دیتا
- 1۔ قتل ہونے والا 2۔ خون کی قیمت
- 1۔ ملنا، دستیاب ہونا 2۔ مسلسل
- قصداً: ارادے سے
- غضبناک: غصہ
- 1۔ مقصد 2۔ مفت ملی ہوئی چیز
- تحقیق: حقیقت یا سچائی معلوم کرنا
- 1۔ کترانا، بھاگنا 2۔ بہانہ
- 1۔ رُتبہ 2۔ برتری 3۔ بیشک
- 1۔ صلہ 2۔ بہت زیادہ

حوالہ جات: نساء:86

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝96 اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىْٓ اَنْفُسِهِمْ
قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ
فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۙ ۝97 اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۙ ۝98 فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝99
وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِى الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝100 وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ
فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا
لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝101

(یعنی) خدا کی طرف سے درجات میں اور بخشش میں اور رحمت میں۔ اور خدا بڑا بخشنے
والا (اور) مہربان ہے (96) جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، جب فرشتے ان کی
جان قبض کرنے لگتے ہیں تو ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم
ملک میں عاجز و ناتواں تھے۔ فرشتے کہتے ہیں کہ کیا خدا کا ملک فراخ نہیں تھا کہ تم اس میں
ہجرت کر جاتے؟ ایسے لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بُری جگہ ہے (97) ہاں جو مرد اور
عورتیں اور بچے بے بس ہیں کہ نہ تو کوئی چارہ کر سکتے ہیں اور نہ رستہ جانتے ہیں (98)
قریب ہے کہ خدا ایسوں کو معاف کر دے۔ اور خدا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا
ہے (99) اور جو شخص خدا کی راہ میں گھربار چھوڑ جائے، وہ زمین میں بہت سی جگہ اور
کشائش پائے گا۔ اور جو شخص خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف ہجرت کر کے گھر سے نکل
جائے، پھر اس کو موت آ پکڑے تو اس کا ثواب خدا کے ذمے ہو چکا اور خدا بخشنے والا مہربان
ہے (100) اور جب تم سفر کو جاؤ تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ نماز کو کم کر کے پڑھو۔ بشرطیکہ تم کو
خوف ہو کہ کافر لوگ تم کو ایذا دیں گے۔ بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں (101)

مشکل الفاظ کے معانی:
- رُتبے
- گرفتگی، قابو
- 1۔ بے بس 2۔ کمزور، لاغر 3۔ کھلا، کشادہ
- 1۔ کچھ نہ کر سکنا 2۔ تدبیر
- اسباب خانہ، خاندان
- فراخی، کشادگی
- انعام، صلہ
- تکلیف، سزا

حوالہ جات:
آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۣ فَاِذَا سَجَدُوْا

فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ

وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿102﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿103﴾ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ

تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿104﴾ ع

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۭ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿105﴾ لا

اور (اے پیغمبرؑ) جب تم ان (مجاہدین کے لشکر) میں ہو اور ان کو نماز پڑھانے لگو تو چاہیئے کہ ان کی ایک
جماعت تمہارے ساتھ مسلح ہوکر کھڑی رہے۔ جب وہ سجدہ کر چکیں تو پرے ہو جائیں۔ پھر دوسری جماعت،
جس نے نماز نہیں پڑھی (ان کی جگہ) آئے اور ہوشیار اور مسلح ہوکر تمہارے ساتھ نماز ادا کرے۔ کافر اس گھات
میں ہیں کہ تم ذرا اپنے ہتھیاروں اور سامانوں سے غافل ہو جاؤ تو تم پر یکبارگی حملہ کر دیں، اگر تم بارش کے
سبب تکلیف میں ہو یا بیمار ہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ہتھیار اُتار رکھو۔ مگر ہوشیار ضرور رہنا۔ خدا نے کافروں کے
لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے (102) پھر جب تم نماز تمام کر چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے خدا کو یاد
کرو۔ پھر جب خوف جاتا رہے تو (اس طرح سے) نماز پڑھو (جس طرح سے خدا نے تم کو سکھا دیا ہے) بیشک
نماز کا مومنوں پر اوقات (مقررہ) میں ادا کرنا فرض ہے (103) اور کفار کا پیچھا کرنے میں سُستی نہ
کرنا۔ اگر تم بے آرام ہوتے ہو تو، جس طرح تم بے آرام ہوتے ہو، اسی طرح وہ بھی بے آرام ہوتے
ہیں۔ اور تم خدا سے ایسی ایسی اُمیدیں رکھتے ہو، جو وہ نہیں رکھ سکتے اور خدا سب کچھ جانتا (اور) بڑی
حکمت والا ہے (104) (اے پیغمبرؑ) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے، تاکہ خدا کی ہدایات کے
مطابق لوگوں کے مقدمات فیصل کرو۔ اور (دیکھو) دغابازوں کی حمایت میں کبھی بحث نہ کرنا (105)

مشکل الفاظ کے معانی:

- فوج
- اسلحہ لے کر
- 1۔چوکنا 2۔تاک،موقع
- 1۔غفلت کرنا یا لاپرواہی 2۔یک دم
- وجہ
- رسوائی
- 1۔فکسڈ ٹائم 2۔کاہلی،کمزوری
- دانائی،صلاحیت
- 1۔فیصلے کرنا 2۔دھوکے باز 3۔طرف داری 4۔وکالت نہ کرنا

حوالہ جات:

آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿106﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿107﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا
يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿108﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ
يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿109﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ
اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿110﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰي نَفْسِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿111﴾
وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْۗئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْۗــــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿112﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ
وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ
عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿113﴾

اور خدا سے بخشش مانگنا۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (106) اور جو لوگ اپنے ہم جنسوں[1] کی خیانت[2]
کرتے ہیں، ان کی طرف سے بحث نہ کرنا کیونکہ خدا خائن[1] اور مرتکب جرائم[2] کو دوست نہیں رکھتا (107) یہ
لوگوں سے تو چھپتے ہیں اور خدا سے نہیں چھپتے۔ حالانکہ جب وہ راتوں کو ایسی باتوں کے مشورے کیا کرتے ہیں،
جن کو وہ پسند نہیں کرتا تو ان کے ساتھ ہوا کرتا ہے، اور خدا ان کے (تمام) کاموں پر احاطہ کئے ہوئے
ہے (108) بھلا تم لوگ دنیا کی زندگی میں تو ان کی طرف سے بحث کر لیتے ہو، قیامت کو ان کی طرف سے خدا
کے ساتھ کون جھگڑے گا؟ اور کون ان کا وکیل بنے گا؟ (109) اور جو شخص کوئی بُرا کام کر بیٹھے یا اپنے حق میں
ظلم کرے۔ پھر خدا سے بخشش مانگے تو خدا کو بخشنے والا (اور) مہربان پائے گا (110) اور جو کوئی گناہ کرتا ہے تو
اس کا وبال اسی پر ہے۔ اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (111) اور جو شخص کوئی قصور یا گناہ تو خود
کرے، لیکن اس سے کسی بے گناہ کو مہتم[1] کرے تو اس نے بہتان[2] اور صریح گناہ کا بوجھ[3] اپنے سر پر رکھا (112)
اور اگر تم پر خدا کا فضل اور مہربانی نہ ہوتی تو ان میں سے ایک جماعت تم کو بہکانے[1] کا قصد[2] کر چکی تھی، اور یہ اپنے
سوا (کسی کو) بہکا نہیں سکتے، اور نہ تمہارا کچھ بگاڑ سکتے ہیں، اور خدا نے تم پر کتاب اور دانائی نازل فرمائی ہے،
اور تمہیں وہ باتیں سکھائی ہیں جو تم جانتے نہیں تھے۔ اور تم پر خدا کا بڑا فضل ہے (113)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ہم نوع، میاں بیوی 2۔امانت کا غلط استعمال
- 1۔خیانت کرنے والا 2۔جس نے جرم کیا ہو
- گھیراؤ
- اپنی خاطر، اپنے لئے
- بوجھ، عذاب، مصیبت
- 1۔تہمت، جھوٹا الزام 2۔جھوٹا الزام 3۔وزن
- 1۔ورغلانا 2۔ارادہ
- عقل مندی

حوالہ جات

بنی اسرائیل: 73،74

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

لَا خَيْرَ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۢ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ
ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا (114) وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ
غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا (115) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ
مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا (116) اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ
يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۙ (117) لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۙ (118) وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ
وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ
دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ (119) يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا (120) اُولٰٓئِكَ
مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۫ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا (121)

ان لوگوں کی بہت سی مشورتیں[1] اچھی نہیں۔ ہاں (اس شخص کی مشورت اچھی ہوسکتی ہے) جو خیرات[2] یا نیک بات یا لوگوں میں صلح کرنے کو کہے اور جو ایسے کام خدا کی خوشنودی[1] حاصل کرنے کے لئے کرے گا تو ہم اس کو بڑا ثواب[2] دیں گے (114) اور جو شخص سیدھا رستہ معلوم ہونے کے بعد پیغمبرؐ کی مخالفت کرے اور مومنوں کے رستے کے سوا اور رستے پر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اسے ادھر ہی چلنے دیں گے اور (قیامت کے دن) جہنم میں داخل کریں گے۔ اور وہ بُری جگہ ہے (115) خدا اس گناہ کو نہیں بخشے گا کہ کسی کو اس کا شریک بنایا جائے اور اس کے سوا (صغیرہ گناہ) جس کو چاہے گا بخش دے گا۔ اور جس نے خدا کے ساتھ شریک بنایا وہ رستے سے دُور جا پڑا (116) یہ جو خدا کے سوا پرستش کرتے ہیں تو عورتوں ہی کی[1] اور پکارتے ہیں تو شیطان سرکش[2] ہی کو (117) جس پر خدا نے لعنت کی ہے (جو خدا سے) کہنے لگا میں تیرے بندوں سے (مال کا) ایک مقرر حصہ لے لیا کروں گا (118) اور ان کو گمراہ کرتا اور اُمید دلاتا رہوں گا۔ اور یہ سکھاتا رہوں گا کہ جانوروں کے کان چیرتے رہیں اور (یہ بھی) کہتا رہوں گا کہ وہ خدا کی بنائی ہوئی صورتوں[1] کو بدلتے رہیں۔ اور جس شخص نے خدا کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا وہ صریح[2] نقصان میں پڑ گیا (119) وہ ان کو وعدے دیتا ہے، اور اُمیدیں دلاتا ہے اور جو کچھ شیطان انہیں وعدے دیتا ہے وہ دھوکا ہی دھوکا ہے (120) ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ وہاں سے مخلصی نہیں پا سکیں گے (121)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔آپس کے مشورے 2۔خدا کے لئے خرچ
- 1۔خوشی، رضامندی 2۔انعام
- علاوہ
- چھوٹے
- 1۔اللہ کے حکم پر عورت کے حکم کو ترجیح دیتے ہیں 2۔باغی، مشرک
- 1۔شکلوں 2۔صاف، سیدھا
- رہائی، چھٹکارا

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھیے
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ
اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿122﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ
وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿123﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ
فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿124﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ
مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿125﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ
شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿126﴾ ع وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ
يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ
وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿127﴾

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے، ان کو ہم بہشتوں میں داخل کریں گے، جن کے نیچے نہریں جاری	
	ہیں۔ ابدالآباد ان میں رہیں گے۔ یہ خدا کا سچا وعدہ ہے۔ اور خدا سے زیادہ بات کا کون سچا ہوسکتا ہے؟ (122)	ہمیشہ ہمیشہ
	(نجات) نہ تو تمہاری آرزوؤں پر ہے اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر جو شخص بُرے عمل کرے گا اسے اسی (طرح)	1۔رہائی 2۔شدید خواہش
	کا بدلا دیا جائے گا اور وہ خدا کے سوا نہ کسی کو حمایتی پائے گا اور نہ مددگار (123) اور جو نیک کام کرے گا مرد ہو یا	طرف دار، مددگار
	عورت اور وہ صاحب ایمان بھی ہوگا تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کی تل برابر بھی حق تلفی نہ کی	1۔ایمان والا 2۔ذرا سی 3۔حق مارنا
	جائے گی (124) اور اس شخص سے کس کا دین اچھا ہوسکتا ہے، جس نے حکم خدا کو قبول کیا اور وہ نیکوکار بھی ہے، اور	
عمران:67 انعام:79	ابراہیمؑ کے دین کا پیرو ہے جو یکسو تھے اور خدا نے ابراہیمؑ کو اپنا دوست بنایا تھا (125) اور آسمان اور زمین میں	1۔پیچھے چلنا 2۔ایک ہی طرف توجہ رکھنا
	جو کچھ ہے سب خدا ہی کا ہے۔ اور خدا ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے (126) (اے پیغمبرؐ) لوگ تم سے (یتیم)	گھیراؤ
	عورتوں کے بارے میں فتویٰ طلب کرتے ہیں، کہہ دو کہ خدا تم کو ان کے (ساتھ نکاح کرنے کے) معاملے میں	1۔شرعی حکم مانگتے ہیں 2۔کام میں
	اجازت دیتا ہے اور جو حکم اس کتاب میں پہلے دیا گیا ہے، وہ ان یتیم عورتوں کے بارے میں ہے، جن کو تم ان کا حق	مال، حصہ
	تو دیتے نہیں اور خواہش رکھتے ہو کہ ان کے ساتھ نکاح کر لو اور (نیز) بیچارے بے کس بچوں کے بارے میں۔ اور	1۔مزید، اس کے علاوہ 2۔محتاج
	یہ (بھی حکم دیتا ہے) کہ یتیموں کے بارے میں انصاف پر قائم رہو۔ اور جو بھلائی تم کرو گے خدا اس کو جانتا ہے (127)	نیکی، فائدہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَاۤ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ
خَیْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿128﴾ وَلَنْ تَسْتَطِیْعُوْۤا
اَنْ تَعْدِلُوْا بَیْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِیْلُوْا كُلَّ الْمَیْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ
اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿129﴾ وَاِنْ یَّتَفَرَّقَا یُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِیْمًا ﴿130﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّیْنَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِیَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا
فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِیًّا حَمِیْدًا ﴿131﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ﴿132﴾ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ اَیُّهَا النَّاسُ وَیَاْتِ بِاٰخَرِیْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰی ذٰلِكَ
قَدِیْرًا ﴿133﴾ مَنْ كَانَ یُرِیْدُ ثَوَابَ الدُّنْیَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِیْعًا ۢ بَصِیْرًا ﴿134﴾

اور اگر کسی عورت کو اپنے خاوند کی طرف سے زیادتی یا بے رغبتی کا اندیشہ ہو تو میاں بیوی پر کچھ گناہ نہیں کہ آپس میں
کسی قرارداد پر صلح کرلیں اور صلح خوب (چیز) ہے اور طبیعتیں تو بخل کی طرف مائل ہوتی ہیں، اور اگر تم نیکوکاری اور
پرہیزگاری کروگے تو خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے (128) اور تم خواہ کتنا ہی چاہو، عورتوں میں ہرگز
برابری نہیں کرسکو گے تو ایسا بھی نہ کرنا کہ ایک ہی طرف ڈھل جاؤ اور دوسری کو (ایسی حالت میں) چھوڑ دو کہ گویا
اَدھڑ میں لٹک رہی ہے۔ اور اگر آپس میں موافقت کرلو اور پرہیزگاری کرو تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (129)
اور اگر میاں بیوی میں (موافقت نہ ہوسکے اور) ایک دوسرے سے جُدا ہوجائیں تو خدا ہر ایک کو اپنی دولت سے غنی
کردے گا اور خدا بڑی کشائش والا (اور) حکمت والا ہے (130) اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں
ہے، سب خدا ہی کا ہے، اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی ان کو بھی اور (اے محمدؐ!) تم کو بھی ہم نے حکم
تاکیدی کیا ہے کہ خدا سے ڈرتے رہو۔ اور اگر کفر کروگے تو (سمجھ رکھو کہ) جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں
ہے، سب خدا ہی کا ہے۔ اور خدا بے پروا اور سزاوار حمد وثناء ہے (131) اور (پھر سن رکھو کہ) جو کچھ آسمانوں میں
اور جو کچھ زمین میں ہے، سب خدا ہی کا ہے۔ اور خدا ہی کارساز کافی ہے (132) لوگو! اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کردے
اور (تمہاری جگہ) اور لوگوں کو پیدا کردے اور خدا اس بات پر قادر ہے (133) جو شخص دنیا (میں عملوں) کی
جزا کا طالب ہو تو خدا کے پاس دنیا اور آخرت (دونوں) کے لئے اجر (موجود) ہیں اور خدا سنتا دیکھتا ہے (134)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔توجہ نہ کرنا 2۔خیال، فکر
- 1۔معاہدہ 2۔کنجوسی 3۔راغب ہونا
- چاہے
- توجہ کرو
- 1۔درمیان 2۔اتفاق
- امیر
- کھلا پن، کشادگی
- دوہرایا جانا، زور دینا
- 1۔مستحق 2۔تعریفِ اللہ
- 1۔کام بنانے والا 2۔ختم کردے
- 1۔صلہ 2۔بدلا، صلہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا
اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ﴿135﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ
قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿136﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ
كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ؕ ﴿137﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ
بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۙ ﴿138﴾ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ
لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ ﴿139﴾ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ
حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖۤ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۙ ﴿140﴾

اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور خدا کے لئے سچی گواہی دو، خواہ (اس میں) تمہارا یا تمہارے ماں باپ اور
رشتہ داروں کا نقصان ہی ہو۔ اگر کوئی امیر ہے یا فقیر تو خدا ان کا خیر خواہ ہے تو تم خواہش نفس کے پیچھے چل کر
عدل کو نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم پیچ دار شہادت دو گے یا (شہادت سے) بچنا چاہو گے تو (جان رکھو) خدا تمہارے سب
کاموں سے واقف ہے (135) مومنو! خدا پر اور اس کے رسولؐ پر اور جو کتاب اس نے اپنے پیغمبرؐ
(آخر الزماں) پر نازل کی ہے اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر ایمان لاؤ اور جو شخص خدا اور اس
کے فرشتوںؑ اور اس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروںؑ اور روز قیامت سے انکار کرے، وہ رستے سے بھٹک کر دُور جا
پڑا (136) جو لوگ ایمان لائے، پھر کافر ہو گئے، پھر ایمان لائے، پھر کافر ہو گئے، پھر کفر میں بڑھتے گئے، ان کو
خدا نہ تو بخشے گا اور نہ سیدھا رستہ دکھائے گا (137) (اے پیغمبرؐ!) منافقوں کو بشارت سنا دو کہ ان کے لئے دُکھ
دینے والا عذاب (تیار) ہے (138) جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں، کیا یہ ان کے ہاں
عزت (حاصل) کرنا چاہتے ہیں؟ تو عزت سب خدا ہی کی ہے (139) اور خدا نے تم (مومنوں) پر اپنی کتاب
میں (یہ حکم) نازل فرمایا ہے۔ کہ جب تم (کہیں) سنو کہ خدا کی آیتوں سے انکار ہو رہا ہے اور ان کی ہنسی اڑائی جا
رہی ہے تو جب تک وہ لوگ اور باتیں (نہ) کرنے لگیں، ان کے پاس مت بیٹھو، ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو جاؤ
گے۔ کچھ شک نہیں کہ خدا منافقوں اور کافروں (سب کو) دوزخ میں اکٹھا کرنے والا ہے (140)

مشکل الفاظ کے معانی:

- خواہ: بھلے، چاہے، بیشک
- 1۔ خیر خواہ: فائدہ چاہنا 2۔ نفس: جان، ہستی
- پیچ دار: گھما کر
- آخر الزماں: آخری، آخری وقت یا زمانے کے
- بھٹک کر: گمراہی، راستہ بھولنا
- 1۔ منافقوں: دورُخے لوگ، ریاکار 2۔ بشارت: خوشخبری

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا
اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿141﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ
يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿142﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ
اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿143﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ
تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿144﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿145﴾ اِلَّا
الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ
الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿146﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿147﴾

جو تم کو دیکھتے رہتے ہیں۔ اگر خدا کی طرف سے تم کو فتح ملے تو کہتے ہیں، کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں
کو فتح نصیب ہو تو (ان سے) کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہیں تھے؟ اور تم کو مسلمانوں کے ہاتھ سے بچایا نہیں؟ تو
خدا تم میں قیامت کے دن فیصلہ کر دے گا۔ اور خدا کافروں کو مومنوں پر ہرگز غلبہ[1] نہیں دے گا (141) منافق[2] (ان
چالوں سے اپنے نزدیک) خدا کو دھوکا دیتے ہیں۔ (یہ اس کو کیا دھوکا دیں گے۔) وہ انہیں کو دھوکے میں ڈالنے والا
ہے۔ اور جب یہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو سُست اور کاہل ہو کر (صرف) لوگوں کے دکھانے کو اور خدا کو یاد ہی
نہیں کرتے مگر بہت کم (142) بیچ میں پڑے لٹک رہے ہیں۔ نہ ان کی طرف (ہوتے ہیں،) نہ ان کی طرف اور
جس کو خدا بھٹکائے تو تم اس کے لئے کبھی بھی رستہ نہ پاؤ گے (143) اے اہل ایمان! مومنوں کے سوا کافروں کو
دوست نہ بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر خدا کا صریح الزام لو (144) کچھ شک نہیں کہ منافق لوگ دوزخ کے
سب سے نیچے کے درجے میں ہوں گے اور تم ان کا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے (145) ہاں جنہوں نے توبہ کی اور اپنی
حالت کو درست کیا اور خدا (کی رسی) کو مضبوط پکڑا اور خاص خدا کے فرمانبردار ہو گئے تو ایسے لوگ مومنوں کے
زُمرے میں ہوں گے۔ اور خدا عنقریب مومنوں کو بڑا ثواب دے گا (146) اگر تم (خدا کے) شکر گزار رہو
اور (اس کتاب پر) ایمان لے آؤ تو خدا تم کو عذاب دے کر کیا کرے گا۔ اور خدا تو قدر شناس اور دانا ہے (147)

مشکل الفاظ کے معانی:

- غالب: فتح مند، زبردست
- 1۔ فتح 2۔ دورُخے، ریاکار لوگ
- کاہل: آرام طلب
- بھٹکائے: گمراہ کرے
- صریح: صاف
- (اس کتاب پر): قرآن
- زُمرے: جماعت، گروہ
- قدر شناس: قدر جاننے والا، صلہ دینے والا

حوالہ جات:

- نساء: 151,150
- نساء: 170 فرقان: 30
- واقعہ: 75 تا 82 تکویر: 25 تا 27

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ
تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ
وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿150﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ
وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ
اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿152﴾ يَسْــَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا
مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا
جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿153﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ
ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِى السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿154﴾

خدا اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی کسی کو اعلانیہ بُرا کہے، مگر وہ جو مظلوم ہو اور خدا (سب کچھ) سنتا (اور) جانتا
ہے (148) اگر تم لوگ بھلائی کھلم کھلا کرو گے یا چھپا کر یا بُرائی سے درگزر کرو گے تو خدا بھی معاف کرنے والا
اور صاحب قدرت ہے (149) جو لوگ خدا سے اور اس کے پیغمبروںؑ سے کفر کرتے ہیں اور خدا اور اس کے پیغمبروںؑ
میں فرق کرنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم بعض کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور ایمان اور کفر کے بیچ میں ایک
راہ نکالنی چاہتے ہیں (150) وہ بلا اشتباہ کافر ہیں اور کافروں کے لئے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے
(151) اور جو لوگ خدا اور اس کے پیغمبروںؑ پر ایمان لائے اور ان میں سے کسی میں (کچھ) فرق نہ کیا (تو) ایسے
لوگوں کو وہ عنقریب ان (کی نیکیوں) کے صلے میں عطا فرمائے گا۔ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (152) (اے محمدؐ)
اہل کتاب تم سے درخواست کرتے ہیں کہ تم ان پر ایک (لکھی ہوئی) کتاب آسمان سے اُتار لاؤ۔ تو یہ موسیٰؑ سے اس
سے بڑی بڑی درخواستیں کر چکے ہیں۔ (ان سے) کہتے تھے ہمیں خدا ظاہر (آنکھوں سے) دکھا دو۔ سو ان کے گناہ
کی وجہ سے ان کو بجلی نے آ پکڑا۔ پھر کھلی نشانیاں آئے پیچھے بچھڑے کو (معبود) بنا بیٹھے تو اس سے بھی ہم نے
درگزر کیا اور موسیٰؑ کو صریح غلبہ دیا (153) اور ان سے عہد لینے کو ہم نے ان پر کوہ طور اٹھا کھڑا کیا اور انہیں
حکم دیا کہ (شہر کے) دروازے میں (داخل ہونا تو) سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا۔ اور یہ بھی حکم دیا کہ ہفتے
کے دن (مچھلیاں پکڑنے) میں تجاوز (یعنی حکم کے خلاف) نہ کرنا۔ غرض ہم نے ان سے مضبوط عہد لیا (154)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔کھلے عام 2۔جس پر ظلم ہوا ہو
- 1۔نیکی، فائدہ 2۔کنارہ کشی
- طاقت والا، صلاحیت والا
- 1۔بغیر کسی شبے کے 2۔رسوائی
- بدلے، اجر
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔برداشت کرنا 2۔صاف
- 1۔حد سے بڑھنا 2۔وعدہ

حوالہ جات: بقرہ:285 عمران:84

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا
بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿155﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿156﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى
ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ
عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿157﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿158﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا
لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿159﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ
لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿160﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا
لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿161﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ
قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿162﴾

(لیکن انہوں نے عہد توڑ ڈالا) تو ان کے عہد توڑ دینے اور خدا کی آیتوں سے کفر کرنے اور انبیاءؑ کو ناحق مار ڈالنے اور یہ
کہنے کے سبب کہ ہمارے دلوں پر پردے (پڑے ہوئے) ہیں (خدا نے ان کو مرذود کر دیا اور ان کے دلوں پر پردے
نہیں ہیں) بلکہ ان کے کفر کے سبب خدا نے ان پر مہر کر دی ہے تو یہ کم ہی ایمان لاتے ہیں (155) اور ان کے کفر کے
سبب اور مریمؑ پر ایک بہتان عظیم باندھنے کے سبب (156) اور یہ کہنے کے سبب کہ ہم نے مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ
مسیح کو جو خدا کے پیغمبرؑ (کہلاتے) تھے قتل کر دیا ہے۔ (خدا نے ان کو ملعون کر دیا) اور انہوں نے عیسیٰؑ کو قتل نہیں کیا
اور نہ انہیں سُولی پر چڑھایا بلکہ ان کو ان کی سی صورت معلوم ہوئی اور جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ
ان کے حال سے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور پیروی ظن کے سوا ان کو اس کا مطلق علم نہیں اور انہوں نے عیسیٰؑ کو
یقیناً قتل نہیں کیا (157) بلکہ خدا نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا اور خدا غالب (اور) حکمت والا ہے (158) اور کوئی اہل
کتاب نہیں ہوگا مگر ان کی موت سے پہلے ان پر ایمان لے آئے گا۔ اور وہ قیامت کے دن ان پر گواہ ہوں گے (159)
تو ہم نے یہودیوں کے ظلموں کے سبب (بہت سی) پاکیزہ چیزیں جو ان کو حلال تھیں ان کو حرام کر دیں اور اس سبب سے
بھی کہ وہ اکثر خدا کے رستے سے (لوگوں کو) روکتے تھے (160) اور اس سبب سے بھی کہ باوجود منع کئے جانے کے سُود
لیتے تھے اور اس سبب سے بھی کہ لوگوں کا مال ناحق کھاتے تھے۔ اور ان میں سے جو کافر ہیں ان کے لئے ہم نے درد
دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے (161) مگر جو لوگ ان (اہل کتاب) میں سے علم میں پکے ہیں اور جو مومن ہیں وہ
اس (کتاب) پر جو تم پر نازل ہوئی اور جو (کتابیں) تم سے پہلے نازل ہوئی (سب پر) ایمان رکھتے ہیں اور نماز پڑھتے
ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور خدا اور روز آخرت کو مانتے ہیں۔ ان کو ہم عنقریب اجر عظیم دیں گے (162)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔کی وجہ سے 2۔رد کیا گیا، لعنتی

1۔جھوٹا الزام 2۔بہت بڑا 3۔کی وجہ سے

لعنتی

1۔پھانسی 2۔شکل

1۔شبہ، خیال 2۔بالکل

ناجائز طور پر

حوالہ جات:

1۔مریم:56،57 ، زخرف:41
2۔متشابہ، عمران:7
مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

عمران:50 انعام:146
مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات
	اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ	
	وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا (163) ۚ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ	
	عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا (164) ۚ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ	
	لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا (165) لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ	
	اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (166) ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	
	قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا (167) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا (168) ۙ اِلَّا	
	طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا (169) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ	
	مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (170)	
بعد میں آنے والے	(اے محمدؐ) ہم نے تمہاری طرف اسی طرح وحی بھیجی ہے جس طرح نوحؑ اوران سے پچھلے پیغمبروںؑ کی طرف	
	بھیجی تھی۔اورابراہیمؑ اوراسمٰعیلؑ اوراسحاقؑ اور یعقوبؑ اوراولادِ یعقوبؑ اورعیسیٰؑ اورایوبؑ اور یونسؑ اور	
دی تھی	ہارونؑ اورسلیمانؑ کی طرف بھی ہم نے وحی بھیجی تھی اور داوٗدؑ کو ہم نے زبور بھی عنایت کی تھی (163) اور	
پہلے	بہت سے پیغمبرؑ ہیں جن کے حالات ہم تم سے پیشتر بیان کر چکے ہیں اور بہت سے پیغمبرؑ ہیں جن کے حالات تم	
	سے بیان نہیں کئے اورموسیٰؑ سے تو خدا نے باتیں بھی کیں (164) (سب) پیغمبروںؑ کو (خدا نے) خوشخبری	
	سنانے والے اورڈرانے والے (بنا کر بھیجا تھا) تا کہ پیغمبروںؑ کے آنے کے بعد لوگوں کو خدا پر الزام کا موقع نہ	
کے بارے میں	رہے۔اورخدا غالب حکمت والا ہے (165) لیکن خدا نے جو (کتاب) تم پر نازل کی ہے اس کی نسبت خدا	
	گواہی دیتا ہے۔کہ اس نے اپنے علم سے نازل کی ہے اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور گواہ تو خدا ہی کافی	
بھول کر،پھسل کر	ہے (166) جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکا۔وہ رستے سے بھٹک کر دُور جا	
	پڑے (167) جو لوگ کافر ہوئے اور ظلم کرتے رہے، خدا ان کو بخشنے والا نہیں اور نہ انہیں رستہ ہی دکھائے	
	گا (168) ہاں دوزخ کا رستہ، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔اور یہ (بات) خدا کو آسان ہے (169)	
سچ	لوگو! خدا کے پیغمبرؐ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے حق بات لے کر آئے ہیں	
معلوم ہو،علم ہو	تو (اس کتاب پر) ایمان لاؤ۔(یہی) تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر کفر کرو گے تو (جان رکھو کہ)	نساء:147
	جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے۔اور خدا سب کچھ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (170)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النِّسَآءِ

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا
اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿171﴾ لَنْ
يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ
فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿172﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ
فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا
نَصِيْرًا ﴿173﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿174﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿175﴾

اے اہل کتاب! اپنے دین (کی بات) میں حد سے نہ بڑھو اور خدا کے بارے میں حق کے سوا کچھ نہ کہو۔ مسیحؑ (یعنی)
مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ (نہ خدا تھے نہ خدا کے بیٹے بلکہ) خدا کے رسولؑ اور اس کا کلمۂ (بشارت) تھے، جو اس نے
مریمؑ کی طرف بھیجا تھا اور اس کی طرف سے ایک روح تھے تو خدا اور اس کے رسولوںؑ پر ایمان لاؤ۔ اور (یہ) نہ کہو
(کہ خدا) تین (ہیں۔ اس اعتقاد سے) باز آؤ کہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ خدا ہی معبود واحد ہے اور اس سے
پاک ہے کہ اس کے اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور خدا ہی کارساز کافی
ہے (171) مسیحؑ اس بات سے عار نہیں رکھتے کہ خدا کے بندے ہوں اور نہ مقرب فرشتے (عار رکھتے ہیں) اور
جو شخص خدا کا بندہ ہونے کو موجب عار سمجھے اور سرکشی کرے تو خدا سب کو اپنے پاس جمع کر لے گا (172) تو جو لوگ
ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے وہ ان کو ان کا پورا بدلا دے گا اور اپنے فضل سے (کچھ) زیادہ بھی
عنایت کرے گا اور جنہوں نے (بندہ ہونے سے) عار (وانکار) اور تکبر کیا ان کو وہ تکلیف دینے والا عذاب
دے گا اور یہ لوگ خدا کے سوا اپنا حامی اور مددگار نہ پائیں گے (173) لوگو! تمہارے پروردگار کی طرف سے
تمہارے پاس دلیل (روشن) آ چکی ہے۔ اور ہم نے (کفر اور ضلالت کا اندھیرا دور کرنے کو) تمہاری طرف چمکتا
ہوا نور بھیج دیا ہے (174) پس جو لوگ خدا پر ایمان لائے اور اس (کے دین کی رسی) کو مضبوط پکڑے رہے۔
ان کو وہ اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا۔ اور اپنی طرف (پہنچنے کا) سیدھا رستہ دکھائے گا (175)

مشکل الفاظ کے معانی

- سچ
- خوشخبری
- 1۔عقیدہ، ایمان 2۔منع ہوجاؤ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- کام سنوارنے والا
- 1۔شرم 2۔قریب والا
- 1۔وجہ، باعث 2۔بغاوت، شرک
- 1۔دے گا 2۔غرور
- طرفدار، حمایتی
- 1۔سند، ثبوت 2۔گمراہی، ناپاکی
- قرآن

حوالہ جات

- مائدہ:16,15، انعام:104
- 1۔نساء:134، 2۔نجم:42

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النِّسَآءِ ، سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ
يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ
حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ (176) ع

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ (1) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْىَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَاۤ اٰۤمِّيْنَ الْبَيْتَ
الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (2)

(اے پیغمبرؐ!) لوگ تم سے (کلالہ [1] کے بارے میں) حکم (خدا) دریافت کرتے ہیں [2]۔ کہہ دو کہ خدا کلالہ کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا مرد مر جائے جس کے اولاد نہ ہو (اور نہ ماں باپ) اور اس کے بہن ہو تو اس کو بھائی کے ترکے میں سے آدھا حصہ ملے گا اور اگر بہن مر جائے اور اس کے اولاد نہ ہو تو اس کے تمام مال کا وارث بھائی ہوگا۔ اور اگر (مرنے والے بھائی کی) دو بہنیں ہوں تو دونوں کو بھائی کے ترکے میں سے دو تہائی اور اگر بھائی اور بہن یعنی مرد اور عورتیں ملے جلے وارث ہوں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہے۔ (یہ احکام) خدا تم سے اس لئے بیان فرماتا ہے کہ بھٹکتے نہ پھرو اور خدا ہر چیز سے واقف ہے (176)

ترجمہ سورت مائدہ

اے ایمان والو! اپنے اقراروں [1] کو پورا کرو۔ تمہارے لئے چارپائے جانور حلال کر دیئے گئے ہیں بجز [2] ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں۔ مگر احرام میں (جنگلی) شکار کو حلال نہ جاننا۔ خدا جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے (1) مومنو! خدا کے نام کی چیزوں کی بے حرمتی نہ کرنا اور نہ ادب کے مہینے کی اور نہ قربانی کے جانوروں کی اور نہ ان جانوروں کی جن کے گلوں میں پٹے بندھے ہوں۔ اور نہ ان لوگوں کی جو عزت کے گھر (یعنی بیت اللہ) کو جا رہے ہوں (اور) اپنے پروردگار کے فضل اور اس کی خوشنودی [1] کے طلبگار [2] ہوں۔ اور جب احرام اُتار دو تو (پھر اختیار ہے کہ) شکار کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی اس وجہ سے کہ انہوں نے تم کو عزت والی مسجد سے روکا تھا تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم ان پر زیادتی کرنے لگو۔ اور (دیکھو) نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا کا عذاب سخت ہے (2)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ایک شرعی نام 2۔پوچھتے
- وراثت
- مالک
- راہ بھولنا
- 1۔وعدوں 2۔سوائے، علاوہ
- بے ادبی، بے عزتی
- اللہ کا گھر
- 1۔خوشی 2۔خواہش رکھنا
- رضامند، تیار

حوالہ جات

- مائدہ: 96

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ
السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۟ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ
فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ③ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ
الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
عَلَيْهِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ④ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪
وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ
مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ⑤

تم پر مرا ہوا جانور اور (بہتا) لہو اور سؤر کا گوشت اور جس چیز پر خدا کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اور جو جانور گلا گھٹ کر مر جائے، اور جو چوٹ لگ کر مر جائے اور جو گر کر مر جائے اور جو سینگ لگ کر مر جائے۔ یہ سب حرام ہیں اور وہ جانور بھی جس کو درندے پھاڑ کر کھائیں۔ مگر جس کو تم (مرنے سے پہلے) ذبح کر لو۔ اور وہ جانور بھی جو تھان پر ذبح کیا جائے۔ اور یہ بھی کہ پانسوں سے قسمت معلوم کرو۔ یہ سب گناہ (کے کام) ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے نا اُمید ہو گئے ہیں تو ان سے مت ڈرو اور مجھی سے ڈرتے رہو (اور) آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ ہاں جو شخص بھوک میں ناچار ہو جائے (بشرطیکہ دیگر) گناہ کی طرف مائل نہ ہو۔ تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (3) تم سے پوچھتے ہیں کہ کون کون سی چیز ان کے لئے حلال ہیں (ان سے) کہہ دو کہ سب پاکیزہ چیزیں تم کو حلال ہیں اور وہ (شکار) بھی حلال ہے جو تمہارے لئے ان شکاری جانوروں نے پکڑا ہو جن کو تم نے سدھا رکھا ہو۔ اور جس (طریق) سے خدا نے تمہیں (شکار کرنا) سکھایا ہے (اس طریق سے) تم نے ان کو سکھایا ہو تو جو شکار وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں اس کو کھا لیا کرو اور (شکاری جانوروں کے چھوڑتے وقت) خدا کا نام لیا کرو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا جلد حساب لینے والا ہے (4) آج تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں۔ اور اہل کتاب کا کھانا بھی تم کو حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کو حلال ہے۔ اور پاک دامن مومن عورتیں اور پاک دامن اہل کتاب عورتیں بھی (حلال ہیں) جبکہ ان کا مہر دے دو اور ان سے عفت قائم رکھنی مقصود ہو، نہ کھلی بدکاری کرنی اور نہ چھپی دوستی کرنی۔ اور جو شخص ایمان سے منکر ہوا اس کے عمل ضائع ہو گئے اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں ہوگا (5)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔علاوہ 2۔پڑھا جائے، لیا جائے
- گلے کا پھندا لگنا
- چیر پھاڑ کرنے والا جانور
- 1۔آستانہ، اصطبل 2۔قُرعہ
- پورا، مکمل
- 1۔مجبور 2۔رجوع کرنا
- سکھا رکھا
- بدکرداری نہ کرنے والی
- 1۔عصمت، پارسائی 2۔مراد

حوالہ جات

- انعام:145
- صافات:139 تا 141
- نحل:115، 116
  مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات
	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا	
	بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ	
	اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ	
	وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ	
	تَشْكُرُوْنَ ⑥ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ	
	اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑦ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ	
	قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑧ وَعَدَ اللّٰهُ	
	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑨	
ارادہ	مومنو! جب تم نماز پڑھنے کا قصد کیا کرو تو چہرے اور کہنیوں تک ہاتھ دھولیا کرو اور سر کا مسح کرلیا کرو اور	
ضرورت	ٹخنوں تک پاؤں اور اگر نہانے کی حاجت ہو تو (نہا کر) پاک ہو جایا کرو۔ اور اگر بیمار ہو یا سفر میں ہو یا	آئندہ حصوں میں دیکھئے
	کوئی تم میں سے بیت الخلاء سے آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو، اور تمہیں پانی نہ مل سکے تو پاک	
	مٹی لو اور اس سے منہ اور ہاتھوں کا مسح (یعنی تیمّم) کرلو۔ خدا تم پر کسی طرح کی تنگی نہیں کرنی چاہتا بلکہ یہ	نساء:43
	چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کرے، تاکہ تم شکر کرو (6) اور خدا نے جو تم پر	
وعدہ،اقرار	احسان کئے ہیں ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے	اعراف:173,172
	(خدا کا حکم) سن لیا اور قبول کیا۔ اور خدا سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا دلوں کی باتوں (تک) سے واقف	
	ہے (7) اے ایمان والو! خدا کے لئے انصاف کی گواہی دینے کے لئے کھڑے ہو جایا کرو اور لوگوں کی	
1۔رضامند،تیار 2۔گناہوں سے بچنا	دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ[1] نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری[2] کی بات ہے۔	
باخبر	اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے (8) جو لوگ ایمان	
بہت بڑا معاوضہ یا بدلا	لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لئے بخشش اور اجرِ عظیم ہے (9)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑩ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ؕ
لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ
عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ
سَوَآءَ السَّبِيْلِ ⑫ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ
وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ⑬

اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں (10) اے ایمان والو! خدا نے جو تم پر احسان کیا
ہے، اس کو یاد کرو۔ جب ایک جماعت نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کریں تو اس نے ان کے ہاتھ
روک دیئے۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ اور مومنوں کو خدا ہی پر بھروسا رکھنا چاہیے (11) اور خدا نے
بنی اسرائیل سے اقرار[1] لیا۔ اور ان میں ہم نے بارہ سردار[2] مقرر کئے۔ پھر خدا نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ
ہوں۔ اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور
خدا کو قرض حسنہ دو گے تو میں تم سے تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تم کو بہشتوں میں داخل کروں گا، جن کے
نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ پھر جس نے اس کے بعد تم میں سے کفر کیا۔ وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا (12) تو
ان لوگوں کے عہد[1] توڑ دینے کے سبب[2] ہم نے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا۔ یہ لوگ کلمات[3]
(کتاب) کو اپنے مقامات سے بدل دیتے ہیں اور جن باتوں کی ان کو نصیحت کی گئی تھی ان کا بھی ایک حصہ
فراموش[1] کر بیٹھے اور تھوڑے آدمیوں کے سوا ہمیشہ تم ان کی (ایک نہ ایک) خیانت[2] کی خبر پاتے رہتے ہو۔ تو
ان کی خطائیں[1] معاف کر دو اور (ان سے) درگزر[2] کرو کہ خدا احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے (13)

مار پیٹ، حملہ

1۔وعدہ 2۔سرکردہ، افسر

بلاسود قرض، بلا میعاد قرض

1۔وعدہ 2۔کی وجہ سے 3۔الفاظ

1۔بھول جانا 2۔امانت میں بے ایمانی

1۔غلطیاں 2۔معاف کرنا

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ⑭ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ
رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ⑮ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ⑯ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ
مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ
جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ
قَدِيْرٌ ⑰

اور جولوگ (اپنے تئیں) کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ہم نے ان سے بھی عہد لیا تھا مگر انہوں نے بھی اس
نصیحت کا جو ان کو کی گئی تھی، ایک حصہ فراموش کر دیا۔تو ہم نے ان کے باہم قیامت تک کے لئے دشمنی
اور کینہ ڈال دیا۔اور جو کچھ وہ کرتے رہے، خدا عنقریب ان کو اس سے آگاہ کرے گا (14) اے اہل کتاب!
تمہارے پاس ہمارے پیغمبرؐ (آخرالزماں) آ گئے ہیں کہ جو کچھ تم کتاب (الٰہی) میں سے چھپاتے تھے
وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کھول کر بتا دیتے ہیں اور تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتے
ہیں۔بیشک تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب آ چکی ہے (15) جس سے خدا اپنی رضا پر
چلنے والوں کو نجات کے رستے دکھاتا ہے اور اپنے حکم سے اندھیرے میں سے نکال کر روشنی کی طرف لے
جاتا اور ان کو سیدھے رستے پر چلاتا ہے (16) جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ عیسیٰؑ بن مریمؑ خدا ہیں،
وہ بیشک کافر ہیں۔(ان سے) کہہ دو کہ اگر خدا عیسیٰؑ بن مریمؑ اور ان کی والدہ کو اور جتنے لوگ زمین میں ہیں
سب کو ہلاک کرنا چاہے تو اس کے آگے کس کی پیش چل سکتی ہے؟ اور آسمان اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں
ہے۔سب پر خدا ہی کی بادشاہی ہے۔وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (17)

حوالہ جات

نساء:174، حجر:87، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی

- 1-اپنے آپکو، 2-عیسائی
- 1-بھلا دینا 2-آپس میں
- 1-حسد،عداوت 2-بتادے گا
- آخری،آخری وقت کے
- غلطیاں
- مرضی
- رہائی،مخلصی
- یقین کرنا،ایمان رکھنا
- قابو چلنا،سبقت لینا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۫ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑱ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ

بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ⑲ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ

فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ⑳ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِیْ

كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ㉑ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ

نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ㉒ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ㉓

اور یہود ونصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم خدا کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں۔ کہو کہ پھر وہ تمہاری بداعمالیوں کے
سبب تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے؟ (نہیں) بلکہ تم اس کی مخلوقات میں (جانوروں) کی طرح کے انسان ہو۔
وہ جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب دے۔ اور آسمان اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں ہے، سب پر خدا
ہی کی حکومت ہے اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (18) اے اہل کتاب اب تمہارے پاس
ہمارے پیغمبرؐ آ گئے ہیں، جو تم سے (ہمارے احکام) بیان کرتے ہیں تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی
خوشخبری یا ڈر سنانے والا نہیں آیا۔ سو (اب) تمہارے پاس خوشخبری اور ڈر سنانے والے آ گئے ہیں۔ اور خدا ہر
چیز پر قادر ہے (19) اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو تم پر خدا نے جو احسان کئے ہیں ان کو یاد
کرو کہ اس نے تم میں پیغمبرؑ پیدا کئے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تم کو اتنا کچھ عنایت کیا کہ اہل عالم میں سے کسی کو
نہیں دیا (20) تو بھائیو! تم ارض مقدس میں جسے خدا نے تمہارے لئے لکھ رکھا ہے، چل داخل ہو اور (دیکھنا
مقابلے کے وقت) پیٹھ نہ پھیر دینا۔ ورنہ نقصان میں پڑ جاؤ گے (21) وہ کہنے لگے کہ موسیٰؑ وہاں تو بڑے
زبردست لوگ (رہتے) ہیں۔ اور جب تک وہ اس سرزمین سے نکل نہ جائیں۔ ہم وہاں جا نہیں سکتے۔ ہاں
اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم جا داخل ہوں گے (22) جو لوگ (خدا سے) ڈرتے تھے ان میں سے دو
شخص، جن پر خدا کی عنایت تھی، کہنے لگے کہ ان لوگوں پر دروازے کے رستے سے حملہ کر دو۔ جب تم
دروازے میں داخل ہو گئے تو فتح تمہاری ہے۔ اور خدا ہی پر بھروسا رکھو بشرطیکہ صاحب ایمان ہو (23)

مشکل الفاظ کے معانی:

- یہود ونصاریٰ / بداعمالیوں: 1۔یہودی اور عیسائی 2۔کرتوتوں
- سبب / مخلوقات: 1۔وجہ سے 2۔کائنات کی چیزیں
- قادر: طاقت رکھنا، صلاحیت رکھنا
- عنایت کیا / اہل عالم: 1۔دیا 2۔دنیا والے
- ارض مقدس: پاک زمین
- پیٹھ نہ پھیر دینا: بھاگ نہیں جانا
- زبردست / سرزمین: 1۔طاقتور 2۔علاقہ، جگہ
- عنایت: دیا جانا، نوازنا
- صاحب ایمان: ایمان والا یا والے

حوالہ جات:

- اعراف:175 تا 177
- عمران:82,81، نساء:47

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات
	قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿24﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ	
	اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿25﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى	
	الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿26﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَىْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا	
	وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۗ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۗ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿27﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَىَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِىْ مَآ	
	اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِىَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿28﴾ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِىْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ	
	اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿29﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿30﴾	
	فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِى الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِىْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۗ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ	
	هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِىَ سَوْءَةَ اَخِىْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿31﴾	
	وہ بولے کہ موسیٰؑ جب تک وہ لوگ وہاں ہیں ہم کبھی وہاں نہیں جا سکتے (اگر لڑنا ہی ضرور ہے) تو تم اور تمہارا خدا	
عرض کی	جاؤ اور لڑو۔ ہم یہیں بیٹھے رہیں گے (24) موسیٰؑ نے (خدا سے) التجا کی کہ پروردگار میں اپنے اور اپنے	
علاوہ	بھائی کے سوا کسی اور پر اختیار نہیں رکھتا تو ہم میں اور ان نافرمان لوگوں میں جُدائی کر دے (25) خدا نے فرمایا	
	کہ وہ ملک ان پر چالیس برس تک کیلئے حرام کر دیا گیا ہے (کہ وہاں جانے نہ پائیں گے اور) زمین میں	
مارے مارے، آوارہ	سرگرداں پھرتے رہیں گے تو ان نافرمان لوگوں کے حال پر افسوس نہ کرو (26) اور (اے محمدؐ) ان کو آدمؑ کے	
کے لئے، کے حضور	دو بیٹوں کے حالات (جو بالکل) سچے (ہیں) پڑھ کر سنا دو کہ جب ان دونوں نے (خدا کی جناب میں) کچھ	
	نیازیں چڑھائیں تو ایک کی نیاز تو قبول ہوگئی۔ اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی (تو بدکار پرہیزگار سے) کہنے لگا کہ	
	میں تجھے قتل کر دوں گا۔ اس نے (جواباً) کہا کہ خدا پرہیزگاروں ہی کی (نیاز) قبول فرمایا کرتا ہے (27) اور	
	اگر تُو مجھے قتل کرنے کے لئے مجھ پر ہاتھ چلائے گا تو میں تجھ کو قتل کرنے کے لئے تجھ پر ہاتھ نہیں چلاؤں گا مجھے تو	
1۔دنیاؤں کا رب 2۔گرفتار، پکڑا ہوا	خدائے رب العالمین[1] سے ڈر لگتا ہے (28) میں چاہتا ہوں کہ تُو میرے گناہ میں بھی ماخوذ[2] ہو اور اپنے گناہ میں	
1۔گروہ 2۔وجود، ہستی	بھی پھر (زمرۂ[1]) اہل دوزخ میں ہو۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے (29) مگر اس کے نفس[2] نے اس کو بھائی کے	
1۔توجہ دلائی 2۔نقصان	قتل ہی کی ترغیب دی[1] تو اس نے اسے قتل کر دیا اور خسارہ[2] اٹھانے والوں میں ہو گیا (30) اب خدا نے ایک کوّا	
1۔کھودنے لگا 2۔کیسے 3۔افسوس کا کلمہ	بھیجا جو زمین کریدنے لگا[1] تاکہ اسے دکھائے کہ اپنے بھائی کی لاش کو کیونکر[2] چھپائے۔ کہنے لگا اے ہے[3] مجھ سے	
پچھتانا	اتنا بھی نہ ہو سکا کہ اس کوّے کے برابر ہوتا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا۔ پھر وہ پشیمان ہوا (31)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَة	حوالہ جات
	مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًاۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِى الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا	
	قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا	
	مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿32﴾ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ	
	فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ	
	خِزْىٌ فِى الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿33﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا	
	اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿34﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِىْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ	
	تُفْلِحُوْنَ ﴿35﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	
	مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿36﴾	
بیجا طور پر، ناجائز	اس (قتل) کی وجہ سے ہم نے اولادِ اسرائیل پر یہ حکم نازل کیا کہ جو شخص کسی کو (ناحق) قتل کرے گا (یعنی) بغیر اس	
فساد، سرکشی، شرک	کے کہ جان کا بدلا لیا جائے یا ملک میں خرابی کرنے کی سزا دی جائے۔ اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کیا۔ اور جو اس	آئندہ حصوں میں دیکھئے
1۔زندگی 2۔سبب 3۔جیسے کہ	کی زندگانی کا موجب ہوا تو گویا تمام لوگوں کی زندگانی کا موجب ہوا۔ اور ان لوگوں کے پاس ہمارے پیغمبرؑ روشن	
1۔سند، ثبوت 2۔درمیانی درجہ کی حد	دلیلیں لا چکے ہیں۔ پھر اس کے بعد بھی ان میں بہت سے لوگ ملک میں حدِ اعتدال سے نکل جاتے ہیں (32) جو	
	لوگ خدا اور اس کے رسولؐ سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کو دوڑتے پھریں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیئے	نساء: 65تا68 مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے
پھانسی	جائیں یا سُولی چڑھا دیئے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیئے	
	جائیں یا ملک سے نکال دیئے جائیں۔ یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے، اور آخرت میں ان کے لئے بڑا (بھاری)	
پہلے، قبل	عذاب (تیار) ہے (33) ہاں جن لوگوں نے اس سے پیشتر کہ تمہارے قابو آ جائیں توبہ کر لی تو جان رکھو کہ خدا	
نزدیکی	بخشنے والا مہربان ہے (34) اے ایمان والو! خدا سے ڈرتے رہو اور اس کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ تلاش کرتے	
1۔رہائی 2۔تمام زمین پر	رہو اور اس کے رستہ میں جہاد کرو تا کہ رستگاری پاؤ (35) جو لوگ کافر ہیں اگر ان کے پاس روئے زمین (کے تمام	
1۔دولت اور اسباب 2۔اتنے ہی	خزانے اور اس) کا سب مال و متاع ہو اور اس کے ساتھ اسی قدر اور بھی ہو تا کہ قیامت کے روز عذاب (سے	
	رستگاری حاصل کرنے) کا بدلا دیں تو ان سے قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کو درد دینے والا عذاب ہوگا (36)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ (37) وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا
اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (38) فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ
يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (39) اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ
لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (40) يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ
يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ
اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۙ
وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (41)

(ہر چند) چاہیں گے کہ آگ سے نکل جائیں مگر اس سے نہیں نکل سکیں گے اور ان کے لئے ہمیشہ کا عذاب ہے
(37) اور جو چوری کرے مرد ہو یا عورت۔ ان کے ہاتھ کاٹ ڈالو۔ یہ ان کے فعلوں کی سزا اور خدا کی طرف سے
عبرت ہے۔ اور خدا زبردست اور صاحبِ حکمت ہے (38) اور جو شخص گناہ کے بعد توبہ کر لے اور نیکوکار ہو جائے تو
خدا اس کو معاف کر دے گا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا بخشنے والا مہربان ہے (39) کیا تم کو معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین
میں خدا ہی کی سلطنت ہے؟ جس کو چاہے عذاب کرے اور جسے چاہے بخش دے۔ اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (40)
اے پیغمبرؐ! جو لوگ کفر میں جلدی کرتے ہیں (کچھ تو) ان میں سے (ہیں) جو منہ سے کہتے ہیں کہ ہم مومن ہیں لیکن
ان کے دل مومن نہیں ہیں۔ اور (کچھ) ان میں سے یہودی ہیں۔ ان کی وجہ سے غمناک نہ ہونا یہ غلط باتیں بنانے
کے لئے جاسوسی کرتے پھرتے ہیں۔ اور ایسے لوگوں (کے بہکانے) کے لئے جاسوس بنے ہیں جو ابھی تمہارے
پاس نہیں آئے۔ (صحیح) باتوں کو ان کے مقامات (میں سمجھ لینے) کے بعد بدل دیتے ہیں اور (لوگوں سے) کہتے
ہیں کہ اگر تم کو یہی (حکم) ملے تو اسے قبول کر لینا اور اگر یہ نہ ملے تو اس سے احتراز کرنا اور اگر کسی کو خدا گمراہ کرنا
چاہے تو اس کے لئے تم کچھ بھی خدا سے (ہدایت کا) اختیار نہیں رکھتے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو خدا نے پاک
کرنا نہیں چاہا۔ ان کے لئے دنیا میں بھی ذلت ہے اور آخرت میں بھی بڑا عذاب ہے (41)

مشکل الفاظ کے معانی:
- ہر چند: کتنا ہی، کیسا ہی
- فعلوں: عملوں
- عبرت، زبردست: 1۔ نصیحت 2۔ طاقتور، زور آور
- سلطنت: بادشاہی، حکومت
- غمناک نہ ہونا: غم نہ کرنا، افسردہ نہ ہونا
- بہکانے: ورغلانا، بیوقوف بنانا
- مقامات: جگہ، جگہوں
- احتراز: کنارہ کشی، علیحدگی
- ذلت: رسوائی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ
يَّضُرُّوْكَ شَيْئًا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (42) وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ
وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ (43) اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا
هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ
كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِیْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ
يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ (44) وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ
وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ
يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (45)

(یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لئے جاسوسی کرنے والے اور حرام مال کھانے والے ہیں۔ اگر یہ تمہارے
پاس (کوئی مقدمہ فیصل کرانے کو) آئیں تو تم ان میں فیصلہ کردینا یا اعراض کرنا اور اگر ان سے اعراض کروگے
تو وہ تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔ اور فیصلہ کرنا چاہو تو انصاف کا فیصلہ کرنا کہ خدا انصاف کرنے والوں کو
دوست رکھتا ہے (42) اور یہ تم سے (اپنے مقدمات) کیونکر فیصل کرائیں گے جبکہ خود ان کے پاس
تورات (موجود) ہے، جس میں خدا کا حکم (لکھا ہوا) ہے (یہ اسے جانتے ہیں) پھر اس کے بعد اس سے پھر جاتے ہیں۔
اور یہ لوگ ایمان ہی نہیں رکھتے (43) بیشک ہمیں نے تورات نازل فرمائی جس میں ہدایت اور روشنی ہے۔ اسی
کے مطابق انبیاءؑ جو (خدا کے) فرمانبردار تھے، یہودیوں کو حکم دیتے رہے ہیں اور مشائخ اور علماء بھی۔ کیونکہ
وہ کتاب خدا کے نگہبان مقرر کئے گئے تھے اور اس پر گواہ تھے (یعنی حکم الٰہی کا یقین رکھتے تھے) تو تم لوگوں سے مت
ڈرنا اور مجھی سے ڈرتے رہنا اور میری آیتوں کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لینا اور جو خدا کے نازل فرمائے ہوئے
احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی لوگ کافر ہیں (44) اور ہم نے ان لوگوں کے لئے تورات میں یہ حکم لکھ دیا تھا
کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے
بدلے دانت اور سب زخموں کا اسی طرح بدلا ہے لیکن جو شخص بدلا معاف کردے وہ اس کے لئے کفارہ ہوگا۔ اور جو
خدا کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی لوگ بے انصاف ہیں (45)

حوالہ جات:
- مائدہ:63,62
- فاطر:32

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔فیصلہ 2۔بچنا یا کنارہ کرنا
- 1۔تنازعات، جھگڑے 2۔کس وجہ سے، کیسے
- مُکر جاتے ہیں
- بزرگ، بڑے لوگ
- محافظ
- گناہوں کا بدلا ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿46﴾ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۗ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿47﴾ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا
عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۗ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۗ
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۗ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا
فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿48﴾ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ
عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۗ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ۗ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ
لَفٰسِقُوْنَ ﴿49﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ۗ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿50﴾

اور ان پیغمبروںؑ کے بعد انہیں کے قدموں پر ہم نے عیسیٰؑ بن مریمؑ کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی
تصدیق کرتے تھے اور ان کو انجیل عنایت کی، جس میں ہدایت اور نور ہے۔ اور تورات کی جو اس سے پہلی
(کتاب) ہے تصدیق کرتی ہے اور پرہیزگاروں کو راہ بتاتی اور نصیحت کرتی ہے (46) اور اہل انجیل کو چاہیئے
کہ جو احکام خدا نے اس میں نازل فرمائے ہیں اس کے مطابق حکم دیا کریں اور جو خدا کے نازل کئے ہوئے احکام
کے مطابق حکم نہ دے گا تو ایسے لوگ نافرمان ہیں (47) اور (اے پیغمبرؐ) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو
اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے۔ اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم خدا نے نازل فرمایا ہے اس
کے مطابق ان کا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آ چکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا۔ ہم
نے تم میں سے ہر ایک کے لئے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے۔ اور اگر خدا چاہتا تو سب کو ایک ہی شریعت پر
کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو دیئے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی چاہتا ہے۔ سو نیک کاموں میں جلدی
کرو۔ تم سب کو خدا کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دے گا (48) اور
جو (حکم) خدا نے نازل فرمایا ہے اسی کے مطابق ان میں فیصلہ کرنا اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا اور ان
سے بچتے رہنا کہ کسی حکم سے جو خدا نے نازل فرمایا ہے یہ کہیں تم کو بہکا نہ دیں۔ اگر یہ نہ مانیں تو جان لو کہ خدا
چاہتا ہے کہ ان کے بعض گناہوں کے سبب ان پر مصیبت نازل کرے۔ اور اکثر لوگ تو نافرمان ہیں (49) کیا
یہ زمانہ جاہلیت کے حکم کے خواہشمند ہیں؟ اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے خدا سے اچھا حکم کس کا ہے؟ (50)

مشکل الفاظ کے معانی:

- قدموں پر: اسی راستے پر
- تصدیق (1)، عنایت (2): 1۔ سچا کہنا، تائید کرنا 2۔ دی
- اہل انجیل: انجیل کے پیروکار
- شامل: اکٹھا، ملا ہوا
- پیروی: پیچھے چلنا
- دستور (1)، شریعت (2): 1۔ رواج 2۔ حکم الٰہی
- اختلاف: اتفاق کا الٹ
- بہکا: پھسلانا، دھوکہ دینا
- سبب: کی وجہ سے
- جاہلیت: جہالت

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ
مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿51﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى
اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ
نٰدِمِيْنَ ﴿52﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿53﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ
اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿54﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿55﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿56﴾

اے ایمان والو! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور جو شخص تم میں سے ان کو
دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہوگا۔ بیشک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (51) تو جن لوگوں کے
دلوں میں (کفر یا نفاق کا) مرض ہے۔ تم ان کو دیکھو گے کہ ان میں دوڑ دوڑ کے ملے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہمیں
خوف ہے کہ کہیں ہم پر زمانے کی گردش نہ آ جائے۔ سو قریب ہے کہ خدا فتح بھیجے یا اپنے ہاں سے کوئی اور امر
(نازل فرمائے) پھر یہ اپنے دل کی باتوں پر جو چھپایا کرتے تھے پشیمان ہو کر رہ جائیں گے (52) اور (اس
وقت) مسلمان (تعجب سے) کہیں گے کہ کیا یہ وہی ہیں، جو خدا کی سخت سخت قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہم
تمہارے ساتھ ہیں ان کے عمل اکارت گئے اور وہ خسارے میں پڑ گئے (53) اے ایمان والو! اگر کوئی تم
میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو خدا ایسے لوگ پیدا کر دے گا جن کو وہ دوست رکھے اور جسے وہ دوست
رکھیں۔ اور جو مومنوں کے حق میں نرمی کریں اور کافروں سے سختی سے پیش آئیں۔ خدا کی راہ میں جہاد کریں
اور کسی ملامت کرنے والے سے نہ ڈریں۔ یہ خدا کا فضل ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ اور خدا بڑی
کشائش والا اور جاننے والا ہے (54) تمہارے دوست تو خدا اور اس کے پیغمبرؑ اور مومن لوگ ہی ہیں جو نماز
پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور (خدا کے آگے) جھکتے ہیں (55) اور جو شخص خدا اور اس کے پیغمبرؑ اور مومنوں سے
دوستی کرے گا تو (وہ خدا کی جماعت میں داخل ہوگا اور) خدا کی جماعت ہی غلبہ پانے والی ہے (56)

مشکل الفاظ کے معانی:
- یہودی اور عیسائی
- 1۔ظاہر کچھ باطن کچھ 2۔بیماری
- 1۔چکر، مصیبت 2۔حکم، کام
- شرمندہ، افسردہ
- حیرانگی
- 1۔ضائع 2۔نقصان
- بُرا بھلا کہنا، ڈانٹنا
- کھلا پن
- فتح، غالب ہونا

حوالہ جات: یونس:57، حزاب:32

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ
وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿57﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿58﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ
قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿59﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ
عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿60﴾
وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿61﴾ وَتَرٰى
كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿62﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ
الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿63﴾

اے ایمان والو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتابیں دی گئی تھیں ان کو اور کافروں کو جنہوں نے تمہارے دین کو
ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے دوست نہ بناؤ اور مومن ہو تو خدا سے ڈرتے رہو (57) اور جب تم لوگ نماز کے
لئے اذان دیتے ہو تو یہ اسے بھی ہنسی اور کھیل بناتے ہیں۔ یہ اس لئے کہ سمجھ نہیں رکھتے (58) کہو کہ اے
اہل کتاب! تم ہم میں بُرائی ہی کیا دیکھتے ہو سوا اس کے کہ ہم خدا پر اور جو (کتاب) ہم پر نازل ہوئی اس پر
اور جو (کتابیں) پہلے نازل ہوئیں ان پر ایمان لائے ہیں اور تم میں اکثر بدکردار ہیں (59) کہو کہ میں
تمہیں بتاؤں کہ خدا کے ہاں اس سے بدتر جزا پانے والے کون ہیں؟ وہ لوگ ہیں، جن پر خدا نے لعنت کی
اور جن پر وہ غضبناک ہوا اور (جن کو) ان میں سے بندر اور سؤر بنا دیا اور جنہوں نے شیطان کی پرستش کی
ایسے لوگوں کا بُرا ٹھکانا ہے۔ اور وہ سیدھے رستے سے بہت دُور ہیں (60) اور جب یہ لوگ تمہارے پاس
آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ کفر لے کر آتے ہیں اور اسی کو لے کر جاتے ہیں۔ اور جن
باتوں کو یہ مخفی رکھتے ہیں، خدا ان کو خوب جانتا ہے (61) اور تم دیکھو گے کہ ان میں اکثر گناہ اور زیادتی
اور حرام کھانے میں جلدی کر رہے ہیں۔ بیشک یہ جو کچھ کرتے ہیں بُرا کرتے ہیں (62) بھلا ان کے
مشائخ اور علماء انہیں گناہ کی باتوں اور حرام کھانے سے منع کیوں نہیں کرتے؟ بلاشبہ وہ بھی بُرا کرتے ہیں (63)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے: مذاق سمجھ رکھا ہے
- سوا: علاوہ، بغیر
- بدکردار: بے کرتوتے
- 1۔ بدتر 2۔ جزا: 1۔ زیادہ بُری 2۔ صِلہ
- 1۔ غضبناک 2۔ پرستش: 1۔ غصہ 2۔ حکم ماننا
- 1۔ مخفی 2۔ اکثر: 1۔ چھپا ہوا 2۔ زیادہ تر
- 1۔ مشائخ 2۔ علماء: 1۔ بزرگ 2۔ علم رکھنے والے

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ
كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا
نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿64﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا
وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿65﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ
رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿66﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ
بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿67﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ
وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾

اور یہود کہتے ہیں کہ خدا کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (یعنی اللہ بخیل ہے) انہیں کے ہاتھ باندھے جائیں اور ایسا کہنے کے سبب
ان پر لعنت ہو۔ (اس کا ہاتھ بندھا ہوا نہیں) بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں۔ وہ جس طرح (اور جتنا)
چاہتا ہے خرچ کرتا ہے اور (اے محمدؐ!) یہ (کتاب) جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوئی ہے اس سے
ان میں سے اکثر کی شرارت اور انکار بڑھے گا اور ہم نے ان کے باہم عداوت اور بغض قیامت تک کے لئے ڈال
دیا ہے۔ یہ جب لڑائی کے لئے آگ جلاتے ہیں تو خدا اس کو بجھا دیتا ہے، اور یہ ملک میں فساد کے لئے دوڑتے
پھرتے ہیں۔ اور خدا فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا (64) اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری
کرتے تو ہم ان سے ان کے گناہ محو کر دیتے اور ان کو نعمت کے باغوں میں داخل کرتے (65) اور اگر وہ تورات
اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئیں ان کو قائم رکھتے تو (ان پر رزق
مینہ کی طرح برستا کہ) اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے کھاتے ان میں کچھ لوگ میانہ رو ہیں۔ اور بہت سے
ایسے ہیں جن کے اعمال بُرے ہیں (66) اے پیغمبرؐ جو ارشادات خدا کی طرف سے تم پر نازل ہوئے ہیں، سب
لوگوں کو پہنچا دو۔ اور اگر ایسا نہ کیا تو تم خدا کے پیغام پہنچانے میں قاصر رہے (یعنی پھر تم نے پیغمبریؐ کا فرض ادا
نہ کیا) اور خدا تم کو لوگوں سے بچائے رکھے گا۔ بیشک خدا مُنکروں کو ہدایت نہیں دیتا (67) کہو کہ اے اہل کتاب!
جب تک تم تورات اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) تمہارے پروردگار کی طرف سے تم لوگوں پر نازل ہوئیں، ان کو
قائم نہ رکھو گے کچھ بھی راہ پر نہیں ہو سکتے اور (یہ قرآن) جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے، اس
سے ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اور بڑھے گا تو تم قوم کفار پر افسوس نہ کرو (68)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ کنجوسی 2۔ کی وجہ سے
- پھٹکار
- 1۔ زیادہ تر 2۔ آپس میں دشمنی ہونا
- سرکشی، کفر، شرک
- ختم
- اسکے پابند رہتے
- درمیانی چال
- فرمان، احکام
- انکاری، مشرک
- 1۔ اکثریت کی، زیادہ تر لوگوں کی 2۔ بغاوت، شرک

حوالہ جات

نور: 35

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿69﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ ۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ
فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿70﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿71﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا
اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿72﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ
قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾
اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿74﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ
وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿75﴾

جو لوگ خدا پر اور روز آخرت پر ایمان لائیں گے اور عمل نیک کریں گے خواہ وہ مسلمان ہوں یا یہودی یا ستارہ
پرست یا عیسائی ان کو (قیامت کے دن) نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (69) ہم نے اولادِ اسرائیل
سے عہد بھی لیا اور ان کی طرف پیغمبرؑ بھی بھیجے (لیکن) جب کوئی پیغمبرؑ ان کے پاس ایسی باتیں لے کر آتا جن کو
ان کے دل نہیں چاہتے تھے تو وہ (انبیاءؑ کی) ایک جماعت کو تو جھٹلا دیتے اور ایک جماعت کو قتل کر دیتے
تھے (70) اور یہ خیال کرتے تھے کہ (اس سے ان پر) کوئی آفت نہیں آنے کی تو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے۔
پھر خدا نے ان پر مہربانی فرمائی۔ (لیکن) پھر ان میں سے بہت سے اندھے اور بہرے ہو گئے اور خدا ان کے
سب کاموں کو دیکھ رہا ہے (71) وہ لوگ بلاشبہ کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ مریمؑ کے بیٹے (عیسٰیؑ) مسیحؑ خدا
ہیں۔ حالانکہ مسیحؑ یہ کہا کرتے تھے کہ اے اولادِ اسرائیل خدا ہی کی عبادت کرو جو میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا
بھی۔ (اور جان رکھو کہ) جو شخص خدا کے ساتھ شرک کرے گا خدا اس پر بہشت کو حرام کر دے گا اور اس کا
ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں (72) وہ لوگ (بھی) کافر ہیں جو اس بات کے قائل ہیں
کہ خدا تین میں کا تیسرا ہے۔ حالانکہ اس معبود یکتا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اگر یہ لوگ ایسے
اقوال (وعقائد) سے باز نہیں آئیں گے تو ان میں جو کافر ہوئے ہیں، وہ تکلیف دینے والا عذاب پائیں
گے (73) تو یہ کیوں خدا کے آگے توبہ نہیں کرتے اور اس سے گناہوں کی معافی نہیں مانگتے؟ اور خدا تو بخشنے والا
مہربان ہے (74) مسیحؑ ابن مریمؑ تو صرف (خدا کے) پیغمبرؑ تھے۔ ان سے پہلے بھی بہت سے رسولؑ گزر چکے
تھے۔ اور ان کی والدہ (مریمؑ خدا کی) سچی فرمانبردار تھیں دونوں (انسان تھے اور) کھانا کھاتے تھے۔ دیکھو ہم ان
لوگوں کے لئے اپنی آیتیں کس طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں پھر (یہ) دیکھو کہ کدھر اُلٹے جا رہے ہیں (75)

مشکل الفاظ کے معانی:

- خواہ: چاہے، بھلے
- غمناک: غم کرنا، افسوس کرنا
- عہد: وعدہ
- جھٹلا دیتے: جھوٹا کہتے، ایمان نہ لاتے
- آفت / آنے کی: 1۔مصیبت، پریشانی 2۔آنے والی
- بلاشبہ: بے شک
- عبادت: اللہ کا حکم ماننا
- حرام: ناجائز
- قائل: یقین کرنا، عقیدہ رکھنا
- معبود / یکتا / سوا / لائق: 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔اکیلا 3۔علاوہ 4۔موزوں، مناسب
- اقوال / عقائد: 1۔کہاوت، مقولہ 2۔عقیدہ، مذہب، ایمان
- فرمانبردار: حکم ماننا
- اُلٹے جا رہے: راستہ بھولے ہوئے

حوالہ جات: نساء:171

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَالَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿76﴾ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ
لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ
سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿77﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا
عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿78﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿79﴾ تَرٰى كَثِيْرًا
مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِى الْعَذَابِ هُمْ
خٰلِدُوْنَ ﴿80﴾ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِىِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ
فٰسِقُوْنَ ﴿81﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً
لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿82﴾

کہو کہ تم خدا کے سوا ایسی چیز کی کیوں پرستش کرتے ہو جس کو تمہارے نفع اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں؟ اور
خدا ہی (سب کچھ) سنتا جانتا ہے (76) کہو کہ اے اہل کتاب! اپنے دین (کی بات) میں ناحق مبالغہ نہ
کرو، اور ایسے لوگوں کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلو، جو (خود بھی) پہلے گمراہ ہوئے اور اکثروں کو بھی گمراہ کر
گئے اور سیدھے رستے سے بھٹک گئے (77) جو لوگ اولادِ اسرائیل میں کافر ہوئے ان پر داؤدؑ اور عیسٰیؑ بن مریمؑ
کی زبان سے لعنت کی گئی۔ یہ اس لئے کہ نافرمانی کرتے تھے اور حد سے تجاوز کرتے تھے (78) (اور)
بُرے کاموں سے جو وہ کرتے تھے ایک دوسرے کو روکتے نہیں تھے۔ بلاشبہ وہ بُرا کرتے تھے (79) تم ان میں
سے بہتوں کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی رکھتے ہیں۔ انہوں نے جو کچھ اپنے واسطے آگے بھیجا ہے، بُرا
ہے۔ (وہ یہ) کہ خدا ان سے ناخوش ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں (مبتلا) رہیں گے (80) اور اگر وہ خدا پر اور
پیغمبرؐ پر اور جو کتاب ان پر نازل ہوئی تھی، اس پر یقین رکھتے تو ان لوگوں کو دوست نہ بناتے۔ لیکن
ان میں اکثر بدکردار ہیں (81) (اے پیغمبرؐ) تم دیکھو گے کہ مومنوں کے ساتھ سب سے زیادہ دشمنی کرنے
والے یہودی اور مشرک ہیں۔ اور دوستی کے لحاظ سے مومنوں سے قریب تر ان لوگوں کو پاؤ گے جو کہتے ہیں کہ ہم
نصاریٰ ہیں یہ اس لئے کہ ان میں عالم بھی ہیں مشائخ بھی ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے (82)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔پوجا کرنا،حکم ماننا 2۔طاقت
- 1۔جھوٹ 2۔کسی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا
- 1۔راستہ بھولنا 2۔بہت لوگوں کو
- راستہ بھول گئے
- بڑھ جانا
- بیشک
- 1۔زیادہ 2۔لئے
- پھنسنا،پکڑا ہوا
- بے کرتوتے،مشرک
- اعتبار
- 1۔عیسائی 2۔علم والے 3۔بزرگ 4۔غرور

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿83﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿84﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿85﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿86﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ
لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿87﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ
مُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ
مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۗ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۗ ذٰلِكَ
كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۗ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿89﴾

اور جب اس (کتاب) کو سنتے ہیں جو (سب سے آخری) پیغمبرؐ پر نازل ہوئی تو تم دیکھتے ہو کہ ان کی آنکھوں سے
آنسو جاری ہو جاتے ہیں، اس لئے کہ انہوں نے حق بات پہچان لی۔ اور وہ (خدا کی جناب میں) عرض کرتے ہیں
کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ لے (83) اور ہمیں کیا ہوا ہے کہ خدا پر اور حق
بات پر جو ہمارے پاس آئی ہے، ایمان نہ لائیں اور ہم اُمید رکھتے ہیں کہ پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ
(بہشت میں) داخل کرے گا (84) تو خدا نے ان کو اس کہنے کے عوض (بہشت کے) باغ عطا فرمائے، جن کے
نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اور نیکوکاروں کا یہی صلہ ہے (85) اور جن لوگوں نے کفر کیا
اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں (86) مومنو! جو پاکیزہ چیزیں خدا نے تمہارے لئے حلال کی ہیں ان کو حرام نہ
کرو اور حد سے نہ بڑھو کہ خدا حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا (87) اور جو حلال طیب روزی خدا نے تم کو
دی ہے، اسے کھاؤ اور خدا سے جس پر ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو (88) خدا تمہاری بے ارادہ قسموں پر تم سے
مواخذہ نہ کرے گا لیکن پختہ قسموں پر مواخذہ کرے گا۔ تو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے
جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو۔ یا ان کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا اور جس کو یہ میسر نہ ہو وہ تین روزے
رکھے۔ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے، جب تم قسم کھالو (اور اسے توڑ دو۔) اور (تم کو) چاہئے کہ اپنی قسموں کی حفاظت
کرو۔ اس طرح خدا تمہارے (سمجھانے کے) لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے، تا کہ تم شکر کرو (89)

1۔ سچی 2۔ دربار، حضور

1۔ بدلے میں 2۔ دیئے

بدلا، معاوضہ

1۔ پاک 2۔ رزق، معاش

بغیر سوچے

1۔ باز پرس 2۔ گناہ کا بدلا 3۔ درمیانہ

1۔ اہل خانہ 2۔ ملنا، رسائی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (90) اِنَّمَا
يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ
مُّنْتَهُوْنَ (91) وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (92) لَيْسَ عَلَى
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (93) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ
يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (94) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۗ وَمَنْ قَتَلَهٗ
مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا ۢ بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ
عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۗ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۗ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ (95)

اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں۔ سو ان سے بچتے
رہنا تاکہ نجات پاؤ (90) شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہاری آپس میں دشمنی اور رنجش
ڈلوادے اور تمہیں خدا کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم کو (ان کاموں سے) باز رہنا چاہیئے (91) اور خدا
کی فرمانبرداری اور رسولؐ (خدا) کی اطاعت کرتے رہو۔ اور ڈرتے رہو اگر منہ پھیرو گے تو جان رکھو کہ
ہمارے پیغمبرؐ کے ذمے تو صرف پیغام کا کھول کر پہنچا دینا ہے (92) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے
رہے ان پر ان چیزوں کا کچھ گناہ نہیں جو وہ کھا چکے، جبکہ انہوں نے پرہیز کیا اور نیک کام کئے پھر پرہیز کیا اور
ایمان لائے پھر پرہیز کیا اور نیکوکاری کی۔ اور خدا نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے (93) مومنو! کسی قدر شکار سے
جن کو تم ہاتھوں اور نیزوں سے پکڑ سکو خدا تمہاری آزمائش کرے گا (یعنی حالت احرام میں خشکی یا جنگل کے شکار کی ممانعت
سے) تاکہ (خدا) معلوم کرے کہ اس سے غائبانہ کون ڈرتا ہے تو جو اس کے بعد زیادتی کرے، اس کے لئے دُکھ دینے والا
عذاب (تیار) ہے (94) مومنو! جب تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار نہ مارنا۔ اور جو تم میں سے جان بوجھ کر
اسے مارے تو (یا تو اس کا) بدلا (دے اور وہ یہ ہے کہ) اسی طرح کا چارپایہ، جسے تم میں سے دو معتبر شخص مقرر
کر دیں، قربانی (کرے اور یہ قربانی) کعبے پہنچائی جائے یا کفارہ (دے اور وہ) مسکینوں کو کھانا کھلانا (ہے) یا
اس کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کام کی سزا (کا مزا) چکھے (اور) جو پہلے ہو چکا وہ خدا نے معاف کر دیا۔ اور
جو پھر (ایسا کام) کرے گا تو خدا اس سے انتقام لے گا۔ اور خدا غالب اور انتقام لینے والا ہے (95)

مشکل الفاظ کے معانی:

- پانسے: قُرعہ
- 1۔ نجات 2۔ سبب 3۔ رنجش: 1۔رہائی، مخلصی 2۔کی وجہ سے 3۔ناراضگی
- باز رہنا: بچے رہنا
- 1۔ اطاعت 2۔ منہ پھیرو گے: 1۔حکم ماننا 2۔انکار کروگے
- کسی قدر: کسی حدتک
- ممانعت: منع ہونا
- معتبر: معزز، بڑے
- 1۔ انتقام 2۔ غالب: 1۔بدلا 2۔اوپر

حوالہ جات:

- مائدہ:100
- مائدہ:96

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ
الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (96) جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ
لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (97) اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (98) مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ (99) قُلْ
لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (100)
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ
عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ (101) قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ (102) مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ
بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (103)

تمہارے لئے دریا (کی چیزوں) کا شکار اور ان کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے (یعنی) تمہارے مسافروں کے فائدے کے لئے اور جنگل (کی چیزوں) کا شکار جب تک تم احرام کی حالت میں رہو تم پر حرام ہے۔ اور خدا سے جس کے پاس تم (سب) جمع کئے جاؤ گے ڈرتے رہو (96) خدا نے عزت کے گھر (یعنی) کعبے کو لوگوں کے لئے موجب امن مقرر فرمایا ہے۔ اور عزت کے مہینوں کو اور قربانی کو اور ان جانوروں کو جن کے گلے میں پٹے بندھے ہوں۔ یہ اس لئے کہ تم جان لو کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے خدا سب کو جانتا ہے اور یہ کہ خدا کو ہر چیز کا علم ہے (97) جان رکھو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے اور یہ کہ خدا بخشنے والا مہربان بھی ہے (98) پیغمبر کے ذمے تو صرف (پیغام خدا کا) پہنچا دینا ہے۔ اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ مخفی کرتے ہو، خدا کو سب معلوم ہے (99) کہہ دو کہ ناپاک چیزیں اور پاک چیزیں برابر نہیں ہوتیں، گو ناپاک چیزوں کی کثرت[1] تمہیں خوش ہی لگے[2]۔ تو عقل والو! خدا سے ڈرتے رہو تاکہ رستگاری[1] حاصل کرو (100) مومنو! ایسی چیزوں کے بارے میں مت سوال کرو کہ اگر (ان کی حقیقتیں[2]) تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر قرآن کے نازل ہونے کے ایام میں ایسی باتیں پوچھو گے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی۔ (اب تو) خدا نے ایسی باتوں (کے پوچھنے) سے درگزر فرمایا ہے اور خدا بخشنے والا بردبار ہے (101) اس طرح کی باتیں تم سے پہلے لوگوں نے بھی پوچھی تھیں (مگر جب بتائی گئیں تو) پھر ان سے منکر[1] ہو گئے (102) خدا نے نہ تو بحیرہ کچھ چیز بنایا ہے اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حام[2] بلکہ کافر خدا پر جھوٹ افتراء کرتے ہیں۔ اور یہ اکثر عقل نہیں رکھتے (103)

موجب: سبب، وجہ

مخفی: چھپانا

کثرت، لگے: 1۔ زیادہ ہونا، زیادتی 2۔ اچھی لگے

رستگاری، حقیقتیں: 1۔ رہائی، مخلصی 2۔ اصلیت

درگزر: معاف کرنا، توجہ نہ دینا

منکر، حام: 1۔ انکاری 2۔ گزرے مشرکوں کے شریک

افتراء کرتے: جھوٹا الزام دینا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ
شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ (104) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ
جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (105) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ
ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ
الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ (106) فَاِنْ
عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ
اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ (107) ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا
اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (108)

اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) خدا نے نازل فرمائی اس کی اور رسول اللہ ؑ کی طرف رجوع کرو
تو کہتے ہیں کہ جس طریق پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے، وہی ہمیں کافی ہے، بھلا اگر ان کے باپ دادا نہ تو
کچھ جانتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی انہیں کی تقلید کئے جائیں گے!) (104) اے ایمان
والو! اپنی جانوں کی حفاظت کرو جب تم ہدایت پر ہو تو کوئی گمراہ تمہارا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکتا۔ تم سب کو خدا کی طرف
لوٹ کر جانا ہے اس وقت وہ تم کو تمہارے سب کاموں سے جو (دنیا میں) کئے تھے، آگاہ کرے گا (اور ان کا بدلا
دے گا) (105) مومنو! جب تم میں سے کسی کی موت آ موجود ہو تو شہادت (کا طریق) یہ ہے کہ وصیت کے
وقت تم (مسلمانوں) میں سے دو مرد عادل گواہ ہوں۔ یا اگر (مسلمان نہ ملیں اور) تم سفر کر رہے ہو اور (اس
وقت) تم پر موت کی مصیبت واقع ہو تو کسی دوسرے مذہب کے دو (شخصوں کو) گواہ (کرلو) اگر تم کو ان گواہوں
کی نسبت کچھ شک ہو تو ان کو نماز کے بعد کھڑا کرو اور دونوں خدا کی قسمیں کھائیں کہ ہم شہادت کا کچھ عوض نہیں
لیں گے گو ہمارا رشتہ دار ہی ہو۔ اور نہ ہم اللہ کی شہادت کو چھپائیں گے اگر ایسا کریں گے تو گنہگار ہوں
گے (106) پھر اگر معلوم ہو جائے کہ ان دونوں نے (جھوٹ بول کر) گناہ حاصل کیا ہے تو جن لوگوں کا انہوں
نے حق مارنا چاہا تھا ان میں سے ان کی جگہ اور دو گواہ کھڑے ہوں جو (میت سے) قرابت قریبہ رکھتے
ہوں۔ پھر وہ خدا کی قسمیں کھائیں کہ ہماری شہادت ان کی شہادت سے بہت سچی ہے اور ہم نے کوئی زیادتی
نہیں کی ایسا کیا ہو تو ہم بے انصاف ہیں (107) اس طریق سے بہت قریب ہے کہ یہ لوگ صحیح صحیح شہادت
دیں یا اس بات سے خوف کریں کہ (ہماری) قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کر دی جائیں گی۔ اور خدا سے
ڈرو اور (اس کے حکموں کو) گوش ہوش سے سنو اور خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (108)

- ڈھلو، آؤ، توجہ کرو
- 1۔طریقہ 2۔بہت
- نقل، پیروی
- 1۔واپس 2۔بتائے گا
- 1۔گواہی 2۔مسافر یا مرنے والے کی ہدایات
- انصاف کرنے والا
- 1۔کے بارے میں 2۔معاوضہ، بدلے
- 1۔حصہ، مال 2۔مخلص رشتہ دار
- ختم ہونا
- ہوش وحواس

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿109﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى
ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ
وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا
فَتَكُوْنُ طَيْرًا ۢ بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿110﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ
اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿111﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ
يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿112﴾ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ
مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿113﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
قابل	(وہ دن یاد رکھنے کے لائق ہے) جس دن خدا پیغمبروںؑ کو جمع کرے گا پھر ان سے پوچھے گا کہ تمہیں کیا جواب	متشابہ، عمران:7، بنی اسرائیل:36
غائب	ملا تھا؟ وہ عرض کریں گے کہ ہمیں کچھ معلوم نہیں تُو ہی غیب کی باتوں سے واقف ہے (109) جب خدا (عیسیٰؑ	
	سے) فرمائے گا کہ اے عیسیٰؑ بن مریمؑ! میرے ان احسانوں کو یاد کرو جو میں نے تم پر اور تمہاری والدہ پر کئے	
1۔پاک روح 2۔طریقہ	جب میں نے روح القدس سے تمہاری مدد کی تم جُھولے میں اور جوان ہو کر (ایک ہی نسق پر) لوگوں سے گفتگو	مریم:27تا33
	کرتے تھے اور جب میں نے تم کو کتاب اور دانائی اور تورات اور انجیل سکھائی اور جب تم میرے حکم سے مٹی کے	
1۔پیدائشی 2۔موتیا	جانور بنا کر اس میں پھونک مار دیتے تھے تو وہ میرے حکم سے اُڑنے لگتا تھا۔ اور مادرزاد اندھے اور سفید داغ	
درست، صحت مند	والے کو میرے حکم سے چنگا کر دیتے تھے اور مُردے کو میرے حکم سے (زندہ کر کے قبر سے) نکال کھڑا کرتے	
	تھے۔ اور جب میں نے اولادِ اسرائیل (کے ہاتھوں) کو تم سے روک دیا۔ جب تم ان کے پاس کُھلے نشان لیکر آئے	
1۔سیدھا، صاف 2۔وفاداروں	تو جو ان میں سے کافر تھے کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے (110) اور جب میں نے حواریوں کی طرف حکم	
گواہ رہنا	بھیجا کہ مجھ پر اور میرے پیغمبرؑ پر ایمان لاؤ۔ وہ کہنے لگے کہ (پروردگار) ہم ایمان لائے تو شاہد رہیو کہ ہم	
	فرمانبردار ہیں (111) (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰؑ بن مریمؑ! کیا تمہارا پروردگار	
1۔کھانا 2۔وہ برتن جس میں کھانا ہو	ایسا کرسکتا ہے کہ ہم پر آسمان سے (طعام کا) خوان نازل کرے؟ انہوں نے کہا کہ اگر ایمان رکھتے ہو تو خدا	
	سے ڈرو (112) وہ بولے کہ ہماری یہ خواہش ہے کہ ہم اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل تسلی پائیں اور ہم	
اُترنا	جان لیں کہ تم نے ہم سے سچ کہا ہے اور ہم اس (خوان کے نزول) پر گواہ رہیں (113)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ	حوالہ جات

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ
الرّٰزِقِيْنَ (114) قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (115) وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ
يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ
لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ (116) مَا قُلْتُ
لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ
الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ (117) اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ (118) قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (119) لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (120)

تب عیسیٰؑ بن مریمؑ نے دعا کی اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما کہ ہمارے لئے (وہ دن)
عید قرار پائے یعنی ہمارے اگلوں اور پچھلوں (سب) کے لئے اور وہ تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق
دے تُو بہتر رزق دینے والا ہے (114) خدا نے فرمایا میں تم پر ضرور خوان نازل فرماؤں گا لیکن جو اس کے بعد
تم میں سے کفر کرے گا اسے ایسا عذاب دوں گا کہ اہل عالم میں کسی کو ایسا عذاب نہ دوں گا (115) اور (اس
وقت کو بھی یاد رکھو) جب خدا فرمائے گا کہ اے عیسیٰؑ بن مریمؑ! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ خدا کے سوا مجھے
اور میری والدہ کو معبود مقرر کرو؟ وہ کہیں گے کہ تُو پاک ہے مجھے کب شایاں تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کا مجھے
حق نہیں اگر میں نے ایسا کہا ہوگا تو تجھ کو معلوم ہوگا۔ (کیونکہ) جو بات میرے دل میں ہے تُو اسے جانتا ہے۔
اور جو تیرے ضمیر میں ہے اسے میں نہیں جانتا۔ بیشک تُو عالم الغیوب ہے (116) میں نے ان سے کچھ نہیں کہا
بجز اس کے جس کا تُو نے مجھے حکم دیا وہ یہ کہ تم خدا کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا سب کا پروردگار ہے۔ اور
جب تک میں ان میں رہا ان (کے حالات) کی خبر رکھتا رہا۔ جب تُو نے مجھے دنیا سے اٹھا لیا تو تُو ان کا نگراں
تھا۔ اور تُو ہر چیز سے خبردار ہے (117) اگر تُو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر بخش دے تو
بیشک تُو غالب (اور) حکمت والا ہے (118) خدا فرمائے گا کہ آج وہ دن ہے کہ راست بازوں کو ان کی
سچائی ہی فائدہ دے گی۔ ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ابدالآباد ان میں بستے رہیں گے۔
خدا ان سے خوش ہے اور وہ خدا سے خوش ہیں یہ بڑی کامیابی ہے (119) آسمان اور زمین اور جو کچھ
ان (دونوں) میں ہے، سب پر خدا کی بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (120)

مشکل الفاظ کے معانی:

- وہ برتن جس میں کھانا ہو
- خوشی کا تہوار
- پوری دنیا والوں میں
- زیب دینا
- اختیار
- 1۔نہ بتائی گئی 2۔غائب جاننے والا
- 1۔سوائے 2۔اللہ کا حکم ماننا
- محافظ، دیکھنے والا
- دیانت دار
- ہمیشہ ہمیشہ
- طاقت یا صلاحیت رکھنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات
	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ① هُوَ	
	الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ② وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی	
	الْاَرْضِ ؕ یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَیَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③ وَمَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا	
	مُعْرِضِیْنَ ④ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ یَاْتِیْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ⑤ اَلَمْ یَرَوْا كَمْ	
	اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَیْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا	
	الْاَنْهٰرَ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ⑥ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَیْكَ كِتٰبًا فِیْ	
	قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَیْدِیْهِمْ لَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ⑦ وَقَالُوْا لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ	
	اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِیَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا یُنْظَرُوْنَ ⑧	

ترجمہ سورت انعام

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
	ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے، جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیرا اور روشنی بنائی۔ پھر بھی	
شروع میں	کافر (شیطان کو) خدا کے برابر ٹھہراتے ہیں (1) وہی تو ہے جس نے تم کو (ابتدا میں) مٹی سے پیدا کیا	بقرہ:257، ناس:6
عرصہ	پھر (مرنے کا) ایک وقت مقرر کر دیا۔ اور ایک مدت اس کے ہاں اور مقرر ہے۔ پھر بھی تم (اے کافرو! خدا کے	
چھپی	بارے میں) شک کرتے ہو (2) اور آسمان اور زمین میں وہی ایک خدا ہے تمہاری پوشیدہ اور ظاہر سب باتیں	
	جانتا ہے اور تم جو عمل کرتے ہو، سب سے واقف ہے (3) اور خدا کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ان لوگوں کے	
انکار کرتے ہیں	پاس نہیں آتی مگر یہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں (4) جب ان کے پاس حق آیا تو اس کو بھی جھٹلا دیا۔ سو ان کو ان	
1۔ ہنسی، مذاق 2۔ بہت جلد	چیزوں کا جن سے یہ استہزاء کرتے ہیں عنقریب انجام معلوم ہو جائے گا (5) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم	
مضبوط کر دیئے تھے	نے ان سے پہلے کتنی اُمتوں کو ہلاک کر دیا جن کے پاؤں ملک میں ایسے جما دیئے تھے کہ تمہارے پاؤں بھی	
مسلسل	ایسے نہیں جمائے اور ان پر آسمان سے لگاتار مینہ برسایا اور نہریں بنا دیں جو ان کے (مکانوں کے) نیچے بہہ رہی	
1۔ کی وجہ سے 2۔ گروہ	تھیں۔ پھر ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور ان کے بعد اور اُمتیں پیدا کر دیں (6) اور اگر تم پر	
	کاغذوں پر لکھی ہوئی کتاب نازل کرتے اور یہ اسے اپنے ہاتھوں سے بھی ٹٹول لیتے تو جو کافر ہیں یہی کہہ دیتے	
صاف، سیدھا سیدھا	کہ یہ تو صریح جادو ہے (7) اور کہتے ہیں کہ ان (پیغمبرؐ) پر فرشتہ کیوں نازل نہ ہوا (جو ان کی تصدیق کرتا) اگر ہم	
1۔ فیصلہ 2۔ بالکل بھی 3۔ مزید وقت	فرشتہ نازل کرتے تو کام ہی فیصل ہو جاتا پھر انہیں (مطلق) مہلت نہ دی جاتی (8)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی | سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ | حوالہ جات

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ (9) وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ
سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (10) قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ (11)
قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا
رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (12) وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ (13) قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ
اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (14) قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (15) مَنْ
يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ (16) وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ
يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (17) وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ (18)

نیز[1] اگر ہم کسی فرشتے کو بھیجتے تو اسے مرد کی صورت میں بھیجتے اور جو شبہ[2] (اب) کرتے ہیں اسی شبہے میں انہیں
پھر ڈال دیتے (9) اور تم سے پہلے بھی پیغمبروںؑ کے ساتھ تمسخر ہوتے رہے ہیں۔ سو جو لوگ ان میں سے
تمسخر کیا کرتے تھے ان کو تمسخر کی سزا نے آ گھیرا[1] (10) کہو کہ (اے منکرین[2] رسالت) ملک میں چلو پھرو۔ پھر
دیکھو کہ جھٹلانے[1] والوں کا کیا انجام[2] ہوا (11) (ان سے) پوچھو کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے کس کا ہے۔
کہہ دو خدا کا۔ اس نے اپنی ذات (پاک) پر رحمت کو لازم کر لیا ہے۔ وہ تم سب کو قیامت کے دن، جس میں
کچھ بھی شک نہیں، ضرور جمع کرے گا جن لوگوں نے اپنے تئیں نقصان میں ڈال رکھا ہے وہ ایمان نہیں
لاتے (12) اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے۔ سب اسی کی ہے اور وہ سنتا جانتا ہے (13) کہو کیا میں
خدا کو چھوڑ کر کسی اور کو مددگار بناؤں کہ (وہی تو) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی (سب کو)
کھانا دیتا ہے اور خود کسی سے کھانا نہیں لیتا (یہ بھی) کہہ دو کہ مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلے اسلام
لانے والا ہوں اور یہ کہ تم (اے پیغمبرؐ!) مشرکوں میں نہ ہونا (14) (یہ بھی) کہہ دو کہ اگر میں اپنے پروردگار
کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے (15) جس شخص سے اس روز عذاب ٹال دیا گیا
اس پر خدا نے (بڑی) مہربانی فرمائی اور یہ کھلی کامیابی ہے (16) اور اگر تم کو خدا کوئی سختی پہنچائے تو اس کے
سوا[1] اس کو کوئی دُور کرنے والا نہیں اور اگر نعمت (وراحت[2]) عطا کرے تو (کوئی اس کو روکنے والا نہیں) وہ ہر چیز
پر قادر[1] ہے (17) اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہ دانا[2] اور خبردار[3] ہے (18)

- 1۔مزید، اس کے علاوہ 2۔شک
- طنز، مذاق
- 1۔پکڑ لیا 2۔انکار کرنے والے
- 1۔جھوٹ سمجھنا 2۔آخر
- ضروری
- اپنے آپ کو
- ہٹا دیا گیا
- صاف صاف، اعلانیہ
- 1۔علاوہ 2۔سکون
- 1۔طاقت رکھنا 2۔عقل والا 3۔خبر رکھنے والا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْعَام	حوالہ جات

قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ
لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ⑲ اَلَّذِيْنَ
اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑳ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى
عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (21) وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْۤا اَيْنَ
شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (22) ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ (23) اُنْظُرْ كَيْفَ
كَذَبُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ (24) وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ
يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ
اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (25) وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْئَوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ (26)

ان سے پوچھو کہ سب سے بڑھ کر (قرین انصاف) کس کی شہادت ہے۔ کہہ دو کہ خدا ہی مجھ میں اور تم میں گواہ
ہے اور یہ قرآن مجھ پر اس لئے اُتارا گیا ہے کہ اس کے ذریعے سے تم کو اور جس شخص تک وہ پہنچ سکے اس کو آگاہ کردوں۔
کیا تم اس بات کی شہادت دیتے ہو کہ خدا کے ساتھ اور بھی معبود ہیں۔ (اے محمدؐ!) کہہ دو کہ میں تو (ایسی)
شہادت نہیں دیتا۔ کہہ دو کہ صرف وہی ایک معبود ہے اور جن کو تم لوگ شریک بناتے ہو، میں ان سے بیزار ہوں
(19) جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (حق بات) کو اس طرح پہچانتے ہیں، جس طرح اپنے بیٹوں کو
پہچانا کرتے ہیں۔ جنہوں نے اپنے تئیں نقصان میں ڈال رکھا ہے۔ وہ ایمان نہیں لاتے (20) اور اس شخص
سے زیادہ کون ظالم ہے، جس نے خدا پر جھوٹ افتراء کیا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا کچھ شک نہیں ظالم لوگ نجات
نہیں پائیں گے (21) اور جس دن ہم سب لوگوں کو جمع کریں گے پھر مشرکوں سے پوچھیں گے کہ (آج) وہ
تمہارے شریک کہاں ہیں جن کا تمہیں دعوٰی تھا؟ (22) تو ان سے کچھ عذر نہ بن پڑے گا (اور) بجز اس کے
(کچھ نہ ہوگا) کہ کہیں خدا کی قسم جو ہمارا پروردگار ہے ہم شریک نہیں بناتے تھے (23) دیکھو انہوں نے اپنے اوپر
کیسا جھوٹ بولا اور جو کچھ یہ افتراء کیا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہا (24) اور ان میں بعض ایسے ہیں کہ
تمہاری (باتوں کی) طرف کان رکھتے ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر تو پردے ڈال دیئے ہیں کہ ان کو سمجھ نہ سکیں
اور کانوں میں ثقل پیدا کردیا ہے (کہ سن نہ سکیں) اور اگر یہ تمام نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی تو ان پر ایمان نہ
لائیں، یہاں تک کہ جب تمہارے پاس تم سے بحث کرنے کو آتے ہیں تو جو کافر ہیں کہتے ہیں یہ (قرآن) اور کچھ
بھی نہیں، صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں (25) وہ اس سے (اوروں کو بھی) روکتے ہیں اور خود بھی پرے
رہتے ہیں۔ مگر (ان باتوں سے) اپنے آپ ہی کو ہلاک کرتے ہیں اور (اس سے) بے خبر ہیں (26)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔زیادہ 2۔انصاف کی گئی 3۔گواہی
- بتادوں
- 1۔گواہی 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- نفرت کرنا
- سچی بات
- اپنے آپکو
- 1۔جھوٹا الزام 2۔رہائی
- 1۔غرور تھا، عقیدہ تھا 2۔بہانہ 3۔سوائے
- بولیں
- 1۔جھوٹ باندھنا 2۔چلا گیا
- خصوصی توجہ
- بوجھ
- 1۔دوسروں کو 2۔دُور، علیحدہ
- لاعلم

حوالہ جات

مائدہ:84,83 ،انعام:114 انبیاء:24

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (27) بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا
كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (28) وَقَالُوْٓا اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا
نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ (29) وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (30) قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا
يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ (31) وَمَا الْحَيٰوةُ
الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (32) قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِىْ
يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ (33) وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا
عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ (34)

کاش تم (ان کو اس وقت) دیکھو جب یہ دوزخ کے کنارے کھڑے کئے جائیں گے اور کہیں گے کہ اے کاش! ہم
پھر (دنیا میں) لوٹا دیئے جائیں، تاکہ اپنے پروردگار کی آیتوں کی تکذیب نہ کریں اور مومن ہو جائیں (27)
ہاں یہ جو کچھ پہلے چھپایا کرتے تھے، (آج) ان پر ظاہر ہو گیا ہے۔ اور اگر یہ (دنیا میں) لوٹائے بھی جائیں تو جن
(کاموں سے ان) کو منع کیا گیا تھا وہی پھر کرنے لگیں۔ کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں (28) اور کہتے ہیں کہ
ہماری جو دنیا کی زندگی ہے، بس یہی (زندگی) ہے اور ہم (مرنے کے بعد) پھر زندہ نہیں کئے جائیں گے (29)
اور کاش تم (ان کو اس وقت) دیکھو، جب یہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے اور وہ فرمائے گا کیا
یہ (دوبارہ زندہ ہونا) برحق نہیں تو کہیں گے کیوں نہیں پروردگار کی قسم (بالکل برحق ہے)۔ خدا فرمائے گا اب کفر
کے بدلے (جو دنیا میں کرتے تھے) عذاب (کے مزے) چکھو (30) جن لوگوں نے خدا کے رُوبرو حاضر ہونے
کو جھوٹ سمجھا وہ گھاٹے میں آ گئے۔ یہاں تک کہ جب ان پر قیامت ناگہاں آ موجود ہو گی تو بول اٹھیں گے کہ
(ہائے) اس تقصیر پر افسوس ہے، جو ہم نے قیامت کے بارے میں کی اور وہ اپنے (اعمال کے) بوجھ اپنی
پیٹھوں پر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ دیکھو جو بوجھ یہ اٹھا رہے ہیں بہت بُرا ہے (31) اور دنیا کی زندگی تو ایک
کھیل اور مشغلہ ہے۔ اور بہت اچھا گھر تو آخرت کا گھر ہے۔ (یعنی) ان کے لئے جو (خدا سے) ڈرتے ہیں۔ کیا
تم سمجھتے نہیں؟ (32) ہم کو معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتیں تمہیں رنج پہنچاتی ہیں (مگر) یہ تمہاری تکذیب
نہیں کرتے بلکہ ظالم خدا کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں (33) اور تم سے پہلے بھی پیغمبر جھٹلائے جاتے رہے تو وہ
تکذیب اور ایذا پر صبر کرتے رہے۔ یہاں تک کہ ان کے پاس ہماری مدد پہنچتی رہی۔ اور خدا کی باتوں کو کوئی بھی
بدلنے والا نہیں اور تم کو پیغمبروں (کے احوال) کی خبریں پہنچ چکی ہیں (تو تم بھی صبر سے کام لو) (34)

مشکل الفاظ کے معانی

- کاش: افسوس کا کلمہ
- لوٹا دیئے جائیں / تکذیب: 1۔واپس کردیے جائیں 2۔انکار کرنا،جھٹلانا
- برحق: سچائی
- رُوبرو: آمنے سامنے
- گھاٹے / ناگہاں: 1۔نقصان 2۔اچانک
- ہائے / تقصیر / بوجھ: 1۔افسوس کرنا 2۔قصور 3۔وزن
- پیٹھوں: کمر
- رنج: غم،تکلیف
- ایذا: تکلیف
- احوال: حالات

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَام	حوالہ جات

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَآءَ
اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿35﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۭ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ
يُرْجَعُوْنَ ﴿36﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿37﴾ وَمَا مِنْ
دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿38﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۭ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۭ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿39﴾ قُلْ
اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿40﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا
تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿41﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ
يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿42﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾

اور اگر ان کی رُوگردانی[1] تم پر شاق گزرتی ہے[2] تو اگر طاقت ہو تو زمین میں کوئی سرنگ ڈھونڈ نکالو[3] یا آسمان میں
سیڑھی (تلاش کرو)۔ پھر ان کے پاس کوئی معجزہ لاؤ۔ اور اگر خدا چاہتا تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ پس تم ہرگز
نادانوں[1] میں نہ ہونا (35) بات یہ ہے کہ (حق[2] کو) قبول وہی کرتے ہیں جو سنتے بھی ہیں اور مُردوں کو تو خدا
(قیامت ہی کو) اٹھائے گا۔ پھر اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے (36) اور کہتے ہیں کہ ان پر ان کے پروردگار
کے پاس سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی؟ کہہ دو کہ خدا نشانی اُتارنے پر قادر ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں
جانتے (37) اور زمین میں جو چلنے پھرنے والا یا دو پروں سے اُڑنے والا جانور ہے، ان کی بھی تم لوگوں کی
طرح جماعتیں ہیں۔ ہم نے (اس) کتاب (یعنی قرآن) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی نہیں کی پھر سب
اپنے پروردگار کی طرف جمع کئے جائیں گے (38) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور
گونگے ہیں۔ (اسکے علاوہ) اندھیرے میں (پڑے ہوئے) جس کو خدا چاہے گمراہ کر دے اور جسے چاہے
سیدھے رستے پر چلا دے (39) کہو (کافرو) بھلا دیکھو تو اگر تم پر خدا کا عذاب آ جائے یا قیامت آ موجود ہو تو
کیا تم (ایسی حالت میں) خدا کے سوا[1] کسی اور کو پکارو گے؟ اگر سچے ہو (تو بتاؤ) (40) (نہیں) بلکہ (مصیبت[2]
کے وقت تم) اسی کو پکارتے ہو تو جس دُکھ کے لئے اسے پکارتے ہو۔ وہ اگر چاہتا ہے تو اس کو دُور کر دیتا ہے اور
جن کو تم شریک بناتے ہو (اس وقت) انہیں بُھول جاتے ہو (41) اور ہم نے تم سے پہلے بہت سی اُمتوں کی
طرف پیغمبرؑ بھیجے۔ (پھر ان کی نافرمانیوں کے سبب) ہم انہیں سختیوں اور تکلیفوں میں پکڑتے رہے تا کہ
عاجزی کریں (42) تو جب ان پر ہمارا عذاب آتا رہا کیوں نہیں عاجزی کرتے رہے۔ مگر ان کے تو دل ہی
سخت ہو گئے تھے۔ اور جو وہ کام کرتے تھے، شیطان ان کو (ان کی نظروں میں) آراستہ کر دکھاتا تھا (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔انکار کرنا 2۔بُرا لگنا 3۔تلاش کر لو
- کسی بھی صورت
- 1۔بے عقل لوگ 2۔سچ
- طاقت یا صلاحیت رکھنا
- جھوٹا سمجھنا، انکار کیا
- 1۔علاوہ 2۔تکلیف، پریشانی
- گروہوں، جماعتوں
- حکم نہ ماننا
- تکبر سے باز آجائیں
- سنوارنا

حوالہ جات:

بنی اسرائیل: 12، یوسف: 111

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ
مُّبْلِسُوْنَ (44) فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (45) قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ
وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ (46)
قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ (47) وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا
مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (48) وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ
الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (49) قُلْ لَّاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ
مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ (50) وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ
يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْۤا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (51)

پھر جب انہوں نے اس نصیحت کو جوان کو کی گئی تھی، فراموش کر دیا تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے
یہاں تک کہ جب ان چیزوں سے جوان کو دی گئی تھیں، خوب خوش ہو گئے تو ہم نے ان کو ناگہاں پکڑ لیا اور وہ اس
وقت مایوس ہو کر رہ گئے (44) غرض ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی۔ اور سب تعریف خدائے رب العالمین ہی
کو (سزاوار ہے) (45) (ان کافروں سے) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر خدا تمہارے کان اور آنکھیں چھین لے اور
تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو خدا کے سوا کونسا معبود ہے، جو تمہیں یہ نعمتیں پھر بخشے؟ دیکھو ہم کس کس طرح اپنی
آیتیں بیان کرتے ہیں۔ پھر بھی یہ لوگ رُوگردانی کرتے ہیں (46) کہو کہ بھلا بتاؤ تو اگر تم پر خدا کا عذاب بے خبری
میں یا خبر آنے کے بعد آئے تو کیا ظالم لوگوں کے سوا کوئی اور بھی ہلاک ہوگا؟ (47) اور ہم جو پیغمبروںؑ کو بھیجتے
رہے ہیں تو خوشخبری سنانے اور ڈرانے کو۔ پھر جو شخص ایمان لائے اور نیکوکار ہو جائے تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا
اور نہ وہ اندوہناک ہوں گے (48) اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کی نافرمانیوں کے سبب انہیں عذاب
ہوگا (49) کہہ دو کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور نہ (یہ کہ) میں غیب
جانتا ہوں اور نہ تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو صرف اس حکم پر چلتا ہوں جو مجھے (خدا کی طرف
سے) آتا ہے۔ کہہ دو کہ بھلا اندھا اور آنکھ والا برابر ہوتے ہیں؟ تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے؟ (50)
اور جو لوگ خوف رکھتے ہیں کہ اپنے پروردگار کے رُوبرو حاضر کئے جائیں گے (اور جانتے ہیں کہ) اس کے سوا نہ تو
ان کا کوئی دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا۔ ان کو اس (قرآن) کے ذریعے سے نصیحت کرو تاکہ پرہیزگار بنیں (51)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بھلا دینا
- 1۔فائدہ اُٹھالیا 2۔اچانک
- 1۔نااُمید 2۔مکمل ختم کر دیا 3۔دنیاؤں کا خدا
- 1۔لائق 2۔لے لے
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔انکار کرنا، مُکر جانا 2۔لاعلمی
- 1۔غم زدہ، پریشان 2۔کی وجہ سے
- آمنے سامنے
- حکم الٰہی مانیں

حوالہ جات:

عمران:44، 179، اعراف:188، 203
جن:26 تا 28، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا
مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿52﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا
اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿53﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ
وَاَصْلَحَ ۙ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿54﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿55﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ
اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿56﴾ قُلْ
اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ
خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿57﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿58﴾

اور جو لوگ صبح وشام اپنے پروردگار سے دعا کرتے ہیں (اور) اس کی ذات کے طالب ہیں۔ ان کو (اپنے
پاس سے) مت نکالو۔ ان کے حساب (اعمال) کی جوابدہی تم پر کچھ نہیں اور تمہارے حساب کی جوابدہی ان
پر کچھ نہیں (پس ایسا نہ کرنا) اگر ان کو نکالو گے تو ظالموں میں ہو جاؤ گے (52) اور اسی طرح ہم نے بعض
لوگوں کی بعض سے آزمائش کی ہے تاکہ کہتے رہیں کیا یہی لوگ ہیں، جن پر خدا نے ہم میں سے فضل کیا ہے۔
بھلا خدا شکر کرنے والوں سے واقف نہیں؟ (53) اور جب تمہارے پاس ایسے لوگ آیا کریں جو ہماری
آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو (ان سے) سلام علیکم کہا کرو۔ خدا نے اپنی ذات (پاک) پر رحمت کو لازم کرلیا
ہے کہ جو کوئی تم میں سے نادانی سے کوئی بری حرکت کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کرلے اور نیکوکار ہو جائے تو وہ
بخشنے والا مہربان ہے (54) اور اسی طرح ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں (تاکہ تم لوگ ان پر عمل
کرو) اور اس لئے کہ گنہگاروں کا رستہ ظاہر ہو جائے (55) (اے پیغمبرؐ!) کفار سے کہہ دو کہ جن کو تم خدا کے
سوا پکارتے ہو، مجھے ان کی عبادت سے منع کیا گیا ہے۔ (یہ بھی) کہہ دو کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی
نہیں کروں گا ایسا کروں تو گمراہ ہو جاؤں اور ہدایت یافتہ لوگوں میں نہ رہوں (56) کہہ دو کہ میں تو اپنے
پروردگار کی دلیل روشن پر ہوں اور تم اس کی تکذیب کرتے ہو۔ جس چیز (یعنی عذاب) کے لئے تم جلدی کر
رہے ہو، وہ میرے پاس نہیں ہے (ایسا) حکم اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ وہ سچی بات بیان فرماتا ہے اور وہ
سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (57) کہہ دو کہ جس چیز کے لئے تم جلدی کر رہے ہو اگر وہ میرے
اختیار میں ہوتی تو مجھ میں اور تم میں فیصلہ ہو چکا ہوتا۔ اور خدا ظالموں سے خوب واقف ہے (58)

مشکل الفاظ کے معانی

- چاہنے والے، خواہشمند
- 1۔عملوں کا حساب 2۔پوچھ گچھ
- رحمت، مہربانی
- کیا؟
- 1۔ناسمجھی، بے وقوفی 2۔گناہ
- واضح
- 1۔علاوہ 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔پیچھے چلنا
- 1۔راستہ بھولنا 2۔ہدایت پانے والے
- 1۔سند، سرٹیفیکیٹ 2۔انکار کرنا، جھٹلانا
- بس میں

حوالہ جات

- الانعام:165، حجر:88
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ
الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿59﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ
لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿60﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ
حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿61﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۟ وَهُوَ اَسْرَعُ
الْحٰسِبِيْنَ ﴿62﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿63﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿64﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا
مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ
يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿66﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿67﴾

اوراسی کے پاس غیب کی کُنجیاں ہیں جن کواس کے سوا کوئی نہیں جانتا اوراسے جنگلوں اوردریاؤں کی سب چیزوں کا
علم ہے۔اورکوئی پتا نہیں جھڑتا مگر وہ اس کو جانتا ہے۔اورزمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اورکوئی ہری اورسُوکھی
چیز نہیں ہے،مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے (59) اوروہی تو ہے جورات کو(سونے کی حالت میں) تمہاری
روح قبض کرلیتا ہے۔اورجوکچھ تم دن میں کرتے ہو اس سے خبر رکھتا ہے۔پھرتمہیں دن کو اٹھادیتا ہے،تاکہ (یہی
سلسلہ جاری رکھ کر زندگی کی) معین مدت پوری کردی جائے۔پھرتم (سب) کو اس کی طرف لوٹ کر جانا ہے (اس
روز) وہ تم کو تمہارے عمل جو تم کرتے ہو (ایک ایک کرکے) بتائے گا (60) اوروہ اپنے بندوں پر غالب ہے اورتم
پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے۔یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اس کی روح قبض
کرلیتے ہیں اوروہ کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے (61) پھر (قیامت کے دن تمام) لوگ اپنے مالک برحق خدا تعالیٰ
کے پاس واپس بلائے جائیں گے۔سن لو کہ حکم اس کا ہے اوروہ نہایت جلد حساب لینے والا ہے (62) کہو بھلا
تم کو جنگلوں اوردریاؤں کے اندھیروں سے کون مُخلصی دیتا ہے (جب) کہ تم اسے عاجزی اورنیاز پنہانی سے پکارتے
ہو (اورکہتے ہو) اگر خدا ہم کو اس تنگی سے نجات بخشے تو ہم اس کے بہت شکرگزار ہوں (63) کہو کہ خدا ہی تم کو اس (تنگی)
سے اورہر سختی سے نجات بخشتا ہے۔پھر (تم) اس کے ساتھ شرک کرتے ہو (64) کہہ دو کہ وہ (اس پر بھی) قدرت
رکھتا ہے کہ تم پر اوپر کی طرف سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے عذاب بھیجے یا تمہیں فرقہ فرقہ کردے
اورایک کو دوسرے (سے ضد) کی لڑائی کا مزا چکھادے۔دیکھو ہم اپنی آیتوں کو کس کس طرح بیان کرتے ہیں تاکہ
یہ لوگ سمجھیں (65) اوراس (قرآن) کو تمہاری قوم نے جھٹلایا حالانکہ وہ سراسر حق ہے۔کہہ دو کہ میں تمہارا
داروغہ نہیں ہوں (66) ہر خبر کے لئے ایک وقت مقرر ہے اورتم کو عنقریب معلوم ہوجائے گا (67)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔چابیاں 2۔علاوہ
- 1۔پتہ ہے 2۔پودے سے گرنا 3۔تر
- اصل کتاب
- 1۔قابو 2۔علم
- 1۔طے کی گئی 2۔عرصہ،وقت
- محافظ،نگران
- 1۔غلطی،سستی 2۔سچے یا اصل بادشاہ
- زیادہ
- 1۔رہائی 2۔خفیہ خواہش
- 1۔تکلیف،پریشانی 2۔رہائی
- طاقت،صلاحیت رکھنا
- مکمل طور پر،حقیقت میں
- 1۔محافظ 2۔نزدیک وقت

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- بقرہ:213,176
- فرقان:30

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات
	وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ	
	فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿68﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى	
	لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿69﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا	
	كَسَبَتْ ۖۗ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا	
	بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿70﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا	
	وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ	
	يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	
	وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿72﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۬ؕ	
گھٹیابات	اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں کے بارے میں بیہودہ بکواس کر رہے ہوں تو ان سے الگ	
	ہوجاؤ یہاں تک کہ اور باتوں میں مصروف ہوجائیں۔ اور اگر (یہ بات) شیطان تمہیں بُھلا دے تو یاد آنے	
پوچھ گچھ	پر ظالم لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو (68) اور پرہیزگاروں پر ان لوگوں کے حساب کی کچھ بھی جوابدہی نہیں۔	
	ہاں نصیحت، تاکہ وہ بھی پرہیزگار ہوں (69) اور جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بنا رکھا ہے	
	اور دنیا کی زندگی نے، ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے ان سے کچھ کام نہ رکھو۔ ہاں اس (قرآن) کے	
	ذریعے سے نصیحت کرتے رہو تا کہ (قیامت کے دن) کوئی اپنے اعمال کی سزا میں ہلاکت میں نہ ڈالا	
علاوہ	جائے (کہ اس روز) خدا کے سوا نہ تو کوئی اس کا دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا اور اگر وہ ہر چیز (جو	
1۔تمام زمین 2۔بدلا	روئے زمین پر ہے بطور) معاوضہ دینا چاہے تو وہ اس سے قبول نہ ہو یہی لوگ ہیں کہ اپنے اعمال کے	
مصیبت	وبال میں ہلاکت میں ڈالے گئے، ان کے لئے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دُکھ دینے والا عذاب ہے۔ اس لئے	
1۔فائدہ 2۔نقصان	کہ کفر کرتے تھے (70) کہو کیا ہم خدا کے سوا ایسی چیز کو پکاریں جو نہ ہمارا بھلا کر سکے نہ بُرا۔ اور جب ہم	
واپس گمراہی کی طرف	کو خدا نے سیدھا رستہ دکھا دیا تو (کیا) ہم الٹے پاؤں پھر جائیں؟ (پھر ہماری ایسی مثال ہو) جیسے کسی	
دوست، ساتھی	کو جنات نے جنگل میں بُھلا دیا ہو (اور وہ) حیران (ہو رہا ہو) اور اس کے کچھ رفیق ہوں جو اس کو	
	رستے کی طرف بلائیں کہ ہمارے پاس چلا آ۔ کہہ دو کہ رستہ تو وہی ہے جو خدا نے بتایا ہے اور ہمیں تو یہ حکم	
1۔دنیاؤں کا خدا 2۔حکم ماننے والے	ملا ہے کہ ہم خدائے رب العالمین کے فرمانبردار ہوں (71) اور یہ کہ نماز پڑھتے رہو اور اس سے ڈرتے	
	رہو اور وہی تو ہے جس کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے (72) اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو	
1۔سوچ بچار 2۔قیامت قائم ہوجائے گی	تدبیر سے پیدا کیا ہے اور جس دن وہ فرمائے گا کہ ہوجا تو (حشر برپا) ہو جائے گا ط	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	حوالہ جات

قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿73﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ
اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىْۤ اَرٰٮكَ وَقَوْمَكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿74﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِىْۤ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿75﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّىْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿76﴾ فَلَمَّا رَاَ
الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّىْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِىْ رَبِّىْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿77﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً
قَالَ هٰذَا رَبِّىْ هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ بَرِىْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿78﴾ اِنِّىْ وَجَّهْتُ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ فَطَرَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿79﴾ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّىْ فِى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰٮنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا
تُشْرِكُوْنَ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّىْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّىْ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿80﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا
تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَىُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿81﴾

اس کا ارشاد برحق ہے۔ اور جس دن صور پھونکا جائے گا (اس دن) اسی کی بادشاہت ہوگی۔ وہی پوشیدہ اور ظاہر (سب) کا جاننے والا ہے اور وہی دانا اور خبردار ہے (73) اور جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ آزر سے کہا کہ تم بتوں کو کیا معبود بناتے ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ تم اور تمہاری قوم صریح گمراہی میں ہو (74) اور ہم اس طرح ابراہیمؑ کو آسمانوں اور زمین کے عجائبات دکھانے لگے تاکہ وہ خوب یقین کرنے والوں میں ہوجائیں (75) جب رات نے ان کو (پردۂ تاریکی سے) ڈھانپ لیا تو (آسمان میں) ایک ستارہ نظر پڑا۔ کہنے لگے یہ میرا پروردگار ہے۔ جب وہ غائب ہوگیا تو کہنے لگے کہ مجھے غائب ہوجانے والے پسند نہیں (76) پھر جب چاند دیکھا کہ چمک رہا ہے تو کہنے لگے یہ میرا پروردگار ہے۔ لیکن جب وہ بھی چھپ گیا تو بول اٹھے کہ اگر میرا پروردگار مجھے سیدھا رستہ نہیں دکھائے گا تو میں ان لوگوں میں ہوجاؤں گا جو بھٹک رہے ہیں (77) پھر جب سورج کو دیکھا کہ جگمگا رہا ہے تو کہنے لگے میرا پروردگار یہ ہے۔ یہ سب سے بڑا ہے مگر جب وہ بھی غروب ہوگیا تو کہنے لگے لوگو! جن چیزوں کو تم (خدا کا) شریک بناتے ہو، میں ان سے بیزار ہوں (78) میں نے سب سے یکسو ہوکر اپنے تئیں اسی ذات کی طرف متوجہ کیا، جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں (79) اور ان کی قوم ان سے بحث کرنے لگی تو انہوں نے کہا کہ تم مجھ سے خدا کے بارے میں (کیا) بحث کرتے ہو۔ اس نے تو مجھے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے اور جن چیزوں کو تم اس کا شریک بناتے ہو، میں ان سے نہیں ڈرتا۔ ہاں جو میرا پروردگار کچھ چاہے۔ میرا پروردگار اپنے علم سے ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔ کیا تم خیال نہیں کرتے؟ (80) بھلا میں ان چیزوں سے جن کو تم (خدا کا) شریک بناتے ہو، کیونکر ڈروں۔ جبکہ تم اس سے نہیں ڈرتے کہ خدا کے ساتھ شریک بناتے ہو جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی اب دونوں فریق میں سے کون سا فریق امن کا مستحق ہے۔ اگر سمجھ رکھتے ہو (تو بتاؤ) (81)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔حکم، بات 2۔انصاف پرمبنی، سچا 3۔چھپا ہوا
- 1۔عقل والا 2۔خبر رکھنے والا
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔صاف
- حیرت انگیز چیزیں
- 1۔اندھیرا 2۔چھپانا، ڈھکنا
- راستہ بھولے ہوئے ہیں
- چمک
- نفرت کرنا
- 1۔الگ ہوکر 2۔اپنے آپکو
- گھیراؤ
- کیوں، کیسے
- دلیل، ثبوت
- 1۔پارٹی 2۔سکون، حفاظت 3۔حقدار

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَام	حوالہ جات
	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿82﴾ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ	
	عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿83﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا	
	هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿84﴾	
	وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿85﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا	
	عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿86﴾ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿87﴾ ذٰلِكَ	
	هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿88﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	
	اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿89﴾ اُولٰٓئِكَ	
	الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿90﴾	
1۔ملا جلا 2۔سکون، حفاظت	جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم سے مخلوط نہیں کیا، ان کے لئے امن ہے۔ اور	انعام:127
سند، ثبوت	وہی ہدایت پانے والے ہیں (82) اور یہ ہماری دلیل تھی جو ہم نے ابراہیمؑ کو ان کی قوم کے مقابلہ	
1۔دی 2۔اونچا 3۔عقلمند	میں عطا کی تھی۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کر دیتے ہیں۔ بیشک تمہارا پروردگار دانا اور	
خبر رکھنے والا	خبردار ہے (83) اور ہم نے ان کو اسحاقؑ اور یعقوبؑ بخشے (اور) سب کو ہدایت دی۔ اور پہلے نوحؑ کو	
	بھی ہدایت دی تھی اور ان کی اولاد میں سے داؤدؑ اور سلیمانؑ اور ایوبؑ اور یوسفؑ اور موسیٰؑ اور ہارونؑ	
	کو بھی اور ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (84) اور زکریاؑ اور یحییٰؑ اور عیسیٰؑ اور الیاسؑ کو بھی	
	یہ سب نیکوکار تھے (85) اور اسماعیلؑ اور الیسعؑ اور یونسؑ اور لوطؑ کو بھی اور ان سب کو جہان کے لوگوں پر	
1۔برتری 2۔بڑا، بزرگ، عزت والا	فضیلت بخشی تھی (86) اور بعض بعض کو ان کے باپ دادا اور اولاد اور بھائیوں میں سے بھی۔ اور ان کو برگزیدہ	
	بھی کیا تھا اور سیدھا رستہ بھی دکھایا تھا (87) یہ خدا کی ہدایت ہے اس پر اپنے بندوں میں سے جسے چاہے	
	چلائے اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو جو عمل وہ کرتے تھے سب ضائع ہو جاتے (88) یہ وہ لوگ تھے جن کو ہم	
عقل، دانائی	نے کتاب اور حکمت اور نبوت عطا فرمائی تھی۔ اگر یہ (کفار) ان باتوں سے انکار کریں تو ہم نے ان (احکام)	مجادلہ:22
	پر (ایمان لانے کے لئے) ایسے لوگ مقرر کر دیئے ہیں کہ وہ ان سے کبھی انکار کرنے والے نہیں (89)	
پیچھے چلنا	یہ وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی تھی تو تم انہیں کی ہدایت کی پیروی کرو۔ کہہ دو کہ میں تم	
1۔بدلا 2۔بالکل، تمام	سے اس (قرآن) کا صلہ نہیں مانگتا۔ یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے محض نصیحت ہے (90)	

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا
وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ
فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ (91) وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِیْنَ
یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ (92) وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ
وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا
اَیْدِیْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ
تَسْتَكْبِرُوْنَ (93) وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ
شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (94)

اوران لوگوں نے خدا کی قدر[1] جیسی جاننی چاہئے تھی[2] نہ جانی[3]۔ جب انہوں نے کہا کہ خدا نے (اس) انسان پر — 1۔عزت 2۔کرنی چاہئے تھی 3۔نہ کی
کچھ بھی نازل نہیں کیا۔ کہو کہ جو کتاب موسیٰؑ لے کر آئے تھے، اسے کس نے نازل کیا تھا جو لوگوں کے لئے نور — روشنی
اور ہدایت تھی۔ اور جسے تم نے علیحدہ علیحدہ اوراق[1] (پر نقل) کر رکھا ہے[2]۔ ان (کے کچھ حصے) کو تو ظاہر کرتے ہو[3] — 1۔صفحات 2۔لکھ رکھا ہے 3۔سامنے کرتے ہو
اور اکثر کو چھپاتے ہو اور تم کو وہ باتیں سکھائی گئیں جن کو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا۔ کہہ دو (اس
کتاب کو بھی) خدا ہی نے (نازل کیا تھا) پھر ان کو چھوڑ دو کہ اپنی بیہودہ بکواس میں کھیلتے رہیں (91) اور یہ — گھٹیا یا نامناسب باتیں
کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے بابرکت، جو اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے اور (جو) — برکت والی
اس لئے (نازل کی گئی ہے) کہ تم مکے اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو آگاہ کر دو۔ اور جو لوگ آخرت پر — نزدیک
ایمان رکھتے ہیں وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اور وہ اپنی نمازوں کی (پوری) خبر رکھتے ہیں (92)
اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا، جو خدا پر جھوٹ افتراء کرے یا یہ کہے کہ مجھ پر وحی آئی ہے۔ حالانکہ اس پر — جھوٹا الزام لگائے
کچھ بھی وحی نہ آئی ہو اور جو یہ کہے کہ جس طرح کی کتاب خدا نے نازل کی ہے اس طرح کی میں بھی بنا لیتا
ہوں۔ اور کاش[1] تم ان ظالم (یعنی مشرک) لوگوں کو اس وقت دیکھو جب موت کی سختیوں[2] میں (مبتلا)[3] ہوں — 1۔افسوس کا کلمہ 2۔تکلیفوں 3۔پکڑا ہونا، پھنسا ہونا
اور فرشتے (ان کی طرف عذاب کے لئے) ہاتھ بڑھا رہے ہوں کہ نکالو اپنی جانیں، آج تم کو ذلت کے — رسوائی
عذاب کی سزا دی جائے گی۔ اس لئے کہ تم خدا پر جھوٹ بولا کرتے تھے۔ اور اس کی آیتوں سے سرکشی کرتے — بغاوت، شرک
تھے (93) اور جیسا ہم نے تم کو پہلی دفعہ پیدا کیا تھا ایسا ہی آج اکیلے اکیلے ہمارے پاس آئے اور جو
(مال و متاع) ہم نے تمہیں عطا فرمایا تھا وہ سب اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے۔ اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے — دولت اور اسباب
سفارشیوں کو بھی نہیں دیکھتے، جن کی نسبت[1] تم خیال کرتے تھے کہ وہ تمہارے (شفیع[2] اور ہمارے) شریک — 1۔کے بارے میں 2۔سفارش کرنے والا
ہیں۔ (آج) تمہارے آپس کے سب تعلقات منقطع[1] ہو گئے اور جو دعوے[2] تم کرتے تھے سب جاتے رہے (94) — 1۔ختم ہو جانا 2۔اعلان کرنا یا عقیدہ رکھنا

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنَّ اللّٰهَ فٰلِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿95﴾
فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿96﴾ وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ
النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِىْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿97﴾ وَهُوَ الَّذِىْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ
وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿98﴾ وَهُوَ الَّذِىْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ
كُلِّ شَىْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ ۙ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ
وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿99﴾
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿100﴾ بَدِيْعُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿101﴾

بیشک خدا ہی دانے اور گٹھلی[1] کو پھاڑ[2] (کر ان سے درخت وغیرہ اگاتا ہے) وہی جاندار کو بے جان سے نکالنے والا
ہے۔ یہی تو خدا ہے پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہو (95) وہی (رات کے اندھیرے سے) صبح کی روشنی پھاڑ نکالتا ہے
اور اسی نے رات کو (موجب[1]) آرام (ٹھہرایا) اور سورج اور چاند کو (ذرائع[2]) شمار[3] بنایا ہے۔ یہ خدا کے (مقرر کئے
ہوئے) اندازے ہیں جو غالب (اور) علم والا ہے (96) اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے
تاکہ جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں ان سے رستے معلوم کرو۔ عقل والوں کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول
کھول کر بیان کردی ہیں (97) اور وہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر (تمہارے لئے) ایک ٹھہرنے
کی جگہ ہے اور ایک سپرد ہونے کی۔ سمجھنے والوں کے لئے ہم نے (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان کردی ہیں (98)
اور وہی تو ہے جو آسمان سے مینہ[1] برساتا ہے۔ پھر ہم ہی (جو مینہ برساتے ہیں) اس سے ہر طرح کی نباتات[2] اگاتے
ہیں، پھر اس میں سے سبز سبز کونپلیں[1] نکالتے ہیں اور ان کونپلوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے[2]
دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار جو
ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہیں اور نہیں بھی ملتے یہ چیزیں جب پھلتی ہیں تو ان کے پھلوں پر اور (جب پکتی ہیں
تو) ان کے پکنے پر نظر کرو ان میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں (قدرت خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں (99)
اور ان لوگوں نے جنوں کو خدا کا شریک ٹھہرایا حالانکہ ان کو اسی نے پیدا کیا اور بے سمجھے[1] (جھوٹ بہتان سے[2]) اس
کے لئے بیٹے اور بیٹیاں بنا کھڑی کیں[1] وہ ان باتوں سے جو اس کی نسبت[2] بیان کرتے ہیں پاک ہے اور (اس
کی شان ان سے) بلند ہے (100) (وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (ہے)۔ اس کی اولاد کہاں
سے ہو جبکہ اس کی بیوی ہی نہیں اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے (101)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ بیج 2۔ چیرنا
- لڑکھڑانا، بھٹکنا
- 1۔ باعث 2۔ ذریعہ 3۔ گنتی
- حوالے ہونا
- 1۔ بارش 2۔ پودے وغیرہ
- 1۔ نئی چھوٹی ملائم پتی 2۔ ساتھ
- نیا پتہ جو کیلے یا کھجور کے درمیان سے پھوٹتا ہے
- طاقت، صلاحیت
- 1۔ بغیر سمجھے 2۔ جھوٹے الزام سے
- 1۔ بنادی یا دیئے 2۔ کے بارے میں
- عزت، رُتبہ
- خبر رکھنے والا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	حوالہ جات
	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ (102) لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫	
	وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ (103) قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ	
	فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ (104) وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (105) اِتَّبِعْ مَآ	
	اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (106) وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا جَعَلْنٰكَ	
	عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ (107) وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ	
	عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (108) وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ	
	اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (109)	
	وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (110) ع	
1۔ صفتیں، خوبیاں 2۔ علاوہ 3۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے	یہی (اوصاف رکھنے والا) خدا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہی) ہر چیز کا پیدا کرنے والا (ہے) تو	
1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ محافظ 3۔ نظریں 4۔ دریافت کرنا	اسی کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا نگران ہے (102) (وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ	
1۔ راز 2۔ خبریں رکھنے والا	نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے (103) (اے محمدؐ ان سے کہہ دو کہ) تمہارے	
سند، ثبوت	(پاس) پروردگار کی طرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جس نے (ان کو دل کی آنکھ سے) دیکھا اس نے اپنا	رعد:19، حج:46
1۔ فائدہ 2۔ اپنے لئے 3۔ نگرانی کرنے والا، رکھوالا	بھلا کیا اور جو اندھا بنا رہا اس نے اپنے حق میں بُرا کیا اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں (104) اور ہم اسی طرح	
دوہرا کر	اپنی آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ کافر یہ نہ کہیں کہ تم (یہ باتیں کسی شخص سے) سیکھے ہوئے ہو اور تاکہ	نحل:103، فرقان:5,4
وضاحت، تفصیل	سمجھنے والے لوگوں کے لئے تشریح کر دیں (105) اور جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس آتا	
1۔ پیچھے چلنا 2۔ علاوہ	ہے، اسی کی پیروی کرو۔ اس (پروردگار) کے سوا کوئی معبود نہیں اور مشرکوں سے کنارہ کر لو (106) اور اگر خدا	
1۔ محافظ، نگران 2۔ ملازموں کا سردار، محافظ	چاہتا تو یہ لوگ شرک نہ کرتے۔ اور (اے پیغمبرؐ!) ہم نے تم کو ان پر نگہبان مقرر نہیں کیا اور نہ تم ان کے داروغہ	
بغیر سوچے	ہو (107) اور جن لوگوں کو یہ مشرک خدا کے سوا پکارتے ہیں ان کو بُرا نہ کہنا کہ یہ بھی کہیں خدا کو بےادبی سے بے سمجھے بُرا	
	(نہ) کہہ بیٹھیں۔ اس طرح ہم نے ہر ایک فرقے کے اعمال (ان کی نظروں میں) اچھے کر دکھائے ہیں۔ پھر ان	
	کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے، تب وہ ان کو بتائے گا کہ وہ کیا کیا کِیا کرتے تھے (108) اور یہ	
	لوگ خدا کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے تو وہ اس پر ضرور ایمان لے آئیں۔ کہہ دو	
	کہ نشانیاں تو سب خدا ہی کے پاس ہیں اور (مومنو!) تمہیں کیا معلوم ہے (کہ ان کے پاس) نشانیاں آ بھی جائیں،	قصص:48
	تب بھی ایمان نہ لائیں (109) اور ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو الٹ دیں گے (تو) جیسے یہ اس (قرآن) پر	انعام:66، فرقان:30، نحل:82
1۔ بغاوت 2۔ لڑکھڑانا، گمراہی	پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے (ویسے پھر نہ لائیں گے) اور ان کو چھوڑ دیں گے کہ اپنی سرکشی میں بہکتے رہیں (110)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ
يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿111﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿112﴾ وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ
اَفْئِدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿113﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ
اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ
الْمُمْتَرِيْنَ ﴿114﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿115﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ
مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿116﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ
مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿117﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾

اور اگر ہم ان پر فرشتے بھی اُتار دیتے اور مُردے بھی ان سے گفتگو کرنے لگتے اور ہم سب چیزوں کو ان
کے سامنے لاموجود[1] بھی کر دیتے تو بھی یہ ایمان لانے والے نہ تھے۔ الا ماشاءاللہ۔ بات یہ ہے کہ یہ اکثر نادان[2]
ہیں (111) اور اسی طرح ہم نے شیطان انسانوں اور جنوں کو ہر پیغمبرؑ کا دشمن بنا دیا تھا۔ وہ دھوکا دینے کے
لئے ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی باتیں ڈالتے رہتے تھے۔ اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو وہ ایسا نہ
کرتے تو ان کو اور جو کچھ یہ افتراء کرتے ہیں اسے چھوڑ دو (112) اور (وہ ایسے کام) اس لئے بھی
(کرتے تھے) کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل ان کی باتوں پر مائل ہوں اور وہ انہیں
پسند کریں اور جو کام وہ کرتے تھے وہی کرنے لگیں (113) (کہو) کیا میں خدا کے سوا[1] اور منصف[2] تلاش
کروں؟ حالانکہ اس نے تمہاری طرف واضح المطالب کتاب بھیجی ہے۔ اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی
ہے وہ جانتے ہیں کہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق نازل ہوئی ہے۔ تو تم ہرگز شک کرنے والوں
میں نہ ہونا (114) اور تمہارے پروردگار کی باتیں سچائی اور انصاف میں پوری (اترتی) ہیں۔ اس کی
باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور وہ سنتا جانتا ہے (115) اور اکثر لوگ جو زمین پر آباد ہیں (گمراہ ہیں)
اگر تم ان کا کہا مان لوگے تو وہ تمہیں خدا کا رستہ بھلا دیں گے۔ یہ محض خیال کے پیچھے چلتے اور نرے[1] اٹکل[2]
کے تیر چلاتے ہیں[1] (116) تمہارا پروردگار ان لوگوں کو خوب[2] جانتا ہے۔ جو اس کے رستے سے بھٹکے
ہوئے ہیں۔ اور ان سے بھی واقف ہے جو رستے پر چل رہے ہیں (117) تو جس (حلال) چیز
پر (ذبح کے وقت) خدا کا نام لیا جائے اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہو تو اسے کھا لیا کرو (118)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بات چیت
- 1۔حاضر 2۔زیادہ تر بے وقوف
- قلعی یا ظاہری ٹیپ ٹاپ
- جھوٹا الزام
- آمادہ
- 1۔علاوہ 2۔انصاف کرنے والا
- صاف معانی والی
- ہر صورت، بالکل بھی
- حقیقت پر مبنی ہوتی ہیں، اٹل ہوتی ہیں
- زیادہ تر
- 1۔صرف 2۔اندازہ یا قیاس
- 1۔اندازے لگاتے ہیں 2۔اچھی طرح

حوالہ جات:

- ناس:6

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا
لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿119﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ
الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿120﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ
لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿121﴾ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ
نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿122﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِىْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿123﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ
رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿124﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
وجہ	اور سبب کیا ہے کہ جس چیز پر خدا کا نام لیا جائے تم اسے نہ کھاؤ؟ حالانکہ جو چیزیں اس نے تمہارے لئے حرام ٹھہرا	
حالت، حالات	دی ہیں وہ ایک ایک کر کے بیان کر دی ہیں (بیشک ان کو نہیں کھانا چاہئے) مگر اس صورت میں کہ ان کے (کھانے	
1۔مجبور 2۔بغیر سوچے سمجھے 3۔ہستی، وجود 4۔گمراہ کرنا	کے) لئے ناچار ہو جاؤ۔ اور بہت سے لوگ بے سمجھے بوجھے اپنے نفس کی خواہشوں سے لوگوں کو بہکا رہے ہیں۔	
	کچھ شک نہیں کہ ایسے لوگوں کو جو (خدا کی مقرر کی ہوئی) حد سے باہر نکل جاتے ہیں تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے	
1۔چھپا 2۔ختم کردو 3۔بہت جلد	(119) اور ظاہری اور پوشیدہ (ہر طرح کا) گناہ ترک کر دو۔ جو لوگ گناہ کرتے ہیں وہ عنقریب اپنے	
کاموں کی	کئے کی سزا پائیں گے (120) اور جس چیز پر خدا کا نام نہ لیا جائے اسے مت کھاؤ کہ اس کا کھانا گناہ ہے۔ اور	
ساتھیوں، دوستوں	شیطان (لوگ) اپنے رفیقوں کے دلوں میں یہ بات ڈالتے ہیں کہ تم (پیغمبرؐ کے قریبی لوگ پیغمبرؐ) سے جھگڑا کریں۔	انفال:46، فرقان:54، شوریٰ:23
1۔کہنے پر 2۔کیا	اور اگر تم لوگ ان کے کہے پر چلے تو بیشک تم بھی مشرک ہوئے (121) بھلا جو (پہلے) مُردہ تھا پھر ہم نے اس کو	
	زندہ کیا اور اس کے لئے روشنی کر دی جس کے ذریعے سے وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے کہیں اس شخص جیسا ہو سکتا ہے	
	جو اندھیرے میں پڑا ہوا ہو، اس سے نکل ہی نہ سکے؟ اس طرح کافر جو عمل کر رہے ہیں وہ انہیں اچھے معلوم ہوتے	
1۔آبادی 2۔جرم کرنے والے 3۔چالاکیاں، شیطانیاں	ہیں (122) اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بڑے بڑے مجرم پیدا کئے کہ ان میں مکاریاں کرتے ہیں۔ اور جو	
	مکاریاں یہ کرتے ہیں اُن کا نقصان انہیں کو ہے اور (اس سے) بے خبر ہیں (123) اور جب ان کے پاس کوئی	مومن:56
	آیت آتی ہے تو کہتے ہیں کہ جس طرح کی رسالت خدا کے پیغمبروںؑ کو ملی ہے جب تک اسی طرح کی رسالت ہم کو	
1۔بالکل بھی 2۔دے	نہ ملے ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ اس کو خدا ہی خوب جانتا ہے کہ وہ اپنی پیغمبری کسے عنایت فرمائے۔ جو لوگ	حج:75
1۔رسوائی 2۔سخت	جرم کرتے ہیں ان کو خدا کے ہاں ذلت اور عذاب شدید ہوگا۔ اس لئے کہ مکاریاں کرتے تھے (124)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	حوالہ جات

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا
يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (125) وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ
قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ (126) لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (127) وَيَوْمَ
يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ
بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِىْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ (128) وَكَذٰلِكَ نُوَلِّىْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًاۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (129) يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ
يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِىْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا
وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ (130)

تو جس شخص کو خدا چاہتا ہے کہ ہدایت بخشے اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔ اور جسے چاہتا ہے گمراہ
کرے اس کا سینہ تنگ اور گھٹا ہوا کر دیتا ہے گویا وہ آسمان پر چڑھ رہا ہے۔ اس طرح خدا ان لوگوں پر
جو ایمان نہیں لاتے عذاب بھیجتا ہے (125) اور یہی تمہارے پروردگار کا سیدھا رستہ ہے۔ جو لوگ غور
کرنے والے ہیں ان کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں (126) ان کے لئے ان
کے اعمال کے صلے میں پروردگار کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہی اُن کا دوست دار ہے (127) اور
جس دن وہ سب (جن وانس) کو جمع کرے گا۔ (اور فرمائے گا کہ) اے گروہ جنات تم نے انسانوں سے
بہت (فائدے) حاصل کئے۔ تو جو انسانوں میں ان کے دوست دار ہوں گے وہ کہیں گے، کہ پروردگار!
ہم ایک دوسرے سے فائدہ اٹھاتے رہے اور (آخر) اس وقت کو پہنچ گئے جو تُو نے ہمارے لئے مقرر کیا
تھا۔ خدا فرمائے گا (اب) تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اس میں (جلتے) رہو گے مگر جو خدا چاہے۔ بیشک
تمہارا پروردگار دانا اور خبردار ہے (128) اور اسی طرح ہم ظالموں کو ان کے اعمال کے سبب جو وہ
کرتے تھے ایک دوسرے پر مسلط کر دیتے ہیں (129) اے جنوں اور انسانوں کی جماعت! کیا
تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آتے رہے جو میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن
کے سامنے آموجود ہونے سے ڈراتے تھے؟ وہ کہیں گے کہ ہمیں اپنے گناہوں کا اقرار ہے۔ ان لوگوں کو
دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا تھا اور (اب) خود اپنے اوپر گواہی دی کہ کفر کرتے تھے (130)

مشکل الفاظ کے معانی:
- دل
- 1۔ سمٹا ہوا 2۔ جیسے
- 1۔ بدلے 2۔ امن 3۔ دوستی رکھنے والا
- جن اور انسان
- 1۔ عقلمند 2۔ خبر رکھنے والا 3۔ کی وجہ سے
- لا د دینا، چڑھا دینا
- مان جانا

حوالہ جات:
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	حوالہ جات

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ (131) وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ
عَمَّا يَعْمَلُوْنَ (132) وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُوالرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ
اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ (133) اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ (134) قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى
مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (135) وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ
مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا
يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ (136) وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ
الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ
وَمَا يَفْتَرُوْنَ (137)

(اے محمدؐ) یہ (جو پیغمبرؑ آتے رہے اور کتابیں نازل ہوتی رہیں تو) اس لئے کہ تمہارا پروردگار ایسا نہیں کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کردے اور وہاں کے رہنے والوں کو کچھ بھی خبر نہ ہو (131) اور سب لوگوں کے بلحاظ اعمال درجے (مقرر) ہیں۔ اور جو کام یہ لوگ کرتے ہیں خدا ان سے بے خبر نہیں (132) اور تمہارا پروردگار بے پروا (اور) صاحب رحمت ہے۔ اگر چاہے (تو اے لوگو) تمہیں نابود کردے اور تمہارے بعد جن لوگوں کو چاہے تمہارا جانشین بنا دے جیسا تم کو بھی دوسرے لوگوں کی نسل سے پیدا کیا ہے (133) کچھ شک نہیں کہ جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے وہ (وقوع میں) آنے والا ہے اور تم (مشرک لوگ خدا کی جماعت کو) مغلوب نہیں کر سکتے (134) کہہ دو کہ لوگو! تم اپنی جگہ عمل کئے جاؤ، میں (اپنی جگہ) عمل کئے جاتا ہوں۔ عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ آخرت میں (بہشت) کس کا گھر ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ مشرک نجات نہیں پانے کے (135) اور (یہ لوگ) خدا ہی کی پیدا کی ہوئی چیزوں یعنی کھیتی اور چوپایوں میں خدا کا بھی ایک حصہ مقرر کرتے ہیں۔ اور اپنے خیال (باطل) سے کہتے ہیں کہ یہ (حصہ) تو خدا کا اور یہ ہمارے شریکوں کا۔ تو جو حصہ ان کے شریکوں کا ہوتا ہے وہ تو خدا کی طرف نہیں جا سکتا۔ اور جو حصہ خدا کا ہوتا ہے وہ ان شریکوں کی طرف جا سکتا ہے۔ یہ کیسا بُرا انصاف ہے (136) اسی طرح بہت سے مشرکوں کو ان کے شریکوں نے ان کے بچوں کو جان سے مار ڈالنا اچھا کر دکھایا تا کہ انہیں ہلاکت میں ڈال دیں اور ان کے دین کو ان پر غلط ملط کر دیں۔ اور خدا چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے تو ان کو چھوڑ دو کہ وہ جانیں اور ان کا جھوٹ (137)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بستیوں: آبادیوں
- بلحاظ اعمال درجے: 1۔عملوں کے حساب سے 2۔رُتبے
- صاحب رحمت: رحمت والا
- نابود، جانشین: 1۔ختم کرنا 2۔قائمقام، وارث
- وقوع: واقع ہونا، وجود میں آنا
- مغلوب: ہرانا، نیچا دکھانا
- عنقریب: بہت جلد
- نجات، پانے کے: 1۔رہائی، مخلصی 2۔پانے والے
- باطل: غلط، جھوٹ
- ہلاکت، غلط ملط: 1۔گمراہی، مواھیر زدہ ہو جانا 2۔کھوٹا، نادرست، جھوٹا

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات

وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ
لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿138﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ
خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ
عَلِيْمٌ ﴿139﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ
ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿140﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ
مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا
تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿141﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿142﴾

اور اپنے خیال سے یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ چار پائے اور کھیتی منع ہے۔ اسے اس شخص کے سوا جسے ہم چاہیں کوئی نہ کھائے اور (بعض) چار پائے ایسے ہیں کہ انکی پیٹھ پر چڑھنا منع کر دیا گیا ہے۔ اور بعض مویشی ایسے ہیں جن پر (ذبح کرتے وقت) خدا کا نام نہیں لیتے۔ سب خدا پر جھوٹ ہے۔ وہ عنقریب ان کو ان کے جھوٹ کا بدلا دے گا (138) اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جو بچہ ان چار پایوں کے پیٹ میں ہے وہ خاص ہمارے مردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں کو (اسکا کھانا) حرام ہے۔ اور اگر وہ بچہ مرا ہوا ہو تو سب اس میں شریک ہیں (یعنی اسے مرد اور عورتیں سب کھائیں) عنقریب خدا ان کو ان کے ڈھکوسلوں کی سزا دے گا۔ بیشک وہ حکمت والا خبردار ہے (139) جن لوگوں نے اپنی اولاد کو بے وقوفی سے بے سمجھی سے قتل کیا اور خدا پر افتراء کر کے اس کی عطا فرمائی ہوئی روزی کو حرام ٹھہرایا وہ گھاٹے میں پڑ گئے۔ وہ بے شبہ گمراہ ہیں اور ہدایت یافتہ نہیں ہیں (140) اور خدا ہی تو ہے جس نے باغ پیدا کئے چھتریوں پر چڑھائے ہوئے بھی اور جو چھتریوں پر نہیں چڑھائے ہوئے وہ بھی اور کھجور اور کھیتی جن کے طرح طرح کے پھل ہوتے ہیں۔ اور زیتون اور انار جو (بعض باتوں میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور (بعض باتوں میں) نہیں ملتے۔ جب یہ چیزیں پھلیں تو ان کے پھل کھاؤ اور جس دن (پھل توڑو اور کھیتی) کاٹو تو خدا کا حق بھی اس میں سے ادا کرو۔ اور بے جا نہ اڑانا۔ کہ خدا بے جا اڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا (141) اور چار پایوں میں بوجھ اٹھانے والے بھی پیدا کئے اور زمین سے لگے ہوئے بھی۔ (پس) خدا کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا صریح دشمن ہے (142)

1۔علاوہ 2۔پسند کریں

1۔کچھ 2۔کمر پر

قریب وقت، بہت جلد

دھوکہ دہی، فراڈ

الزام تراشی

نقصان

فضول خرچی نہ کرنا

وزن

صاف، کھلا

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ج مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ط قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (143) وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ط قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ج فَمَنْ اَظْلَمُ
مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (144) قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ
مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ
فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ج فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (145) وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا
حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ج وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ
اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ط ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ صلے وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ (146)

آٹھ قسم کے (چوپائے جو یہ کھاتے ہیں) دو بھیڑوں میں سے اور دو بکریوں میں سے (اے پیغمبرؑ! ان
سے) پوچھو کہ (خدا نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادیوں کو یا جو بچہ مادیوں
کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اسے؟ اگر سچے ہو تو مجھے سند سے بتاؤ (143) اور دو اونٹوں میں سے اور دو
گایوں میں سے پوچھو کہ (خدا نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادیوں کو یا جو بچہ
مادیوں کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اس کو؟ بھلا جس وقت خدا نے تم کو اس کا حکم دیا تھا تم اس وقت موجود
تھے؟ تو اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہے جو خدا پر جھوٹ افتراء کرے تاکہ ازراہ بے دانشی لوگوں کو گمراہ
کرے؟ کچھ شک نہیں کہ خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (144) کہو کہ جو احکام مجھ پر نازل ہوئے
ہیں میں ان میں کوئی چیز، جسے کھانے والا کھائے حرام نہیں پاتا بجز اس کے کہ وہ مرا ہوا جانور ہو یا بہتا لہو یا
سؤر کا گوشت کہ یہ سب ناپاک ہیں یا کوئی گناہ کی چیز ہو کہ اس پر خدا کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو۔ (اور)
اگر کوئی مجبور ہو جائے لیکن نہ تو (دیگر کوئی) نافرمانی کرے اور نہ حد سے باہر نکل جائے تو تمہارا پروردگار بخشنے والا
مہربان ہے (145) اور یہودیوں پر ہم نے سب ناخن والے جانور حرام کر دیئے تھے اور گایوں اور
بکریوں سے ان کی چربی حرام کر دی تھی سوا اس کے جو ان کی پیٹھ پر لگی ہو یا اوجھڑی میں ہو یا ہڈی میں ملی
ہو۔ یہ سزا ہم نے ان کو ان کی شرارت کے سبب دی تھی۔ اور ہم تو سچ کہنے والے ہیں (146)

مشکل الفاظ کے معانی

- سند: دلیل، ثبوت
- 1۔افتراء 2۔بے دانشی: 1۔الزام تراشی کرنا 2۔ناسمجھی کے بل پر
- بجز: سوائے
- سوا: علاوہ
- نافرمانی: حکم الٰہی نہ ماننا
- 1۔چربی 2۔پیٹھ 3۔اوجھڑی: 1۔چکنائی، روغن 2۔کمر 3۔معدہ
- کے سبب: کی وجہ سے

حوالہ جات

انعام:92،شوریٰ:7
مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

عمران:93,50،نساء:160
مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿147﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا
بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿148﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ
الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿149﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ
فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ
بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿150﴾ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا
تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا
تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿151﴾

اور اگر یہ لوگ تمہاری تکذیب[1] کریں تو کہہ دو تمہارا پروردگار صاحب رحمت وسیع[2] ہے۔ مگر اس کا عذاب گنہگار
لوگوں سے نہیں ٹلے گا (147) جو لوگ شرک کرتے ہیں وہ کہیں گے کہ اگر خدا چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ
ہمارے باپ دادا (شرک کرتے) اور نہ ہم کسی چیز کو حرام ٹھہراتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے تکذیب کی تھی جو
ان سے پہلے تھے۔ یہاں تک کہ ہمارے عذاب کا مزا[1] چکھ کر رہے۔ کہہ دو کیا تمہارے پاس کوئی سند[2]
ہے؟ (اگر ہے) تو اسے ہمارے سامنے نکالو۔ تم محض[1] خیال کے پیچھے چلتے اور اٹکل[2] کے تیر چلاتے ہو (148)
کہہ دو کہ خدا ہی کی حجت غالب ہے۔ اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا (149) کہو کہ اپنے گواہوں کو
لاؤ جو بتائیں کہ خدا نے یہ چیزیں حرام کی ہیں۔ پھر اگر وہ (آکر) گواہی دیں تو تم ان کے ساتھ گواہی نہ دینا اور
نہ ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی کرنا جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے
اور (شیطان کو) اپنے پروردگار کے برابر ٹھہراتے ہیں (150) کہدو کہ (لوگو) آؤ میں تمہیں وہ چیزیں پڑھ کر
سناؤں جو تمہارے پروردگار نے تم پر حرام کی ہیں (ان کی نسبت اس نے اس طرح ارشاد فرمایا ہے) کہ کسی چیز کو
خدا کا شریک نہ بنانا۔ اور ماں باپ سے (بدسلوکی نہ کرنا بلکہ) سلوک کرتے رہنا اور ناداری[1] (کے اندیشے[2])
سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا (کیونکہ) تم کو اور ان کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔ اور بے حیائی کے کام ظاہر ہوں یا
پوشیدہ[1]، ان کے پاس نہ پھٹکنا[2] اور کسی جان (والے) کو جس کے قتل کو خدا نے حرام کر دیا ہے قتل نہ کرنا مگر جائز
طور پر (یعنی جس طرح خدا نے حکم دیا ہو) ان باتوں کا وہ تمہیں ارشاد فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (151)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔جھٹلانا،انکار کرنا 2۔بہت کھلی رحمت والا
- ہٹے گا
- 1۔ذائقہ،سواد 2۔دلیل،ثبوت
- 1۔صرف 2۔اندازہ،خیال
- بحث،تکرار
- پیچھے چلنا
- کہاہے،حکم دیا ہے
- 1۔غریبی 2۔شک،خوف
- 1۔چھپے 2۔قریب نہ جانا

حوالہ جات

- ابراہیم:22،شعراء:95 تا 98 مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- انبیاء:30، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ
نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ
تَذَكَّرُوْنَ (152) وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِىْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ
بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (153) ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِىْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً
لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ (154) وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (155) اَنْ تَقُوْلُوْٓا
اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ (156) اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ (157)

اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ جانا مگر ایسے طریق سے کہ بہت ہی پسندیدہ ہو۔ یہاں تک کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے۔
اور ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کیا کرو۔ ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی طاقت کے مطابق اور
جب (کسی کی نسبت) کوئی بات کہو تو انصاف سے کہو گو وہ (تمہارا) رشتہ دار ہی ہو اور خدا کے عہد کو پورا کرو۔ ان
باتوں کا خدا تمہیں حکم دیتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو (152) اور یہ کہ میرا سیدھا رستہ یہی ہے تو تم اسی پر چلنا اور اور
رستوں پر نہ چلنا کہ (ان پر چل کر) خدا کے رستے سے الگ ہو جاؤ گے۔ ان باتوں کا خدا تمہیں حکم دیتا ہے تاکہ تم
پرہیزگار بنو (153) (ہاں) پھر (سن لو کہ) ہم نے موسیٰؑ کو کتاب عنایت کی تھی تاکہ ان لوگوں پر جو نیکوکار ہیں
نعمت پوری کر دیں اور (اس میں) ہر چیز کا بیان (ہے) اور ہدایت (ہے) اور رحمت ہے تاکہ (ان کی اُمت کے)
لوگ اپنے پروردگار کے رُوبرو حاضر ہونے کا یقین کریں (154) اور (اے کفر کرنے والو) یہ کتاب بھی ہمیں نے
اُتاری ہے برکت والی تو اس کی پیروی کرو اور (خدا سے) ڈرو تاکہ تم پر مہربانی کی جائے (155) (اور اس لئے
اُتاری ہے) کہ (تم یوں نہ) کہو کہ ہم سے پہلے دو ہی گروہوں پر کتابیں اُتری تھیں، اور ہم ان کے پڑھنے سے
(معذور اور) بے خبر تھے (156) یا (یہ نہ) کہو کہ اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان لوگوں کی نسبت کہیں
سیدھے رستے پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل اور ہدایت اور رحمت آ گئی ہے۔ تو
اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو خدا کی آیتوں کی تکذیب کرے اور ان سے (لوگوں کو) پھیرے؟ جو لوگ ہماری
آیتوں سے پھیرتے ہیں۔ اس پھیرنے کے سبب ہم ان کو بڑے عذاب کی سزا دیں گے (157)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بہت اچھا ہو
- کے بارے میں
- 1۔ گناہوں سے بچنا 2۔ دی تھی
- آمنے سامنے
- پیچھے چلنا
- 1۔ مجبور، ناچار 2۔ کے مقابلے میں، کے لحاظ سے
- سند، ثبوت
- 1۔ جھٹلانا، انکار کرنا 2۔ گمراہ کرے
- 1۔ گھماتے ہیں 2۔ کی وجہ سے

حوالہ جات:

- نساء:6
- عمران:82,81

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاِنْعَامِ	مشکل الفاظ کے معانی

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ
نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿158﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا
دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿159﴾ مَنْ جَآءَ
بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿160﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿161﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ
وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿162﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿163﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ
كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿164﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ
اٰتٰكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿165﴾

یہ اس کے سوا اور کس بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں ۔ یا خود تمہارا پروردگار آئے یا تمہارے پروردگار کی کچھ نشانیاں آئیں؟ (مگر) جس روز تمہارے پروردگار کی کچھ نشانیاں آ جائیں گی تو جو شخص پہلے ایمان نہیں لایا ہوگا اس وقت اسے ایمان لانا کچھ فائدہ نہیں دے گا یا اپنے ایمان (کی حالت) میں نیک عمل نہیں کئے ہوں گے (تو گناہوں سے توبہ کرنا مفید نہ ہوگا۔ اے پیغمبرؐ ان سے) کہہ دو کہ تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کرتے ہیں (158) جن لوگوں نے اپنے دین میں (بہت سے) راستے نکالے اور کئی کئی فرقے ہو گئے ان سے تم کو کچھ کام نہیں۔ ان کا کام خدا کے حوالے پھر جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں وہ ان کو (سب) بتائے گا (159) جو کوئی (خدا کے حضور) نیکی لے کر آئے گا اس کو ویسی دس نیکیاں ملیں گی اور جو بُرائی لائے گا اسے سزا ویسی ہی ملے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا (160) کہہ دو کہ میرے پروردگار نے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے (یعنی) دینِ صحیح مذہب ابراہیمؑ کا جو ایک (خدا) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے (161) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خدائے رب العالمین ہی کے لئے ہے (162) جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں (163) کہو کیا میں خدا کے سوا اور پروردگار تلاش کروں؟ اور وہی تو ہر چیز کا مالک ہے۔ اور جو کوئی (بُرا) کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اسی کو ہوتا ہے۔ اور کوئی شخص کسی (سے ہمدردی میں گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تم سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ تو جن جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ تم کو بتائے گا (164) اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنا نائب بنایا اور ایک دوسرے پر درجے بلند کئے۔ تاکہ جو کچھ اس نے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بیشک وہ بخشنے والا مہربان (بھی) ہے (165)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔علاوہ 2۔انتظار کرنا
- فائدہ مند
- خدا کے دربار میں، خدا کے پاس
- درست راستہ
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔دنیاؤں کا خدا
- پہلے نمبر پر
- نقصان
- 1۔وزن 2۔واپس
- اِتفاق نہ کرنا
- 1۔خلیفہ 2۔عہدے، رُتبے

حوالہ جات:

نحل:25، عنکبوت:13،12 فاطر:18

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَاف	حوالہ جات

الٓمّٓصٓ ۚ ﴿1﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا
بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿4﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿5﴾ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ
اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿6﴾ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿7﴾ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ٍۨ الْحَقُّ ۚ
فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿8﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿9﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿10﴾
وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ
السّٰجِدِيْنَ ﴿11﴾

ترجمہ سورت اعراف

المٓصٓ (1) (اے محمدؐ! یہ) کتاب (جو) تم پر نازل ہوئی ہے اس سے تم کو تنگ دل نہیں ہونا چاہیے (یہ نازل) اس لئے (ہوئی ہے) کہ تم اس کے ذریعے سے (لوگوں کو) ڈرسناؤ اور (یہ) ایمان والوں کے لئے نصیحت ہے (2) (لوگو!) جو (کتاب) تم پر تمہارے پروردگار کے ہاں سے نازل ہوئی ہے اس کی پیروی کرو اور اس کے سوا اور رفیقوں کی پیروی نہ کرو (اور) تم (لوگ) کم ہی نصیحت قبول کرتے ہو (3) اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہم نے تباہ کر ڈالیں جن پر ہمارا عذاب (یا تو رات کو) آتا تھا جبکہ وہ سوتے تھے یا (دن کو) جبکہ وہ قیلولہ کرتے تھے (4) تو جس وقت ان پر عذاب آتا تھا ان کے منہ سے یہی نکلتا تھا کہ (ہائے) ہم (اپنے اوپر) ظلم کرتے رہے (5) تو جن لوگوں کی طرف پیغمبر بھیجے گئے ہم ان سے بھی پرسش کریں گے اور پیغمبروںؑ سے بھی پوچھیں گے (6) پھر اپنے علم سے ان کے حالات بیان کریں گے اور ہم کہیں غائب تو نہیں تھے! (7) اور اس روز (اعمال کا) تُلنا برحق ہے تو جن لوگوں کے (عملوں کے) وزن بھاری ہوں گے وہ تو نجات پانے والے ہیں (8) اور جن لوگوں کے وزن ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا اس لئے کہ ہماری آیتوں کے بارے میں بے انصافی کرتے تھے (9) اور ہمیں نے زمین میں تمہارا ٹھکانا بنایا اور اس میں تمہارے لئے سامان معیشت پیدا کئے (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو (10) اور ہمیں نے تم کو (ابتداء میں مٹی سے) پیدا کیا پھر تمہاری صورت شکل بنائی پھر فرشتوںؑ کو حکم دیا کہ آدمؑ کے آگے سجدہ کرو۔ تو (سب نے) سجدہ کیا لیکن ابلیس۔ کہ وہ سجدہ کرنے والوں (میں شامل) نہ ہوا (11)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دل گھٹنا، پریشان
- 1۔کی جناب سے، کی طرف سے 2۔پیچھے چلنا
- 1۔علاوہ 2۔ساتھیوں
- 1۔آبادیاں 2۔ختم کردیں
- 1۔دوپہر کو آرام کرنا 2۔افسوس کا کلمہ
- پوچھ گچھ
- 1۔انصاف کی ترازو قائم ہونا 2۔یقینی، سچ پر مبنی 3۔زیادہ وزنی
- 1۔رہائی، مخلصی 2۔اپنے آپکو
- گھاٹے، نقصان
- 1۔ٹھہرنے کی جگہ 2۔اسباب زندگی
- شروع

حوالہ جات:

1۔متشابہ، عمران:7
2۔انعام:125، انشراح:1

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات
	قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ⑫ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ	
	اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ⑬ قَالَ اَنْظِرْنِيْۤ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ⑭ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ⑮ قَالَ فَبِمَاۤ اَغْوَيْتَنِيْ	
	لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑯ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ	
	اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ⑰ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ⑱ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ	
	اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ⑲ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ	
	لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَاوٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ	
	الْخٰلِدِيْنَ ⑳ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ㉑ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ	
	عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ㉒	
روکے رکھا	(خدا نے) فرمایا جب میں نے تجھ کو حکم دیا تو کس چیز نے تجھے سجدہ کرنے سے باز رکھا؟ اس نے کہا کہ میں اس	
1۔برگزیدہ، برتر 2۔زیب نہیں دیتا	سے افضل ہوں۔ مجھے تُو نے آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے مٹی سے بنایا ہے (12) فرمایا تُو اُتر جا تجھے شایاں نہیں	
1۔تکبر 2۔رُسوا 3۔مزید وقت	کہ یہاں غرور کرے پس نکل جا، تُو ذلیل ہے (13) اس نے کہا کہ مجھے اس دن تک مہلت عطا فرما جس دن	
زندہ کئے جائیں گے	لوگ (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے (14) فرمایا (اچھا) تجھ کو مہلت دی جاتی ہے (15) (پھر) شیطان نے کہا	
جس پر لعنت کی گئی ہو	کہ مجھے تو تُو نے ملعون کیا ہی ہے۔ میں بھی تیرے سیدھے رستے پر ان کو (گمراہ کرنے) کے لئے بیٹھوں	
	گا (16) پھر ان کے آگے سے اور پیچھے سے اور دائیں سے اور بائیں سے (ہر طرف سے) آؤں گا (اور	
1۔گمراہ کروں گا 2۔زیادہ تر 3۔کمینہ	ان کی راہ ماروں گا) اور تُو ان میں اکثر کو شکر گزار نہیں پائے گا (17) (خدا نے) فرمایا نکل جا یہاں سے پاجی	آئندہ حصّوں میں دیکھئے
پیچھے چلنا	مردود جو لوگ ان میں سے تیری پیروی کریں گے میں (ان کو اور تجھ کو جہنم میں ڈال کر) تم سب سے جہنم کو بھر	
	دوں گا (18) اور (ہم نے) آدمؑ (سے کہا کہ) تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو سہو اور جہاں سے چاہو (اور	
کھاؤ پیو	جو چاہو) نوش جان کرو مگر اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے (19) تو شیطان دونوں کو بہکانے	
1۔پردہ 2۔چھپی ہوئی	لگا تاکہ ان کے ستر کی چیزیں جو ان سے پوشیدہ تھیں کھول دے اور کہنے لگا کہ تم کو تمہارے پروردگار نے اس	
	درخت سے صرف اس لئے منع کیا ہے کہ تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جیتے نہ رہو (20) اور ان سے قسم کھا کر کہا کہ	
1۔فائدہ چاہنے والا 2۔رد کیا گیا	میں تو تمہارا خیر خواہ ہوں (21) غرض (مردود نے) دھوکا دے کر ان کو (شرک کی طرف) کھینچ ہی لیا جب	اعراف:173، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے
	انہوں نے اس درخت (کے پھل) کو کھا لیا تو ان کے ستر کی چیزیں کھل گئیں اور وہ بہشت کے (درختوں کے)	
1۔لگانے 2۔اس وقت	پتے اپنے اوپر چپکانے (اور ستر چھپانے) لگے تب ان کے پروردگار نے ان کو پکارا کہ کیا میں نے تم کو اس	
اعلانیہ	درخت (کے پاس جانے) سے منع نہیں کیا تھا؟ اور بتا نہیں دیا تھا کہ شیطان تمہارا کُھلا دشمن ہے؟ (22)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿23﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ
وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿24﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿25﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ
اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿26﴾
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ
هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿27﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا
عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿28﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ
بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿29﴾ فَرِيْقًا
هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿30﴾

دونوں عرض کرنے لگے کہ پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو
ہم تباہ ہو جائیں گے (23) (خدا نے) فرمایا (تم سب بہشت کے ملک سے) اُتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو
اور تمہارے لئے ایک وقت (خاص) تک زمین پر ٹھکانا اور (زندگی کا) سامان (کر دیا گیا) ہے (24) (یعنی) فرمایا
کہ اسی میں تمہارا جینا ہوگا۔ اور اسی میں سے (قیامت کو زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے (25) اے بنی آدمؑ! ہم نے تم
پر پوشاک اُتاری کہ تمہارا ستر ڈھانکے اور (تمہارے بدن کو) زینت (دے) اور (جو) پرہیز گاری کا
لباس (ہے) وہ سب سے اچھا ہے۔ یہ خدا کی نشانیاں ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں (26) اے بنی آدمؑ (دیکھنا
کہیں) شیطان تمہیں بہکا نہ دے، جس طرح تمہارے ماں باپ کو (بہکا کر) بہشت سے نکلوا دیا اور ان سے ان
کے کپڑے اُتروا دیئے تاکہ ان کے ستر ان کو کھول کر دکھا دے وہ اور اس کے بھائی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے رہتے ہیں
جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے۔ ہم نے شیطان کو انہیں لوگوں کا رفیق بنایا ہے جو ایمان نہیں رکھتے (27) اور جب
کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے بزرگوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے اور خدا نے بھی ہم کو
یہی حکم دیا ہے۔ کہہ دو کہ خدا بے حیائی کے کام کرنے کا حکم ہرگز نہیں دیتا۔ بھلا تم خدا کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے
ہو جس کا تمہیں علم نہیں؟ (28) کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور یہ کہ ہر نماز کے
وقت سیدھا (قبلے کی طرف) رُخ کیا کرو اور خاص اسی کی عبادت کرو اور اسی کو پکارو اس نے جس طرح تم کو ابتداء
میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم پھر پیدا ہو گے (29) ایک فریق کو تو اس نے ہدایت دی اور ایک فریق پر گمراہی ثابت
ہو چکی۔ ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر شیطانوں کو رفیق بنا لیا۔ اور سمجھتے (یہ) ہیں کہ ہدایت یاب ہیں (30)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اپنے اوپر
- ٹھہرنے کی جگہ
- آدم کی اولاد
- 1۔لباس 2۔پردے کی چیزیں 3۔خوبصورتی
- لڑکھڑانا، گمراہی
- ساتھی، دوست
- بڑوں، پہلے لوگوں
- 1۔کسی صورت 2۔کے بارے میں
- 1۔منہ 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔شروع، پہلے پہل
- 1۔پارٹی 2۔بے راہ روی

حوالہ جات:

مائدہ:33، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿31﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ
اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿32﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا
بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً
وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿34﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿35﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿36﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
افْتَرٰي عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا
اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿37﴾

اے بنی آدمؑ! ہرنماز کے وقت اپنے تئیں مزین کیا کرو۔ اور کھاؤ اور پیئو اور بے جا نہ اڑاؤ کہ خدا بیجا اڑانے والوں کو
دوست نہیں رکھتا (31) پوچھو تو کہ جو زینت (و آرائش) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں خدا نے اپنے بندوں
کے لئے پیدا کی ہیں ان کو حرام کس نے کیا ہے؟ کہہ دو کہ یہ چیزیں دنیا کی زندگی میں ایمان والوں کے لئے ہیں اور
قیامت کے دن خاص انہی کا حصہ ہوں گی۔ اسی طرح خدا اپنی آیتیں سمجھنے والوں کے لئے کھول کھول کر بیان فرماتا
ہے (32) کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو بے حیائی کی باتوں کو ظاہر یا پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو حرام
کیا ہے اور اس کو بھی کہ تم کسی کو خدا کا شریک بناؤ جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی اور اس کو بھی کہ خدا کے بارے
میں ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں کچھ علم نہیں (33) اور ہر ایک فرقے کے لئے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے۔ جب وہ
وقت آجاتا ہے تو نہ تو ایک گھڑی دیر کر سکتے ہیں نہ جلدی (34) اے بنی آدمؑ! (ہم تم کو یہ نصیحت ہمیشہ کرتے رہے ہیں
کہ) جب ہمارے پیغمبرؑ تمہارے پاس آیا کریں اور ہماری آیتیں تم کو سنایا کریں (تو ان پر ایمان لایا کرو کہ) جو شخص
(ان پر ایمان لا کر خدا سے) ڈرتا رہے گا اور اپنی حالت درست رکھے گا تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ
غمناک ہوں گے (35) اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی وہی دوزخی ہیں۔ کہ ہمیشہ اس
میں (جلتے) رہیں گے (36) تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو خدا پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے؟ ان
کو ان کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا۔ یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)
جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم خدا کے سوا پکارا کرتے تھے وہ (اب) کہاں ہیں؟ وہ
کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے (کہاں) غائب ہوگئے اور اقرار کریں گے کہ بیشک وہ کافر تھے (37)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔آدم کی اولاد 2۔اپنے آپکو 3۔سنوارنا مرادوضو یا تیمّم کرنا 4۔فضول خرچی نہ کرنا
- 1۔خوبصورتی 2۔سجاوٹ
- سپیشل
- چھپا ہوا
- دلیل،ثبوت
- 1۔غمگین،افسردہ 2۔سرکشی
- مان جائیں گے، تسلیم کریں گے

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھیے
- آئندہ حصوں میں دیکھیے
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات
	قَالَ ادْخُلُوْا فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِی النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰۤی اِذَا	
	ادَّارَكُوْا فِیْهَا جَمِیْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ	
	وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ (38) وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ (39) ع	
	اِنَّ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ	
	الْخِیَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ (40) لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ (41)	
	وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَاۤ ز اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ (42) وَنَزَعْنَا مَا	
	فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ	
	هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (43)	
	تو خدا فرمائے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں ان ہی کے ساتھ تم بھی	
اپنے جیسی دوسری جماعت	داخل جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت (وہاں) جا داخل ہوگی تو اپنی (مذہبی) بہن پر لعنت کرے گی۔	
کے بارے میں	یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے	
آگ	پروردگار! ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتش جہنم کا دُگنا عذاب دے۔ فرمایا جائے گا	
دوگُنا	کہ (تم) سب کو دُگنا (عذاب دیا جائے گا) مگر تم نہیں جانتے (38) اور پہلی جماعت پچھلی سے کہے	
بڑائی، برتری	گی کہ تم کو ہم پر کچھ بھی فضیلت نہ ہوئی تو جو (عمل) تم کیا کرتے تھے اس کے بدلے میں مزے	
بغاوت، سرکشی	چکھو (39) جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی ان کے لئے نہ آسمان کے دروازے	
سوئی کا سوراخ	کھولے جائیں گے اور نہ وہ بہشت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نکل	بقرہ:167
نیچے رکھ کر لیٹنے کا سامان وغیرہ	جائے۔ اور گنہگاروں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (40) ایسے لوگوں کے لئے (نیچے) بچھونا	
اوپر کر کے لیٹنے کا سامان وغیرہ	بھی (آتش) جہنم کا ہوگا اور اوپر سے اوڑھنا بھی (اسی کا) اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے	
	ہیں (41) اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے (اور) ہم (عملوں کے لئے) کسی شخص کو اس کی	
جنت والے	طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ ایسے ہی لوگ اہل بہشت ہیں (کہ) اس میں ہمیشہ رہیں گے (42)	
عداوت، دشمنی	اور جو کینے ان کے دلوں میں ہوں گے ہم سب نکال ڈالیں گے۔ ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔	
راہ پر نہ آسکتے، راستہ معلوم نہ ہونا	اور کہیں گے کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو یہاں کا راستہ دکھایا۔ اور اگر خدا ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم رستہ نہ پا سکتے	
1۔ سچ 2۔ اعلان کر دیا جائے گا	بیشک ہمارے پروردگار کے رسولؐ حق[1] بات لے کر آئے تھے۔ اور (اس روز) منادی کر دی جائے گی[2]	
1۔ بدلے 2۔ مالک	کہ تم ان اعمال کے صلے[1] میں جو (دنیا میں) کرتے تھے اسی بہشت کے وارث[2] بنا دیئے گئے ہو (43)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ
مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿45﴾
وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّاۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۟ لَمْ يَدْخُلُوْهَا
وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿46﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ وَنَادٰٓى
اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿48﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ
اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿49﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ
الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿50﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا
وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿51﴾

اور اہل بہشت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے پروردگار نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پایا
لیا، بھلا جو وعدہ تمہارے پروردگار نے تم سے کیا تھا تم نے بھی اسے سچا پایا؟ وہ کہیں گے ہاں تو (اس وقت) ان
میں ایک پکارنے والا پکار دے گا کہ بے انصافوں پر خدا کی لعنت (44) جو خدا کی راہ سے روکتے اور اس میں
کجی ڈھونڈتے اور آخرت سے انکار کرتے تھے (45) ان دونوں یعنی بہشت اور دوزخ کے درمیان (اعراف نامی)
ایک دیوار پر کچھ آدمی ہوں گے جو سب کو ان کی صورتوں سے پہچان لیں گے تو وہ اہل بہشت کو پکار کر کہیں گے کہ تم
پر سلامتی ہو۔ یہ لوگ (ابھی) بہشت میں داخل تو نہیں ہوئے ہوں گے مگر امید رکھتے ہوں گے (46) اور جب
ان کی نگاہیں پلٹ کر اہل دوزخ کی طرف جائیں گی تو عرض کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں
کے ساتھ (شامل) نہ کیجیو (47) اور اہل اعراف (کافر) لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے شناخت کرتے
ہوں گے۔ پکاریں گے اور کہیں گے (کہ آج) نہ تو تمہاری جماعت ہی تمہارے کچھ کام آئی اور نہ تمہارا تکبر (ہی
سودمند ہوا) (48) (پھر مومنوں کے متعلق کہیں گے کہ) کیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسمیں کھایا
کرتے تھے کہ خدا اپنی رحمت سے ان کی دستگیری نہیں کرے گا (تو حکم ہوگا کہ مومنو) تم بہشت میں داخل ہو جاؤ،
تمہیں کچھ خوف نہیں اور نہ تم کو کچھ رنج واندوہ ہوگا (49) اور دوزخی بہشتیوں سے (گڑگڑا کر) کہیں گے کہ
کسی قدر ہم پر پانی بہاؤ یا جو رزق خدا نے تمہیں عنایت فرمایا ہے ان میں سے (کچھ ہمیں بھی دو) وہ جواب دیں
گے کہ خدا نے بہشت کا پانی اور رزق کافروں پر حرام کر دیا ہے (50) جنہوں نے اپنے دین کو تماشا اور کھیل بنا
رکھا تھا اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا تھا۔ تو جس طرح یہ لوگ اس دن کے آنے کو بُھولے
ہوئے اور ہماری آیتوں سے مُنکر ہو رہے تھے، اسی طرح آج ہم بھی انہیں بُھلا دیں گے (51)

مشکل الفاظ کے معانی

- اہل بہشت: جنت والے
- کجی: ٹیڑھا پن
- صورتوں: شکلوں
- نگاہیں: نظریں
- 1۔ اہل اعراف 2۔ شناخت: 1۔ اعراف والے لوگ 2۔ پہچان
- تکبر: غرور
- سودمند: فائدہ مند
- دستگیری: مدد، حمایت
- 1۔ رنج واندوہ 2۔ گڑگڑا کر: 1۔ فکر وغم 2۔ زار وقطار روتے ہوئے، چیختے چلاتے ہوئے
- 1۔ کسی قدر 2۔ عنایت فرمایا ہے: 1۔ کچھ ہی، تھوڑا سا 2۔ دیا ہے
- مُنکر: انکاری

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ
يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ
الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿53﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿54﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ
لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿55﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ
مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿56﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ
مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿57﴾

اور ہم نے ان کے پاس کتاب پہنچا دی ہے جس، کو علم و دانش کے ساتھ کھول کھول کر بیان کر دیا ہے (اور) وہ
مومن لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (52) کیا یہ لوگ اس کے وعدۂ عذاب کے منتظر ہیں؟ جس دن وہ
وعدہ آ جائے گا تو جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے ہوں گے وہ بول اٹھیں گے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے
رسول حق لے کر آئے تھے۔ بھلا (آج) ہمارے کوئی سفارشی ہیں کہ ہماری سفارش کریں۔ یا ہم (دنیا میں) پھر
لوٹا دیئے جائیں کہ جو عمل (بد) ہم (پہلے) کرتے تھے (وہ نہ کریں بلکہ) ان کے سوا اور (نیک) عمل کریں
بیشک ان لوگوں نے اپنا نقصان کیا اور جو کچھ یہ افتراء کیا کرتے تھے ان سے سب جاتا رہا (53) کچھ شک نہیں
کہ تمہارا پروردگار خدا ہی ہے، جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو
دن کا لباس پہناتا ہے کہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا۔ سب
اسی کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔ دیکھو سب مخلوق بھی اس کی ہے اور حکم بھی (اسی کا ہے) یہ خدائے
رب العالمین بڑی برکت والا ہے (54) (لوگو!) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو
وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا (55) اور ملک میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرنا اور خدا سے خوف
کھاتے ہوئے اور اُمید رکھ کر دعائیں مانگتے رہنا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا کی رحمت نیکی کرنے والوں سے قریب
ہے (56) اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (یعنی مینہ) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری (بنا کر) بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ
جب وہ بھاری بھاری بادلوں کو اٹھا لاتی ہے تو ہم اس کو ایک مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔
پھر بادل سے مینہ برساتے ہیں۔ پھر مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم مُردوں کو (زمین سے)
زندہ کر کے باہر نکالیں گے (یہ آیات اس لئے بیان کی جاتی ہیں) تاکہ تم نصیحت پکڑو (57)

مشکل الفاظ کے معانی

- عقل
- انتظار کرنا
- 1۔ سچ 2۔ کیا
- 1۔ واپس ہوجائیں 2۔ علاوہ
- 1۔ جھوٹ باندھا کرتے تھے 2۔ ختم ہوگیا
- 1۔ دنیاؤں کا خدا 2۔ منت سماجت
- درستگی ٹھیک کرنا
- کرتے ہوئے
- بارش
- 1۔ خشک 2۔ بھیج دینا
- فروٹ

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِىْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
يَّشْكُرُوْنَ ﴿58﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّىْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿59﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿60﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِىْ ضَلٰلَةٌ وَّ لٰكِنِّىْ
رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿61﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿62﴾ اَوَعَجِبْتُمْ
اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿63﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ
وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِى الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿64﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ
قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿65﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِىْ
سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿66﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِىْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّىْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿67﴾

جو زمین پاکیزہ (ہے) اس میں سے سبزہ بھی پروردگار کے حکم سے (نفیس ہی) نکلتا ہے۔ اور جو خراب ہے اس
میں سے جو کچھ نکلتا ہے ناقص ہوتا ہے اسی طرح ہم آیتوں کو شکرگزار لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر بیان کرتے
ہیں (58) ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے (ان سے) کہا اے میری برادری کے لوگو!
خدا کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ مجھے تمہارے بارے میں بڑے دن کے عذاب کا
(بہت ہی) ڈر ہے (59) تو جو ان کی قوم میں سردار تھے وہ کہنے لگے کہ ہم تمہیں صریح گمراہی میں (مبتلا)
دیکھتے ہیں (60) انہوں نے کہا اے قوم! مجھ میں کسی طرح کی گمراہی نہیں ہے بلکہ میں پروردگار عالم کا پیغمبر
ہوں (61) تمہیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیرخواہی کرتا ہوں۔ اور مجھ کو خدا کی طرف
سے ایسی باتیں معلوم ہیں جن سے تم بے خبر ہو (62) کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا ہے کہ تم میں سے ایک
شخص کے ہاتھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت آئی تاکہ وہ تم کو ڈرائے۔ اور تاکہ تم پرہیزگار
بنو اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے؟ (63) مگر ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی تو ہم نے نوحؑ کو اور جو ان کے
ساتھ کشتی میں سوار تھے ان کو تو بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا انہیں غرق کر دیا۔ کچھ شک نہیں
کہ وہ اندھے لوگ تھے (64) اور (اسی طرح) قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہودؑ کو بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ
بھائیو! خدا ہی کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟ (65) تو ان کی قوم کے
سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ تم ہمیں احمق نظر آتے ہو اور ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں (66) انہوں نے کہا
کہ بھائیو! مجھ میں حماقت کی کوئی بات نہیں ہے۔ بلکہ میں رب العالمین کا پیغمبرؑ ہوں (67)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔صاف 2۔عمدہ
- 1۔کمزور، جس میں خرابی ہو 2۔شکر ادا کرنے والے
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔صاف 2۔پھنسے ہوئے
- بھلائی، فائدہ
- 1۔لاعلم 2۔حیرانگی
- جھٹلانا، انکار کرنا
- ڈبو دیا
- علاوہ
- بیوقوف
- 1۔بیوقوفی 2۔دنیاؤں کا خدا

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿68﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ
لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِى الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿69﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ﴿70﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِىْ فِىْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ
وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿71﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ
بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿72﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِىْٓ
اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾

میں تمہیں خدا کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوں (68) کیا تم کو اس بات سے
تعجب ہوا ہے کہ تم میں سے ایک شخص کے ہاتھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت آئی
تاکہ وہ تمہیں ڈرائے؟ اور یاد تو کرو جب اس نے تم کو قوم نوحؑ کے بعد سردار بنایا اور تمہیں پھیلاؤ
زیادہ دیا۔ پس خدا کی نعمتوں کو یاد کرو۔ تاکہ نجات حاصل کرو (69) وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس
اس لئے آئے ہو کہ ہم اکیلے خدا ہی کی عبادت کریں اور جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں
ان کو چھوڑ دیں؟ تو اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو اسے لے آؤ (70) ہودؑ نے کہا کہ
تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب (کا نازل ہونا) مقرر ہو چکا ہے۔ کیا تم مجھ
سے ایسے ناموں کے بارے میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے (اپنی طرف سے)
رکھ لئے ہیں، جن کی خدا نے کوئی سند نازل نہیں کی؟ تو تم (بھی) انتظار کرو میں (بھی) تمہارے
ساتھ انتظار کرتا ہوں (71) پھر ہم نے ہودؑ کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے ان کو نجات بخشی اور
جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کی جڑ کاٹ دی اور وہ ایمان لانے والے تھے ہی نہیں (72)
اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا (تو صالحؑ نے) کہا کہ اے قوم! خدا ہی کی عبادت
کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک معجزہ آ
چکا ہے (یعنی) یہی خدا کی اونٹنی تمہارے لئے معجزہ ہے۔ تو اسے (آزاد) چھوڑ دو کہ خدا کی زمین میں
چرتی پھرے اور تم اسے بری نیت سے ہاتھ بھی نہ لگانا ورنہ عذاب الیم تمہیں پکڑ لے گا (73)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔ امانت رکھنے والا
2۔ بھلائی چاہنے والا

1۔ حیرانگی 2۔ کے پاس

رہائی

1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ شرعی حکم ماننا

1۔ غصہ 2۔ طے ہو چکا

دلیل، ثبوت

رہائی، مخلصی

مکمل ختم کر دیا

1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
3۔ کرشمہ، چمتکار، انہونی بات

دردناک

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَاف	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَعْرَاف

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِى الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ
الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿74﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ
لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿75﴾
قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِىْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿76﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا
بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿77﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿78﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ
وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّىْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿79﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ
اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ
بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿81﴾

اور یاد تو کرو جب اس نے تم کو قوم عاد کے بعد سردار بنایا اور زمین پر آباد کیا کہ نرم زمین سے
(مٹی لے لے کر) محل تعمیر کرتے ہو۔ اور پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے ہو پس خدا کی نعمتوں کو
یاد کرو۔ اور زمین میں فساد نہ کرتے پھرو (74) تو ان کی قوم میں سردار لوگ جو غرور رکھتے تھے
غریب لوگوں سے جو ان میں ایمان لے آئے تھے، کہنے لگے بھلا تم یقین کرتے ہو کہ صالحؑ اپنے
پروردگار کی طرف سے بھیجے گئے ہیں؟ انہوں نے کہا ہم اس پر بلاشبہ ایمان رکھتے ہیں (75) تو
(سرداران) مغرور کہنے لگے کہ جس چیز پر تم ایمان لائے ہو ہم تو اس کو نہیں مانتے (76) آخر
انہوں نے اونٹنی (کی کونچوں) کو کاٹ ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے
کہ صالحؑ! جس چیز سے تم ہمیں ڈراتے تھے اگر تم (خدا کے) سچے پیغمبرؑ ہو تو اسے ہم پر لے آؤ (77) تو
ان کو بھونچال نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے (78) پھر صالحؑ ان سے
(ناامید ہوکر) پھرے اور کہا کہ اے میری قوم! میں نے تم کو خدا کا پیغام پہنچا دیا اور تمہاری خیر خواہی کی
مگر تم (ایسے ہو کہ) خیر خواہوں کو دوست نہیں رکھتے (79) اور (اسی طرح جب ہم نے) لوطؑ کو
(پیغمبرؑ بنا کر بھیجا تو) اس وقت انہوں نے اپنی قوم سے کہا تم ایسی بے حیائی کا کام کیوں کرتے ہو کہ تم
سے پہلے اہل عالم میں سے کسی نے اس طرح کا کام نہیں کیا (80) یعنی شہوت رانی کی غرض سے
عورتوں کو چھوڑ کر لونڈوں پر گرتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ تم لوگ حد سے نکل جانے والے ہو (81)

مشکل الفاظ کے معانی

- تعمیر کرتے ہو: بناتے ہو
- فساد / غرور: 1۔ حکم الٰہی کا منکر ہونا 2۔ تکبر، گھمنڈ
- بھلا: کیا
- بلاشبہ: بیشک
- مغرور: غرور کرنا
- کونچوں / سرکشی: 1۔ کے قدموں یا پاؤں کو 2۔ بغاوت
- بھونچال / اوندھے: 1۔ زلزلہ 2۔ اُلٹے
- پھرے / خیر خواہی: 1۔ واپس آئے 2۔ فائدہ، بھلائی چاہنا
- بے حیائی: بے شرمی
- اہل عالم / شہوت رانی: 1۔ دنیا کے رہنے والے 2۔ جنسی خواہش
- لونڈوں: لڑکوں

حوالہ جات

ھود:65، شعراء:157

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿82﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا
امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿83﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿84﴾ وَاِلٰى
مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا
الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿85﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ
وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۠ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿86﴾ وَاِنْ
كَانَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَاۗىِٕفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ
خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿87﴾

تو ان سے اس کا جواب کچھ نہ بن پڑا اور بولے تو یہ بولے کہ ان لوگوں کو اپنے گاؤں سے نکال دو (کہ) یہ لوگ
پاک بننا چاہتے ہیں (82) تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو بچا لیا۔ مگر ان کی بیوی (نہ بچی) کہ وہ پیچھے
رہنے والوں میں تھی (83) اور ہم نے ان پر پتھروں کا مینہ برسایا سو دیکھ لو کہ گنہگاروں کا کیسا انجام ہوا (84)
اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا (تو) انہوں نے کہا کہ اے قوم! خدا ہی کی عبادت کرو۔ اس
کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی آ چکی ہے تو تم ناپ اور تول
پوری کیا کرو۔ اور لوگوں کو چیزیں کم نہ دیا کرو۔ اور زمین میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرو اگر تم صاحب ایمان ہو
تو سمجھ لو کہ یہ بات تمہارے حق میں بہتر ہے (85) اور ہر رستے پر مت بیٹھا کرو کہ جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے
اسے تم ڈراتے اور راہ خدا سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہو۔ اور (اس وقت کو) یاد کرو جب تم تھوڑے
سے تھے تو خدا نے تم کو جماعت کثیر بنا دیا۔ اور دیکھ لو کہ خرابی کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ (86) اور اگر تم
میں سے ایک جماعت میری رسالت پر ایمان لے آئی ہے اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی تو صبر کئے رہو
یہاں تک کہ خدا ہمارے تمہارے درمیان فیصلہ کر دے۔ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (87)

مشکل الفاظ کے معانی:

- لوط اور انکے گھر والوں کو
- 1۔ بارش برسنا، لگاتار پتھر آنا 2۔ آخیر
- اللہ کا حکم ماننا
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ درستگی، ٹھیک کرنا 2۔ فساد، شرک 3۔ ایمان والے
- لئے
- ٹیڑھا پن
- 1۔ بہت زیادہ 2۔ فساد یا شرک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ
قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿88﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ
نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ
وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿89﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿90﴾ فَاَخَذَتْهُمُ
الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿91﴾ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا
هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿92﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ
كٰفِرِيْنَ ﴿93﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿94﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ
السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿95﴾

(تو) ان کی قوم میں جو لوگ سردار اور بڑے آدمی تھے وہ کہنے لگے کہ شعیبؑ! (یا تو) ہم تم کو اور جو لوگ تمہارے ساتھ ایمان لائے ہیں ان کو اپنے شہر سے نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں آجاؤ۔ انہوں نے کہا خواہ ہم (تمہارے دین سے) بیزار ہی ہوں (تو بھی)؟ (88) اگر ہم اس کے بعد کہ خدا ہمیں اس سے نجات بخش چکا ہے، تمہارے مذہب میں لوٹ جائیں تو بیشک ہم نے خدا پر جھوٹ افتراء باندھا اور ہمیں شایاں نہیں کہ ہم اس میں لوٹ جائیں۔ ہاں خدا جو ہمارا پروردگار ہے وہ چاہے تو (ہم مجبور ہیں) ہمارے پروردگار کا علم ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔ ہمارا خدا ہی پر بھروسا ہے۔ اے پروردگار! ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تُو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (89) اور ان کی قوم میں سے سردار لوگ جو کافر تھے کہنے لگے کہ (بھائیو) اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی تو بیشک تم خسارے میں پڑ گئے (90) تو ان کو بھونچال نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے (91) (یہ لوگ) جنہوں نے شعیبؑ کی تکذیب کی تھی ایسے برباد ہوئے کہ گویا وہ ان میں کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے۔ (غرض) جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا وہ خسارے میں پڑ گئے (92) تو شعیبؑ ان میں سے نکل آئے اور کہا کہ بھائیو! میں نے تم کو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے ہیں اور تمہاری خیر خواہی کی تھی تو میں کافروں پر (عذاب نازل ہونے سے) رنج و غم کیوں کروں؟ (93) اور ہم نے کسی شہر میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر وہاں کے رہنے والوں کو (جو ایمان نہ لائے) دکھوں اور مصیبتوں میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی اور زاری کریں (94) پھر ہم نے تکلیف کو آسودگی سے بدل دیا یہاں تک کہ (مال و اولاد میں) زیادہ ہو گئے تو کہنے لگے کہ اس طرح کا رنج و راحت ہمارے بڑوں کو بھی پہنچتا رہا ہے تو ہم نے ان کو ناگہاں پکڑ لیا اور وہ (اپنے حال میں) بےخبر تھے (95)

- بھلے، اگر
- 1۔ نفرت کرنا 2۔ رہائی، مخلصی
- 1۔ بہتان باندھنا 2۔ مناسب
- 1۔ گھیراؤ 2۔ اعتماد، یقین
- 1۔ پیچھے چلنا 2۔ نقصان، گھاٹا 3۔ زلزلہ
- 1۔ الٹے 2۔ جھٹلانا
- 1۔ تباہ 2۔ جیسے
- نقصان، گھاٹا
- 1۔ بھلائی، فائدہ 2۔ افسوس اور ماتم
- 1۔ تکلیفوں 2۔ ڈال دیا، پھنسا دیا 3۔ تکبر سے باز آنا 4۔ فریاد
- 1۔ خوشحالی 2۔ غم اور خوشی
- 1۔ اچانک 2۔ اطلاع نہ ہونا، لاعلم

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا
كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿96﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿97﴾ اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ
يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿98﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿99﴾ اَوَلَمْ
يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا
يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا
بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿101﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ
وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿103﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾

اگران بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار ہو جاتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکات
(کے دروازے) کھول دیتے، مگرانہوں نے تو تکذیب کی، سوان کے اعمال کی سزا میں ہم نے ان کو پکڑ
لیا (96) کیا بستیوں کے رہنے والے اس سے بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کو واقع ہو اور وہ
(بے خبر) سو رہے ہوں؟ (97) اور کیا اہل شہر اس سے نڈر ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آ نازل
ہو اور وہ کھیل رہے ہوں؟ (98) کیا یہ لوگ خدا کے داؤ کا ڈر نہیں رکھتے؟ (سن لو کہ) خدا کے داؤ سے
وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو خسارہ پانے والے ہیں (99) کیا ان لوگوں کو جو اہل زمین کے (مر جانے
کے) بعد زمین کے مالک ہوتے ہیں یہ امر موجب ہدایت نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں
کے سبب ان پر مصیبت ڈال دیں؟ اور ان کے دلوں پر مہر لگا دیں کہ کچھ سن ہی نہ سکیں (100) یہ بستیاں ہیں
جن کے کچھ حالات ہم تم کو سناتے ہیں اور ان کے پاس ان کے پیغمبرؑ نشانیاں لے کر آئے۔ مگر وہ ایسے نہیں
تھے کہ جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے ہوں اسے مان لیں اسی طرح خدا کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا
ہے (101) اور ہم نے ان میں سے اکثروں میں (عہد کا نباہ) نہیں دیکھا اور ان میں اکثروں کو (دیکھا
تو) بدکار ہی دیکھا (102) پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰؑ کو نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے اعیانِ سلطنت
کے پاس بھیجا تو انہوں نے ان کے ساتھ کفر کیا سو دیکھ لو کہ خرابی کرنے والوں کا انجام کیا ہوا (103) اور
موسیٰؑ نے کہا کہ اے فرعون میں رب العالمین کا پیغمبرؑ ہوں (104)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔آبادیوں 2۔گناہ سے بچنا 3۔نعمتیں
- جھٹلانا
- آجائے، قائم ہو
- بےخوف
- چال
- نقصان
- وجہ
- کی وجہ سے
- 1۔زیادہ تر میں 2۔وعدہ پورا کرنا
- 1۔بُرے کاموں والا، مشرک 2۔حکومتی کارندے
- دنیاؤں کا رب

حوالہ جات

- یونس:98
- عمران:54
- اعراف:172

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات
	حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِىَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿105﴾ قَالَ اِنْ	
	كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿107﴾ ۚۖ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ	
	بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿108﴾ ع قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿109﴾ لا يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا	
	تَاْمُرُوْنَ ﴿110﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿111﴾ لا يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿112﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ	
	فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿114﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِىَ	
	وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿115﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿116﴾	
	وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿117﴾ ج فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿118﴾ ج	
	فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿119﴾ ج وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿120﴾ لا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿121﴾	
	مجھ پر واجب ہے کہ خدا کی طرف سے جو کچھ کہوں سچ ہی کہوں میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے	
1۔یہ کہ 2۔اجازت	نشانی لے کر آیا ہوں۔ سو اولادِ اسرائیل کو میرے ساتھ جانے کی رخصت دے دیجئے (105) فرعون نے کہا کہ اگر تم	
چھڑی نیچے رکھ یا پھینک دی	نشانی لے کر آئے ہو تو اگر سچے ہو تو لاؤ (دکھاؤ) (106) موسیٰؑ نے اپنی لاٹھی (نیچے) ڈال دی تو وہ اسی وقت صریح	
1۔بڑا سانپ 2۔اسی وقت 3۔چمکدار	اژدھا (ہو گیا) (107) اور اپنا ہاتھ باہر نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کی نگاہوں میں سفید براق (تھا) (108) تو	
بہت علم والا	قوم فرعون میں جو سردار تھے وہ کہنے لگے کہ یہ بڑا علامہ جادوگر ہے (109) اس کا ارادہ یہ ہے کہ تم کو تمہارے ملک	
1۔مشورہ 2۔اس وقت تو	سے نکال دے بھلا تمہاری کیا صلاح ہے؟ (110) انہوں نے (فرعون سے) کہا کہ فی الحال موسیٰؑ اور اس کے	
1۔جھگڑا 2۔مشہوری کرنے والا	بھائی کے معاملے کو معاف رکھیئے اور شہروں میں نقیب روانہ کر دیجئے (111) کہ تمام ماہر جادوگروں کو آپ کے	
	پاس لے آئیں (112) (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) اور جادوگر فرعون کے پاس آ پہنچے اور کہنے لگے کہ اگر ہم جیت گئے تو	
1۔بدلا، انعام 2۔خاص دوست	ہمیں صلہ عطا کیا جائے (113) (فرعون نے) کہا ہاں (ضرور) اور (اس کے علاوہ) تم مقربوں میں داخل کر	
	لئے جاؤ گے (114) (جب فریقین روز مقرر پر جمع ہوئے تو) جادوگروں نے کہا کہ موسیٰؑ یا تو تم (جادو کی چیز)	
	ڈالو یا ہم ڈالتے ہیں (115) (موسیٰؑ نے) کہا تم ہی ڈالو۔ جب انہوں نے (جادو کی چیزیں) ڈالیں تو لوگوں کی	
	آنکھوں پر جادو کر دیا اور (لاٹھیوں اور رسیوں کے سانپ بنا بنا کر) انہیں ڈرا دیا اور بڑا بھاری جادو کر دکھایا (116)	طٰہٰ:66
	(اس وقت) ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی کہ تم بھی اپنی لاٹھی ڈال دو۔ وہ فوراً (سانپ بن کر) جادوگروں کے	
1۔ہڑپ کر جائے گی 2۔سچائی 3۔جھوٹ	بنائے ہوئے سانپوں کو (یکایک) نگل جائے گی (117) (پھر) تو حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ فرعونی کرتے تھے باطل	شعراء:45
حالت، صورتحال	ہو گیا (118) اور وہ مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر رہ گئے (119) (یہ کیفیت دیکھ کر) جادوگر سجدے میں گر	
	پڑے (120) اور کہنے لگے کہ ہم جہان کے پروردگار پر ایمان لائے (121)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿122﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى الْمَدِيْنَةِ
لِتُخْرِجُوْا مِنْهَاۤ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿123﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿124﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿125﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَيْنَا
صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿126﴾ ۧ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ
وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿127﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا
بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ قف يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿128﴾ قَالُوْۤا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ
اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ
تَعْمَلُوْنَ ﴿129﴾ ۧ وَلَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿130﴾

(یعنی) موسیٰؑ اور ہارونؑ کے پروردگار پر (122) فرعون نے کہا کہ پیشتر اس کے کہ میں تمہیں اجازت
دوں تم اس پر ایمان لے آئے۔ بیشک یہ فریب[1] ہے جو تم نے مل کر شہر میں کیا ہے۔ تاکہ اہل شہر[2] کو یہاں سے
نکال دو سو عنقریب (اس کا نتیجہ) معلوم کر لو گے (123) میں (پہلے تو) تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور
دوسری طرف کے پاؤں کٹوا دوں گا پھر تم سب کو سُولی چڑھوا دوں گا (124) وہ بولے کہ ہم تو اپنے
پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (125) اور اس کے سوا تجھ کو ہماری کون سی بات بُری لگی ہے
کہ جب ہمارے پروردگار کی نشانیاں ہمارے پاس آگئیں تو ہم ان پر ایمان لے آئے؟ اے پروردگار!
ہم پر صبر و استقامت[1] کے دہانے[2] کھول دے اور ہمیں (ماریو تو) مسلمان (126) اور قوم فرعون میں جو
سردار تھے کہنے لگے کہ کیا آپ موسیٰؑ اور اس کی قوم کو چھوڑ دیجئے گا کہ ملک میں خرابی کریں اور آپ سے
اور آپ کے معبودوں[1] سے دست کش[2] ہو جائیں؟ وہ بولے کہ ہم ان کے لڑکوں کو تو قتل کر ڈالیں گے اور
لڑکیوں کو زندہ رہنے دیں گے اور بلاشُبہ ہم ان پر غالب ہیں (127) موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا
سے مدد مانگو اور ثابت قدم رہو۔ زمین تو خدا کی ہے۔ (اور) وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا
مالک بنا دیتا ہے۔ اور آخر بھلا تو ڈرنے والوں کا ہے (128) وہ بولے کہ تمہارے آنے سے پہلے بھی ہم
کو اذیتیں پہنچتی رہیں اور آنے کے بعد بھی۔ موسیٰؑ نے کہا کہ قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمن کو
ہلاک کر دے اور اس کی جگہ تمہیں زمین میں خلیفہ بنائے پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو (129) اور ہم
نے فرعونیوں کو قحطوں اور میووں کے نقصان میں پکڑا تاکہ نصیحت حاصل کریں (130)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔دھوکہ 2۔شہر والے
- انجام
- پھانسی
- علاوہ
- 1۔ڈٹے رہنا 2۔سمندر
- فساد
- 1۔جن کا شرعی حکم مانا جائے 2۔تعلق نہ رکھنا
- بغیر کسی شک کے
- فائدہ
- تکلیفیں
- قائم مقام
- خشک سالی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ۭ اَلَآ اِنَّمَا طٰۗىِٕرُهُمْ عِنْدَ
اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿131﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾
فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۣ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
مُّجْرِمِيْنَ ﴿133﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَىِٕنْ كَشَفْتَ عَنَّا
الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿134﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ
اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿135﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿136﴾ وَاَوْرَثْنَا
الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
الْحُسْنٰى عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ڏ بِمَا صَبَرُوْا ۭ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿137﴾

تو جب ان کو آسائش حاصل ہوتی تو کہتے کہ ہم اس کے مستحق ہیں۔ اور اگر سختی پہنچتی تو موسیٰؑ اور ان کے
رفیقوں کی بدشگونی بتاتے۔ دیکھو ان (جیسوں) کی بدشگونی خدا کے ہاں (اصولی) ہے۔ لیکن ان میں اکثر نہیں
جانتے (131) اور کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس (خواہ) کوئی سی نشانی لاؤ تاکہ اس سے ہم پر جادو کرو۔ مگر ہم تم
پر ایمان لانے والے نہیں ہیں (132) تو ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون کتنی کُھلی
ہوئی نشانیاں بھیجیں مگر وہ تکبر ہی کرتے رہے۔ اور وہ لوگ تھے ہی گنہگار (133) اور جب ان پر عذاب واقع
ہوتا تو کہتے موسیٰؑ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے دعا کرو جیسا اس نے تم سے عہد کر رکھا ہے۔ اگر تم ہم سے
عذاب کو ٹال دو گے تو ہم تم پر ایمان بھی لے آئیں گے اور اولادِ اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ جانے
(کی اجازت) دیں گے (134) پھر جب ہم ایک مدت کے لئے جس تک ان کو پہنچنا تھا۔ ان سے عذاب دُور
کر دیتے تو وہ عہد کو توڑ ڈالتے (135) تو ہم نے ان سے بدلا لے کر ہی چھوڑا کہ ان کو دریا میں ڈبو دیا اس
لئے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے اور ان سے بے پروائی کرتے تھے (136) اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے
ان کو اس زمین کے مشرق و مغرب کا جس میں ہم نے برکت دی تھی وارث کر دیا۔ اور اولادِ اسرائیل کے بارے
میں ان کے صبر کی وجہ سے تمہارے پروردگار کا وعدۂ نیک پورا ہوا اور فرعون اور قوم فرعون جو (مال وزر) بناتے
اور (انگور کے باغ) جو چھتریوں پر چڑھاتے تھے سب کو ہم نے تباہ کر دیا (137)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔آرام 2۔حقدار
- نحوست
- بھلے
- غرور
- خاطر میں نہ لانا، سُستی کرنا
- مالک
- مال و دولت
- برباد، ختم

حوالہ جات:
- فاطر:43
- یونس:88

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا
كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿138﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿139﴾ قَالَ اَغَيْرَ
اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿140﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ
يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿141﴾ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً
وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا
تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿142﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ۭ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ
وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى
صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿143﴾

اور ہم نے اولادِ اسرائیل کو دریا سے پار اُتارا تو وہ ایسے لوگوں کے پاس جا پہنچے جو اپنے بتوں کے لئے بیٹھے رہتے تھے۔ (اولادِ اسرائیل) کہنے لگے کہ موسیٰؑ جیسے ان لوگوں کے معبود ہیں، ہمارے لئے بھی ایک معبود بنا دو۔ موسیٰؑ نے کہا کہ تم بڑے ہی جاہل لوگ ہو (138) یہ لوگ جس (شغل) میں (پھنسے ہوئے) ہیں سب بیہودہ ہیں (139) (اور یہ بھی) کہا کہ بھلا میں خدا کے سوا تمہارے لئے کوئی اور معبود تلاش کروں حالانکہ اس نے تم کو تمام عالم پر فضیلت بخشی ہے (140) اور (یاد کرو) جب ہم نے تم کو فرعونیوں (کے ہاتھ) سے نجات بخشی۔ وہ لوگ تم کو بڑا دُکھ دیتے تھے۔ تمہارے بیٹوں کو توقتل کر ڈالتے تھے اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے سخت آزمائش تھی (141) اور ہم نے موسیٰؑ سے تیس رات کی میعاد مقرر کی۔ اور دس (راتیں) اور ملا کر اسے پورا (چِلہ) کر دیا تو اس کے پروردگار کی چالیس رات کی میعاد پوری ہوگئی۔ اور موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارونؑ سے کہا کہ میرے (کوہ طور پر جانے کے) بعد تم میری قوم میں میرے جانشین ہو (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور شریروں کے رستہ پر نہ چلنا (142) اور جب موسیٰؑ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر (کوہ طور پر) پہنچے اور ان کے پروردگار نے ان سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے پروردگار! مجھے (جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار (بھی) دیکھوں (پروردگار نے) فرمایا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے۔ ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھ کو دیکھ سکو گے۔ جب ان کا پروردگار پہاڑ پر نمودار ہوا تو (تجلی انوارِ ربانی نے) اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰؑ بیہوش ہو کر گر پڑے۔ جب ہوش میں آئے تو کہنے لگے کہ تیری ذات پاک ہے اور میں تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں اور جو ایمان لانے والے ہیں ان میں سب سے اول ہوں (143)

مشکل الفاظ کے معانی:
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔بیوقوف 2۔مصروفیت 3۔نامناسب، گھٹیا
- 1۔کیا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔دُنیا 2۔برتری 3۔رہائی، چھٹکارا
- مدّت
- چالیس رات دن کا عرصہ
- 1۔طور کا پہاڑ 2۔قائم مقام
- 1۔دیکھ بھال، راہنمائی 2۔شرارتی
- جلوہ
- 1۔ظاہر 2۔جلوۂ خدا کا نور 3۔ذرّہ
- پہلے نمبر پر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ (144)
وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا
بِاَحْسَنِهَا ۗ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ (145) سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ وَاِنْ
يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَىِّ يَتَّخِذُوْهُ
سَبِيْلًا ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ (146) وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ
اَعْمَالُهُمْ ۗ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (147) ع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا
لَّهٗ خُوَارٌ ۗ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ (148) وَلَمَّا سُقِطَ فِىْٓ اَيْدِيْهِمْ
وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (149)

(خدا نے) فرمایا موسیٰؑ! میں نے تم کو اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگوں سے ممتاز کیا ہے تو جو میں نے تم کو عطا کیا ہے اسے پکڑ رکھو اور (میرا) شکر بجالاؤ (144) اور ہم نے (تورات کی) تختیوں میں ان کے لئے ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی پھر (ارشاد فرمایا کہ) اسے زور سے پکڑے رہو اور اپنی قوم سے بھی کہہ دو کہ ان باتوں کو جو اس میں (مندرج ہیں اور) بہتر ہیں پکڑے رہیں۔ میں عنقریب تم کو نافرمان لوگوں کا گھر دکھا دوں گا (145) جو لوگ زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں ان کو اپنی آیتوں سے پھیر دوں گا۔ اگر یہ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں۔ اور اگر راستی کا رستہ دیکھیں تو (اپنا) رستہ نہ بنائیں اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اسے رستہ بنالیں یہ اس لئے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے غفلت کرتے رہے (146) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا، ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ یہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی ان کو بدلا ملے گا (147) اور قوم موسیٰؑ نے موسیٰؑ کے بعد اپنے زیور کا ایک بچھڑا بنالیا (وہ) ایک جسم (تھا) جس میں سے بیل کی آواز نکلتی تھی۔ ان لوگوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کرسکتا ہے اور نہ ان کو رستہ دکھا سکتا ہے؟ اس کو انہوں نے (معبود) بنالیا اور (اپنے حق میں) ظلم کیا (148) اور جب وہ نادم ہوئے اور دیکھا کہ گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہیں کرے گا اور ہم کو معاف نہیں فرمائے گا تو ہم برباد ہو جائیں گے (149)

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی:
- ممتاز: انتخاب کیا گیا، افضل، مشہور
- 1۔ عطا کیا 2۔ بجالاؤ: 1۔ دیا ہے 2۔ تعمیل حکم کرنا
- مندرج: لکھا ہونا
- 1۔ ناحق غرور 2۔ پھیر دوں گا: 1۔ غلط یا جھوٹا تکبر 2۔ گھما دوں گا
- راستی: سچائی، سیدھا ہونا
- غفلت: لاپرواہی
- بیل: نرگائے
- معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے
- برباد: تباہ، ختم

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِىْ مِنْۢ بَعْدِىْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ
وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِىْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِىْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِىَ الْاَعْدَآءَ وَلَا
تَجْعَلْنِىْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (150) قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِىْ وَلِاَخِىْ وَاَدْخِلْنَا فِىْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (151) اِنَّ
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُفْتَرِيْنَ (152) وَالَّذِيْنَ
عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (153) وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى
الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِىْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ (154) وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ
رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّاىَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ
اِنْ هِىَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِىْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ (155)

اور جب موسیٰؑ اپنی قوم میں نہایت غصے اور افسوس کی حالت میں واپس آئے تو کہنے لگے کہ تم نے میرے بعد بہت
ہی بداطواری کی۔ کیا تم نے اپنے پروردگار کا حکم (عذاب) جلد چاہا؟ (یہ کہا) اور (شدت غضب سے تورات کی)
تختیاں ڈال دیں اور اپنے بھائی کے سر کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے۔ انہوں نے کہا کہ بھائی جان! لوگ تو مجھے کمزور
سمجھتے تھے اور قریب تھا کہ قتل کر دیں۔ تو ایسا کام نہ کیجئے کہ دشمن مجھ پر ہنسیں اور مجھے ظالم لوگوں میں مت
ملایئے (150) تب انہوں نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی
رحمت میں داخل کر تُو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے (151) (خدا نے فرمایا کہ) جن لوگوں نے بچھڑے
کو (معبود) بنا لیا تھا ان پر پروردگار کا غضب واقع ہوگا اور دنیا کی زندگی میں ذلت (نصیب ہوگی) اور ہم
افتراء پردازوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (152) اور جنہوں نے بُرے کام کئے پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان
لے آئے تو کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اس کے بعد (بخش دے گا کہ وہ) بخشنے والا مہربان ہے (153) اور
جب موسیٰؑ کا غصہ فرو ہوا تو (تورات کی) تختیاں اٹھا لیں اور جو کچھ ان میں لکھا تھا وہ ان کے لئے جو اپنے پروردگار
سے ڈرتے ہیں ہدایت اور رحمت تھی (154) اور موسیٰؑ نے اس میعاد پر جو ہم نے مقرر کی تھی اپنی قوم کے ستر آدمی
منتخب (کر کے کوہ طور پر حاضر) کئے جب ان کو زلزلے نے پکڑا تو (موسیٰؑ نے) کہا کہ اے پروردگار! اگر تُو چاہتا تو
ان کو اور مجھ کو پہلے ہی ہلاک کر دیتا۔ کیا تُو اس فعل کی سزا میں جو ہم میں سے بے عقل لوگوں نے کیا ہے ہمیں ہلاک
کر دے گا؟ یہ تو تیری آزمائش ہے۔ اس سے تُو جس کو چاہے گمراہ کرے اور جسے چاہے ہدایت بخشے تُو ہی
ہمارا کارساز ہے تو ہمیں (ہمارے گناہ) بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تُو سب سے بہتر بخشنے والا ہے (155)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بدکرداری 2۔ سخت غُصّے میں
- ممکن تھا
- 1۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ رُسوائی
- الزام تراشوں کو
- جاتا رہا
- وقت
- طور کا پہاڑ
- عمل، حرکت
- کام سنوارنے والا

حوالہ جات:

اعراف:152، ذاریات:59

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاكْتُبْ لَنَا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ قَالَ عَذَابِىْۤ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ
وَرَحْمَتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَىْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿156﴾ۚ
اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۫ يَاْمُرُهُمْ
بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ
وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِىْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿157﴾ۧ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَاۤ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ
تَهْتَدُوْنَ ﴿158﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿159﴾

اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی۔ ہم تیری طرف ہو چکے۔ فرمایا کہ جو میرا عذاب ہے، اسے تو جس پر چاہتا ہوں نازل کرتا ہوں اور جو میری رحمت ہے وہ ہر چیز کو شامل ہے۔ میں اس کو ان لوگوں کے لئے لکھ دوں گا جو پرہیز گاری کرتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں (156) وہ (وہی ہیں) جو (محمدؐ رسول اللہ) کی جو نبی اُمّی ہیں پیروی کرتے ہیں۔ جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیک کام کا حکم دیتے ہیں اور بُرے کام سے روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو ان کے لئے حلال کرتے ہیں اور ناپاک چیزوں کو ان پر حرام ٹھہراتے ہیں اور ان پر سے بوجھ[1] اور طوق[2] جو ان پر تھے اُتارتے ہیں۔ تو جو لوگ ان پر ایمان لائے اور ان کی رفاقت کی اور انہیں مدد دی اور جو نور ان کے ساتھ نازل ہوا ہے اس کی پیروی کی۔ وہی مُراد پانے والے ہیں (157) (اے محمدؐ) کہہ دو کہ لوگو! میں تم سب کی طرف خدا کا بھیجا ہوا (پیغمبرؐ) ہوں (وہ) جو آسمانوں اور زمین کا بادشاہ ہے۔ اس کے سوا[1] کوئی معبود[2] نہیں وہی زندگانی بخشتا اور وہی موت دیتا ہے تو خدا پر اور اس کے رسولؐ پیغمبرؐ اُمّی پر جو خدا پر اور اس کے (تمام) کلام پر ایمان رکھتے ہیں ایمان لاؤ اور ان کی پیروی کرو تاکہ ہدایت پاؤ (158) اور قوم موسیٰؑ میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو حق کا رستہ بتاتے اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں (159)

مشکل الفاظ کے معانی:

- فائدہ
- اَن پڑھ
- خوبیاں
- 1۔وزن 2۔گلوبند
- ساتھ دیا
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- پیچھے چلنا
- سچائی

حوالہ جات:

- عمران:81، 82

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَیْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰی مُوْسٰۤی اِذِ اسْتَسْقٰهُ قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ
فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَیْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْهِمُ
الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی ؕ كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ (160) وَاِذْ قِیْلَ
لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْیَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَیْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ
خَطِیْٓــٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِیْدُ الْمُحْسِنِیْنَ (161) فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ
رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا یَظْلِمُوْنَ (162) ع وَسْــٴَـلْهُمْ عَنِ الْقَرْیَةِ الَّتِیْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ یَعْدُوْنَ فِی
السَّبْتِ اِذْ تَاْتِیْهِمْ حِیْتَانُهُمْ یَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّیَوْمَ لَا یَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِیْهِمْ ۛۚ كَذٰلِكَ ۛۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا
یَفْسُقُوْنَ (163)

اور ہم نے ان (اولادِ اسرائیل) کو الگ الگ کر کے بارہ قبیلے (اور) بڑی بڑی جماعتیں بنا دیا۔ اور جب موسیٰؑ سے ان کی قوم نے پانی طلب کیا تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مار دو تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے اور سب لوگوں نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر لیا اور ہم نے ان (کے سروں) پر بادل کو سائبان بنائے رکھا اور ان پر من[1] وسلویٰ[2] اُتارتے رہے۔ (اور ان سے کہا کہ) جو پاکیزہ چیزیں ہم تمہیں دیتے ہیں، انہیں کھاؤ۔ اور ان لوگوں نے ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا بلکہ (جو) نقصان (کیا) اپنا ہی کیا (160) اور (یاد کرو) جب ان سے کہا گیا کہ اس شہر میں سکونت اختیار کر لو اور اس میں جہاں سے جی چاہے کھانا (پینا) اور (ہاں شہر میں جانا تو) حِطّۃٌ کہنا اور دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا ہم تمہارے گناہ معاف کر دیں گے۔ اور نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے (161) مگر جو ان میں ظالم تھے انہوں نے اس لفظ کو جس کا ان کو حکم دیا گیا تھا بدل کر اس کی جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا تو ہم نے ان پر آسمان سے عذاب بھیجا اس لئے کہ ظلم کرتے تھے (162) اور ان سے اس گاؤں کا حال تو پوچھو جو لبِ دریا[1] واقع تھا۔ جب یہ لوگ ہفتے کے دن کے بارے میں تجاوز[2] کرنے لگے (یعنی) اس وقت کہ ان کے ہفتے کے دن مچھلیاں ان کے سامنے پانی کے اوپر آتیں اور جب ہفتہ کا دن نہ ہوتا نہ آتیں اسی طرح ہم ان لوگوں کو ان کی نافرمانیوں کے سبب آزمائش میں ڈالنے لگے (163)

- قبیلے: گروہ
- لاٹھی: چھڑی، سوٹی
- گھاٹ: دریا، تالاب
- سائبان / من وسلویٰ: 1۔چھتر 2۔آسمانی کھانا
- سکونت: رہائش
- حِطّۃٌ: مخصوص لفظ
- لبِ دریا / تجاوز: 1۔دریا کے کنارے 2۔حد سے بڑھنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ
يَتَّقُوْنَ ﴿164﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍ ۢ بَئِيْسٍ ۢ بِمَا كَانُوْا
يَفْسُقُوْنَ ﴿165﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ﴿166﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ
الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿167﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ
مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿168﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ
خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ
عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا
تَعْقِلُوْنَ ﴿169﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿170﴾

اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو، جن کو خدا ہلاک کرنے والا یا سخت عذاب دینے والا ہے؟ تو انہوں نے کہا اس لئے کہ تمہارے پروردگار کے سامنے معذرت کر سکیں اور عجب نہیں کہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں (164) جب انہوں نے ان باتوں کو فراموش کر دیا جن کی ان کو نصیحت کی گئی تھی تو جو لوگ بُرائی سے منع کرتے تھے ان کو ہم نے نجات دی اور جو ظلم کرتے تھے ان کو بُرے عذاب میں پکڑ لیا۔ کہ نافرمانی کئے جاتے تھے (165) غرض جن اعمال (بد)[1] سے ان کو منع کیا گیا تھا جب وہ ان (پر اصرار[2] اور ہمارے حکم) سے گردن کشی کرنے لگے تو ہم نے ان کو حکم دیا کہ ذلیل بندر ہو جاؤ (166) اور (اس وقت کو یاد کرو) جب تمہارے پروردگار نے آگاہ کر دیا تھا کہ وہ ان (کافروں) پر قیامت تک ایسے شخص کو مسلط رکھے گا جو ان کو بڑی بڑی تکلیفیں دیتا رہے۔ بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب کرنے والا ہے۔ اور وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے (167) اور ہم نے ان کو جماعت جماعت کر کے ملک میں منتشر کر دیا۔ بعض ان میں سے نیکوکار ہیں اور بعض اور طرح کے (یعنی بدکار) اور ہم آسائشوں اور تکلیفوں (دونوں) سے ان کی آزمائش کرتے رہے تاکہ (ہماری طرف) رجوع[1] کریں (168) پھر ان کے بعد ناخلف[2] ان کے قائم مقام ہوئے جو کتاب کے وارث بنے۔ یہ (بے تامل)[1] اس دنیائے ادنیٰ[2] کا مال ومتاع[3] لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم بخش دیئے جائیں گے۔ اور اگر ان کے سامنے بھی ویسا ہی مال آ جاتا ہے تو وہ بھی اسے لے لیتے ہیں۔ کیا ان (لوگوں) سے کتاب کی نسبت عہد نہیں لیا گیا کہ خدا پر سچ کے سوا اور کچھ نہیں کہیں گے؟ اور جو کچھ اس (کتاب) میں ہے اس کو انہوں نے پڑھ بھی لیا ہے۔ اور آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ (169) اور جو لوگ کتاب کو مضبوط پکڑے ہوئے ہیں اور نماز کا التزام[1] رکھتے ہیں (ان کو ہم اجر دیں گے کہ) ہم نیکوکاروں کا اجر[2] ضائع نہیں کرتے (170)

مشکل الفاظ کے معانی

- حیلہ، عذر، بہانہ
- بھلا دینا
- رہائی، خلاصی
- 1۔بُرے اعمال 2۔ڈٹ جانا
- بغاوت
- غالب کر دینا
- بکھیر دیا
- آرام ہونا
- 1۔توجہ 2۔نالائق اولاد
- 1۔بے دھڑک 2۔حقیر دنیا 3۔اسباب زندگی
- کے بارے میں
- علاوہ
- 1۔لازمی 2۔صلہ

حوالہ جات

- اعراف:14 تا 18

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ
تَتَّقُوْنَ ﴿171﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ
قَالُوْا بَلٰى ۚۛ شَهِدْنَا ۚۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿172﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ
وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿173﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿174﴾ وَاتْلُ
عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿175﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ
اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ
الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿176﴾ سَاۗءَ مَثَلَاۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿177﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿178﴾

اور جب ہم نے ان کے سروں پر پہاڑ اٹھا کھڑا کیا گویا وہ سائبان تھا۔ اور انہوں نے خیال کیا کہ وہ ان پر گرتا
ہے تو (ہم نے کہا کہ) جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے زور سے پکڑے رہو۔ اور جو اس میں (لکھا) ہے اس پر عمل
کرو تا کہ بچ جاؤ (171) اور جب تمہارے پروردگار نے بنی آدمؑ سے یعنی ان کی پیٹھوں سے ان کی اولاد نکالی
تو ان سے خود ان کے مقابلے میں اقرار کرا لیا (یعنی ان سے پوچھا کہ) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ وہ
کہنے لگے کیوں نہیں؟ ہم گواہ ہیں (کہ تو ہمارا پروردگار ہے) (یہ اقرار اس لئے کرایا تھا) کہ قیامت کے دن (کہیں یوں
نہ) کہنے لگو کہ ہم کو تو اس کی خبر ہی نہ تھی (172) یا یہ (نہ) کہو کہ شرک تو پہلے ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو (ان کی)
اولاد تھے (جو) ان کے بعد (پیدا ہوئے) تو کیا جو کام اہل باطل کرتے رہے اس کے بدلے تو ہمیں ہلاک کرتا
ہے؟ (173) اور اسی طرح ہم (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تا کہ یہ رجوع کریں (174)
اور ان کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنا دو جس کو ہم نے اپنی آیتیں عطا فرمائیں تو وہ اس لباس سے نکل ہی گیا پھر
شیطان اس کے پیچھے لگا تو وہ گمراہوں میں ہو گیا (175) اور اگر ہم چاہتے تو ان آیتوں سے اس (کے درجے)
کو بلند کر دیتے مگر وہ تو پستی کی طرف مائل ہو گیا اور اپنی خواہش کے پیچھے چل پڑا تو اس کی مثال کُتے کی سی ہو
گئی۔ کہ اگر سختی کرو تو زبان نکالے رہے اور یونہی چھوڑ دو تو بھی زبان نکالے رہے۔ یہی مثال ان لوگوں کی ہے
جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو (ان سے) یہ قصہ بیان کر دو تا کہ وہ فکر کریں (176) جن لوگوں نے ہماری
آیتوں کی تکذیب کی ان کی مثال بُری ہے۔ اور انہوں نے نقصان (کیا تو) اپنا ہی کیا (177) جس کو خدا ہدایت
دے وہی راہ یاب ہے۔ اور جس کو گمراہ کرے تو ایسے ہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں (178)

حوالہ جات: بقرہ:27، مائدہ:7، حدید:8

مشکل الفاظ کے معانی:
- سائبان: چھپّر
- پیٹھوں: کمر
- اقرار کرا لیا: عہد، وعدہ
- اہل باطل: جھوٹ کے سوداگر
- کھول کھول کر / رجوع کریں: 1۔ بغیر کسی اُلجھن کے 2۔ جھکیں، توجہ کریں
- عطا فرمائیں / لباس: 1۔ دِیں 2۔ کردار
- درجے: رُتبے
- پستی / مائل: 1۔ گہرائی، نیچے 2۔ متوجہ
- فکر کریں: سوچیں
- تکذیب کی: جھٹلایا
- راہ یاب: سیدھا راستہ ملنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا
يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ (179) وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ
يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (180) وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ (181) وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ (182) ۚ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ (183) اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٜ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ
اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (184) اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ
اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ ۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ (185) مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (186) يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ
السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا
بَغْتَةً ؕ يَسْئَلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (187)

اور ہم نے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں۔ ان کے دل ہیں لیکن ان سے سمجھتے نہیں اور ان کی
آنکھیں ہیں مگر ان سے دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں پر ان سے سنتے نہیں۔ یہ لوگ (بالکل) چارپایوں کی طرح ہیں
بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے۔ یہی وہ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں (179) اور خدا کے سب نام اچھے ہی اچھے
ہیں تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اس کے ناموں میں کجی (اختیار) کرتے ہیں ان کو چھوڑ دو وہ جو کچھ کر
رہے ہیں عنقریب اس کی سزا پائیں گے (180) اور ہماری مخلوقات میں سے ایک وہ لوگ ہیں جو حق کا رستہ بتاتے ہیں
اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں (181) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم ان کو بتدریج اس طریق سے
پکڑیں گے کہ ان کو معلوم ہی نہ ہوگا (182) اور میں ان کو مہلت دیئے جاتا ہوں۔ میری تدبیر (بڑی) مضبوط
ہے (183) کیا انہوں نے غور نہیں کیا؟ کہ ان کے رفیق (محمدؐ) کو (کسی طرح کا بھی) جنون نہیں ہے۔ وہ تو ظاہر ظہور
ڈر سنانے والے ہیں (184) کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی بادشاہت میں اور جو چیزیں خدا نے پیدا کی ہیں ان پر نظر
نہیں کی؟ اور (خیال نہیں کیا) کہ عجب نہیں کہ ان (کی موت) کا وقت نزدیک پہنچ گیا ہو؟ تو اس کے بعد وہ اور کس بات پر
ایمان لائیں گے؟ (185) جس شخص کو خدا گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور وہ ان (گمراہوں) کو
چھوڑے رکھتا ہے کہ اپنی سرکشی میں پڑے بھٹکتے رہیں (186) (یہ لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ
اس کے واقع ہونے کا وقت کب ہے؟ کہہ دو کہ اس کا علم تو میرے پروردگار ہی کو ہے۔ وہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کر
دے گا۔ وہ آسمان اور زمین میں ایک بھاری بات ہوگی۔ اور ناگہاں تم پر آ جائے گی۔ یہ تم سے اس طرح دریافت کرتے
ہیں کہ گویا تم اس سے بخوبی واقف ہو۔ کہو کہ اس کا علم تو خدا ہی کو ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے (187)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں 2۔ سُستی، لاپرواہی
- ٹیڑھاپن
- بہت جلد
- آہستہ آہستہ، درجہ بدرجہ
- 1۔ مزید وقت 2۔ سوچ، لائحہ عمل
- 1۔ پاگل پن 2۔ انکشاف، اظہار
- سوچا نہیں
- راستہ بھولے ہوئے
- 1۔ بڑی، بہت وزنی 2۔ اچانک 3۔ پوچھتے ہیں
- اچھی طرح

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَعْرَاف	مشکل الفاظ کے معانی

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ
السُّوْۗءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿188﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ
اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿189﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿190﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا
يَخْلُقُ شَيْـــًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿191﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿192﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا
يَتَّبِعُوْكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿193﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ
فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿194﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ
اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿195﴾

کہہ دو کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو خدا چاہے اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا (آئندہ حصوں میں دیکھئے)
ہوتا تو بہت سے فائدے جمع کر لیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی میں تو مومنوں کو ڈر اور خوشخبری سنانے والا
ہوں (188) وہ خدا ہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا۔ اور اس سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ اس سے
راحت حاصل کرے۔ سو جب وہ اس کے پاس جاتا ہے تو اسے ہلکا سا حمل رہ جاتا ہے اور وہ اس کے ساتھ چلتی (راحت: آرام)
پھرتی ہے۔ پھر جب کچھ بوجھ معلوم کرتی (یعنی بچہ پیٹ میں بڑا ہوتا) ہے تو دونوں (میاں بیوی) اپنے (بوجھ: وزن)
پروردگار خدائے عزوجل[1] سے التجا کرتے ہیں کہ اگر تُو ہمیں صحیح وسالم[2] (بچہ) دے گا تو ہم تیرے شکر گزار (1۔ بڑی عزت اور مرتبہ ہونا 2۔ صحت مند، تندرست)
ہونگے (189) جب وہ ان کو صحیح وسالم (بچہ) دیتا ہے تو اس (بچے) میں جو وہ ان کو دیتا ہے اس کا شریک مقرر
کرتے ہیں۔ جو وہ شریک کرتے ہیں۔ خدا (کا رُتبہ) اس سے بلند ہے (190) کیا وہ ایسوں کو شریک بناتے (رُتبہ: عہدہ، مقام، مرتبہ)
ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے اور خود پیدا کئے جاتے ہیں؟ (191) اور نہ ان کی مدد کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ
اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں (192) اگر تم ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاؤ تو تمہارا کہا نہ مانیں۔ تمہارے لئے
برابر ہے کہ تم ان کو بلاؤ یا چپکے ہو رہو (193) (مشرکو) جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو وہ تمہاری طرح کے (چپکے ہو رہو: خاموشی رکھنا)
بندے ہی ہیں (اچھا) تم ان کو پکارو اگر سچے ہو تو چاہیئے کہ وہ تم کو جواب بھی دیں (194) بھلا ان کے پاؤں
ہیں جن سے چلیں یا ہاتھ ہیں جن سے پکڑیں یا آنکھیں ہیں جن سے دیکھیں یا کان ہیں جن سے سنیں؟ کہہ دو کہ
اپنے شریکوں کو بلا لو اور میرے بارے میں (جو) تدبیر[1] (کرنی ہو) کر لو اور مجھے کچھ مہلت[2] بھی نہ دو (195) (1۔ لائحہ عمل، چال 2۔ مزید وقت)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ	حوالہ جات
	اِنَّ وَلِيِّـۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ (196) وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ	
	وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ (197) وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (198) خُذِ	
	الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (199) وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ	
	عَلِيْمٌ (200) اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰۗىِٕفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ (201) وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ	
	فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ (202) وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا	
	بَصَاۗىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (203) وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (204)	
	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ (205) اِنَّ	
	الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ (206) السجدة	
سچ پرمبنی	(پھر دیکھو کہ آپ اور وہ میرا کیا کرسکتے ہیں) میرا مددگار تو خدا ہی ہے، جس نے کتاب (برحق) نازل کی اور نیک	
	لوگوں کا وہی دوستدار ہے (196) اور جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو وہ نہ تمہاری ہی مدد کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ	
	خود اپنی ہی مدد کرسکتے ہیں (197) اور اگر تم انہیں سیدھے رستے کی طرف بلاؤ تو سن نہ سکیں۔ اور تم انہیں دیکھتے ہو کہ	
1۔حقیقت میں 2۔معافی	(بظاہر) آنکھیں کھولے تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں، مگر (فی الواقع) [1] کچھ نہیں دیکھتے (198) (اے محمدؐ) عفو [2]	
	اختیار کرو اور نیک کام کرنے کا حکم دو اور جاہلوں سے کنارہ کرلو (199) اور اگر شیطان کی طرف سے تمہارے	
	دل میں کسی طرح کا وسوسہ پیدا ہو تو خدا سے پناہ مانگو بیشک وہ سننے والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے (200) جو	
ہوشیار ہوجانا	لوگ پرہیزگار ہیں جب ان کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ پیدا ہوتا ہے تو چونک پڑتے ہیں اور (دل کی	
	آنکھیں کھول کر) دیکھنے لگتے ہیں (201) اور ان (کفار) کے بھائی انہیں گمراہی میں کھینچے جاتے ہیں (پھر اس	
غلطی	میں کسی طرح کی) کوتاہی نہیں کرتے (202) اور جب تم ان کے پاس (کچھ دنوں تک) کوئی آیت نہیں لاتے تو	
پیچھے چلنا	کہتے ہیں کہ تم نے (اپنی طرف سے) کیوں نہیں بنا لی؟ کہہ دو کہ میں تو اسی حکم کی پیروی کرتا ہوں جو میرے	
دانائی عقل	پروردگار کی طرف سے میرے پاس آتا ہے۔ یہ (قرآن) تمہارے پروردگار کی جانب سے دانش وبصیرت اور	
	مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (203) اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو	
نیچی	تاکہ تم پر رحم کیا جائے (204) اور اپنے پروردگار کو دل ہی دل میں عاجزی اور خوف سے اور پست آواز سے صبح وشام	
1۔لاپرواہ 2۔اللہ کا حکم ماننا	یاد کرتے رہو اور (دیکھنا) غافل [1] نہ ہونا (205) جو لوگ تمہارے پروردگار کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت [2] سے	
بغاوت، شرک	گردن کشی نہیں کرتے اور اس پاک ذات کو یاد کرتے اور اس کے آگے سجدے کرتے رہتے ہیں (206)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

يَسْـئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۖ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ① اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ
زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ② الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ③ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ④ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ
بِالْحَقِّ ۖ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ⑤ يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى
الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ؕ⑥ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ
تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ⑦ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ
كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ⑧

ترجمہ سورت انفال

(اے محمدؐ! لوگ) تم سے غنیمت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں (کہ کیا حکم ہے) کہہ دو کہ غنیمت خدا اور
اس کے رسولؐ کا مال ہے۔ تو خدا سے ڈرو اور آپس میں صلح رکھو۔ اور اگر ایمان رکھتے ہو تو خدا اور اس کے رسولؐ
کے حکم پر چلو (1) مومن تو وہ ہیں کہ جب خدا کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب انہیں اس کی
آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں (2) (اور)
وہ جو نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں (3) یہی
سچے مومن ہیں اور ان کے لئے پروردگار کے ہاں[1] (بڑے بڑے) درجے[2] اور بخشش اور عزت کی روزی[3] ہے (4)
جس طرح تمہارے پروردگار نے تم کو تدبیر کے ساتھ اپنے گھر سے نکالا اور (اس وقت) مومنوں کی ایک
جماعت ناخوش[1] تھی (5) وہ لوگ حق بات[2] میں اس کے ظاہر ہوئے پیچھے تم سے جھگڑنے لگے گویا موت کی طرف
دھکیلے جاتے ہیں اور اسے دیکھ رہے ہیں (6) اور (اس وقت کو یاد کرو) جب خدا تم سے وعدہ کرتا تھا کہ (جنگ
میں) دو گروہوں میں ایک گروہ تمہارا (مسخر)[1] ہو جائے گا۔ اور تم چاہتے تھے کہ جو قافلہ بے (شان و شوکت)[2]
ہے وہ تمہارے ہاتھ آ جائے اور خدا چاہتا تھا کہ اپنے فرمان[1] سے حق کو قائم[2] رکھے اور کافروں کی جڑ کاٹ کر[3] (پھینک)
دے (7) تاکہ سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کر دے گو مشرک ناخوش ہی ہوں (8)

مشکل الفاظ کے معانی:

- غنیمت: جنگ میں چھینا گیا مال
- صلح: تعاون، دوستی
- بھروسہ: اعتماد، یقین
- 1۔ پاس 2۔ رُتبے 3۔ رزق
- تدبیر: طریقہ، حکمتِ عملی
- 1۔ بیزار یا پریشان 2۔ سچ بات
- 1۔ فتح کیا گیا 2۔ رعب داب اور عزت
- 1۔ حکمِ الٰہی 2۔ مضبوط 3۔ سرے سے ختم کرنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ⑨ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى
وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ⑩ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ
وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ⑪ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۗ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ
الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ⑫ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑬ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ
النَّارِ ⑭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ⑮ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ
اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۗ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑯

جب تم اپنے پروردگار سے فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری دعا قبول کر لی (اور فرمایا) کہ (تسلی رکھو) ہم ہزار
فرشتوں سے جو ایک دوسرے کے پیچھے آتے جائیں گے، تمہاری مدد کریں گے (9) اور اس مدد کو خدا نے محض
بشارت بنایا تھا کہ تمہارے دل اس سے اطمینان حاصل کریں۔ اور مدد تو اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ بیشک خدا
غالب حکمت والا ہے (10) جب اس نے (تمہاری) تسکین کے لئے اپنی طرف سے تمہیں نیند (کی چادر)
اڑھادی اور تم پر آسمان سے پانی برسا دیا تاکہ تم کو اس سے (نہلا کر) پاک کر دے اور شیطانی نجاست کو تم سے دُور
کر دے۔ اور اس لئے بھی کہ تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے۔ اور اس سے تمہارے پاؤں جمائے رکھے (11)
جب تمہارا پروردگار فرشتوں کو ارشاد فرماتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، تم مومنوں کو تسلی دو کہ ثابت قدم رہیں۔
میں ابھی ابھی کافروں کے دلوں میں رعب اور ہیبت ڈالے دیتا ہوں تو ان کے سر مار (کر) اڑا دو اور ان کا پور پور
مار (کر توڑ) دو (12) یہ (سزا) اس لئے دی گئی کہ انہوں نے خدا اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کی اور جو شخص خدا اور
اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتا ہے تو خدا بھی سخت عذاب دینے والا ہے (13) یہ (مزا تو یہاں) چکھو اور یہ (جانے رہو)
کہ کافروں کے لئے (آخرت میں) دوزخ کا عذاب (بھی تیار ہے) (14) اے اہل ایمان! جب میدان جنگ میں
کفار سے تمہارا مقابلہ ہو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرنا (15) اور جو شخص جنگ کے روز اس صورت کے سوا کہ لڑائی کے لئے
کنارے کنارے چلے (یعنی حکمتِ عملی سے دشمن کو مارے) یا اپنی فوج میں جا ملنا چاہے۔ ان سے پیٹھ پھیرے گا
تو (سمجھو کہ) وہ خدا کے غضب میں گرفتار ہو گیا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے (16)

مشکل الفاظ کے معانی

- اطمینان، سکون
- 1۔خوشخبری 2۔تسلی، سکون
- 1۔طاقت، صلاحیت، دانائی 2۔آرام
- 1۔طاری کردی 2۔ناپاکی
- مضبوط رکھے
- جمے رہیں
- 1۔دہشت 2۔انگلی کی ہر گانٹھ یعنی سارے کے سارے
- 1۔ذائقہ لینا 2۔معلوم رکھو
- 1۔بھاگنا نہیں 2۔علاوہ
- ناراضگی، غصّہ

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۖ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً
حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ⑰ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ⑱ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ
وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ⑲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ⑳ وَلَا تَكُوْنُوْا
كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ㉑ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ㉒
وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ㉓ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ㉔ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاۗصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ㉕

بقرہ:138، فتح:10
مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

تم لوگوں نے ان (کفار) کو قتل نہیں کیا بلکہ خدا نے انہیں قتل کیا۔ اور (اے محمدؐ) جس وقت تم نے مٹھی بھر کے پھینکی
تھی تو وہ تم نے نہیں پھینکی تھی، بلکہ اللہ نے پھینکی تھی۔ اس سے یہ غرض تھی کہ مومنوں کو اپنے (احسانوں) سے
اچھی طرح آزمالے بیشک خدا سنتا جانتا ہے (17) بات یہ (ہے) کہ کچھ شک نہیں کہ خدا کافروں کی تدبیر کو
کمزور کر دینے والا ہے (18) (کافرو) اگر تم فتح چاہتے ہو تو تمہارے پاس فتح آ چکی (دیکھو) اگر تم (اپنے
افعال سے) باز آجاؤ تو تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر پھر (نافرمانی) کرو گے تو ہم بھی پھر (تمہیں عذاب
کریں گے اور تمہاری جماعت خواہ کتنی ہی کثیر ہو تمہارے کچھ بھی کام نہ آئے گی۔ اور خدا تو مومنوں کے ساتھ
ہے (19) اے ایمان والو! خدا اور اس کے رسولؐ کے حکم پر چلو اور اس سے رُوگردانی نہ کرو اور تم سنتے ہو (20)
اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو کہتے ہیں کہ ہم نے (حکم خدا) سن لیا مگر (حقیقت میں) نہیں سنتے (21) کچھ شک
نہیں کہ خدا کے نزدیک تمام جانداروں سے بدتر بہرے گونگے ہیں جو کچھ نہیں سمجھتے (22) اور اگر خدا ان میں
نیکی (کا مادہ) دیکھتا تو ان کو سننے کی توفیق بخشتا اور اگر (بغیر صلاحیت ہدایت کے) سماعت دیتا تو منہ پھیر کر
بھاگ جاتے (23) مومنو! خدا اور اس کے رسولؐ کا حکم قبول کرو جبکہ رسولؐ خدا تمہیں ایسے کام کے لئے بلاتے
ہیں جو تم کو زندگی (جاوداں) بخشتا ہے۔ اور جان رکھو کہ خدا آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے
اور یہ بھی کہ تم سب اس کے رُوبرو جمع کئے جاؤ گے (24) اور اس فتنے سے ڈرو جو خصوصیت کے ساتھ (صرف)
انہیں لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں گنہگار ہیں۔ اور جان رکھو کہ خدا سخت عذاب دینے والا ہے (25)

- یہ مقصد تھا
- چال، سوچ، لائحہ عمل
- 1۔اعمال، برتاؤ 2۔منع ہو جاؤ
- 1۔چاہے 2۔زیادہ، بڑی
- مُنہ پھیرنا
- بہت بُرے
- 1۔مواد، قابلیت 2۔صلاحیت 3۔قابلیت 4۔سننے کی طاقت
- 1۔ہمیشہ کی زندگی 2۔رکاوٹ
- 1۔پاس، آمنے سامنے 2۔فساد 3۔خاص طور پر، خوبی کے ساتھ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (26) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (27) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ (28) ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (29)
وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ
الْمٰكِرِيْنَ (30) وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ (31) وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ اَوِ ائْتِنَا
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (32) وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (33)

اور (اس وقت کو) یاد کرو جب تم زمین میں قلیل اور ضعیف سمجھے جاتے تھے اور ڈرتے رہتے تھے کہ لوگ تمہیں
اُڑا (نہ) لے جائیں تو اس نے تم کو جگہ دی اور اپنی مدد سے تم کو تقویت بخشی اور پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں
تاکہ (اس کا) شکر کرو (26) اے ایمان والو! نہ تو خدا اور رسولؐ کی امانت میں خیانت کرو اور نہ اپنی
امانتوں میں خیانت کرو۔ اور تم (ان باتوں کو) جانتے ہو (27) اور جان رکھو کہ تمہارا مال اور اولاد بڑی
آزمائش ہے۔ اور یہ کہ خدا کے پاس (نیکیوں کا) بڑا ثواب ہے (28) مومنو! اگر تم خدا سے ڈرو گے تو وہ تمہارے
لئے امر فارق پیدا کر دے گا (اور تم کو ممتاز کر دے گا) اور تمہارے گناہ مٹا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور خدا
بڑے فضل والا ہے (29) اور (اے محمدؐ اس وقت کو یاد کرو) جب کافر لوگ تمہارے بارے میں چال چل رہے تھے
کہ تم کو قید کر دیں یا جان سے مار ڈالیں یا (وطن سے) نکال دیں تو (ادھر تو) وہ چال چل رہے تھے اور
(ادھر) خدا چال چل رہا تھا۔ اور خدا سب سے بہتر چال چلنے والا ہے (30) اور جب ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر
سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں (یہ کلام) ہم نے سن لیا ہے۔ اگر ہم چاہیں تو اسی طرح کا (کلام) ہم بھی کہہ دیں اور یہ
ہے ہی کیا صرف اگلے لوگوں کی حکایتیں ہیں (31) اور جب انہوں نے کہا کہ اے خدا اگر یہ (قرآن) تیری
طرف سے برحق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا کوئی اور تکلیف دینے والا عذاب بھیج (32) اور خدا ایسا نہ تھا کہ
جب تک تم ان میں تھے انہیں عذاب دیتا اور نہ ایسا تھا کہ وہ بخشش مانگیں اور انہیں عذاب دے (33)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بہت کم 2۔ کمزور
- 1۔ اُٹھا کر نہ لے جائیں، بے گھر نہ کر دیں 2۔ طاقت
- بدلا، صلہ، اجر
- 1۔ حق اور باطل میں فرق کرنا 2۔ مشہور، عزت والا
- باتیں
- کہانیاں
- سچائی، سچ پر مبنی، وحی

حوالہ جات:

- انفال: 63,62
- عمران: 54

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿34﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿35﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ
عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿36﴾ۙ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ
وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿37﴾ؑ قُلْ
لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿38﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ
حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿39﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿40﴾

اور (اب) ان کے لئے کون سی وجہ ہے کہ وہ انہیں عذاب نہ دے جبکہ وہ مسجد محترم (میں نماز پڑھنے) سے روکتے ہیں؟ اور وہ اس مسجد کے متولی بھی نہیں اس کے متولی تو صرف پرہیزگار ہیں۔ لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے (34) اور ان لوگوں کی نماز خانہ کعبہ کے پاس سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا کچھ نہ تھی۔ تو تم جو کفر کرتے تھے اب اس کے بدلے عذاب (کا مزا) چکھو (35) جو لوگ کافر ہیں اپنا مال خرچ کرتے ہیں کہ (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکیں سو ابھی اور خرچ کریں گے مگر آخر وہ (خرچ کرنا) ان کے لئے (موجب) افسوس ہوگا۔ اور وہ مغلوب ہو جائیں گے اور کافر لوگ دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے (36) تاکہ خدا ناپاک کو پاک سے الگ کر دے۔ اور ناپاک کو ایک دوسرے پر رکھ کر ایک ڈھیر بنا دے پھر اس کو دوزخ میں ڈال دے یہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں (37) (اے پیغمبرؐ) کفار سے کہہ دو کہ اگر وہ اپنے افعال سے باز آ جائیں تو جو ہو چکا وہ انہیں معاف کر دیا جائے گا۔ اور اگر پھر (وہی حرکات) کرنے لگیں گے تو اگلے لوگوں کا جو طریق جاری ہو چکا ہے (وہی ان کے حق میں برتا جائے گا) (38) اور ان لوگوں سے لڑتے رہو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سب خدا ہی کا ہو جائے اور اگر باز آ جائیں تو خدا ان کے کاموں کو دیکھ رہا ہے (39) اور اگر رُوگردانی کریں تو جان رکھو کہ خدا تمہارا حمایتی ہے (اور) وہ خوب حمایتی اور خوب مددگار ہے (40)

- متولی: انتظامات کرنے والا، منتظم
- سوا: علاوہ
- موجب، مغلوب: 1۔ باعث، وجہ 2۔ نیچے آنا، عاجز ہونا
- خسارہ: نقصان
- افعال، باز آ جائیں: 1۔ اعمال، کرتوت 2۔ رُک جائیں، منع ہوں
- حرکات: حرکتیں، ناپسندیدہ کام
- حق میں، فتنہ: 1۔ لئے 2۔ جھگڑا، فساد، کفر
- رُوگردانی: مُنہ پھیرنا
- حمایتی: طرفدار

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ
السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿41﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ
لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ
بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿42﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ
فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿43﴾ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا
وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿44﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا
لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿45﴾

اور جان رکھو کہ جو چیز تم (کفار سے) لُوٹ کر لاؤ اس میں سے پانچواں حصہ خدا کا اور اس کے رسولؐ کا اور
اہلِ قرابت[1] کا اور یتیموں کا اور محتاجوں[2] کا اور مسافروں کا ہے، اگر تم خدا پر اور اس (نصرت[3]) پر ایمان رکھتے
ہو جو (حق و باطل[1] میں) فرق کرنے کے دن (یعنی جنگ میں) جس دن دونوں فوجوں میں مُڈبھیڑ[2] ہو گئی
اپنے بندے (محمدؐ) پر نازل فرمائی اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (41) جس وقت تم قریب کے ناکے پر تھے اور
کافر بعید[1] کے ناکے پر اور قافلہ تم سے نیچے (اُتر گیا) تھا۔ اور اگر تم (جنگ کے لئے) آپس میں قرارداد[2] کر
لیتے تو وقتِ معیّن[1] (پر فیصلہ ہونے) میں تقدیم و تاخیر[2] ہو جاتی لیکن خدا کو منظور تھا کہ جو کام ہو کر رہنے والا تھا
اسے کر ہی ڈالے، تاکہ جو مرے بصیرت پر مرے اور جو جیتا رہے وہ بھی بصیرت پر جیتا رہے اور کچھ شک نہیں کہ
خدا سنتا جانتا ہے (42) اس وقت خدا نے تمہیں خواب میں کافروں کو تھوڑی تعداد میں دکھایا اور اگر بہت کر کے
دکھاتا تو تم لوگ جی چھوڑ دیتے[1] اور (جو) کام (درپیش تھا[2] اس) میں جھگڑنے لگتے۔ لیکن خدا نے (تمہیں اس
سے) بچا لیا۔ بیشک وہ سینوں کی باتوں تک سے واقف ہے (43) اور اس وقت جب تم ایک دوسرے کے
مقابل ہوئے تو کافروں کو تمہاری نظروں میں تھوڑا کر کے دکھاتا تھا اور تم کو ان کی نگاہوں میں تھوڑا کر کے
دکھاتا تھا تاکہ خدا کو جو کام کرنا منظور[1] تھا اسے کر ڈالے اور سب کاموں کا رجوع[2] خدا ہی کی طرف ہے (44)
مومنو! جب (کفار کی) کسی جماعت سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم[1] رہو اور خدا کو بہت یاد کرو تاکہ مُراد حاصل[2]
کرو (45)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ نزدیکی لوگ 2۔ غریب یا بے کس لوگ 3۔ فتح، کامیابی
- 1۔ سچ اور جھوٹ 2۔ مقابلہ ہونا، لڑائی
- غالب ہونا، طاقت، صلاحیت ہونا
- 1۔ دُور 2۔ معائدہ
- 1۔ مقررہ 2۔ آگے پیچھے ہو جانا
- دانائی، دل کی بینائی، آگاہی
- 1۔ بزدل ہو جاتے، نااُمید ہو جاتے 2۔ سامنے ہونا
- آمنے سامنے
- 1۔ قبول 2۔ جھکاؤ
- 1۔ مستقل مزاج، باحوصلہ 2۔ خواہش، مقصد

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿46﴾ وَلَا
تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
مُحِيْطٌ ﴿47﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا
تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ
شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿48﴾ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى
اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿49﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ
وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿50﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿51﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ
وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿52﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
	اور خدا اور اس کے رسولؐ کے حکم پر چلو اور آپس میں جھگڑا نہ کرنا کہ (ایسا کرو گے تو) تم بزدل ہو جاؤ گے	
بلندی	اور تمہارا اقبال جاتا رہے گا اور صبر سے کام لو۔ کہ خدا صبر کرنے والوں کا مددگار ہے (46) اور ان لوگوں	ابراہیم: 24
غرور کرتے ہوئے	جیسے نہ ہونا جو اِتراتے ہوئے (حق کا مقابلہ کرنے کے لئے) اور لوگوں کو دکھانے کے لئے گھروں سے	
گھیراؤ	نکل آئے اور لوگوں کو خدا کی راہ سے روکتے ہیں۔ اور جو اعمال یہ کرتے ہیں خدا ان پر احاطہ کئے ہوئے	
سجانا	ہے (47) اور جب شیطان نے ان کے اعمال ان کو آراستہ کر دکھائے اور کہا کہ آج کے دن لوگوں میں	
1۔ اوپر، فاتح 2۔ دوست، ساتھی	سے کوئی تم پر غالب نہ ہو گا اور میں تمہارا رفیق ہوں (لیکن) جب دونوں فوجیں ایک دوسرے کے	
1۔ آمنے سامنے 2۔ صف باندھنا 3۔ ہار جانا 4۔ تعلق	مقابل (صف آراء) ہو گئیں تو پسپا ہو کر چل دیا اور کہنے لگا کہ مجھے تم سے کوئی واسطہ نہیں میں تو ایسی چیزیں	
	دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے مجھے تو خدا سے ڈر لگتا ہے۔ اور خدا سخت عذاب کرنے والا ہے (48) اس	
1۔ دوڑُخے لوگ 2۔ بیماری 3۔ تکبر کرنا	وقت منافق اور (کافر) جن کے دلوں میں مرض تھا کہتے تھے کہ ان لوگوں کو ان کے دین نے مغرور کر رکھا	یونس: 57
1۔ یقین 2۔ افسوس کا کلمہ	ہے۔ اور جو شخص خدا پر بھروسا رکھتا ہے تو خدا غالب حکمت والا ہے (49) اور کاش تم اس وقت (کی	
1۔ حالت 2۔ کمر 3۔ غصہ سے	کیفیت) دیکھو جب فرشتے کافروں کی جانیں نکالتے ہیں۔ ان کے مونہوں اور پیٹھوں پر (غضب سے)	آئندہ حصوں میں دیکھیے
آگ	مارتے (ہیں) کہ (اب) عذاب آتش (کا مزا) چکھو (50) یہ ان (اعمال) کی سزا ہے جو تمہارے	
فرعون کی قوم	ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور یہ (جان رکھو) کہ خدا بندوں پر ظلم نہیں کرتا (51) جیسا حال فرعونیوں کا اور	آئندہ حصوں میں دیکھیے
	ان سے پہلے لوگوں کا (ہوا تھا اسکے برابر ان کا ہو گا کہ) انہوں نے خدا کی آیتوں سے کفر کیا تو خدا نے ان کے	
	گناہوں کی سزا میں ان کو پکڑ لیا۔ بیشک خدا زبردست (اور) سخت عذاب دینے والا ہے (52)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿53﴾ كَدَاْبِ
اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا
ظٰلِمِيْنَ ﴿54﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿55﴾ ښ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ
عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿56﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿57﴾
وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿58﴾ ۧ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿59﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ
وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿60﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿61﴾

یہ اس لئے کہ جو نعمت خدا کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں خدا اسے نہیں بدلا
کرتا اور اس لئے کہ خدا سنتا جانتا ہے (53) جیسا حال فرعونیوں اور ان سے پہلے لوگوں کا (ہوا تھا اسکے برابر ان کا
ہوگا) انہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر ڈالا اور فرعونیوں
کو ڈبو دیا۔ اور وہ سب ظالم تھے (54) جانداروں میں سب سے بدتر خدا کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو کافر ہیں سو وہ
ایمان نہیں لاتے (55) جن لوگوں سے تم نے (صلح کا) عہد کیا ہے پھر وہ ہر بار اپنے عہد کو توڑ ڈالتے ہیں
اور (خدا سے) نہیں ڈرتے (56) اگر تم ان کو لڑائی میں پاؤ تو انہیں ایسی سزا دو کہ جو لوگ ان کے پس پشت ہیں وہ
ان کو دیکھ کر بھاگ جائیں عجب نہیں کہ ان کو (اس سے) عبرت ہو (57) اور اگر تم کو کسی قوم سے دغا بازی کا
خوف ہو تو (ان کا عہد) انہیں کی طرف پھینک دو (اور) برابر (کا جواب دو) کچھ شک نہیں کہ خدا دغا بازوں کو
دوست نہیں رکھتا (58) اور کافر یہ نہ خیال کریں کہ وہ بھاگ نکلے ہیں وہ (اپنی چالوں سے ہم کو) ہرگز عاجز نہیں کر
سکتے (59) اور جہاں تک ہو سکے (فوج کی صلاحیتوں کے) زور سے اور گھوڑوں کے تیار رکھنے سے ان کے
(مقابلے کے) لئے مستعد رہو کہ اس سے خدا کے دشمنوں اور تمہارے دشمنوں اور ان کے سوا اور لوگوں پر جن کو تم
نہیں جانتے اور خدا جانتا ہے، ہیبت بیٹھی رہے گی اور تم جو کچھ راہ خدا میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تم کو پورا
پورا دیا جائے گا اور تمہارا ذرا نقصان نہیں کیا جائے گا (60) اور اگر یہ لوگ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی
اس کی طرف مائل ہو جاؤ اور خدا پر بھروسہ رکھو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے (61)

مشکل الفاظ کے معانی

- فرعون کی قوم
- 1۔نہ ماننا، انکار کیا 2۔کی وجہ سے
- پس
- وعدہ
- پیچھے ہونا
- 1۔انوکھا 2۔نصیحت 3۔دھوکہ
- 1۔طور طریقوں 2۔کسی بھی صورت 3۔ہرانا
- اہلیت، خوبیوں
- 1۔تیار 2۔علاوہ
- 1۔دہشت 2۔صلہ، بدلا
- جھکنا

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	مشکل الفاظ کے معانی
	وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ	
	اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿63﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	
	حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿64﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ	
	عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾	
	اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ	
	اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿66﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ	
	تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿67﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ	
	اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿68﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿69﴾	
	اور اگر یہ چاہیں کہ تم کو فریب[1] دیں تو خدا تمہیں کفایت[2] کرے گا۔ وہی تو ہے جس نے تم کو اپنی مدد	1۔دھوکہ 2۔فائدہ
مریم:96	سے اور مسلمانوں (کی جمیعت[1]) سے تقویت[2] بخشی (62) اور ان کے دلوں میں اُلفت پیدا کر دی۔	1۔اکٹھ، اکثریت 2۔طاقت
	اگر تم دنیا بھر کی دولت خرچ کرتے تب بھی ان کے دلوں میں اُلفت پیدا نہ کر سکتے مگر خدا ہی نے ان	محبت، احترام، پیار
	میں اُلفت ڈال دی بیشک وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے (63) اے نبیؐ! خدا تم کو اور مومنوں	طاقتور
آئندہ حصوں میں دیکھئے	کو جو تمہارے پیرو[1] ہیں کافی ہے (64) اے نبیؐ! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب[2] دو اگر تم میں بیس آدمی	1۔پیچھے چلنے والا 2۔شوق دلانا
	ثابت قدم[1] رہنے والے ہوں گے تو دو سو کافروں پر غالب[2] رہیں گے۔ اور اگر سو (ایسے) ہوں گے تو	1۔باحوصلہ 2۔حاوی
	ہزار پر غالب رہیں گے اس لئے کہ کافر ایسے لوگ ہیں کہ کچھ بھی سمجھ نہیں رکھتے (65) اب خدا نے تم	
	پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور معلوم کر لیا کہ (ابھی) تم میں کسی قدر کمزوری ہے۔ پس اگر تم میں ایک سو	وزن
	ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب رہیں گے۔ اور اگر ایک ہزار ہوں گے تو خدا کے حکم	
	سے دو ہزار پر غالب رہیں گے۔ اور خدا ثابت قدم رہنے والوں کا مددگار ہے (66) اور پیغمبرؑ کو	امداد کرنے والا
	شایاں نہیں[1] کہ اس کے قبضے میں قیدی رہیں جب تک (کہ کافروں کو قتل کر کے) زمین میں کثرت[2]	1۔مناسب نہیں، زیب نہیں دیتا 2۔زیادہ ہونا
	سے خون (نہ) بہا دے تم لوگ دنیا کے مال کے طالب[1] ہو۔ اور خدا آخرت (کی بھلائی[2]) چاہتا ہے	1۔خواہش رکھنا 2۔فائدہ
	اور خدا غالب حکمت والا ہے (67) اگر خدا کا حکم پہلے نہ ہو چکا ہوتا تو جو (کچھ) تم نے (بطور[1] مال غنیمت[2]) لیا	1۔کی صورت میں 2۔جنگ میں چھینا گیا مال
	ہے اس کے بدلے تم پر بڑا عذاب نازل ہوتا (68) تو جو مال غنیمت تم کو ملا ہے اسے کھاؤ (کہ وہ تمہارے لئے)	
	حلال (طیب) ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (69)	پاک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ
لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿70﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿71﴾ اِنَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ
بَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ
فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰي قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿72﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۭ
اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿73﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا
وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿74﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ
فَاُولٰۗىِٕكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿75﴾

اے پیغمبرؐ! جو قیدی تمہارے ہاتھ (میں آ گئے) ہیں ان سے کہہ دو کہ اگر خدا تمہارے دلوں میں نیکی معلوم کرے گا
تو جو (مال) تم سے چھن گیا ہے اس سے بہتر تمہیں عنایت فرمائے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا اور خدا
بخشنے والا مہربان ہے (70) اور اگر یہ لوگ تم سے دغا کرنا چاہیں گے تو یہ پہلے ہی خدا سے دغا کر چکے ہیں تو اس
نے ان کو (تمہارے) قبضہ میں کر دیا۔ اور خدا دانا حکمت والا ہے (71) جو لوگ ایمان لائے اور وطن سے
ہجرت کر گئے اور خدا کی راہ میں اپنے مال اور جان سے لڑے وہ اور جنہوں نے (ہجرت کرنے والوں کو) جگہ
دی اور ان کی مدد کی وہ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ اور جو لوگ ایمان تو لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی
تو جب تک وہ ہجرت نہ کریں تم کو ان کی رفاقت سے کچھ سروکار نہیں اور اگر وہ تم سے دین (کے بارے) میں
مدد طلب کریں تو تم کو مدد کرنی لازم ہے۔ مگر ان لوگوں کے مقابلے میں کہ تم میں اور ان میں (صلح کا) عہد
ہو (مدد نہیں کرنی چاہیئے) اور خدا تمہارے (سب) کاموں کو دیکھ رہا ہے (72) اور جو لوگ کافر ہیں (وہ بھی)
ایک دوسرے کے رفیق ہیں تو (مومنو) اگر تم یہ (کام) نہ کرو گے تو ملک میں فتنہ برپا ہو جائے گا اور بڑا فساد مچے
گا (73) اور جو لوگ ایمان لائے اور وطن سے ہجرت کر گئے اور خدا کی راہ میں لڑائیاں کرتے رہے۔
اور جنہوں نے (ہجرت کرنے والوں کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی، یہی لوگ سچے مسلمان ہیں۔ ان کے
لئے (خدا کے ہاں) بخشش اور عزت کی روزی ہے (74) اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور وطن سے ہجرت
کر گئے اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کرتے رہے۔ وہ بھی تمہیں میں (سے) ہیں۔ اور رشتہ دار خدا کے حکم
کی رُو سے ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز سے واقف ہے (75)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ قبضے میں آ گئے 2۔ دیکھے گا
- 1۔ چھینا گیا ہے 2۔ دے گا
- دھوکہ دینا
- 1۔ عقلمند 2۔ طاقت، صلاحیت
- دوست، ساتھی
- 1۔ دوستی 2۔ فکر، خیال
- 1۔ مانگیں 2۔ ضروری 3۔ معائدہ
- 1۔ ساتھی 2۔ خرابی پھیل جائے گی
- 1۔ پاس 2۔ رزق

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ① فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْۤا
اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ② وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ
الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ
مُعْجِزِى اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ③ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ
شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْۤا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ④ فَاِذَا
انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ
مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ
الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ⑥ ع

ترجمہ سورت توبہ

(اب) خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف سے مشرکوں سے جن سے تم نے عہد کر رکھا تھا بیزاری
(ہے) (1) تو (مشرکو تم) زمین میں چار مہینے چل پھر لو اور جان رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہ کر سکو گے اور یہ بھی
کہ خدا کافروں کو رُسوا[1] کرنے والا ہے (2) اور حجِ اکبر[2] کے دن خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف سے
لوگوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ خدا مشرکوں سے بیزار ہے اور اس کا رسولؐ بھی (ان سے دست بردار ہے)
پس اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر نہ مانو (اور خدا سے مقابلہ کرو) تو جان رکھو کہ تم خدا کو
ہراساں[1] نہیں کر سکو گے اور (اے پیغمبرؐ) کافروں کو دُکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو (3) البتہ[2] جن
مشرکوں کے ساتھ تم نے عہد کیا ہو اور انہوں نے تمہارا کسی طرح کا قصور نہ کیا ہو اور نہ تمہارے مقابلے میں
کسی کی مدد کی ہو تو جس مدت[1] تک ان کے ساتھ عہد[2] کیا ہو، اسے پورا کرو (کہ) خدا پرہیزگاروں کو دوست
رکھتا ہے (4) جب عزت کے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور پکڑ لو اور گھیر لو اور ہر
گھات[1] کی جگہ پر ان کی تاک[2] میں بیٹھے رہو۔ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان
کی راہ چھوڑ دو۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (5) اور اگر کوئی مشرک تم سے پناہ[1] کا خواستگار[2] ہو تو اس
کو پناہ دو یہاں تک کہ کلام خدا سننے لگے پھر اس کو امن کی جگہ پہنچا دو۔ اس لئے کہ یہ بے خبر لوگ ہیں (6)

مشکل الفاظ کے معانی

- بیزاری: ناراضگی، نفرت
- عاجز: ہرانا
- 1۔ ذلیل 2۔ بڑا
- دست بردار: ساتھ چھوڑ دینا
- 1۔ ڈرانا 2۔ مگر
- قصور: زیادتی، غلطی، ظلم
- 1۔ عرصہ، وقت 2۔ معائدہ، وعدہ
- 1۔ کمین گاہ، مورچہ 2۔ کھوج، نشانہ
- 1۔ حفاظت، نگرانی 2۔ خواہشمند

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات
	كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا	
	اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ⑦ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا	
	وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ⑧ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا	
	فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑨ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ	
	الْمُعْتَدُوْنَ ⑩ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ	
	يَّعْلَمُوْنَ ⑪ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ	
	لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ⑫ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ	
	اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑬	
1۔وعدہ 2۔کیسے 3۔برقرار،موجود	بھلا مشرکوں کے لئے (جنہوں نے عہد توڑ ڈالا) خدا اور اس کے رسولؐ کے نزدیک عہد کیونکر (قائم) رہ سکتا	
	ہے؟ ہاں! جن لوگوں کے ساتھ تم نے مسجد محترم (خانہ کعبہ) کے نزدیک عہد کیا ہے، اگر وہ (اپنے عہد پر	
1۔عہد و پیاں 2۔انوکھا ہونا	قائم رہیں تو تم بھی اپنے قول وقرار (پر) قائم رہو۔ بیشک خدا پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے (7) (بھلا ان	
1۔فتح 2۔نزدیکی، رشتہ داری	سے عہد) کیونکر (پورا کیا جائے جب ان کا یہ حال ہے) کہ اگر تم پر غلبہ پالیں تو نہ قرابت کا لحاظ کریں نہ عہد	
زبان سے	کا؟ یہ منہ سے تو تمہیں خوش کر دیتے ہیں لیکن ان کے دل (ان باتوں کو) قبول نہیں کرتے اور ان میں اکثر	
بدلے	نافرمان ہیں (8) یہ خدا کی آیتوں کے عوض تھوڑا سا فائدہ حاصل کرتے اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے	
واسطے	روکتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ جو کام یہ کرتے ہیں بُرے ہیں (9) یہ لوگ کسی مومن کے حق میں نہ تو رشتہ داری	
1۔دھیان کرتے، خیال کرتے 2۔بڑھ جانا، آگے چلے جانا، فالتو	کا پاس کرتے ہیں نہ عہد کا اور یہ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں (10) اگر یہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور	
	زکوٰۃ دینے لگیں تو دین میں تمہارے بھائی ہیں اور سمجھنے والے لوگوں کے لئے ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان	
طنز	کرتے ہیں (11) اور اگر عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین میں طعنے کرنے لگیں	
امام، راہنما	تو (ان) کفر کے پیشواؤں سے جنگ کرو (یہ بے ایمان لوگ ہیں اور) ان کی قسموں کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔	
ہوسکتا ہے، عجیب نہیں	عجب نہیں کہ (اپنی حرکات سے) باز آجائیں (12) بھلا تم ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو، جنہوں نے اپنی	
1۔دیس نکالا 2۔پکا ارادہ 3۔وعدہ یا عہد کو توڑنا	قسموں کو توڑ ڈالا اور پیغمبرؐ (خدا) کے جلاوطن کرنے کا عزم مصمم کرلیا اور انہوں نے تم سے (عہد شکنی کی)	
1۔پہل کی، شروعات کی 2۔قابل، موزوں	ابتدا کی؟ کیا تم ایسے لوگوں سے ڈرتے ہو؟ حالانکہ ڈرنے کے لائق خدا ہے بشرطیکہ ایمان رکھتے ہو (13)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	مشکل الفاظ کے معانی
	قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿14﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ	
	قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿15﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ	
	جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿16﴾ مَا كَانَ	
	لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ښ وَفِي النَّارِ	
	هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا	
	اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿18﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ	
	بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿19﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	
	وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿20﴾	
	ان سے (خوب) لڑو۔ خدا ان کو تمہارے ہاتھوں سے عذاب میں ڈالے گا اور رُسوا[1] کرے گا اور تم کو ان پر غلبہ[2] دے	1۔ ذلیل 2۔ فتح یابی
یونس:57	گا اور مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشے گا (14) اور ان کے دلوں سے غصہ دُور کرے گا اور جس پر چاہے گا رحمت	صحت یابی
	کرے گا اور خدا سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے (15) کیا تم لوگ یہ خیال کرتے ہو کہ (بے آزمائش) چھوڑ	صلاحیت، طاقت، دانائی
	دیئے جاؤ گے؟ اور ابھی تو خدا نے ایسے لوگوں کو متمیز کیا ہی نہیں، جنہوں نے تم میں سے جہاد کئے اور خدا اور اس	جُدا کرنا
	کے رسولؐ اور مومنوں کے سوا[1] کسی کو دلی دوست[2] نہیں بنایا اور خدا تمہارے (سب) کاموں سے واقف ہے (16)	1۔ علاوہ 2۔ جگری دوست
	مشرکوں کو زیبا نہیں کہ خدا کی مسجدوں (اور عبادت گھروں) کو آباد کریں (جبکہ) وہ اپنے آپ پر کفر کی گواہی دے	مناسب نہیں، شایاں نہیں
	رہے ہیں۔ ان لوگوں کے سب اعمال بیکار ہیں اور یہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے (17) خدا کی مسجدوں (اور	کسی کام کا نہ ہونا، فضول
	عبادت گھروں) کو تو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو خدا پر اور روز قیامت پر ایمان لاتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے	اللہ کا حکم ماننا
	ہیں اور خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، یہی لوگ اُمید ہے کہ ہدایت یافتہ لوگوں میں (شامل) ہوں (18) کیا تم	ہدائت حاصل کر لینے والے
	نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجد محترم (خانہ کعبہ) کو آباد کرنا اس شخص کے اعمال جیسا خیال کیا ہے جو خدا اور روز آخرت	
	پر ایمان رکھتا ہے۔ اور خدا کی راہ میں جہاد کرتا ہے؟ یہ لوگ خدا کے نزدیک برابر نہیں ہیں۔ اور خدا ظالم	
	لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (19) جو لوگ ایمان لائے اور وطن چھوڑ گئے اور خدا کی راہ میں مال اور جان	ہجرت کی
	سے جہاد کرتے رہے خدا کے ہاں انکے درجے بہت بڑے ہیں۔ اور وہی مُراد کو پہنچنے والے ہیں (20)	رُتبے، مرتبے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَة	حوالہ جات

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿21﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ
اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿22﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ
وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ
وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿24﴾ لَقَدْ
نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ
عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿25﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿26﴾

ان کا پروردگار ان کو اپنی رحمت کی اور خوشنودی کی اور بہشتوں کی خوشخبری دیتا ہے، جن میں ان کے لئے نعمت ہائے جاویدانی ہے (21) (اور وہ) ان میں ابدالآباد رہیں گے۔ کچھ شک نہیں کہ خدا کے ہاں بڑا اصلہ (تیار ہے) (22) اے اہل ایمان! اگر تمہارے (ماں) باپ اور (بہن) بھائی (وغیرہ) ایمان کے مقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو۔ اور جو ان سے دوستی رکھیں گے وہ ظالم ہیں (23) کہہ دو کہ اگر تمہارا باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو خدا اور اس کے رسولؐ سے اور خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ خدا اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے۔ اور خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (24) خدا نے بہت سے موقعوں پر تم کو مدد دی ہے۔ اور (جنگ) حنین کے دن جبکہ تم کو اپنی (جماعت کی) کثرت پر غرہ تھا تو وہ تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی۔ اور زمین باوجود (اتنی بڑی) فراخی کے تم پر تنگ ہوگئی۔ پھر تم پیٹھ پھیر کر پھر گئے (25) پھر خدا نے اپنے پیغمبرؐ پر اور مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور (تمہاری مدد کو فرشتوں کے) لشکر جو تمہیں نظر نہیں آتے تھے (آسمان سے) اُتارے اور کافروں کو عذاب دیا۔ اور کفر کرنے والوں کی یہی سزا ہے (26)

مشکل الفاظ کے معانی:
- خوشی، رضامندی
- 1۔بہت سی نعمتیں 2۔ہمیشہ ہمیشہ کیلئے 3۔ہمیشہ بسنا
- بدلا، اجر
- پیارا ہونا
- 1۔زیادہ ہونا 2۔غرور 3۔چوڑائی، کشادگی
- 1۔آرام، تسلی 2۔فوج

حوالہ جات: توبہ:113

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿27﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا
الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ
مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿28﴾ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ
مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ
صٰغِرُوْنَ ﴿29﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِۨابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ
بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿30﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ
وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ
سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿31﴾

آئندہ حصوں میں دیکھئے

پھر خدا اس کے بعد جس پر چاہے مہربانی سے توجہ فرمائے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (27) مومنو! مشرک تو پلید ہیں تو اس برس کے بعد وہ خانہ کعبہ کے پاس نہ جانے پائیں اور اگر تم کو مُفلسی کا خوف ہو تو خدا چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔ بیشک خدا سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے (28) جو لوگ اہل کتاب میں سے خدا پر ایمان نہیں لاتے اور نہ روز آخرت پر (یقین رکھتے ہیں) اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جو خدا اور اس کے رسولؐ نے حرام کی ہیں اور نہ دینِ حق کو قبول کرتے ہیں، ان سے جنگ کرو۔ یہاں تک کہ ذلیل ہوکر اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں (29) اور یہود کہتے ہیں کہ عزیرؑ خدا کے بیٹے ہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیحؑ خدا کے بیٹے ہیں۔ یہ ان کے منہ کی باتیں ہیں۔ پہلے کافر بھی اسی طرح کی باتیں کہا کرتے تھے۔ یہ بھی انہیں کی ریس کرنے لگے ہیں۔ خدا ان کو ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں (30) انہوں نے اپنے علماء اور مشائخ اور مسیحؑ ابن مریمؑ کو اللہ کے سوا خدا بنا لیا حالانکہ ان کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ خدائے واحد کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے (31)

- 1۔ناپاک 2۔سال 3۔غربت
- 1۔رحمت،مہربانی 2۔کھلا ہاتھ ہونا،امیر ہونا 3۔طاقت،صلاحیت
- سچا دین
- 1۔رسوا 2۔ٹیکس
- نقل کرنا، کاپی کرنا
- 1۔بے راہ ہونا 2۔علم والے اور بزرگ لوگ
- 1۔علاوہ 2۔ایک،اکیلا 3۔اللہ کا حکم ماننا
- جس کا شرعی حکم مانا نائے

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿32﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ
رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ
كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ
الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿34﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ
فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾ اِنَّ
عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڏ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ۣ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿36﴾

یہ چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو اپنے منہ سے بُجھا دیں اور خدا اپنے نور کو پورا کئے بغیر رہنے کا نہیں اگر چہ
کافروں کو بُرا ہی لگے (32) وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبرؑ کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ
اس (دین) کو (دنیا کے) تمام دینوں پر غالب کرے اگر چہ مشرک ناخوش ہی ہوں (33) مومنو!
(اہل کتاب کے) بہت سے عالم اور مشائخ لوگوں کا مال ناحق کھاتے اور (ان کو) راہ خدا سے روکتے
ہیں اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اس کو خدا کے رستے میں خرچ نہیں کرتے ان کو اس دن
کے عذاب الیم کی خبر سنا دو (34) جس دن وہ مال دوزخ کی آگ میں (خوب) گرم کیا جائے گا پھر
اس سے ان (بخیلوں) کی پیشانیاں اور پیٹھیں داغی جائیں گی (اور کہا جائے گا کہ) یہ وہی ہے جو تم نے
اپنے لئے جمع کیا تھا۔ سو جو تم جمع کرتے تھے (اب) اس کا مزا چکھو (35) خدا کے نزدیک مہینے گنتی
میں (بارہ ہیں) اس روز (سے) کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ کتاب خدا میں (برس
کے) بارہ مہینے (لکھے ہوئے) ہیں۔ ان میں سے چار مہینے ادب کے ہیں۔ یہی دین (کا) سیدھا رستہ
ہے۔ تو ان (مہینوں) میں (حملے میں پہل سے) اپنے آپ پر ظلم نہ کرنا اور تم سب کے سب مشرکوں سے
لڑو۔ جیسے وہ سب کے سب تم سے لڑتے ہیں۔ اور جان رکھو کہ خدا پرہیز گاروں کے ساتھ ہے (36)

مشکل الفاظ کے معانی:

- حق: سچ
- 1۔ غالب: جیت جانا، حاوی ہونا 2۔ ناخوش: بیزار
- 1۔ عالم اور مشائخ: علم والے اور بزرگ لوگ 2۔ ناحق: غلط طریقے سے
- الیم: دردناک
- 1۔ بخیلوں: کنجوس لوگ 2۔ پیشانیاں اور پیٹھیں: ماتھا اور پچھلا حصّہ یا کمر 3۔ داغی: نشان لگانا
- برس: سال
- پہل: شروعات
- پرہیز گاروں: نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے والے لوگ

حوالہ جات: توبہ:5، مزید آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِى الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ
اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا
مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿38﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا
تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿39﴾ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِىَ
اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِى الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ
تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿40﴾ اِنْفِرُوْا خِفَافًا
وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾

امن کے کسی مہینے کو ہٹا کر آگے پیچھے کر دینا کفر میں اضافہ (کرتا) ہے۔اس سے کافر گمراہی میں پڑے رہتے ہیں۔ایک سال تو اس کو حلال سمجھ لیتے ہیں اور دوسرے سال حرام۔تاکہ ادب کے مہینوں کی جو خدا نے مقرر کئے ہیں، گنتی پوری کر لیں۔اور جو خدا نے منع کیا ہے اس کو جائز[1] کر لیں۔ان کے بُرے اعمال ان کو بھلے[2] دکھائی دیتے ہیں۔اور خدا کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (37) مومنو! تمہیں کیا ہوا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ خدا کی راہ میں (جہاد کے لئے) نکلو تو تم (بُزدلی اور کاہلی[1] کے سبب سے[2]) زمین پر گرے جاتے ہو![3]؟ کیا تم آخرت (کی نعمتوں) کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہو؟ دنیا کی زندگی کے فائدے تو آخرت کے مقابل بہت ہی کم ہیں (38) اگر تم نہ نکلو گے تو خدا تم کو بڑی تکلیف کا عذاب دے گا۔اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کر دے گا (جو خدا کے پورے فرمانبردار ہوں گے) اور تم اس کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکو گے۔اور خدا ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (39) اگر تم پیغمبرؐ کی مدد نہ کرو گے تو خدا ان کا مددگار ہے (وہ وقت تم کو یاد ہوگا) جب ان کو کافروں نے گھروں سے نکال دیا (اس وقت) دو (ہی شخص تھے جن) میں دوسرے (خود رسول اللہؐ تھے) جب وہ دونوں غار میں تھے اس وقت پیغمبرؐ اپنے رفیق کو تسلی دیتے تھے کہ غم نہ کرو خدا ہمارے ساتھ ہے۔تو خدا نے ان پر اپنی تسکین[1] نازل فرمائی اور ان کو ایسے لشکروں[2] سے مدد دی جو تم کو نظر نہیں آتے تھے اور کافروں کی بات کو پست[1] کر دیا اور بات تو خدا ہی کی بلند ہے اور خدا زبردست[2] (اور) حکمت والا ہے (40) تم سبک بار ہو یا گراں بار (گھروں سے) نکل آؤ اور خدا کے رستے میں مال اور جان سے لڑو۔یہی تمہارے حق میں اچھا ہے، بشرطیکہ سمجھو! (41)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔درست 2۔اچھے
- 1۔سُستی 2۔کی وجہ سے 3۔گھروں سے نکلنا نہیں چاہتے
- نسبت،سامنے
- حکم ماننے والے
- طاقت،صلاحیت
- دوست،ساتھی
- 1۔تسلی 2۔افواج
- 1۔نیچا،کمزور 2۔طاقتور
- مال واسباب تھوڑا رکھتے ہو یا زیادہ

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّ سَفَرًا قَاصِدًا لَّا تَّبَعُوْكَ وَ لٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ
اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿42﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ
اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿43﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿44﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿45﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ
لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿46﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا
زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَاوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ
بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾

اگر مالِ غنیمت(1) سہل(2) اور سفر بھی ہلکا سا ہوتا تو تمہارے ساتھ (شوق سے) چل دیتے لیکن مسافت(3) ان کو دُور نظر
آئی (تو عذر کرنے لگے) اور خدا کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم طاقت رکھتے تو آپ کے ساتھ نکل کھڑے
ہوتے یہ (ایسے عذروں سے) اپنے تئیں ہلاک کر رہے ہیں۔ اور خدا جانتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں (42) خدا تمہیں
معاف کرے تم نے پیشتر اس کے کہ تم پر وہ لوگ بھی ظاہر ہو جاتے جو سچے ہیں اور وہ بھی تمہیں معلوم ہو جاتے جو
جھوٹے ہیں، ان کو اجازت کیوں دی؟ (43) جو لوگ خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ تم سے اجازت
نہیں مانگتے (کہ پیچھے رہ جائیں بلکہ چاہتے ہیں کہ) اپنے مال اور جان سے جہاد کریں۔ اور خدا ڈرنے والوں
سے واقف ہے (44) اجازت وہی لوگ مانگتے ہیں جو خدا پر اور پچھلے دن پر ایمان نہیں رکھتے۔ اور ان کے دل
شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ سو وہ اپنے شک میں ڈانواں ڈول ہو رہے ہیں (45) اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے
تو اس کے لئے سامان تیار کرتے لیکن خدا نے ان کا اٹھنا (اور نکلنا) پسند نہ کیا تو ان کو ہلنے جلنے نہ دیا
اور (ان سے) کہہ دیا گیا کہ جہاں معذور بیٹھے ہیں، تم بھی ان کے ساتھ بیٹھے رہو (46) اگر وہ تم میں
(شامل ہو کر) نکل بھی کھڑے ہوتے تو تمہارے حق میں شرارت کرتے اور تم میں فساد ڈلوانے کی غرض سے
دوڑے دوڑے پھرتے۔ اور تم میں ان کے جاسوس بھی ہیں اور خدا ظالموں کو خوب جانتا ہے (47)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ جنگ میں چھینا گیا مال 2۔ آسان 3۔ سفر، منزل
- عذر: بہانہ
- اپنے تئیں: اپنے آپکو
- پیشتر: پہلے
- پچھلے دن: روز آخرت
- ڈانواں ڈول: سرگرداں، پریشان
- ہلنے جلنے: حرکت کرنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿48﴾ وَمِنْهُمْ
مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿49﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ
تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿50﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا
مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى
الْحُسْنَيَيْنِ ؕ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ
مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿52﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿53﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ
تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا
وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿54﴾

یہ پہلے بھی طالب فسادر ہے ہیں اور بہت سی باتوں میں تمہارے لئے الٹ پھیر کرتے رہے ہیں۔ یہاں تک
کہ حق آپہنچا اور خدا کا حکم غالب ہوا اور وہ بُرا مانتے ہی رہ گئے (48) اور ان میں کوئی ایسا بھی ہے جو کہتا ہے کہ
مجھے تو اجازت ہی دیجئے اور آفت میں نہ ڈالئے۔ دیکھو یہ آفت میں پڑ گئے ہیں۔ اور دوزخ سب کافروں کو
گھیرے ہوئے ہے (49) (اے پیغمبرؐ) اگر تم کو آسائش حاصل ہوتی ہے تو ان کو بُری لگتی ہے۔ اور اگر کوئی مشکل
پڑتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنا کام پہلے ہی (درست) کرلیا تھا۔ اور خوشیاں مناتے لوٹ جاتے ہیں (50)
کہہ دو کہ ہم کو کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی بجز اس کے کہ جو خدا نے ہمارے لئے لکھ دی ہو۔ وہی ہمارا کارساز ہے۔
اور مومنوں کو خدا ہی پر بھروسا رکھنا چاہیئے (51) کہہ دو کہ تم ہمارے حق میں دو بھلائیوں میں سے ایک کے منتظر
ہو۔ اور ہم تمہارے حق میں اس بات کے منتظر ہیں کہ خدا (یا تو) اپنے پاس سے تم پر کوئی عذاب نازل کرے یا
ہمارے ہاتھوں سے (عذاب دلوائے) تو تم بھی انتظار کرو ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتے ہیں (52) کہہ دو
کہ تم (مال) خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے۔ تم سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ تم نافرمان لوگ ہو (53) اور
ان کے خرچ (اموال) کے قبول ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں ہوئی سوا اس کے کہ انہوں نے خدا اور اس کے
رسولؐ سے کفر کیا اور نماز کو آتے ہیں تو سُست و کاہل ہو کر اور خرچ کرتے ہیں تو ناخوشی سے (54)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔خواہشمند، طلبگار 2۔مکر وفریب

1۔سچائی 2۔حاوی

مصیبت

آسانی، آرام

ٹھیک

1۔ماسوائے 2۔کام سنوارنے والا

1۔اعتماد، یقین 2۔بارے میں 3۔فائدے 4۔انتظار کرنا

کسی بھی صورت

1۔مال کی جمع 2۔رکاوٹ 3۔علاوہ

1۔ڈھیلا پن 2۔بیزاری، پریشانی

حوالہ جات

آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَة	حوالہ جات
	فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ	
	كٰفِرُوْنَ ﴿55﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿56﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ	
	مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿57﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا	
	رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿58﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا	
	اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿59﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ	
	وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ	
	اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿60﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِىَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ	
	وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿61﴾	
حیرت، حیرانگی	تم ان کے مال اور اولاد سے تعجب نہ کرنا۔ خدا چاہتا ہے کہ ان چیزوں سے دنیا کی زندگی میں ان کو عذاب	
	دے۔ اور (جب) ان کی جان نکلے تو (اس وقت بھی) وہ کافر ہی ہوں (55) اور خدا کی قسمیں کھاتے ہیں کہ	نساء:18
بزدل	وہ تم ہی میں سے ہیں۔ حالانکہ وہ تم میں سے نہیں ہیں۔ اصل یہ ہے کہ یہ ڈرپوک لوگ ہیں (56) اگر ان کو کوئی	
1۔کھڈ 2۔جانوروں کی طرح بھاگنا	بچاؤ کی جگہ یا غار و مغاک یا (کہیں) گھُسنے کی جگہ مل جائے تو اسی طرف رسیاں تڑاتے ہوئے بھاگ	
1۔راہ خدا میں خرچ 2۔طنز کرنا	جائیں (57) اور ان میں بعض ایسے بھی ہیں کہ (تقسیم) صدقات میں تم پر طعنہ زنی کرتے ہیں۔ اگر ان کو اس	
1۔کافی مقدار میں 2۔فوراً 3۔ناراضگی	میں سے (خاطر خواہ) مل جائے تو خوش رہیں اور اگر (اس قدر) نہ ملے تو جھٹ خفا ہو جائیں (58) اور اگر	
	وہ اس پر خوش رہتے جو خدا اور اس کے رسولؐ نے ان کو دیا تھا۔ اور کہتے کہ ہمیں خدا کافی ہے اور خدا اپنے فضل	
چاہت	سے اور اس کے پیغمبرؐ (اپنی مہربانی سے) ہمیں (پھر) دے دیں گے (اور) ہمیں تو خدا ہی کی خواہش ہے (تو	
1۔ان کے لئے 2۔غریب 3۔لنگڑا اندھا وغیرہ 4۔کام کرنے والے	انکے حق میں بہتر ہوتا) (59) صدقات تو مفلسوں اور محتاجوں اور کارکنان صدقات کا حق ہے۔ اور ان	
دل جوئی کرنا	لوگوں کا جن کی تالیف قلوب منظور ہے اور غلاموں کے آزاد کرانے میں اور قرض داروں (کے قرض ادا	
	کرنے) میں اور خدا کی راہ میں اور مسافروں (کی مدد) میں (بھی یہ مال خرچ کرنا چاہئے۔ یہ حقوق) خدا کی	
	طرف سے مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ اور خدا جاننے والا اور حکمت والا ہے (60) اور ان میں بعض ایسے ہیں جو	
1۔تکلیف 2۔خالص، سراسر	پیغمبرؐ کو ایذا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص نرا کان ہے (ان سے) کہہ دو کہ (وہ) کان (ہے تو) تمہاری	
فائدے	بھلائی کے لئے۔ وہ خدا کا اور مومنوں (کی بات) کا یقین رکھتا ہے۔ اور جو لوگ تم میں ایمان لائے ہیں ان کے	
1۔غم، دکھ 2۔دردناک	لئے رحمت ہے۔ اور جو لوگ رسولؐ خدا کو رنج پہنچاتے ہیں ان کے لئے عذاب الیم (تیار) ہے (61)	

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ
يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿63﴾ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ
عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿64﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ
لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿65﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ
بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿66﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ
بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ
الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿67﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ
وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿68﴾

(مومنو!) یہ لوگ تمہارے سامنے خدا کی قسمیں کھاتے ہیں۔ تاکہ تم کو خوش کر دیں حالانکہ اگر یہ مومن
ہوتے تو خدا اور اس کے پیغمبرؑ خوش کرنے کے زیادہ مستحق ہیں (62) کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ جو شخص
خدا اور اس کے رسولؑ سے مقابلہ کرتا ہے تو اس کے لئے جہنم کی آگ (ہے) جس میں وہ ہمیشہ رہے
گا؟ یہ بڑی رُسوائی ہے (63) منافق ڈرتے رہتے ہیں کہ ان (کے پیغمبرؑ) پر کہیں کوئی ایسی سورت (نہ)
اُتر آئے کہ ان کے دل کی باتوں کو ان (مسلمانوں) پر ظاہر کر دے۔ کہہ دو کہ ہنسی کئے جاؤ جس بات سے
تم ڈرتے ہو خدا اس کو ضرور ظاہر کر دے گا (64) اور اگر تم ان سے (اس بارے میں) دریافت کرو تو
کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی بات چیت اور دل لگی کرتے تھے۔ کہو کیا تم خدا اور اس کی آیتوں اور اس کے
رسولؑ سے ہنسی کرتے تھے (65) بہانے مت بناؤ، تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو۔ اگر ہم تم میں
سے ایک جماعت کو معاف کر دیں تو دوسری جماعت کو سزا بھی دیں گے۔ کیونکہ وہ گناہ کرتے رہے
ہیں (66) منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہم جنس ہیں بُرے کام کرنے کو کہتے اور نیک
کاموں سے منع کرتے اور (خرچ کرنے سے) ہاتھ بند کئے رہتے ہیں۔ انہوں نے خدا کو بُھلا دیا تو خدا
نے بھی ان کو بُھلا دیا۔ بیشک منافق نافرمان ہیں (67) اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور
کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کیا ہے جس میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہی ان کے لائق ہے اور خدا نے ان
پر لعنت کر دی ہے اور ان کے لئے ہمیشہ کا عذاب (تیار) ہے (68)

مشکل الفاظ کے معانی:
- حقدار
- 1۔ ذلیل ہونا 2۔ دورُخے لوگ
- ہنسی کھیل
- ایک ہی طرح کے
- بخل یا کنجوسی کرنا
- حکم نہ ماننے والے
- 1۔ آگ 2۔ مناسب، موافق

حوالہ جات:
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ
بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِىْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ
اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿69﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ
وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ
وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿70﴾ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿71﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا
وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِىْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿72﴾

(تم منافق لوگ) ان لوگوں کی طرح ہو جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں وہ تم سے بہت طاقتور اور مال واولاد میں کہیں زیادہ تھے۔ تو وہ اپنے حصے سے بہرہ یاب ہو چکے۔ سو جس طرح تم سے پہلے لوگ اپنے حصے سے فائدہ اٹھا چکے ہیں، اسی طرح تم نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھا لیا۔ اور جس طرح وہ باطل میں ڈوبے رہے اسی طرح تم باطل میں ڈوبے رہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہو گئے۔ اور یہی نقصان اٹھانے والے ہیں (69) کیا ان کو ان لوگوں (کے حالات) کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے؟ (یعنی) نوحؑ اور عاد اور ثمود کی قوم اور ابراہیمؑ کی قوم اور مدین والے اور اُلٹی ہوئی بستیوں والے۔ ان کے پاس پیغمبرؑ نشانیاں لے لے کر آئے۔ اور خدا تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے (70) اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں کہ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بُری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور خدا اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر خدا رحم کرے گا۔ بیشک خدا غالب حکمت والا ہے (71) خدا نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے بہشتوں کا وعدہ کیا ہے، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہیں گے اور بہشت ہائے جاودانی میں نفیس مکانات کا (وعدہ کیا ہے) اور خدا کی رضا مندی تو سب سے بڑھ کر نعمت ہے۔ یہی بڑی کامیابی ہے (72)

- 1۔دورُخے لوگ 2۔بہت
- فائدہ اٹھانا
- جھوٹ
- تباہ، ختم، برباد
- حکم ماننا
- 1۔حاوی 2۔طاقت، دانائی
- 1۔ہمیشہ ہمیشہ 2۔عمدہ
- خوشی، مرضی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿73﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ
مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ
وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿74﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ
مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿75﴾ فَلَمَّاۤ اٰتٰهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿76﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى
يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿77﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ
وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿78﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِى الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا
جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿79﴾

اے پیغمبرؐ! کافروں اور منافقوں[1] سے لڑو اور ان پر سختی کرو اور ان کا ٹھکانا[2] دوزخ ہے۔ اور وہ بُری جگہ ہے (73) یہ
خدا کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انہوں نے (تو کچھ) نہیں کہا۔ حالانکہ انہوں نے کفر کا کلمہ کہا ہے اور یہ اسلام لانے
کے بعد کافر ہو گئے ہیں اور ایسی بات کا قصد[1] کر چکے ہیں جس پر قدرت[2] نہیں پا سکے اور انہوں نے (مسلمانوں
میں) عیب[1] ہی کون سا دیکھا ہے سوا[2] اس کے کہ خدا نے اپنے فضل سے اور اس کے پیغمبرؐ نے (اپنی مہربانی سے)
ان کو دولت مند کر دیا ہے؟ تو اگر یہ لوگ توبہ کر لیں تو ان کے حق میں[1] بہتر ہو گا۔ اور اگر منہ پھیر لیں[2] تو خدا ان کو دنیا
اور آخرت میں دُکھ دینے والا عذاب دے گا۔ اور زمین میں ان کا کوئی دوست اور مددگار نہ ہو گا (74) اور ان میں
بعض ایسے ہیں جنہوں نے خدا سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ ہم کو اپنی مہربانی سے (مال) عطا فرمائے گا تو ہم ضرور
خیرات کیا کریں گے اور نیکوکاروں میں ہو جائیں گے (75) لیکن جب خدا نے ان کو اپنے فضل سے (مال) دیا تو
اس میں بخل کرنے لگے اور (اپنے عہد[1] سے) رُوگردانی[2] کر کے پھر بیٹھے (76) تو خدا نے اس کا انجام[3] یہ کیا کہ اس
روز تک کے لئے جس میں وہ خدا کے رُوبرو حاضر ہوں گے۔ ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا اس لئے کہ انہوں
نے خدا سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا اور اس لئے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے (77) کیا ان کو معلوم نہیں کہ خدا
ان کے بھیدوں اور مشوروں تک سے واقف ہے اور یہ کہ وہ غیب کی باتیں جاننے والا ہے؟ (78) جو
(ذی استعداد[1]) مسلمان دل کھول کر خیرات[2] کرتے ہیں اور (بیچارے غریب) صرف اتنا ہی کما سکتے ہیں
جتنی مزدوری کرتے (اور اس تھوڑی سی کمائی میں سے بھی خرچ کرتے) ہیں ان پر جو (لوگ) طعن
کرتے اور ہنستے ہیں خدا ان پر ہنستا ہے۔ اور ان کے لئے تکلیف دینے والا عذاب (تیار) ہے (79)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ دورُخے لوگ 2۔ مقام، اڈا، انجام
- 1۔ ارادہ 2۔ طاقت
- 1۔ نقص، غلطی 2۔ علاوہ
- 1۔ کے لئے 2۔ انکار کر دیں
- خدا کی راہ میں خرچ کرنا
- 1۔ وعدہ 2۔ مُکر جانا، منہ پھیرنا 3۔ آخیر، نتیجہ
- نااتفاقی
- راز
- 1۔ امیر لوگ، صاحب حیثیت 2۔ خدا کی راہ میں خرچ
- طنز کرنا، طعنہ دینا

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿80﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْۤا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
وَاَنْفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِى الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿81﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا
وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ
تَخْرُجُوْا مَعِىَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِىَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿83﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى
اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿84﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ
وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿85﴾ وَاِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا
بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿86﴾

تم ان کے لئے بخشش مانگو یا نہ مانگو۔ اگر ان کے لئے ستر دفعہ بھی بخشش مانگو گے تو بھی خدا ان کو نہیں بخشے گا۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے خدا اور اس کے رسولؑ سے کفر کیا اور خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (80) جو لوگ (غزوۂ میں) پیچھے رہ گئے وہ پیغمبرؑ خدا (کی مرضی) کے خلاف بیٹھ رہنے سے خوش ہوئے اور اس بات کو ناپسند کیا کہ (خدا کی راہ میں) اپنے مال اور جان سے جہاد کریں۔ اور (اوروں سے بھی) کہنے لگے کہ گرمی میں مت نکلنا (ان سے) کہہ دو کہ دوزخ کی آگ اس سے کہیں زیادہ گرم ہے۔ کاش یہ (اس بات کو) سمجھتے (81) یہ (دنیا میں) تھوڑا سا ہنس لیں اور (آخرت میں) ان کو ان اعمال کے بدلے جو کرتے رہے ہیں بہت سا رونا ہوگا (82) پھر اگر خدا تم کو ان میں سے کسی گروہ کی طرف لے جائے اور وہ تم سے نکلنے کی اجازت طلب کریں تو کہہ دینا کہ تم میرے ساتھ ہرگز نہیں نکلو گے۔ اور نہ میرے ساتھ (مددگار ہوکر) دشمن سے لڑائی لڑو گے۔ تم پہلی دفعہ بیٹھ رہنے سے خوش ہوئے تو اب بھی پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو (83) اور (اے پیغمبرؑ) ان میں سے کوئی مرجائے تو کبھی اس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر (جا کر) کھڑے ہونا۔ یہ خدا اور اس کے رسولؑ کے ساتھ کفر کرتے رہے اور مرے بھی تو نافرمان (ہی مرے) (84) اور ان کے مال اور اولاد سے تعجب نہ کرنا۔ ان چیزوں سے خدا یہ چاہتا ہے کہ ان کو دنیا میں عذاب کرے۔ اور (جب) ان کی جان نکلے تو (اس وقت بھی) یہ کافر ہی ہوں (85) اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے کہ خدا پر ایمان لاؤ اور اس کے رسولؑ کے ساتھ ہوکر لڑائی کرو۔ تو جو ان میں دولت مند ہیں وہ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں تو رہنے ہی دیجئے کہ جو لوگ گھروں میں رہیں گے ہم بھی ان کے ساتھ رہیں (86)

مشکل الفاظ کے معانی:
- غزوۂ: جنگ
- اوروں: دوسروں
- کہیں: بہت
- گروہ: جماعت
- ہرگز: کسی بھی صورت
- تعجب: حیرانگی

حوالہ جات:
توبہ: 113، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿87﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿88﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿89﴾ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ
الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿90﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى
الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ
سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿91﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠
تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿92﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ
وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿93﴾

یہ اس بات سے خوش ہیں کہ عورتوں کے ساتھ جو پیچھے رہ جاتی ہیں (پڑے) رہیں۔ ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی
ہے۔ تو یہ سمجھتے ہی نہیں (87) لیکن پیغمبرؐ اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے سب اپنے مال اور جان سے لڑے،
انہی لوگوں کے لئے بھلائیاں ہیں اور یہی مُراد پانے والے ہیں (88) خدا نے ان کے لئے باغات تیار کر رکھے
ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے (89) اور صحرانشینوں میں سے
بھی کچھ لوگ عذر کرتے ہوئے (تمہارے پاس) آئے کہ ان کو بھی اجازت دی جائے۔ اور جنہوں نے خدا اور
اس کے رسولؐ سے جھوٹ بولا وہ (گھر میں) بیٹھ رہے۔ سو جو لوگ ان میں سے کافر ہوئے ہیں ان کو دُکھ دینے والا
عذاب پہنچے گا (90) نہ تو ضعیفوں پر کچھ گناہ ہے اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جن کے پاس خرچ موجود نہیں (کہ
شریک جہاد ہوں) جبکہ خدا اور اس کے رسولؐ کے خیراندیش ہوں۔ نیکوکاروں پر کسی طرح کا الزام نہیں ہے۔ اور
خدا بخشنے والا مہربان ہے (91) اور نہ ان (بے سروسامان) لوگوں پر (الزام) ہے کہ تمہارے پاس آئے کہ ان کو
سواری دو اور تم نے کہا کہ میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس پر تم کو سوار کروں تو وہ لوٹ گئے اور اس غم سے کہ ان کے
پاس خرچ موجود نہ تھا۔ ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے (92) الزام تو ان لوگوں پر ہے جو دولت مند ہیں اور
(پھر) تم سے اجازت طلب کرتے ہیں (یعنی) اس بات سے خوش ہیں کہ عورتوں کے ساتھ جو پیچھے رہ جاتی ہیں،
رہیں۔ خدا نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے۔ پس وہ سمجھتے ہی نہیں (93)

مشکل الفاظ کے معانی

- بھلائیاں (1)، مُراد پانے والے (2): 1۔ فائدے 2۔ مقصد میں کامیابی والے
- نشینوں: رہنے والے، رہائشی
- عذر: بہانہ
- ضعیفوں: بوڑھے
- خیراندیش: خیر چاہنے والے
- بے سروسامان: فقیر، کنگال
- لوٹ گئے: واپس چلے گئے
- طلب کرتے ہیں: مانگتے ہیں

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى
اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿94﴾ سَيَحْلِفُوْنَ
بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۫ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا
كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿95﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ
الْفٰسِقِيْنَ ﴿96﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ﴿97﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿98﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ
الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿99﴾ ع

جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تو تم سے عذر[1] کریں گے۔ تو کہنا کہ عذر مت کرو ہم ہرگز[2] تمہاری بات نہیں
مانیں گے۔ خدا نے ہم کو تمہارے (سب) حالات بتا دیئے ہیں۔ اور ابھی خدا اور اس کا رسولؐ تمہارے عملوں
کو (اور) دیکھیں گے۔ پھر تم غائب و حاضر کے جاننے والے (خدائے واحد) کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور جو
عمل تم کرتے رہے ہو وہ سب تمہیں بتائے گا (94) جب تم ان کے پاس لوٹ کر جاؤ گے تو تمہارے رُوبرو خدا کی
قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر[1] کرو سو ان کی طرف التفات[2] نہ کرنا۔ یہ ناپاک ہیں اور جو کام یہ کرتے
رہے ہیں ان کے بدلے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے (95) یہ تمہارے آگے قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے خوش ہو
جاؤ لیکن اگر تم ان سے خوش ہو جاؤ گے تو خدا تو نافرمان لوگوں سے خوش نہیں ہوتا (96) (بعض) دیہاتی لوگ
سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور اس قابل ہیں کہ جو احکام خدا نے اپنے رسولؐ پر نازل فرمائے ہیں، ان سے
واقف ہی نہ ہوں اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (97) اور بعض دیہاتی ایسے ہیں کہ جو کچھ خرچ کرتے
ہیں اسے تاوان[1] سمجھتے ہیں اور تمہارے حق میں مصیبتوں کے منتظر[2] ہیں۔ انہی پر بُری مصیبت (واقع) ہو اور خدا
سننے والا (اور) جاننے والا ہے (98) اور بعض دیہاتی ایسے ہیں، کہ خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور
جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو خدا کی قربت اور پیغمبرؐ کی دعاؤں کا ذریعہ سمجھتے ہیں دیکھو وہ بے شُبہ ان کے لئے
(موجب) قربت ہے۔ خدا ان کو عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (99)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بہانہ 2۔ کسی بھی صورت
- واپس ہونا
- آمنے سامنے
- 1۔ معاف کرنا 2۔ توجہ کرنا
- سامنے
- دورُخے
- 1۔ جرمانہ، بوجھ 2۔ انتظار کرنا
- نزدیکی، پاس ہونا
- قریب ہونے کا سبب

حوالہ جات:

توبہ: 99,98

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿100﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ
وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۟ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ
عَظِيْمٍ ﴿101﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿102﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿103﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿104﴾
وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿105﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿106﴾

جن لوگوں نے سبقت کی (اور) پہلے (ایمان لائے)، مہاجرین میں سے بھی اور انصار میں سے بھی اور جنہوں
نے نیکوکاری کے ساتھ ان کی پیروی کی خدا ان سے خوش ہے اور وہ خدا سے خوش ہیں اور اس نے ان کے لئے
باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اور) ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے (100)
اور تمہارے گردونواح کے بعض دیہاتی منافق ہیں۔ اور بعض مدینے والے بھی نفاق پر اَڑے ہوئے ہیں۔ تم انہیں
نہیں جانتے ہم جانتے ہیں۔ ہم ان کو دوہرا عذاب دیں گے۔ پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں
گے (101) اور کچھ اور لوگ ہیں کہ اپنے گناہوں کا (صاف) اقرار کرتے ہیں۔ انہوں نے اچھے اور بُرے عملوں
کو ملا جلا دیا تھا۔ قریب ہے کہ خدا ان پر مہربانی سے توجہ فرمائے۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (102) ان کے
مال میں سے زکوٰۃ قبول کرلو کہ اس سے تم ان کو (ظاہر میں بھی) پاک اور (باطن میں بھی) پاکیزہ کرتے ہو اور ان
کے حق میں دعائے خیر کرو کہ تمہاری دعا ان کے لئے موجب تسکین ہے۔ اور خدا سننے والا اور جاننے والا ہے
(103) کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ خدا ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا اور صدقات لیتا ہے؟ اور بیشک خدا ہی
توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے (104) اور ان سے کہہ دو کہ عمل کئے جاؤ (خدا) اور اس کا رسولؐ اور مومن (سب)
تمہارے عملوں کو دیکھ لیں گے۔ اور تم غائب و حاضر کے جاننے والے (خدائے واحد) کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔
پھر جو کچھ تم کرتے رہے ہو (سب) تم کو بتا دے گا (105) اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا کام خدا کے حکم پر
موقوف ہے۔ چاہے ان کو عذاب دے اور چاہے معاف کردے اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے (106)

حوالہ جات

توبہ:94

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔کسی سے آگے ہوجانا 2۔ہجرت کرکے آنے والے 3۔عیسائی
- پیچھے چلنا
- 1۔نزدیکی 2۔دورُخے لوگ 3۔رُک جانا، ڈٹے ہونا
- دودو یا دوگنا
- مانتے ہیں
- مِکس کردیا
- اندر سے، چھپا ہوا
- 1۔لئے 2۔تسلی کا سبب
- راہِ خدا میں خرچ
- 1۔اکیلے، یکتا 2۔واپس جانا
- ملتوی ہے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا ۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ
قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿107﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ
عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿108﴾
اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ
فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿109﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِىْ بَنَوْا رِيْبَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ
قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿110﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ
يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى
بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿111﴾

اور جنھوں نے اس غرض سے مسجد بنائی ہے کہ ضرر پہنچائیں اور کفر کریں اور مومنوں میں تفرقہ ڈالیں اور جو لوگ
خدا اور اس کے رسولؑ سے پہلے جنگ کر چکے ہیں ان کے لئے گھات کی جگہ بنائیں۔ اور قسمیں کھائیں گے کہ
ہمارا مقصود تو صرف بھلائی تھی۔ مگر خدا گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں (107) تم اس (مسجد) میں کبھی (جا
کر) کھڑے بھی نہ ہونا۔ البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے، اس قابل ہے کہ اس میں
جایا کرو۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور خدا پاک رہنے والوں ہی کو پسند کرتا
ہے (108) بھلا جس شخص نے اپنی عمارت کی بنیاد خدا کے خوف اور اس کی رضا مندی پر رکھی، وہ اچھا ہے یا وہ
جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گر جانے والی کھائی کے کنارے پر رکھی کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ میں لے گری؟
اور خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (109) یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں
میں (موجب) خلش رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل پاش پاش ہو جائیں اور خدا جاننے والا حکمت والا
ہے (110) خدا نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لئے ہیں (اور اس کے) عوض میں ان
کے لئے بہشت (تیار کی) ہے۔ یہ لوگ خدا کی راہ میں لڑتے ہیں تو مارتے بھی ہیں اور مارے جاتے بھی ہیں۔
یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچا وعدہ ہے جس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے اور خدا سے زیادہ وعدہ پورا کرنے
والا کون ہے؟ تو جو سودا تم نے اس سے کیا ہے اس سے خوش رہو۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے (111)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔مقصد، نیت 2۔تکلیف، نقصان 3۔جُدا جُدا کر دیں، پھاڑ دیں
- نشانہ، داؤں، مورچہ
- 1۔غرض 2۔فائدہ
- 1۔ہاں 2۔خدا کا خوف
- گڑھا، گہرائی
- 1۔کھٹک کا سبب 2۔ٹکڑے ٹکڑے
- بدلے
- معائدہ، لین دین

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّوْبَة	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّوْبَة

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (112) مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ

كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ (113) وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا

عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ (114) وَمَا كَانَ اللّٰهُ

لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (115) اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (116) لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ

وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (117)

توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے

والے، نیک کاموں کی تعلیم کرنے والے، بُری باتوں سے منع کرنے والے اور خدا کی حدوں کی حفاظت کرنے

والے، (یہی مومن لوگ ہیں) اور (اے پیغمبرؐ) مومنوں کو (بہشت کی) خوشخبری سنا دو (112) پیغمبرؐ اور

مسلمانوں کو شایاں نہیں کہ جب ان پر ظاہر ہوگیا کہ مشرک اہل دوزخ ہیں۔ تو ان کے لئے بخشش مانگیں گو وہ

ان کے قرابت دار ہی ہوں (113) اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے بخشش مانگنا تو ایک وعدے کے سبب تھا

جو وہ اس سے کر چکے تھے۔ لیکن جب ان کو معلوم ہوگیا کہ وہ خدا کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے۔ کچھ شک

نہیں کہ ابراہیمؑ بڑے نرم دل اور متحمل تھے (114) اور خدا ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر

دے جب تک ان کو وہ چیز نہ بتا دے، جس سے وہ پرہیز کریں۔ بیشک خدا ہر چیز سے واقف ہے (115) خدا

ہی ہے جس کے لئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ وہی زندگانی بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے اور خدا

کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے (116) بیشک خدا نے پیغمبرؐ پر مہربانی کی اور مہاجرین اور انصار پر

جو باوجود اس کے کہ ان میں سے بعضوں کے دل پھر جانے کو تھے۔ مشکل کی گھڑی میں پیغمبرؐ کے ساتھ رہے۔

پھر خدا نے ان پر مہربانی فرمائی۔ بیشک وہ ان پر نہایت شفقت کرنے والا (اور) مہربان ہے (117)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ اللہ کی تعریف
- 1۔ مناسب، زیبا 2۔ بے شک، چاہے
- 1۔ نزدیکی 2۔ کی وجہ سے
- نفرت کرنا، کنارہ کشی کرنا
- برداشت کرنے والے
- بچنا
- 1۔ علاوہ 2۔ عیسائی
- 1۔ کچھ 2۔ مشکل وقت
- بہت زیادہ محبت

حوالہ جات

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَةِ	مشکل الفاظ کے معانی
	وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ	
	وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿118﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	
	اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿119﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا	
	عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ	
	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ	
	اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿120﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ	
	لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿121﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ	
	مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْۤا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿122﴾	
بنی اسرائیل:36	اور ان تینوں پر بھی جن کا معاملہ مُلتوی کیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ جب زمین باوجود فراخی کے ان پر تنگ ہوگئی	1۔جھگڑا 2۔کھلا ہونے کے
	اور ان کی جانیں بھی ان پر دوبھر ہو گئیں اور انہوں نے جان لیا کہ خدا (کے ہاتھ) سے خود اس کے سوا کوئی	1۔بھاری، بوجھ 2۔علاوہ
	پناہ نہیں پھر خدا نے ان پر مہربانی کی تاکہ توبہ کریں بیشک خدا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے (118) اے	حفاظت، جگہ
	اہل ایمان! خدا سے ڈرتے رہو اور راست بازوں کے ساتھ رہو (119) اہل مدینہ کو اور جو ان کے آس پاس	ایماندار لوگ
	دیہاتی رہتے ہیں ان کو شایاں نہ تھا کہ پیغمبرؐ خدا سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جان	موزوں
	سے عزیز رکھیں۔ یہ اس لئے کہ انہیں خدا کی راہ میں جو تکلیف پہنچتی ہے پیاس کی یا محنت کی یا بھوک کی یا وہ	پیارا
	ایسی جگہ چلتے ہیں کہ کافروں کو غصہ آئے یا دشمنوں سے کوئی چیز لیتے ہیں تو ہر بات پر ان کے لئے عمل صالح لکھا	نیک عمل
	جاتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ خدا نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا (120) اور (اسی طرح) وہ جو خرچ کرتے	صلہ
	ہیں تھوڑا یا بہت یا کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ ان کے لئے (اعمال صالح میں) لکھ لیا جاتا ہے	کامیابی سمیٹتے ہیں
	تاکہ خدا ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلا دے (121) اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل	
	آئیں تو یوں کیوں نہ کیا کہ ہر ایک جماعت میں سے چند اشخاص نکل جاتے تاکہ دین (کا علم سیکھتے اور اس)	
	میں سمجھ پیدا کرتے اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آتے تو ان کو ڈر سناتے تاکہ وہ حذر کرتے (122)	احتیاط، بچاؤ

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّوْبَة	مشکل الفاظ کے معانی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ
الْمُتَّقِيْنَ (123) وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ
اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ (124) وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ
كٰفِرُوْنَ (125) اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ (126) وَاِذَا مَآ
اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ
قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ (127) لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (128) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖؗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيْمِ (129) ع

آئندہ حصوں میں دیکھئے

اے اہل ایمان! اپنے نزدیک کے (رہنے والے) کافروں سے جنگ کرو۔ اور چاہیئے کہ وہ تم میں سختی
معلوم کریں اور جان رکھو کہ خدا پرہیزگاروں کے ساتھ ہے (123) اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو
بعض منافق (استہزاء کرتے اور) پوچھتے ہیں کہ اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کیا ہے؟
سو جو ایمان والے ہیں ان کا تو ایمان زیادہ کیا اور وہ خوش ہوتے ہیں (124) اور جن کے دلوں میں مرض
ہے ان کے حق میں خبث پر خبث زیادہ کیا اور وہ مرے بھی تو کافر کے کافر (125) کیا یہ دیکھتے نہیں کہ یہ
ہر سال ایک یا دو بار بلا میں پھنسا دیئے جاتے ہیں پھر بھی توبہ نہیں کرتے اور نہ نصیحت پکڑتے
ہیں؟ (126) اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتے ہیں (اور پوچھتے ہیں
کہ) بھلا تمہیں کوئی دیکھتا ہے؟ پھر پھر جاتے ہیں۔ خدا نے ان کے دلوں کو پھیر رکھا ہے۔ کیونکہ یہ ایسے لوگ
ہیں کہ سمجھ سے کام نہیں لیتے (127) (لوگو) تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبرؑ آئے ہیں۔ تمہاری
تکلیف ان کو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں (اور) مومنوں پر نہایت
شفقت کرنے والے (اور) مہربان ہیں (128) پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں (اور نہ مانیں) تو کہہ دو کہ خدا مجھے
کفایت کرتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میرا بھروسا ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے (129)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ قریب، پاس 2۔ ضروری ہے کہ 3۔ طاقتِ جنگ

سمجھ سکیں

1۔ کچھ 2۔ دورُخے لوگ 3۔ مذاق، طنز

پلیدی، ناپاکی

مصیبت، آفت

1۔ مُکر جانا، اُلٹا چل دینا 2۔ گھما

1۔ وزنی، بھاری 2۔ فائدہ 3۔ بہت زیادہ

محبت

1۔ کافی ہونا 2۔ علاوہ 3۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 4۔ یقین، اعتماد

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَۃُ يُوْنُسَ	مشکل الفاظ کے معانی
	الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ① اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ	
	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ② اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ	
	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ	
	اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا	
	الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ	
	حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ④ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ	
	لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑤ اِنَّ فِيْ	
	اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ⑥	
	ترجمہ سورت یونس	
متشابہ،عمران:7	الٓرٰ۔ یہ بڑی دانائی کی کتاب کی آیتیں ہیں (1) کیا لوگوں کو تعجب ہوا کہ ہم نے انہی میں سے ایک مرد کو حکم بھیجا	1۔عقل 2۔حیرانگی ہوئی
	کہ لوگوں کو ڈرسنا دو اور ایمان لانے والوں کو خوشخبری دے دو کہ ان کے پروردگار کے ہاں ان کا سچا درجہ ہے (ایسے	1پاس 2۔رُتبہ،عہدہ
	شخص کی نسبت) کافر کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادوگر ہے (2) تمہارا پروردگار تو خدا ہی ہے جس نے آسمان اور	1۔کے بارے میں 2۔صاف
	زمین چھ دن میں بنائے۔ پھر (عرش) پر قائم ہوا۔ وہی ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے۔ کوئی (اس کے پاس) اس کا	1۔تخت 2۔ٹھہرا 3۔بندوبست
	اذن حاصل کئے بغیر (کسی کی) سفارش نہیں کرسکتا۔ یہی خدا تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔ بھلا تم غور	1۔اجازت 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔پھر
	کیوں نہیں کرتے؟ (3) اسی کے پاس تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ خدا کا وعدہ سچا ہے۔ وہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا	1۔واپس 2۔مخلوق
	ہے۔ پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا۔ تاکہ ایمان والوں اور نیک کام کرنے والوں کو انصاف کے ساتھ بدلا دے	صلہ،انعام
	اور جو کافر ہیں ان کے لئے پینے کو نہایت گرم پانی اور درد دینے والا عذاب ہوگا، کیونکہ (خدا کے احکام سے) انکار	
	کرتے تھے (4) وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور چاند کی منزلیں مقرر کیں، تاکہ تم برسوں کا	1۔چمکدار 2۔مراحل
	شمار اور (کاموں کا) حساب معلوم کرو۔ یہ (سب کچھ) خدا نے تدبیر سے پیدا کیا ہے۔ سمجھنے والوں کے لئے	1۔گنتی 2۔سوچ وچار
	وہ (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے (5) رات اور دن کے (ایک دوسرے کے) پیچھے آنے جانے میں	
	اور جو چیزیں خدا نے آسمان اور زمین میں پیدا کی ہیں (سب میں) ڈرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں (6)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُسَ	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ⑦ اُولٰٓئِكَ
مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑧ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑨ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ
اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑩ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ۗ فَنَذَرُ
الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ⑪ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۗ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑫ وَلَقَدْ
اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ۗ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ
الْمُجْرِمِيْنَ ⑬ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ⑭

جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں اور دنیا کی زندگی سے خوش اور اسی پر مطمئن ہو بیٹھے اور ہماری آیتوں سے غافل ہو رہے ہیں (7) ان کا ٹھکانا ان (اعمال) کے سبب جو وہ کرتے ہیں، دوزخ ہے (8) (اور) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے، ان کو پروردگار ان کے ایمان کی وجہ سے (ایسے محلوں کی) راہ دکھائے گا (کہ) ان کے نیچے نعمت کے باغوں میں نہریں بہہ رہی ہوں گی (9) (جب وہ) ان میں (اللہ کی نعمتوں کو دیکھیں گے تو بے ساختہ) کہیں گے، سبحان اللہ! اور آپس میں ان کی دعا سلام علیکم ہوگی اور ان کا آخری قول (یہ ہوگا) کہ خدائے رب العالمین کی حمد ہے (10) اور اگر خدا لوگوں کی بُرائی میں جلدی کرتا، جس طرح وہ طلب خیر میں جلدی کرتے ہیں تو ان کی (دنیا کی) میعاد پوری ہو چکی ہوتی سو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں انہیں ہم چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بہکتے رہیں (11) اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو لیٹا اور بیٹھا اور کھڑا (ہر حال میں) ہمیں پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس تکلیف کو اس سے دُور کر دیتے ہیں تو (بے لحاظ ہو جاتا اور) اس طرح گزر جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف پہنچنے پر ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا۔ اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے اعمال آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں (12) اور تم سے پہلے ہم کئی اُمتوں کو جب انہوں نے ظلم اختیار کیا ہلاک کر چکے ہیں۔ اور ان کے پاس پیغمبرؑ کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔ ہم گنہگار لوگوں کو اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں (13) پھر ہم نے ان کے بعد تم لوگوں کو ملک میں خلیفہ بنایا تاکہ دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو (14)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔اُمید 2۔پُرسکون ہونا
- 1۔لاپرواہی کرنا، سُستی کرنا 2۔کی وجہ سے
- 1۔خود بخود، بلا جھجک 2۔پاک ہے اللہ کی ذات 3۔بات
- 1۔جہانوں کا رب 2۔اللہ یا خدا کی تعریف کرنا 3۔چاہت
- مُدّت، عرصہ
- 1۔بغاوت 2۔گمراہ ہونا
- بے شرم، بے دید
- سجا کر
- مشرک ہوئے
- قائم مقام، بادشاہ

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْنُس	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ
لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ
عَظِيْمٍ ⑮ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا
تَعْقِلُوْنَ ⑯ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ⑰ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ
دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي
السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ⑱ وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ⑲ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ
فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ⑳

اور جب ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی اُمید نہیں، وہ کہتے ہیں کہ (یا تو) اس
کے سوا کوئی اور قرآن (بنا) لاؤ یا اس کو بدل دو۔ کہہ دو کہ مجھ کو اختیار نہیں ہے کہ اسے اپنی طرف سے بدل دوں میں تو
اسی حکم کا تابع ہوں جو میری طرف آتا ہے۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے (سخت) دن کے
عذاب سے خوف آتا ہے (15) (یہ بھی) کہہ دو کہ اگر خدا چاہتا تو (نہ تو) میں ہی یہ (کتاب) تم کو پڑھ کر سناتا اور
نہ وہی تمہیں اس سے واقف کرتا میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر رہا ہوں (اور کبھی بھی اس طرح کا نہیں کہا) بھلا تم
سمجھتے نہیں؟ (16) تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا پر افتراء کرے اور اس کی آیتوں کو جھٹلا دے۔ بیشک گنہگار
فلاح نہیں پائیں گے (17) اور یہ (لوگ) خدا کے سوا ایسی چیزوں کی پرستش کرتے ہیں جو نہ ان کا کچھ بگاڑ ہی
سکتی ہیں اور نہ کچھ بھلا ہی کر سکتی ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ خدا کے پاس ہماری سفارش کرنے والے ہیں۔ کہہ دو کیا تم خدا
کو ایسی چیز بتاتے ہو جس کا وجود اسے نہ آسمانوں میں معلوم ہوتا ہے اور نہ زمین میں؟ وہ پاک ہے اور (اس کی شان)
ان کے شرک کرنے سے بہت بلند ہے (18) اور (سب) لوگ (پہلے) ایک ہی اُمت (یعنی ایک ہی ملت پر)
تھے۔ پھر جُدا جُدا ہو گئے اور اگر ایک بات جو تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے ہو چکی ہے، نہ ہوتی تو جن باتوں میں وہ
اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کر دیا جاتا (19) اور کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں
نازل نہیں ہوئی؟ کہہ دو کہ غیب (کا علم) تو خدا ہی کو ہے سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (20)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔علاوہ 2۔طاقت، اتھارٹی
- فرمانبردار
- ایک عرصہ، کافی مُدت
- الزام دے
- 1۔بخشش، رہائی 2۔پوجا 3۔بُرا کرسکنا
- فائدہ
- ہستی، نشان
- 1۔گروہ، جماعت 2۔دین، مذہب
- بکھرنا، پھٹ جانا، جُدا جُدا ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُس	حوالہ جات

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ
مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿21﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا
بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ
الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿22﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا
النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿23﴾ اِنَّمَا مَثَلُ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ
الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ
كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿25﴾

اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت (سے آسائش) کا مزا چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیتوں میں حیلے کرنے لگتے ہیں۔ کہہ دو کہ خدا بہت جلد حیلہ کرنے والا ہے اور جو حیلے تم کرتے ہو ہمارے فرشتے ان کو لکھتے جاتے ہیں (21) وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر کرنے کی توفیق دیتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں (سوار) ہوتے ہو اور کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں) سے سواروں کو لے کر چلنے لگتی ہیں اور وہ ان سے خوش ہوتے ہیں تو ناگہاں زناٹے کی ہوا چل پڑتی ہے اور لہریں ہر طرف سے ان پر (جوش مارتی ہوئی) آنے لگتی ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ (اب تو) لہروں میں گھر گئے تو اس وقت خالص خدا ہی کی عبادت کر کے اس سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ (اے خدا) اگر تُو ہم کو اس سے نجات بخشے تو ہم (تیرے) بہت ہی شکر گزار ہوں گے (22) لیکن جب وہ ان کو نجات دے دیتا ہے تو ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔ (تم) دنیا کی زندگی کے فائدے (اٹھا لو) پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے۔ اس وقت ہم تم کو بتائیں گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے (23) دنیا کی زندگی کی مثال مینہ کی سی ہے کہ ہم نے اس کو آسمان سے برسایا پھر اس کے ساتھ سبزہ جسے آدمی اور جانور کھاتے ہیں مل کر نکلا یہاں تک کہ زمین سبزے سے خوشنما اور آراستہ ہو گئی۔ اور زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر پوری دسترس رکھتے ہیں۔ ناگہاں رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہم نے اس کو کاٹ (کر ایسا کر) ڈالا کہ گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں، جو لوگ غور کرنے والے ہیں ان کے لئے ہم (اپنی قدرت کی) نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں (24) اور خدا سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے (25)

مشکل الفاظ کے معانی:
- آسائش: آرام
- حیلے: بہانے
- توفیق: طاقت، ہمت
- زناٹے کی ہوا: بے خبری میں زور کی ہوا
- گھر گئے: پھنس گئے
- عبادت: 1۔اللہ کا حکم ماننا، نجات: 2۔رہائی
- ناحق: نامناسب
- وبال: بوجھ، وزن
- مینہ: بارش
- خوشنما: 1۔خوبصورت، دسترس: 2۔پہنچ
- ناگہاں: 1۔اچانک، گویا: 2۔جیسے

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْنُس	مشکل الفاظ کے معانی

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿26﴾
وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ ۭ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ
قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿27﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿28﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ
كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿29﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا
كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿30﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ
وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿31﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ
الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿32﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿33﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
جن لوگوں نے نیکوکاری کی ان کے لئے بھلائی ہے اور (مزید برآں) اور بھی۔ اور ان کے مونہوں پر نہ تو سیاہی	1۔نیک اعمال 2۔اس کے علاوہ
چھائے گی اور نہ رُسوائی۔ یہی جنتی ہیں کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (26) اور جنہوں نے بُرے کام کئے تو بُرائی کا بدلا	
ویسا ہی ہوگا۔ اور ان کے مونہوں پر ذلت چھا جائے گی۔ اور کوئی ان کو خدا سے بچانے والا نہ ہوگا۔ ان کے مونہوں	بدنامی، رسوائی
(کی سیاہی کا یہ عالم ہوگا کہ ان) پر گویا اندھیری رات کے ٹکڑے اڑھا دیئے گئے ہیں۔ یہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس	1۔جیسے 2۔اوڑھ دیئے گئے
میں رہیں گے (27) اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکوں سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی	
اپنی جگہ ٹھہرے رہو تو ہم ان میں تفرقہ ڈال دیں گے اور ان کے شریک (ان سے) کہیں گے کہ تم ہم کو تو نہیں پُوجا	1۔علیحدگی، پھٹ جانا 2۔پرستش
کرتے تھے (28) ہمارے اور تمہارے درمیان خدا ہی گواہ کافی ہے۔ ہم تمہاری پرستش سے بالکل بے خبر	لاعلم
تھے (29) وہاں ہر شخص (اپنے اعمال کی) جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے، آزمائش کر لے گا اور وہ اپنے سچے مالک	
کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو کچھ وہ بہتان باندھا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا (30) (ان سے)	1۔الزام لگانا 2۔ختم ہوجائے گا
پوچھو کہ تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا ہے؟ یا (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے؟ اور	
بے جان سے جاندار کون پیدا کرتا ہے؟ اور جاندار سے بے جان کون پیدا کرتا ہے؟ اور (دنیا کے) کاموں کا انتظام کون	
کرتا ہے؟ جھٹ کہہ دیں گے کہ خدا تو کہو کہ پھر تم (خدا سے) ڈرتے کیوں نہیں؟ (31) یہی خدا تو تمہارا	فوراً
پروردگار برحق ہے اور حق بات کے ظاہر ہونے کے بعد گمراہی کے سوا ہے ہی کیا؟ تو تم کہاں پھرے جاتے ہو؟	1۔سچا 2۔علاوہ
(32) اس طرح خدا کا ارشاد ان نافرمانوں کے حق میں ثابت ہو کر رہا۔ کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے (33)	حکم، فرمان

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ یُوْنُس	حوالہ جات

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿34﴾ قُلْ هَلْ
مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا
يَهِدِّيْۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿35﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ
وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿37﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ
اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿38﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿39﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ
بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿40﴾ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّاۤ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿41﴾

(ان سے) پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے کہ مخلوقات کو ابتداءً پیدا کرے (اور) پھر اس کو دوبارہ
بنائے۔ کہہ دو کہ خدا ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے، پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا تو تم کہاں اُلٹے جا رہے
ہو؟ (34) پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کون ایسا ہے کہ حق کا رستہ دکھائے؟ کہہ دو کہ خدا ہی حق کا رستہ دکھاتا
ہے۔ بھلا جو حق کا رستہ دکھائے وہ اس قابل ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ کہ جب تک کوئی اسے رستہ نہ
بتائے رستہ نہ پائے؟ تو تم کو کیا ہوا ہے کیسا انصاف کرتے ہو؟ (35) اور ان میں سے اکثر صرف ظن کی پیروی
کرتے ہیں (اور) کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا۔ بیشک خدا تمہارے
(سب) افعال سے واقف ہے (36) اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ خدا کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔
ہاں (ہاں یہ خدا کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں ان کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں
کی (اس میں) تفصیل ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے (37)
کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبرؐ نے اس کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے؟ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک
سورت بنا لاؤ اور خدا کے سوا جن کو تم بُلا سکو بُلا بھی لو (38) حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کے علم پر یہ قابو نہیں پا سکے اس
کو (نادانی سے) جھٹلا دیا اور ابھی اس کی حقیقت ان پر کُھلی ہی نہیں۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے
انہوں نے تکذیب کی تھی سو دیکھ لو کہ ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟ (39) اور ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں کہ اس
پر ایمان لے آتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں کہ ایمان نہیں لاتے اور تمہارا پروردگار شریروں سے خوب واقف
ہے (40) اور اگر یہ تمہاری تکذیب کریں تو کہہ دو کہ مجھ کو میرے اعمال (کا بدلا ملے گا) اور تم کو تمہارے
اعمال (کا)۔ تم میرے عملوں کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے عملوں کا جواب دہ نہیں ہوں (41)

- لا وجود سے وجود تخلیق کرے
- بہکاوے میں آنا
- 1۔کیا 2۔سچائی
- پیچھے چلنا
- خیال، ظاہر
- فائدہ مند
- 1۔کام، اعمال 2۔علاوہ
- جہانوں کا رب
- از خود
- بے وقوفی، نا سمجھی
- 1۔جھٹلانا 2۔آخر
- شرارت کرنے والے
- باز پرس کے قابل نہیں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْنُس	مشکل الفاظ کے معانی

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿42﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِى
الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿43﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿44﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ
لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿45﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ
بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿46﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ
رَسُوْلُهُمْ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿47﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿48﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ
لِنَفْسِىْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿49﴾ قُلْ
اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿50﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ
تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿51﴾ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿52﴾

اوران میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے، اگرچہ کچھ بھی (سنتے) سمجھتے نہ
ہوں (42) اور بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف دیکھتے ہیں۔ تو کیا تم اندھوں کو رستہ دکھاؤ گے، اگرچہ کچھ بھی دیکھتے
(بھالتے) نہ ہوں؟ (43) خدا تو لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا، لیکن لوگ ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں (44) اور جس
دن خدا ان کو جمع کرے گا (تو وہ دنیا کی نسبت ایسا خیال کریں گے کہ) گویا (وہاں) گھڑی بھر دن سے زیادہ رہے ہی
نہیں تھے (اور) آپس میں ایک دوسرے کو شناخت بھی کریں گے۔ جن لوگوں نے خدا کے رُوبرو حاضر ہونے کو جھٹلایا
وہ خسارے میں پڑ گئے اور راہ یاب نہ ہوئے (45) اگر ہم کوئی عذاب جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہاری
آنکھوں کے سامنے (نازل) کریں یا (اس وقت جب) تمہاری مدت حیات پوری کر دیں تو ان کو ہمارے ہی پاس
لوٹ کر آنا ہے پھر جو کچھ یہ کر رہے ہیں خدا اس کو دیکھ رہا ہے (46) اور ہر ایک اُمت کی طرف پیغمبرؐ (بھیجا گیا) جب
ان کا پیغمبرؐ آتا ہے تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جاتا (47) اور یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے
ہو تو یہ وعدہ (آئے گا) کب؟ (48) کہہ دو کہ میں تو اپنے نقصان اور فائدے کا بھی کچھ اختیار نہیں رکھتا مگر جو خدا
چاہے۔ ہر ایک اُمت کے لئے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے جب وہ وقت آ جاتا ہے تو ایک گھڑی بھی دیر نہیں کر
سکتے اور نہ جلدی کر سکتے ہیں (49) کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو اگر اس کا عذاب تم پر (ناگہاں) آ جائے رات کو یا دن کو تو پھر
گنہگار کس بات کی جلدی کریں گے؟ (50) کیا جب وہ آ واقع ہوگا (تب اس پر ایمان لاؤ گے؟) (اس وقت کہا
جائے گا کہ) اور اب (ایمان لائے؟) اسی کے لئے تو تم جلدی مچایا کرتے تھے (51) پھر ظالم لوگوں سے کہا جائے گا
کہ عذاب دائمی کا مزا چکھو (اب) تم انہیں (اعمال) کا بدلا پاؤ گے جو (دنیا میں) کرتے رہے (52)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ کچھ 2۔ توجہ سے سنتے ہیں
- 1۔ کے بارے میں 2۔ لمحے
- 1۔ پہچاننا 2۔ سامنے
- 1۔ گھاٹے میں 2۔ درست راستہ نہ ملا
- زندگی کا وقت یا عرصہ
- 1۔ واپس 2۔ قوم
- طاقت، بس میں ہونا
- گروہ، جماعت
- اچانک
- کفر و شرک کی انتہا کرنا
- 1۔ ہمیشہ کا عذاب 2۔ کرتوت

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُسَ	حوالہ جات

وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِىْ وَرَبِّىْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿53﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِى الْاَرْضِ
لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿54﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿55﴾ هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿56﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ
مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿57﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ
خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿58﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ
تَفْتَرُوْنَ ﴿59﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
يَشْكُرُوْنَ ﴿60﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِىْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ
وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَلَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿61﴾

اور تم سے دریافت کرتے[1] ہیں کہ آیا یہ سچ ہے؟ کہہ دو ہاں خدا کی قسم سچ ہے۔ اور تم (بھاگ کر خدا کو) عاجز[2] نہیں
کر سکو گے (53) اور اگر ہر ایک نافرمان[1] شخص کے پاس روئے زمین[2] کی تمام چیزیں ہوں تو (عذاب سے بچنے
کے) بدلے میں (سب) دے ڈالے اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو (پچھتائیں گے اور) ندامت کو
چھپائیں گے۔ اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور (کسی طرح کا) ان پر ظلم نہیں ہوگا (54)
سن رکھو کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے اور یہ بھی سن رکھو کہ خدا کا وعدہ سچا ہے، لیکن اکثر
لوگ نہیں جانتے (55) وہی جان بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے اور تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ
گے (56) لوگو! تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا اور مومنوں کے لئے
ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے (57) کہہ دو کہ (یہ کتاب) خدا کے فضل اور اس کی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے)
تو چاہیئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں (58) کہو بھلا دیکھو تو خدا نے
تمہارے لئے جو رزق نازل فرمایا تو تم نے اس میں سے (بعض کو) حرام ٹھہرایا اور (بعض کو) حلال، (ان سے)
پوچھو کیا خدا نے تمہیں اس کام کا حکم دیا ہے یا تم خدا پر افتراء کرتے ہو؟ (59) اور جو لوگ خدا پر افتراء کرتے ہیں وہ
قیامت کے دن کی نسبت کیا خیال رکھتے ہیں؟ بیشک خدا لوگوں پر مہربان ہے۔ لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے (60)
اور تم جس حال میں ہوتے ہو۔ یا قرآن میں سے کچھ پڑھتے ہو۔ یا تم لوگ کوئی (اور) کام کرتے ہو جب اس میں
مصروف ہوتے ہو ہم تمہارے سامنے ہوتے ہیں۔ اور تمہارے پروردگار سے ذرہ برابر[1] بھی کوئی چیز پوشیدہ[2] نہیں ہے،
نہ زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہ کوئی چیز ذرّے سے چھوٹی یا بڑی مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے (61)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ پوچھتے 2۔ مجبور
- 1۔ گمراہ، مشرک 2۔ تمام زمین پر
- شرمندگی
- بہت سے
- واپس
- صحت یابی
- جھوٹا الزام لگانا
- کے بارے میں
- 1۔ بہت ہی چھوٹی چیز 2۔ چھپی ہوئی

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْنُس	مشکل الفاظ کے معانی

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (62) اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ (63) لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (64) وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ
الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۚ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (65) اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ ۚ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۚ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ (66) هُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ
لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ (67) قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۚ هُوَ
الْغَنِىُّ ۚ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۚ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا
لَا تَعْلَمُوْنَ (68) قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ (69) مَتَاعٌ فِى الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ
نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ (70)

سن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (62) (یعنی) وہ جو ایمان لائے
اور پرہیزگار رہے (63) ان کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔ خدا کی باتیں بدلتی
نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے (64) اور (اے پیغمبرؐ) ان لوگوں کی باتوں سے آزردہ نہ ہونا (کیونکہ) عزت
سب خدا ہی کی ہے۔ وہ (سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے (65) سن رکھو کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو لوگ
زمین میں ہیں سب خدا ہی کے (بندے اور اس کے مملوک) ہیں۔ اور یہ جو خدا کے سوا اپنے بنائے ہوئے شریکوں
کو پکارتے ہیں وہ (کسی اور چیز کے) پیچھے نہیں چلتے صرف ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور محض اٹکلیں دوڑا رہے ہیں
(66) وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور روز روشن بنایا (تاکہ اس میں کام
کرو) جو لوگ (مادۂ) سماعت رکھتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں (67) (بعض لوگ) کہتے ہیں کہ خدا
نے بیٹا بنا لیا ہے۔ اس کی ذات (اولاد سے) پاک ہے (اور) وہ بے نیاز ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین
میں ہے، سب اسی کا ہے۔ (اے افتراء پردازو) تمہارے پاس اس (قول باطل) کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ تم خدا
کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جو جانتے نہیں؟ (68) کہہ دو کہ جو لوگ خدا پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں،
فلاح نہیں پائیں گے (69) (ان کے لئے جو) فائدے ہیں، دنیا میں (ہیں) پھر ان کو ہماری طرف لوٹ کر آنا
ہے۔ اس وقت ہم ان کو عذاب شدید (کے مزے) چکھائیں گے کیونکہ کفر کیا کرتے تھے (70)

مشکل الفاظ کے معانی

- اداس، افسردہ
- 1۔ گناہوں سے بچنا 2۔ خوشخبری 3۔ حقیقت پر مبنی ہوتی ہیں، اٹل ہوتی ہیں
- ناخوش، پریشان
- 1۔ غلام 2۔ علاوہ
- 1۔ خیال 2۔ اندازے لگانا، عقل دوڑانا
- سننے کی صلاحیت
- بے پرواہ، بے غرض
- 1۔ جھوٹا الزام لگانے والے 2۔ جھوٹی بات 3۔ سند، ثبوت
- 1۔ کے بارے میں 2۔ الزام لگانا
- بھلائی، رہائی
- سخت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُس	حوالہ جات

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِىْ وَتَذْكِيْرِىْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ
فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَىَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿71﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا
سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿72﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِى الْفُلْكِ
وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿73﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى
قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿74﴾ ثُمَّ
بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿75﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ
مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿76﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿77﴾
قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿78﴾

اوران کونوحؑ کا حال پڑھ کر سنا دو، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم! اگر تم کو میرا (تم میں) رہنا اور خدا
کی آیتوں سے نصیحت کرنا ناگوار ہو تو میں خدا پر بھروسہ رکھتا ہوں تم اپنے شریکوں کے ساتھ مل کر ایک کام (جو میرے
بارے میں کرنا چاہو) مقرر کر لو اور وہ تمہاری تمام جماعت (کو معلوم ہو جائے اور کسی) سے پوشیدہ نہ رہے، پھر وہ
کام میرے حق میں (1) کر گزرو (2) اور مجھے مہلت (3) نہ دو (71) اور اگر تم نے منہ پھیر لیا (4) تو (تم جانتے ہو کہ) میں نے تم
سے کچھ معاوضہ نہیں مانگا۔ میرا معاوضہ تو خدا کے ذمے ہے۔ اور مجھے حکم ہوا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں رہوں
(72) لیکن ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی تو ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے۔ سب کو
(عذاب سے) بچا لیا اور انہیں (زمین میں) خلیفہ (1) بنا دیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کو غرق کر دیا (2) تو دیکھ
لو کہ جو لوگ ڈرائے گئے تھے ان کا کیسا انجام ہوا (73) پھر نوحؑ کے بعد ہم نے اور پیغمبرؑ اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجے
تو وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے، مگر وہ لوگ ایسے نہ تھے کہ جس چیز کی پہلے تکذیب کر چکے تھے، اس پر ایمان
لے آتے۔ اسی طرح ہم زیادتی کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں (74) پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰؑ اور
ہارونؑ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے
(75) تو جب ان کے پاس ہمارے ہاں سے حق (1) آیا تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح (2) جادو ہے (76) موسیٰؑ نے کہا کیا تم
حق کے بارے میں، جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو کہ یہ جادو ہے؟ حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پاتے (77) وہ
بولے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ جس (راہ) پر ہم اپنے باپ دادا کو پاتے رہے ہیں اس سے ہم کو پھیر دو
اور (اس) ملک میں تم دونوں ہی کی سرداری ہو جائے؟ اور ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں (78)

- ناپسند، بُرا لگنا
- چھپا ہوا
- 1۔ بارے میں 2۔ کر جاؤ 3۔ مزید وقت 4۔ انکار کیا
- صلہ، بدلا
- جھٹلانا، مذاق کرنا
- 1۔ قائم مقام، بادشاہ 2۔ ڈبو دیا
- آخیر
- غرور
- 1۔ سچ 2۔ سیدھا، صاف
- بھلائی، رہائی
- گھما دو، پرے کر دو
- بادشاہت، حکومت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُس	حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْنُس

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ (79) فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ (80) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ
مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (81) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ
كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (82) ۧ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ
فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ (83) وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ
مُّسْلِمِيْنَ (84) فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (85) ۙ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (86)
وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ (87) وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ
سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ (88)

اورفرعون نے حکم دیا کہ سب کامل فن جادوگروں کو ہمارے پاس لے آؤ (79) جب جادوگر آئے تو موسیٰؑ نے ان
سے کہا کہ جو تم کو ڈالنا ہو ڈالو (80) جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو موسیٰؑ نے کہا کہ جو چیزیں
تم (بنا کر) لائے ہو جادو ہے۔ خدا اس کو ابھی نیست و نابود کر دے گا۔ خدا شریروں کے کام سنوارا نہیں
کرتا (81) اور خدا اپنے حکم سے سچ کو سچ ہی کر دے گا اگرچہ گنہگار بُرا ہی مانیں (82) تو موسیٰؑ پر کوئی ایمان نہ لایا
مگر اس کی قوم میں سے چند لڑکے (اور وہ بھی) فرعون اور اس کے اہل دربار سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں وہ ان کو
آفت میں نہ پھنسا دے اور فرعون ملک میں متکبر و متغلب اور (کفر میں) حد سے بڑھا ہوا تھا (83) اور موسیٰؑ نے
کہا کہ بھائیو! اگر تم خدا پر ایمان لائے ہو تو اگر (دل سے) فرمانبردار ہو تو اسی پر بھروسا رکھو (84) تو وہ بولے کہ ہم
خدا ہی پر بھروسا رکھتے ہیں اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کے ہاتھ سے آزمائش میں نہ ڈال (85) اور اپنی
رحمت سے قوم کفار سے ہمیں نجات بخش (86) اور ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنے
لوگوں کے لئے مصر میں گھر بناؤ اور اپنے گھروں کو قبلہ ٹھہراؤ اور نماز پڑھو۔ اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو (87) اور موسیٰؑ
نے کہا اے پروردگار! تُو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں (بہت سا) ساز و برگ اور مال و زر دے
رکھا ہے۔ اے پروردگار! ان کا مآل یہ ہے کہ تیرے رستے سے گمراہ کر دیں اے پروردگار ان کے مال کو برباد
کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے کہ ایمان نہ لائیں جب تک عذاب الیم نہ دیکھ لیں (88)

مشکل الفاظ کے معانی

- کامل فن: اپنے کام میں ماہر
- 1۔ نیست و نابود: بالکل مٹا دینا 2۔ شریروں: شرارت کرنے والے
- اہل دربار: درباروالے
- 1۔ آفت: مصیبت 2۔ متکبر و متغلب: غلبے کا غرور ہونا
- فرمانبردار: حکم ماننے والے
- نجات: رہائی
- ساز و برگ: لڑائی کے ہتھیاروں سے لیکر دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء
- مآل: نتیجہ
- الیم: دردناک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُسَ	حوالہ جات

قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿89﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ
فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا
اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿90﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿91﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ
لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿92﴾ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ
وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ
يَخْتَلِفُوْنَ ﴿93﴾ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿94﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿95﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿96﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿97﴾

(خدا نے) فرمایا کہ تمہاری دعا قبول کر لی گئی تو تم ثابت قدم رہنا اور بے عقلوں کے رستے نہ چلنا (89) اور ہم
نے اولادِ اسرائیل کو دریا سے پار کر دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور تعدی سے ان کا تعاقب کیا یہاں تک
کہ جب اس کو غرق (کے عذاب) نے آ پکڑا تو کہنے لگا میں ایمان لایا کہ جس (خدا) پر اولادِ اسرائیل ایمان لائے
ہیں اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں فرمانبرداروں میں ہوں (90) (جواب ملا) کہ اب (ایمان لاتا ہے)
حالانکہ تُو پہلے نافرمانی کرتا رہا اور مُفسد بنا رہا؟ (91) تو آج ہم تیرے بدن کو (دریا سے) نکال لیں گے تاکہ تُو
پچھلوں کے لئے عبرت ہو۔ اور بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے بے خبر ہیں (92) اور ہم نے اولادِ اسرائیل کو
رہنے کو عُمدہ جگہ دی اور کھانے کو پاکیزہ چیزیں عطا کیں لیکن وہ باوجود علم حاصل ہونے کے اختلاف کرتے رہے۔
بیشک جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں تمہارا پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا فیصلہ کر
دے گا (93) اگر تم کو اس (کتاب کے) بارے میں جو ہم نے تم پر نازل کی ہے کچھ شک ہو تو جو لوگ تم سے
پہلے کی (اُتری ہوئی) کتابیں پڑھ رہے ہیں ان سے پوچھ لو، تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس
حق آ چکا ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہونا (94) اور نہ ان لوگوں میں ہونا جو خدا کی آیتوں کی
تکذیب کرتے ہیں، نہیں تو نقصان اٹھاؤ گے (95) جن لوگوں کے بارے میں خدا کا حکم (عذاب) قرار پا چکا ہے
وہ ایمان نہیں لانے کے (96) جب تک عذاب نہ دیکھ لیں خواہ ان کے پاس ہر (طرح کی) نشانی آ جائے (97)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ثابت قدم: با حوصلہ، ڈٹے رہنا
- 1۔ خدا کے حکم سے باغی ہونا 2۔ ناحق زیادتی، ظلم 3۔ پیچھا کرنا
- غرق: ڈبو دینا
- معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے
- مُفسد: فسادی، مشرک
- عبرت: نصیحت
- 1۔ بہت اچھی 2۔ دیں
- ہرگز: کسی بھی صورت
- 1۔ مذاق اڑاتے، جھٹلاتے 2۔ طے ہو چکا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْنُسَ	حوالہ جات

فَلَوْ لَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ (98) وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى
يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (99) وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ (100) قُلِ انْظُرُوْا
مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ (101) فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ (102) ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا
نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ (103) ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ
اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (104) وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ (105) وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ (106)

تو کوئی بستی ایسی کیوں نہ ہوئی کہ ایمان لاتی تو اس کا ایمان اسے نفع دیتا، ہاں یونسؑ کی قوم، کہ جب ایمان لائی تو ہم نے دنیا
کی زندگی میں ان سے ذلت[1] کا عذاب دُور کر دیا اور ایک مدت تک (اشیاء دنیاوی[2] سے) ان کو بہرہ مند[3] رکھا (98)
اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے تو کیا تم لوگوں پر زبردستی کرنا چاہتے
ہو کہ وہ مومن ہو جائیں؟ (99) حالانکہ کسی شخص کو قدرت نہیں ہے کہ خدا کے حکم کے بغیر ایمان لائے اور جو لوگ
بے عقل ہیں ان پر وہ (کفر و ذلت کی) نجاست ڈالتا ہے (100) (ان کفار سے) کہو کہ دیکھو تو آسمانوں اور زمین
میں کیا کیا کچھ ہے مگر جو لوگ ایمان نہیں رکھتے، ان کے لئے نشانیاں اور ڈراوے کچھ کام نہیں آتے (101) سو جیسے
(بُرے) دن ان سے پہلے لوگوں پر گزر چکے ہیں۔ اسی طرح کے (دنوں کے) یہ منتظر ہیں کہہ دو کہ تم بھی انتظار کرو
میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (102) اور ہم اپنے پیغمبروںؑ کو اور مومنوں کو نجات دیتے رہے ہیں۔ اسی طرح
ہمارا ذمہ ہے کہ مسلمانوں کو نجات دیں (103) (اے محمدؐ) کہہ دو کہ لوگو! اگر تم کو میرے دین میں کسی طرح کا شک
ہو تو (سن رکھو کہ) جن لوگوں کی تم خدا کے سوا عبادت کرتے ہو میں ان کی عبادت نہیں کرتا بلکہ میں خدا کی عبادت کرتا
ہوں، جو تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے۔ اور مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ ایمان لانے والوں میں ہوں (104) اور یہ کہ (اے
محمدؐ! سب سے) یکسو ہو کر[1] دین (اسلام) کی پیروی کئے جاؤ اور مشرکوں میں ہرگز[2] نہ ہونا (105) اور خدا کو چھوڑ کر ایسی
چیز کو نہ پکارنا جو نہ تمہارا کچھ بھلا کر سکے اور نہ کچھ بگاڑ سکے۔ اگر ایسا کرو گے تو ظالموں میں ہو جاؤ گے (106)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بستی: آبادی
- ذلت، اشیاء دنیاوی، بہرہ مند: 1۔رُسوائی 2۔رزق وغیرہ 3۔فائدہ اُٹھانا
- نجاست: گندگی، پلیدی
- منتظر: انتظار کرنا
- نجات: رہائی، عذاب سے مخلصی
- عبادت: اللہ کا حکم ماننا
- یکسو ہو کر، ہرگز: 1۔ایک طرف ہو جانا 2۔کسی بھی صورت
- بھلا: فائدہ

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْنُسَ ، سُوْرَةُ هُوْدِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ
مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑩⑦ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا
يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ⑩⑧ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ
حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ⑩⑨

الٓرٰ ۣ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ① اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ②
وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا
فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ③ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ④ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ
صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑤

اور اگر خدا تم کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اس کا کوئی دُور کرنے والا نہیں اور اگر تم سے بھلائی کرنی
چاہے تو اس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے فائدہ پہنچاتا ہے اور وہ بخشنے والا
مہربان ہے (107) کہہ دو کہ لوگو! تمہارے پروردگار کے ہاں سے تمہارے پاس حق آ چکا ہے تو جو کوئی ہدایت
حاصل کرتا ہے تو ہدایت سے اپنے ہی حق میں بھلائی کرتا ہے۔ اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی
نقصان کرتا ہے اور میں تمہارا وکیل نہیں ہوں (108) اور (اے پیغمبرؐ) تم کو جو حکم بھیجا جاتا ہے اس کی پیروی کئے
جاؤ اور (تکلیفوں پر) صبر کرو یہاں تک کہ خدا فیصلہ کر دے وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (109)

ترجمہ سورت ھود

الٓرٰ یہ وہ کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم ہیں اور خدائے حکیم وخبیر کی طرف سے بہ تفصیل بیان کر دی گئی ہیں (1)
(یہ) کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور میں اس کی طرف سے تم کو ڈر سنانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں (2)
اور یہ کہ اپنے پروردگار سے بخشش مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو وہ تم کو ایک وقت مقرر تک متاع نیک سے بہرہ مند
کرے گا۔ اور ہر صاحبِ عمل کو اس کی بزرگی (کی داد) دے گا اور اگر رُوگردانی کرو گے تو مجھے تمہارے بارے
میں (قیامت کے) بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے (3) تم (سب) کو خدا کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر
قادر ہے (4) دیکھو یہ اپنے سینوں کو دوہرا کرتے ہیں تا کہ خدا سے پردہ کریں سن رکھو جس وقت یہ کپڑوں میں
لپٹ کر پڑتے ہیں (تب بھی) وہ ان کی چھپی اور کھُلی باتوں کو جانتا ہے وہ تو دلوں تک کی باتوں سے آگاہ ہے (5)

حوالہ جات:
- فرقان:30
- متشابہ،عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔علاوہ 2۔ختم کرنے والا 3۔فائدہ
- مہربانی
- 1۔پاس 2۔سچ،سچائی
- اپنے لئے،اپنی خاطر
- سفارشی،طرفدار
- 1۔مضبوط 2۔دانا اور خبر رکھنے والا
- 1۔علاوہ 2۔اللہ کا حکم ماننا
- 1۔سامان 2۔فائدہ دینا
- 1۔عمل کرنے والا 2۔بڑا پن 3۔مکر جانا،انکار کرنا
- 1۔طاقت رکھنا 2۔اللہ سے اندر کا حال چھپانے کی کوشش کرنا
- واقف

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (6)
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ
وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (7) وَلَئِنْ اَخَّرْنَا
عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا
كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (8) وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ (9) وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ
نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ (10) اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ (11) فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ
اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ (12)

اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا نہیں مگر اس کا رزق خدا کے ذمے ہے۔ وہ جہاں رہتا ہے اسے بھی جانتا ہے
اور جہاں سونپا جاتا ہے اسے بھی یہ سب کچھ کتاب روشن میں (لکھا ہوا) ہے (6) اور وہی تو ہے جس نے
آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور (اس وقت) اس کا عرش پانی پر تھا (تمہارے پیدا کرنے سے)
مقصود یہ ہے کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے اور اگر تم کہو کہ تم لوگ مرنے کے
بعد (زندہ کرکے) اٹھائے جاؤ گے تو کافر کہہ دیں گے کہ یہ تو کُھلا جادو ہے (7) اور اگر ایک مدت معین تک
ہم ان سے عذاب روک دیں تو کہیں گے کہ کون سی چیز عذاب کو روکے ہوئے ہے۔ دیکھو جس روز وہ ان پر
واقع ہوگا (پھر) ٹلنے کا نہیں اور جس چیز کے ساتھ یہ استہزاء کیا کرتے ہیں وہ ان کو گھیر لے گی (8) اور اگر ہم
انسان کو اپنے پاس سے نعمت بخشیں پھر اس سے اس کو چھین لیں تو ناامید (اور) ناشکرا (ہو جاتا) ہے (9) اور
اگر تکلیف پہنچنے کے بعد آسائش کا مزا چکھائیں تو (خوش ہو کر) کہتا ہے کہ (آہا) سب سختیاں مجھ سے دور ہو
گئیں۔ بیشک وہ خوشیاں منانے والا (اور) فخر کرنے والا ہے (10) ہاں جنہوں نے صبر کیا اور عمل نیک کئے
یہی ہیں جن کے لئے بخشش اور اجر عظیم ہے (11) شاید تم کچھ چیز وحی میں سے جو تمہارے پاس آتی ہے چھوڑ دو
اور اس (خیال) سے تمہارا دل تنگ ہو کہ (کافر) یہ کہنے لگیں کہ اس پر کوئی خزانہ کیوں نہیں نازل ہوا؟ یا اس کے
ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا (اے محمدؐ!) تم تو صرف نصیحت کرنے والے ہو اور خدا ہر چیز کا نگہبان ہے (12)

مشکل الفاظ کے معانی
سپرد کرنا، تعینات ہونا
مطلب، مراد
مقرر کیا ہوا وقت
1۔ ہٹے گا نہیں 2۔ ہنسی، مذاق 3۔ لپیٹ لے گی
آرام، سکون
بہت بڑا صلہ
نگران

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ⑬ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ⑭ مَنْ
كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ⑮ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ
لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑯ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ
وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ
فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۗ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ⑱ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ⑲

یہ کیا کہتے ہیں کہ اس نے قرآن ازخود بنالیا ہے؟ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی ایسی دس سُورتیں بنالاؤ اور خدا کے
سوا جس جس کو بُلا سکتے ہو بُلا بھی لو (13) اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو جان لو کہ وہ خدا کے علم سے اُترا ہے۔
اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تمہیں بھی اسلام لے آنا چاہئے (14) جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی
زیب وزینت کے طالب ہوں ہم ان کے اعمال کا بدلا انہیں دنیا ہی میں دے دیتے ہیں اور اس میں ان کی حق تلفی
نہیں کی جاتی (15) یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آتش (جہنم) کے سوا اور کچھ نہیں اور جو عمل انہوں
نے دنیا میں کئے سب برباد اور جو کچھ وہ کرتے رہے سب ضائع (16) بھلا جو لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے
دلیل (روشن) رکھتے ہوں اور ان کے ساتھ ایک گواہ بھی اس کی جانب سے ہو اور اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب
ہو جو پیشوا اور رحمت ہے (تو کیا ایسے لوگ قرآن پر ایمان نہیں لائیں گے؟ ہاں) یہی لوگ تو اس پر ایمان لاتے
ہیں۔ اور جو کوئی اور گروہوں میں سے اس سے منکر ہو تو اس کا ٹھکانہ آگ ہے۔ تو تم اس (قرآن) سے شک میں نہ
ہونا۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے (17) اور اس سے بڑھ کر ظالم
کون ہوگا جو خدا پر جھوٹ افتراء کرے؟ ایسے لوگ خدا کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور گواہ کہیں گے کہ یہی
لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار پر جھوٹ بولا تھا۔ سن رکھو کہ ظالموں پر خدا کی لعنت ہے (18) جو خدا کے
رستے سے روکتے ہیں۔ اور اس میں کجی چاہتے ہیں اور وہ آخرت سے بھی انکار کرتے ہیں (19)

مشکل الفاظ کے معانی
ازخود: اپنی طرف سے
سوا: علاوہ
معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے
زیب وزینت، طالب: 1۔خوبصورتی، سجاوٹ 2۔خواہش رکھنا
برباد: تباہ، ختم
پیشوا: رہبر، امام
گروہوں: جماعتیں
افتراء کرے: جھوٹا الزام باندھے
کجی: ٹیڑھاپن

حوالہ جات
نحل:89,84
عمران:81، 82 حج:17

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات
	اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا	
	يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿20﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿21﴾ لَا	
	جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿22﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ	
	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿23﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ	
	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿25﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّىْٓ اَخَافُ	
	عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿26﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ	
	هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِىَ الرَّاْىِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿27﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى	
	بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّىْ وَاٰتٰىنِىْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿28﴾	
1۔جنات سمیت 2۔علاوہ	یہ لوگ (بشمول جنات آسمان و) زمین میں (کسی بھی طرح سے خدا کو) ہرا نہیں سکتے اور نہ خدا کے سوا کوئی ان کا	صافات:6تا10،شوریٰ:31 رحمٰن:33،جن:12
1۔مددگار 2۔دوگنا 3۔کثرت،زور 4۔سچائی	حمایتی ہے۔ (اے پیغمبرؐ) ان کو دُگنا عذاب دیا جائے گا۔ کیونکہ یہ (شدت کفر سے حق بات) نہیں سن سکتے تھے اور نہ	یونس:42,43
1۔اپنے آپکو 2۔نقصان 3۔جھوٹا الزام	(حق کو) دیکھ سکتے تھے (20) یہی ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا اور جو کچھ یہ افتراء کیا کرتے تھے	
ختم ہوگیا،گم ہوگیا	ان سے جاتا رہا (21) بلاشبہ یہ لوگ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان پانے والے ہیں (22) جو لوگ	
جھکے	ایمان لائے اور عمل نیک کئے اور اپنے پروردگار کے آگے عاجزی کی یہی صاحب جنت ہیں، ہمیشہ اس میں	
	رہیں گے (23) دونوں فرقوں (یعنی کافر و مومن) کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا بہرہ ہو اور ایک دیکھتا سنتا	
برابر	بھلا دونوں کا حال یکساں ہوسکتا ہے؟ پھر تم سوچتے کیوں نہیں؟ (24) اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف	
	بھیجا تو (انہوں نے ان سے کہا) کہ میں تم کو کھول کھول کر ڈر سنانے (اور یہ پیغام پہنچانے) آیا ہوں (25) کہ	
1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔تمہارے بارے میں 3۔دردناک	خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ مجھے تمہاری نسبت عذاب الیم کا خوف ہے (26) تو ان کی قوم کے سردار جو	
پیچھے چلنے والے	کافر تھے کہنے لگے کہ ہم تم کو اپنے ہی جیسا ایک آدمی دیکھتے ہیں اور یہ بھی دیکھتے ہیں کہ تمہارے پیرو وہی لوگ	
1۔چھوٹا 2۔سرسری جائزہ لینا	ہوئے ہیں جو ہم میں ادنیٰ درجے کے ہیں اور وہ بھی رائے ظاہر سے اور ہم تم میں اپنے اوپر کسی طرح کی	
برتری	فضیلت نہیں دیکھتے بلکہ تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں (27) انہوں نے کہا کہ اے قوم! دیکھو تو اگر میں اپنے	
1۔سند،ثبوت 2۔پاس	پروردگار کی طرف سے دلیل (روشن) رکھتا ہوں اور اس نے مجھے اپنے ہاں سے رحمت بخشی ہو جس کی حقیقت تم	
1۔چھپا ہونا 2۔بیزار	سے پوشیدہ رکھی گئی ہے تو کیا ہم اس کے لئے تمہیں مجبور کر سکتے ہیں؟ اور تم ہو کہ اس سے ناخوش ہو رہے ہو (28)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ
اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿29﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿30﴾ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ
خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ
اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ
كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿32﴾ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿33﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ
اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۟ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿34﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ
فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿35﴾ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا
تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿37﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ
1۔دولت وغیرہ 2۔خواہشمند 3۔بدلا	اوراے قوم! میں اس (نصیحت) کے بدلے تم سے مال وزر کا خواہاں نہیں ہوں۔ میرا صلہ تو خدا کے ذمے ہے
دور کردینے والا	اور جو لوگ ایمان لائے ہیں میں ان کو نکالنے والا بھی نہیں ہوں۔ وہ تو اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں۔ لیکن
1۔بے وقوفی 2۔قومی بھائیو	میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نادانی کررہے ہو (29) اور برادرانِ ملت! اگر میں ان کو نکال دوں تو (عذاب) خدا
	سے (بچانے کے لئے) کون میری مدد کرسکتا ہے؟ بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے؟ (30) میں نہ تم سے یہ کہتا ہوں کہ
کے بارے میں	میرے پاس خدا کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ ان لوگوں کی نسبت
1۔نفرت 2۔فائدہ 3۔نیک صلہ	جن کو تم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہو یہ کہتا ہوں کہ خدا ان کو بھلائی (یعنی اعمال کی جزائے نیک) نہیں دے گا۔ جو
	ان کے دلوں میں ہے اسے خدا خوب جانتا ہے۔ اگر میں ایسا کہوں تو بے انصافوں میں ہوں (31) انہوں نے کہا
	کہ نوحؑ تم نے ہم سے جھگڑا تو کیا، اور جھگڑا بھی بہت کیا لیکن اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو وہ ہم پر لا
	نازل کرو (32) نوحؑ نے کہا کہ اس کو تو خدا ہی چاہے گا تو نازل کرے گا۔ اور تم (اس کو کسی طرح) ہرا نہیں سکتے (33)
فائدہ سوچنا	اور اگر میں یہ چاہوں کہ تمہاری خیرخواہی کروں اور خدا یہ چاہے کہ تمہیں گمراہ کرے تو میری خیرخواہی تم کو کچھ فائدہ نہیں
	دے سکتی۔ وہی تمہارا پروردگار ہے۔ اور تمہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (34) کیا یہ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبرؐ) نے
بوجھ،وزن	قرآن اپنے دل سے بنالیا ہے؟ کہہ دو کہ اگر میں نے دل سے بنالیا ہے تو میرے گناہ کا وبال مجھ پر اور جو گناہ تم کرتے
ذمہ دار نہ ہونا،لاتعلق،علیحدہ ہونا	ہو اس سے بری الذمہ ہوں (35) اور نوحؑ کی طرف وحی کی گئی کہ تمہاری قوم میں جو لوگ ایمان لا چکے ان کے
1۔علاوہ 2۔غم نہ کرو	سوا اور کوئی ایمان نہیں لائے گا تو جو کام یہ کررہے ہیں ان کی وجہ سے غم نہ کھاؤ (36) اور ایک کشتی ہمارے حکم سے ہمارے
1۔سامنے 2۔ڈبودیئے	روبرو بناؤ اور جو لوگ ظالم ہیں ان کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا کیونکہ وہ ضرور غرق کردیئے جائیں گے (37)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۣ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا
تَسْخَرُوْنَ ﴿38﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿39﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ
التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا
قَلِيْلٌ ﴿40﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿41﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ
كَالْجِبَالِ ۣ وَنَادٰى نُوْحُ ۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿42﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ
يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿43﴾
وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿45﴾

تو (نوحؑ نے) کشتی بنانی شروع کر دی اور جب ان کی قوم کے سرداران کے پاس سے گزرتے تو ان سے
تمسخر کرتے وہ کہتے کہ اگر تم ہم سے تمسخر کرتے ہو، اسی طرح (ایک وقت) ہم بھی تم سے تمسخر کریں
گے (38) اور تم کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رُسوا کرے گا۔ اور (پھر) کس پر
ہمیشہ کا عذاب نازل ہوتا ہے؟ (39) یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور جوش مارنے لگا تو ہم
نے (نوحؑ کو) حکم دیا کہ ہر قسم (کے جانداروں) میں سے جوڑا جوڑا (یعنی) دو دو لے لو اور جس شخص کی نسبت
حکم ہو چکا ہے (کہ ہلاک ہو جائے گا) اس کو چھوڑ کر اپنے گھر والوں کو اور جو ایمان لایا ہو اس کو کشتی میں
سوار کر لو اور ان کے ساتھ ایمان بہت ہی کم لوگ لائے تھے (40) (نوحؑ نے کہا) کہ خدا کا نام لے کر
(کہ اسی کے ہاتھ میں) اس کا چلنا اور ٹھہرنا (ہے) اس میں سوار ہو جاؤ، بیشک میرا پروردگار بخشنے والا
مہربان ہے (41) اور وہ ان کو لے کر (پانی کی) لہروں میں چلنے لگی (لہریں کیا تھیں) گویا پہاڑ (تھے) (اس
وقت نوحؑ نے اپنے بیٹے کو جو (کشتی سے) الگ تھا، پکارا کہ بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں میں
شامل نہ ہو (42) اس نے کہا کہ میں (ابھی) پہاڑ سے جا لگوں گا وہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ انہوں نے کہا
آج خدا کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں (اور نہ کوئی بچ سکتا ہے) مگر جس پر خدا رحم کرے۔ اتنے میں
دونوں کے درمیان لہر آ حائل ہوئی اور وہ ڈوب کر رہ گیا (43) اور حکم دیا گیا کہ اے زمین اپنا پانی نگل جا
اور اے آسمان تھم جا تو پانی خشک ہو گیا اور کام تمام کر دیا گیا۔ اور کشتی کوہ جودی پر جا ٹھہری اور کہہ دیا گیا
کہ بے انصاف لوگوں پر لعنت (44) اور نوحؑ نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا کہ پروردگار! میرا بیٹا بھی
میرے گھر والوں میں ہے (تو اس کو بھی نجات دے) تیرا وعدہ سچا ہے اور تُو سب سے بہتر حاکم ہے (45)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مذاق
- ذلیل
- تندور
- 1۔ایک نر ایک مادہ 2۔کے بارے میں
- جیسے
- 1۔بیچ یا درمیان میں آ جانا 2۔پی جا
- 1۔رُک جا 2۔کام ختم کر دیا 3۔پہاڑ کا نام
- رہائی دے، بچا لے

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ
مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿46﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿47﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰۤى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ
يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿48﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَاۤ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَاۤ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ
قَبْلِ هٰذَا ۛؕ فَاصْبِرْ ۛؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿49﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ
اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿50﴾ يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿51﴾ وَيٰقَوْمِ
اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿52﴾
قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِیْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿53﴾

خدانے فرمایا کہ نوحؑ وہ تیرے گھر والوں میں نہیں ہے۔ وہ بدکردار ہے تو جس چیز کی تم کو حقیقت معلوم نہیں
اس کے بارے میں مجھ سے سوال ہی نہ کرو اور میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ نادان نہ بنو (46) نوحؑ نے کہا
پروردگار میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی مجھے حقیقت معلوم نہیں اور اگر
تُو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں تباہ ہو جاؤں گا (47) حکم ہوا کہ نوحؑ ہماری طرف سے
سلامتی اور برکتوں کے ساتھ (جو) تم پر اور تمہارے ساتھ کی جماعتوں پر (نازل کی گئی ہیں) اُتر آؤ۔ اور
کچھ اور جماعتیں ہوں گی جن کو ہم (دنیا کے فوائد سے) محظوظ کریں گے پھر ان کو ہماری طرف سے
عذاب الیم پہنچے گا (48) یہ (حالات) منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں جو ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں (اور)
اس سے پہلے (اے پیغمبرؐ) نہ تم ہی ان کو جانتے تھے اور نہ تمہاری قوم (ہی ان سے واقف تھی) تو صبر کرو کہ
انجام پرہیزگاروں ہی کا (بھلا) ہے (49) اور ہم نے عاد کی طرف ان کے بھائی ہودؑ کو (بھیجا) انہوں
نے کہا کہ میری قوم! خدا ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تم (شرک کر کے خدا پر)
محض بہتان باندھتے ہو (50) میری قوم! میں اس (نصیحت) کا تم سے کچھ صلہ نہیں مانگتا۔ میرا صلہ تو اس
کے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا بھلا تم سمجھتے کیوں نہیں؟ (51) اور اے قوم! اپنے پروردگار سے بخشش
مانگو پھر اس کے آگے توبہ کرو وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار مینہ برسائے گا اور تمہاری طاقت بڑھائے گا
اور (دیکھو) گنہگار بن کر رُوگردانی نہ کرو (52) وہ بولے ہودؑ! تم ہمارے پاس کوئی دلیل ظاہر نہیں لائے اور ہم
(صرف) تمہارے کہنے سے نہ اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور نہ تم پر ایمان لانے والے ہیں (53)

غیر مناسب اعمال والا
ناسمجھ، بے وقوف
خوش
1۔دردناک 2۔تمام میں سے
1۔آخیر 2۔اچھا
1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
1۔صرف 2۔جھوٹا الزام
دیر تک زور سے ہونے والی بارش
1۔منہ پھیرنا 2۔ثبوت
جن کا شرعی حکم مانا جائے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ هُوْدٍ

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿54﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ
جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿55﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿56﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا ؕ اِنَّ رَبِّيْ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿57﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿58﴾
وَتِلْكَ عَادٌ ۟ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿59﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿60﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ
اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿61﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ
قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿62﴾

ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے کسی معبود نے تمہیں آسیب پہنچا (کر دیوانہ کر) دیا ہے۔انہوں نے کہا میں خدا کو گواہ کرتا
ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ جن کو تم (خدا کا) شریک بناتے ہو، میں ان سے بیزار ہوں (54) (یعنی جن کی) خدا کے
سوا (عبادت کرتے ہو تو) تم سب مل کر میرے بارے میں (جو) تدبیر (کرنی چاہو) کرلو اور مجھے مہلت نہ
دو (55) میں خدا پر جو میرا اور تمہارا (سب کا) پروردگار ہے، بھروسا رکھتا ہوں۔(زمین پر) جو چلنے پھرنے والا ہے
وہ اس کو چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے۔ بیشک میرا پروردگار سیدھے رستے پر ہے (56) اگر تم رُوگردانی کروگے تو جو
پیغام میرے ہاتھ تمہاری طرف بھیجا گیا ہے وہ میں نے تمہیں پہنچا دیا ہے۔اور میرا پروردگار تمہاری جگہ اور لوگوں کو
لا بسائے گا۔اور تم خدا کا کچھ بھی نقصان نہیں کر سکتے میرا پروردگار تو ہر چیز پر نگہبان ہے (57) اور جب ہمارا حکم
(عذاب) آ پہنچا تو ہم نے ہودؑ کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو اپنی مہربانی سے بچا لیا۔اور انہیں
عذاب شدید سے نجات دی (58) یہ (وہی) عاد ہیں جنہوں نے خدا کی نشانیوں سے انکار کیا اور اس کے پیغمبروںؑ
کی نافرمانی کی اور ہر متکبر و سرکش کا کہا مانا (59) تو اس دنیا میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگی رہی اور قیامت کے دن
بھی (لگی رہے گی) دیکھو عاد نے اپنے پروردگار سے کفر کیا (اور) سن رکھو ہودؑ کی قوم عاد پر پھٹکار ہے (60) اور ثمود
کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو (بھیجا) تو انہوں نے کہا قوم! خدا ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود
نہیں، اسی نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں آباد کیا تو اس سے مغفرت مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو۔ بیشک میرا
پروردگار نزدیک (بھی ہے اور دعا کا) قبول کرنے والا (بھی) ہے (61) انہوں نے کہا کہ صالحؑ اس سے پہلے ہم تم
سے (کئی طرح کی) اُمیدیں رکھتے تھے (اب وہ مُنقطع ہوگئیں) کیا تم ہم کو ان چیزوں کے پُوجنے سے منع کرتے ہو،
جن کو ہمارے بزرگ پُوجتے آئے ہیں؟ اور جس بات کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس میں ہمیں قوی شُبہ ہے (62)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔نقصان 3۔پاگل
- 1۔علاوہ 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔چال، چالاکی 4۔مزید وقت
- 1۔اوپر 2۔منکر ہونا، منہ پھیرنا
- 1۔آباد کرے گا 2۔محافظ، نگران
- 1۔سخت 2۔رہائی
- 1۔مغرور 2۔باغی، مشرک
- لعنت، ملامت
- ختم
- 1۔بڑے بزرگ، باپ دادا 2۔مضبوط

حوالہ جات

- انبیاء:18،17

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ

تَخْسِيْرٍ ﴿63﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ

قَرِيْبٌ ﴿64﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿65﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿66﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿67﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿68﴾ وَلَقَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ

بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاۗءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿69﴾ فَلَمَّا رَآ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ

مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿70﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَاۗىِٕمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَاۗءِ

اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿71﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ﴿72﴾

صالحؑ نے کہا قوم! بھلا دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے کُھلی دلیل[1] پر ہوں اور اس نے مجھے اپنے ہاں[2]
سے (نبوت کی) نعمت بخشی ہو تو اگر میں خدا کی نافرمانی کروں تو اس کے سامنے میری کون مدد کرے گا؟ تم تو (کفر
کی باتوں سے) میرا نقصان کرتے ہو (63) اور (یہ بھی کہا کہ) اے قوم! یہ خدا کی اونٹنی تمہارے لئے ایک نشانی
ہے تو اس کو چھوڑ دو کہ خدا کی زمین میں (جہاں چاہے) چرے اور اس کو کسی طرح کی تکلیف نہ دینا ورنہ تمہیں جلد
عذاب آ پکڑے گا (64) مگر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ تو (صالحؑ نے) کہا کہ اپنے گھروں میں
تین دن (اور) فائدے اٹھالو۔ یہ وعدہ ہے کہ جھوٹا نہ ہوگا (65) جب ہمارا حکم آیا تو ہم نے صالحؑ کو اور جو لوگ
ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو اپنی مہربانی سے بچا لیا اور اس دن کی رُسوائی[1] سے (محفوظ رکھا[2]) بیشک تمہارا
پروردگار طاقتور اور زبردست ہے (66) اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا، ان کو چنگھاڑ نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں
میں اوندھے[1] پڑے رہ گئے (67) گویا[2] کبھی ان میں بسے ہی نہ تھے[3] سن رکھو کہ ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔
اور سن رکھو ثمود پر پھٹکار[1] ہے (68) اور ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس بشارت[2] لے کر آئے تو سلام کہا۔ انہوں
نے بھی (جواب میں) سلام کہا۔ ابھی کچھ وقفہ نہیں ہوا تھا کہ (ابراہیمؑ) بُھنا ہوا بچھڑا لے آئے (69) جب دیکھا
کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں جاتے[1] تو ان کو اجنبی[2] سمجھ کر دل میں خوف کیا۔ (فرشتوں نے) کہا کہ خوف
نہ کیجئے ہم قوم لوطؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں (70) اور ابراہیمؑ کی بیوی (جو پاس) کھڑی تھی ہنس پڑی تو ہم نے
اس کو اسحاقؑ اور اسحاقؑ کے بعد یعقوبؑ کی خوشخبری دی (71) اس نے کہا اے ہے! میرے بچہ ہوگا؟ میں تو
بڑھیا ہوں اور یہ میرے میاں بھی بوڑھے ہیں یہ تو بڑی عجیب بات ہے (72)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ثبوت،سند 2۔پاس
- حکم نہ ماننا
- چارہ کھائے
- پاؤں یا قدم کاٹ دینا
- 1۔ذلت 2۔بچالیا
- تیز شور
- 1۔اُلٹے 2۔جیسے 3۔آبادہی نہیں ہوئے تھے
- 1۔لعنت 2۔خوشخبری
- 1۔وہ کھانا نہیں کھا رہے 2۔انجان، ناواقف

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ هُوْدٍ

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿73﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ
اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿74﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿75﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ
عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿76﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ
وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿77﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ
قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿78﴾ قَالُوْا
لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿79﴾ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ
شَدِيْدٍ ﴿80﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ
اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿81﴾

انہوں نے کہا کیا تم خدا کی قدرت سے تعجب کرتی ہو؟ اے اہل بیت تم پر خدا کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں۔
وہ سزاوار تعریف اور بزرگ وار ہے (73) جب ابراہیمؑ سے خوف جاتا رہا اور ان کو خوشخبری بھی مل گئی تو
قوم لوطؑ کے بارے میں لگے ہم سے بحث کرنے (74) بیشک ابراہیمؑ بڑے تحمل والے، نرم دل اور
رجوع کرنے والے تھے (75) اے ابراہیمؑ! اس بات کو جانے دو تمہارے پروردگار کا حکم آ پہنچا ہے اور
ان لوگوں پر عذاب آنے والا ہے جو کبھی نہیں ٹلنے کا (76) اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے تو
وہ ان (کے آنے) سے غمناک اور تنگ دل ہوئے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑی مشکل کا دن
ہے (77) اور لوطؑ کی قوم کے لوگ ان کے پاس بے تحاشا دوڑتے ہوئے آئے۔ اور یہ لوگ پہلے ہی
فعل شنیع کیا کرتے تھے۔ لوطؑ نے کہا کہ اے قوم! یہ (جو) میری (قوم کی) لڑکیاں ہیں یہ تمہارے
لئے (جائز اور) پاک ہیں تو خدا سے ڈرو اور میرے مہمانوں کے (بارے) میں میری آبرو نہ کھوؤ کیا تم
میں کوئی بھی شائستہ آدمی نہیں؟ (78) وہ بولے تم کو معلوم ہے کہ تمہاری (قوم کی) بیٹیوں کی ہمیں کچھ
حاجت نہیں اور جو ہماری غرض ہے اسے تم (خوب) جانتے ہو (79) لوطؑ نے کہا کہ اے کاش مجھ میں
تمہارے مقابلے کی طاقت ہوتی یا میں کسی مضبوط قلعہ میں پناہ پکڑ سکتا (80) فرشتوں نے کہا کہ لوطؑ! ہم
تمہارے پروردگار کے فرشتے ہیں۔ یہ لوگ ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکیں گے تو کچھ رات رہے سے اپنے گھر
والوں کو لے کر چل دو اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے پھر کر نہ دیکھے۔ مگر تمہاری بیوی کہ جو آفت ان پر پڑنے
والی ہے وہی اس پر پڑے گی۔ ان کے (عذاب کے) وعدے کا وقت صبح ہے اور کیا صبح کچھ دور ہے؟ (81)

حوالہ جات:

حزاب:33

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔طاقت، صلاحیت 2۔حیرت 3۔گھر والے
- 1۔مستحق 2۔بڑا بزرگ ہونا، بہت عزت والا
- برداشت
- توجہ کرنا، جھکنا
- ٹلے گا
- 1۔افسردہ 2۔حوصلہ ہارنا
- بے دھڑک
- خراب عمل
- عزت گُم نہ کرو
- موزوں، مناسب
- ضرورت
- 1۔عمارت 2۔حفاظت
- 1۔کسی بھی صورت 2۔رات کا کچھ حصّہ گزار کر
- مصیبت

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿82﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ
رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿83﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
غَيْرُهٗ ۭ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿84﴾ وَيٰقَوْمِ
اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿85﴾ بَقِيَّتُ
اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿86﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ
مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿87﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ
كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا
الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿88﴾

توجب ہمارا حکم آیا ہم نے اس (بستی) کو (اُلٹ کر) نیچے اوپر کر دیا اور ان پر پتھر کی تہہ بہ تہہ کنکریاں برسائیں
(82) جن پر تمہارے پروردگار کے ہاں سے نشان کئے ہوئے تھے اور وہ (بستی ان) ظالموں سے
کچھ دور نہیں (83) اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو (بھیجا) تو انہوں نے کہا کہ اے قوم!
خدا ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور ماپ اور تول میں کمی نہ کیا کرو۔ میں تو تم کو
آسودہ حال دیکھتا ہوں اور (اگر تم ایمان نہ لاؤ گے تو) مجھے تمہارے بارے میں ایسے دن کے عذاب کا خوف
ہے جو تم کو گھیر کر رہے گا (84) اور اے قوم! ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کو ان
کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور زمین میں خرابی کرتے نہ پھرو (85) اگر تم کو (میرے کہنے کا) یقین ہو تو خدا کا دیا
ہوا نفع ہی تمہارے لئے بہتر ہے اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں (86) انہوں نے کہا شعیبؑ! کیا تمہاری نماز
تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے آئے ہیں ہم ان کو ترک کر دیں یا اپنے مال میں جو تصرف
کرنا چاہیں تو نہ کریں۔ تم تو بڑے نرم دل اور راستباز ہو (87) انہوں نے کہا کہ اے قوم! دیکھو تو اگر میں
اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل روشن پر ہوں اور اس نے اپنے ہاں سے مجھے نیک روزی دی ہو۔ (تو کیا میں
نصیحت کے خلاف کروں گا؟) اور میں نہیں چاہتا کہ جس امر سے میں تمہیں منع کروں خود اس کو کرنے لگوں۔
میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکے (تمہارے معاملات کی) اصلاح چاہتا ہوں اور (اس بارے میں) مجھے
توفیق کا ملنا خدا ہی (کے فضل) سے ہے۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (88)

مشکل الفاظ کے معانی:

- پے در پے
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- خوشحال
- ڈھانپ لے گا، احاطہ کرنا
- کفر، فساد، شرک
- داروغہ، نگران
- 1۔چھوڑ دیں 2۔فضول خرچی
- درست راستے والا، نیک
- ثبوت، سند
- 1۔تاکید 2۔کام
- افعال یا کاموں کی درستگی
- 1۔طاقت، حیثیت 2۔متوجہ ہوتا ہوں

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ
مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿89﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿90﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا
مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْ لَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ز وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿91﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ
اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿92﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى
مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ
رَقِيْبٌ ﴿93﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ
فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿94﴾ ۙ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿95﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿96﴾ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ؕ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿97﴾

اور اے قوم! میری مخالفت تم سے کوئی ایسا کام نہ کرادے کہ جیسی مصیبت نوحؑ کی قوم یا ہودؑ کی قوم یا صالحؑ کی
قوم پر واقع ہوئی تھی، ویسی ہی مصیبت تم پر واقع ہو اور لوطؑ کی قوم (کا زمانہ تو) تم سے کچھ دُور نہیں (89) اور اپنے
پروردگار سے بخشش مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو۔ بیشک میرا پروردگار رحم والا (اور) محبت والا ہے (90) انہوں
نے کہا کہ شعیبؑ! تمہاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور بھی ہو۔ اور اگر
تمہارے بھائی بند نہ ہوتے تو ہم تم کو سنگسار کر دیتے۔ اور تم ہم پر (کسی طرح بھی) غالب نہیں ہو (91) انہوں
نے کہا کہ قوم! کیا میرے بھائی بندوں کا دباؤ تم پر خدا سے زیادہ ہے؟ اور اس کو تم نے پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے؟ میرا
پروردگار تو تمہارے سب اعمال کا احاطہ کئے ہوئے ہے (92) اور برادرانِ ملت! تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ میں
(اپنی جگہ) کام کئے جاتا ہوں، تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ رُسوا کرنے والا عذاب کس پر آتا ہے۔ اور جھوٹا
کون ہے؟ اور تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (93) اور جب ہمارا حکم آپہنچا تو ہم نے
شعیبؑ کو اور جو لوگ اُن کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو تو اپنی رحمت سے بچا لیا اور جو ظالم تھے ان کو چنگھاڑ نے
آدبوچا تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے (94) گویا ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ سن رکھو کہ مدین پر (ویسی ہی)
پھٹکار ہے جیسی ثمود پر پھٹکار تھی (95) اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں اور دلیل روشن دے کر بھیجا (96) (یعنی) فرعون
اور اس کے سرداروں کی طرف ۔ تو وہ فرعون ہی کے حکم پر چلے اور فرعون کا حکم درست نہیں تھا (97)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مصیبت: آفت
- 1۔ بھائی بند 2۔ سنگسار: 1۔ قریبی رشتہ دار 2۔ پتھر مار مار کر مار دینا
- 1۔ احاطہ 2۔ برادرانِ ملت: 1۔ گھیراؤ 2۔ قومی بھائیو
- رُسوا: ذلیل
- چنگھاڑ: چیخ
- 1۔ آدبوچا 2۔ اوندھے 3۔ بسے: 1۔ پکڑلیا 2۔ اُلٹے 3۔ آباد
- پھٹکار: ملامت، لعنت
- درست: ٹھیک

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ	حوالہ جات

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ (98) وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ
الْمَرْفُوْدُ (99) ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ (100) وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ
فَمَاۤ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ
تَتْبِيْبٍ (101) وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِیَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ (102) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ
خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ (103) وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ (104)
يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّسَعِيْدٌ (105) فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ
وَّشَهِيْقٌ (106) خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (107) وَاَمَّا
الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ (108)

وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے چلے گا اور ان کو دوزخ میں جا اُتارے گا۔ اور جس مقام پر وہ اُتارے
جائیں گے وہ بُرا ہے (98) اور اس جہان میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی (پیچھے لگی
رہے گی) جو انعام ان کو ملا ہے بُرا ہے (99) یہ (پُرانی) بستیوں کے تھوڑے سے حالات ہیں، جو ہم تم سے بیان
کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض تو باقی ہیں اور بعض کا تہس نہس ہو گیا (100) اور ہم نے ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا۔
بلکہ انہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔ غرض جب تمہارے پروردگار کا حکم آ پہنچا تو جن معبودوں کو وہ خدا کے سوا پکارا
کرتے تھے، وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے اور تباہ کرنے کے سوا ان کے حق میں اور کچھ نہ کر سکے (101) اور تمہارا
پروردگار جب نافرمان بستیوں کو پکڑا کرتا ہے تو اس کی پکڑ اسی طرح کی ہوتی ہے بیشک اس کی پکڑ دُکھ دینے والی
(اور) سخت ہے (102) ان (حالات) میں اس شخص کے لئے جو عذاب آخرت سے ڈرے عبرت ہے۔ یہ وہ
دن ہوگا جس میں سب لوگ اکٹھے کئے جائیں گے اور یہی وہ دن ہوگا جس میں سب (خدا کے رُوبرو) حاضر کئے
جائیں گے (103) اور ہم اس کے لانے میں ایک وقت معین تک تاخیر کر رہے ہیں (104) جس روز وہ آ
جائے گا تو کوئی متنفس خدا کے حکم کے بغیر بول بھی نہیں سکے گا۔ پھر ان میں سے کچھ بدبخت ہوں گے اور کچھ
نیک بخت (105) تو جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ میں (ڈال دیئے جائیں گے) اس میں ان کو چلانا اور دھاڑنا
ہوگا (106) (اور) جب تک آسمان و زمین ہیں۔ ہمیشہ اس میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے بیشک تمہارا
پروردگار جو چاہتا ہے کر دیتا ہے (107) اور جو نیک بخت ہوں گے وہ بہشت میں (داخل کئے جائیں گے اور)
جب تک آسمان اور زمین ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے یہ (خدا کی) بخشش ہے جو کبھی
منقطع نہیں ہوگی (108)

مشکل الفاظ کے معانی:
- آبادیوں
- تباہ و برباد
- 1۔ ناخداؤں، جن کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ علاوہ
- کے لئے
- گمراہ، مشرک
- نصیحت، سبق
- سامنے
- 1۔ مقرر 2۔ دیر
- 1۔ جاندار 2۔ بدنصیب
- خوش نصیب، نیک لوگ
- ختم، لاتعلق

حوالہ جات:
- ہود: 100،120
- آئندہ حصوں میں دیکھیے
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ هُوْدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

فَلَاتَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ
مَنْقُوْصٍ ﴿109﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿110﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿111﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ
اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿112﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ
وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿113﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ
الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿114﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿115﴾ فَلَوْلَا
كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿116﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿117﴾

تو یہ لوگ جو (غیر خدا کی) پرستش کرتے ہیں اس سے تم خلجان میں نہ پڑنا۔ یہ اسی طرح پرستش کرتے ہیں جس
طرح پہلے سے ان کے باپ دادا پرستش کرتے آئے ہیں اور ہم ان کو ان کا حصہ پُورا پُورا بلا کم و کاست دے دینے
والے ہیں (109) اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف
سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا اور وہ تو اس سے قوی شبے میں (پڑے ہوئے) ہیں
(110) اور تمہارا پروردگار ان سب کو (قیامت کے دن) ان کے اعمال کا پورا پورا بدلا دے گا۔ بیشک جو عمل یہ
کرتے ہیں وہ اس سے واقف ہے (111) سو (اے پیغمبرؐ) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ
تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں، قائم رہو۔ وہ تمہارے (سب) اعمال کو دیکھ رہا ہے (112) اور جو لوگ ظالم
ہیں ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپٹے گی۔ اور خدا کے سوا تمہارے اور دوست نہیں
ہیں (اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہو گئے) تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی (113) اور دن کے دونوں
سروں اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو، کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دُور کر دیتی ہیں۔
یہ ان کے لئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں (114) اور صبر کئے رہو کہ خدا نیکوکاروں کا اجر ضائع
نہیں کرتا (115) تو جو اُمتیں تم سے پہلے گزر چکی ہیں ان میں ایسے ہوشمند کیوں نہ ہوئے جو ملک میں خرابی کرنے
سے روکتے؟ ہاں (ایسے) تھوڑے سے (تھے) جن کو ہم نے ان میں سے مخلصی بخشی اور جو ظالم تھے وہ انہی باتوں
کے پیچھے لگے رہے جن میں عیش و آرام تھا اور وہ گناہوں میں ڈوبے ہوئے تھے (116) اور تمہارا پروردگار ایسا
نہیں ہے کہ بستیوں کو جبکہ وہاں کے باشندے نیکوکار ہوں از راہ ظلم تباہ کر دے (117)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ پریشانی فکر 2۔ پوجا، شرعی حکم ماننا
- نہ کم نہ زیادہ
- مضبوط شک
- توبہ کرنے والے
- 1۔ توجہ کرنا، جھکنا 2۔ علاوہ
- 1۔ کناروں، صبح اور شام کے اوقات 2۔ گھڑیوں، وقت
- معاوضہ، صلہ
- 1۔ عقلمند 2۔ کفر، شرک
- رہائی
- 1۔ آبادیوں 2۔ ظلم کرتے ہوئے

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ هُوْدٍ ، سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿118﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ
وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿119﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ
مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿120﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿121﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿122﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ
يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿123﴾

الٓرٰ ۟ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿1﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿2﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ
الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿3﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ
اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿4﴾

اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک ہی جماعت کر دیتا لیکن وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے (118)
مگر جن پر تمہارا پروردگار رحم کرے۔ اور اسی لئے اس نے ان کو پیدا کیا ہے۔ اور تمہارے پروردگار کا قول پورا ہو گیا
کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا (119) (اے محمدؐ) اور پیغمبروںؑ کے وہ سب حالات جو ہم
تم سے بیان کرتے ہیں۔ ان سے ہم تمہارے دل کو قائم رکھتے ہیں۔ اور ان (حالات) میں تمہارے پاس حق پہنچ
گیا اور (یہ) مومنوں کے لئے نصیحت اور عبرت ہے (120) اور جو لوگ ایمان نہیں لائے، ان سے کہہ دو کہ تم اپنی
جگہ عمل کئے جاؤ ہم (اپنی جگہ) عمل کئے جاتے ہیں (121) اور (نتیجۂ اعمال کا) تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کرتے
ہیں (122) اور آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزوں کا علم خدا ہی کو ہے۔ اور تمام امور کا رجوع اسی کی طرف ہے تو
اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو۔ اور جو کچھ تم کر رہے ہو تمہارا پروردگار اس سے بے خبر نہیں (123)

ترجمہ سورت یوسف

الٓرٰ۔ یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں (1) ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو (2)
(اے پیغمبرؐ) ہم اس قرآن کے ذریعے سے جو ہم نے تمہاری طرف بھیجا ہے تمہیں ایک نہایت اچھا قِصّہ
سناتے ہیں اور تم اس سے پہلے بے خبر تھے (3) جب یوسفؑ نے اپنے والد سے کہا کہ ابا میں نے (خواب
میں) گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے دیکھتا (کیا) ہوں کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں (4)

مشکل الفاظ کے معانی:
- قول: بات، کہنا
- قائم: مضبوط
- عبرت: نصیحت
- نتیجۂ اعمال: عملوں کا رزلٹ
- 1۔ امور 2۔ رجوع: 1۔کام 2۔جھکاؤ
- 1۔ عبادت 2۔ بھروسہ: 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔یقین

حوالہ جات: متشابہ، عمران: 7

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُف	حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْسُف

قَالَ يٰبُنَىَّ لَاتَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ⑤ وَكَذٰلِكَ
يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ
مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑥ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ⑦ اِذْ قَالُوْا
لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ⑧ ۨاقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ
اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ⑨ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَاتَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ
غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ⑩ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَاتَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ
لَنٰصِحُوْنَ ⑪ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑫ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ
يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ⑬ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ⑭

انہوں نے کہا کہ بیٹا اپنے خواب کا ذکر اپنے بھائیوں سے نہ کرنا۔نہیں تو وہ تمہارے حق میں کوئی فریب کی چال چلیں
گے۔کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا کُھلا دشمن ہے (5) اور اسی طرح خدا تمہیں برگزیدہ (وممتاز) کرے گا اور
(خواب کی) باتوں کی تعبیر کا علم سکھائے گا۔اور جس طرح اس نے اپنی نعمت پہلے تمہارے دادا پر دادا ابراہیمؑ اور
اسحاقؑ پر پوری کی تھی اسی طرح تم پر اور اولادِ یعقوبؑ پر پوری کرے گا۔بیشک تمہارا پروردگار (سب کچھ) جاننے
والا (اور) حکمت والا ہے (6) ہاں یوسفؑ اور ان کے بھائیوں (کے معاملے) میں پوچھنے والوں کے لئے (بہت
سی) نشانیاں ہیں (7) جب انہوں نے (آپس میں) تذکرہ کیا کہ یوسفؑ اور اس کا بھائی ابا کو ہم سے زیادہ
پیارے ہیں حالانکہ ہم جماعت (کی جماعت) ہیں کچھ شک نہیں کہ ابا صریح غلطی پر ہیں (8) تو یوسفؑ کو (یا تو
جان سے) مار ڈالو یا کسی ملک میں پھینک آؤ پھر ابا کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم اچھی
حالت میں ہو جاؤ گے (9) ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسفؑ کو جان سے نہ مارو کسی گہرے کنوئیں
میں ڈال دو کہ کوئی راہ گیر نکال (کر اور ملک میں) لے جائے گا اگر تم کو کرنا ہے (تو یوں کرو) (10) (یہ مشورہ کر
کے وہ یعقوبؑ سے) کہنے لگے کہ ابا جان کیا سبب ہے کہ آپ یوسفؑ کے بارے میں ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ
ہم اس کے خیر خواہ ہیں (11) کل اسے ہمارے ساتھ بھیج دیجئے خوب میوے کھائے اور کھیلے کودے ہم اس کے
نگہبان ہیں (12) انہوں نے کہا کہ یہ امر مجھے غمناک کئے دیتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ (یعنی وہ مجھ سے جدا ہو
جائے) اور مجھے یہ بھی خوف ہے کہ تم (کہیں) اس سے غافل ہو جاؤ اور اسے بھیڑیا کھا جائے (13) وہ کہنے لگے
کہ اگر ہماری موجودگی میں کہ ہم ایک طاقتور جماعت ہیں اسے بھیڑیا کھا گیا تو ہم بڑے نقصان میں پڑ گئے (14)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔بارے میں 2۔دھوکہ دینا
- 1۔معزز 2۔مشہور
- 1۔تدبیر،صلاحیت 2۔جھگڑے
- ذِکر
- 1۔بڑا گروہ 2۔صاف
- مسافر
- وجہ
- 1۔بھلائی یا فائدہ چاہنا 2۔پھل
- 1۔نگران 2۔کام 3۔افسردہ، پریشان
- 1۔بے خبر 2۔درندہ جانور

حوالہ جات

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات
	فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ	
	لَا يَشْعُرُوْنَ ⑮ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ⑯ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا	
	فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ⑰ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ	
	لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ⑱ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ	
	فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ⑲ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ	
	مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ⑳ ۧ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ	
	نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ	
	وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ㉑ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ㉒	
	غرض جب وہ اس کو لے گئے اور اس بات پر اتفاق کرلیا کہ اس کو گہرے کنوئیں میں ڈال دیں تو ہم نے یوسفؑ کی	
بتاؤ گے	طرف وحی بھیجی کہ (ایک وقت ایسا آئے گا کہ) تم ان کو اس سلوک سے آگاہ کروگے اور ان کو کچھ خبر نہ ہوگی (15)	یوسف:89تا91
کرتوت، اُلٹا کام	(یہ حرکت کرکے) وہ رات کے وقت باپ کے پاس روتے ہوئے آئے (16) (اور) کہنے لگے کہ ابا جان ہم تو	
سامان	دوڑنے اور ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف ہوگئے اور یوسفؑ کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تو اسے	
ماننا، یقین کرنا	بھیڑیا کھا گیا۔ اور آپ ہماری بات کو گو ہم سچ ہی کہتے ہوں باور نہیں کریں گے (17) اور ان کے کُرتے پر جھوٹ	
اصل واقعہ	مُوٹ کا لہو بھی لگا لائے۔ (یعقوبؑ نے کہا کہ حقیقۃ الحال یوں نہیں ہے) بلکہ تم اپنے دل سے (یہ) بات بنا لائے	
چاہیے	ہو۔ اچھا صبر (کہ وہی) خوب (ہے) اور جو تم بیان کرتے ہو اس کے بارے میں خدا ہی سے مدد مطلوب ہے (18)	
1۔عزت، کمال 2۔اچانک آ گیا 3۔ماشکی	(اب خدا کی شان دیکھو کہ اس کنوئیں کے قریب) ایک قافلہ آوارد ہوا اور انہوں نے (پانی کے لئے) اپنا سقا	
1۔برتن 2۔واہ 3۔خوبصورت	بھیجا۔ اس نے کنوئیں میں ڈول لٹکایا (تو یوسفؑ اس سے لٹک گئے) وہ بولا۔ زہے قسمت یہ تو (نہایت حسین)	
خزانہ	لڑکا ہے۔ اور اس کو قیمتی سرمایہ سمجھ کر چھپا لیا۔ اور جو کچھ وہ کرتے تھے خدا کو سب معلوم تھا (19) اور اس کو تھوڑی سی	
بہت تھوڑے	قیمت (یعنی) معدودے چند درہموں پر بیچ ڈالا اور انہیں ان (کے بارے) میں کچھ لالچ بھی نہ تھا (20) اور مصر میں	
مہربانی	جس شخص نے اس کو خریدا اس نے اپنی بیوی سے (جس کا نام زلیخا تھا) کہا کہ اس کو عزت و اکرام سے رکھو، عجب نہیں کہ	یوسف:31
	یہ ہمیں فائدہ دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں۔ اس طرح ہم نے یوسفؑ کو سرزمین (مصر) میں جگہ دی اور غرض یہ تھی کہ ہم	
حاوی ہے، اٹل ہے	ان کو (خواب کی) باتوں کی تعبیر سکھائیں اور خدا اپنے کام پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (21) اور جب وہ	
عقل	اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے ان کو دانائی اور علم بخشا اور نیکو کاروں کو ہم اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں (22)	

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	مشکل الفاظ کے معانی

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ
مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا ۚ لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ
السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿24﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا
الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿25﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ
وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿26﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ
مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿27﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ
عَظِيْمٌ ﴿28﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٜ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۖۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿29﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي
الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿30﴾

تو جس عورت کے گھر میں وہ رہتے تھے اس نے ان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا اور دروازے بند کر کے کہنے لگی (یوسفؑ) جلدی آؤ۔ انہوں نے کہا کہ خدا پناہ[1] میں رکھے وہ (تمہارے میاں) تو میرے آقا[2] ہیں۔ انہوں نے مجھے اچھی طرح سے رکھا ہے (میں ایسا ظلم نہیں کرسکتا) بیشک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گے (23) اور اس عورت نے ان کا قصد کیا اور انہوں نے اس کا قصد کیا اور اگر وہ پروردگار کی نشانی نہ دیکھتے (تو جو ہوتا سو ہوتا) یوں اس لئے (کیا گیا) کہ ہم ان سے بُرائی اور بے حیائی کو روک دیں۔ بیشک وہ ہمارے خالص بندوں میں سے تھے (24) اور دونوں دروازے کی طرف بھاگے (آگے یوسفؑ پیچھے زلیخا) اور عورت نے ان کا کُرتہ پیچھے سے (پکڑ کر جو کھینچا تو) پھاڑ ڈالا اور دونوں کو دروازے کے پاس عورت کا خاوند مل گیا تو عورت بولی کہ جو شخص تمہاری بیوی کے ساتھ بُرا ارادہ کرے، اس کی اس کے سوا کیا سزا ہے کہ یا تو قید کیا جائے یا دُکھ کا عذاب دیا جائے؟ (25) (یوسفؑ نے) کہا اسی نے مجھ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا۔ اس کے قبیلے میں سے ایک فیصلہ کرنے والے نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر اس کا کُرتہ آگے سے پھٹا ہو تو یہ سچی اور یوسفؑ جھوٹا ہے (26) اور اگر کُرتا پیچھے سے پھٹا ہو تو یہ جھوٹی اور وہ سچا ہے (27) جب اس کا کُرتہ دیکھا (تو) پیچھے سے پھٹا تھا (تب اس نے زلیخا سے کہا) کہ یہ تمہارا ہی فریب ہے۔ (اور) کچھ شک نہیں کہ تم عورتوں کے فریب بڑے (بھاری) ہوتے ہیں (28) یوسفؑ اس بات کا خیال نہ کر اور (زلیخا) تُو اپنے گناہ کی بخشش مانگ۔ بیشک خطا تیری ہی ہے (29) اور شہر میں عورتیں گفتگو کرنے لگیں کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اپنی طرف مائل کرنا چاہتی ہے اور اس کی محبت اس کے دل میں گھر کر گئی[1] ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ صریح[2] گمراہی میں ہے (30)

- مائل: متوجہ
- پناہ، آقا: 1۔حفاظت 2۔مالک
- فلاح: رہائی، بخشش
- قصد: ارادہ
- سوا: علاوہ
- مائل کرنا: متوجہ کرنا
- کُرتہ: قمیض
- فریب: دھوکہ، غلطی
- خطا: قصور، غلطی
- گھر کر گئی، صریح: 1۔ٹھہرگئی، گھس گئی 2۔صاف

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ
عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۫ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿31﴾ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ
الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿32﴾
قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿33﴾
فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿34﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ
حَتّٰى حِيْنٍ ﴿35﴾ ع وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّيْۤ اَرٰىنِيْۤ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْۤ اَرٰىنِيْۤ اَحْمِلُ فَوْقَ
رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿36﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ
قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿37﴾

جب زلیخا نے ان عورتوں کی (گفتگو جو حقیقت میں دیدار یوسف کے لئے ایک) چال (تھی) سنی تو ان کے پاس (دعوت کا) پیغام بھیجا اور ان کے لئے ایک محفل مرتب کی اور ہر ایک کو ایک ایک چھری دی اور (یوسفؑ سے) کہا کہ ان کے سامنے باہر آؤ۔ جب عورتوں نے ان کو دیکھا تو ان کا رعب (حسن) ان پر (ایسا) چھا گیا کہ (چھریوں سے) اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور بے ساختہ بول اٹھیں کہ سبحان اللہ۔ (یہ حسن،) یہ آدمی نہیں بزرگ فرشتہ ہے (31) تب (زلیخا نے) کہا یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم مجھے طعنے دیتی تھیں۔ اور بیشک میں نے اس کو اپنی طرف مائل[1] کرنا چاہا، مگر یہ بچا[2] رہا۔ اور اگر یہ وہ کام نہ کرے گا جو میں اسے کہتی ہوں تو قید کر دیا جائے گا اور ذلیل ہوگا (32) (یوسفؑ نے) دعا کی پروردگار! جس کام کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں اس کی نسبت مجھے قید پسند ہے۔ اور اگر تو مجھ سے ان کے فریب کو نہ ہٹائے گا تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانوں میں داخل ہو جاؤں گا (33) تو خدا نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان سے عورتوں کا مکر دفع کر دیا بیشک وہ سننے (اور) جاننے والا ہے (34) پھر باوجود اس کے کہ وہ لوگ نشان دیکھ چکے تھے ان کی رائے یہی ٹھہری کہ کچھ عرصے کے لئے ان کو قید ہی کر دیں (35) اور ان کے ساتھ دو اور جوان بھی داخل زندان ہوئے ایک نے ان میں سے کہا کہ (میں نے خواب دیکھا ہے) دیکھتا (کیا) ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں دوسرے نے کہا کہ (میں نے بھی خواب دیکھا ہے) میں یہ دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور جانور ان میں سے کھا رہے ہیں (تو) ہمیں ان کی تعبیر بتا دیجئے کہ ہم تمہیں نیکوکار دیکھتے ہیں (36) یوسفؑ نے کہا کہ جو کھانا تم کو ملنے والا ہے وہ آنے نہیں پائے گا کہ میں اس سے پہلے تم کو ان کی تعبیر بتا دوں گا۔ یہ ان (باتوں) میں سے ہے، جو میرے پروردگار نے مجھے سکھائی ہیں۔ جو لوگ خدا پر ایمان نہیں لاتے اور روز آخرت کا انکار کرتے ہیں میں ان کا مذہب چھوڑے ہوئے ہوں (37)

مشکل الفاظ کے معانی:

- جلوہ، نظارہ
- ترتیب دینا
- خودبخود، بلاتامّل یا جھجک
- 1۔متوجہ 2۔ہٹا رہا
- بدلے
- دھوکہ بازی
- غلط چال، دھوکہ دہی
- شہادت
- قیدی ہونا
- ترک کئے ہوئے ہوں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ
اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿38﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ
اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿39﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ
سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿40﴾
يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ
الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿41﴾ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ
رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿42﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ
وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ؕ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿43﴾

اور اپنے باپ دادا ابراہیمؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے مذہب پر چلتا ہوں ہمیں شایاں نہیں ہے کہ کسی
چیز کو خدا کے ساتھ شریک بنائیں یہ خدا کا فضل ہے ہم پر بھی اور لوگوں پر بھی، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں
کرتے (38) میرے جیل خانے کے رفیقو! بھلا کئی جُدا جُدا آقا اچھے یا (ایک) خدائے یکتا و غالب؟ (39)
جن چیزوں کی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو، وہ صرف نام ہی نام ہیں، جو تم نے اور تمہارے باپ
دادا نے رکھ لئے ہیں۔ خدا نے ان کی کوئی سند نازل نہیں کی۔ (سن رکھو کہ) خدا کے سوا کسی کی حکومت
نہیں ہے۔ اس نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا دین ہے۔ لیکن
اکثر لوگ نہیں جانتے (40) میرے جیل خانے کے رفیقو! تم میں سے (جو پہلا خواب بیان کرنے والا
ہے وہ) تو اپنے آقا کو شراب پلایا کرے گا۔ اور جو دوسرا ہے وہ سُولی دیا جائے گا اور جانور اس کا سر کھا
کھا جائیں گے۔ جو امر تم مجھ سے پوچھتے تھے وہ فیصل ہو چکا ہے (41) اور دونوں شخصوں میں سے جس
کی نسبت (یوسفؑ نے) خیال کیا کہ وہ رہائی پا جائے گا اس سے کہا کہ اپنے آقا سے میرا ذکر بھی کرنا۔
لیکن (اُسے) شیطان نے ان کا اپنے آقا سے ذکر کرنا بُھلا دیا اور یوسفؑ کئی برس جیل خانے ہی
میں رہے (42) اور بادشاہ نے کہا میں (نے خواب دیکھا) دیکھتا (کیا) ہوں کہ سات موٹی
گائیں ہیں، جن کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات خوشے سبز ہیں اور (سات) خشک۔
اے سردارو! اگر تم خوابوں کی تعبیر دے سکتے ہو تو مجھے میرے خواب کی تعبیر بتاؤ (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- زیب نہیں دیتا
- 1۔ساتھیو 2۔مالک 3۔اکیلا
- پوجا،شرعی حکم ماننا
- 1۔سرٹیفیکیٹ،دلیل 2۔علاوہ
- اللہ کا حکم ماننا
- زیادہ تر
- پھانسی
- 1۔کام 2۔فیصلہ
- کے متعلق
- سال
- 1۔پتلی 2۔گچھے
- معتبر لوگ

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْسُف	مشکل الفاظ کے معانی

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ وَقَالَ الَّذِىْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ
فَاَرْسِلُوْنِ ﴿45﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِىْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ
يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّىْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿46﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِىْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا
قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿47﴾ ثُمَّ يَاْتِىْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿48﴾ ثُمَّ يَاْتِىْ
مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿49﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِىْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى
رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِىْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّىْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿50﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ
نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْئٰنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ
لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿51﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ﴿52﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
انہوں نے کہا یہ تو پریشان سے خواب ہیں اور ہمیں ایسے خوابوں کی تعبیر نہیں آتی (44) اب وہ شخص جو دونوں	
قیدیوں میں سے رہائی پا گیا تھا اور جسے مدت کے بعد وہ بات یاد آ گئی، بول اٹھا کہ میں آپ کو اس کی تعبیر (لا) بتاتا	
ہوں مجھے (جیل خانے) جانے کی اجازت دیجئے (45) (غرض وہ یوسفؑ کے پاس آیا اور کہنے لگا) یوسفؑ! اے	
بڑے سچے (یوسفؑ!) ہمیں (اس خواب کی تعبیر) بتائیے کہ سات موٹی گایوں کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں	پتلی
اور سات خوشے سبز ہیں اور سات سُوکھے۔ تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جا (کر تعبیر بتاؤں) عجب نہیں کہ وہ	گچھے
(تمہاری قدر) جانیں (46) انہوں نے کہا کہ تم لوگ سات سال متواتر کھیتی کرتے رہو گے تو جو (غلّہ) کاٹو تو	1۔عزت کریں 2۔مسلسل 3۔اناج
تھوڑے سے غلّے کے سوا جو کھانے میں آئے اسے خوشوں میں ہی رہنے دینا (47) پھر اس کے بعد (خشک سالی	1۔علاوہ 2۔ سِٹّہ، گچھ 3۔قحط، بارش نہ ہونا
کے) سات سخت (سال) آئیں گے کہ جو (غلّہ) تم نے جمع کر رکھا ہو گا وہ اس سب کو کھا جائیں گے صرف وہی	
تھوڑا سا رہ جائے گا جو تم احتیاط سے رکھ چھوڑو گے (48) پھر اس کے بعد ایک ایسا سال آئے گا کہ خوب مینہ	بہت
برسے گا اور لوگ اس میں رس نچوڑیں گے (49) (یہ تعبیر سن کر) بادشاہ نے حکم دیا کہ یوسفؑ کو میرے پاس لے	خوب رزق ہونا
آؤ جب قاصد ان کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور ان سے پوچھو کہ ان عورتوں کا کیا	پیغام دینے والا
حال ہے، جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے۔ بیشک میرا پروردگار ان کے مکروں سے خوب واقف ہے (50)	دھوکوں
بادشاہ نے (عورتوں سے) پوچھا کہ بھلا اس وقت کیا ہوا تھا جب تم نے یوسفؑ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا؟	بتاؤ تو!
سب بول اٹھیں کہ حاشاللہ ہم نے اس میں کوئی بُرائی معلوم نہیں کی۔ عزیز کی عورت نے کہا کہ اب سچی بات تو	اللہ بچائے، خدا کی پناہ
ظاہر ہو ہی گئی ہے۔ (اصل یہ ہے) کہ میں نے اس کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا اور وہ بیشک سچا ہے (51)	متوجہ
(یوسفؑ نے کہا کہ میں نے) یہ بات اس لئے (پوچھی ہے) کہ عزیز کو یقین ہو جائے کہ میں نے اس کی پیٹھ	
پیچھے اس کی (امانت میں) خیانت نہیں کی اور خدا خیانت کرنے والوں کے مکروں کو روبراہ نہیں کرتا (52)	1۔چالوں 2۔درُست

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿53﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ
اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿54﴾ قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ
حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ﴿55﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ
وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿56﴾ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿57﴾ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا
عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿58﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِیْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی
الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿59﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿60﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا
لَفٰعِلُوْنَ ﴿61﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿62﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿63﴾

اور میں اپنے تیئں[1] پاک صاف نہیں کہتا کیونکہ نفس امارہ[2] (انسان کو) بُرائی ہی سکھاتا رہتا ہے مگر یہ کہ میرا پروردگار رحم
کرے بیشک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے (53) بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے میرے پاس لاؤ میں اسے اپنا
مصاحب خاص[1] بناؤں گا پھر جب ان سے گفتگو کی تو کہا کہ آج سے تم ہمارے ہاں صاحب منزلت[2] اور صاحب
اعتبار ہو (54) (یوسفؑ) نے کہا مجھے اس ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجئے کیونکہ میں حفاظت بھی کر سکتا ہوں اور
اس کام سے واقف ہوں (55) اس طرح ہم نے یوسفؑ کو ملک (مصر) میں جگہ دی اور وہ اس ملک میں جہاں
چاہتے تھے رہتے تھے۔ ہم اپنی رحمت جس پر چاہتے ہیں کرتے ہیں اور نیکو کاروں کے اجر کو ضائع نہیں
کرتے (56) اور جو لوگ ایمان لائے اور ڈرتے رہے ان کے لئے آخرت کا اجر بہت بہتر ہے (57) اور
یوسفؑ کے بھائی (مصر میں غلّہ خریدنے کے لئے) آئے تو یوسفؑ کے پاس گئے تو یوسفؑ نے ان کو پہچان لیا اور وہ
ان کو نہ پہچان سکے (58) جب یوسفؑ نے ان کے لئے ان کا سامان تیار کر دیا تو کہا کہ (پھر آنا تو) جو باپ کی
طرف سے تمہارا ایک اور بھائی ہے اسے بھی میرے پاس لیتے آنا کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں ماپ بھی پوری پوری دیتا
ہوں اور مہمان داری[1] بھی خوب[2] کرتا ہوں؟ (59) اور اگر تم اسے میرے پاس نہ لاؤ گے تو نہ تمہیں میرے ہاں[3] سے
غلّہ ملے گا اور نہ تم میرے پاس ہی آسکو گے (60) انہوں نے کہا کہ ہم اس کے بارے میں اس کے باپ سے تذکرہ
کریں گے اور ہم (یہ کام) کر کے رہیں گے (61) اور (یوسفؑ نے) اپنے خدام سے کہا کہ ان کا سرمایہ (یعنی غلّہ کی
قیمت) ان کے شلیتوں[1] میں رکھ دو عجب نہیں کہ جب یہ اپنے اہل وعیال[2] میں جائیں تو اسے پہچان لیں (اور) عجب
نہیں کہ یہ پھر یہاں آئیں (62) جب وہ اپنے باپ کے پاس واپس گئے تو کہنے لگے کہ ابا ہمارے لئے غلّے کی
بندش[1] کر دی گئی ہے تو ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیج دیجئے تاکہ ہم پھر غلّہ لائیں اور ہم اس کے نگہبان[2] ہیں (63)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔اپنے آپکو 2۔برائی کی طرف کھینچنے والا نفس
- 1۔خاص دوست 2۔رُتبہ
- لگا دیجئے
- صلہ، معاوضہ، بدلا
- اناج
- 1۔مہمان نوازی 2۔بہت اچھی طرح 3۔پاس
- ذکر
- نوکر
- 1۔بوریوں 2۔رشتہ دار لوگ
- اناج وغیرہ
- 1۔رکاوٹ 2۔نگران

حوالہ جات

- یوسف:21

حوالہ جات	سُوْرَةُ يُوْسُف	مشکل الفاظ کے معانی

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿64﴾ وَلَمَّا
فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا
وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿65﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ
لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿66﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ
بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿67﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ
اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿68﴾ ع
وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿69﴾

(یعقوبؑ نے) کہا کہ میں اس کے بارے میں تمہارا اعتبار نہیں کرتا مگر ویسا ہی جیسا اس کے بھائی کے بارے
میں کیا تھا۔ سو خدا ہی بہتر نگہبان ہے۔ اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے (64) اور جب انہوں نے اپنا
اسباب کھولا تو دیکھا کہ ان کا سرمایہ ان کو واپس کر دیا گیا ہے۔ کہنے لگے ابا ہمیں (اور) کیا چاہیئے؟ (دیکھئے)
یہ ہماری پُونجی بھی ہمیں واپس کر دی گئی ہے۔ اب ہم اپنے اہل وعیال کے لئے پھر غلّہ لائیں گے اور اپنے بھائی
کی نگہبانی کریں گے اور ایک بارِ شتر زیادہ لائیں گے (کہ) یہ غلّہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا ہے (65)
(یعقوبؑ نے) کہا کہ جب تک تم خدا کا عہد نہ دو کہ اس کو میرے پاس (صحیح وسالم) لے آؤ گے میں اسے ہرگز
تمہارے ساتھ نہیں بھیجنے کا۔ مگر یہ کہ تم گھیر لئے جاؤ (تو مجبوری ہے) جب انہوں نے ان سے عہد کر لیا
تو (یعقوبؑ نے) کہا کہ جو قول وقرار ہم کر رہے ہیں اس کا خدا ضامن ہے (66) اور ہدایت کی کہ بیٹا
ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ جُدا جُدا دروازوں سے داخل ہونا اور میں خدا کی طرف سے کسی
چیز کو تو تم سے روک نہیں سکتا (کہ بیشک) حکم اسی کا ہے۔ میں اسی پر بھروسا رکھتا ہوں۔ اور اہلِ توکل کو اسی پر
بھروسا رکھنا چاہیئے (67) اور جب وہ ان ان مقامات سے داخل ہوئے جہاں جہاں سے (داخل ہونے کے
لئے) باپ نے ان سے کہا تھا تو وہ تدبیر خدا کے حکم کو ذرا بھی ٹال نہیں سکتی تھی۔ ہاں وہ یعقوبؑ کے دل کی
خواہش تھی جو انہوں نے پوری کی تھی۔ اور بیشک وہ صاحبِ علم تھے کیونکہ ہم نے ان کو علم سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ
نہیں جانتے (68) اور جب وہ لوگ یوسفؑ کے پاس پہنچے تو یوسفؑ نے اپنے حقیقی بھائی کو اپنے پاس جگہ دی
اور کہا کہ میں تمہارا بھائی ہوں تو جو سلوک یہ (ہمارے ساتھ) کرتے رہے ہیں اس پر افسوس نہ کرنا (69)

مشکل الفاظ کے معانی:

- نگران، رکھوالا
- 1۔ سامان وغیرہ 2۔ رقم
- 1۔ اصل رقم 2۔ عزیز رشتہ دار 3۔ اناج
- اونٹ کے لئے وزن
- 1۔ وعدہ 2۔ پورا، مکمل 3۔ کسی بھی صورت
- 1۔ بھیجنے والا 2۔ پھنس جاؤ
- 1۔ عہد 2۔ ضمانت دینے والا
- الگ الگ
- یقین کرنے والے
- 1۔ یقین 2۔ جگہوں
- سوچ، حکمت عملی
- علم والے
- سگا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا
وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿71﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿72﴾ قَالُوْا
تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿73﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿74﴾
قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿75﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ
اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ
يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿76﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ
قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿77﴾ قَالُوْا
يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿78﴾

جب ان کا اسباب[1] تیار کر دیا تو اپنے بھائی کے شلیتے[2] میں گلاس رکھ دیا پھر (جب وہ کچھ باہر نکل گئے) تو ایک پکارنے والے نے آواز دی کہ قافلے والو! تم تو چور ہو (70) وہ ان کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز کھوگئی ہے؟ (71) وہ بولے کہ بادشاہ کا گلاس کھو گیا ہے اور جو شخص اس کو لے آئے اس کے لئے ایک بارِ شتر (انعام) اور میں اس کا ضامن[1] ہوں (72) وہ کہنے لگے کہ خدا کی قسم تم کو معلوم ہے کہ ہم (اس) ملک میں اس لئے نہیں آئے کہ خرابی[2] کریں اور نہ ہم چوری کیا کرتے ہیں (73) بولے کہ اگر تم جھوٹے نکلے (یعنی چوری ثابت ہوئی) تو اس کی سزا کیا؟ (74) انہوں نے کہا کہ اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے شلیتے میں وہ دستیاب ہو وہی اس کا بدل قرار دیا جائے۔ ہم ظالموں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں (75) پھر (یوسفؑ نے) اپنے بھائی کے شلیتے سے پہلے ان کے شلیتوں کو دیکھنا شروع کیا پھر اپنے بھائی کے شلیتے میں سے اس کو نکال لیا اس طرح ہم نے یوسفؑ کے لئے تدبیر کی (ورنہ) بادشاہ کے قانون کے مطابق وہ مشیت[1] خدا کے سوا[2] اپنے بھائی کو لے نہیں سکتے تھے ہم جس کے چاہتے ہیں درجے[3] بلند کرتے ہیں۔ اور ہر علم والے سے دوسرا علم والا بڑھ کر ہے (76) (برادرانِ یوسفؑ نے) کہا کہ اگر اس نے چوری کی ہو تو (کچھ عجب نہیں کہ) اس کے ایک بھائی نے بھی پہلے چوری کی تھی۔ یوسفؑ نے اس بات کو اپنے دل میں مخفی[1] رکھا اور ان پر ظاہر نہ ہونے دیا (اور دل میں) کہا کہ تم بڑے بدقماش[2] ہو اور جو تم بیان کرتے ہو خدا اسے خوب جانتا ہے (77) وہ کہنے لگے کہ اے عزیز! اس کے والد بہت بوڑھے ہیں (اور اس سے بہت محبت رکھتے ہیں) تو (اس کو چھوڑ دیجئے اور) اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیجئے ہم دیکھتے ہیں کہ آپ احسان کرنے والے ہیں (78)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔سامان وغیرہ 2۔بوری
- گم ہوگئی
- اونٹ کیلئے وزن
- 1۔ضمانت دینے والا 2۔فساد، کفر، شرک، اللہ کے حکم کی خلاف ورزی
- متبادل، بدلا
- حکمت عملی، سوچ
- 1۔مرضی، منظوری 2۔علاوہ 3۔رتبے
- عجیب، انوکھا
- 1۔چھپانا 2۔بدچلن

حوالہ جات

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُف	حوالہ جات

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿79﴾ فَلَمَّا اسْتَايْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا
نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ
فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿80﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا
يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿81﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا
وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿82﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ
اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿83﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ
عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿84﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ
الْهٰلِكِيْنَ ﴿85﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾

(یوسفؑ نے) کہا کہ خدا پناہ[1] میں رکھے کہ جس شخص کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا[2] کسی اور کو پکڑ
لیں ایسا کریں تو ہم (بڑے) بے انصاف ہیں (79) جب وہ اس سے نااُمید ہو گئے تو الگ ہو کر صلاح
کرنے لگے سب سے بڑے نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے والد نے تم سے خدا کا عہد لیا ہے؟ اور اس
سے پہلے بھی تم یوسفؑ کے بارے میں قصور کر چکے ہو تو جب تک والد صاحب مجھے حکم نہ دیں میں تو اس جگہ
سے ملنے کا نہیں یا خدا میرے لئے کوئی اور تدبیر کرے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (80) تم
سب والد کے پاس جاؤ اور کہو کہ ابا آپ کے صاحبزادے نے (وہاں جا کر) چوری کی۔ اور ہم نے تو اپنی
دانست کے مطابق آپ سے (اس کے لے آنے کا) عہد کیا تھا مگر ہم غیب (کی باتوں) کے (جاننے اور) یاد
رکھنے والے تو نہیں تھے (81) اور جس بستی[1] میں ہم (ٹھہرے) تھے وہاں سے (یعنی اہل مصر[2] سے) اور جو
قافلے میں آئے ہیں ان سے دریافت کر لیجئے اور ہم (اس بیان میں) بالکل سچے ہیں (82) (جب انہوں نے
یہ بات یعقوبؑ سے آ کر کہی تو) انہوں نے کہا (کہ حقیقت یوں نہیں) بلکہ یہ بات تم نے اپنے دل سے بنا لی
ہے تو صبر ہی بہتر ہے۔ عجب نہیں کہ خدا ان سب کو میرے پاس لے آئے۔ بیشک وہ دانا (اور) حکمت والا
ہے (83) پھر ان کے پاس سے چلے گئے اور کہنے لگے کہ ہائے افسوس یوسفؑ! اور رنج والم میں (اس قدر
روئے کہ) ان کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور ان کا دل غم سے بھر رہا تھا (84) (بیٹے) کہنے لگے کہ واللہ اگر آپ یوسفؑ
کو اسی طرح یاد ہی کرتے رہیں گے تو یا تو بیمار ہو جائیں گے یا جان ہی دے دیں گے (85) انہوں نے کہا کہ میں تو
اپنے غم واندوہ کا اظہار خدا سے کرتا ہوں اور خدا کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے (86)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔حفاظت 2۔علاوہ
- مشورہ
- غلطی، خطا
- حکمتِ عملی، حل، سوچ
- لاڈلا
- عقل، فہم
- 1۔آبادی 2۔مصر کے رہنے والے
- پوچھ لیجئے
- سچ، دراصل
- دُکھ اور افسوس
- دُکھ درد

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

يٰبَنِىَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا
الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ (87) فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا
الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ (88) قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ
جٰهِلُوْنَ (89) قَالُوْۤا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَاۤ اَخِىْ ؗ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ
وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (90) قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ (91) قَالَ
لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ؗ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (92) اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِىْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ
اَبِىْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِىْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ (93) ع وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّىْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَاۤ
اَنْ تُفَنِّدُوْنِ (94) قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِىْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ (95)

بیٹا (یوں کرو کہ ایک دفعہ پھر) جاؤ اور یوسفؑ اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور خدا کی رحمت سے نا اُمید
نہ ہو کہ خدا کی رحمت سے بے ایمان لوگ نا اُمید ہوا کرتے ہیں (87) جب وہ لوگ یوسفؑ کے پاس
گئے تو کہنے لگے کہ عزیز! ہمیں اور ہمارے اہل و عیال[1] کو بڑی تکلیف ہو رہی ہے اور ہم تھوڑا سا سرمایہ[2]
لائے ہیں۔ آپ ہمیں (اس کے عوض[1]) پورا غلّہ[2] دیجئے اور خیرات[3] کیجئے کہ خدا خیرات کرنے والوں کو
ثواب[1] دیتا ہے (88) (یوسفؑ نے) کہا تمہیں معلوم ہے کہ جب تم نادانی[2] میں پھنسے ہوئے تھے تو تم نے
یوسفؑ اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا تھا؟ (89) وہ بولے کیا تم ہی یوسفؑ ہو؟ انہوں نے کہا۔ ہاں
میں ہی یوسفؑ ہوں (اور) یہ میرا بھائی ہے۔ خدا نے ہم پر بڑا احسان کیا ہے جو شخص خدا سے ڈرتا اور صبر کرتا
ہے تو خدا نیکوکاروں کا اجر[1] ضائع نہیں کرتا (90) وہ بولے خدا کی قسم خدا نے تم کو ہم پر فضیلت[2] بخشی ہے
اور بیشک ہم خطا کار[1] تھے (91) (یوسفؑ نے) کہا کہ آج کے دن (سے) تم پر کچھ عتاب[2] (و ملامت[3])
نہیں ہے خدا تم کو معاف کرے اور وہ بہت رحم کرنے والا ہے (92) یہ میرا کُرتہ لے جاؤ اور اسے
والد صاحب کے منہ پر ڈال دو۔ وہ بینا ہو جائیں گے[1] اور اپنے تمام اہل و عیال[2] کو میرے پاس لے آؤ
(93) اور جب قافلہ روانہ ہوا تو ان کے والد کہنے لگے کہ اگر مجھ کو یہ نہ کہو کہ بہک گیا ہے تو مجھے تو یوسفؑ
کی بُو[1] آ رہی ہے (94) وہ بولے کہ واللہ آپ اسی قدیم[2] غلطی میں مبتلا[3] ہیں (95)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ قریبی رشتہ دار 2۔ رقم
- 1۔ بدلے 2۔ اناج 3۔ خدا کی راہ میں خرچ
- 1۔ بدلا، صلہ 2۔ بے وقوفی
- 1۔ بدلا، صلہ 2۔ برتری
- 1۔ غلطی کرنے والے 2۔ غصہ، غضب 3۔ پھٹکار
- قمیض
- 1۔ دیکھنے لگیں گے 2۔ عزیز رشتے دار
- عقل کھو دی ہے
- 1۔ خوشبو 2۔ پرانی 3۔ پھنسا ہوا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُف	حوالہ جات

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿96﴾
قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ﴿97﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿98﴾
فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿99﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ
وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَایَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ
اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِیْ وَبَيْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِيْفٌ
لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿100﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿101﴾ ذٰلِكَ مِنْ
اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿102﴾

جب خوشخبری دینے والا آ پہنچا تو کُرتہ (یعقوبؑ) کے منہ پر ڈال دیا اور وہ بینا ہو گئے (اور بیٹوں سے) کہنے لگے کیا
میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں خدا کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے؟ (96) بیٹوں نے کہا کہ
ابا ہمارے لئے ہمارے گناہ کی مغفرت مانگئے۔ بیشک ہم خطا کار تھے (97) انہوں نے کہا کہ میں اپنے پروردگار
سے تمہارے لئے بخشش مانگوں گا۔ بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے (98) جب (یہ سب لوگ) یوسفؑ کے پاس
پہنچے تو یوسفؑ نے اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا اور کہا مصر میں داخل ہو جایئے خدا نے چاہا تو خاطر جمع سے رہئے
گا (99) اور اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور سب یوسفؑ کے آگے سجدے میں گر پڑے (اس وقت) یوسفؑ نے کہا
ابا جان! یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے (بچپن میں) دیکھا تھا۔ میرے پروردگار نے اسے سچ کر
دیا۔ اور اس نے مجھ پر (بہت سے) احسان کئے ہیں کہ مجھ کو جیل خانے سے نکالا اور اس کے بعد کہ شیطان نے مجھ
میں اور میرے بھائیوں میں فساد ڈال دیا تھا۔ آپ کو گاؤں سے یہاں لایا۔ بیشک میرا پروردگار جو چاہتا ہے تدبیر
کرتا ہے۔ وہ دانا (اور) حکمت والا ہے (100) (اور خدا سے دعا کی کہ) اے میرے پروردگار! تُو نے مجھ کو
حکومت سے بہرہ دیا اور خوابوں کی تعبیر کا علم بخشا اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تُو ہی دنیا اور آخرت
میں میرا کارساز ہے۔ تو مجھے (دنیا سے) اپنی اطاعت (کی حالت) میں اٹھائیو اور (آخرت میں) اپنے نیک
بندوں میں داخل کیجیو (101) (اے پیغمبرؐ) یہ اخبار غیب میں سے ہیں جو ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اور جب
برادرانِ یوسفؑ نے اپنی بات پر اتفاق کیا تھا اور وہ فریب کر رہے تھے تو تم ان کے پاس تو نہ تھے (102)

1۔قمیص 2۔دیکھنے لگے

غلطی کرنے والے

سکون

1۔ناحق زیادتی، کفر، شرک 2۔سوچ بچار

نوازا

1۔کام بنانے والا 2۔فرمانبرداری

1۔کرنا 2۔غیب کی خبریں

دھوکہ دہی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يُوْسُفَ	حوالہ جات

وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿103﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾ ع وَكَاَيِّنْ مِّنْ
اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿105﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿106﴾
اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿107﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا
اِلَى اللّٰهِ ؔقف عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿108﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا
نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ
الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿109﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ
فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿110﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ
حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿111﴾ ع

اور بہت سے آدمی گو تم (کتنی ہی) خواہش کرو ایمان لانے والے نہیں ہیں (103) اور تم ان سے اس (خیر خواہی)
کا کچھ صلہ بھی تو نہیں مانگتے یہ (قرآن) اور کچھ نہیں، تمام عالم کے لئے نصیحت ہے (104) اور آسمان و زمین
میں بہت سی نشانیاں ہیں جن پر یہ گزرتے ہیں اور ان سے اعراض کرتے ہیں (105) اور یہ اکثر خدا پر
ایمان نہیں رکھتے مگر (اس کے ساتھ) شرک کرتے ہیں (106) کیا یہ اس (بات) سے بے خوف ہیں کہ ان پر
خدا کا عذاب نازل ہو کر ان کو ڈھانپ لے یا ان پر ناگہاں قیامت آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو؟ (107)
کہہ دو میرا رستہ تو یہ ہے میں خدا کی طرف بلاتا ہوں (از روئے یقین و برہان) سمجھ بوجھ کر میں بھی (لوگوں کو
خدا کی طرف) بلاتا ہوں اور میرے پیرو بھی اور خدا پاک ہے۔ اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں
ہوں (108) اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں کے رہنے والوں میں سے مرد ہی بھیجے تھے جن کی طرف ہم وحی
بھیجتے تھے کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر (و سیاحت) نہیں کی کہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا
انجام کیا ہوا؟ اور متقیوں کے لئے آخرت کا گھر بہت اچھا ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ (109) یہاں تک کہ جب
پیغمبرؑ نا اُمید ہو گئے اور انہوں نے خیال کیا کہ (جس وعدے کے بارے میں بات انہوں نے کہی تھی اس میں)
وہ سچے نہ نکلے تو ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی پھر جسے ہم نے چاہا بچا دیا اور ہمارا عذاب (اُتر کر) گنہگار لوگوں
سے پھرا نہیں کرتا (110) ان کے قصے میں عقل مندوں کے لئے عبرت ہے۔ یہ (قرآن) ایسی بات نہیں
ہے جو (اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں ان کی تصدیق
(کرنے والا) ہے اور ہر چیز کی تفصیل (کرنے والا) اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (111)

1۔ چاہے 2۔ بھلائی چاہنا

1۔ بدلا 2۔ جہان

1۔ منہ پھیرنا 2۔ زیادہ تر

1۔ گھیر لے، چھپا لے 2۔ اچانک

1۔ مکمل یقین کیساتھ 2۔ پکی دلیل کیساتھ

پیروکار

آبادیاں

گھومنا پھرنا

1۔ آخیر 2۔ پرہیزگار

1۔ ہٹا نہیں کرتا 2۔ نصیحت، سبق

آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الرَّعْدِ	مشکل الفاظ کے معانی

الٓمّرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ① اَللّٰهُ
الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ
لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ② وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ
فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ③ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ
صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۚ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ④
وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ۬ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑤

ترجمہ سورت رعد

الٓمرا، (اے محمدؐ) یہ کتاب (الٰہی) کی آیتیں ہیں اور جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے
لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے (1) خدا وہی تو ہے جس نے ستونوں کے بغیر آسمان جیسا کہ تم دیکھتے ہو (اتنے)
اونچے بنائے پھر عرش پر جا ٹھہرا اور سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر ایک ایک میعاد معین تک گردش کر رہا
ہے۔ وہی (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتا ہے (اس طرح) وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتا ہے کہ تم اپنے
پروردگار کے رُوبرو جانے کا یقین کرو (2) اور وہ وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا پیدا
کئے۔ اور ہر طرح کے میووں کی دو قسمیں بنائیں وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے۔ غور کرنے والوں کے لئے
اس میں بہت سی نشانیاں ہیں (3) اور زمین میں کئی طرح کے قطعات ہیں ایک دوسرے سے ملے ہوئے اور انگور
کے باغ اور کھیتی اور کھجور کے درخت بعض کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں اور بعض کی اتنی نہیں ہوتیں (باوجود یہ کہ)
پانی سب کو ایک ہی ملتا ہے۔ اور ہم بعض میووں کو بعض پر لذت میں فضیلت دیتے ہیں۔ اس میں سمجھنے والوں کے
لئے بہت سی نشانیاں ہیں (4) اگر تم عجیب بات سننی چاہو تو کافروں کا یہ کہنا عجیب ہے کہ جب ہم (مر کر) مٹی ہو
جائیں گے تو کیا از سرِ نو پیدا ہوں گے؟ یہی لوگ ہیں جو اپنے پروردگار سے مُنکر ہوئے ہیں۔ اور یہی ہیں جن
کی گردنوں میں طوق ہوں گے۔ اور یہی اہلِ دوزخ ہیں کہ ہمیشہ اس میں (جلتے) رہیں گے (5)

حوالہ جات:
متشابہ، عمران: 7

مشکل الفاظ کے معانی:
- کھمبا، ٹیک
- 1۔ قیام کیا 2۔ مقررہ وقت 3۔ چکر کھانا
- آمنے سامنے
- پھل وغیرہ
- ٹکڑے
- حالانکہ
- 1۔ ذائقہ 2۔ برتری
- 1۔ نئے سرے سے 2۔ انکار کرنا
- پٹے، بوجھ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

سُوْرَةُ الرَّعْدِ

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى
ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑥ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ
وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ⑦ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ
بِمِقْدَارٍ ⑧ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ⑨ سَوَاۗءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ
مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ⑩ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْۗءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ
وَّالٍ ⑪ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ⑫ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ
مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَاۗءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ⑬

اور یہ لوگ بھلائی سے پہلے تم سے بُرائی کے جلد خواستگار (یعنی طالب عذاب ہیں) حالانکہ ان سے پہلے عذاب (واقع) ہو چکے ہیں۔ اور تمہارا پروردگار لوگوں کو باوجود ان کی نا انصافیوں کے معاف کرنے والا ہے۔ اور بیشک تمہارا پروردگار سخت عذاب دینے والا ہے (6) اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبرؐ) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی؟ سو (اے محمدؐ) تم تو صرف ہدایت کرنے والے ہو اور ہر ایک قوم کے لئے رہنما[1] ہوا کرتا ہے (7) خدا ہی اس بچے سے واقف ہے جو عورت کے پیٹ میں ہوتا ہے اور پیٹ کے سکڑنے[2] اور بڑھنے سے بھی (واقف ہے) اور ہر چیز کا اس کے ہاں ایک اندازہ مقرر ہے (8) وہ دانائے[1] نہاں و آشکار[2] ہے۔ سب سے بزرگ (اور) عالی رُتبہ ہے (9) کوئی تم میں سے چُپکے سے بات کہے یا پکار کر یا رات کو کہیں چھپ جائے یا دن (کی روشنی) میں کُھلم کُھلا چلے پھرے (اس کے نزدیک) برابر ہے (10) اس کے آگے اور پیچھے خدا کے چوکیدار ہیں جو خدا کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ خدا اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے اور جب خدا کسی قوم کے ساتھ بُرائی[1] کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی اور خدا کے سوا[2] ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا (11) اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور اُمید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے (12) اور رعد[1] اور فرشتے سب اس کے خوف سے اس کی تسبیح و تحمید[2] کرتے رہتے ہیں۔ اور وہی بجلیاں بھیجتا ہے۔ پھر جس پر چاہتا ہے گرا بھی دیتا ہے۔ اور وہ خدا کے بارے میں جھگڑتے ہیں اور وہ بڑی قوت والا ہے (13)

مشکل الفاظ کے معانی

- خواہش کرنا
- 1۔رستہ دکھانے والا 2۔کم ہونے
- 1۔عقل رکھنا، جاننے والا 2۔کھلی اور چھپی چیز
- بڑی شان والا
- اس کے لئے
- 1۔انتقام 2۔علاوہ
- وزنی
- 1۔ایک مخلوق 2۔ذکر از کار
- طاقت، صلاحیت

حوالہ جات

آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرَّعْدِ	حوالہ جات

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ
وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ⑭ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا
وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ⑮ السجدة قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ
لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ
اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ
الْقَهَّارُ ⑯ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ
فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ
وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ⑰

سُود مند پکارنا تو اسی کا ہے اور جن کو یہ لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کو کسی طرح قبول نہیں کرتے
مگر اس شخص کی طرح جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلا دے تاکہ (دُور ہی سے) اس کے منہ تک آ پہنچے۔
حالانکہ وہ (اس تک کبھی بھی) نہیں آ سکتا اور (اس طرح) کافروں کی پکار بیکار ہے (14) اور جتنی مخلوقات
آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے یا زبردستی سے خدا کے آگے سجدہ کرتی ہے۔ اور ان کے سائے
بھی صبح و شام (سجدے کرتے) ہیں (15) ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟
(ہاں ہاں) کہہ دو کہ خدا۔ پھر (ان سے) کہو کہ تم نے خدا کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز بنایا ہے جو خود
اپنے نفع ونقصان کا بھی کچھ اختیار نہیں رکھتے؟ (یہ بھی) پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہیں؟ یا اندھیرا اور
اُجالا برابر ہوسکتا ہے؟ بھلا ان لوگوں نے جن کو خدا کا شریک مقرر کیا ہے کیا انہوں نے خدا کی سی مخلوقات پیدا کی ہے
جس کے سبب ان کو مخلوقات مُشتبہ ہوگئی ہے؟ کہہ دو کہ خدا ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ یکتا (اور) زبردست
ہے (16) اسی نے آسمان سے مینہ برسایا پھر اس سے اپنے اپنے اندازے کے مطابق نالے بہہ نکلے پھر نالے پر
پھولا ہوا جھاگ آ گیا اور جس چیز کو زیور یا کوئی اور سامان بنانے کے لئے آگ میں تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی
جھاگ ہوتا ہے۔ اس طرح خدا حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے سو جھاگ تو سُوکھ کر زائل ہو جاتا ہے اور جو
لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھہرا رہتا ہے اس طرح خدا مثالیں بیان فرماتا ہے (تاکہ تم سمجھو) (17)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ فائدہ مند 2۔ علاوہ
- 1۔ کسی کام کا نہ ہونا، بے فائدہ 2۔ خدا کی بنائی ہوئی چیزیں
- کام سنوارنے والا
- فائدہ
- روشنی
- 1۔ کی وجہ سے 2۔ جس میں شبہ ہو، ایک جیسی لگنا، مشکوک 3۔ اکیلا
- بارش
- 1۔ روئی کا گالا 2۔ گرم کرتے ہیں
- 1۔ سچ اور جھوٹ 2۔ خیر 3۔ خشک ہو کر 4۔ ختم، ضائع

حوالہ جات:

- نجم: 40,39
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- مومنون: 84تا89

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرَّعْدِ	حوالہ جات

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿18﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ
هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿19﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿20﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ
بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿21﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿22﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ
صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿23﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ
عُقْبَى الدَّارِ ﴿24﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى
الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿25﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَا
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿26﴾

جن لوگوں نے خدا کے حکم کو قبول کیا ان کی حالت بہت بہتر ہوگی اور جنہوں نے اس کو قبول نہ کیا اگر روئے زمین
کے سب خزانے ان کے اختیار میں ہوں تو وہ سب کے سب اور ان کے ساتھ ہی اتنے اور (نجات کے) بدلے میں
صرف کر ڈالیں (مگر نجات کہاں؟) ایسے لوگوں کا حساب بھی برا ہوگا۔ اور ان کا ٹھکانہ بھی دوزخ ہے اور وہ بری
جگہ ہے (18) بھلا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے وہ اس شخص
کی طرح ہے جو اندھا ہے اور سمجھتے تو وہی ہیں جو عقلمند ہیں (19) جو خدا کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اقرار کو نہیں
توڑتے (20) اور جن (رشتہ ہائے قرابت) کے جوڑے رکھنے کا خدا نے حکم دیا ہے ان کو جوڑے رکھتے اور اپنے
پروردگار سے ڈرتے رہتے اور برے حساب سے خوف رکھتے ہیں (21) اور جو پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے
کے لئے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور
ظاہر خرچ کرتے ہیں اور نیکی سے برائی کو دور کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے عاقبت کا گھر ہے (22)
(یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغات جن میں وہ داخل ہوں گے اور ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں سے جو نیکوکار
ہوں گے وہ بھی (بہشت میں جائیں گے) اور فرشتے (بہشت کے) ہر ایک دروازے سے ان کے پاس آئیں
گے (23) (اور کہیں گے) تم پر رحمت ہو (یہ) تمہاری ثابت قدمی کا بدلا ہے اور عاقبت کا گھر خوب (گھر)
ہے (24) اور جو لوگ خدا سے عہد واثق کر کے اس کو توڑ ڈالتے اور جن (رشتہ ہائے قرابت) کے جوڑے رکھنے کا
خدا نے حکم دیا ہے ان کو قطع کر دیتے ہیں اور ملک میں فساد کرتے ہیں ایسوں پر لعنت ہے۔ اور ان کے لئے گھر بھی
برا ہے (25) خدا جس کا چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کا چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ اور (کافر لوگ)
دنیا کی زندگی پر خوش ہو رہے ہیں۔ اور دنیا کی زندگی آخرت (کے مقابلے) میں (بہت) تھوڑا فائدہ ہے (26)

مشکل الفاظ کے معانی

- روئے زمین: تمام زمین
- نجات: رہائی، مخلصی
- صرف: خرچ
- حق: سچ
- اقرار: عہد، وعدہ
- رشتہ ہائے قرابت: قریبی رشتہ
- خوشنودی: خوشی
- 1۔ مصائب 2۔ پوشیدہ: 1۔مصیبت 2۔چھپا
- عاقبت: آخری، آخرت
- ثابت قدمی: قائم رہنا، مضبوطی
- عہد واثق: پکا وعدہ
- 1۔ قطع کر دیتے 2۔ فساد: 1۔توڑ دینے 2۔خرابی، شرک
- فراخ: کھلا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَۃُ الرَّعْدِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿27﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿28﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ
مَاٰبٍ ﴿29﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَاْ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ
قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿30﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ
الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿31﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ
بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿32﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا
كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾

اور کافر کہتے ہیں کہ اس (پیغمبرؑ) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی؟ کہہ دو کہ خدا جسے
چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے۔ اور جو (اس کی طرف) رجوع ہوتا ہے اس کو اپنی طرف کا رستہ دکھاتا ہے (27) (یعنی) جو لوگ
ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ خدا سے آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ خدا کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں (28)
جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کے لئے خوشحالی اور عمدہ ٹھکانا ہے (29) (جس طرح ہم اور پیغمبرؑ بھیجتے رہے
ہیں) اسی طرح (اے محمدؐ) ہم نے تم کو اس اُمت میں جس سے پہلے بہت سی اُمتیں گزر چکی ہیں، بھیجا ہے تاکہ ان کو وہ
(کتاب) جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے پڑھ کر سنا دو اور یہ لوگ رحمٰن کو نہیں مانتے۔ کہہ دو وہی تو میرا پروردگار ہے
اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں اسی پر بھروسا رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (30) اور اگر کوئی قرآن
ایسا ہوتا کہ اس (کی تاثیر) سے پہاڑ چل پڑتے یا زمین پھٹ جاتی یا دنیا کی مُدّتِ حیات پوری ہو جانے والوں سے
کلام کر سکتے (تو یہی وہ قرآن ہے مگر) بات یہ ہے کہ سب باتیں خدا کے اختیار میں ہیں تو کیا مومنوں کو اس سے اطمینان
نہیں ہوا کہ اگر خدا چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت کے رستے پر چلا دیتا اور کافروں پر ہمیشہ ان کے اعمال کے بدلے بلا
آتی رہے گی یا ان کے مکانات کے قریب نازل ہوتی رہے گی یہاں تک کہ خدا کا وعدہ آپہنچے بیشک خدا وعدہ خلاف نہیں
کرتا (31) اور تم سے پہلے بھی رسولوںؑ کے ساتھ تمسخر ہوتے رہے ہیں تو ہم نے کافروں کو مہلت دی پھر پکڑ لیا سو
(دیکھ لو کہ) ہمارا عذاب کیسا تھا؟ (32) تو کیا جو (خدا) ہر متنفس کے اعمال کا نگراں ہے (وہ ان کے شریکوں
کی طرح ہو سکتا ہے؟) اور ان لوگوں نے خدا کے شریک مقرر کر رکھے ہیں۔ ان سے کہو کہ (ذرا) ان کے نام تو لو
کیا تم اسے ایسی چیزیں بتاتے ہو جس کو وہ زمین میں (کہیں بھی) معلوم نہیں کرتا؟ یا (محض) ظاہری (باطل اور جھوٹی)
بات کی (تقلید کرتے ہو؟) اصل یہ ہے کہ کافروں کو ان کے فریب خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ اور وہ (ہدایت
کے) رستے سے روک لئے گئے ہیں اور جسے خدا گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں (33)

- جھکاؤ رکھنا، توجہ کرنا
- امیر ہونا
- گروہ، جماعت
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔توجہ
- 1۔اثر 2۔زندگی کا عرصہ
- سکون
- مصیبت
- 1۔مذاق 2۔مزید وقت
- 1۔جاندار 2۔نگہبان
- سراسر جھوٹی
- 1۔نقل کرنا 2۔دھوکے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرَّعْدِ	حوالہ جات

لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿34﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ
الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖۗ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿35﴾
وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ
وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿36﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ
مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿37﴾ ۧ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا
كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِىَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿38﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۖۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿39﴾
وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿40﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِى
الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿41﴾

ان کو دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب تو بہت ہی سخت ہے۔ اور ان کو خدا (کے عذاب سے)
کوئی بھی بچانے والا نہیں (34) جس باغ کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کے اوصاف یہ ہیں کہ اس کے نیچے
نہریں بہہ رہی ہیں اس کے پھل ہمیشہ (قائم رہنے والے) ہیں اور اس کے سائے بھی یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو متقی
ہیں اور کافروں کا انجام دوزخ ہے (35) اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (کتاب) سے جو تم پر نازل
ہوئی ہے خوش ہوتے ہیں اور بعض فرقے اس کی بعض باتیں نہیں بھی مانتے۔ کہہ دو کہ مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ خدا ہی کی
عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ بناؤں۔ میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا
ہے (36) اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی زبان کا فرمان نازل کیا ہے اور اگر تم علم (و دانش) آنے کے بعد
ان لوگوں کی خواہشوں کے پیچھے چلو گے تو خدا کے سامنے کوئی نہ تمہارا مددگار ہوگا۔ اور نہ کوئی بچانے والا (37)
اور (اے محمدؐ) ہم نے تم سے پہلے بھی پیغمبرؑ بھیجے تھے اور ان کو بیبیاں اور اولاد بھی دی تھی۔ اور کسی پیغمبرؑ کے اختیار کی
بات نہ تھی کہ خدا کے حکم کے بغیر کوئی نشانی لائے۔ ہر (حکم) قضا (کتاب میں) مرقوم ہے (38) خدا جس کو چاہتا
ہے مٹا دیتا ہے اور (جس کو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے۔ اور اسی کے پاس اصل کتاب ہے (39) اور اگر ہم کوئی عذاب
جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھائیں (یعنی تمہارے رُوبرو ان پر نازل کریں) یا تمہاری مدت حیات
پوری کر دیں (یعنی تمہارے انتقال کے بعد عذاب بھیجیں) تو تمہارا کام (ہمارے احکام کا) پہنچا دینا ہے اور ہمارا
کام حساب لینا ہے (40) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں؟
اور خدا (جیسا چاہتا ہے) حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کا رد کرنے والا نہیں اور وہ جلد حساب لینے والا ہے (41)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ پرہیزگاروں 2۔ صفتیں
- 1۔ فروٹ 2۔ آخیر
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ واپس جانا
- عقل
- بیویاں
- 1۔ موت 2۔ لکھا ہونا
- 1۔ سامنے 2۔ زندگی کا وقت
- ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا، موت
- تردید کرنے والا، غلط ثابت کرنے والا

حوالہ جات:

- آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- 1۔ آئندہ حصّوں میں دیکھئے
  2۔ آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرَّعْدِ ، سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ	حوالہ جات
	وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿42﴾	
	وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿43﴾	
	الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ	
	الْحَمِيْدِ ﴿1﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ﴿2﴾ الَّذِيْنَ	
	يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ	
	بَعِيْدٍ ﴿3﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	
	وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿4﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ	
	بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿5﴾	
بہت زیادہ	جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی (بہتیری) چالیں چلتے رہے ہیں سو چال تو سب اللہ ہی کی ہے۔ ہر	عمران:54
1۔جاندار 2۔آخرت	متنفس جو کچھ کر رہا ہے وہ اسے جانتا ہے اور کافر جلدی معلوم کر لیں گے کہ عاقبت کا گھر کس کے لئے	
	ہے (42) اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ تم (خدا کے) رسولؐ نہیں ہو۔ کہہ دو کہ میرے اور تمہارے	
	درمیان خدا اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے گواہ کافی ہے (43)	
	ترجمہ سورت ابراھیم	
نور یا روشنی سے بھری ہوئی	الٓرٰ۔ (یہ) ایک (پُرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لئے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے	متشابہ:عمران 7
	سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ (یعنی) ان کے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابل تعریف	
	(خدا) کے رستے کی طرف (1) وہ خدا کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور کافروں	
1۔نقصان،کفر،شرک 2۔بدلے	کے لئے عذاب سخت (کی وجہ) سے خرابی ہے (2) جو آخرت کی نسبت دنیا کو پسند کرتے اور (لوگوں کو)	
1۔ٹیڑھاپن 2۔آخری حد کی	خدا کے رستے سے روکتے اور اس میں کجی چاہتے ہیں۔ یہ لوگ پرلے سرے کی گمراہی میں ہیں (3)	
	اور ہم نے کوئی پیغمبرؑ نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان بولتا تھا تاکہ انہیں (احکام خدا) کھول کھول کر بتا دے	
	پھر خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے (4)	
اندھیرے	اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو تاریکی سے نکال کر روشنی میں لے جاؤ اور ان کو	
1۔اچھے وقت بتاؤ 2۔صبر اور شکر کرنے والے 3۔طاقت،صلاحیت	خدا کے دن یاد دلاؤ۔ اس میں ان لوگوں کے لئے جو صابر شاکر ہیں (قدرت خدا کی) نشانیاں ہیں (5)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْم	حوالہ جات

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ
وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ 6 وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ
شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝ 7 وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ
جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ 8 اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڜ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ
بَعْدِهِمْ ڜ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ
اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ 9 قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ
تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ 10

اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا نے جو تم پر مہربانیاں کی ہیں ان کو یاد کرو جبکہ تم کو فرعون کی قوم (کے ہاتھ) سے مخلصی دی وہ لوگ تمہیں بڑے عذاب دیتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے تھے اور عورت ذات یعنی تمہاری لڑکیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (سخت) آزمائش تھی (6) اور جب تمہارے پروردگار نے (تم کو) آگاہ کیا کہ اگر شکر کرو گے تو میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو (یاد رکھو کہ) میرا عذاب (بھی) سخت ہے (7) اور موسیٰؑ نے (صاف صاف) کہہ دیا کہ اگر تم اور جتنے اور لوگ زمین میں ہیں سب کے سب ناشکری کرو تو خدا بھی بے نیاز (اور) قابل تعریف ہے (8) بھلا تم کو ان لوگوں (کے حالات) کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے تھے (یعنی) نوحؑ اور عاد اور ثمود کی قوم؟ اور جو ان کے بعد تھے جن کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں (جب) ان کے پاس پیغمبرؑ نشانیاں لے کر آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ ان کے مونہوں پر رکھ دیئے (کہ خاموش رہو) اور کہنے لگے کہ ہم تو تمہاری رسالت کو تسلیم نہیں کرتے اور جس چیز کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو ہم اس سے قوی شک میں ہیں (9) ان کے پیغمبروںؑ نے کہا کہ (تم کو) خدا (کے بارے) میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے؟ وہ تمہیں اس لئے بلاتا ہے کہ تمہارے گناہ بخشے اور (فائدہ پہنچانے کے لئے) ایک مدت[1] مقرر تک تم کو مہلت دے وہ بولے تم تو ہمارے ہی جیسے آدمی ہو تمہارا یہ منشا[2] ہے کہ جن چیزوں کو ہمارے بڑے پوجتے رہے ہیں ان (کے پوجنے) سے ہم کو بند کر دو تو (اچھا) کوئی کھلی دلیل[1] لاؤ (یعنی معجزہ[2] دکھاؤ) (10)

مشکل الفاظ	معانی
مخلصی	رہائی
آزمائش	امتحان
آگاہ کیا	بتادیا
صاف صاف	کھل کر، واضح طور پر
بے نیاز	بے پرواہ، لاغرض
سوا	علاوہ
تسلیم	ماننا
قوی	مضبوط
مدت، منشا	1۔عرصہ 2۔مقصد
دلیل، معجزہ	1۔ثبوت، سند 2۔کرشمہ، چمتکار

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ	حوالہ جات

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ
اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ
اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ⑫ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ
مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ⑬ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْ ۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ
وَعِيْدِ ⑭ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ⑮ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ⑯ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ
يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ⑰ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ
كَرَمَادِ ۣ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑱ اَلَمْ تَرَ اَنَّ
اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ⑲ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ⑳

پیغمبروںؑ نے ان سے کہا کہ ہاں ہم تمہارے ہی جیسے آدمی ہیں لیکن خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے
(نبوت کا) احسان کرتا ہے اور ہمارے اختیار کی بات نہیں کہ ہم خدا کے حکم کے بغیر تم کو (تمہاری فرمائش کے
مطابق) معجزہ دکھائیں اور خدا ہی پر مومنوں کو بھروسا رکھنا چاہیے (11) ہم کیونکر خدا پر بھروسا نہ رکھیں حالانکہ اس
نے ہم کو ہمارے (دین کے سیدھے) رستے بتائے ہیں؟ جو تکلیفیں تم ہم کو دیتے ہو اس پر صبر کریں گے اور
اہل توکل کو خدا ہی پر بھروسا رکھنا چاہیے (12) اور جو کافر تھے انہوں نے اپنے پیغمبروںؑ سے کہا کہ (یا تو) ہم تم کو
اپنے ملک سے باہر نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں داخل ہو جاؤ، تو پروردگار نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ
ہم ظالموں کو ہلاک کر دیں گے (13) اور ان کے بعد تم کو اس زمین میں آباد کر دیں گے۔ یہ اس شخص کے لئے
ہے جو (قیامت کے روز) میرے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے عذاب سے خوف کرے (14)
اور پیغمبروںؑ نے (خدا سے اپنی) فتح چاہی تو ہر سرکش ضدی نامراد رہ گیا (15) اس کے پیچھے دوزخ ہے اور اسے
پیپ کا پانی پلایا جائے گا (16) وہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور گلے سے نہیں اُتار سکے گا۔ اور ہر طرف سے اسے
موت آ رہی ہو گی مگر وہ مرنے میں نہیں آئے گا۔ اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہو گا (17) جن لوگوں نے اپنے
پروردگار سے کفر کیا ان کے اعمال کی مثال راکھ کی سی ہے کہ آندھی کے دن اس پر زور کی ہوا چلے (اور) اسے
اُڑا لے جائے (اسی طرح) جو کام وہ کرتے رہے ان پر ان کو کچھ دسترس نہ ہو گی۔ یہی تو پرلے سرے کی
گمراہی ہے (18) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے؟ اور وہ چاہے تو
تم کو نابود کر دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق پیدا کر دے (19) اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں (20)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اختیار کی بات نہیں: بس میں نہیں
- 1۔ کرشمہ، چمتکار 2۔ یقین 3۔ کیسے
- توکل: یقین
- 1۔ مشرک، حکم نہ ماننے والا، باغی 2۔ خواہش پوری نہ ہونا
- 1۔ سہاگہ، ایش 2۔ طوفان
- 1۔ پہنچ، رسائی 2۔ آخری حد کی
- سوچ، حکمتِ عملی
- ختم کر دے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ	حوالہ جات

وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ
شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿21﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا
قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ
فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ
اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿22﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿23﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً
كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿24﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿25﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿26﴾

اور (قیامت کے دن) سب لوگ خدا کے سامنے کھڑے ہوں گے تو ضعیف (العقل تبع اپنے) متکبرین سے
کہیں گے کہ ہم تو تمہارے پیرو تھے کیا تم خدا کا کچھ عذاب ہم پر سے رفع کر سکتے ہو؟ وہ کہیں گے کہ اگر خدا
ہم کو ہدایت کرتا تو ہم تم کو ہدایت کرتے۔ اب ہم گھبرائیں یا صبر کریں ہمارے حق میں برابر ہے۔ کوئی
جگہ (گریز اور) رہائی کی ہمارے لئے نہیں ہے (21) جب (حساب کتاب کا) کام فیصل ہو چکے گا تو
شیطان کہے گا (جو) وعدہ خدا نے تم سے کیا تھا (وہ تو) سچا (تھا) اور (جو) وعدہ میں نے تم سے کیا تھا وہ جھوٹا
تھا اور میرا تم پر کسی طرح کا زور نہیں تھا۔ ہاں میں نے تم کو (گمراہی کی طرف) بلایا تو تم نے (بے دلیل) میرا
کہنا مان لیا تو (آج) مجھے ملامت نہ کرو اپنے آپ ہی کو ملامت کرو۔ نہ میں تمہاری فریاد رسی کر سکتا ہوں
اور نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو۔ میں اس بات سے انکار کرتا ہوں کہ تم پہلے مجھے شریک بناتے تھے۔ بیشک جو
ظالم ہیں ان کے لئے درد دینے والا عذاب ہے (22) اور جو ایمان لائے اور عمل نیک کئے وہ بہشتوں میں
داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ ان میں رہیں گے وہاں
ان کے صاحب سلامت سلام ہوگا (23) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے پاک بات کی کیسی مثال بیان فرمائی
ہے؟ (وہ ایسی ہے) جیسے پاکیزہ درخت جس کی جڑ مضبوط (یعنی زمین کو پکڑے ہوئے) ہو اور شاخیں آسمان
میں (24) اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت پھل لاتا (اور میوے دیتا) ہو اور خدا لوگوں کے لئے مثالیں
بیان فرماتا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں (25) اور ناپاک بات کی مثال ناپاک درخت کی سی ہے (نہ جڑ مستحکم نہ
شاخیں بلند) زمین کے اوپر ہی سے اکھیڑ کر پھینک دیا جائے اس کو ذرا بھی قرار (وثبات) نہیں (26)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ کمزور عقل کے پیچھے چلنے والے 2۔ غرور کرنے والے

1۔ پیچھے چلنے والے 2۔ ہٹا دینا

1۔ بھاگنے 2۔ فیصلہ

1۔ بس 2۔ بے ثبوت

1۔ بُرا بھلا کہنا 2۔ امداد

پھل وغیرہ

مضبوط

1۔ اکھاڑ کر 2۔ ٹھہراؤ

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ
مَا يَشَآءُ ﴿27﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿28﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ وَبِئْسَ
الْقَرَارُ ﴿29﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿30﴾ قُلْ لِّعِبَادِىَ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿31﴾ اَللّٰهُ
الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ
الْفُلْكَ لِتَجْرِىَ فِى الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿32﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿33﴾ وَاٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ
كَفَّارٌ ﴿34﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِىْ وَبَنِىَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿35﴾

خدا مومنوں (کے دلوں) کو پکی بات سے دنیا کی زندگی میں بھی مضبوط رکھتا ہے اور آخرت میں بھی
(رکھے گا) اور خدا بے انصافوں کو گمراہ کر دیتا ہے اور خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے (27) کیا تم نے ان
لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے خدا کے احسان کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو تباہی کے گھر میں
اُتارا؟ (28) (ان کے لئے آگے بھی) دوزخ ہے (سب ناشکرے) اس میں داخل ہوں گے اور وہ بُرا
ٹھکانا ہے (29) اور ان لوگوں نے خدا کے شریک مقرر کئے کہ (لوگوں کو) اس کے رستے سے گمراہ
کریں۔ کہہ دو کہ (چند روز عارضی) فائدے اٹھا لو آخر تم کو دوزخ کی طرف لوٹ کر جانا ہے (30)
(اے پیغمبرؐ) میرے مومن بندوں سے کہہ دو کہ نماز پڑھا کریں اور اس دن کے آنے سے پیشتر جس میں
نہ (اعمال کا) سودا[1] ہوگا اور نہ دوستی (کام آئے گی) ہمارے دیئے ہوئے مال میں سے درپردہ[2] اور ظاہر
خرچ کرتے رہیں (31) خدا ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے مینہ برسایا پھر
اس سے تمہارے کھانے کے لئے پھل پیدا کئے اور کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیرفرمان کیا تاکہ
دریا (اور سمندر) میں اس کے حکم سے چلیں اور نہروں کو بھی تمہارے زیرفرمان کیا (32) اور سورج اور
چاند کو تمہارے لئے کام میں لگا دیا کہ دونوں ایک دستور پر چل رہے ہیں اور رات اور دن کو بھی تمہاری
خاطر کام میں لگا دیا (33) اور جو کچھ تم نے مانگا سب میں سے تم کو عنایت کیا اور اگر خدا کے احسان گننے
لگو تو شمار نہ کر سکو (مگر لوگ نعمتوں کا شکر نہیں کرتے) کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا
ہے (34) اور جب ابراہیمؑ نے دعا کی کہ میرے پروردگار اس شہر کو (لوگوں کے لئے) امن کی جگہ بنا
دے اور مجھے اور میری اولاد کو اس بات سے کہ بُتوں کی پرستش کرنے لگیں بچائے رکھ (35)

مشکل الفاظ کے معانی

- درست
- بربادی، گمراہی
- اصل راستہ سے ہٹ جانا
- پہلے
- 1۔خریداری 2۔پردے میں، چھپ کر
- حکم کے نیچے
- وضع کیا گیا طریقہ
- دیا
- گننا
- جنگ کا متضاد، سکون

حوالہ جات

- عمران:56 رعد:34
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ	حوالہ جات

رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿36﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ
اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ
تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿37﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۗ وَمَا يَخْفٰى
عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿38﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ ۗ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿39﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿40﴾ رَبَّنَا
اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿41﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ اِنَّمَا
يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿42﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْئِدَتُهُمْ
هَوَآءٌ ﴿43﴾

اے پروردگار! انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ سو جس شخص نے میرا کہا مانا وہ میرا ہے اور جس نے
میری نافرمانی کی تو تُو بخشنے والا مہربان ہے (36) اے پروردگار! میں نے اپنی اولاد میدان (مکہ) میں جہاں
کھیتی نہیں تیرے عزت (وادب) والے گھر کے پاس لا بسائی ہے۔ اے پروردگار! تاکہ یہ نماز پڑھیں تو لوگوں
کے دلوں کو ایسا کر دے کہ ان کی طرف مائل رہیں اور ان کو میووں سے روزی دے تاکہ (تیرا) شکر
کریں (37) اے پروردگار! جو بات ہم چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں تُو سب جانتا ہے اور خدا سے کوئی چیز
مخفی نہیں (نہ) زمین میں نہ آسمان میں (38) خدا کا شکر ہے جس نے مجھ کو بڑی عمر میں اسماعیلؑ اور اسحاقؑ
بخشے بیشک میرا پروردگار دعا سننے والا ہے (39) اے پروردگار مجھ کو (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں
اور میری اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے پروردگار میری دعا قبول فرما (40) اے پروردگار حساب (کتاب)
کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کی مغفرت کیجیو (41) اور (مومنو!) مت خیال کرنا کہ یہ
ظالم جو عمل کر رہے ہیں خدا ان سے بے خبر ہے۔ وہ ان کو اس دن تک مہلت دے رہا ہے جب کہ (دہشت کے
سبب) آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ جائیں گی (42) (اور لوگ) سر اٹھائے ہوئے دوڑ رہے ہوں گے ان کی نگاہیں
ان کی طرف لوٹ نہ سکیں گی اور ان کے دل (مارے خوف کے) ہوا ہو رہے ہوں گے (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- لا بسائی ہے: آبادکی ہے
- 1۔ مائل رہیں 2۔ میووں: 1۔ جھکے رہیں 2۔ فروٹ، پھل
- 1۔ مخفی 2۔ بڑی عمر میں: 1۔ چھپی 2۔ بڑھاپے میں
- توفیق عنایت کر: صلاحیت دے، طاقت دے، اسباب کر
- کیجیو: کر دینا
- 1۔ بے خبر 2۔ مہلت 3۔ دہشت: 1۔ بے علم 2۔ مزید وقت 3۔ خوف
- ہوا ہو رہے ہوں گے: تیز رفتار ہونا

حوالہ جات: طہ:108

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْم ، سُوْرَةُ الْحِجْر	مشکل الفاظ کے معانی

وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ
الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۙ﴿44﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿45﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ
كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿46﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ؕ﴿47﴾ يَوْمَ
تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿48﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي
الْاَصْفَادِ ۚ﴿49﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۙ﴿50﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿51﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۧ﴿52﴾

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿1﴾

اور لوگوں کو اس دن سے آگاہ کردو جب ان پر عذاب آجائے گا۔ تب ظالم لوگ کہیں گے کہ اے پروردگار ہمیں تھوڑی سی
مدت مہلت عطا کر تا کہ ہم تیری دعوت (توحید) قبول کریں اور (تیرے) پیغمبروںؑ کے پیچھے چلیں (تو جواب ملے گا)
کیا تم پہلے قسمیں نہیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو (اس حال سے جس میں تم ہو) زوال نہیں ہوگا (44) اور جو لوگ اپنے
آپ پر ظلم کرتے تھے تم ان کے مکانوں میں رہتے تھے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان لوگوں کے ساتھ کس
طرح (کا برتاؤ) کیا تھا اور تمہارے (سمجھانے) کیلئے مثالیں بھی بیان کردیں تھیں (45) اور انہوں نے (بڑی بڑی)
تدبیریں کیں اور ان کی (سب) تدبیریں خدا کے ہاں (لکھی ہوئی) ہیں گو وہ تدبیریں ایسی (غضب کی) تھیں کہ ان
سے پہاڑ بھی ٹل جائیں (46) تو ایسا خیال نہ کرنا کہ خدا نے جو اپنے پیغمبروںؑ سے وعدہ کیا ہے اس کے خلاف کرے گا
بیشک خدا زبردست (اور) بدلا لینے والا ہے (47) جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان
بھی (بدل دیئے جائیں گے) اور سب لوگ خدائے یگانہ وزبردست کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے (48) اور اس
دن تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں (49) ان کے کُرتے گندھک کے ہوں گے اور ان
کے مونہوں کو آگ لپٹ رہی ہوگی (50) یہ اس لئے کہ خدا ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلا دے۔ بیشک خدا جلد حساب
لینے والا ہے (51) یہ (قرآن) لوگوں کے نام (خدا کا آخری پیغام) ہے تا کہ ان کو اس (دن کے عذاب) سے ڈرایا
جائے اور تا کہ وہ جان لیں کہ وہی اکیلا معبود ہے اور تا کہ اہل عقل نصیحت پکڑیں (52)

ترجمہ سورت حجر

الٓرا۔ یہ (خدا کی) کتاب اور قرآن روشن کی آیتیں ہیں (1)

مشکل الفاظ کے معانی:

- آگاہ کردو: بتادو
- مہلت، دعوت: 1۔مزید وقت 2۔اللہ کی طرف بلانا
- زوال: کمی، تنزلی
- برتاؤ: سلوک
- تدبیریں، غضب کی: 1۔مکر، چالیں، کوششیں 2۔مضبوط
- ٹل جائیں، ایسا خیال نہ کرنا: 1۔جگہ سے ہٹ جائیں 2۔ایسا سوچنا بھی نہیں
- یگانہ: اکیلے
- گندھک: زردی مائل مادہ
- معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے

حوالہ جات:

- عمران:179، احزاب:40
- متشابہ، عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجْرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْحِجْرِ

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ③
وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ④ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ⑤ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا
الَّذِىْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ⑥ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑦ مَا نُنَزِّلُ
الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ⑧ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑨ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ
قَبْلِكَ فِىْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ⑩ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑪ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِىْ قُلُوْبِ
الْمُجْرِمِيْنَ ⑫ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ⑬ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ
يَعْرُجُوْنَ ⑭ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ⑮ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِى السَّمَآءِ بُرُوْجًا
وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ⑯ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ⑰ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ⑱

کسی وقت کافر لوگ آرزو کریں گے کہ اے کاش وہ مسلمان ہوتے (2) (اے محمدؐ) ان کو ان کے حال پر رہنے
دو کہ کھالیں اور فائدے اٹھالیں اور (طولِ) امل[1] ان کو (دنیا میں) مشغول[2] کئے رہے عنقریب ان کو (اس کا
انجام[1]) معلوم ہو جائے گا (3) اور ہم نے کوئی بستی[2] ہلاک نہیں کی مگر اس کا وقت (مرقوم[3] و) معین[4] تھا (4) کوئی
جماعت اپنی مدت (وفات) سے نہ آگے نکل سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے (5) اور (کفار) کہتے ہیں کہ اے شخص
جس پر نصیحت (کی کتاب) نازل ہوئی ہے تُو تو دیوانہ ہے (6) اگر تُو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں
لے آتا؟ (7) (کہہ دو) ہم فرشتوں کو نازل نہیں کیا کرتے مگر حق کے ساتھ اور اس وقت ان کو مہلت نہیں ملتی
(8) بیشک یہ (کتاب) نصیحت ہم ہی نے اُتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں (9) اور ہم نے تم سے پہلے
لوگوں میں بھی پیغمبرؑ بھیجے تھے (10) اور ان کے پاس کوئی پیغمبرؑ نہیں آتا تھا مگر وہ اس کے ساتھ استہزاء کرتے
تھے (11) اسی طرح ہم اس (تکذیب وضلال) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں (12) سو وہ اس
پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی روش بھی یہی رہی ہے (13) اور اگر ہم آسمان کا کوئی دروازہ ان پر کھول دیں
اور وہ اس میں چڑھنے بھی لگیں (14) تو بھی یہی کہیں کہ ہماری آنکھیں مخمور ہو گئی ہیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا
ہے (15) اور ہم ہی نے آسمان میں برج[1] بنائے اور دیکھنے والوں کے لئے اس کو سجا دیا (16) اور ہر شیطان راندۂ درگاہ[2]
سے اسے محفوظ کر دیا (17) ہاں اگر کوئی چوری سے سننا چاہے تو چمکتا ہوا انگارہ اس کے پیچھے لپکتا ہے (18)

خواہش، التجا
1۔ خواہشوں کی بھرمار 2۔ مصروف
1۔ آخیر 2۔ آبادی 3۔ لکھا ہوا 4۔ مقرر
موت کا وقت یا عرصہ
پاگل
مزید وقت
رکھوالے
مذاق، تمسخر
جھٹلانا اور گناہ کرنا
طریقہ کار
مست
1۔ گنبد 2۔ اللہ کی دربار سے نکالا ہوا
جلتا ہوا کوئلہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجر	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْحِجر

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَیْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ ⑲ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ وَمَنْ
لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِیْنَ ⑳ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ٘ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ㉑ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا
مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِیْنَ ㉒ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ㉓ وَلَقَدْ عَلِمْنَا
الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِیْنَ ㉔ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ یَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ㉕ ۧ وَلَقَدْ خَلَقْنَا
الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ㉖ ۚ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ㉗ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ
اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ㉘ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ㉙
فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ㉚ ۙ اِلَّآ اِبْلِیْسَ ۭ اَبٰٓی اَنْ یَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ ㉛ قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِیْنَ ㉜ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ㉝

اورزمین کوبھی ہم ہی نے پھیلایا اوراس پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیئے اوراس میں ہرایک سنجیدہ چیز اُگائی (19) اورہم
ہی نے تمہارے لئے اوران لوگوں کے لئے جن کوتم روزی نہیں دیتے اس میں معاش کے سامان پیدا کئے (20)
اورہمارے ہاں ہر چیز کے خزانے[1] ہیں اورہم ان کو بمقدار مناسب[2] اُتارتے رہتے ہیں (21) اورہم ہی ہوائیں
چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی (ہوتی ہیں) اورہم ہی آسمان سے مینہ برساتے ہیں اورہم ہی تم
کواس کا پانی پلاتے ہیں اورتم تو اس کا خزانہ نہیں رکھتے (22) اورہم ہی حیات بخشتے اورہم ہی موت دیتے
ہیں۔اورہم ہی سب کے وارث ہیں (23) اورجولوگ تم میں پہلے گزرچکے ہیں ہم کومعلوم ہیں اورجو پیچھے آنے
والے ہیں وہ بھی ہم کومعلوم ہیں (24) اورتمہارا پروردگار (قیامت کے دن) ان سب کوجمع کرے گا۔ وہ بڑا
دانا[1] (اور) خبردار[2] ہے (25) اورہم نے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے[3] سے پیدا کیا ہے (26) اور
جنوں کواس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا (27) اورجب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے
فرمایا کہ میں کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر[1] بنانے والا ہوں (28) جب اس کو (صورت[2] انسانیہ
میں) درست کرلوں[1] اوراس میں اپنی (بے بہا[2] چیز) روح پھونک دوں تواس کے آگے سجدے میں گر پڑنا (29)
توفرشتے سب کے سب سجدے میں گر پڑے (30) مگر شیطان کہ اس نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے
انکارکردیا (31) (خدانے) فرمایا کہ ابلیس! تجھے کیا ہوا توُسجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا؟ (32) (اس نے)
کہا میں ایسانہیں ہوں کہ انسان کوجس کوتُو نے کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے بنایا ہے سجدہ کروں (33)

مشکل الفاظ کے معانی

- مقصدبھری
- روزی
- 1۔انبار،ڈھیر،ذخیرہ 2۔ضرورت کے مطابق
- بارش
- زندگی
- مالک
- 1۔عقلمند 2۔خبررکھنے والا 3۔خوب گرم کی گئی جلی ہوئی مٹی
- بغیر
- 1۔انسان 2۔شکل
- 1۔مکمل کرلوں 2۔انمول

حوالہ جات

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجْرِ	حوالہ جات

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿34﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿35﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ
يُبْعَثُوْنَ ﴿36﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿37﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿38﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ
فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿39﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿40﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿41﴾
اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿42﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿43﴾
لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿44﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿45﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ
اٰمِنِيْنَ ﴿46﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿47﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا
هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿48﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿49﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿50﴾ وَنَبِّئْهُمْ
عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ﴿51﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿52﴾

(خدا نے) فرمایا یہاں سے نکل جا تُو مردود[1] ہے (34) اور تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت (برسے گی)[2] (35)
(اس نے) کہا کہ پروردگار مجھے اس دن تک مہلت دے جب لوگ (دوبارہ) زندہ کئے جائیں گے (36) فرمایا
کہ تجھے مہلت دی جاتی ہے (37) وقت مقرر (یعنی قیامت) کے دن تک (38) (اس نے) کہا پروردگار جیسا
تُو نے مجھے رستے سے الگ کیا ہے میں بھی زمین میں لوگوں کے لئے (گناہوں کو) آراستہ کر دکھاؤں گا اور سب کو
بہکاؤں گا (39) ہاں ان میں جو تیرے مخلص بندے ہیں (ان پر قابو چلنا مشکل ہے) (40) (خدا نے) فرمایا
کہ مجھ تک (پہنچنے کا) یہی سیدھا رستہ ہے (41) جو میرے (مخلص) بندے ہیں ان پر تجھے کچھ قدرت نہیں
(کہ ان کو گناہ میں ڈال سکے) ہاں بدراہوں میں سے جو تیرے پیچھے چل پڑے (42) اور ان سب کے وعدے
کی جگہ جہنم ہے (43) اس کے سات دروازے ہیں ہر ایک دروازے کے لئے ان میں سے جماعتیں تقسیم کر دی
گئی ہیں (44) جو متقی ہیں وہ باغوں اور چشموں میں ہوں گے (45) (ان سے کہا جائے گا کہ) ان میں سلامتی
سے داخل ہو جاؤ (46) اور ان کے دلوں میں جو کدورت ہوگی اس کو ہم نکال (کر صاف کر) دیں گے (گویا)
بھائی بھائی تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں (47) نہ ان کو وہاں کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ وہ
وہاں سے نکالے جائیں گے (48) (اے پیغمبرؐ) میرے بندوں کو بتا دو کہ میں بڑا بخشنے والا (اور) مہربان
ہوں (49) اور یہ کہ میرا عذاب بھی درد دینے والا عذاب ہے (50) اور ان کو ابراہیمؑ کے مہمانوں کا احوال سنا
دو (51) جب وہ ابراہیمؑ کے پاس آئے تو سلام کہا (انہوں نے) کہا ہمیں تو تم سے ڈر لگتا ہے (52)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔لعنت کیا گیا، رد کیا گیا 2۔پڑے گی
- مہلت: مزید وقت
- آراستہ: سجانا
- بہکاؤں گا: ورغلاؤں گا
- قدرت: طاقت، صلاحیت
- بدراہوں: گمراہوں
- متقی: پرہیزگار، نیک لوگ
- کدورت: رنجش، دل کا غبار
- احوال: حال، واقعہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجْرِ	حوالہ جات

قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿53﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿54﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ
بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿55﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿56﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا
الْمُرْسَلُوْنَ ﴿57﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿58﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿59﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ
اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿60﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿61﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿62﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا
فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿63﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿64﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ
اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿65﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿66﴾ وَجَآءَ اَهْلُ
الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿67﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿68﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿69﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ
عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿70﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿71﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿72﴾

(مہمانوں نے کہا) کہ ڈریئے نہیں ہم آپ کو ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں (53) (وہ) بولے کہ جب
مجھے بڑھاپے نے آ پکڑا تو تم خوشخبری دینے لگے اب کاہے کی خوشخبری دیتے ہو؟ (54) (انہوں نے) کہا کہ ہم
آپ کو سچی خوشخبری دیتے ہیں آپ مایوس نہ ہوئیے (55) (ابراہیمؑ نے) کہا کہ خدا کی رحمت سے (میں مایوس
کیوں ہونے لگا؟ اس سے) مایوس ہونا گمراہوں کا کام ہے (56) پھر کہنے لگے کہ فرشتو! تمہیں (اور) کیا کام
ہے؟ (57) (فرشتوں نے) کہا کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ اس کو عذاب کریں) (58) مگر
لوطؑ کے گھر والے کہ ان سب کو ہم بچالیں گے (59) البتہ ان کی عورت (کہ) اس کے لئے ہم نے ٹھہرادیا ہے
کہ وہ پیچھے رہ جائے گی (60) پھر جب فرشتے لوطؑ کے گھر گئے (61) تو (لوطؑ نے) کہا تم تو ناآشنا سے لوگ ہو
(62) وہ بولے کہ (نہیں) بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں لوگ شک کرتے تھے (63) اور
ہم آپ کے پاس یقینی بات لے کر آئے ہیں اور ہم سچ کہتے ہیں (64) تو آپ کچھ رات رہے سے اپنے گھر والوں کو
لے کر نکلیں اور خود ان کے پیچھے چلیں اور آپ میں سے کوئی شخص پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور جہاں آپ کو حکم ہو وہاں چلے
جایئے (65) اور ہم نے لوطؑ کی طرف وحی بھیجی کہ ان لوگوں کی جڑ صبح ہوتے ہوتے کاٹ دی جائے گی (66) اور اہل شہر
(لوطؑ کے پاس) خوش خوش (دوڑے) آئے (67) (لوطؑ نے) کہا کہ یہ میرے مہمان ہیں (کہیں ان کے
بارے میں) مجھے رُسوا نہ کرنا (68) اور خدا سے ڈرو اور میری بے آبروئی نہ کیجیو (69) وہ بولے کیا ہم نے تم کو
سارے جہان (کی حمایت) سے منع نہیں کیا؟ (70) (انہوں نے) کہا کہ اگر تمہیں کرنا ہی ہے تو یہ میری لڑکیاں
ہیں (ان سے شادی کرلو) (71) (اے محمدؐ) تمہاری جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش (ہو رہے) تھے (72)

- دانشمند: عقلمند، ذہین
- کاہے کی: کیسی، کس طرح
- مایوس: ناامید
- 1۔ البتہ 2۔ ٹھہرادیا ہے: 1۔ ہاں مگر 2۔ مقرر کر دیا گیا ہے، فیصلہ ہوگیا ہے
- ناآشنا: ناواقف، انجان
- رات رہے سے: رات کا کچھ حصّہ گزار کر
- 1۔ رُسوا نہ کرنا 2۔ بے آبروئی 3۔ کیجیو: 1۔ بے عزت نہ کرنا 2۔ بے عزتی 3۔ کرنا
- حمایت: مدد، طرفداری
- مستی میں مدہوش: نشے میں دھُت ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجْرِ	حوالہ جات
	فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿73﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿74﴾ اِنَّ فِىْ	
	ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿75﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿76﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿77﴾ وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ	
	الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿78﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿79﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿80﴾	
	وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿81﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ	
	مُصْبِحِيْنَ ﴿83﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿84﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا	
	بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿85﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿86﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا	
	مِّنَ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿87﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ	
	وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ وَقُلْ اِنِّىْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿89﴾ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿90﴾	
1۔زور کی آواز 2۔مضبوط پتھر مٹی وغیرہ	سوان کو سورج نکلتے نکلتے چنگھاڑ نے آ پکڑا (73) اور ہم نے اس (شہر) کو (اُلٹ کر) نیچے اوپر کر دیا اور ان پر کھنگر	
1۔پتھر، ٹکڑے 2۔عقل، سمجھ	کی پتھریاں برسائیں (74) بیشک اس میں اہل فراست کے لئے نشانی ہے (75) اور وہ (شہر) اب تک	
بناؤ سنگھار کرنا	سیدھے رستے پر (موجود) ہے (76) بیشک اس میں ایمان لانے والوں کے لئے نشانی ہے (77) اور بَن کے رہنے	
سامنے راستے پر	والے (یعنی قوم شعیبؑ کے لوگ) بھی گنہگار تھے (78) تو ہم نے ان سے بھی بدلا لیا اور یہ دونوں شہر کُھلے رستے پر	شعراء: 177,176
1۔دو پہاڑوں کے درمیان جگہ 2۔جگہ کا نام 3۔جھٹلایا، مذاق اُڑایا	(موجود) ہیں (79) اور (وادی) حجر کے رہنے والوں نے بھی پیغمبروںؑ کی تکذیب کی (80) ہم نے ان کو اپنی	
1۔انکار کرتے رہے 2۔گُھر چنا 3۔سکون	نشانیاں دیں اور وہ ان سے منہ پھیرتے رہے (81) اور وہ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے (کہ) امن	
صبح سویرے	سے رہیں گے (82) تو چیخ نے ان کو صبح ہوتے ہوتے آ پکڑا (83) اور جو کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ	
حکمتِ عملی، سوچ بچار	کچھ بھی کام نہ آئے (84) اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے اس کو تدبیر کے	
کنارہ کشی، پرے رہنا	ساتھ پیدا کیا ہے۔ اور قیامت تو ضرور آ کر رہے گی تو تم (ان مشرکوں سے) اچھی طرح سے درگزر کرو (85)	حجر: 94
	کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار ہی (سب کچھ) پیدا کرنے والا (اور) جاننے والا ہے (86) اور ہم نے تم کو	
بہت عزت والا	سات (آیتیں) جو (نماز میں) دہرا کر پڑھی جاتی ہیں (یعنی سورۃ ماعون) اور عظمت والا قرآن عطا فرمایا	آئندہ حصّوں میں دیکھئے
1۔فائدہ اٹھانا 2۔جھکاؤ	ہے (87) اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو (فوائد دنیاوی سے) مُتمتع کیا ہے تو ان کی طرف (رغبت سے)	
1۔افسوس 2۔مہمان نوازی	آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا اور نہ ان کے حال پر تاسف کرنا اور مومنوں سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا (88)	
	اور کہہ دو کہ میں تو اعلانیہ ڈر سنانے والا ہوں (89) (اور ہم ان کفار پر اسی طرح ذلت و رُسوائی کا عذاب	بقرہ: 85
	نازل کریں گے) جس طرح ان لوگوں پر نازل کیا جنہوں نے (دین کو) تقسیم کر دیا (90)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحِجْرِ ، سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْحِجْرِ ، سُوْرَةُ النَّحْلِ

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿91﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿92﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ
وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿94﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿95﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ
يَعْلَمُوْنَ ﴿96﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿97﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿98﴾
وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿99﴾

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿1﴾ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ
يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿2﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿3﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿4﴾ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ
وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿5﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿6﴾

یعنی قرآن کو (اختلاف کی نظر کر کے) ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (91) تمہارے پروردگار کی قسم ہم ان سے ضرور
پرسش کریں گے (92) ان کاموں کی جو وہ کرتے رہے (93) پس جو حکم تم کو (خدا کی طرف سے) ملا ہے
وہ (لوگوں کو) سنا دو اور مشرکوں کا خیال نہ کرو (94) ہم تمہیں ان لوگوں (کے شر) سے بچانے کے لئے جو تم
سے استہزاء کرتے ہیں کافی ہیں (95) جو خدا کے ساتھ اور معبود قرار دیتے ہیں سو عنقریب ان کو (ان
باتوں کا انجام) معلوم ہو جائے گا (96) اور ہم جانتے ہیں کہ ان باتوں سے تمہارا دل تنگ ہوتا ہے (97)
تو تم اپنے پروردگار کی تسبیح کہتے اور (اس کی) خوبیاں بیان کرتے رہو اور سجدہ کرنے والوں میں داخل
رہو (98) اور اپنے پروردگار کی عبادت کئے جاؤ یہاں تک کہ تمہاری موت (کا وقت) آ جائے (99)

ترجمہ سورت نحل

خدا کا حکم (یعنی عذاب) آ ہی پہنچا تو (کافرو) اس کے لئے جلدی مت کرو یہ لوگ جو (خدا کا) شریک بناتے ہیں
وہ اس سے پاک اور بالاتر ہے (1) وہی فرشتوں کو پیغام دے کر اپنے حکم سے بندوں میں سے جس کے پاس
چاہتا ہے بھیجتا ہے کہ (لوگوں کو) بتا دو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو مجھی سے ڈرو (2) اسی نے آسمانوں
اور زمین کو مبنی برحکمت پیدا کیا اس کی ذات ان (کافروں) کے شرک سے اونچی ہے (3) اسی نے انسان کو
نطفے سے بنایا مگر وہ اس (خالق) کے بارے میں اعلانیہ جھگڑنے لگا (4) اور چارپایوں کو بھی اسی نے پیدا کیا ان
میں تمہارے لئے گرم لباس اور بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو (5) اور جب شام
کو انہیں (واپس) لاتے ہو اور جب صبح کو چرانے لے جاتے ہو تو ان سے تمہاری عزت و شان ہے (6)

مشکل الفاظ کے معانی

- فرقہ فرقہ ہو جانا
- پوچھ گچھ
- 1۔ کو کسی کھاتے میں نہ رکھو 2۔ شرارت
- 1۔ مذاق 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ آخیر، نتیجہ 2۔ ناخوش ہونا
- ذکر
- اللہ کا حکم ماننا
- بہت اوپر
- علاوہ
- سوچ بچار سے
- کھلم کھلا
- جانوروں کو کھلانے پلانے کیلئے گھر یا تھان سے باہر لے جانا

حوالہ جات

روم: 32

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّحْلِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑦ وَّالْخَيْلَ
وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ⑧ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ
شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ⑨ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ⑩
يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑪
وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
يَّعْقِلُوْنَ ⑫ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ
الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑭

اور (دُور دراز) شہروں میں جہاں تم مشکل کے بغیر پہنچ نہیں سکتے وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار نہایت شفقت والا مہربان ہے (7) اور اسی نے گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تاکہ تم ان پر سوار ہو اور (وہ تمہارے لئے) رونق و زینت (بھی ہیں) اور وہ (اور چیزیں بھی) پیدا کرتا ہے جن کی تم کو خبر نہیں (8) اور سیدھا رستہ تو خدا تک جا پہنچتا ہے اور بعض رستے ٹیڑھے ہیں (وہ اس تک نہیں پہنچتے) اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو سیدھے رستے پر چلا دیتا (9) وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جسے تم پیتے ہو اور اس سے درخت بھی (شاداب ہوتے ہیں) جن میں تم اپنے چارپایوں کو چراتے ہو (10) اسی پانی سے وہ تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور (اور بے شمار درخت) اگاتا ہے اور ہر طرح کے پھل (پیدا کرتا ہے) غور کرنے والوں کے لئے اس میں (قدرت خدا کی بڑی) نشانی ہے (11) اور اسی نے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا، اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں سمجھنے والوں کے لئے اس میں (قدرت خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں (12) اور جو طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اس نے زمین میں پیدا کیں (سب تمہارے زیرفرمان کردیں) نصیحت پکڑنے والوں کے لئے اس میں نشانی ہے (13) اور وہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے اختیار میں کیا تاکہ اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ۔ اور اس سے زیور نکالو جسے تم پہنتے ہو اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں دریا میں پانی کو پھاڑتی چلی جاتی ہیں اور اس لئے بھی (دریا کو تمہارے اختیار میں کیا) کہ تم خدا کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ (اس کا) شکر کرو (14)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ بہت دُور 2۔ وزن یا سامان وغیرہ
- پیار
- 1۔ چہل پہل 2۔ خوبصورتی، اچھا لگنا
- سرسبز، ہرا بھرا
- اَن گنت
- طاقت، صلاحیت
- بس میں کیا
- روزی

حوالہ جات:
- ج:65

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِىَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ⑮ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ

يَهْتَدُوْنَ ⑯ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ⑰ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑱ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ⑲ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ

يُخْلَقُوْنَ ⑳ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ㉑ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ㉒ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ㉓ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ㉔ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ

الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ㉕ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ

بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ㉖

اور اسی نے زمین پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیئے کہ تم کو لے کر کہیں جُھک نہ جائے اور نہریں اور رستے بنا دیئے تاکہ
ایک مقام سے دوسرے مقام تک (آسانی سے) جا سکو (15) اور (راستوں میں) نشانات بنا دیئے اور لوگ
ستاروں سے بھی رستے معلوم کرتے ہیں (16) تو جو (اتنی مخلوقات) پیدا کرے کیا وہ ویسا ہے جو کچھ بھی پیدا نہ
کر سکے؟ تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے؟ (17) اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو (تو) گن نہ سکو، بیشک خدا
بخشنے والا مہربان ہے (18) اور جو کچھ تم چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو سب سے خدا واقف ہے (19) اور
جن لوگوں کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی تو نہیں بنا سکتے بلکہ خود ان کو اور بناتے ہیں (20) (وہ)
لاشیں ہیں بے جان ان کو یہ بھی تو معلوم نہیں کہ اٹھائے کب جائیں گے (21) تمہارا معبود تو اکیلا خدا ہے تو جو
آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل انکار کر رہے ہیں اور وہ سرکش ہو رہے ہیں (22) یہ جو کچھ چھپاتے ہیں
اور جو ظاہر کرتے ہیں خدا ضرور اس کو جانتا ہے، وہ سرکشوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا (23) اور جب ان (کافروں)
سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا اُتارا ہے تو کہتے ہیں کہ (وہ تو) پہلے لوگوں کی حکایتیں ہیں (24)
یہ قیامت کے دن اپنے (اعمال کے) پورے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور جن کو یہ بے تحقیق گمراہ کرتے ہیں ان
کے بوجھ بھی (اٹھائیں گے) سن رکھو کہ جو بوجھ یہ اٹھا رہے ہیں بُرے ہیں (25) ان سے پہلے لوگوں نے
بھی (ایسی ہی) مکاریاں کی تھیں تو خدا (کا حکم) ان کی عمارت کے ستونوں پر آ پہنچا اور چھت ان پر ان کے
اوپر سے گر پڑی اور (ایسی طرف سے) ان پر عذاب آ واقع ہوا جہاں سے ان کو خیال بھی نہ تھا (26)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مقام: جگہ
- شمار کرنا: گننا، گنتی کرنا
- سوا: علاوہ
- معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے
- سرکش: حکم نہ ماننے والا، باغی
- حکایتیں: کہانیاں، قصے
- 1۔ بوجھ 2۔ بے تحقیق: 1۔وزن 2۔بغیر سوچے سمجھے
- 1۔ مکاریاں 2۔ ستونوں: 1۔مکر کرنا، فریب کرنا 2۔کھمبا یا ٹیک
- واقع: موجود

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ
الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿27﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۪ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ
بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿28﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿29﴾ وَقِيْلَ
لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿30﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿31﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿32﴾ هَلْ
يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿33﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿34﴾

پھر وہ ان کو قیامت کے دن بھی ذلیل کرے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کے بارے میں تم
جھگڑا کرتے تھے؟ جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا وہ کہیں گے کہ آج کافروں کی رُسوائی اور بُرائی ہے (27) (ان کا
حال یہ ہے کہ) جب فرشتے ان کی روحیں قبض کرنے لگتے ہیں (اور یہ) اپنے ہی حق میں ظلم کرنے والے
(ہوتے ہیں) تو مطیع ومنقاد ہو جاتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم کوئی بُرا کام نہیں کرتے تھے ہاں جو کچھ تم کیا
کرتے تھے خدا اسے خوب جانتا ہے (28) سو دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اس میں رہو گے،
اب تکبر کرنے والوں کا بُرا ٹھکانا ہے (29) اور (جب) پرہیزگاروں سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار
نے کیا نازل کیا ہے؟ تو کہتے ہیں کہ بہترین (کلام)۔ جو لوگ نیکوکار ہیں ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی
ہے اور آخرت کا گھر تو بہت ہی اچھا ہے، اور پرہیزگاروں کا گھر بہت خوب ہے (30) (وہ) بہشت جاودانی
(ہیں) جن میں وہ داخل ہوں گے ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہاں جو چاہیں گے ان کے لئے میسر ہوگا، خدا
پرہیزگاروں کو ایسا ہی بدلا دیتا ہے (31) (ان کی کیفیت یہ ہے کہ) جب فرشتے ان کی جانیں نکالنے لگتے ہیں
اور یہ (کفر وشرک سے) پاک ہوتے ہیں تو سلام علیکم کہتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) جو عمل تم کیا کرتے تھے ان
کے بدلے میں بہشت میں داخل ہو جاؤ (32) کیا یہ (کافر) اس بات کے منتظر ہیں کہ فرشتے ان کے
پاس (جان نکالنے) آئیں یا تمہارے پروردگار کا حکم (عذاب) آ پہنچے؟ اسی طرح ان لوگوں نے کیا تھا جو ان
سے پہلے تھے، اور خدا نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے (33) تو ان کو ان کے اعمال کے
بُرے بدلے ملے اور جس چیز کے ساتھ وہ ٹھٹھے[1] کیا کرتے تھے اس نے ان کو (ہر طرف سے) گھیر لیا[2] (34)

ذلیل: رُسوا
رُسوائی اور بُرائی ہے: بے عزتی کے ساتھ ٹھکانے لگنے لگے ہیں
مطیع ومنقاد: تابعدار، فرمانبردار
خوب: اچھی طرح
بھلائی: فائدہ
جاودانی: ہمیشہ کی
میسر: حاضر
کیفیت: حالت
یا تمہارے پروردگار کا حکم (عذاب) آ پہنچے: آئندہ حصّوں میں دیکھیے
1۔ مذاق، تمسخر 2۔ ڈھانپ لیا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحلِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النَّحلِ

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ
كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿35﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي
الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿36﴾ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا
لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿37﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿38﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿39﴾ اِنَّمَا
قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿40﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي
الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿42﴾

اور مشرک کہتے ہیں کہ اگر خدا چاہتا تو نہ ہم ہی اس کے سوا کسی چیز کو پُوجتے اور نہ ہمارے بڑے ہی (پُوجتے)
اور نہ اس کے (فرمان کے) بغیر ہم کسی چیز کو حرام ٹھہراتے۔ (اے پیغمبرؐ) اسی طرح ان سے اگلے لوگوں نے
کیا تھا۔ تو پیغمبروںؑ کے ذمے (خدا کے احکام کو) کھول کر پہنچا دینے کے سوا اور کچھ نہیں (35) اور ہم نے ہر
جماعت میں پیغمبرؐ بھیجا کہ خدا ہی کی عبادت کرو اور بتوں (کی پرستش) سے اجتناب کرو۔ تو ان میں بعض
ایسے ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی اور بعض ایسے ہیں جن پر گمراہی ثابت ہوئی، سو زمین پر چل پھر کر دیکھ لو کہ
جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ (36) اگر تم ان (کفار) کی ہدایت کے لئے للچاؤ تو جس کو خدا گمراہ کر دیتا
ہے اس کو وہ ہدایت نہیں دیا کرتا اور ایسے لوگوں کا کوئی مددگار بھی نہیں ہوتا (37) اور یہ خدا کی سخت سخت قسمیں
کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے خدا اسے (قیامت کے دن دوبارہ) نہیں اٹھائے گا ہرگز نہیں یہ (خدا کا) وعدہ سچا ہے
اور اس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (38) تاکہ جن باتوں میں یہ اختلاف کرتے ہیں
وہ ان پر ظاہر کر دے اور اس لئے کہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے (39) جب ہم کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں
تو ہماری بات یہی ہے کہ اس کو کہہ دیتے ہیں کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے (40) اور جن لوگوں نے ظلم سہنے کے
بعد خدا کے لئے وطن چھوڑا ہم ان کو دنیا میں اچھا ٹھکانا دیں گے اور آخرت کا اجر تو بہت بڑا ہے، کاش وہ
(اسے) جانتے (41) یعنی وہ لوگ جو صبر کرتے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں (42)

مشکل الفاظ کے معانی

- سوا: علاوہ
- فرمان: حکم
- 1۔ عبادت 2۔ پرستش 3۔ اجتناب: 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔پوجا 3۔بچنا
- بعض: کچھ
- 1۔ انجام 2۔ للچاؤ: 1۔آخیر 2۔مودبانہ، پُرزور خواہش کرنا
- ہرگز: کسی بھی صورت
- جان لیں: یقین کرلیں
- ظلم سہنے: زیادتی برداشت کرنے
- 1۔ اجر 2۔ کاش: 1۔بدلا، صلہ 2۔افسوس کا کلمہ
- بھروسا: اعتماد، یقین

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿43﴾ بِالْبَیِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ
اِلَیْكَ الذِّكْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ﴿44﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِیْنَ مَكَرُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ
الْاَرْضَ اَوْ یَاْتِیَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَیْثُ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿45﴾ اَوْ یَاْخُذَهُمْ فِیْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿46﴾ اَوْ یَاْخُذَهُمْ
عَلٰی تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿47﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشَّمَآئِلِ
سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿48﴾ وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿49﴾
یَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ﴿50﴾ (السجدة) وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَیْنِ اثْنَیْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِیَّایَ
فَارْهَبُوْنِ ﴿51﴾ وَلَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّیْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَیْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿52﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا
مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَیْهِ تَجْئَرُوْنَ ﴿53﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ یُشْرِكُوْنَ ﴿54﴾

اور ہم نے تم سے پہلے مردوں ہی کو پیغمبرؑ بنا کر بھیجا تھا جن کی طرف ہم وحی بھیجا کرتے تھے۔ اگر تم لوگ نہیں
جانتے تو اہل کتاب سے پوچھ لو (43) (اور ان پیغمبروںؑ کو) دلیلیں اور کتابیں دے کر (بھیجا تھا) اور ہم
نے تم پر بھی یہ کتاب نازل کی ہے تاکہ جو (ارشادات) لوگوں پر نازل ہوئے ہیں وہ ان پر ظاہر کردو اور تاکہ
وہ غور کریں (44) کیا جو لوگ بُری چالیں چلتے ہیں اس بات سے بے خوف ہیں کہ خدا ان کو زمین میں دھنسا دے
یا (ایسی طرف سے) ان پر عذاب آجائے جہاں سے ان کو خبر ہی نہ ہو؟ (45) یا ان کو چلتے پھرتے پکڑ
لے؟ وہ (خدا کو) عاجز نہیں کر سکتے (46) یا جب ان کو عذاب کا ڈر پیدا ہو گیا ہو تو ان کو پکڑ لے۔ بیشک تمہارا
پروردگار بہت شفقت کرنے والا اور مہربان ہے (47) کیا ان لوگوں نے خدا کی مخلوقات میں سے ایسی
چیزیں نہیں دیکھیں جن کے سائے دائیں سے اور بائیں سے لوٹتے رہتے ہیں (یعنی) خدا کے آگے عاجز ہو کر
سجدے میں پڑے رہتے ہیں (48) اور تمام جاندار جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، سب خدا کے
آگے سجدہ کرتے ہیں اور فرشتے بھی اور وہ ذرا غرور نہیں کرتے (49) اور اپنے پروردگار سے جو ان کے اوپر
ہے ڈرتے ہیں اور جو ان کو ارشاد ہوتا ہے اس پر عمل کرتے ہیں (50) اور خدا نے فرمایا ہے کہ دو دو معبود نہ
بناؤ۔ معبود وہی ایک ہے تو مجھی سے ڈرتے رہو (51) اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب
اسی کا ہے اور اسی کی عبادت[1] لازم[2] ہے۔ تو تم خدا کے سوا[3] اوروں سے کیوں ڈرتے ہو؟ (52) اور جو نعمتیں تم
کو میسر[1] ہیں سب خدا کی طرف سے ہیں پھر جب تم کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کے آگے چلاتے ہو[2] (53)
پھر جب وہ تم سے تکلیف کو دُور کر دیتا ہے تو کچھ لوگ تم میں سے خدا کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں (54)

مشکل الفاظ کے معانی

- ثبوت
- اللہ کے فرمان
- دبا دے
- ہرا نہیں سکتے
- پیار، مہربانی
- واپس آتے رہتے
- تکبر
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ ضروری 3۔ علاوہ
- 1۔ ملی ہوئی 2۔ فریاد کرتے ہو، روتے ہو

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے
آئندہ حصوں میں دیکھئے
آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿55﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ عَمَّا
كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿56﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿57﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا
وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿58﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا
يَحْكُمُوْنَ ﴿59﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿60﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ
النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً
وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿61﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ
مُّفْرَطُوْنَ ﴿62﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿63﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿64﴾

تاکہ جو (نعمتیں) ہم نے ان کو عطا فرمائی ہیں ان کی ناشکری کریں تو (مشرکو) دنیا میں فائدے اٹھالو عنقریب تم
کو (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا (55) اور ہمارے دیئے ہوئے مال میں سے ایسی چیزوں کا حصہ مقرر
کرتے ہیں جن کو جانتے ہی نہیں (کافرو!) خدا کی قسم کہ جو تم افتراء کرتے ہو اس کی تم سے ضرور پرسش
ہوگی (56) اور یہ لوگ خدا کے لئے تو بیٹیاں تجویز کرتے ہیں (اور) وہ ان سے پاک ہے اور اپنے
لئے (بیٹے) جو مرغوب ہیں (57) حالانکہ جب ان میں سے کسی کو بیٹی (کے پیدا ہونے) کی خبر ملتی ہے تو
تو اس کا منہ (غم کے سبب) کالا پڑ جاتا ہے اور وہ اندوہناک ہو جاتا ہے (58) اور اس خبر بد (کی وجہ) سے
(جو وہ سنتا ہے) لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ آیا ذلت برداشت کرکے لڑکی کو زندہ رہنے
دے یا زمین میں گاڑ دے۔ دیکھو یہ جو تجویز کرتے ہیں بہت بری ہے (59) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں
رکھتے انہی کے لئے بری باتیں (شایاں) ہیں، اور خدا کو صفت اعلیٰ (زیب دیتی ہے) اور وہ غالب حکمت والا
ہے (60) اور اگر خدا لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب پکڑنے لگے تو ایک جاندار کو زمین پر نہ چھوڑے لیکن وہ ان کو
ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے جاتا ہے، جب وہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے بڑھ
سکتے ہیں (61) اور یہ خدا کے لئے ایسی چیزیں تجویز کرتے ہیں جن کو خود ناپسند کرتے ہیں اور زبان سے جھوٹ
بکے جاتے ہیں کہ ان کو (قیامت کے دن) بھلائی (یعنی نجات) ہوگی۔ کچھ شک نہیں کہ ان کے لئے (دوزخ
کی) آگ (تیار) ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے آگے بھیجے جائیں گے (62) خدا کی قسم ہم نے تم سے
پہلی اُمتوں کی طرف پیغمبر بھیجے تو شیطان نے ان کے کردار (ناشائستہ) ان کو آراستہ کر دکھائے تو آج بھی وہی
ان کا دوست ہے اور ان کے لئے عذاب الیم ہے (63) اور ہم نے جو تم پر کتاب نازل کی ہے تو اس لئے کہ
جس امر میں ان لوگوں کو اختلاف ہے تم اس کا فیصلہ کر دو اور (یہ) مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (64)

مشکل الفاظ کے معانی:
- آخر، نتیجہ
- 1۔جھوٹ باندھنا 2۔پوچھ گچھ
- رائے دینا، مناسب سمجھنا
- پسندیدہ
- 1۔کی وجہ سے 2۔غمناک 3۔بری خبر
- 1۔کیا 2۔رسوائی
- دفن کرنا
- 1۔موزوں 2۔خوبی 3۔موزوں ہونا
- رعائت
- 1۔فائدہ 2۔رہائی
- 1۔بدتہذیب 2۔سجا کر
- دردناک
- معاملہ، کام

حوالہ جات:
- زخرف:17,16

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿65﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ
لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿66﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ
تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ
بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿68﴾ ثُمَّ كُلِىْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِىْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا
شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿69﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ
اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَىْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿70﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ ۚ فَمَا
الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿71﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ
مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ
اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿72﴾

اور خدا ہی نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کیا بیشک اس میں سننے
والوں کے لئے نشانی ہے (65) اور تمہارے لئے چارپایوں میں بھی (مقام) عبرت (وغور) ہے کہ ان کے
پیٹوں میں جو گوبر اور لہو ہے اس سے ہم تم کو خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لئے خوشگوار ہے (66)
اور کھجور اور انگور کے میووں[1] سے بھی (تم پینے کی چیزیں تیار کرتے ہو) کہ ان سے شراب بناتے ہو اور عمدہ[2]
رزق (بھی کھاتے ہو) جو لوگ سمجھ رکھتے ہیں ان کے لئے ان (چیزوں) میں (قدرت خدا کی) نشانی ہے (67)
اور تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھیوں کو ارشاد فرمایا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور (اونچی اونچی)
چھتریوں میں جو لوگ بناتے ہیں گھر بنا (68) اور ہر قسم کے میوے کھا اور اپنے پروردگار کے صاف رستوں پر
چلی جا اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ اس میں لوگوں کی (خاطر) شفا
(بھی) ہے، بیشک سوچنے والوں کے لئے اس میں بھی نشانی ہے (69) اور خدا ہی نے تم کو پیدا کیا پھر وہی تم
کو موت دیتا ہے اور تم میں بعض[1] ایسے ہوتے ہیں کہ نہایت[2] خراب عمر کو پہنچ جاتے ہیں اور (بہت کچھ) جاننے کے
بعد ہر چیز سے بے علم ہو جاتے ہیں، بیشک خدا (سب کچھ) جاننے والا (اور) قدرت والا ہے (70)
اور خدا نے رزق[1] میں بعض کو بعض پر فضیلت[2] دی ہے، وہ اپنا رزق اپنے مملوکوں[3] کو تو دے ڈالنے والے ہی
نہیں کہ (سب) اس میں برابر ہو جائیں تو کیا یہ لوگ نعمت الٰہی کے منکر ہیں؟ (71) اور خدا ہی نے تم میں
سے تمہارے لئے عورتیں پیدا کیں اور عورتوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے اور کھانے کو تمہیں پاکیزہ
چیزیں دیں تو کیا یہ بے اصل[1] چیزوں پر اعتقاد[2] رکھتے اور خدا کی نعمتوں سے انکار کرتے ہیں؟ (72)

نصیحت

مثبت احساس

1۔ پھل 2۔ اعلیٰ

طاقت، صلاحیت

تندرستی، صحت یابی

1۔ کچھ 2۔ بہت زیادہ

1۔ روزی، دولت وغیرہ 2۔ برتری 3۔ غلاموں

1۔ کھوکھلی 2۔ یقین، اعتماد

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّحْلِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿73﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ
الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿74﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ
مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾ وَضَرَبَ
اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰي مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ
هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ
اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿77﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ
اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾ اَلَمْ يَرَوْا
اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاۗءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿79﴾

اورخدا کے سوا ایسوں کو پُوجتے ہیں جو ان کو آسمانوں اور زمین میں روزی دینے کا ذرا بھی اختیار نہیں رکھتے اور
نہ (کسی اور طرح کا) مقدور رکھتے ہیں (73) تو (لوگو) خدا کے بارے میں (غلط) مثالیں نہ بناؤ (صحیح
مثالوں کا طریقہ) خدا ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (74) خدا ایک اور مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام
ہے جو (بالکل) دوسرے کے اختیار میں ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک ایسا شخص ہے جس کو ہم
نے اپنے ہاں سے (بہت سا) مال طیب عطا فرمایا ہے اور وہ اس میں سے (رات دن) پوشیدہ اور ظاہر خرچ
کرتا رہتا ہے تو کیا یہ دونوں شخص برابر ہیں؟ (ہرگز نہیں) الحمد للہ لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھ
رکھتے (75) اور خدا ایک اور مثال بیان فرماتا ہے کہ دو آدمی ہیں ایک ان میں سے گونگا (اور دوسرے کی ملک)
ہے (بے اختیار و ناتواں) کہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور اپنے مالک کو دوبھر ہو رہا ہے وہ جہاں اسے بھیجتا
ہے (کبھی) بھلائی نہیں لاتا کیا ایسا (گونگا بہرا) اور وہ شخص جو (سنتا بولتا اور) لوگوں کو انصاف کرنے
کا حکم دیتا ہے اور خود سیدھے رستے پر چل رہا ہے دونوں برابر ہیں؟ (76) اور آسمانوں اور زمین کا علم
خدا ہی کو ہے اور (خدا کے نزدیک) قیامت کا آنا یوں ہے جیسے آنکھ جھپکنا بلکہ (اس سے بھی) جلد تر۔
کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے (77) اور خدا ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے شکم سے پیدا کیا کہ تم
کچھ نہیں جانتے تھے، اور اس نے تم کو کان اور آنکھیں اور دل (اور ان کے علاوہ اور) اعضا بخشے تا کہ تم
شکر کرو (78) کیا ان لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کی ہوا میں گھرے ہوئے (اُڑتے
رہتے) ہیں؟ ان کو خدا ہی تھامے رکھتا ہے ایمان والوں کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (79)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔علاوہ 2۔رزق، معاش وغیرہ 3۔مجاز ہونا، طاقت رکھنا
- طاقت، ہمت
- طاقت
- 1۔پاک 2۔چھپ کر
- 1۔اللہ کی تعریف 2۔زیادہ تر
- 1۔بول نہ سکنے والا 2۔ملکیت
- 1۔کمزور 2۔بوجھ بن رہا ہے
- 1۔فائدہ، اچھی خبر 2۔سن نہ سکنے والا
- تیز تر
- 1۔طاقت 2۔پیٹ
- جسم کے حصّے
- پھنسے ہوئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ
اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿80﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُتِمُّ
نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿81﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿82﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ
يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿83﴾ۧ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ
يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿84﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿85﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
شُرَكَاۗءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ شُرَكَاۗؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ﴿86﴾ۚ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَىِٕذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ
خیمے	اورخدا ہی نے تمہارے لئے گھروں کو رہنے کی جگہ بنایا اوراسی نے چوپایوں کی کھالوں سے تمہارے لئے ڈیرے
1۔ہلکا 2۔قیام 3۔سامان	بنائے جن کو تم سبک دیکھ کر سفر اور حضر میں کام میں لاتے ہو،اوران کی اُون اور ریشم اور بالوں سے تم اسباب اور
کافی عرصہ تک	برتنے کی چیزیں (بناتے ہو جو) مدت تک (کام دیتی ہیں) (80) اور خدا ہی نے تمہارے (آرام کے) لئے
قمیضیں	اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سائے بنائے اور پہاڑوں میں غاریں بنائیں اور کُرتے بنائے جو تم کو گرمی سے
1۔نقصان 2۔بچائے رکھیں	بچائیں اور (ایسے) کُرتے (بھی) جو تم کو (اسلحہ) جنگ (کے ضرر) سے محفوظ رکھیں۔اسی طرح خدا اپنا احسان
1۔منہ پھیریں،انکار کریں 2۔صرف	تم پر پورا کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بنو (81) اور اگر یہ لوگ اعراض کریں تو (اے پیغمبرؐ) تمہارا کام فقط کھول کر سنا
1۔علم رکھنا،جاننا 2۔زیادہ تر	دینا ہے (82) یہ خدا کی نعمتوں سے واقف ہیں مگر (واقف ہو کر) ان سے انکار کرتے ہیں اور یہ اکثر ناشکرے
قوم،جماعت	ہیں (83) اور جس دن ہم ہر اُمت میں سے گواہ (یعنی پیغمبرؑ) کھڑا کریں گے تو نہ تو کفار کو (بولنے کی) اجازت
بہانہ	ملے گی اور نہ ان کے عذر قبول کئے جائیں گے (84) اور جب ظالم لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو پھر نہ تو ان کے
1۔کمی 2۔رعائت،مزید وقت	عذاب ہی میں تخفیف کی جائے گی اور نہ ان کو مہلت ہی دی جائے گی (85) اور جب مشرک اپنے (بنائے
علاوہ	ہوئے) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ پروردگار! یہ وہی ہمارے شریک ہیں جن کو ہم تیرے سوا پکارا کرتے
1۔بات 2۔رد کرنا،انکار کرنا	تھے،تو وہ (ان کے کلام کو مسترد کر دیں گے اور) ان سے کہیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو (86) اور اس دن خدا
1۔سرنیچے کردینا 2۔جھوٹ	کے سامنے سرنگوں ہو جائیں گے اور جو طوفان وہ باندھا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا (87)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّحْلِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ النَّحْلِ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ
كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ
شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿89﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى
عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿90﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا
الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿91﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ
نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا
يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿92﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً
وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾

جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روکا ہم ان کو عذاب پر عذاب دیں گے اس لئے کہ شرارت
کیا کرتے تھے (88) اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر اُمت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور
(اے پیغمبرؐ) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا
بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے (89) خدا تم کو انصاف اور احسان
کرنے اور رشتہ داروں کو (خرچ سے مدد) دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور نامعقول کاموں اور سرکشی سے منع
کرتا ہے (اور) تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم یاد رکھو (90) اور جب خدا سے عہد واثق کرو تو اس کو پورا کرو، اور
جب پکی قسمیں کھاؤ تو ان کو مت توڑو کہ تم خدا کو اپنا ضامن مقرر کر چکے ہو، اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو جانتا
ہے (91) اور اس عورت کی طرح نہ ہونا جس نے محنت سے تو سُوت کاتا پھر اس کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا کہ تم
اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ بنانے لگو کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ غالب رہے، بات یہ ہے کہ
خدا تمہیں اس سے آزماتا ہے، اور جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو قیامت کو اس کی حقیقت تم پر ظاہر کر دے گا
(92) اور اگر خدا چاہتا تو تم (سب) کو ایک ہی جماعت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا
ہے ہدایت دیتا ہے، اور جو عمل تم کرتے ہو (اس دن) ان کے بارے میں تم سے ضرور پوچھا جائے گا (93)

مشکل الفاظ کے معانی

- اُمت: گروہ، جماعت
- مفصل، بشارت: 1۔تفصیل سے 2۔خوشخبری
- نامعقول، سرکشی: 1۔نامناسب 2۔حکم نہ ماننا، بغاوت
- عہد واثق: پکا وعدہ
- ضامن: جس کے سامنے عہد یا قسم لی جائے
- سُوت کاتا: پہننے کے لئے کپڑا اتیار کیا
- ذریعہ: وسیلہ، بہانہ

حوالہ جات

- یوسف:111

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّحلِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (94) وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (95)

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (96) مَنْ

عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

يَعْمَلُوْنَ (97) فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (99) اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ (100) ۧ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً

مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (101) قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ

مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ (102)

اور اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ نہ بناؤ کہ (لوگوں کے) قدم جم چکنے کے بعد لڑکھڑا جائیں اور اس
وجہ سے کہ تم نے لوگوں کو خدا کے رستے سے روکا تم کو عقوبت کا مزا چکھنا پڑے اور بڑا سخت عذاب ملے (94)
اور خدا سے جو تم نے عہد کیا ہے (اس کو مت بیچو اور) اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لو (کیونکہ ایفائے عہد کا)
جو (صلہ) خدا کے ہاں مقرر ہے وہ اگر سمجھو تو تمہارے لئے بہتر ہے (95) جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو
جاتا ہے اور جو خدا کے پاس ہے وہ باقی ہے (کہ کبھی ختم نہیں ہوگا) اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ان کو ان کے
اعمال کا نہایت اچھا بدلا دیں گے (96) جو شخص نیک عمل کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہوگا تو ہم اس
کو (دنیا میں) پاک (اور آرام کی) زندگی سے زندہ رکھیں گے اور (آخرت میں) ان کے اعمال کا نہایت اچھا
صلہ دیں گے (97) اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مرُدود سے پناہ مانگ لیا کرو (98) کہ جو مومن ہیں
اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں ان پر اس کا کچھ زور نہیں چلتا (99) اس کا زور انہی لوگوں پر چلتا ہے جو
اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس کے (وسوسے) کے سبب (خدا کے ساتھ) شریک مقرر کرتے ہیں (100)
اور جب ہم کوئی آیت (کسی آیت) کی جگہ بدل دیتے ہیں اور خدا جو کچھ نازل فرماتا ہے اسے خوب جانتا ہے
تو (کافر) کہتے ہیں کہ تم تو (یونہی) اپنی طرف سے بنا لاتے ہو حقیقت یہ ہے کہ ان میں اکثر نادان ہیں (101)
کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ
یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں کے لئے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے (102)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دین پر مضبوط ہونے کے بعد
- سزا
- عہد پورا کرنا
- 1۔بدلا، معاوضہ 2۔پاس
- بہت زیادہ
- 1۔دوست 2۔اندیشہ، خیال، بہکاوہ 3۔کی وجہ سے
- احمق، بیوقوف
- مُراد جبرائیل
- 1۔مضبوط رکھے 2۔خوشخبری

حوالہ جات:

- بقرہ:106، رعد:39
- بقرہ:97، شعراء:193

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيْنٌ (103)
اِنَّ الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (104) اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ
لَايُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ (105) مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ
بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (106) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ
اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (107) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ (108) لَاجَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (109) ثُمَّ اِنَّ
رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (110) ع يَوْمَ
تَاْتِىْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَايُظْلَمُوْنَ (111)

اور ہمیں معلوم ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبرؐ) کو ایک شخص سکھا جاتا ہے، مگر جس کی طرف (تعلیم کی) نسبت کرتے ہیں
اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے (103) جو لوگ خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے ان کو خدا ہدایت
نہیں دیتا اور ان کے لئے عذاب الیم ہے (104) جھوٹ افتراء تو وہی لوگ کیا کرتے ہیں جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں
لاتے اور وہی جھوٹے ہیں (105) جو شخص ایمان لانے کے بعد خدا کے ساتھ کفر کرے وہ نہیں جو (کفر پر زبردستی) مجبور
کیا جائے اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو، بلکہ وہ جو دل کھول کر کفر کرے، تو ایسوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان
کو بڑا سخت عذاب ہوگا (106) یہ اس لئے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں عزیز رکھا، اور اس لئے
کہ خدا کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (107) یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر خدا نے مہر لگا رکھی
ہے اور یہی غفلت میں پڑے ہوئے ہیں (108) کچھ شک نہیں کہ یہ آخرت میں خسارہ اٹھانے والے ہوں
گے (109) پھر جن لوگوں نے ایذائیں اٹھانے کے بعد ترک وطن کیا پھر جہاد کئے اور ثابت قدم رہے تمہارا پروردگار
ان کو بیشک ان (آزمائشوں) کے بعد بخشنے والا (اور ان پر) رحمت کرنے والا ہے (110) جس دن ہر متنفس اپنی طرف
سے جھگڑا کرنے آئے گا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا اور کسی کا نقصان نہیں کیا جائے گا (111)

مشکل الفاظ کے معانی:

- نسبت کرتے ہیں: حوالہ دیتے ہیں
- عجمی: عرب سے باہر کی
- 1۔ الیم: دردناک 2۔ افتراء: جھوٹا الزام لگانا
- 1۔ مطمئن: خوش ہو، اطمینان پائے 2۔ دل کھول کر: بلا ڈر یا خوف 3۔ غضب: قہر، غصّہ
- عزیز: پیارا
- 1۔ غفلت: لاپرواہی، سُستی 2۔ خسارہ: نقصان
- 1۔ ایذائیں: تکلیفیں 2۔ ترک وطن: وطن چھوڑ دیا
- متنفس: ذی وجود، انسان

حوالہ جات:

- بنی اسرائیل:36
- بقرہ:214، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّحْلِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ
فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ
فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿114﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ
بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿115﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ
لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿116﴾ ؕ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿117﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿118﴾

اور خدا ایک بستی کی مثال بیان فرماتا ہے کہ (ہر طرح) امن چین سے بستی تھی ہر طرف سے رزق بافراغت چلا آتا تھا مگر ان لوگوں نے خدا کی نعمتوں کی ناشکری کی تو خدا نے ان کے اعمال کے سبب ان کو بھوک اور خوف کا لباس پہنا کر (ناشکری کا) مزا چکھا دیا (112) اور ان کے پاس انہی میں سے ایک پیغمبرؑ آیا تو انہوں نے اس کو جھٹلایا سو ان کو عذاب نے آ پکڑا اور وہ ظالم تھے (113) پس خدا نے جو تم کو حلال طیب رزق دیا ہے اسے کھاؤ اور اللہ کی نعمتوں کا شکر کرو اگر اسی کی عبادت کرتے ہو (114) اس نے تم پر مُردار اور لہو اور سؤر کا گوشت حرام کر دیا ہے اور جس چیز پر خدا کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے (اس کو بھی) ہاں اگر کوئی ناچار ہو جائے تو بشرطیکہ (دیگر کوئی) گناہ کرنے والا نہ ہو اور نہ حد سے نکلنے والا تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (115) اور یونہی جھوٹ جو تمہاری زبان پر آ جائے مت کہہ دیا کرو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ خدا پر جھوٹ بہتان باندھنے لگو جو لوگ خدا پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں ان کا بھلا نہیں ہوگا (116) (جھوٹ کا) فائدہ تو تھوڑا سا ہے مگر (اس کے بدلے) ان کو عذاب الیم (بہت) ہوگا، (117) اور جو چیزیں ہم تم سے پہلے بیان کر چکے ہیں وہ ہم نے یہودیوں پر حرام کر دی تھیں، اور ہم نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا بلکہ وہی اپنے آپ پر ظلم کیا کرتے تھے (118)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔آبادی 2۔سکون 3۔کھلا
- کی وجہ سے
- ڈھانپ کر
- پاک
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔مرا ہوا
- 1۔علاوہ 2۔مجبور
- مگر شرط یہ ہے کہ،مگر
- الزام
- فائدہ
- دردناک

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّحْلِ	حوالہ جات

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿119﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿120﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿121﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿122﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ
اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿123﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ
رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿124﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ
الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿125﴾
وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿126﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ
وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿127﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿128﴾ ع

پھر جن لوگوں نے نادانی سے بُرا کام کیا پھر اس کے بعد توبہ کی اور نیکوکار ہو گئے تو تمہارا پروردگار (ان کو) توبہ
کرنے اور نیکوکار ہو جانے کے بعد بخشنے والا اور (ان پر) رحمت کرنے والا ہے (119) بیشک ابراہیمؑ
(پرہیزگاروں کے) امام (اور) خدا کے فرمانبردار تھے، جو ایک طرف کے ہو رہے تھے اور مشرکوں میں سے نہ
تھے (120) اس کی نعمتوں کے شکرگزار[1] تھے، خدا نے ان کو برگزیدہ[2] کیا تھا اور (اپنی) سیدھی راہ پر چلایا
تھا (121) اور ہم نے ان کو دنیا میں بھی خوبی دی تھی، اور وہ آخرت میں بھی نیک لوگوں میں ہوں
گے (122) پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ دین ابراہیمؑ کی پیروی اختیار کرو جو ایک طرف کے ہو رہے
تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے (123) ہفتے کا دن تو انہی لوگوں کے لئے مقرر کیا تھا جنہوں نے اس میں
اختلاف کیا اور تمہارا پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا فیصلہ کر دے گا، جن میں وہ اختلاف کرتے
تھے (124) (اے پیغمبرؐ) لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے رستے کی طرف بلاؤ اور بہت
ہی اچھے طریق[1] سے ان سے مناظرہ[2] کرو جو اس کے رستے سے بھٹک گیا[3] تمہارا پروردگار اسے بھی خوب جانتا
ہے، اور جو رستے پر چلنے والے ہیں ان سے بھی خوب واقف ہے (125) اور اگر تم ان کو تکلیف دینی چاہو تو اتنی
ہی دو جتنی تکلیف تم کو ان سے پہنچی اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لئے بہت اچھا ہے (126) اور صبر
ہی کرو اور تمہارا صبر بھی خدا ہی کی مدد سے ہے اور ان کے بارے میں غم نہ کرو اور جو یہ بد اندیشی کرتے ہیں اس
سے تنگ دل نہ ہو (127) کچھ شک نہیں کہ جو پرہیزگار ہیں اور جو نیکوکار ہیں خدا ان کا مددگار ہے (128)

مشکل الفاظ کے معانی
ناسمجھی
رہبر، راہنما، لیڈر
1۔شکر کرنے والا 2۔عزت دینا، بزرگی دینا
وصف
پیچھے چلنا
عقلمندی
1۔طریقہ 2۔بحث 3۔گمراہ ہو گیا
اچھی طرح
غلط سوچ رکھتے ہیں
غم زدہ، پریشان

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْل	حوالہ جات

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ
مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ① وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا
مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ؕ② ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ③ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ④ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ
عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ⑤ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ
وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ⑥ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۟ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ
فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا
تَتْبِيْرًا ⑦

ترجمہ سورت بنی اسراعیل

وہ (ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک، جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں
رکھی ہیں، لے گیا تا کہ ہم اسے اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں، بیشک وہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے (1)
اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب عنایت کی تھی اور اس کو اولادِ اسرائیل کے لئے رہنما مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی کو کارساز
نہ ٹھہرانا (2) اے ان لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا بیشک نوحؑ (ہمارے)
شکرگزار بندے تھے (3) اور ہم نے کتاب میں اولادِ اسرائیل سے کہہ دیا تھا کہ تم زمین میں دو دفعہ فساد مچاؤ گے اور
بڑی سرکشی کرو گے (4) پس جب پہلے (وعدے) کا وقت آیا تو ہم نے اپنے سخت لڑنے والے بندے تم پر
مسلط کر دیئے اور وہ شہروں کے اندر پھیل گئے اور وہ وعدہ پورا ہو کر رہا (5) پھر ہم نے دوسری بار تم کو ان پر غلبہ دیا
اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی اور تم کو جماعت کثیر بنا دیا (6) اگر تم نیکوکاری کرو گے تو اپنی جانوں کے
لئے کرو گے اور اگر اعمال بد کرو گے تو (ان کا) وبال بھی تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔ پھر جب دوسرے
(وعدے) کا وقت آیا (تو ہم نے پھر اپنے بندے بھیجے) تاکہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی دفعہ
مسجد میں داخل ہو گئے تھے اسی طرح پھر اس میں داخل ہو جائیں اور جس چیز پر غلبہ پائیں اسے تباہ کر دیں (7)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔کوئی بھی برگزیدہ ہستی 2۔خانہ کعبہ 3۔بیت المقدس
- 1۔دی تھی 2۔امام،لیڈر 3۔علاوہ 4۔کام سنوارنے والا
- 1۔دوبار 2۔برپا کرو گے
- حکم نہ ماننا،بغاوت
- غالب کردیئے
- بڑی جماعت
- مصیبت،وزن،بوجھ
- 1۔برتری 2۔برباد

حوالہ جات:

متشابہ عمران:7، بنی اسرائیل:36

حوالہ جات	سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْل	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْل

عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ⑧ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ
وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ⑨ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا
اَلِيْمًا ⑩ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ⑪ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ
وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَیْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ⑫
وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا ⑬ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰی بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ
عَلَيْكَ حَسِيْبًا ⑭ مَنِ اهْتَدٰی فَاِنَّمَا يَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ وَمَا كُنَّا
مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا ⑮ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا
تَدْمِيْرًا ⑯ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰی بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ⑰

أمید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر وہی (فساد) کرو گے تو ہم بھی وہی (عذاب) کریں گے اور
ہم نے جہنم کو کافروں کے لئے قید خانہ بنا رکھا ہے (8) یہ قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے، جو سب سے سیدھا ہے اور
مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ ان کے لئے اجر عظیم ہے (9) اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو
آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لئے ہم نے دُکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے (10) اور انسان جس طرح
(جلدی سے) بھلائی مانگتا ہے اسی طرح بُرائی مانگتا ہے اور انسان جلد باز ہے (11) اور ہم نے دن اور رات کو دو
نشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو تاریک بنایا اور دن کی نشانی کو روشن۔ تاکہ تم اپنے پروردگار کا فضل تلاش کرو اور
برسوں کا شمار اور حساب جانو اور ہم نے ہر چیز کی (بخوبی) تفصیل کر دی ہے (12) اور ہم نے ہر انسان کے اعمال
کو اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اسے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے
گا (13) (کہا جائے گا کہ) اپنی کتاب پڑھ لے تو آج اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے (14) جو شخص ہدایت
اختیار کرتا ہے تو اپنے لئے اختیار کرتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی کا ضرر بھی اسی کو ہوگا اور کوئی شخص کسی
دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور جب تک ہم پیغمبر نہ بھیج لیں، عذاب نہیں دیا کرتے (15) اور جب ہمارا ارادہ
کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ہوا تو وہاں کے آسودہ لوگوں کو (فواحش پر) مامور کر دیا تو وہ نافرمانیاں کرتے رہے۔
پھر اس پر (عذاب کا) حکم ثابت ہو گیا اور ہم نے اسے ہلاک کر ڈالا (16) اور ہم نے نوحؑ کے بعد بہت سی
اُمتوں کو ہلاک کر ڈالا اور تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں کو جاننے اور دیکھنے والا کافی ہے (17)

مشکل الفاظ کے معانی

- بشارت: خوشخبری
- فضل، جلد باز: 1۔فائدہ 2۔جلدی کرنے والا
- تاریک، فضل: 1۔اندھیرا ہونا 2۔روزی، معاش
- شمار، تفصیل: 1۔گنتی 2۔ہر لحاظ سے
- محاسب: حساب کرنے والا
- ضرر: نقصان
- بوجھ: وزن
- بستی، آسودہ، فواحش، مامور: 1۔آبادی 2۔خوشحال 3۔بُرے کام 4۔لگا دیا
- اُمتوں: گروہوں، جماعتوں

حوالہ جات

نمل:82، قیامہ:19

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مشکل الفاظ کے معانی

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿18﴾ وَمَنْ اَرَادَ
الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿19﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ
وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿20﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿21﴾ لَا
تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿22﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ
عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿23﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ
مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿24﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ
لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿25﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿26﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ
الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿27﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا
مَّيْسُوْرًا ﴿28﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿29﴾

جو شخص دنیا (کی آسودگی) کا خواہش مند ہو تو ہم اس میں سے جسے چاہتے ہیں اور جتنا چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں۔
پھر اس کے لئے جہنم کو (ٹھکانا) مقرر کر رکھا ہے جس میں وہ نفرین سن کر اور (درگاہ خدا سے) راندہ ہو کر داخل ہوگا (18)
اور جو شخص آخرت کا خواستگار ہو اور اس میں اتنی کوشش کرے جتنی اسے لائق ہے اور وہ مومن بھی ہو تو ایسے ہی لوگوں کی
کوشش ٹھکانے لگتی ہے (19) ہم اُن کو اور ان کو سب کو تمہارے پروردگار کی بخشش سے مدد دیتے ہیں۔ اور تمہارے
پروردگار کی بخشش (کسی سے) رُکی ہوئی نہیں (20) دیکھو ہم نے کس طرح بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ہے اور آخرت
درجوں میں (دنیا سے) بہت برتر اور برتری میں کہیں بڑھ کر ہے (21) (اور) خدا کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ
ملامتیں سن کر اور بے کس ہو کر بیٹھے رہ جاؤ گے (22) اور تمہارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی
عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ
جائیں تو ان کو اُف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور ان سے بات ادب کے ساتھ کرنا (23) اور عجز و نیاز سے ان کے
آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا
ہے تُو بھی ان (کے حال) پر رحمت فرما (24) جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے تمہارا پروردگار اس سے بخوبی واقف ہے
اگر تم نیک ہو گے تو وہ رجوع لانے والوں کو بخش دینے والا ہے (25) اور رشتہ داروں اور محتاجوں اور مسافروں کو
ان کا حق ادا کرو اور فضول خرچی سے مال نہ اڑاؤ (26) کہ فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں اور
شیطان اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کا کفران کرنے والا ہے (27) اور اگر تم اپنے پروردگار کی رحمت (یعنی
فراخ دستی) کے انتظار میں جس کی تمہیں اُمید ہو (اور) ان (مستحقین) کی طرف توجہ نہ کر سکو تو ان سے نرمی سے بات
کہہ دیا کرو (28) اور اپنے ہاتھ کو نہ تو گردن سے بندھا ہوا کر لو (کہ کسی کو کچھ دو ہی نہیں) اور نہ بالکل ہی کھول دو
(اور انجام یہ ہو) کہ ملامت زدہ اور ماندہ ہو کر بیٹھ جاؤ (29)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔خوشحالی 2۔چاہنے والا
- 1۔لعنت 2۔اللہ کی دربار سے دھتکارا ہوا
- موزوں، جائز
- 1۔کہیں زیادہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔بُرا بھلا کہنا 2۔بے بس 3۔علاوہ
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔فائدہ
- 1۔ان کی دی گئی کسی تکلیف کا بُرا نہ ماننا 2۔تابعداری
- 1۔کے لئے 2۔مہربانی، محبت 3۔پالنا
- اچھی طرح
- ایمان لانے والے
- حِصّہ
- ناشکری کرنا
- 1۔کافی دولت ہونا 2۔حقداران
- 1۔بہت تنگ کر لینا 2۔سبھی کچھ دے ڈالنا
- بے چارگی

حوالہ جات:

نجم:39،40، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْل	حوالہ جات

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿30﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ
نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿31﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿32﴾
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ ؕ
اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿33﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ
كَانَ مَسْئُوْلًا ﴿34﴾ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿35﴾ وَلَا تَقْفُ
مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿36﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ
مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿37﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿38﴾ ذٰلِكَ
مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿39﴾
اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿40﴾

بیشک تمہارا پروردگار جس کی روزی چاہتا ہے فراخ کر دیتا ہے اور (جس کی روزی چاہتا ہے) تنگ کر دیتا
ہے۔ وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے اور (ان کو) دیکھ رہا ہے (30) اور اپنی اولاد کو مُفلسی کے خوف سے قتل نہ
کرنا (کیونکہ) ان کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ ان کا مار ڈالنا سخت گناہ ہے (31) اور زنا
کے پاس بھی نہ جانا کہ وہ بے حیائی اور بُری راہ ہے (32) اور جس جاندار کا مارنا خدا نے حرام کیا ہے، اسے قتل
نہ کرنا مگر جائز طور پر (یعنی جس طرح خدا نے کہا ہے) اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم نے اس کے وارث کو
اختیار دیا ہے (کہ ظالم قاتل سے بدلا لے) تو اس کو چاہیئے کہ قتل (کے قصاص) میں زیادتی نہ کرے کہ وہ
منصور وفتحیاب ہے (33) اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ پھٹکنا مگر ایسے طریق سے کہ بہت بہتر ہو یہاں تک کہ وہ
جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو کہ عہد کے بارے میں ضرور پرسش ہوگی (34) اور جب (کوئی چیز) ناپ
کر دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو اور (جب تول کر دو تو) ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔ یہ بہت اچھی بات اور انجام
کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے (35) اور (اے بندے) جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ کہ کان اور
آنکھ اور دل ان سب (جوارح) سے ضرور باز پرس ہوگی (36) اور زمین پر اکڑ کر مت چل کہ تُو زمین کو
پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں (کی چوٹی) تک پہنچ جائے گا (37) ان سب (کاموں) کی
بُرائی تیرے پروردگار کے نزدیک بہت ناپسند ہے (38) (اے پیغمبرؐ) یہ ان (ہدایتوں) میں سے ہیں جو
خدا نے دانائی کی باتیں تمہاری طرف وحی کی ہیں اور خدا کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ (ایسا کرنے سے)
ملامت زدہ اور (درگاہ خدا سے) راندہ بنا کر جہنم میں ڈال دیئے جاؤ گے (39) (مشرکو!) کیا تمہارے پروردگار
نے تم کو تو لڑکے دیئے اور خود فرشتوں کو بیٹیاں بنایا؟ کچھ شک نہیں کہ (یہ) تم بڑی (نامعقول) بات کہتے ہو (40)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔رزق 2۔کھلی
- 1۔خبر رکھنے والا 2۔غریبی
- ولی، مالک
- 1۔فاتح کہلوانا 2۔جانا
- پوچھا جانا
- نتیجہ، آخر
- 1۔انسانی اعضاء 2۔پوچھا جانا 3۔غرور کرنا
- 1۔عقل 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ڈانٹ ڈپٹ ہونا 2۔دربار 3۔نکالا ہوا
- غیر مناسب

حوالہ جات:
آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ بَنِیٓ اِسْرَآءِیْل	حوالہ جات

سُوْرَةُ بَنِیٓ اِسْرَآءِیْل

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا (41) قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا
اِلٰى ذِی الْعَرْشِ سَبِيْلًا (42) سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا (43) تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ
فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (44) وَاِذَا قَرَاْتَ
الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا (45) وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ
وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا (46) نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ
اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا (47) اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ
الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا (48) وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا (49) قُلْ
كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا (50) اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِیْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ قُلِ الَّذِیْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ
مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا (51)

اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح کی باتیں بیان کی ہیں تا کہ لوگ نصیحت پکڑیں مگر وہ اس سے اور بدک جاتے
ہیں (41) کہہ دو کہ اگر خدا کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا کہ یہ کہتے ہیں تو وہ ضرور (خدائے) مالک عرش کی طرف
(لڑنے کے لئے) رستہ نکالتے (42) وہ پاک ہے اور جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں اس سے (اس کا رُتبہ) بہت
عالی ہے (43) ساتوں آسمان اور زمین اور جو لوگ ان میں ہیں سب اسی کی تسبیح کرتے ہیں اور (مخلوقات
میں سے) کوئی چیز نہیں مگر اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتی ہے۔ لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔ بیشک وہ بُردبار
(اور) غفار ہے (44) اور جب تم قرآن پڑھا کرتے ہو تو ہم تم میں اور ان لوگوں میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
حجاب پر حجاب کر دیتے ہیں (45) اور ان کے دلوں پر پردہ ڈال دیتے ہیں کہ اسے سمجھ نہ سکیں اور ان کے کانوں میں
ثقل پیدا کر دیتے ہیں۔ اور جب تم قرآن میں اپنے پروردگار یکتا کا ذکر کرتے ہو تو وہ بدک جاتے اور پیٹھ پھیر کر چل
دیتے ہیں (46) یہ لوگ جب تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو جس نیت سے یہ سنتے ہیں، ہم اسے خوب جانتے ہیں
اور جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں (یعنی) جب ظالم کہتے ہیں کہ تم تو ایک ایسے شخص کی پیروی کرتے ہو جس پر جادو کیا
گیا ہے (47) دیکھو انہوں نے کس کس طرح کی تمہارے بارے میں باتیں بنائی ہیں۔ سو یہ گمراہ ہو رہے ہیں اور رستہ
نہیں پا سکتے (48) اور کہتے ہیں کہ جب ہم (مر کر بوسیدہ) ہڈیاں اور چُور چُور ہو جائیں گے تو کیا ازسرِنو پیدا ہو کر
اُٹھیں گے؟ (49) کہہ دو کہ (خواہ تم) پتھر ہو جاؤ یا لوہا (50) یا کوئی اور چیز جو تمہارے نزدیک (پتھر اور لوہے سے بھی)
بڑی (سخت) ہو، جھٹ کہیں گے کہ (بھلا) ہمیں دوبارہ کون جِلائے گا؟ کہہ دو کہ وہی جس نے تم کو پہلی بار پیدا کیا۔ تو
(تعجب سے) تمہارے آگے سر ہلائیں گے۔ اور پوچھیں گے کہ ایسا کب ہو گا؟ کہہ دو اُمید ہے کہ جلد ہو گا (51)

مشکل الفاظ کے معانی

- اُچھلنا بھاگنا
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- درجہ، مقام
- 1۔اونچا 2۔یاد کرنا
- برداشت کرنے والا
- بخش دینے والا
- پردہ
- 1۔بوجھ، وزن 2۔اکیلا
- پیچھے چلنا
- 1۔پرانی 2۔ٹکڑے ٹکڑے 3۔نئے سرے سے
- زندہ کرنا
- حیرانگی

حوالہ جات

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُورَةُ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	مشکل الفاظ کے معانی
	يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ وَتَظُنُّونَ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ﴿52﴾ وَقُلْ لِعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ	
	الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِينًا ﴿53﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ ۖ إِنْ يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ	
	يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ﴿54﴾ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ	
	النَّبِيِّينَ عَلَىٰ بَعْضٍ ۖ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ﴿55﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُونِهِ فَلَا يَمْلِكُونَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ	
	وَلَا تَحْوِيلًا ﴿56﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ	
	إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ﴿57﴾ وَإِنْ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ أَوْ مُعَذِّبُوهَا عَذَابًا شَدِيدًا ۚ	
	كَانَ ذَٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ﴿58﴾ وَمَا مَنَعَنَا أَنْ نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ	
	مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ﴿59﴾ وَإِذْ قُلْنَا لَكَ إِنَّ رَبَّكَ أَحَاطَ بِالنَّاسِ ۚ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا	
	الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ ۚ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ﴿60﴾	
	جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ جواب دو گے اور خیال کرو گے کہ تم (دنیا میں) بہت کم	
	(مدت) رہے (52) اور میرے بندوں سے کہہ دو کہ (لوگوں سے) ایسی باتیں کہا کریں جو بہت پسندیدہ ہوں۔	وقت، عرصہ
	کیونکہ شیطان (بُری باتوں سے) ان میں فساد ڈلوا دیتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا کُھلا دشمن ہے (53)	خرابی، کفر، شرک، جھگڑا
	تمہارا پروردگار تم سے خوب واقف ہے اگر چاہے تو تم پر رحم کرے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے تم کو	اچھی طرح
	ان پر داروغہ (بنا کر) نہیں بھیجا (54) اور جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں تمہارا پروردگار ان سے خوب واقف	نگران، محافظ
	ہے اور ہم نے بعض پیغمبروں کو بعض پر فضیلت بخشی اور داؤدؑ کو زبور عنایت کی (55) کہو (کہ مشرکو!) جن	1۔کچھ 2۔برتری 3۔دی
	لوگوں کی نسبت تمہیں (معبود ہونے کا) گُمان ہے ان کو بلا دیکھو وہ تم سے تکلیف کے دُور کرنے یا اس کو بدل دینے	1۔کے بارے میں 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔خیال
	کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے (56) یہ لوگ جن کو (خدا کے سوا) پکارتے ہیں وہ خود اپنے پروردگار کے ہاں	علاوہ
	ذریعۂ (تقرب) تلاش کرتے رہتے ہیں کہ کون ان میں (خدا کا) زیادہ مقرب (ہوتا) ہے؟ اور اس کی رحمت کے	1۔قریب ہونا 2۔قریب
	اُمیدوار رہتے ہیں اور اس کے عذاب سے خوف رکھتے ہیں۔ بیشک تمہارے پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز	
آئندہ حصوں میں دیکھئے	ہے (57) اور (کفر کرنے والوں کی) کوئی بستی نہیں مگر قیامت کے دن سے پہلے ہم اسے ہلاک کر دیں گے یا سخت	
	عذاب سے سزا دیں گے یہ کتاب میں لکھا جا چکا ہے (58) اور ہم نے نشانیاں بھیجنی اس لئے موقوف کر دیں کہ	ملتوی
	اگلے لوگوں نے اس کی تکذیب کی تھی۔ اور ہم نے ثمود کو اونٹنی (نبوت صالحؑ کی کُھلی) نشانی دی تو انہوں نے اس	مذاق اڑانا
	پر ظلم کیا اور ہم جو نشانیاں بھیجا کرتے ہیں تو ڈرانے کو (59) جب ہم نے تم سے کہا کہ تمہارا پروردگار لوگوں کا احاطہ کئے	گھیراؤ
1۔نجم:18، 2۔صافات:62تا66	ہوئے ہے اور جو نمائش ہم نے تمہیں دکھائی اس کو لوگوں کے لئے آزمائش کیا اور اسی طرح (تھوہر کے) درخت کو جس	
	پر قرآن میں لعنت کی گئی۔ اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو ان کو اس سے بڑی (سخت) سرکشی پیدا ہوتی ہے (60)	بغاوت، شرک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْل	حوالہ جات

سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْل

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿61﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ
كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿62﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ
جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿63﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ
وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿64﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ
سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿65﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿66﴾
وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿67﴾
اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿68﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ
فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿69﴾

اور جب ہم نے فرشتوںؑ سے کہا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس (نے نہ کیا) بولا بھلا میں ایسے
شخص کو سجدہ کروں جس کو تُو نے مٹی سے پیدا کیا ہے؟ (61) (اور ازراہ طنز) کہنے لگا کہ دیکھ تو یہی وہ ہے جسے تُو
نے مجھ پر فضیلت[1] دی ہے۔ اگر تُو مجھ کو قیامت کے دن تک کی مہلت[2] دے تو میں تھوڑے سے شخصوں کے سوا[3] اس
کی (تمام) اولاد کی جڑ کاٹتا رہوں گا (62) خدا نے فرمایا (یہاں) سے چلا جا جو شخص ان میں سے تیری پیروی
کرے گا تو تم سب کی سزا جہنم ہے (اور وہ) پوری سزا (ہے) (63) اور ان میں سے جس کو بہکا سکے اپنی آواز
سے بہکاتا رہ[1] اور ان پر اپنے سواروں اور پیادوں[2] کو چڑھا کر[3] لاتا رہ اور ان کے مال اور اولاد میں شریک ہوتا رہ
اور ان سے وعدے کرتا رہ اور شیطان جو وعدے ان سے کرتا ہے سب دھوکا ہے (64) جو میرے مخلص بندے
ہیں ان پر تیرا کچھ زور نہیں اور (اے پیغمبرؐ) تمہارا پروردگار کارساز کافی ہے (65) تمہارا پروردگار وہ ہے جو
تمہارے لئے دریا میں کشتیاں چلاتا ہے تاکہ تم اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو۔ بیشک وہ تم پر مہربان
ہے (66) اور جب تم کو دریا میں تکلیف پہنچتی ہے (یا ڈوبنے کا خوف ہوتا ہے) تو جن کو تم پکارا کرتے ہو سب
اس (پروردگار) کے سوا گم ہو جاتے ہیں۔ پھر جب وہ تم کو (ڈوبنے سے) بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو تم
منہ پھیر لیتے ہو اور انسان ہے ہی ناشکرا (67) کیا تم (اس سے) بے خوف ہو کہ خدا تمہیں خشکی کی طرف (لے جا
کر زمین میں) دھنسا دے[1] یا تم پر سنگریزوں[2] کی بھری ہوئی آندھی[3] چلا دے پھر تم اپنا کوئی نگہبان[4] نہ پاؤ (68)
یا (اس سے) بے خوف ہو کر تم کو دوسری دفعہ دریا میں لے جائے۔ پھر تم پر تیز ہوا چلائے اور تمہارے کفر
کے سبب[1] تمہیں ڈبو دے پھر تم اس غرق[2] کے سبب اپنے لئے کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا[3] نہ پاؤ (69)

مشکل الفاظ کے معانی

- طعنہ مار کر
- 1۔ برتری 2۔ مزید وقت 3۔ علاوہ
- پیچھے چلنا
- مناسب، انتہائی موزوں
- 1۔ گمراہ کرتا رہ 2۔ پیدل چلنے والے 3۔ سوار کر کے
- کام بنانے والا
- رزق
- غائب
- 1۔ گاڑ دے 2۔ پتھروں 3۔ تیز ہوا 4۔ رکھوالا
- 1۔ کی وجہ سے 2۔ ڈوب جانا 3۔ اپنا حمایتی یا مددگار

حوالہ جات	سُوْرَةُ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْل	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْل

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْۤ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِیْلًا ﴿70﴾
یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿71﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ
هٰذِهٖۤ اَعْمٰی فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰی وَاَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿72﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا
غَیْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِیْلًا ﴿73﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ شَیْـًٔا قَلِیْلًا ﴿74﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَیٰوةِ
وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿75﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِیُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا یَلْبَثُوْنَ
خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿76﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ﴿77﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰی
غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿78﴾ وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ
مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿79﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿80﴾

اور ہم نے بنی آدمؑ کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی
مخلوقات پر فضیلت دی (70) جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے پیشواؤں کے ساتھ بُلائیں گے۔ تو جن (کے
اعمال) کی کتاب ان کے داہنے ہاتھ میں دی جائے گی وہ اپنی کتاب کو (خوش ہو ہو کر) پڑھیں گے اور ان پر
دھاگے برابر بھی ظلم نہ ہوگا (71) اور جو شخص اس (دنیا) میں اندھا ہو وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا۔ اور (نجات
کے) رستے سے بہت دُور (72) اور اے پیغمبرؐ جو وحی ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ (کافر) لوگ تم
کو اس سے پھسلا دیں تاکہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت بنا لو۔ اور وہ اس وقت تم کو دوست بنا لیتے (73)
اور اگر ہم تم کو ثابت قدم نہ رہنے دیتے تو تم کسی قدر ان کی طرف مائل ہونے ہی لگے تھے (74) اس وقت ہم تم کو
زندگی میں (عذاب کا) دُونا اور مرنے پر بھی دُونا عذاب چکھاتے پھر تم ہمارے مقابلہ میں کسی کو اپنا مددگار نہ
پاتے (75) اور یہ آپ کے قدم اس سرزمین سے اُکھاڑنے ہی لگے تھے تاکہ تمہیں وہاں سے جلاوطن کردیں اور
اس وقت تمہارے پیچھے یہ بھی نہ رہتے مگر کم (76) جو پیغمبرؐ ہم نے تم سے پہلے بھیجے تھے ان کا (اور ان کے بارے
میں ہمارا یہی) طریق رہا ہے اور تم ہمارے طریق میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے (77) (اے محمدؐ) سورج کے ڈھلنے
سے رات کے اندھیرے تک (ظہر، عصر اور مغرب کی) نمازیں اور صبح کو قرآن پڑھا کرو، کیونکہ صبح کے وقت قرآن کا
پڑھنا (خاص) مشاہدہ ہوتا ہے (78) اور بعض حصہ شب میں بیدار ہوا کرو (یہ شب خیزی) تمہارے لئے
(سبب) زیادت ہے۔ قریب ہے کہ خدا تم کو مقام محمود میں داخل کرے (79) اور کہو کہ اے پروردگار مجھے
(ہجرت میں) اچھی طرح داخل کیجیو اور اچھی طرح نکالیو اور اپنے ہاں سے زور و قوت کو میرا مددگار بنائیو (80)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔ آدم کی اولاد 2۔ دی

1۔ برتری 2۔ امام وغیرہ

رہائی

1۔ بہکادیں، ورغلادیں
2۔ علاوہ 3۔ بارے میں

1۔ قائم رہنا، مضبوطی 2۔ جھک جانا

1۔ الگ کرنے، کمزور کرنے
2۔ ملک بدری

1۔ طریقہ 2۔ ادل بدل، تبدیلی

1۔ معائنہ 2۔ جاگنا 3۔ رات کو جاگنا

1۔ باعث، وجہ 2۔ زیادہ ہونا
3۔ تعریف کیا گیا

1۔ ایک سے دوسری جگہ جانا
2۔ کرنا 3۔ پاس 4۔ طاقت

حوالہ جات

جاثیہ: 13

نساء: 113

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْل

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿81﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ
وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿82﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا ﴿83﴾ قُلْ
كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿84﴾ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ
وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿85﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿86﴾ اِلَّا
رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿87﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ
لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿88﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۫ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ
النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿89﴾ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْبُوْعًا ﴿90﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ
فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿91﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿92﴾

اور کہہ دو کہ حق آ گیا اور باطل نابود ہو گیا۔ بیشک باطل نابود ہونے والا ہے (81) اور ہم قرآن (کے ذریعے)
سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے (دل کی بیماری کی) شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو
اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے (82) اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں تو رُوگرداں ہو جاتا اور پہلو پھیر لیتا ہے
اور جب اسے سختی پہنچتی ہے تو نااُمید ہو جاتا ہے (83) کہہ دو کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے سو
تمہارا پروردگار اس شخص سے خوب واقف ہے جو سب سے زیادہ سیدھے رستے پر ہے (84) اور تم سے رُوح کے
بارے میں سوال کرتے ہیں کہہ دو کہ وہ میرے پروردگار کی ایک شان ہے اور تم لوگوں کو (رُوح کے متعلق بہت
ہی) کم علم دیا گیا ہے (85) اور اگر ہم چاہیں تو جو (کتاب) ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اسے (تمہارے دلوں سے)
محو کر دیں پھر تم اس کے لئے ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاؤ (86) مگر (اب وحی کا قائم رہنا) تمہارے پروردگار
کی رحمت ہے۔ کچھ شک نہیں کہ تم پر اس کا بڑا فضل ہے (87) کہہ دو کہ اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں
کہ اس قرآن جیسا بنا لائیں تو اس جیسا نہ لا سکیں اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں (88) اور ہم نے اس
قرآن میں سب باتیں طرح طرح سے بیان کر دی ہیں مگر اکثر لوگوں نے انکار کرنے کے سوا قبول نہ کیا (89) اور
کہنے لگے کہ ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے، جب تک کہ (عجیب وغریب باتیں نہ دکھاؤ کہ یا تو) ہمارے لئے
زمین میں سے چشمہ جاری کر دو (90) یا تمہارا کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو اور اس کے بیچ میں نہریں بہا
نکالو (91) یا جیسا تم کہا کرتے ہو ہم پر آسمان کے ٹکڑے لا گراؤ یا خدا اور فرشتوں کو (ہمارے) سامنے
لے آؤ (92)

مشکل الفاظ کے معانی	حوالہ جات
1۔سچ 2۔جھوٹ 3۔ختم	
1۔تندرستی 2۔لئے	یونس:57
1۔منکر ہونا 2۔پلٹ جانا	
طریقہ	
مٹا دیں، ختم کر دیں	حجر:9
اکٹھے ہونا، جمع ہونا	
علاوہ	آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ
رَبِّىْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿93﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا
رَّسُوْلًا ﴿94﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِى الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿95﴾ قُلْ كَفٰى
بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿96﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ
سَعِيْرًا ﴿97﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿98﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا
اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا
كُفُوْرًا ﴿99﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّىْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿100﴾

یا تمہارا سونے کا گھر ہو یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے۔ جب تک کہ کوئی کتاب نہ لاؤ، جسے ہم پڑھ بھی لیں۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار پاک ہے۔ میں تو صرف ایک پیغام پہنچانے والا انسان ہوں (93) اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آ گئی تو ان کو ایمان لانے سے اس کے سوا کوئی چیز مانع نہ ہوئی کہ کہنے لگے کہ کیا خدا نے آدمی کو پیغمبرؐ کر کے بھیجا ہے؟ (94) کہہ دو کہ اگر زمین میں فرشتے ہوتے (کہ اس میں) چلتے پھرتے (اور) آرام کرتے (یعنی بستے) تو ہم ان کے پاس فرشتے کو پیغمبرؐ بنا کر بھیجتے (95) کہہ دو کہ میرے اور تمہارے درمیان خدا ہی گواہ کافی ہے وہی اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے (96) اور جس شخص کو خدا ہدایت دے، وہی ہدایت یاب ہے اور جن کو گمراہ کرے تو تم خدا کے سوا ان کے رفیق نہیں پاؤ گے اور ہم ان کو قیامت کے دن اوندھے منہ، اندھے، گونگے اور بہرے (بنا کر) اٹھائیں گے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جب (اس کی آگ) بجھنے کو ہوگی تو ہم ان کو (عذاب دینے) کے لئے اور بھڑکا دیں گے (97) یہ ان کی سزا ہے اس لئے کہ وہ ہماری آیتوں سے کفر کرتے تھے اور کہتے تھے کہ جب ہم (مر کر بوسیدہ) ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا از سرِ نو پیدا کئے جائیں گے؟ (98) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ خدا، جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، اس بات پر قادر ہے کہ ان جیسے (اور لوگ) پیدا کر دے؟ اور اس نے ان کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا ہے جس میں کچھ بھی شک نہیں تو ظالموں نے انکار کرنے کے سوا (اسے) قبول نہ کیا (99) کہہ دو کہ اگر میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے تمہارے ہاتھ میں ہوتے تو تم خرچ ہو جانے کے خوف سے (ان کو) بند رکھتے اور انسان دل کا بہت تنگ ہے (100)

- 1۔علاوہ 2۔روکنے والی
- 1۔دوست،ساتھی 2۔اُلٹے
- 1۔پرانی 2۔ٹکڑے ٹکڑے 3۔نئے سرے سے
- صلاحیت یا طاقت رکھنا
- مانا
- طبیعت کا بخیل ہے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى
مَسْحُوْرًا ﴿101﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ
مَثْبُوْرًا ﴿102﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿103﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿104﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا
مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿105﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿106﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۗ اِنَّ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿107﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ
رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿108﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿109﴾ السجدة قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۗ اَيًّا مَّا
تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿110﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿111﴾

اور ہم نے موسیٰؑ کو نو کھلی نشانیاں دیں تو اولادِ اسرائیل سے دریافت کرلو کہ جب وہ ان کے پاس آئے تو فرعون نے
ان سے کہا کہ موسیٰؑ میں خیال کرتا ہوں کہ تم پر جادو کیا گیا ہے (101) انہوں نے کہا کہ تم یہ جانتے ہو کہ آسمانوں
اور زمین کے پروردگار کے سوا اِس کو کسی نے نازل نہیں کیا (اور وہ بھی تم لوگوں کے) سمجھانے کو اور اے فرعون!
میں خیال کرتا ہوں کہ تم ہلاک ہو جاؤ گے (102) تو اس نے چاہا کہ ان کو سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم
نے اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو ڈبو دیا (103) اور اس کے بعد اولادِ اسرائیل سے کہا کہ تم اس ملک میں
رہو سہو پھر جب آخرت کا وعدہ آ جائے گا تو ہم تم سب کو جمع کر کے لے آئیں گے (104) اور ہم نے اس قرآن
کو سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو صرف خوشخبری دینے والا
اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے (105) اور ہم نے قرآن کو جُزو جُزو کر کے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر
پڑھ کر سناؤ اور ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اُتارا ہے (106) کہہ دو کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (یہ فی نفسہ حق ہے)
جن لوگوں کو اس سے پہلے علم (کتاب) دیا گیا ہے جب وہ ان کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے
میں گر پڑتے ہیں (107) اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بیشک ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہو کر
رہا (108) اور وہ ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں (اور) روتے جاتے ہیں اور اس سے ان کو اور زیادہ عاجزی پیدا
ہوتی ہے (109) کہہ دو کہ تم (خدا کو) اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمٰن (کے نام سے) جس نام سے پکارو اس
کے سب نام اچھے ہیں اور نماز نہ بلند آواز سے پڑھو اور نہ آہستہ، بلکہ اس کے بیچ کا طریقہ اختیار کرو (110) اور
کہو کہ سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے نہ تو کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ اس کی بادشاہی میں کوئی شریک ہے اور نہ اس
وجہ سے کہ وہ عاجز و ناتواں ہے کوئی اس کا مددگار ہے اور اس کو بڑا جان کر اس کی بڑائی کرتے رہو (111)

مشکل الفاظ کے معانی:
- دریافت کرلو: پوچھ لو
- سوا: علاوہ
- جُزو جُزو: تھوڑا تھوڑا
- فی نفسہ حق: دراصل سچ
- عاجزی: غرور کا اُلٹ، آداب
- ناتواں: کمزور

حوالہ جات:
- زخرف:51
- آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ⑴ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ
وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ⑵ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ ⑶ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ
قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۖ ⑷ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ۗ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۗ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ
اِلَّا كَذِبًا ⑸ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓی اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ⑹ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَی
الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ⑺ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۭ ⑻ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ
اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ⑼ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ⑽ فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۙ ⑾

ترجمہ سورت کہف

سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی
(اور پیچیدگی) نہ رکھی (1) (بلکہ) سیدھی (اور سلیس اُتاری) تاکہ (لوگوں کو) عذاب سخت سے جو اس کی طرف
سے (آنے والا) ہے ڈرائے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں خوشخبری سنائے کہ ان کے لئے (ان کے کاموں کا)
نیک بدلا (یعنی بہشت) ہے (2) جس میں وہ ابدالآباد رہیں گے (3) اور ان لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ
خدا نے (کسی کو) بیٹا بنا لیا ہے (4) ان کو اس بات کا کچھ بھی علم نہیں اور نہ ان کے باپ دادا ہی کو تھا (یہ) بڑی
سخت بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور کچھ شک نہیں کہ) یہ جو کچھ کہتے ہیں محض جھوٹ ہے (5)
(اے پیغمبرؐ) اگر یہ اس کلام پر ایمان نہ لائیں تو شاید تم ان کے پیچھے رنج[1] کر کر کے اپنے تئیں[2] ہلاک کر دو گے (6)
جو چیز زمین پر ہے ہم نے اس کو زمین کے لئے آرائش بنایا ہے تاکہ لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں کون اچھے
عمل کرنے والا ہے (7) اور جو چیز زمین پر ہے ہم اس (آزمائشی آرائش) کو بنجر میدان کر دیں گے (8)
کیا تم خیال کرتے ہو کہ غار اور لوح والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے؟ (9) جب وہ جوان غار میں جا رہے
تو کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم پر اپنے ہاں سے رحمت فرما اور ہمارے کام میں درستی (کے سامان) مہیا
کر (10) تو ہم نے غار میں کئی سال تک ان کے کانوں پر (نیند کا) پردہ ڈالے (یعنی ان کو سُلائے) رکھا (11)

مشکل الفاظ کے معانی:

- کجی: ٹیڑھا پن
- سلیس: آسان
- ابدالآباد: ہمیشہ
- محض: صرف
- 1۔ غم 2۔ اپنے آپ کو
- آرائش: سجاوٹ
- بنجر: ناقابلِ کاشت
- لوح: تختی
- مہیا کر: عطا کر

حوالہ جات: کہف:18

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْۤا اَمَدًا ⑫ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْیَةٌ اٰمَنُوْا
بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ⑬ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ
اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ⑭ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْ لَا یَاْتُوْنَ عَلَیْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَیِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ
مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ⑮ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ یَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ
رَّحْمَتِهٖ وَیُهَیِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ⑯ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَاِذَا
غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِیْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ
یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا ⑰ وَتَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖۗ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖۗ
وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ بِالْوَصِیْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْهِمْ لَوَلَّیْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ⑱

پھران کو جگا اٹھایا تا کہ معلوم کریں کہ جتنی مدت وہ (غار میں) رہے دونوں جماعتوں میں سے اس کی مقدار کس کو خوب یاد ہے (12) ہم ان کے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے ہیں وہ کئی جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی تھی (13) اور ان کے دلوں کو مربوط کر دیا۔ جب وہ (اٹھ) کھڑے ہوئے تو کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا مالک ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود (سمجھ کر) نہ پکاریں گے (اگر ایسا کیا) تو اس وقت ہم نے بعید از عقل بات کہی (14) ان ہماری قوم کے لوگوں نے اس کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں۔ بھلا یہ ان (کے خدا ہونے) پر کوئی کُھلی دلیل کیوں نہیں لاتے؟ تو اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو خدا پر جھوٹ افتراء کرے (15) اور جب تم نے ان (مشرکوں) اور جن کی یہ خدا کے سوا عبادت کرتے ہیں ان سے کنارہ کر لیا ہے تو غار میں چل رہو۔ تمہارا پروردگار تمہارے لئے اپنی رحمت وسیع کر دے گا اور تمہارے کاموں میں آسانی (کے سامان) مہیا کرے گا (16) اور جب سورج نکلے تو تم دیکھو کہ (دھوپ) ان کے غار سے داہنی طرف سمٹ جائے اور جب غروب ہو تو ان کے بائیں طرف کترا جائے اور وہ اس کے میدان میں تھے۔ یہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں جس کو خدا ہدایت دے وہ ہدایت یاب ہے اور جس کو گمراہ کرے تو تم اس کے لئے کوئی دوست راہ بتانے والا نہ پاؤ گے (17) اور تم ان کو خیال کرو کہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سوتے ہیں اور ہم ان کو دائیں اور بائیں کروٹ بدلاتے تھے۔ اور ان کا کُتا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا اگر تم ان کو جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے اور ان سے دہشت میں آ جاتے (18)

مشکل الفاظ کے معانی:
- مدت: عرصہ
- خوب: اچھی طرح
- مربوط: مضبوط
- 1۔ سوا: علاوہ 2۔ معبود: جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔ بعید از عقل: عقل آنے سے پہلے
- افتراء کرے: الزام دے
- عبادت: اللہ کا حکم ماننا
- وسیع: کھلی
- مہیا کرے گا: دے دے گا
- کترا جائے: بچ کر نکل جائے
- چوکھٹ: چوکاٹھ، دروازہ
- دہشت: خوف

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْف	حوالہ جات

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا
رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ
بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿19﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ
مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْۤا اِذًا اَبَدًا ﴿20﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْۤا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ
فِيْهَا ۚۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰۤى
اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿21﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ
رَجْمًاۢ بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّيْۤ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ
فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿22﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ
پوچھیں، معلوم کریں	اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت کریں۔ ایک کہنے والے نے کہا کہ
	تم (یہاں) کتنی مدت رہے؟ انہوں نے کہا ایک دن یا اس سے بھی کم۔ انہوں نے کہا جتنی مدت تم رہے ہو،
1۔ اچھی طرح 2۔ عمدہ	تمہارا پروردگار ہی اس کو خوب جانتا ہے تو اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر شہر کو بھیجو وہ دیکھے کہ نفیس کھانا
	کون سا ہے تو اس میں سے کھانا لے آئے اور آہستہ آئے جائے اور تمہارا حال کسی کو نہ بتائے (19) اگر وہ تم
1۔ قابو کر لینا 2۔ پتھر مار مار کر مار دینا	پر دسترس پالیں گے تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا پھر اپنے مذہب میں داخل کر لیں گے اور اس وقت تم کبھی
1۔ رہائی 2۔ آگاہ کر دینا، باخبر کر دینا	فلاح نہیں پاؤ گے (20) اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) ان (کے حال) سے خبردار کر دیا، تاکہ وہ جانیں
	کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (جس کا وعدہ کیا ہے) اس میں کچھ بھی شک نہیں۔ اس وقت لوگ ان
	کے بارے میں باہم جھگڑنے لگے کہ ان پر عمارت بنا دو ان کا پروردگار ان (کے حال) سے خوب واقف
واقعہ، جھگڑا	ہے جو لوگ ان کے معاملہ میں غلبہ رکھتے تھے وہ کہنے لگے کہ ہم ان پر مسجد بنائیں گے (21) (بعض لوگ)
عقلیں دوڑانے والے	اٹکل پچو کہیں گے کہ وہ تین تھے (اور) چوتھا ان کا کُتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ پانچ تھے (اور) چھٹا ان
	کا کُتا تھا، اور (بعض) کہیں گے کہ وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کُتا تھا۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار ہی ان کے
گنتی	شمار سے خوب واقف ہے۔ ان کو جانتے بھی ہیں تو تھوڑے ہی لوگ (جانتے ہیں) تو تم ان (کے بارے)
معلوم	میں گفتگو نہ کرنا مگر سرسری گفتگو اور نہ ان کے بارے میں ان میں سے کسی سے کچھ دریافت ہی کرنا (22)

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

وَلَاتَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿23﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۡ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ
يَّهْدِيَنِ رَبِّىْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿24﴾ وَلَبِثُوْا فِىْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿25﴾ قُلِ اللّٰهُ
اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِىْ
حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿26﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِىَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿27﴾
وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَاتَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ
زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿28﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ
رَّبِّكُمْ ۗ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ
يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿29﴾

اور کسی کام کی نسبت نہ کہنا کہ میں اسے کل کر دوں گا (23) مگر (انشاء اللہ کہہ کر یعنی اگر) خدا چاہے تو
(کر دوں گا) اور جب خدا کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو اور کہہ دو کہ اُمید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس
سے بھی زیادہ ہدایت کی باتیں بتائے (24) اور اصحاب کہف اپنے غار میں نو اوپر تین سو سال رہے (25)
کہہ دو کہ جتنی مدت وہ رہے اسے خدا خوب جانتا ہے اسی کو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں (معلوم) ہیں۔
وہ کیا خوب دیکھنے والا اور کیا خوب سننے والا ہے۔ اس کے سوا ان کا کوئی کارساز نہیں اور نہ وہ اپنے حکم میں کسی
کو شریک کرتا ہے (26) اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو اس کی
باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور اس کے سوا تم کہیں پناہ کی جگہ بھی نہیں پاؤ گے (27) اور جو لوگ صبح و شام اپنے
پروردگار کو پکارتے ہیں اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں۔ ان کے ساتھ صبر کرتے رہو۔ اور تمہاری نگاہیں
ان میں سے (گزر کر اور طرف) نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دنیا کے خواستگار ہو جاؤ اور جس شخص کے دل کو
ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے اس
کا کہا نہ ماننا (28) اور کہہ دو کہ (لوگو) یہ قرآن تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تو جو چاہے ایمان
لائے اور جو چاہے کافر رہے ہم نے ظالموں کے لئے دوزخ کی آگ تیار کر رکھی ہے، جس کی قناتیں ان کو گھیر
رہی ہوں گی۔ اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے کھولتے ہوئے پانی سے ان کی دادرسی کی جائے گی (جو) پگھلے
ہوئے تانبے کی طرح مونہوں کو بھون ڈالے گا (ان کے پینے کا) پانی بھی برا اور آرام گاہ بھی بری (29)

لفظ	مشکل الفاظ کے معانی
نسبت	کے متعلق
اصحاب	صاحب کی جمع
پوشیدہ	چھپی
1۔ سوا 2۔ کارساز	1۔ علاوہ 2۔ کام بنانے والا
1۔ شریک 2۔ اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں	1۔ شامل 2۔ سچ پر مبنی ہوتی ہیں یا اٹل ہوتی ہیں
پناہ	حفاظت
1۔ خوشنودی 2۔ طالب	1۔ رضامندی، خوشی 2۔ خواہش مند
1۔ آرائش 2۔ خواستگار	1۔ خوبصورتی، سجاوٹ 2۔ چاہنے والا
غافل	بے خبر
برحق	سچائی پر
قناتیں	اوٹ، پردہ
دادرسی	امداد
1۔ تانبے 2۔ بھون ڈالے گا	1۔ دھات 2۔ جلا ڈالے گا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۚ (30) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ
مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ
مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا (31) وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا
لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ (32) كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ
تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ (33) وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ
نَفَرًا (34) وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ (35) وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ
رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۚ (36) قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ
تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ؕ (37) لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا (38)

(اور) جو ایمان لائے اور کام بھی نیک کرتے رہے تو ہم نیک کام کرنے والوں کا اَجر ضائع نہیں کرتے (30)
ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں، جن میں ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ان کو وہاں
سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور اطلس کے سبز کپڑے پہنا کریں گے (اور) تختوں پر تکیے
لگا کر بیٹھا کریں گے (کیا) خوب بدلا اور (کیا) خوب آرام گاہ ہے (31) اور ان سے دو شخصوں کا حال بیان
کرو، جن میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ (عنایت) کئے تھے اور ان کے گرداگرد کھجوروں کے درخت
لگا دیئے تھے اور ان کے درمیان کھیتی پیدا کر دی تھی (32) دونوں باغ (کثرت سے) پھل لاتے اور اس (کی
پیداوار) میں کسی طرح کی کمی نہ ہوتی اور دونوں میں ہم نے ایک نہر بھی جاری کر رکھی تھی (33) اور (اس طرح)
اس (شخص) کو (ان کی) پیداوار (ملتی رہتی) تھی تو (ایک بار) جبکہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا، کہنے لگا
کہ میں تم سے مال و دولت میں بھی زیادہ ہوں اور جتھے کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں (34) اور (ایسی
شیخیوں سے) اپنے حق میں ظلم کرتا ہوا اپنے باغ میں داخل ہوا کہنے لگا کہ میں نہیں خیال کرتا کہ یہ باغ کبھی تباہ
ہو (35) اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت برپا ہو۔ اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو (وہاں)
ضرور اس سے اچھی جگہ پاؤں گا (36) تو اس کا دوست جو اس سے گفتگو کر رہا تھا، کہنے لگا کہ کیا تم اس (خدا) سے
کفر کرتے ہو، جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر تمہیں پورا مرد بنایا (37) مگر میں تو یہ کہتا ہوں کہ
خدا ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا (38)

بدلا، انعام، صلہ
ریشم
1۔ دیئے 2۔ اردگرد
بہت زیادہ
جماعت، تعداد
1۔ تکبر سے 2۔ برباد
واپس

مریم: 77 تا 80 حٰم السجدہ: 50

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَاشَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿39﴾ فَعَسٰى
رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿40﴾ اَوْ يُصْبِحَ
مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿41﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ
عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿42﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ
مُنْتَصِرًا ﴿43﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿44﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ
اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
مُّقْتَدِرًا ﴿45﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿46﴾ وَيَوْمَ
نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿47﴾

اور (بھلا) جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ کیوں نہ کہا؟ اگر تم مجھے مال واولاد
میں اپنے سے کمتر دیکھتے ہو (39) تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار مجھے تمہارے باغ سے بہتر عطا فرمائے
اور اس (تمہارے باغ) پر آسمان سے آفت بھیج دے تو وہ صاف میدان ہو جائے (40) یا اس (کی نہر)
کا پانی گہرا ہو جائے تو پھر تم اسے نہ لاسکو (41) اور اس کے میوؤں کو (عذاب نے) آ گھیرا اور وہ اپنی
چھتریوں پر گر کر رہ گیا تو جو مال اس نے اس پر خرچ کیا تھا اس پر (حسرت سے) ہاتھ ملنے لگا اور کہنے لگا کہ
کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا (42) (اس وقت) خدا کے سوا کوئی جماعت اس کی
مددگار نہ ہوئی اور نہ وہ بدلا لے سکا (43) یہاں (سے بھی ثابت ہوا کہ) حکومت سب خدائے برحق ہی کی
ہے، اسی کا صلہ بہتر اور (اسی کا) بدلا اچھا ہے (44) اور ان سے دنیا کی زندگی کی مثال بھی بیان کر دو (وہ
ایسی ہے) جیسے پانی، جسے ہم نے آسمان سے برسایا تو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی پھر وہ چُورا چُورا ہو
گئی۔ کہ ہوائیں اسے اُڑاتی پھرتی ہیں۔ اور خدا تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (45) مال اور بیٹے تو دنیا کی
زندگی کی زینت ہیں۔ اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار کے ہاں بہت
اچھی اور اُمید کے لحاظ سے بہت بہتر ہیں (46) اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف
میدان دیکھو گے اور ان (سب کو) ہم جمع کر لیں گے تو ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے (47)

مخصوص الفاظ

نیچے درجے والا

مصیبت، عذاب

پھل وغیرہ

افسوس

1۔افسوس کا کلمہ 2۔علاوہ

اجر، معاوضہ

1۔نباتات کا اُگنا 2۔ٹوٹ پھوٹ جانا

1۔خوبصورتی 2۔اجر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ ٚ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿48﴾
وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً
وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿49﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا
لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗۤ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ
لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿50﴾ مَاۤ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا
كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿51﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا
لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿52﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿53﴾ ع
وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿54﴾

اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے (اور فرمایا جائے گا کہ) جس طرح ہم
نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا (اسی طرح آج) تم ہمارے سامنے آئے۔ لیکن تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے
تمہارے لئے (قیامت کا) کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا (48) اور (عملوں کی) کتاب (کھول کر) رکھی جائے
گی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا اس سے ڈر رہے ہوں گے اور کہیں گے کہ
ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے کہ نہ چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو (کوئی بات بھی نہیں) مگر اسے لکھ رکھا ہے
اور جو عمل کئے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے اور تمہارا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرے گا (49) اور جب ہم نے
فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس (نے نہ کیا) وہ جنات میں سے تھا تو اپنے
پروردگار کے حکم سے باہر ہو گیا۔ کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو، حالانکہ وہ تمہارے
دشمن ہیں۔ (اور شیطان کی دوستی) ظالموں کے لئے (خدا کی دوستی کا) برُا بدل ہے (50) میں نے ان کو نہ تو
آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت بلایا تھا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت اور میں ایسا نہ تھا کہ
گمراہ کرنے والوں کو مددگار بناتا (51) اور جس دن خدا فرمائے گا کہ (اب) میرے شریکوں کو جن کی نسبت
تم گمُان (خدائی) رکھتے تھے بلاؤ تو وہ ان کو بلائیں گے مگر وہ ان کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے بیچ میں ایک
ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے (52) اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کر لیں گے کہ وہ اس میں پڑنے والے
ہیں اور اس سے بچنے کا کوئی رستہ نہ پائیں گے (53) اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لئے
طرح طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں لیکن انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے (54)

ہائے خراب حالی
علاوہ
متبادل
جن کے بارے میں
1۔خیال 2۔درمیان
تباہی
لڑنے جھگڑنے والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ
الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿55﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا
بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿56﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا
قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ
يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿57﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ
مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ﴿58﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿59﴾ ع
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿60﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا
فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿61﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿62﴾

اورلوگوں کے پاس جب ہدایت آ گئی تو ان کو کس چیز نے منع کیا کہ ایمان لائیں اور اپنے پروردگار سے بخشش
مانگیں (یعنی توبہ کریں) بجز اس کے کہ (اس بات کے منتظر ہوں کہ) انہیں بھی پہلوں کا سا معاملہ پیش آئے یا
ان پر عذاب سامنے آ موجود ہو (55) اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں تو صرف اس لئے کہ (لوگوں کو خدا
کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سنائیں اور (عذاب سے) ڈرائیں اور جو کافر ہیں وہ باطل (کی سند) سے جھگڑا
کرتے ہیں، تاکہ اس سے حق کو پھسلا دیں اور انہوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے ان کو ڈرایا جاتا
ہے ہنسی بنا لیا (56) اور اس سے ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کے کلام سے سمجھایا گیا تو اس نے اس سے
منہ پھیر لیا اور جو اعمال وہ آگے کر چکا اس کو بُھول گیا ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ اسے سمجھ نہ
سکیں اور کانوں میں ثقل (پیدا کر دیا ہے کہ سن نہ سکیں) اور اگر تم ان کو رستے کی طرف بلاؤ تو کبھی رستے پر نہ
آئیں گے (57) اور تمہارا پروردگار بخشنے والا صاحب رحمت ہے۔ اگر وہ ان کے کرتُوتوں پر ان کو پکڑنے
لگے تو ان پر جھٹ عذاب بھیج دے مگر ان کے لئے ایک وقت (مقرر کر رکھا) ہے کہ اس کے عذاب سے کوئی
پناہ کی جگہ نہ پائیں گے (58) اور یہ بستیاں (جو ویران پڑی ہیں) جب انہوں نے ظلم کیا تو ہم نے ان کو تباہ
کر دیا اور ان کی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا تھا (59) اور جب موسیٰؑ نے اپنے شاگرد سے کہا کہ جب
تک میں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں ہٹنے کا نہیں خواہ برسوں چلتا رہوں (60) جب ان کے ملنے کے
مقام پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اس نے دریا میں سُرنگ کی طرح اپنا رستہ بنا لیا (61) جب آگے چلے تو (موسیٰؑ
نے) اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارے لئے کھانا لاؤ اس سفر سے ہم کو بہت تکان ہو گئی ہے (62)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔سوائے 2۔انتظار کرنا 3۔گزرے لوگ 4۔واقعہ

1۔جھوٹ 2۔دلیل

1۔سچائی 2۔دھوکہ

کرتوت

بوجھ، وزن

بدکرداری، بُرے اعمال

فوراً

1۔حفاظت 2۔آبادیاں 3۔سُنسان 4۔فساد، شرک

1۔یہ کام چھوڑوں گا نہیں 2۔بے شک، چاہے، بھلے

سوراخ

تھکاوٹ

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ
فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿63﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿64﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ
رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿65﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿66﴾
قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿67﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿68﴾ قَالَ سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِىْ لَكَ اَمْرًا ﴿69﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِىْ فَلَا تَسْـَٔلْنِىْ عَنْ شَىْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿70﴾
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِى السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿71﴾ قَالَ اَلَمْ
اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِىَ صَبْرًا ﴿72﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِىْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِىْ مِنْ اَمْرِىْ عُسْرًا ﴿73﴾
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿74﴾

(اس نے) کہا کہ بھلا آپ نے دیکھا کہ جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں مچھلی (وہیں) بھول گیا اور
مجھے (آپ سے) اس کا ذکر کرنا شیطان نے بھلا دیا اور اس نے عجب طرح سے دریا میں اپنا رستہ بنا لیا (63)
(موسیٰؑ نے) کہا یہی تو (وہ مقام) ہے۔ جسے ہم تلاش کرتے تھے تو وہ اپنے پاؤں کے نشان دیکھتے دیکھتے لوٹ گئے
(64) (وہاں) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ دیکھا، جس کو ہم نے اپنے ہاں سے رحمت دی تھی اور
اپنے پاس سے علم بخشا تھا (65) موسیٰؑ نے ان سے (جن کا نام خضرؑ تھا) کہا کہ جو علم (خدا کی طرف سے) آپ کو
سکھایا گیا ہے، آپ اس میں سے مجھے کچھ بھلائی (کی باتیں) سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ رہوں (66)
(خضرؑ نے) کہا کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر نہ کر سکو گے (67) اور جس بات کی تمہیں خبر ہی نہیں اس پر صبر بھی کیونکر
کر سکتے ہو (68) (موسیٰؑ نے) کہا خدا نے چاہا تو آپ مجھے صابر پایئے گا۔ اور میں آپ کے ارشاد کے خلاف
نہیں کروں گا (69) (خضرؑ نے) کہا اگر تم میرے ساتھ رہنا چاہو تو (شرط یہ ہے کہ) مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا
جب تک میں خود اس کا ذکر تم سے نہ کروں (70) تو دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو
(خضرؑ نے) کشتی کو پھاڑ ڈالا (موسیٰؑ نے) کہا کیا آپ نے اس کو اس لئے پھاڑا ہے کہ سواروں کو غرق کر دیں؟
یہ تو آپ نے بڑی عجیب بات کی (71) (خضرؑ نے) کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر سکو
گے؟ (72) (موسیٰؑ نے) کہا کہ جو بھول مجھ سے ہوئی اس پر مواخذہ نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں مجھ پر مشکل نہ
ڈالئے (73) پھر دونوں چلے یہاں تک کہ (رستے میں) ایک لڑکا ملا تو (خضرؑ نے) اسے مار ڈالا۔ (موسیٰؑ نے)
کہا کہ آپ نے ایک بے گناہ شخص کو (ناحق) بغیر قصاص کے مار ڈالا۔ (یہ) تو آپ نے بُری بات کی (74)

مشکل الفاظ کے معانی:
- بھلا: کیا
- لوٹ گئے: واپس ہونا
- ہاں: پاس
- بھلائی: فائدے
- 1۔ خبر ہی نہیں: 1۔علم ہی نہیں 2۔ کیونکر: 2۔کیسے
- ارشاد: فرمان، بات
- غرق کر دیں: ڈبو دیں
- 1۔ بھول: 1۔غلطی 2۔ مواخذہ: 2۔پوچھ گچھ 3۔ معاملہ: 3۔کام
- قصاص: خون کا بدلہ

حوالہ جات: کہف:77

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿75﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ
لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿76﴾ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ۨ اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ
يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿77﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ
صَبْرًا ﴿78﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ
سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿79﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿80﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا
خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿81﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ
اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ڰ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۭ
ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿82﴾ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿83﴾

(خضرؑ نے) کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکو گے؟ (75) انہوں نے کہا کہ اگر میں اس کے بعد (پھر) کوئی بات پوچھوں (یعنی اعتراض کروں) تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیئے گا کہ آپ میری طرف سے عذر[1] (کے قبول کرنے میں غایت[2]) کو پہنچ گئے (76) پھر دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے اور ان سے کھانا طلب کیا، انہوں نے ان کی ضیافت کرنے سے انکار کر دیا پھر انہوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو (جھک کر) گرا چاہتی تھی۔ خضرؑ نے اس کو سیدھا کر دیا۔ (موسیٰؑ نے) کہا کہ اگر آپ چاہتے تو ان سے (اس کا) معاوضہ (لے) لیتے (77) (خضرؑ نے) کہا کہ اب مجھ میں اور تجھ میں علیحدگی ہے (مگر) جن باتوں پر تم صبر نہ کر سکے میں ان کا تمہیں بھید بتائے دیتا ہوں (78) (کہ وہ جو) کشتی (تھی) غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں محنت (کر کے یعنی کشتی چلا کر گزارہ) کرتے تھے اور ان کے سامنے (کی طرف) ایک بادشاہ تھا جو ہر ایک کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں (تاکہ وہ اسے غصب[1] نہ کر سکے) (79) اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ دونوں مومن تھے ہمیں اندیشہ[2] ہوا کہ وہ (کہیں) ان کو سرکشی اور کفر میں نہ پھنسا دے (80) تو ہم نے چاہا کہ ان کا پروردگار اس کی جگہ ان کو اور (بچہ) عطا فرمائے جو پاک طینتی اور محبت میں اس سے بہتر ہو (81) اور وہ جو دیوار تھی سو وہ یتیم لڑکوں کی تھی (جو) شہر میں (رہتے تھے) اور اس کے نیچے ان کا خزانہ (مدفون[1]) تھا اور ان کا باپ ایک نیک بخت[2] آدمی تھا تو تمہارے پروردگار نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور (پھر) اپنا خزانہ نکالیں یہ تمہارے پروردگار کی مہربانی ہے اور یہ کام میں نے اپنی طرف سے نہیں کئے یہ ان باتوں کا راز ہے جن پر تم صبر نہ کر سکے (82) اور تم سے ذوالقرنینؑ کے بارے میں دریافت کرتے ہیں[1]۔ کہہ دو کہ اس کا کسی قدر[2] حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں (83)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔معذرت، بہانہ 2۔آخر
- کھانا کھلانا
- مزدوری، صلہ
- راز
- نقص والی
- 1۔زبردستی قبضہ کرنا 2۔خیال آیا
- بغاوت
- طبیعت
- 1۔دفن شدہ 2۔اللہ کے حکم کو ماننے والا
- 1۔پوچھتے ہیں 2۔کچھ

حوالہ جات:

- انعام:130، جِن:8تا13

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِی الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ سَبَبًا ﴿84﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿85﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ
فِیْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّاۤ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿86﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ
فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿87﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ
مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿88﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿89﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا
سِتْرًا ﴿90﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿91﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿92﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا
يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿93﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا
عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿94﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّیْ فِيْهِ رَبِّیْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿95﴾
اٰتُوْنِیْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِیْۤ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿96﴾

ہم نے اس کو زمین میں بڑی دسترس دی تھی اور ہر طرح کا سامان عطا کیا تھا (84) تو اس نے (سفر کا) ایک سامان
کیا (85) یہاں تک کہ جب سورج غروب ہونے کی جگہ پہنچا تو اسے ایسا پایا کہ ایک کیچڑ کی ندی میں ڈوب رہا ہے
اور اس (ندی) کے پاس ایک قوم دیکھی۔ ہم نے کہا ذوالقرنینؑ! تم ان کو خواہ تکلیف دو خواہ ان (کے بارے) میں
بھلائی اختیار کرو (دونوں باتوں کی تم کو قدرت ہے) (86) (ذوالقرنینؑ نے) کہا کہ جو (کفر و بدکرداری سے)
ظلم کرے گا اسے ہم عذاب دیں گے۔ پھر (جب) وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ بھی اسے بُرا عذاب
دے گا (87) اور جو ایمان لائے گا اور عمل نیک کرے گا اس کے لئے بہت اچھا بدلا ہے اور ہم اپنے معاملے میں
(اس پر کسی طرح کی سختی نہیں کریں گے بلکہ) اس سے نرم بات کہیں گے (88) پھر اس نے ایک اور سامان (سفر کا)
کیا (89) یہاں تک کہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو پایا کہ وہ ایسے لوگوں پر طلوع کرتا ہے جن
کے لئے ہم نے اس کے اس طرف کوئی پردہ اور اوٹ نہیں بنائی تھی (90) حقیقت حال یوں (تھی) اور جو کچھ اس
کے پاس تھا ہم کو سب کی خبر تھی (91) پھر اس نے ایک اور سامان کیا (92) یہاں تک کہ دو دیواروں کے درمیان
پہنچا تو دیکھا کہ ان کے اس طرف کچھ لوگ ہیں کہ بات کو سمجھ نہیں سکتے (93) ان لوگوں نے کہا کہ ذوالقرنینؑ!
یاجوج اور ماجوج زمین میں فساد کرتے رہتے ہیں۔ بھلا ہم آپ کے لئے خرچ (کا انتظام) کر دیں کہ آپ
ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار کھینچ دیں؟ (94) (ذوالقرنینؑ نے) کہا کہ خرچ کا جو مقدور خدا نے مجھے
بخشا ہے وہ بہت اچھا ہے تم مجھے قوت (بازو) سے مدد دو، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط اوٹ بنا
دوں گا (95) تو تم لوہے کے تختے لاؤ (چنانچہ کام جاری کر دیا گیا) یہاں تک کہ جب اس نے دونوں
پہاڑوں کے درمیان (کا حصہ) برابر کر دیا اور کہا کہ (اب اسے) دھونکو یہاں تک کہ جب اس کو (دھونک
دھونک کر) آگ کر دیا تو کہا کہ (اب) میرے پاس (دھات) لاؤ کہ اس پر پگھلا کر ڈال دوں (96)

حوالہ جات:

- طلاق:12
- یٰسین:38
- انبیاء:96

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔کوئی دیگر زمین 2۔پہنچ 3۔دیا تھا
- 1۔دیگر سورجوں میں سے کوئی سورج 2۔محسوس کیا
- دریا وغیرہ
- 1۔فائدہ 2۔طاقت، صلاحیت
- کام
- دیگر سُورجوں میں سے کوئی سورج
- کسی دوسرے پلینٹ کی بات ہے
- 1۔بنادیں 2۔صلاحیت، طاقت، ہمت
- 1۔طاقت 2۔پردہ
- پھٹّے
- پھونکنا
- پگھل جانے والی معدنیات

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكَهْفِ	حوالہ جات

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿97﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ
رَبِّيْ حَقًّا ﴿98﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿99﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ
لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ﴿100﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿101﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿102﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿103﴾
اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿104﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿105﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ
هُزُوًا ﴿106﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿107﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا
حِوَلًا ﴿108﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿109﴾

پھر ان میں یہ قدرت نہ رہی کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ یہ طاقت رہی کہ اس میں نقب لگا سکیں (97) بولا کہ یہ میرے
پروردگار کی مہربانی ہے، جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو اس کو ہموار کر دے گا اور میرے پروردگار کا وعدہ سچا
ہے (98) (پھر) ہم ان کو چھوڑ دیں گے کہ ایک دوسرے میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائے گا تو ہم سب کو
جمع کر لیں گے (99) اور اس روز جہنم کو کافروں کے سامنے لائیں گے (100) جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے
میں تھیں اور وہ سننے کی طاقت نہیں رکھتے تھے (101) کیا کافر یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے بندوں کو ہمارے سوا
(اپنا) کارساز بنائیں گے (تو ہم خفا نہیں ہوں گے؟) ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے جہنم کی (مہمانی) تیار کر
رکھی ہے (102) کہہ دو کہ ہم تمہیں بتائیں جو عملوں کے لحاظ سے بڑے نقصان میں ہیں (103) وہ لوگ جن کی
سعی دنیا کی زندگی میں برباد ہو گئی اور وہ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ اچھے کام کر رہے ہیں (104) یہ وہ لوگ ہیں جنہوں
نے اپنے پروردگار کی آیتوں اور اس کے سامنے جانے سے انکار کیا۔ تو ان کے اعمال ضائع ہو گئے اور ہم قیامت
کے دن ان کے لئے کچھ بھی وزن قائم نہیں کریں گے (105) یہ ان کی سزا ہے (یعنی) جہنم۔ اس لئے کہ انہوں
نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروںؑ کی ہنسی اُڑائی (106) جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان
کے لئے بہشت کے باغ مہمانی ہوں گے (107) ہمیشہ ان میں رہیں گے (اور) وہاں سے مکان بدلنا نہ چاہیں
گے (108) کہہ دو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے (لکھنے کے) لئے سیاہی ہو تو قبل اس کے کہ میرے
پروردگار کی باتیں تمام ہوں، سمندر ختم ہو جائے، اگرچہ ہم ویسا ہی اور (سمندر) اس کی مدد کو لائیں (109)

مشکل الفاظ کے معانی:
- نقب لگا سکیں: سوراخ کر سکیں
- ہموار: برابر
- سوا: علاوہ
- 1۔ کارساز 2۔ خفا: 1۔ کام بنانے والا 2۔ ناراض
- سعی: کوشش
- 1۔ پروردگار کی باتوں 2۔ قبل: 1۔ رب کی تعریف و اختیارات 2۔ پہلے
- تمام ہوں: ختم ہوں

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْكَهْفِ ، سُوْرَةُ مَرْيَم	مشکل الفاظ کے معانی

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ
بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿110﴾

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿1﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿2﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿3﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ
وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿4﴾ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا
فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ﴿5﴾ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿6﴾ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسْمُهٗ
يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ﴿7﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ
عِتِيًّا ﴿8﴾ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ﴿9﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ
اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿10﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿11﴾

کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے۔ تو جو شخص اپنے پروردگار سے ملنے کی اُمید رکھے چاہئے کہ عمل نیک کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے (110)

— 1۔انسان 2۔ہاں مگر 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
— اللہ کا حکم ماننا

ترجمہ سورت مریم

کھیعص (1) تمہارے پروردگار کی مہربانی کا بیان (ہے جو اس نے) اپنے بندے زکریاؑ پر (کی تھی) (2) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو دبی آواز سے پکارا (3) (اور) کہا کہ اے میرے پروردگار! میری ہڈیاں بڑھاپے کے سبب کمزور ہوگئی ہیں اور سر (ہے کہ) بڑھاپے (کی وجہ) سے شعلہ مارنے لگا ہے اور میرے پروردگار میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا (4) اور میں اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے ڈرتا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے تو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا فرما (5) جو میری اور اولادِ یعقوبؑ کی میراث کا مالک ہو۔ اور (اے) میرے پروردگار اس کو خوش اطوار بنائیو (6) اے زکریاؑ! ہم تم کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰؑ ہے۔ اس سے پہلے ہم نے اس نام کا کوئی شخص پیدا نہیں کیا (7) انہوں نے کہا پروردگار میرے ہاں کس طرح لڑکا ہوگا جس حال میں کہ میری بیوی بانجھ ہے۔ اور میں بڑھاپے کی انتہا کو پہنچ گیا ہوں؟ (8) حکم ہوا کہ اسی طرح (ہوگا) تمہارے پروردگار نے فرمایا ہے کہ یہ مجھے آسان ہے اور میں پہلے تم کو بھی تو پیدا کر چکا ہوں اور تم کچھ چیز نہ تھے (9) کہا کہ پروردگار میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرما۔ فرمایا نشانی یہ ہے کہ تم صحیح وسالم ہو کر تین رات (دن) لوگوں سے بات نہ کر سکو گے (10) پھر وہ (عبادت کے) حجرے سے نکل کر اپنی قوم کے پاس آئے تو ان سے اشارے سے کہا کہ صبح وشام (خدا کو) یاد کرتے رہو (11)

حوالہ جات: متشابہ، عمران:7 — عمران:41

مشکل الفاظ کے معانی:
- خفی، بہت ہی آہستہ
- 1۔کی وجہ سے 2۔سخت ٹیس
- 1۔خالی 2۔عزیز رشتہ دار
- 1۔جو بچے نہ جنے 2۔قائم مقام، مالک
- 1۔وراثت 2۔نیک کردار
- خوشخبری
- 1۔گھر 2۔بچہ پیدا نہ کر سکنے والی عورت 3۔آخیر
- پورے تندرست
- کوٹھڑی

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ مَرْيَمَ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ مَرْيَمَ

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ⑫ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ⑬ وَّبَرًّا ۢ بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ
يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ⑭ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ⑮ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ إِذِ
انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ⑯ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا
سَوِيًّا ⑰ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ⑱ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا
زَكِيًّا ⑲ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ⑳ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ
هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ㉑ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ㉒ فَاَجَآءَهَا
الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ㉓ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا
تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ㉔ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ㉕

اے یحییٰؑ (ہماری) کتاب کو زور سے پکڑے رہو اور ہم نے ان کو لڑکپن ہی میں دانائی عطا فرمائی تھی (12) اور
اپنے پاس سے شفقت اور پاکیزگی (دی تھی۔) اور وہ پرہیز گار تھے (13) اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنے
والے تھے اور سرکش اور نافرمان نہیں تھے (14) اور جس دن وہ پیدا ہوئے اور جس دن وفات پائیں گے اور
جس دن زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے ان پر سلام اور رحمت (ہے) (15) اور کتاب (قرآن) میں مریمؑ کو
بھی مذکور کرو جب وہ اپنے لوگوں سے الگ ہو کر مشرق کی طرف چلی گئیں (16) تو انہوں نے ان کی طرف سے
پردہ کرلیا۔ (اس وقت) ہم نے ان کی طرف اپنا فرشتہ بھیجا تو وہ ان کے سامنے ٹھیک آدمی (کی شکل) بن گیا (17)
مریمؑ بولیں کہ اگر تم پرہیز گار ہو تو میں تم سے خدا کی پناہ مانگتی ہوں (18) انہوں نے کہا کہ میں تو تمہارے
پروردگار کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں (اور اس لئے آیا ہوں) کہ تمہیں پاکیزہ لڑکا بخشوں (19) مریمؑ نے کہا کہ
میرے ہاں لڑکا کیونکر ہوگا مجھے کسی بشر نے چھوا تک نہیں اور میں بدکار بھی نہیں ہوں (20) (فرشتے نے) کہا کہ
یونہی (ہوگا) تمہارے پروردگار نے فرمایا کہ یہ مجھے آسان ہے۔ اور (میں اسے اسی طریق پر پیدا کروں گا) تاکہ
اس کو لوگوں کے لئے اپنی طرف سے نشانی اور رحمت اور (مہربانی) بناؤں اور یہ کام مقرر ہو چکا ہے (21) تو وہ
اس (بچے) کے ساتھ حاملہ ہو گئیں اور اسے لے کر ایک دُور جگہ چلی گئیں (22) پھر دردِ زہ انکو کھجور کے تنے کی
طرف لے آیا کہنے لگیں کہ کاش میں اس سے پہلے مر چکتی اور بُھولی بِسری ہو گئی ہوتی (23) اس وقت ان کے
نیچے کی جانب سے فرشتے نے ان کو آواز دی کہ غمناک نہ ہو۔ تمہارے پروردگار نے تمہارے نیچے چشمہ جاری کر
دیا ہے (24) اور کھجور کے تنے کو پکڑ کر اپنی طرف ہلاؤ تم پر تازہ تازہ کھجوریں جھڑ پڑیں گی (25)

حوالہ جات:
متشابہہ: عمران 7، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی:
- لڑکپن: بچپن اور جوانی کے درمیانی عمر
- شفقت / پرہیز گار: 1۔مہربانی، محبت 2۔فرمانبردار
- سرکش: باغی
- مذکور: ذِکر کرنا
- پناہ: حفاظت
- بخشوں: دوں
- بشر: مرد
- مقرر: طے
- دردِ زہ: بچہ پیدائش کی تکلیف
- کاش / بُھولی بِسری: 1۔دُکھ، تکلیف یا افسوس کا کلمہ 2۔ناقابل ذکر
- غمناک / چشمہ: 1۔دُکھیا، پریشان 2۔پانی
- جھڑ پڑیں گی: گِر پڑیں گی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مَرْيَم	حوالہ جات

فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿26﴾
فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـــًٔا فَرِيًّا ﴿27﴾ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ
اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿28﴾ۖ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿29﴾ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۭ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ
نَبِيًّا ﴿30﴾ۙ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۠ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿31﴾ۙ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ
جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿32﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿33﴾ ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ
فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿34﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿35﴾ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ
وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿36﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ
عَظِيْمٍ ﴿37﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿38﴾

تو کھاؤ پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو۔ اگر تم کسی آدمی کو دیکھو تو کہنا کہ میں نے خدا کے لئے روزے کی منت مانی ہے۔ تو
آج میں کسی آدمی سے ہرگز کلام نہ کروں گی (26) پھر وہ اس (بچے) کو اٹھا کر اپنی قوم کے لوگوں کے پاس لے
آئیں۔ وہ کہنے لگے کہ مریمؑ یہ تو تُو نے بُرا کام کیا (27) اے ہارون کی بہن! نہ تو تیرا باپ ہی بداطوار آدمی تھا اور نہ
تیری ماں ہی بدکار تھی (28) تو مریمؑ نے اس لڑکے کی طرف اشارہ کیا وہ بولے کہ ہم اس سے کہ گود کا بچہ ہے کیونکر
بات کریں؟ (29) (بچے نے) کہا کہ میں خدا کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی ہے اور نبیؑ بنایا ہے (30) اور
میں جہاں ہوں (اور جس حال میں ہوں) مجھے صاحب برکت کیا ہے اور جب تک زندہ ہوں مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا ارشاد
فرمایا ہے (31) اور (مجھے) اپنی ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا (بنایا ہے) اور سرکش و بدبخت نہیں بنایا (32)
اور جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا (اور) جس دن زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا مجھ پر سلام (ورحمت) ہے (33)
یہ مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ ہیں (اور یہ) سچی بات ہے۔ جس میں لوگ شک کرتے ہیں (34) خدا کو سزاوار نہیں کہ کسی
کو بیٹا بنائے وہ پاک ہے۔ جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے (35) اور بیشک
خدا ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا رستہ ہے (36) پھر فرقوں نے باہم اختلاف کیا
سو جو لوگ کافر ہوئے ہیں ان کو بڑے دن حاضر ہونے سے خرابی ہے (37) وہ جس دن ہمارے سامنے آئیں
گے کیسے سننے والے اور کیسے دیکھنے والے ہوں گے مگر ظالم آج صریح گمراہی میں ہیں (38)

ٹھنڈی کرو: تسکین پاؤ
ہرگز، کلام: 1۔ کسی بھی صورت 2۔ بات
بداطوار: بدکردار، بُرا
بدکار، کیونکر: 1۔ بُرے اعمال والی 2۔ کیسے
سرکش، بدبخت: 1۔ باغی، مشرک 2۔ خدا کا حکم نہ ماننے والا
سزاوار: زیب دینا، مستحق ہونا
عبادت: اللہ کا حکم ماننا
بڑے دن، خرابی: 1۔ قیامت کے روز 2۔ نقصان، بربادی
صریح: صاف

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مَرْيَم	حوالہ جات

سُوْرَةُ مَرْيَم

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿39﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا
يُرْجَعُوْنَ ﴿40﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿41﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ
وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْئًا ﴿42﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿43﴾ يٰۤاَبَتِ لَا
تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿44﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ
لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿45﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿46﴾ قَالَ سَلٰمٌ
عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿47﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰۤى اَلَّآ
اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿48﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا
نَبِيًّا ﴿49﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿50﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰۤى ۡ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا
وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿51﴾

اور ان کو حسرت[1] وافسوس کے دن سے ڈراؤ۔ جب بات فیصل[2] کردی جائے گی۔ اور وہ غفلت[3] میں (پڑے
ہوئے ہیں) اور ایمان نہیں لاتے (39) ہم ہی زمین کے اور جو لوگ اس پر (بستے) ہیں ان کے وارث ہیں
اور ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہوگا (40) اور کتاب میں ابراہیمؑ کو یاد کرو۔ بیشک وہ نہایت سچے پیغمبرؑ
تھے (41) جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ ابا آپ ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہیں جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور
نہ آپ کے کچھ کام آسکیں؟ (42) ابا مجھے ایسا علم ملا ہے جو آپ کو نہیں ملا تو میرے ساتھ ہو جایئے۔ میں آپ کو سیدھی
راہ پر چلا دوں گا (43) ابا شیطان کی پرستش نہ کیجئے بیشک شیطان خدا کا نافرمان ہے (44) ابا مجھے ڈر لگتا ہے کہ
آپ کو خدا کا عذاب آ پکڑے تو آپ شیطان کے ساتھی ہو جائیں (45) اس نے کہا کہ ابراہیمؑ! کیا تُو میرے
معبودوں[1] سے رُوگرداں[2] ہے؟ اگر تُو باز نہ آئے گا تو میں تجھے سنگسار[3] کردوں گا اور تُو ہمیشہ کے لئے مجھ سے دُور ہو جا (46)
(ابراہیمؑ نے) سلام علیک کہا (اور کہا کہ) میں آپ کے لئے اپنے پروردگار سے بخشش مانگوں گا۔ بیشک وہ مجھ پر
نہایت[1] مہربان ہے (47) اور میں آپ لوگوں سے اور جن کو آپ خدا کے سوا[2] پکارا کرتے ہیں ان سے کنارہ کرتا ہوں[3]
اور اپنے پروردگار ہی کو پکاروں گا۔ اُمید ہے کہ میں اپنے پروردگار کو پکار کر محروم نہیں رہوں گا (48) اور جب
ابراہیمؑ ان لوگوں سے اور جن کی وہ خدا کے سوا پرستش کرتے تھے، ان سے الگ ہو گئے تو ہم نے ان کو اسحاقؑ اور
یعقوبؑ بخشے اور سب کو پیغمبرؑ بنایا (49) اور ان کو اپنی رحمت سے (بہت سی چیزیں) عنایت کیں[1] اور ان کا ذکر جمیل[2]
بلند کیا (50) اور کتاب میں موسیٰؑ کا بھی ذکر کرو بیشک وہ (ہمارے) برگزیدہ[1] اور پیغمبرؑ مُرسل[2] تھے (51)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔پشیمانی 2۔فیصلہ کرنا 3۔لاپرواہی

مالک

واپس جانا

پُوجا

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔منہ پھیرنے والا، ناراض 3۔پتھر مار مار کر مار دینا

مخصوص الفاظ

1۔بہت زیادہ 2۔علاوہ 3۔دُور یا علیحدہ ہوتا ہوں

خالی

1۔دِیں 2۔خوبصورت

1۔بڑے رُتبے والا 2۔بھیجا ہوا، ارسال کیا گیا، رسولؑ

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مَرْيَم	حوالہ جات

وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا (52) وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا (53) وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ
اِسْمٰعِيْلَ ؗ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا (54) وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ
مَرْضِيًّا (55) وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ؗ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا (56) وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا (57) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؗ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ؗ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ
اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا (58) السجدة فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا
الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا (59) اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
شَيْئًا (60) جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨ الَّتِىْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا (61) لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا
سَلٰمًا ؕ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا (62) تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِىْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا (63)

اور ہم نے ان کو طور کی داہنی جانب پکارا اور باتیں کرنے کے لئے نزدیک بلایا (52) اور اپنی مہربانی سے ان کو
ان کا بھائی ہارون پیغمبرؑ عطا کیا (53) اور کتاب میں اسماعیلؑ کا بھی ذکر کرو۔ وہ وعدے کے سچے اور (ہمارے)
بھیجے ہوئے نبیؑ تھے (54) اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم کرتے تھے۔ اور اپنے پروردگار کے ہاں
پسندیدہ (وبرگزیدہ) تھے (55) اور کتاب میں ادریسؑ کا بھی ذکر کرو وہ بھی نہایت سچے نبیؑ تھے (56) اور ہم
نے ان کو اونچی جگہ اٹھا لیا تھا (57) یہ وہ لوگ ہیں جن پر خدا نے پیغمبروںؑ میں سے فضل کیا (یعنی) اولاد آدمؑ میں
سے اور ان لوگوں میں سے جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا اور ابراہیمؑ اور اسرائیل کی اولاد
میں سے اور ان لوگوں میں سے جن کو ہم نے ہدایت دی اور برگزیدہ کیا۔ جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی
جاتی تھیں تو سجدے میں گر پڑتے اور روتے رہتے تھے (58) پھر ان کے بعد چند ناخلف ان کے جانشین ہوئے،
جنہوں نے نماز کو (چھوڑ دیا، گویا اسے) کھو دیا اور خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گئے۔ سو عنقریب ان کو گمراہی
(کی سزا) ملے گی (59) ہاں جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل نیک کئے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں
گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا (60) (یعنی) بہشت جاودانی (میں) جس کا خدا نے اپنے بندوں سے
وعدہ کیا ہے (اور جو ان کی ظاہری آنکھوں سے) پوشیدہ (ہے) بیشک اس کا وعدہ (نیکوکاروں کے سامنے) آنے
والا ہے (61) وہ اس میں سلام کے سوا کوئی بیہودہ کلام نہ سنیں گے اور ان کے لئے صبح و شام کھانا تیار ہوگا (62)
یہی وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے بندوں میں سے ایسے شخص کو وارث بنائیں گے جو پرہیزگار ہوگا (63)

مشکل الفاظ کے معانی:

- طور: ایک پہاڑ کا نام
- اٹھا لیا: عزت دی، بڑا بنایا
- ناخلف، جانشین: 1۔ نالائق 2۔ قائم مقام، وارث
- چھوڑ دیا، کھو دیا، خواہشات نفسانی: 1۔ جیسے 2۔ گنوا دیا، گم کر دیا 3۔ دنیاوی خواہشات
- جاودانی: ہمیشہ کی
- پوشیدہ: چھپا ہونا
- سوا، بیہودہ، کلام: 1۔ علاوہ 2۔ غیر مناسب، غیر مہذب 3۔ بات
- وارث: مالک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ مَرْيَم	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿64﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿65﴾ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ
حَيًّا ﴿66﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿67﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ
حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿68﴾ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿69﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ
اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿70﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿71﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ
فِيْهَا جِثِيًّا ﴿72﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ
نَدِيًّا ﴿73﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿74﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ
حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿75﴾

اور (فرشتوں نے پیغمبر علیہ سلام کے لئے کہا کہ) ہم تمہارے پروردگار کے حکم کے سوا اُتر نہیں سکتے۔ جو کچھ
ہمارے آگے ہے اور جو پیچھے ہے اور جو ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے اور تمہارا پروردگار بُھولنے والا نہیں (64)
(یعنی) آسمان اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہے سب کا پروردگار۔ تو اسی کی عبادت کرو اور اسی کی عبادت
پر ثابت قدم رہو۔ بھلا تم کوئی اس کا ہم نام جانتے ہو؟ (65) اور (کافر) انسان کہتا ہے کہ جب میں مر جاؤں گا تو
کیا زندہ کرکے نکالا جاؤں گا؟ (66) کیا (ایسا) انسان یاد نہیں کرتا کہ ہم نے اس کو پہلے بھی تو پیدا کیا تھا اور وہ کچھ بھی
چیز نہ تھا؟ (67) تمہارے پروردگار کی قسم ہم ان کو جمع کریں گے اور شیطانوں کو بھی پھر ان سب کو جہنم کے گرد حاضر
کریں گے (اور وہ) گھٹنوں پر گرے ہوئے (ہوں گے) (68) پھر ہر جماعت میں سے ہم ایسے لوگوں کو کھینچ نکالیں
گے جو خدا سے سخت سرکشی کرتے تھے (69) اور ہم ان لوگوں سے خوب واقف ہیں جو اس میں داخل ہونے کے زیادہ
لائق ہیں (70) اور تم میں سے کوئی (شخص) نہیں مگر اسے اس (عمل) پر گزرنا ہوگا۔ یہ تمہارے پروردگار پر لازم اور مقرر
ہے (71) پھر ہم پرہیزگاروں کو نجات دیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل پڑا ہوا چھوڑ دیں گے (72)
اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو کافر ہیں وہ مومنوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریق میں
سے مکان کس کے اچھے اور مجلسیں کس کی بہتر ہیں؟ (73) اور ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتیں ہلاک کر دیں۔ وہ
لوگ (ان سے) ٹھاٹھ اور نمود میں کہیں اچھے تھے (74) کہہ دو کہ جو شخص گمراہی میں پڑا ہوا ہے خدا اس کو آہستہ آہستہ
مہلت دیئے جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ خواہ عذاب اور خواہ
قیامت۔ تو (اس وقت) جان لیں گے کہ مکان کس کا بُرا ہے اور لشکر کس کا کمزور ہے (75)

مشکل الفاظ کے معانی:

- علاوہ
- اللہ کا حکم ماننا
- قائم رہو، مضبوط رہو
- 1۔ بغاوت 2۔ اچھی طرح
- 1۔ قابل 2۔ ہر کسی کی اس مرحلے میں شرکت لازمی ہے 3۔ اصولی، ضرور ہونا
- رہائی
- پارٹی
- 1۔ محفلیں 2۔ جماعتیں، قومیں
- 1۔ شان و شوکت 2۔ نمائش
- مزید وقت
- فوج

حوالہ جات:

- انعام: 58 احقاف: 35 معارج: 1 تا 4
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مَرْيَم	حوالہ جات

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا (76) اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ
بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا (77) اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا (78) كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ
لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا (79) وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا (80) وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا (81) كَلَّا ؕ
سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا (82) اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا (83) فَلَا
تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا (84) يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا (85) وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى
جَهَنَّمَ وِرْدًا (86) لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا (87) وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا (88) لَقَدْ
جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا (89) تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا (90) اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ
وَلَدًا (91) وَمَا يَنْۢبَغِىْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا (92) اِنْ كُلُّ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّاۤ اٰتِى الرَّحْمٰنِ عَبْدًا (93)
لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا (94) وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا (95)

اور جو لوگ ہدایت یاب ہیں، خدا ان کو زیادہ ہدایت دیتا ہے اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ تمہارے پروردگار
کے صلے کے لحاظ سے خوب اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہیں (76) بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری
آیتوں سے کفر کیا اور کہنے لگا کہ (اگر میں ازسرِنو زندہ ہوا بھی تو یہی) مال اور اولاد مجھے (وہاں) ملے گا؟ (77)
کیا اس نے غیب کی خبر پالی ہے؟ یا خدا کے ہاں (سے) عہد لے لیا ہے؟ (78) ہرگز نہیں۔ یہ جو کچھ کہتا ہے ہم
اس کو لکھتے جاتے اور اس کے لئے آہستہ آہستہ عذاب بڑھاتے جاتے ہیں (79) اور جو چیزیں یہ بتاتا ہے ان
کے ہم وارث ہوں گے اور یہ اکیلا ہمارے سامنے آئے گا (80) اور ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا لئے
ہیں، تاکہ وہ ان کے لئے (موجبِ عزت و) مدد ہوں (81) ہرگز نہیں وہ (معبودانِ باطل) ان کی پرستش سے
انکار کریں گے اور ان کے دشمن (ومخالف) ہوں گے (82) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر
چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو برانگیختہ کرتے رہتے ہیں؟ (83) تو تم ان پر (عذاب کے لئے) جلدی نہ کرو۔ اور ہم
تو ان کے لئے (دن اور رات) شمار کر رہے ہیں (84) جس روز ہم پرہیزگاروں کو خدا کے سامنے (بطور)
مہمان جمع کریں گے (85) اور گنہگاروں کو دوزخ کی طرف پیاسے ہانک لے جائیں گے (86) (تو لوگ)
کسی کی سفارش کا اختیار نہ رکھیں گے، مگر جس نے خدا سے اقرار لیا ہو (87) اور کہتے ہیں کہ خدا بیٹا رکھتا ہے (88)
(ایسا کہنے والو یہ تو) تم بُری بات (زبان پر) لائے ہو (89) قریب ہے کہ اس (افتراء) سے آسمان پھٹ
پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں (90) کہ انہوں نے خدا کے لئے بیٹا تجویز کیا
(91) اور خدا کو شایاں نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے (92) تمام شخص جو آسمانوں اور زمین میں ہیں سب خدا کے
رُوبرو بندے ہو کر آئیں گے (93) اس نے ان (سب) کو (اپنے علم سے) گھیر رکھا اور (ایک ایک کو)
شمار کر رکھا ہے (94) اور سب قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلے اکیلے حاضر ہوں گے (95)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بدلا، معاوضہ، اجر 2۔ نتیجہ، آخیر 3۔ لحاظ
- دوبارہ، نئے سرے سے
- 1۔ لے لی 2۔ کسی بھی صورت
- 1۔ مالک 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ سبب، وجہ 2۔ جھوٹ 3۔ پوجا
- مشتعِل، جذباتی
- گنتی
- دوڑا کر
- وعدہ
- جھوٹا الزام
- 1۔ ٹکڑے، ٹوٹ جانا 2۔ دھجیاں یا پرخچے اُڑنا 3۔ رائے دینا، مناسب سمجھنا
- لائق، زیبا
- آمنے سامنے
- گنتی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مَرْيَم ، سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿96﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ
وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿97﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿98﴾

طٰهٰ ﴿1﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿2﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿3﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ
وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿4﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿5﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿6﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿7﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى ﴿8﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿9﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْٓ اٰتِيْكُمْ
مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿10﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِىَ يٰمُوْسٰى ﴿11﴾ اِنِّىْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ
بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿12﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے خدا ان کی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کر دے گا (96) (اے پیغمبرؐ) ہم نے یہ (قرآن) تمہاری زبان میں آسان (نازل) کیا ہے، تاکہ تم اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری پہنچا دو اور جھگڑالوؤں کو ڈر سنا دو (97) اور ہم نے ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ بھلا تم ان میں سے کسی کو دیکھتے ہو یا (کہیں) ان کی بھنک (بھی) سنتے ہو؟ (98)

ترجمہ سورت طٰہٰ

طٰہٰ (1) (اے محمدؐ) ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ (2) بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کے لئے (نازل کیا ہے) جو خوف رکھتا ہے (3) یہ اس (ذاتِ برتر) کا اُتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے اونچے آسمان بنائے (4) (یعنی خدائے) رحمٰن، جس نے عرش پر قرار پکڑا (5) جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھ (کہیں) مٹی کے نیچے ہے، سب اسی کا ہے (6) اور اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ تو چُھپے بھید اور نہایت پوشیدہ بات تک کو جانتا ہے (7) (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اس کے (سب) نام اچھے ہیں (8) اور کیا تمہیں موسیٰؑ (کے حال) کی خبر ملی ہے؟ (9) جب انہوں نے آگ دیکھی تو اپنے گھر کے لوگوں سے کہا کہ تم (یہاں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید اس میں سے میں تمہارے پاس انگاری لاؤں یا آگ (کے مقام) کا رستہ معلوم کر سکوں (10) جب وہاں پہنچے تو آواز آئی کہ موسیٰؑ! (11) میں تو تمہارا پروردگار ہوں تو اپنی جوتیاں اُتار دو۔ تم (یہاں) پاک میدان (یعنی) طویٰ میں ہو (12)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔لڑنے بھڑنے والے 2۔جماعتیں، گروپس
- دھیمی آواز
- سخت محنت
- انتہائی اعلیٰ
- 1۔تختِ الٰہی 2۔قیام کیا، ٹھہرا
- 1۔راز 2۔بہت ہی چھپی ہوئی
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔علاوہ
- جلتا ہوا کوئلہ
- جگہ کا نام

حوالہ جات:

- متشابہ، عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ⑬ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ⑭ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ
اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ⑮ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ⑯ وَمَا
تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ⑰ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱
قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ٭ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑ وَاضْمُمْ
يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ㉒ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ㉓ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ
اِنَّهٗ طَغٰى ㉔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ㉕ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ㉖ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ㉗ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ㉘
وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ㉙ هٰرُوْنَ اَخِي ㉚ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ㉛ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ㉜ كَيْ نُسَبِّحَكَ
كَثِيْرًا ㉝ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ㉞ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ㉟ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ㊱ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ
مَرَّةً اُخْرٰٓى ㊲ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ㊳

اور میں نے تم کو انتخاب کرلیا ہے تو جو حکم دیا جائے اسے سنو (13) بیشک میں ہی خدا ہوں، میرے سوا کوئی معبود
نہیں تو میری عبادت کرو۔اور میری یاد کے لئے نماز پڑھا کرو (14) قیامت یقیناً آنے والی ہے۔میں چاہتا ہوں
کہ اس (کے وقت) کو پوشیدہ رکھوں۔تا کہ ہر شخص جو کوشش کرے اس کا بدلا پائے (15) تو جو شخص اس پر ایمان نہیں
رکھتا اور اپنی خواہش کے پیچھے چلتا ہے (کہیں) تم کو اس (کے یقین) سے روک نہ دے تو (اس صورت میں) تم
ہلاک ہو جاؤ (16) اور موسیٰؑ! یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ (17) انہوں نے کہا یہ میری لاٹھی ہے اس پر میں
سہارا لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کے لئے پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے لئے اور بھی کئی فائدے ہیں
(18) فرمایا کہ موسیٰؑ اسے ڈال دو (19) تو انہوں نے اس کو ڈال دیا اور وہ ناگہاں سانپ بن کر دوڑنے لگا (20)
(خدا نے) فرمایا اسے پکڑ لو اور ڈرنا مت۔ہم اس کو ابھی اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے (21) اور اپنا ہاتھ اپنی
بغل سے لگا لو وہ کسی عیب (و بیماری) کے بغیر سفید نکلے گا (یہ) دوسری نشانی (ہے) (22) تا کہ ہم تمہیں اپنے
نشانات عظیم دکھائیں (23) تم فرعون کے پاس جاؤ (کہ) وہ سرکش ہو رہا ہے (24) کہا میرے پروردگار (اس
کام کے لئے) میرا سینہ کھول دے (25) اور میرا کام آسان کر دے (26) اور میری زبان کی گرہ کھول دے
(27) تا کہ وہ میری بات سمجھ لیں (28) اور میرے گھر والوں میں سے (ایک کو) میرا وزیر مقرر فرما (29) (یعنی)
میرے بھائی ہارون کو (30) اس سے میری قوت کو مضبوط فرما (31) اور اسے میرے کام میں شریک کر (32)
تا کہ ہم تیری بہت سی تسبیح کریں (33) اور تجھے کثرت سے یاد کریں (34) بیشک تُو ہماری حالت اچھی طرح
دیکھ رہا ہے (35) فرمایا موسیٰؑ تمہاری دعا قبول کی گئی (36) اور ہم نے تم پر ایک بار اور بھی احسان کیا تھا (37)
جب ہم نے تیری ماں کو یہ بات بتائی جو بیان کی جاتی ہے (38)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔چُن لینا 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

اللہ کا حکم ماننا

خُفیہ، چھپا ہوا

ٹیک لگاتا ہوں

1۔نیچے رکھ دو 2۔اچانک

واپس کر دیں گے

1۔شانے کے نیچے کا حصہ 2۔نقص، کمی

1۔بہت بڑے 2۔باغی، مشرک

گانٹھ، جوڑ، لکنت

طاقت

1۔ذکر اذکار 2۔زیادہ سے زیادہ

حوالہ جات	سُوْرَةُ طٰهٰ	مشکل الفاظ کے معانی

اَنِ اقْذِفِيْهِ فِى التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِى الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّىْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ ۚ
وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ ۘ ﴿39﴾ اِذْ تَمْشِىْۤ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا
وَلَا تَحْزَنَ ۬ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِىْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ
يّٰمُوْسٰى ﴿40﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِىْ ﴿41﴾ ۚ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِىْ وَلَا تَنِيَا فِىْ ذِكْرِىْ ﴿42﴾ ۚ اِذْهَبَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ
طَغٰى ﴿43﴾ ۚ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿44﴾ قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَاۤ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿45﴾ قَالَ لَا تَخَافَاۤ
اِنَّنِىْ مَعَكُمَاۤ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿46﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ
مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿47﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِىَ اِلَيْنَاۤ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿48﴾ قَالَ فَمَنْ
رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿49﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِىْۤ اَعْطٰى كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿50﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿51﴾

(وہ یہ تھا) کہ اسے (یعنی موسیٰؑ کو) صندوق میں رکھو پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دو تو دریا اسے کنارے
پر ڈال دے گا (اور) میرا اور اس کا دشمن اسے اٹھا لے گا۔ اور (موسیٰؑ) میں نے تم پر اپنی طرف سے (فرعون کے
دل میں شفقت و) محبت ڈال دی اور اس لئے کہ تم میرے سامنے پرورش پاؤ (39) جب تمہاری بہن (فرعون
کے ہاں) گئی اور کہنے لگی کہ میں تمہیں ایسا شخص بتاؤں، جو اس کو پالے تو (اس طریق سے) ہم نے تم کو تمہاری
ماں کے پاس پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنج نہ کریں۔ اور تم نے ایک شخص کو مار ڈالا تو ہم نے
تم کو غم سے مخلصی دی اور ہم نے تمہاری آزمائش کی۔ پھر تم کئی سال اہل مدین میں ٹھہرے رہے۔ پھر اے موسیٰؑ
تم (اپنے پروردگار کے مقرر کردہ) اندازے پر آ پہنچے (40) اور میں نے تم کو اپنے (کام کے) لئے بنایا ہے
(41) تو تم اور تمہارا بھائی دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سُستی نہ کرنا (42) دونوں فرعون
کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو رہا ہے (43) اور اس سے نرمی سے بات کرنا شاید وہ غور کرے یا ڈر جائے (44)
دونوں کہنے لگے کہ ہمارے پروردگار ہمیں خوف ہے کہ وہ ہم پر تعدی کرنے لگے یا زیادہ سرکش ہو جائے (45)
(خدا نے) فرمایا کہ ڈرو مت میں تمہارے ساتھ ہوں (اور) سنتا اور دیکھتا ہوں (46) (اچھا) تو اس کے پاس
جاؤ اور کہو کہ ہم آپ کے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں تو اولادِ اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیجئے
اور انہیں عذاب نہ کیجئے۔ ہم آپ کے پاس آپ کے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں اور جو
ہدایت کی بات مانے اس کو سلامتی ہو (47) ہماری طرف یہ وحی آئی ہے کہ جو جھٹلائے اور منہ پھیرے اس کے
لئے عذاب (تیار) ہے (48) (غرض موسیٰؑ اور ہارونؑ فرعون کے پاس گئے) اس نے کہا موسیٰؑ تمہارا
پروردگار کون ہے؟ (49) کہا کہ ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی شکل و صورت بخشی پھر راہ دکھائی
(50) کہا تو پہلی جماعتوں کا کیا حال ہے؟ (51)

شعراء:18

بوکس

1۔مہربانی 2۔پلو بڑھو

1۔پاس 2۔پرورش کرے

غم

1۔دُکھ 2۔رہائی 3۔مدین کے رہنے والے 4۔بسیرا یا قیام کیا

کاہلی، لاپرواہی

1۔باغی، مشرک 2۔ہوسکتا ہے

حد سے بڑھ جانا

سزا، تکلیف

انکار کرے

حوالہ جات	سُوْرَةُ طٰهٰ	مشکل الفاظ کے معانی

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿52﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا
سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿53﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّاُولِي النُّهٰى ﴿54﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿55﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ
وَاَبٰى ﴿56﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿57﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا
نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿58﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿59﴾ فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ
كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿60﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿61﴾
فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿62﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا
وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿63﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿64﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ
تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿65﴾

کہا کہ ان کا علم میرے پروردگار کو ہے (جو) کتاب میں (لکھا ہوا ہے) میرا پروردگار نہ چُوکتا ہے نہ بُھولتا ہے
(52) وہ (وہی تو ہے) جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو فرش بنایا اور اس میں تمہارے لئے رستے جاری کئے اور
آسمان سے پانی برسایا۔ پھر اس سے انواع واقسام کی مختلف روئیدگیاں پیدا کیں (53) (کہ خود بھی) کھاؤ اور
اپنے چارپایوں کو بھی چراؤ۔ بیشک ان (باتوں) میں عقل والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں (54) اسی زمین
سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے دوسری دفعہ نکالیں گے (55) اور ہم نے فرعون کو
اپنی سب نشانیاں دکھلائیں مگر وہ تکذیب اور انکار ہی کرتا رہا (56) کہنے لگا کہ موسیٰؑ تم ہمارے پاس اس لئے
آئے ہو کہ اپنے جادو (کے زور) سے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دو (57) تو ہم بھی تمہارے مقابل ایسا ہی جادو
لائیں گے تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کرلو کہ نہ تو ہم اس کے خلاف کریں گے اور نہ تم (اور یہ مقابلہ)
ایک ہموار[1] میدان میں (ہوگا) (58) (موسیٰؑ نے) کہا کہ آپ کے لئے یوم زینت[2] کا وعدہ ہے اور یہ کہ لوگ اس
دن چاشت کے وقت اکٹھے ہوجائیں (59) تو فرعون لوٹ گیا اور اپنے سامان جمع کرکے پھر آیا (60) موسیٰؑ نے
ان (جادوگروں) سے کہا کہ ہائے تمہاری کمبختی[1] خدا پر جھوٹ افتراء[2] نہ کرو کہ وہ تمہیں عذاب سے فنا[3] کردے گا۔ اور
جس نے افتراء[1] کیا وہ نامُراد[2] رہا (61) تو وہ باہم اپنے معاملہ میں جھگڑنے اور چُپکے چُپکے سرگوشی[3] کرنے لگے (62)
کہنے لگے کہ یہ دونوں جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم کو تمہارے ملک سے نکال دیں اور
تمہارے شائستہ[1] مذہب کو نابود[2] کردیں (63) تو تم (جادو کا) سامان اکٹھا کرلو اور پھر قطار[3] باندھ کر آؤ اور آج جو
غالب رہا وہی کامیاب ہوا (64) بولے کہ موسیٰؑ یا تو تم (اپنی چیز) ڈالو یا ہم (اپنی چیزیں) پہلے ڈالتے ہیں (65)

مشکل الفاظ کے معانی:

- غلطی کرنا
- بہت سی قسموں کی نباتات کا اگاؤ
- جانوروں کا گھر سے باہر جا کر کھانا پینا
- واپس ہونا
- جھٹلانا، انکار کرنا
- مقابلہ کرنا
- 1۔ برابر کیا گیا 2۔ ایک تہوار
- قریب دن 10 بجے
- 1۔ بدنصیبی 2۔ جھوٹا الزام 3۔ ختم
- 1۔ جھوٹ باندھنا 2۔ بے حاصل 3۔ آہستہ آہستہ، چھپ کر بات کرنا
- 1۔ مہذب 2۔ ختم کردینا 3۔ لائن
- برتری حاصل کرنا، فتح یاب

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ طٰهٰ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ طٰهٰ

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿66﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿67﴾
قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿68﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ
حَيْثُ اَتٰى ﴿69﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿70﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ
الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ
اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿71﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَاۗءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ
هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿72﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿73﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ
رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿74﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ
الْعُلٰى ﴿75﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿76﴾

(موسیٰؑ نے) کہا نہیں تم ہی ڈالو (جب انہوں نے چیزیں ڈالیں) تو ناگہاں ان کی رسیاں اور لاٹھیاں موسیٰؑ کے
خیال میں ایسی آنے لگیں کہ وہ (میدان میں) دوڑ رہی ہیں (66) (اس وقت) موسیٰؑ نے اپنے دل میں خوف
معلوم کیا (67) ہم نے کہا خوف نہ کرو بلاشبہ تم ہی غالب ہو (68) اور جو چیز (یعنی لاٹھی) تمہارے داہنے ہاتھ
میں ہے اسے ڈال دو کہ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے اس کو نگل جائے گی۔ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے (یہ تو) جادوگروں
کے ہتھکنڈے ہیں اور جادوگر جہاں جائے فلاح نہیں پائے گا (69) (جب یونہی ہوا) تو جادوگر سجدے میں گر
پڑے (اور) کہنے لگے کہ ہم ہارونؑ اور موسیٰؑ کے پروردگار پر ایمان لائے (70) (فرعون) بولا کہ پیشتر اس کے
کہ میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے؟ بیشک وہ تمہارا بڑا (یعنی استاد) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا
ہے۔ سو میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں (جانب) خلاف سے کٹوا دوں گا۔ اور کھجور کے تنوں پر سولی چڑھوا دوں گا
(اس وقت) تم کو معلوم ہوگا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیر تک رہنے والا ہے (71) انہوں نے کہا
کہ جو دلائل ہمارے پاس آ گئے ہیں ان پر اور جس نے ہم کو پیدا کیا ہے اس پر ہم آپ کو ہرگز ترجیح نہیں دیں گے تو آپ
کو جو حکم دینا ہو دے دیجئے اور آپ (جو) حکم دے سکتے ہیں وہ صرف اسی دنیا کی زندگی میں (دے سکتے ہیں) (72)
ہم اپنے پروردگار پر ایمان لے آئے تاکہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرے اور (اسے بھی) جو آپ نے ہم
سے زبردستی جادو کرایا اور خدا بہتر اور باقی رہنے والا ہے (73) جو شخص اپنے پروردگار کے پاس گنہگار ہو کر آئے
گا تو اس کے لئے جہنم ہے، جس میں نہ مرے گا نہ جئے گا (74) اور جو اس کے روبرو ایماندار ہو کر آئے گا اور
عمل نیک کئے ہوں گے تو ایسے لوگوں کے لئے اونچے اونچے درجے ہیں (75) (یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغ
جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہ اس شخص کا بدلا ہے جو پاک ہوا (76)

مشکل الفاظ کے معانی

- اچانک
- 1۔ بے شک 2۔ فتح یاب
- ہڑپ کر جائے گی، کھا جائے گی
- 1۔ ہاتھ کی چالاکی، داؤں پیچ 2۔ رہائی
- پہلے
- 1۔ الٹی طرف کے 2۔ پھانسی
- 1۔ ثبوت 2۔ کسی بھی صورت 3۔ فضیلت
- آمنے سامنے
- مرتبے، مقامات
- صلہ، اجر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ طٰهٰ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا

وَّلَا تَخْشٰى (77) فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ (78) وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا

هَدٰى (79) يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

وَالسَّلْوٰى (80) كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ

غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى (81) وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى (82) وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ

يٰمُوْسٰى (83) قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى (84) قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ

وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ (85) فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۭ

اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ (86)

اور ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے بندوں کو راتوں رات نکال لے جاؤ۔ پھر ان کے لئے دریا میں — رات ہی کو

(لاٹھی مار کر) خشک رستہ بنا دو۔ پھر تم کو نہ تو (فرعون کے) آ پکڑنے کا خوف ہوگا اور نہ (غرق ہونے کا) ڈر — ڈوبنا

(77) پھر فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا تعاقب[1] کیا تو دریا (کی موجوں[2]) نے ان پر چڑھ کر انہیں — 1-پیچھا کرنا 2-لہروں

مریم:58 — ڈھانک لیا (یعنی ڈبو دیا) (78) اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کر دیا اور سیدھے رستے پر نہ ڈالا (79) اے آل اسرائیل — اپنے اندر چھپالیا

ہم نے تم کو تمہارے دشمن سے نجات دی اور (تورات دینے کے لئے) تم سے کوہ طور کی داہنی طرف مقرر کی — رہائی

اور تم پر من وسلویٰ نازل کیا (80) (اور حکم دیا کہ) جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو دی ہیں۔ ان کو کھاؤ اور — آسمانی کھانا

اس میں حد سے نہ نکلنا۔ ورنہ تم پر میرا غضب نازل ہوگا اور جس پر میرا غضب نازل ہوا وہ ہلاک ہو گیا (81) اور — غصہ، عذاب

جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کرے پھر سیدھے رستے چلے اس کو میں بخش دینے والا ہوں (82) اور

اے موسیٰؑ تم نے اپنی قوم سے (آگے چلے آنے میں) کیوں جلدی کی؟ (83) کہا وہ میرے پیچھے (آرہے) ہیں،

اور اے پروردگار میں نے تیری طرف (آنے کی) جلدی اس لئے کی کہ تُو خوش ہو (84) فرمایا کہ ہم نے تمہاری

قوم کو تمہارے بعد آزمائش میں ڈال دیا ہے اور سامری نے ان کو بہکا دیا ہے (85) اور موسیٰؑ غصے اور غم کی حالت — ایک شخص کا نام

میں اپنی قوم کے پاس واپس آئے (اور) کہنے لگے کہ اے قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم سے ایک اچھا وعدہ نہیں

کیا تھا؟ کیا (میری جُدائی کی) مدت[1] تمہیں دراز[2] (معلوم) ہوئی یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف — 1-عرصہ، وقت 2-لمبی، بہت زیادہ

سے غضب نازل ہو؟ اور (اس لئے) تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا (اس کے) خلاف کیا (86)

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ (87) فَاَخْرَجَ لَهُمْ

عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۬ فَنَسِيَ (88) اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا (89) وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ (90)

قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى (91) قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا (92) اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ

اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ (93) قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ

تَرْقُبْ قَوْلِيْ (94) قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ (95) قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ (96) قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۠ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ

وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ؕ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا (97)

وہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے اختیار سے تم سے وعدہ خلاف نہیں کیا، بلکہ ہم لوگوں کے زیوروں کا بوجھ اٹھائے ہوئے
تھے، پھر ہم نے اس کو آگ میں ڈال دیا اور اسی طرح سامری نے ڈال دیا (87) تو اس نے ان کے لئے ایک بچھڑا بنا
دیا (یعنی اس کا) قالب جس کی آواز گائے کی سی تھی تو لوگ کہنے لگے، یہی تمہارا معبود ہے اور یہی موسیٰؑ کا بھی معبود
ہے مگر وہ بھول گئے ہیں (88) کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ وہ ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور نہ ان کے نقصان اور
نفع کا کچھ اختیار رکھتا ہے (89) اور ہارونؑ نے ان سے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ لوگو! اس سے صرف تمہاری آزمائش کی
گئی ہے۔ اور تمہارا پروردگار تو خدا ہے تو میری پیروی کرو اور میرا کہا مانو (90) وہ کہنے لگے کہ جب تک موسیٰؑ ہمارے
پاس واپس نہ آئیں ہم تو اس (کی پُوجا) پر قائم رہیں گے (91) (پھر موسیٰؑ نے ہارونؑ سے) کہا کہ ہارونؑ جب تم
نے ان کو دیکھا تھا کہ گمراہ ہو رہے ہیں تو تم کو کس چیز نے روکا (92) (یعنی) اس بات سے کہ تم میرے پیچھے چلے آؤ
بھلا تم نے میرے حکم کے خلاف (کیوں) کیا؟ (93) کہنے لگے کہ بھائی میری ڈاڑھی اور سر کو نہ پکڑیئے میں تو اس
سے ڈرا کہ آپ یہ نہ کہیں کہ تم نے بنی اسرائیل میں تفرقہ ڈال دیا اور میری بات کو ملحوظ نہ رکھا (94) (پھر سامری
سے) کہنے لگے کہ سامری تیرا کیا حال ہے؟ (95) اس نے کہا کہ میں نے ایسی چیز دیکھی جو اوروں نے نہیں دیکھی تو
میں نے فرشتے کے نقش پا سے (مٹی کی) ایک مٹھی بھر لی پھر اس کو (بچھڑے کے قالب میں) ڈال دیا اور مجھے میرے
جی نے (اس کام کو) اچھا بتایا (96) (موسیٰؑ نے) کہا جا تجھ کو دنیا کی زندگی میں یہ (سزا) ہے کہ کہتا رہے کہ مجھ کو
ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے ایک اور وعدہ ہے (یعنی عذاب کا) جو تجھ سے ٹل نہ سکے گا۔ اور جس معبود (کی پُوجا) پر تُو
(قائم و) معتکف تھا اس کو دیکھ ہم اسے جلا دیں گے پھر اس کی راکھ کو اُڑا کر دریا میں بکھیر دیں گے (97)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بوجھ: وزن
- سامری: ایک شخص کا نام
- قالب، معبود: 1۔ڈھانچا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- نفع: فائدہ
- پیروی کرو: پیچھے چلو
- پُوجا: پرستش
- تفرقہ، ملحوظ نہ رکھا: 1۔فرقے بنا دینا 2۔سامنے نہ رکھا
- اوروں: دوسروں
- نقش پا، قالب: 1۔پاؤں کا نشان 2۔ڈھانچا
- جی نے: دل نے
- ٹل نہ سکے گا: ہونا ہی ہونا ہے
- معتکف، راکھ: 1۔اعتکاف بیٹھنے والا 2۔سہاگہ، ایش

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ﴿98﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ
لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿99﴾ ۖۚ مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿100﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿101﴾ ۙ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى
الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿102﴾ ۖۚ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿103﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ
طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿104﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّىْ نَسْفًا ﴿105﴾ ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿106﴾ ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا
عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿107﴾ ؕ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِىَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿108﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا
تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِىَ لَهٗ قَوْلًا ﴿109﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿110﴾ وَعَنَتِ
الْوُجُوْهُ لِلْحَىِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿111﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿112﴾
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿113﴾

تمہارا معبود وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا علم ہر چیز پر محیط ہے (98) اس طرح پر ہم تم سے وہ حالات بیان
کرتے ہیں، جو گزر چکے ہیں اور ہم نے تمہیں اپنے پاس سے نصیحت (کی کتاب) عطا فرمائی ہے (99) جو شخص اس
سے منہ پھیرے گا وہ قیامت کے دن (گناہ کا) بوجھ اٹھائے گا (100) (ایسے لوگ) ہمیشہ اس (عذاب) میں
(مبتلا) رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے بُرا ہوگا (101) جس روز صُور پھونکا جائے گا اور ہم
گنہگاروں کو اکٹھا کریں گے اور ان کی آنکھیں نیلی نیلی ہوں گی (102) (تو) وہ آپس میں آہستہ آہستہ کہیں گے کہ تم
(دنیا میں) صرف دس ہی دن رہے ہو (103) جو باتیں یہ کریں گے ہم خوب جانتے ہیں اس وقت ان میں سب سے
اچھی راہ والا (یعنی اندھوں میں کانا) کہے گا کہ (نہیں بلکہ) صرف ایک ہی روز ٹھہرے ہو (104) اور تم سے پہاڑوں
کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ خدا ان کو اُڑا کر بکھیر دے گا (105) اور زمین کو ہموار میدان کر
چھوڑے گا (106) جس میں نہ تم کجی دیکھو گے، نہ ٹیلا (اور بلندی) (107) اس روز لوگ ایک پکارنے والے کے
پیچھے چلیں گے اور اس کی پیروی سے انحراف نہ کرسکیں گے اور خدا کے سامنے آوازیں پست ہو جائیں گی تو تم آواز خفی
کے سوا کوئی آواز نہ سنو گے (108) اس روز (کسی کی) سفارش کچھ فائدہ نہ دے گی مگر اس شخص کی جسے خدا اجازت
دے اور اس کی بات کو پسند فرمائے (109) جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ اس کو جانتا ہے اور
وہ (اپنے) علم سے خدا (کے علم) پر احاطہ نہیں کرسکتے (110) اور اس زندہ وقائم کے رُوبرو منہ نیچے ہو جائیں
گے اور جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا وہ نامُراد رہا (111) اور جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہوگا تو اس کو نہ ظلم کا خوف
ہوگا اور نہ نقصان کا (112) اور ہم نے اس کو اسی طرح کا قرآن عربی نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح کے
ڈراوے بیان کر دیئے ہیں تاکہ لوگ پرہیزگار بنیں یا خدا ان کے لئے نصیحت پیدا کر دے (113)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔علاوہ 3۔گھیرے ہوئے، پھیلا ہوا

1۔پہلے ہو چکے ہیں 2۔دی ہے

1۔انکار کرے گا 2۔وزن

1۔پھنسے 2۔قیامت قائم ہونے کا بگل

بیوقوفوں میں سے کم بے وقوف

1۔پوچھتے ہیں 2۔برابر کیا ہوا

1۔ٹیڑھا پن، اونچ نیچ 2۔مٹی کا بڑا تودہ، چھوٹی پہاڑی

1۔انکار کرنا، مُکر جانا 2۔آہستہ، دھیمی، بہت نرم 3۔چھپی ہوئی، باریک

1۔مکمل گھیراؤ 2۔آمنے سامنے

لاحاصل، خواہش پوری نہ ہونا

حوالہ جات:

نور: 37

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

سُوْرَةُ طٰهٰ

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (114) وَلَقَدْ عَهِدْنَاۤ
اِلٰۤى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا (115) ۧ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى (116) فَقُلْنَا
يٰۤاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى (117) اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى (118) ۙ وَاَنَّكَ
لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى (119) فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى (120)
فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى (121) ۖ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ
فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى (122) قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۢ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ۬ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا
يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى (123) وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى (124) قَالَ رَبِّ لِمَ
حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا (125) قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى (126)

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
تو خدا جو سچا بادشاہ ہے، عالی قدر ہے اور قرآن کی وحی جو تمہاری طرف بھیجی جاتی ہے۔ اس کے پورا ہونے سے پہلے قرآن	بڑی قدر والا
کے (پڑھنے کے) لئے جلدی نہ کیا کرو اور دعا کیا کرو کہ میرا پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے (114) اور ہم نے پہلے آدمؑ	
سے عہد لیا تھا مگر وہ (اسے) بھول گئے اور ہم نے ان میں صبر و ثبات نہ دیکھا (115) اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا	1۔وعدہ 2۔پائیداری
کہ آدمؑ کے آگے سجدہ کرو تو سب سجدے میں گر پڑے، مگر ابلیس نے انکار کیا (116) ہم نے فرمایا کہ آدمؑ یہ تمہارا اور	
تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو یہ کہیں تم دونوں کو بہشت سے نکلوا نہ دے۔ پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ (117) یہاں تم کو یہ	
(آسائش) ہوگی کہ نہ بھوکے رہو نہ ننگے (118) اور یہ کہ نہ پیاسے رہو اور نہ دھوپ کھاؤ (119) تو شیطان نے ان کے	سُکھ، سہولت
دل میں وسوسہ ڈالا (اور) کہا کہ آدم! بھلا میں تم کو (ایسا) درخت بتاؤں (جو) ہمیشہ کی زندگی کا (ثمر دے) اور ایسی	1۔وہم، شبہ 2۔فائدہ، پھل
بادشاہت کہ کبھی زائل نہ ہو؟ (120) تو دونوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا تو ان پر ان کی شرمگاہیں ظاہر ہو گئیں اور وہ	کم ہونے والی
اپنے (بدنوں) پر بہشت کے پتے چپکانے لگے اور آدمؑ نے اپنے پروردگار کے (حکم کے) خلاف کیا تو بے راہ ہو گئے	1۔لگانا، لیس دار سے جوڑنا 2۔گمراہ
(121) پھر ان کے پروردگار نے ان کو نوازا تو ان پر مہربانی سے توجہ فرمائی اور سیدھی راہ بتائی (122) فرمایا کہ تم دونوں	عنایت کرنا، دینا
یہاں سے نیچے اُتر جاؤ تم میں بعض بعض کے دشمن (ہوں گے) پھر اگر میری طرف سے تمہارے پاس ہدایت آئے	کچھ
تو جو شخص میری ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ تکلیف میں پڑے گا (123) اور جو میری نصیحت سے	پیچھے چلنا
منہ پھیرے گا اس کی زندگی تنگ ہو جائے گی اور قیامت کو ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے (124) وہ کہے گا	1۔انکار کرے گا 2۔مشکل ہو جائے گی
میرے پروردگار تُو نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو دیکھتا بھالتا تھا (125) (خدا) فرمائے گا کہ ایسا ہی	
(چاہئے تھا) تیرے پاس ہماری آیتیں آئیں تو تُو نے ان کو بُھلا دیا اسی طرح آج ہم تجھ کو بُھلا دیں گے (126)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ طٰهٰ	حوالہ جات

وَكَذٰلِكَ نَجْزِىْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿127﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِىْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿128﴾ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿129﴾ ط فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ج

وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿130﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿131﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ؕ

نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿132﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿133﴾ وَلَوْ

اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَاۤ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿134﴾ قُلْ

كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿135﴾ ع

اور جوشخص حد سے نکل جائے اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لائے، ہم اس کو ایسا ہی بدلا دیتے ہیں۔ اور آخرت
کا عذاب بہت سخت اور بہت دیر رہنے والا ہے (127) کیا یہ بات ان لوگوں کے لئے موجب ہدایت نہ ہوئی کہ ہم
ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں، جن کے رہنے کے مقامات میں یہ چلتے پھرتے ہیں؟ عقل والوں
کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (128) اور اگر ایک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے صادر اور
ایک میعاد مقرر نہ ہو چکی ہوتی تو (نزول) عذاب لازم ہو جاتا (129) پس جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں اس پر صبر کرو اور
سورج کے نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیا کرو اور رات کی
ساعات (اولین) میں بھی اس کی تسبیح کیا کرو اور دن کی اطراف (یعنی فجر اور مغرب کے وقت بھی) تاکہ تم خوش ہو جاؤ (130)
اور کئی طرح کے لوگوں کو جو ہم نے دنیا کی زندگی میں آرائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے تاکہ ان کی آزمائش
کریں ان پر نگاہ نہ کرنا اور تمہارے پروردگار کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی بہت بہتر اور باقی رہنے والی ہے (131)
اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرو اور اس پر قائم رہو۔ ہم تم سے روزی کے خواستگار نہیں بلکہ تمہیں ہم روزی
دیتے ہیں اور (نیک) انجام (اہل) تقویٰ کا ہے (132) اور کہتے ہیں کہ یہ (پیغمبرؑ) اپنے پروردگار کی طرف
سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے؟ کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کی نشانی نہیں آئی؟ (133) اور
اگر ہم ان کو پیغمبرؑ (کے بھیجنے) سے پیشتر کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے تو وہ کہتے کہ اے ہمارے
پروردگار! تُو نے ہماری طرف کوئی پیغمبرؑ کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل اور رُسوا ہونے سے پہلے تیرے کلام کی پیروی
کرتے (134) کہہ دو کہ سب (نتائج اعمال کے) منتظر ہیں سو تم بھی منتظر رہو عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ
(دین کے) سیدھے رستے پر چلنے والے کون ہیں اور (صریح غلط) راہ پانے والے کون ہیں (ہم یا تم) (135)

مشکل الفاظ کے معانی:

- باعث، وجہ
- جگہیں
- حکم ہونا
- 1۔عرصہ 2۔بری بات
- ذکر و تعریف
- 1۔پہلے حصے میں 2۔طرف کی جمع
- 1۔سجاوٹ 2۔کثرت ہونا
- 1۔نظر 2۔دی گئی
- طلبگار
- 1۔آخر 2۔پرہیزگاری
- پہلے
- 1۔عملوں کے نتیجے 2۔انتظار کرنا
- صاف

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- ہود: 114
- فرقان: 41، 42

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْۢبِيَآءِ	حوالہ جات

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ① مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ
وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ② لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ
السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ③ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ④ بَلْ قَالُوْٓا
اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ⑤ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ
اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ⑥ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ
لَا تَعْلَمُوْنَ ⑦ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ⑧ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ
فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ⑨ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ⑩ وَكَمْ
قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ⑪

ترجمہ سورت انبیاء

لوگوں کا حساب (اعمال کا وقت) نزدیک آ پہنچا ہے اور وہ غفلت میں (پڑے اس سے) منہ پھیر رہے ہیں
(1) ان کے پاس کوئی نئی نصیحت ان کے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے سنتے ہیں (2)
ان کے دل غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور ظالم لوگ (آپس میں) چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں کہ یہ (شخص کچھ
بھی) نہیں مگر تمہارے جیسا آدمی ہے تو تم آنکھوں دیکھتے جادو (کی لپیٹ) میں کیوں آتے ہو؟ (3) (پیغمبرؐ
نے) کہا کہ جو بات آسمان اور زمین میں (کہی جاتی) ہے، میرا پروردگار اسے جانتا ہے اور وہ سننے والا اور
جاننے والا ہے (4) بلکہ (ظالم) کہنے لگے کہ (یہ قرآن) پریشان (باتیں ہیں جو) خواب (میں دیکھ لی) ہیں،
(نہیں) بلکہ اس نے اس کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے، (نہیں) بلکہ یہ (شعر ہے جو اس) شاعر (کا نتیجۂ طبع) ہے
تو جیسے پہلے (پیغمبرؐ نشانیاں دے کر) بھیجے گئے تھے (اسی طرح) یہ بھی ہمارے پاس کوئی نشانی لائے (5) ان
سے پہلے جن بستیوں کو ہم نے ہلاک کیا وہ ایمان نہیں لائی تھیں تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے؟ (6) اور ہم نے تم
سے پہلے مرد ہی (پیغمبرؐ بنا کر) بھیجے، جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔ اگر تم نہیں جانتے تو جو یاد رکھتے ہیں ان
سے پوچھ لو (7) اور ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے تھے کہ کھانا نہ کھائیں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے (8) پھر
ہم نے ان کے بارے میں (اپنا) وعدہ سچا کر دیا تو ان کو اور جس کو چاہا نجات دی اور حد سے نکل جانے والوں کو
ہلاک کر دیا (9) ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل کی ہے، جس میں تمہارا تذکرہ ہے کیا تم نہیں سمجھتے؟ (10)
اور ہم نے بہت سی بستیوں کو جو ستم گار تھیں ہلاک کر مارا اور ان کے بعد اور لوگ پیدا کر دیئے (11)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ عملوں کا حساب ہونے کا وقت یعنی قیامت 2۔ لاپرواہی 3۔ انکار کر رہے ہیں

آہستہ آہستہ، سرگوشی کرنا

گھیراؤ میں، داؤں میں

طبیعت کا نتیجہ

رہائی

ظلم کرنا، شرک کرنا

حوالہ جات	سُوۡرَةُ الۡاَنۡبِيَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوۡرَةُ الۡاَنۡبِيَآءِ

فَلَمَّآ اَحَسُّوۡا بَاۡسَنَاۤ اِذَا هُمۡ مِّنۡهَا يَرۡكُضُوۡنَ ﴿12﴾ لَا تَرۡكُضُوۡا وَارۡجِعُوۡۤا اِلٰى مَاۤ اُتۡرِفۡتُمۡ فِيۡهِ وَمَسٰكِنِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ
تُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿13﴾ قَالُوۡا يٰوَيۡلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيۡنَ ﴿14﴾ فَمَا زَالَتۡ تِّلۡكَ دَعۡوٰٮهُمۡ حَتّٰى جَعَلۡنٰهُمۡ حَصِيۡدًا خٰمِدِيۡنَ ﴿15﴾ وَمَا
خَلَقۡنَا السَّمَآءَ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لٰعِبِيۡنَ ﴿16﴾ لَوۡ اَرَدۡنَاۤ اَنۡ نَّتَّخِذَ لَهۡوًا لَّاتَّخَذۡنٰهُ مِنۡ لَّدُنَّاۤ ۖ اِنۡ كُنَّا فٰعِلِيۡنَ ﴿17﴾
بَلۡ نَقۡذِفُ بِالۡحَـقِّ عَلَى الۡبَاطِلِ فَيَدۡمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَـكُمُ الۡوَيۡلُ مِمَّا تَصِفُوۡنَ ﴿18﴾ وَلَهٗ مَنۡ فِى
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَمَنۡ عِنۡدَهٗ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ عَنۡ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسۡتَحۡسِرُوۡنَ ﴿19﴾ يُسَبِّحُوۡنَ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ لَا
يَفۡتُرُوۡنَ ﴿20﴾ اَمِ اتَّخَذُوۡۤا اٰلِهَةً مِّنَ الۡاَرۡضِ هُمۡ يُنۡشِرُوۡنَ ﴿21﴾ لَوۡ كَانَ فِيۡهِمَاۤ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَـفَسَدَتَا ۚ فَسُبۡحٰنَ
اللّٰهِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿22﴾ لَا يُسۡـَٔـلُ عَمَّا يَفۡعَلُ وَهُمۡ يُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿23﴾ اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ قُلۡ
هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ ۚ هٰذَا ذِكۡرُ مَنۡ مَّعِىَ وَذِكۡرُ مَنۡ قَبۡلِىۡ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ الۡحَـقَّ فَهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿24﴾

جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو لگے اس سے بھاگنے (12) مت بھاگو اور جن (لوگوں اور نعمتوں) میں تم
عیش و آسائش کرتے تھے ان کی اور اپنے گھروں کی طرف لوٹ جاؤ، شاید تم سے (اس بارے میں) دریافت کیا
جائے (13) کہنے لگے ہائے شامت بیشک ہم ظالم تھے (14) تو وہ ہمیشہ اسی طرح پکارتے رہے، یہاں تک کہ
ہم نے ان کو (کھیتی کی طرح) کاٹ کر (اور راکھ کی طرح) بجھا کر ڈھیر کر دیا (15) اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور
جو (مخلوقات) ان دونوں کے درمیان ہے اس کو لہو و لعب کے لئے پیدا نہیں کیا (16) اگر ہم چاہتے کہ کھیل (کی
چیزیں) بنائیں تو اگر ہم کو کرنا ہی ہوتا تو ہم اپنے پاس سے بنا لیتے (17) (نہیں) بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر کھینچ مارتے
ہیں تو وہ اس کا سر توڑ دیتا ہے اور جھوٹ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے۔ اور جو باتیں تم بناتے ہو ان سے تمہاری ہی خرابی
ہے (18) اور جو لوگ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہیں سب اسی کی (مملوک اور اسی کا مال) ہیں اور جو (فرشتے)
اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ کنیاتے ہیں اور نہ اُکتاتے ہیں (19) وہ رات دن (اس کی) تسبیح
کرتے رہتے ہیں (نہ تھکتے ہیں) نہ اُکتاتے ہیں (20) بھلا لوگوں نے جو زمین کی چیزوں سے (بعض کو) معبود بنا
لیا ہے (تو کیا) وہ ان کو (مرنے کے بعد) اٹھا کھڑا کریں گے؟ (21) اگر آسمان اور زمین میں خدا کے سوا اور معبود
ہوتے تو (زمین و آسمان) درہم برہم ہو جاتے۔ جو باتیں یہ لوگ بتاتے ہیں خدائے مالک عرش ان سے پاک ہے
(22) وہ جو کام کرتا ہے اس کی پرسش نہیں ہوگی اور (جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اس کی) ان سے پرسش ہوگی
(23) کیا لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود بنا لئے ہیں؟ کہہ دو کہ (اس بات پر) اپنی دلیل پیش کرو۔
یہ (میری اور) میرے ساتھ والوں کی کتاب بھی ہے اور جو مجھ سے پہلے (پیغمبرؑ) ہوئے ہیں ان کی کتابیں
بھی ہیں بلکہ (بات یہ ہے کہ) ان میں اکثر حق بات کو نہیں جانتے اور اس لئے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں (24)

مشکل الفاظ کے معانی

- شروعات کرنا
- 1۔آرام کی زندگی سے لطف اٹھانا 2۔واپس 3۔معلوم کرنا
- 1۔افسوس کا کلمہ 2۔سزا، بدنصیبی
- سہاگہ، ایش
- خون خرابہ
- رکھ کر مارنا
- 1۔ختم ہو جانا 2۔نقصان
- 1۔غلام 2۔چیزیں، ملکیت
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔پرے ہونا 3۔تھکنا 4۔ذکر کرنا
- 1۔تنگ آنا 2۔کچھ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔زندہ کر دیں گے؟ 2۔علاوہ
- 1۔گڈمڈ، اوپر نیچے 2۔رب
- جواب طلبی، پوچھ گچھ
- سند، ثابت کرنا
- 1۔زیادہ تر لوگ 2۔سچ 3۔مُنکر ہو جانا

حوالہ جات

معارج:10تا 14 انشقاق:10تا 15

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ (25) وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ
بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ (26) لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ (27) يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ (28) وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ
جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ (29) اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ
وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ (30) وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيْهَا
فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (31) وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۖ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ (32) وَهُوَ الَّذِيْ
خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (33) وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَا۟ئِنْ
مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ (34) كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ (35)

اور جو پیغمبرؑ ہم نے تم سے پہلے بھیجے ان کی طرف یہی وحی بھیجی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری ہی عبادت کرو
(25) اور کہتے ہیں کہ خدا بیٹا رکھتا ہے وہ پاک ہے (اس کے نہ بیٹا ہے نہ بیٹی) بلکہ (جن لوگوں کی نسبت ایسا سمجھتے
ہیں) وہ اس کے عزت والے بندے ہیں (26) اس کے آگے بڑھ کر بول نہیں سکتے اور اس کے حکم پر عمل کرتے
ہیں (27) جو کچھ ان کے آگے ہو چکا ہے اور جو پیچھے ہوگا، وہ سب سے واقف ہے اور وہ (اس کے پاس کسی کی)
سفارش نہیں کر سکتے مگر اس شخص کی جس سے خدا خوش ہو اور وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں (28) اور جو شخص
ان میں سے یہ کہے کہ خدا کے سوا میں معبود ہوں تو اسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے (اور) ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا
دیا کرتے ہیں (29) کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے، تو ہم نے ان کو جُدا
جُدا کر دیا؟ اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے؟ (30) اور ہم نے
زمین میں پہاڑ بنائے تاکہ لوگوں (کے بوجھ) سے ہلنے (اور جُھکنے) نہ لگے اور اس میں کشادہ رستے بنائے تاکہ
لوگ ان پر چلیں (31) اور آسمان کو محفوظ چھت بنایا اس پر بھی وہ ہماری نشانیوں سے منہ پھیر رہے ہیں (32)
اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند کو بنایا (یہ) سب (یعنی سورج اور چاند اور ستارے) آسمان
میں (اس طرح چلتے ہیں گویا) تیر رہے ہیں (33) اور (اے پیغمبرؐ) ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کو بقائے دوام
نہیں بخشا بھلا اگر تم مر جاؤ تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے؟ (34) ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے اور ہم تم لوگوں کو
سختی اور آسودگی میں آزمائش کے طور پر مبتلا کرتے ہیں اور تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے (35)

حوالہ جات:
- اخلاص: 3
- طارق: 5، 6

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔اللہ کا حکم ماننا
- کے بارے میں
- بے ادبی نہیں کرتے، خدا کے حکم کے خلاف بات تک نہیں کرتے
- رعب، جلال
- علاوہ
- بگ بینگ یا جدید سائنس کے نظریۂ انکار والوں کیلئے ان کی گمراہی کی دلیل
- مُراد مائع
- 1۔وزن 2۔کُھلے
- 1۔مضبوط، بحفاظت 2۔انکار کرنا
- 1۔کہ جیسے 2۔مسلسل تیراک ہیں 3۔ہمیشہ کی زندگی
- زندگی والا، ذِی وجود
- 1۔خوشحالی، امیری 2۔پکڑنا، پھنسانا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ

وَاِذَارَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِىْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ
كٰفِرُوْنَ﴿36﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِىْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ﴿37﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ﴿38﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ﴿39﴾ بَلْ
تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ﴿40﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ
سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ﴿41﴾ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ
رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ﴿42﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ﴿43﴾ بَلْ
مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ
الْغٰلِبُوْنَ﴿44﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ﴿45﴾

اور جب کافر تم کو دیکھتے ہیں تو تم سے استہزاء کرتے ہیں کہ کیا یہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر کیا
کرتا ہے؟ حالانکہ وہ خود رحمٰن کے نام سے مُنکر ہیں (36) انسان (کچھ ایسا جلد باز ہے کہ گویا)
جلد بازی ہی سے بنایا گیا ہے۔ میں تم لوگوں کو عنقریب اپنی نشانیاں دکھلاؤں گا تو تم جلدی نہ کرو (37) اور
کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (جس عذاب کی) یہ وعید (ہے وہ) کب آئے گا (38) اے کاش! کافر اس
وقت کو جانیں جب وہ اپنے مُونہوں پر سے (دوزخ کی) آگ کو روک نہ سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھوں پر
سے اور نہ ان کا کوئی مددگار ہو گا (39) بلکہ (قیامت) ان پر ناگہاں آ واقع ہو گی اور ان کے ہوش
کھو دے گی۔ پھر نہ تو وہ اس کو ہٹا سکیں گے اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی (40) اور تم سے پہلے بھی
پیغمبروںؑ کے ساتھ استہزاء ہوتا رہا ہے تو جو لوگ ان میں سے تمسخر کیا کرتے تھے، ان کو اسی (عذاب)
نے جس کی ہنسی اُڑاتے تھے آ گھیرا (41) کہو کہ رات اور دن میں خدا سے تمہاری کون حفاظت کر سکتا ہے؟
بات یہ ہے کہ یہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں (42) کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود
ہیں کہ ان کو (مصائب سے) بچا سکیں؟ وہ آپ اپنی مدد تو کر ہی نہیں سکتے اور نہ ہم سے پناہ ہی دیئے جائیں
گے (43) بلکہ ہم ان لوگوں کو اور ان کے باپ دادا کو متمتع کرتے رہے یہاں تک کہ (اسی حالت میں)
ان کی عمریں بسر ہو گئیں۔ کیا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں؟
تو کیا یہ لوگ غلبہ پانے والے ہیں؟ (44) کہہ دو کہ میں تم کو حکم خدا کے مطابق نصیحت کرتا ہوں
اور بہروں کو جب نصیحت کی جائے تو وہ پکار کو سنتے ہی نہیں (45)

- 1۔مذاق،طنز 2۔جن کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔انکار کرنا،مُکرنا 2۔جیسے کہ
- اُجلت،جلدی
- 1۔سزا دینے کی دھمکی یا وعدہ 2۔افسوس کا کلمہ
- 1۔یاد یا معلوم کریں 2۔کمر
- اچانک
- 1۔اُڑادے گی 2۔مزید وقت
- 1،2۔طنز،مذاق،ہنسی
- پکڑ لیا،آ دبوچا
- 1۔انکار کرنا 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا
- 1۔مصیبتوں 2۔حفاظت
- فائدہ اُٹھانا
- 1۔گزر گئیں،مکمل ہو گئیں 2۔جدید سائنس کے پیروکاروں کی خاطر دلیل
- فتح،چھا جانا
- آواز لگانا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ	حوالہ جات

وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿46﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ

الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿47﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ

مُشْفِقُوْنَ ﴿49﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۭ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿50﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ

عٰلِمِيْنَ ﴿51﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿52﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا

عٰبِدِيْنَ ﴿53﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿54﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿55﴾

قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۡ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿56﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ

اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿57﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
اور اگر ان کو تمہارے پروردگار کا تھوڑا سا عذاب بھی پہنچے تو کہنے لگیں کہ ہائے کمبختی! ہم بیشک ستم گار تھے (46)	1۔افسوس کا کلمہ 2۔بدنصیبی 3۔ظالم
اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازو کھڑی کریں گے تو کسی شخص کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔ اور اگر	بے انصافی، حق مارنا
رائی کے دانے کے برابر بھی (کسی کا عمل) ہوگا تو ہم اس کو لا حاضر کریں گے اور ہم حساب کرنے کو کافی ہیں (47)	1۔ذرا سی مقدار میں 2۔موجود کریں گے
اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ کو (ہدایت و گمراہی میں) فرق کر دینے والی اور (مکمل) روشنی اور نصیحت (کی کتاب)	
عطا کی (یعنی) پرہیزگاروں کے لئے (48) جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اور قیامت کا بھی خوف	1۔دی 2۔بغیر ظاہری آنکھ سے دیکھے
رکھتے ہیں (49) اور یہ مبارک نصیحت ہے، جسے ہم نے نازل فرمایا ہے تو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو؟ (50)	باعث برکت
اور ہم نے ابراہیمؑ کو پہلے ہی سے ہدایت دی تھی اور ہم ان (کے حال) سے واقف تھے (51) جب انہوں نے	
اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ یہ کیا مورتیں ہیں، جن (کی پرستش) پر تم معتکف (وقائم) ہو؟ (52)	1۔صورت، بُت 2۔پوجا پاٹ 3۔اعتکاف بیٹھنے والا
وہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی پرستش کرتے دیکھا ہے (53) (ابراہیمؑ نے) کہا کہ تم بھی (گمراہ	
ہو) اور تمہارے باپ دادا بھی صریح گمراہی میں پڑے رہے (54) وہ بولے کیا تم ہمارے پاس (واقعی) حق	1۔صاف، سیدھی سیدھی 2۔سچائی
لائے ہو یا (ہم سے) کھیل (کی باتیں) کرتے ہو؟ (55) (ابراہیمؑ نے) کہا (نہیں) بلکہ تمہارا پروردگار	
آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے۔ جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور میں اس (بات) کا گواہ (اور اسی کا قائل)	مان جانا، یقین کر لینا
ہوں (56) اور خدا کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے بتوں سے ایک چال چلوں گا (57)	واپس

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْۢبِيَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿58﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿59﴾
قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿60﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿61﴾ قَالُوْٓا
ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿62﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْئَلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿63﴾
فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿64﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ
يَنْطِقُوْنَ ﴿65﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿66﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ
دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿68﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿70﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا
لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿72﴾

پھر ان کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا مگر ایک بڑے (بُت) کو (نہ توڑا) تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں (58)
کہنے لگے کہ ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ معاملہ کس نے کیا؟ وہ تو کوئی ظالم ہے (59) لوگوں نے کہا کہ ہم
نے ایک جوان کو ان کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے، اس کو ابراہیمؑ کہتے ہیں (60) وہ بولے کہ اسے لوگوں کے
سامنے لاؤ تاکہ وہ گواہ رہیں (61) (جب ابراہیمؑ آئے تو بُت پرستوں نے) کہا کہ ابراہیم! بھلا یہ کام
ہمارے معبودوں کے ساتھ تم نے کیا ہے؟ (62) (ابراہیمؑ نے) کہا (نہیں) بلکہ یہ ان کے اس بڑے (بُت)
نے کیا (ہوگا) اگر یہ بولتے ہوں تو ان سے پوچھ لو (63) انہوں نے اپنے دل میں غور کیا تو آپس میں کہنے
لگے۔ بیشک تم ہی بے انصاف ہو (64) پھر (شرمندہ ہوکر) سر نیچا کرلیا (اس پر بھی ابراہیمؑ سے کہنے لگے کہ)
تم جانتے ہو یہ بولتے نہیں (65) (ابراہیمؑ نے) کہا کہ پھر تم خدا کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کو کیوں پُوجتے ہو جو
تمہیں نہ کچھ فائدہ دے سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں؟ (66) تف ہے تم پر اور جن کو تم خدا کے سوا پُوجتے ہو، ان
پر بھی۔ کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ (67) (تب وہ) کہنے لگے کہ اگر تمہیں (اس سے اپنے معبودوں کا انتقام لینا اور)
کچھ کرنا ہے تو اس کو جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو (68) ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیمؑ پر
(موجب) سلامتی (بن جا) (69) ان لوگوں نے بُرا تو ان کا چاہا تھا مگر ہم نے انہی کو نقصان میں ڈال دیا
(70) اور ابراہیمؑ اور لوطؑ کو اس سرزمین کی طرف بچا نکالا، جس میں ہم نے اہل عالم کے لئے برکت رکھی
ہے (71) اور ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاقؑ عطا کئے اور مستزاد برآں یعقوبؑ اور سب کو نیک کیا (72)

1۔چھوٹے چھوٹے ٹکڑے 2۔رابطہ کریں، توجہ کریں

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔جھگڑا وغیرہ

1۔بتوں کی پوجا کرنے والے 2۔کیا

جھکا لیا

پرستش کرتے ہو

1۔لعنت، ملامت 2۔علاوہ

بدلا

ٹھنڈی

باعث

1۔جگہ 2۔دُنیا والوں

بعد میں مزید

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا
عٰبِدِيْنَ ﴿73﴾ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ
سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿74﴾ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿75﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ
وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿76﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿77﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ
شٰهِدِيْنَ ﴿78﴾ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا
فٰعِلِيْنَ ﴿79﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿80﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ
عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿81﴾

اوران کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے اور ان کو نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا
حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کیا کرتے تھے (73) اور لوطؑ (کو یاد کرو کہ) جب ان کو ہم نے حکم
(یعنی نبوت) اور علم بخشا اور اس بستی سے جہاں کے لوگ گندے کام کیا کرتے تھے، بچا نکالا۔ بیشک وہ بُرے
اور بدکردار لوگ تھے (74) اور انہیں اپنی رحمت کے (سائے) میں داخل کیا۔ کچھ شک نہیں کہ وہ نیک کرداروں
میں تھے (75) اور نوحؑ (کو یاد کرو) جب (اس سے) پیشتر انہوں نے ہم کو پکارا تو ہم نے ان کی دعا
قبول فرمائی اور ان کو اور ان کے ساتھیوں کو بڑی گھبراہٹ سے نجات دی (76) اور جو لوگ ہماری آیتوں کی
تکذیب کرتے تھے ان پر نصرت بخشی وہ بیشک بُرے لوگ تھے سو ہم نے ان سب کو غرق کر دیا (77) اور
داؤدؑ اور سلیمانؑ (کا کچھ حال بھی سن لو کہ) جب وہ ایک کھیتی کا مقدمہ فیصل کرنے لگے، جس میں کچھ لوگوں
کی بکریاں رات کو چر گئیں تھیں اور ہم ان کے فیصلے کے وقت موجود تھے (78) تو ہم نے فیصلہ (کرنے کا
طریق) سلیمانؑ کو سمجھا دیا اور ہم نے دونوں کو حکم (یعنی نبوت) اور علم بخشا تھا اور ہم نے پہاڑوں کو داؤدؑ کے
لئے مسخر کر دیا تھا کہ ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور جانوروں کو بھی (مسخر کر دیا تھا) اور ہم ہی ایسا کرنے
والے تھے (79) اور ہم نے تمہارے لئے ان کو ایک (طرح کا) لباس بنانا بھی سکھا دیا، تاکہ تم کو لڑائی کے ضرر
سے بچائے۔ پس تم کو شکرگزار ہونا چاہئے (80) اور ہم نے تیز ہوا سلیمانؑ کے تابع (فرمان) کر دی تھی، جو ان
کے حکم سے اس ملک میں چلتی تھی، جس میں ہم نے برکت دی تھی اور ہم ہر چیز سے خبردار ہیں (81)

- امام، راہنما، رہبر
- اللہ کا حکم ماننا
- آبادی
- پہلے
- رہائی
- 1۔انکاری، جھٹلانا 2۔فتح 3۔ڈبو دیا
- 1۔فصل والی زمین 2۔فیصلہ
- فصل کو کھا گئی تھیں
- طریقہ
- 1۔فتح کر دینا، زیر کر دینا 2۔ذکر
- نقصان
- زیرفرمان، حکم کے نیچے
- باخبر ہونا

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْۢبِيَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَنْۢبِيَآءِ

وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿82﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىْ
مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿83﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ
رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿84﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿85﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ
فِىْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿86﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى
الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿87﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ
وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾ وَزَكَرِيَّاۤ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿89﴾ فَاسْتَجَبْنَا
لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ
وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿90﴾

اور دیووں (کی ایک جماعت کو بھی ان کے تابع کر دیا تھا کہ ان) میں سے بعض ان کے لئے غوطے مارتے تھے
اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے اور ہم ان کے نگہبان تھے (82) اور ایوبؑ (کو یاد کرو) جب انہوں
نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تُو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے (83) تو ہم
نے ان کی دعا قبول کر لی اور جو ان کو تکلیف تھی وہ دُور کر دی اور ان کو بال بچے عطا فرمائے اور اپنی مہربانی
سے ان کے ساتھ اتنے ہی اور (بخشے) اور عبادت کرنے والوں کے لئے یہ نصیحت ہے (84) اور اسمٰعیلؑ
اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ کو (بھی یاد کرو) یہ سب صبر کرنے والے تھے (85) اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں
داخل کیا بلاشبہ وہ نیکوکار تھے (86) اور ذوالنونؑ کو (یاد کرو) جب وہ غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال
کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پا سکیں گے۔ آخر اندھیرے میں (خدا کو) پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں
تُو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں (87) تو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کو غم سے نجات
بخشی اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں (88) اور زکریاؑ (کو یاد کرو) جب انہوں نے
اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تُو سب سے بہتر وارث ہے (89) تو ہم نے ان کی
پکار سن لی اور ان کو یحییٰؑ بخشے اور ان کی بیوی کو ان کے (بیٹے کی پیدائش کے) قابل بنا دیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر
نیکیاں کرتے اور ہمیں اُمید اور خوف سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے (90)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ایک مخلوق 2۔حکم کے نیچے 3۔کہیں ڈوب کر پھر نکل آنا
- 1۔علاوہ 2۔نگران
- تکلیف
- 1۔ختم کردی 2۔بیوی بچے
- اللہ کا حکم ماننا
- بے شک
- 1۔پکڑنا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔غلطی کرنا 2۔رہائی
- مالک
- دوڑ دوڑ کر
- غرور کا اُلٹ

حوالہ جات

- مریم: 9,8

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ	حوالہ جات
	وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿91﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً	
	وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿92﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿93﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ	
	الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿94﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا	
	يَرْجِعُوْنَ ﴿95﴾ حَتّٰٓي اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿96﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ	
	فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿97﴾ اِنَّكُمْ وَمَا	
	تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿98﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا	
	خٰلِدُوْنَ ﴿99﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰۗىِٕكَ عَنْهَا	
	مُبْعَدُوْنَ ﴿101﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿102﴾	
1۔عصمت، پارسائی 2۔سنبھالے رکھا	اوران (مریمؑ) کو(یادکرو) جنہوں نے اپنی عفت کو محفوظ رکھا تو ہم نے ان میں اپنی روح پُھونک دی	
تمام دنیا کے رہنے والے	اوران کواوران کے بیٹے کو اہل عالم کے لئے نشانی بنادیا (91) یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں	
1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔بٹ گئے، الگ الگ ہوگئے	تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو (92) اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہو گئے	
توجہ، جھکاؤ	(مگر) سب ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں (93) جو نیک کام کرے گا اورمومن بھی ہوگا تو اس کی	
1۔ضائع 2۔تمام نیکیاں، بدیاں 3۔آبادی	کوشش رائیگاں نہ جائے گی اورہم اس کے لئے (مکمل احوال) لکھ رہے ہیں (94) اور جس بستی (والوں) کو ہم	
1۔مشکل 2۔توجہ کرنا، واپس ہونا 3۔مخلوق کا نام	نے ہلاک کردیا، محال ہے کہ (رجوع کریں) وہ رجوع نہیں کریں گے (95) یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج	
	کھول دیئے جائیں اور وہ ہر بلندی سے دوڑ رہے ہوں (96) اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب آ جائے تو	
1۔اچانک 2۔افسوس کا کلمہ 3۔سزا	ناگہاں کافروں کی آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ جائیں (اور کہنے لگیں کہ) ہائے شامت ہم اس (حال) سے	
1۔لاپرواہی 2۔اپنے لئے یا اپنی خاطر 3۔علاوہ	غفلت میں رہے، بلکہ ہم (اپنے حق میں) ظالم تھے (97) (کافرو اس روز) تم اور جن کی تم خدا کے سوا	
1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔جلانے کا سامان	عبادت کرتے ہو، دوزخ کا ایندھن ہوں گے (اور) تم (سب) اس میں داخل ہو کر رہو گے (98) اگر یہ	
1۔اصل میں 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے	لوگ (درحقیقت) معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے اور سب اس میں ہمیشہ رہیں گے (99) وہاں ان کو	
زورزور سے رونا	چِلّانا ہوگا اور اس میں (چیخنے چلانے کے سوا کچھ) نہ سن سکیں گے (100) جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے	فرقان: 12، ملک: 7
فائدہ	پہلے بھلائی مقرر ہوچکی ہے، وہ اس سے دُور رکھے جائیں گے (101) (یہاں تک کہ) اس کی آواز بھی تو نہیں	
1۔دل کرے گا 2۔موجود	سنیں گے۔ اور جو کچھ ان کا جی چاہے گا اس میں (حاضر ہوگا اور وہ) ہمیشہ رہیں گے (102)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ ، سُوْرَةُ الْحَجِّ	مشکل الفاظ کے معانی

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِىْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿103﴾ يَوْمَ نَطْوِى السَّمَآءَ
كَطَىِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿104﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِى
الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِىَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿105﴾ اِنَّ فِىْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿106﴾ وَمَآ
اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿107﴾ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿108﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا
فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِىْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿109﴾ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا
تَكْتُمُوْنَ ﴿110﴾ وَاِنْ اَدْرِىْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿111﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ
الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿112﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَىْءٌ عَظِيْمٌ ﴿1﴾

ان کو (اس دن کا) بڑا بھاری خوف غمگین نہیں کرے گا اور فرشتے ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہی وہ دن
ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا (103) جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے، جیسے خطوط کا طومار
لپیٹ لیتے ہیں، جس طرح ہم نے اوّلاً پیدائش کی تھی اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے۔ (یہ) وعدہ (جس کا پورا
کرنا لازم) ہے۔ ہم (ایسا) ضرور کرنے والے ہیں (104) اور ہم نے نصیحت (کی ایک آسمانی کتاب) کے
بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے (105) عبادت کرنے والے لوگوں
کے لئے اس میں (خدا کے حکموں کی) تبلیغ ہے (106) اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو تمام جہان کے لئے رحمت
(بنا کر) بھیجا ہے (107) کہہ دو کہ مجھ پر (خدا کی طرف سے) یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا معبود خدائے واحد
ہے تو تم کو چاہیئے کہ فرمانبردار ہو جاؤ (108) اگر یہ لوگ منہ پھیریں تو کہہ دو کہ میں نے تم سب کو یکساں
(احکامِ الٰہی) سے آگاہ کر دیا ہے اور مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ (عن) قریب
ہے یا (اس کا وقت) دُور ہے (109) جو بات پکار کر کی جائے وہ اسے بھی جانتا ہے اور جو تم پوشیدہ کرتے
ہو اس سے بھی واقف ہے (110) اور میں نہیں جانتا شائد وہ تمہارے لئے آزمائش ہو اور ایک مدت تک (تم اس
سے) فائدہ (اٹھاتے رہو) (111) (پیغمبرؐ) نے کہا کہ اے میرے پروردگار حق کے ساتھ فیصلہ کر دے اور
ہمارا پروردگار بڑا مہربان ہے۔ اسی سے ان باتوں میں جو تم بیان کرتے ہو مدد مانگی جاتی ہے (112)

ترجمہ سورت حج

لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو کہ قیامت کا زلزلہ ایک حادثۂ عظیم ہوگا (1)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔وزنی 2۔غمزدہ 3۔بہت عزت کرنا
- کاغذوں کا مُٹھا
- شروع میں
- ضروری
- 1۔مالک 2۔اللہ کا حکم ماننا
- 1۔اللہ کا حکم پہنچانا 2۔دُنیا، عالم
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔اکیلا
- 1۔حکم ماننے والا یا والے 2۔انکار کریں 3۔برابر
- ساتھ، پاس
- 1۔بلند آواز سے 2۔چھپ کر
- عرصہ، وقت
- بہت بڑا واقعہ

حوالہ جات

- ص: 87، 88
- نمل: 82

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجّ	حوالہ جات

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا
هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰـكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ② وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ
مَّرِيْدٍ ③ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ
رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ
لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا اَشُدَّكُمْ ۚ
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً
فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ⑤ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ
يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑥

(اے مخاطب) جس دن تُو اس کو دیکھے گا (اس دن یہ حال ہوگا کہ) تمام دودھ پلانے والی عورتیں اپنے
بچوں کو بُھول جائیں گی۔ اور تمام حمل والیوں کے حمل گر پڑیں گے اور لوگ تجھ کو متوالے نظر آئیں گے مگر وہ
متوالے نہیں ہوں گے۔ بلکہ (عذاب دیکھ کر) مدہوش ہو رہے ہوں گے بیشک خدا کا عذاب بڑا سخت ہے (2)
اور بعض لوگ ایسے ہیں جو خدا (کے دین) میں علم (و دانش) کے بغیر جھگڑتے اور ہر شیطان سرکش کی
پیروی کرتے ہیں (3) جس کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو اسے دوست رکھے گا تو وہ اسے گمراہ کر
دے گا اور دوزخ کے عذاب کا رستہ دکھائے گا (4) لوگو! اگر تم کو مرنے کے بعد جی اٹھنے میں کچھ شک ہو تو ہم
نے تم کو (پہلی بار بھی تو) پیدا کیا تھا (یعنی ابتداء میں) مٹی سے پھر اس سے نطفہ بنا کر پھر اس سے خون کا لوتھڑا
بنا کر پھر اس سے بوٹی بنا کر جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی تاکہ تم پر (اپنی خالقیت) ظاہر کر
دیں اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک میعاد مقرر تک پیٹ میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر تم کو بچہ بنا کر نکالتے ہیں پھر
تم جوانی کو پہنچتے ہو اور بعض (قبل از پیری) مر جاتے ہیں اور بعض (بڑھاپے کی) نہایت خراب عمر کی طرف
لوٹائے جاتے ہیں کہ بہت کچھ جاننے کے بعد بالکل بے علم ہو جاتے ہیں۔ اور (اے دیکھنے والے!) تُو دیکھتا
ہے (کہ ایک وقت میں) زمین خشک (پڑی ہوتی ہے) پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہ شاداب ہو
جاتی اور اُبھرنے لگتی ہے اور طرح طرح کی بارونق چیزیں اُگاتی ہے (5) ان قدرتوں سے ظاہر ہے کہ خدا ہی
(قادرِ مُطلق ہے، جو) برحق ہے اور یہ کہ وہ مُردوں کو زندہ کر دیتا ہے اور یہ کہ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (6)

مشکل الفاظ کے معانی:

- جس سے بات کی جائے مُراد قاری یا قرآن سننے والا
- مدہوش، دیوانے
- ہوش چلے جانا
- 1۔عقل 2۔بحث و تکرار کرنا 3۔باغی، مشرک
- 1۔پیچھے چلنا 2۔اصل راستے سے ہٹ جانا
- زندہ ہونے
- شروع میں
- 1۔مکمل، مضبوط 2۔غیر مکمل، کمزور 3۔پیدائش کی طاقت رکھنا
- عرصہ
- 1۔کچھ 2۔بڑھاپے سے پہلے 3۔بہت زیادہ
- 1۔بارش 2۔ہری بھری
- 1۔پھولنے لگتی ہے 2۔خوبصورت 3۔شانِ الٰہی
- 1۔پوری پوری قدرت رکھنے والا 2۔سچائی والا 3۔طاقت

حوالہ جات: عبس: 37

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْحَجِّ	مشکل الفاظ کے معانی

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّارَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ⑦ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ
عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ⑧ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ⑨ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ⑩ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ
اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ۣ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ
ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑪ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑫
يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ⑬ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ⑭ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَاۗءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ⑮

اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے، اس میں کچھ شک نہیں اور یہ کہ خدا سب لوگوں کو جو قبروں میں ہیں، جلا اٹھائے گا
(7) اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے، جو خدا (کے دین) میں بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے
(8) (اور باطل کی سند دے کر تکبر سے) گردن موڑ لیتا (ہے) تاکہ (بے سمجھے لوگوں کو) خدا کے رستے سے
گمراہ کر دے اس کے لئے دنیا میں ذِلّت ہے اور قیامت کے دن ہم اسے عذابِ سوزاں کا مزا چکھائیں
گے (9) (اے سرکش) یہ اس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا اور خدا اپنے بندوں
پر ظلم کرنے والا نہیں (10) اور لوگوں میں بعض ایسا بھی ہے، جو کنارے پر (کھڑا ہو کر) خدا کی عبادت
کرتا ہے۔ اگر اس کو کوئی (دنیاوی) فائدہ پہنچے تو اس کے سبب مطمئن ہو جائے اور اگر کوئی آفت پڑے تو
منہ کے بل لوٹ جائے (یعنی پھر کافر ہو جائے) اس نے دنیا میں بھی نقصان اٹھایا اور آخرت میں بھی، یہی تو
نقصان صریح ہے (11) یہ خدا کے سوا ایسی چیز کو پکارتا ہے جو نہ اسے نقصان پہنچائے اور نہ فائدہ دے سکے۔
یہی تو پرلے درجے کی گمراہی ہے (12) (بلکہ) ایسے شخص کو پکارتا ہے، جس کا نقصان فائدے سے زیادہ قریب
ہے۔ ایسا دوست بھی بُرا اور ایسا ہم صحبت بھی بُرا (13) جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے، خدا ان کو
بہشتوں میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے (14) جو شخص
یہ گُمان کرتا ہے کہ خدا اس کو دنیا اور آخرت میں مدد نہیں دے گا تو اس کو چاہیئے کہ (کہیں) اوپر کی طرف ایک رَسّی
باندھے پھر (اس سے اپنا) گلا گھونٹ لے پھر دیکھے کہ آیا یہ تدبیر اس کے غصے کو دُور کر دیتی ہے (15)

حوالہ جات:
- جاثیہ:7تا9
- لقمان:6

مشکل الفاظ کے معانی:
- زندہ کرنا
- 1۔دلیل 2۔غرور 3۔انکار کرتا ہے
- 1۔رسوائی 2۔جلن، درد
- باغی، مشرک
- 1۔کوئی، چند، کچھ 2۔اللہ کا حکم ماننا
- 1۔کی وجہ سے 2۔تسلی ہونا 3۔مصیبت
- اُلٹا پھر جائے
- 1۔صاف 2۔علاوہ
- انتہائی، آخری حد کی
- ساتھ بیٹھنے والا، ساتھی
- 1۔خیال، وہم 2۔کسی جگہ
- سوچ، حکمتِ عملی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْحَجِّ	مشکل الفاظ کے معانی

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍ ۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ⑯ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئِيْنَ وَالنَّصٰرٰى

وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ⑰ اَلَمْ تَرَ اَنَّ

اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ

وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ⑱ السجدة

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ

الْحَمِيْمُ ⑲ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ⑳ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ㉑ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا

مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۤ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ㉒ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ㉓

اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو اُتارا ہے (جس کی تمام) باتیں کھلی ہوئی (ہیں) اور یہ (یاد رکھو) کہ جس کو

خدا چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے (16) جو لوگ مومن ہیں اور جو یہودی ہیں اور ستارہ پرست اور عیسائی اور مجوسی

اور مشرک خدا ان (سب) میں قیامت کے دن فیصلہ کر دے گا۔ بیشک خدا ہر چیز سے باخبر ہے (17) کیا تم

نے نہیں دیکھا کہ جو (مخلوق) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ

اور درخت اور چارپائے اور بہت سے انسان خدا کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب

ثابت ہو چکا ہے اور جس شخص کو خدا ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں۔ بیشک خدا جو چاہتا ہے کرتا

ہے (18) یہ دو (فریق) ایک دوسرے کے دشمن اپنے پروردگار (کے بارے) میں جھگڑتے ہیں تو جو کافر

ہیں ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے جائیں گے۔ (اور) ان کے سروں پر جلتا ہوا پانی ڈالا جائے گا

(19) اس سے ان کے پیٹ میں اندر کی چیزیں اور کھالیں گل جائیں گی (20) اور ان (کے مارنے) کے

لئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے (21) جب وہ چاہیں گے کہ اس رنج (کی وجہ) سے دوزخ سے نکل جائیں

تو پھر اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور (کہا جائے گا کہ) جلنے کے عذاب کا مزا چکھتے رہو (22) جو لوگ

ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے، خدا ان کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں وہاں

ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا (23)

حوالہ جات: عمران:81،82 ہود:17

مشکل الفاظ کے معانی:
- باخبر: خبر رکھنے والا
- ذلیل: رُسوا
- فریق: پارٹی
- قطع: تراشنا، کاٹنا
- کھالیں: جلدیں
- رنج: دُکھ، تکلیف
- لوٹا دیئے جائیں گے: واپس کر دینا
- تلے: نیچے
- کنگن: کلائی کا ایک زیور

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿24﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِىْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ اِۨلْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ
مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿25﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِىْ شَيْئًا وَّطَهِّرْ بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ
وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿26﴾ وَاَذِّنْ فِى النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ
فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿27﴾ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِىْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ
الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿28﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ
الْعَتِيْقِ ﴿29﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى
عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿30﴾

اوران کو پاکیزہ کلام کی ہدایت کی گئی اور (خدائے) حمید کی راہ بتائی گئی (24) جولوگ کافر ہیں اور (لوگوں کو) خدا
کے رستے سے اور مسجد محترم سے، جسے ہم نے لوگوں کے لئے یکساں (عبادت گاہ) بنایا ہے، روکتے ہیں۔ خواہ وہ
وہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے اور جو اس میں شرارت سے کجروی (وکفر) کرنا چاہے اس کو ہم
درد دینے والے عذاب کا مزا چکھائیں گے (25) اور (ایک وقت تھا) جب ہم نے ابراہیمؑ کے لئے خانہ کعبہ کو
مقام مقرر کیا (اور ارشاد فرمایا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کیجیو اور طواف کرنے والوں اور قیام کرنے
والوں اور رکوع کرنے والوں (اور) سجدہ کرنے والوں کے لئے میرے گھر کو صاف رکھا کرو (26) اور لوگوں میں
حج کے لئے ندا کر دو کہ تمہاری طرف پیدل اور دُبلے دُبلے اونٹوں پر جو دُور (دراز) رستوں سے چلے آتے ہوں،
(سوار ہوکر) چلے آئیں (27) تاکہ اپنے فائدے کے کاموں کے لئے حاضر ہوں۔ اور (قربانی کے) ایام معلوم
میں چہار پایاں مویشی (کے ذبح کے وقت) جو خدا نے ان کو دیئے ہیں، ان پر خدا کا نام لیں۔ اس میں سے تم بھی
کھاؤ اور فقیر درماندہ کو بھی کھلاؤ (28) پھر چاہیئے کہ لوگ اپنا میل کچیل دُور کریں اور نذریں پوری کریں اور
خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) کا طواف کریں (29) یہ (ہمارا حکم ہے) اور جو شخص ادب کی چیزوں کی جو خدا نے مقرر
کی ہیں عظمت رکھے تو یہ پروردگار کے نزدیک اس کے حق میں بہتر ہے۔ اور تمہارے لئے مویشی حلال کر دیئے گئے
ہیں سوا ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں۔ تو بتوں کی پلیدی سے بچو اور جھوٹی بات سے اجتناب کرو (30)

مشکل الفاظ کے معانی:

- تعریف کیا گیا
- 1۔احترام والی مسجد، خانہ کعبہ 2۔برابر، ایک جیسا 3۔بھلے، چاہے، بیشک
- ٹیڑھی چال چلنا
- 1۔طے کر دیا 2۔کرنا 3۔حج اور عمرے کا ایک رُکن
- 1۔آواز لگا دو 2۔پتلے پتلے 3۔بہت فاصلے پر
- ایک سے زیادہ دن
- پالتو چار پائے
- معیشت زدہ بھکاری
- 1۔پرانا گھر 2۔اللہ کا گھر
- 1۔عزت، بڑائی 2۔کے لئے
- 1۔علاوہ 2۔ناپاکی 3۔بچو

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِىْ بِهِ الرِّيْحُ
فِىْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿31﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿32﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ
مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿33﴾ ع وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ
مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿34﴾ لا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ
وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿35﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ
اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ
وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿36﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى
مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿37﴾

صرف ایک خدا کے ہو کر اور اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا کر اور جو شخص (کسی کو) خدا کے ساتھ شریک مقرر کرے
تو وہ گویا ایسا ہے جیسے آسمان سے گر پڑے پھر اس کو پرندے اُچک لے جائیں یا ہوا کسی دُور جگہ اُڑا کر پھینک
دے (31) یہ (ہمارا حکم ہے) اور جو شخص ادب کی چیزوں کی جو خدا نے مقرر کی ہیں عظمت[1] رکھے تو یہ (فعل[2])
دلوں کی پرہیزگاری میں سے ہے (32) ان میں ایک وقت مقرر تک تمہارے لئے فائدے ہیں۔ پھر ان کو
خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) تک پہنچنا (اور ذبح ہونا) ہے (33) اور ہم نے ہر ایک اُمت کے لئے قربانی کا
طریق مقرر کر دیا ہے تاکہ جو مویشی چارپائے خدا نے ان کو دیئے ہیں (ان کے ذبح کرنے کے وقت) ان پر
خدا کا نام لیں۔ سو تمہارا معبود[1] ایک ہی ہے تو اسی کے فرمانبردار[2] ہو جاؤ اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو
(34) یہ وہ لوگ ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور (جب) ان پر مصیبت پڑتی
ہے تو صبر کرتے ہیں اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے (نیک
کاموں میں) خرچ کرتے ہیں (35) اور قربانی کے اونٹوں کو بھی ہم نے تمہارے لئے شعائرِ خدا مقرر کیا ہے ان
میں تمہارے لئے فائدے ہیں تو (قربانی کرنے کے وقت) قطار باندھ کر ان پر خدا کا نام لو۔ جب پہلو کے بل
گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ اور قناعت سے بیٹھ رہنے والوں اور سوال کرنے والوں کو بھی کھلاؤ۔ اس طرح ہم
نے ان کو تمہارے زیرِ فرمان کر دیا ہے، تاکہ تم شکر کرو (36) خدا تک نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ خون، بلکہ اس
تک تمہاری پرہیزگاری[1] پہنچتی ہے۔ اسی طرح خدا نے ان کو تمہارا مسخر[2] کر دیا ہے تاکہ اس بات کے بدلے کہ اس
نے تم کو ہدایت بخشی ہے، اسے بزرگی سے یاد کرو اور (اے پیغمبرؑ) نیکو کاروں کو خوشخبری سنا دو (37)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اٹھالے جائیں
- 1۔عزت، بڑائی 2۔عمل
- پرانا گھر
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔حکم ماننا
- دیا ہے
- خدا کے لئے قربانیاں
- آگے یا بازو کی طرف
- جو مل جائے راضی ہو جانا
- حکم کے نیچے
- 1۔نیک اعمال 2۔فتح کیا گیا
- بڑائی، احسن انداز

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿38﴾ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى
نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿39﴾ ۨالَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ
لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ
عَزِيْزٌ ﴿40﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ
الْاُمُوْرِ ﴿41﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿42﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿43﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ
وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿44﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ
خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿45﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ
يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿46﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
خدا تو مومنوں سے ان کے دشمنوں کو ہٹاتا رہتا ہے۔ بیشک خدا کسی خیانت کرنے والے اور کفرانِ نعمت کرنے	نعمتوں کا منکر ہونا
والے کو دوست نہیں رکھتا (38) جن مسلمانوں سے (خواہ مخواہ) لڑائی کی جاتی ہے، ان کو اجازت ہے (کہ وہ بھی	زبردستی
لڑیں) کیونکہ ان پر ظلم ہو رہا ہے اور خدا (ان کی مدد کرے گا وہ) یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے (39) یہ وہ لوگ ہیں کہ	طاقت والا، مختار ہونا
اپنے گھروں سے ناحق نکال دیئے گئے (انہوں نے کچھ قصور نہیں کیا) ہاں یہ کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار خدا ہے	1۔بے انصافی سے 2۔غلطی
اور اگر خدا لوگوں کو ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو (راہبوں کے) صومعے اور (دیگر) عبادت خانے اور	1۔عیسائیوں 2۔گرجے
(مسلمانوں کی) مسجدیں جن میں خدا کا بہت ساذکر کیا جاتا ہے، ویران ہو چکی ہوتیں اور جو شخص خدا کی مدد کرتا ہے،	بے آباد، سنسان
(تو خدا اس کی ضرور مدد کرتا ہے۔) بیشک خدا توانا اور غالب ہے (40) یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں	1۔طاقت والا 2۔فاتح
دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور بُرے کاموں سے منع کریں اور سب	پہنچ، رسائی، حکومت
کاموں کا انجام خدا ہی کے اختیار میں ہے (41) اور اگر یہ لوگ تم کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے نوحؑ کی قوم اور	1۔آخر 2۔نہیں مانتے
عاد اور ثمود بھی (اپنے پیغمبروںؑ کو) جھٹلا چکے ہیں (42) اور قوم ابراہیمؑ اور قوم لوطؑ بھی (43) اور مدین کے	
رہنے والے بھی اور موسیٰؑ بھی تو جھٹلائے جا چکے ہیں۔ لیکن میں کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر ان کو پکڑ لیا تو (دیکھ لو	مزید وقت
کہ) میرا عذاب کیسا (سخت) تھا (44) اور بہت سی بستیاں ہیں کہ ہم نے ان کو تباہ کر ڈالا کہ وہ نافرمان تھیں سو وہ	1۔آبادیاں 2۔برباد، ختم
اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور (بہت سے) کنوئیں بیکار اور (بہت سے) محل ویران (پڑے ہیں) (45) کیا ان	1۔اُلٹی ہوئی پڑی ہیں 2۔فضول، ناکارہ
لوگوں نے ملک میں سیر نہیں کی تاکہ ان کے دل (ایسے) ہوتے کہ ان سے سمجھ سکتے اور کان (ایسے) ہوتے کہ ان	
سے سن سکتے۔ بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں، بلکہ دل جو سینوں میں ہیں (وہ) اندھے ہوتے ہیں (46)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿47﴾ وَكَاَيِّنْ
مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿48﴾ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿49﴾
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿50﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿51﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ
فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿52﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً
لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿53﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿54﴾ وَلَا
يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿55﴾

اور (یہ لوگ) تم سے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں اور خدا اپنا وعدہ ہرگز خلاف نہیں کرے گا اور بیشک
تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک روز تمہارے حساب کے رُو سے ہزار برس کے برابر ہے (47) اور بہت سی
بستیاں ہیں کہ میں ان کو مہلت دیتا رہا اور وہ نافرمان تھیں۔ پھر میں نے ان کو پکڑ لیا اور میری ہی طرف لوٹ کر
آنا ہے (48) (اے پیغمبرؐ) کہہ دو کہ لوگو! میں تم کو کُھلم کُھلا نصیحت کرنے والا ہوں (49) تو جو لوگ ایمان
لائے اور کام نیک کئے۔ ان کے لئے بخشش اور آبرو کی روزی ہے (50) اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں
(اپنے زعم باطل سے) ہمیں عاجز کرنے کے لئے سعی کی، وہ اہل دوزخ ہیں (51) اور ہم نے تم سے پہلے
کوئی رسولؑ اور نبیؑ نہیں بھیجا مگر (اس کا یہ حال تھا کہ) جب وہ کوئی آرزو کرتا تھا تو شیطان اس کی آرزو میں
(وسوسہ) ڈال دیتا تھا تو جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے خدا اس کو دُور کر دیتا ہے پھر خدا اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتا
ہے۔ اور خدا علم والا اور حکمت والا ہے (52) غرض (اس سے) یہ ہے کہ جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے اس کو
ان لوگوں کے لئے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں ذریعہ آزمائش ٹھہرائے۔ بیشک ظالم پرلے درجے کی
مخالفت میں ہیں (53) اور یہ بھی غرض ہے کہ جن لوگوں کو علم عطا ہوا ہے وہ جان لیں کہ وہ (یعنی وحی) تمہارے
پروردگار کی طرف سے حق ہے تو وہ اس پر ایمان لائیں اور ان کے دل خدا کے آگے عاجزی کریں اور جو لوگ
ایمان لائے ہیں خدا ان کو سیدھے رستے کی طرف ہدایت کرتا ہے (54) اور کافر لوگ ہمیشہ اس سے شک میں
رہیں گے، یہاں تک کہ قیامت ان پر ناگہاں آ جائے یا ایک نامبارک دن کا عذاب ان پر آ واقع ہو (55)

مشکل الفاظ کے معانی

- کسی بھی صورت
- 1۔لحاظ سے 2۔سال
- 1۔آبادیاں 2۔مزید وقت 3۔واپس
- اعلانیہ طور پر
- 1۔عزت 2۔رزق، کاروبارِ زندگی
- 1۔جھوٹے غرور سے، خیال سے 2۔ہرانا، نیچا دکھانا 3۔کوشش
- التجا، شدید خواہش
- وہم، شُبہ
- 1۔دانائی، طاقت، صلاحیت 2۔مقصد
- 1۔آزمائش کا سبب 2۔آخری حد کی
- دیا گیا ہے
- غرور کا متضاد
- 1۔اچانک 2۔ناخوش 3۔موجود

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (56) وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (57) وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ
اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (58) لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ (59)
ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِىَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ (60) ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ
يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ (61) ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ (62) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۫ فَتُصْبِحُ
الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ (63) لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِىُّ
الْحَمِيْدُ (64)

اس روز بادشاہی خدا ہی کی ہوگی (اور) وہ ان میں فیصلہ کردے گا تو جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک
کرتے رہے، وہ نعمت کے باغوں میں ہوں گے (56) اور جو کافر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے
رہے ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا (57) اور جن لوگوں نے خدا کی راہ میں ہجرت کی پھر
مارے گئے۔ یا مرگئے ان کو خدا اچھی روزی دے گا اور بیشک خدا سب سے بہتر رزق دینے والا ہے (58)
وہ ان کو ایسے مقام میں داخل کرے گا، جسے وہ پسند کریں گے اور خدا تو جاننے والا (اور) بردبار ہے (59)
یہ (بات خدا کے ہاں ٹھہر چکی ہے) اور جو شخص (کسی کو) اتنی ہی ایذا دے جتنی ایذا اس کو دی گئی پھر اس
شخص پر زیادتی کی جائے تو خدا اس کی مدد کرے گا۔ بیشک خدا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے (60)
یہ اس لئے کہ خدا رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور خدا تو سننے والا اور
دیکھنے والا ہے (61) یہ اس لئے کہ خدا ہی برحق ہے اور جس چیز کو (کافر) خدا کے سوا پکارتے ہیں، وہ
باطل ہے اور اس لئے کہ خدا رفیع الشان اور بڑا ہے (62) کیا تم نہیں دیکھتے کہ خدا آسمان سے مینہ
برساتا ہے تو زمین سرسبز ہو جاتی ہے؟ بیشک خدا باریک بین اور خبردار ہے (63) جو کچھ آسمانوں میں
ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اسی کا ہے اور بیشک خدا بے نیاز اور قابل ستائش ہے (64)

1۔رسوا، بے عزت 2۔وطن چھوڑنا

رزق، کاروبارِ زندگی

1۔جگہ 2۔حوصلے والا، برداشت والا

1۔فیصلہ ہوچکا 2۔تکلیف

ظلم، بے انصافی، شرک

1۔سچائی 2۔علاوہ

1۔جھوٹ 2۔بڑی شان والا 3۔بارش

1۔دیکھنے والا 2۔خبر رکھنے والا

1۔بے پرواہ 2۔تعریف کے قابل

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى
الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿65﴾ وَهُوَ الَّذِىْۤ اَحْيَاكُمْ ۙ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ
الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿66﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ
لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿67﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿68﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿69﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِىْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿70﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
نَّصِيْرٍ ﴿71﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِىْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ
يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿72﴾

کیا تم نہیں دیکھتے کہ جتنی چیزیں زمین میں ہیں (سب) خدا نے تمہارے زیرفرمان کر رکھی ہیں؟ اور کشتیاں
(بھی) اسی کے حکم سے دریا میں چلتی ہیں۔ اور وہ آسمان کو تھامے رہتا ہے کہ زمین پر (نہ) گر پڑے۔ مگر اس
کے حکم سے۔ بیشک خدا لوگوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے (65) اور وہی تو ہے جس نے تم کو
حیات بخشی پھر تم کو مارتا ہے پھر تمہیں زندہ بھی کرے گا اور انسان تو بڑا ناشکرا ہے (66) ہم نے ہر ایک اُمت
کے لئے ایک شریعت مقرر کر دی ہے جس پر وہ چلتے ہیں تو یہ لوگ تم سے اس امر میں جھگڑا نہ کریں اور تم (لوگوں
کو) اپنے پروردگار کی طرف بلاتے رہو۔ بیشک تم سیدھے رستے پر ہو۔ (67) اور اگر یہ تم سے جھگڑا کریں تو
کہہ دو کہ جو عمل تم کرتے ہو خدا ان سے خوب واقف ہے (68) جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو، خدا
قیامت کے روز ان کا فیصلہ کر دے گا (69) کیا تم نہیں جانتے کہ جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے خدا اس کو جانتا
ہے؟ یہ (سب کچھ) کتاب میں (لکھا ہوا) ہے بیشک یہ سب خدا کو آسان ہے (70) اور (یہ لوگ) خدا کے سوا
ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں، جن کی اس نے کوئی سند نازل نہیں فرمائی اور نہ ان کے پاس اس کی کوئی
دلیل ہے۔ اور ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہیں ہوگا (71) اور جب ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو
(ان کی شکل بگڑ جاتی ہے اور) تم ان کے چہروں میں صاف طور پر ناخوشی (کے آثار) دیکھتے ہو۔ قریب ہوتے
ہیں کہ جو لوگ ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں ان پر حملہ کر دیں۔ کہہ دو کہ میں تم کو اس سے بھی بُری چیز
بتاؤں؟ وہ (دوزخ کی) آگ ہے جس کا خدا نے کافروں سے وعدہ کیا ہے۔ اور (وہ) بُرا ٹھکانا ہے (72)

مشکل الفاظ کے معانی:

- قابو میں، زیر استعمال ہوسکنا
- سنبھالے
- بہت زیادہ مہربانی اور پیار
- 1۔زندگی 2۔گروہ، جماعت
- 1۔مذہبی قانون 2۔کام
- اچھی طرح
- علاوہ
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔دلیل، ثبوت
- پریشانی ظاہر ہونا
- انجام، جگہ

حوالہ جات:

عمران:81،82، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَجِّ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْحَجِّ

يٰاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ
وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿73﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿74﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿75﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿76﴾ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا
الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿77﴾ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ
حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ
وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ
الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿78﴾

لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے اس کو غور سے سنو کہ جن لوگوں کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو، وہ ایک مکھی بھی نہیں
بنا سکتے۔ اگرچہ اس کے لئے سب مجتمع ہو جائیں۔ اور اگر ان سے مکھی کوئی چیز چھین لے جائے تو اسے اس سے
چھڑا نہیں سکتے۔ طالب اور مطلوب (یعنی عابد اور معبود دونوں) گئے گزرے ہیں (73) ان لوگوں نے خدا کی
قدر جیسی کرنی چاہئے تھی، نہیں کی۔ کچھ شک نہیں کہ خدا زبردست اور غالب ہے (74) خدا فرشتوںؑ میں سے
پیغام پہنچانے والے منتخب کر لیتا ہے اور انسانوں میں سے بھی۔ بیشک خدا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے
(75) جو ان کے آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے، وہ اس سے واقف ہے۔ اور سب کاموں کا رجوع خدا ہی
کی طرف ہے (76) مومنو! رکوع کرتے اور سجدے کرتے اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہو اور نیک
کام کرو تا کہ فلاح پاؤ (77) اور خدا (کی راہ) میں جہاد کرو جیسا جہاد کرنے کا حق ہے اس نے تم کو برگزیدہ
کیا ہے اور تم پر دین (کی کسی بات) میں تنگی نہیں کی (اور تمہارے لئے) تمہارے باپ ابراہیمؑ کا دین
(پسند کیا) اسی نے پہلے تمہارا نام مسلمان رکھا تھا اور اس کتاب میں بھی (وہی نام رکھا ہے) تو خدا ہی سے ڈرو
تا کہ پیغمبرؐ تمہارے بارے میں شاہد ہوں اور تم لوگوں کے مقابلے میں شاہد ہو اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور
خدا کے (دین کی رسی) کو پکڑے رہو۔ وہی تمہارا دوست ہے اور خوب دوست اور خوب مددگار ہے (78)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔توجہ 2۔علاوہ
- اکٹھے ہونا
- 1۔چاہنے والا 2۔چاہے جانے والا 3۔عبادت کرنے والا 4۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 5۔کسی اچھے کھاتے میں نہ ہونا
- 1۔عزت، توقیر 2۔طاقت
- چُن لیتا ہے
- 1۔علم رکھنا 2۔جھکاؤ
- اللہ کا حکم ماننا
- 1۔رہائی 2۔عزت والا
- سختی
- گواہ
- بہت اچھا

حوالہ جات:

- نور: 53
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ① الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ② وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ③
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ④ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ⑤ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ⑥ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ⑦ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ
وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ⑧ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ⑨ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ⑩ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ
الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑪ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ⑫ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ
مَّكِيْنٍ ⑬ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ
اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ⑭ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ⑮ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
تُبْعَثُوْنَ ⑯ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ⑰

ترجمہ سورت مومنون

بیشک ایمان والے رستگار ہو گئے (1) جو نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں (2) اور جو بیہودہ باتوں سے
منہ موڑے رہتے ہیں (3) اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں (4) اور جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں
(5) مگر اپنی بیویوں یا (کنیزوں سے) جو ان کی مِلک ہوتی ہیں کہ (ان کے لئے ستر نگا کرنے سے)
انہیں ملامت نہیں (6) اور جو ان کے سوا اوروں کے (سامنے ستر کی نمائش کے) طالب ہوں، وہ
(خدا کی مقرر کی ہوئی حد سے) نکل جانے والے ہیں (7) اور جو امانتوں اور اقراروں کو ملحوظ رکھتے
ہیں (8) اور جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (9) یہی لوگ میراث حاصل کرنے والے ہیں (10)
جو بہشت کی میراث (بھی) حاصل کریں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے (11) اور ہم نے انسان کو مٹی
کے خلاصے سے پیدا کیا (12) پھر اس کو ایک مضبوط (اور محفوظ) جگہ میں نطفہ بنا کر رکھا (13) پھر
نطفے کا لوتھڑا بنایا پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست)
چڑھایا۔ پھر اس کوئی صورت میں بنا دیا تو خدا جو سب سے بہتر بنانے والا ہے بڑا ہی بابرکت ہے (14)
پھر اس کے بعد تم مر جاتے ہو (15) پھر قیامت کے دن اٹھا کھڑے کئے جاؤ گے (16) اور ہم
نے تمہارے اوپر (کی جانب) سات آسمان پیدا کئے اور ہم خلقت سے غافل نہیں ہیں (17)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔رہائی پانا 2۔منت سماجت 3۔نامناسب
- نفرت کرتے
- 1۔نوکرانی 2۔ملکیّت
- 1۔شرم،سزا 2۔علاوہ 3۔دوسروں 4۔دکھانا 5۔خواہشمند
- 1۔طے شدہ 2۔وعدوں 3۔سامنے
- اچھی روایات کا مالک ہونا
- نچوڑ
- 1۔گوشت کا بڑا ٹکڑا 2۔چمڑا،کھال
- شکل
- 1۔طرف 2۔مخلوق 3۔بھولا ہونا

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿18﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ
نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿19﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ
لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿20﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿21﴾
وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿22﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا
تَتَّقُوْنَ ﴿23﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِىْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿24﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿25﴾ قَالَ رَبِّ
انْصُرْنِىْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿26﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ
كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِىْ فِى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿27﴾

اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا، پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا اور ہم اس کے نابود
کر دینے پر قادر ہیں (18) پھر ہم نے اس سے تمہارے لئے کھجوروں کے باغ بنائے ان میں تمہارے لئے
بہت سے میوے پیدا ہوتے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو (19) اور وہ درخت بھی (ہم ہی نے پیدا کیا)
جو طور سینا میں پیدا ہوتا ہے (یعنی زیتون کا درخت کہ) کھانے والوں کے لئے روغن اور سالن لئے ہوئے اُگتا
ہے (20) اور تمہارے لئے چار پایوں میں عبرت (اور نشانی) ہے کہ جو ان کے پیٹوں میں ہے اس سے ہم تمہیں
(دودھ) پلاتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں (اور بھی) بہت سے فائدے ہیں اور بعض کو تم کھاتے بھی ہو
(21) اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو (22) اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے
ان سے کہا کہ اے قوم! خدا ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟ (23) تو
ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے یہ تو تم ہی جیسا آدمی ہے تم پر بڑائی حاصل کرنی چاہتا ہے اور اگر خدا چاہتا
تو فرشتے اُتار دیتا ہم نے اگلے باپ دادا میں تو یہ بات کبھی نہیں سنی تھی (24) اس آدمی کو تو دیوانگی (کا عارضہ)
ہے تو اس کے بارے میں کچھ مدت انتظار کرو (25) (نوحؑ) نے کہا کہ پروردگار انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے تُو
میری مدد کر (26) پھر ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے سامنے اور ہمارے حکم سے کشتی بناؤ پھر جب ہمارا
حکم آ پہنچے اور تنور جوش مارنے لگے تو سب (قسم کے جانوروں) میں سے جوڑا جوڑا دو دو کشتی میں بٹھا دو، اور
اپنے گھر والوں کو بھی۔ سوا ان کے جن کی نسبت ان میں سے (ہلاک ہونے کا) حکم پہلے صادر ہو چکا ہے، اور
ظالموں کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا وہ ضرور ڈبو دیئے جائیں گے (27)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ختم
- صلاحیت یا طاقت رکھنا
- پھل وغیرہ
- 1۔ پہاڑ 2۔ پہاڑ کا نام 3۔ تیل
- نصیحت، سبق
- کچھ
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ علاوہ، مزید 3۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
- زیادہ اہم ہونا
- 1۔ گزرے ہوئے 2۔ پاگل پن 3۔ مرض، بیماری
- عرصہ، وقت
- 1۔ غضب یا غصہ عروج پر پہنچے 2۔ نر اور مادہ
- 1۔ کے بارے میں 2۔ طے ہو چکا، قرار پا چکا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿28﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا
مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿29﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿31﴾ فَاَرْسَلْنَا
فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿32﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ
الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿33﴾ وَلَئِنْ
اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿34﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿35﴾ هَيْهَاتَ
هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿36﴾ اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿37﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ِۨافْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿38﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿39﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿40﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ
بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿42﴾

اور جب تم اور تمہارے ساتھی کشتی میں بیٹھ جاؤ تو کہنا کہ سب تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے، جس نے ہم کو
ظالم لوگوں سے نجات بخشی (28) اور (یہ بھی) دعا کرنا کہ اے پروردگار ہم کو مبارک جگہ اُتاریو اور تُو سب
سے بہتر اُتارنے والا ہے (29) بیشک اس میں نشانیاں ہیں اور ہمیں تو آزمائش کرنی تھی (30) پھر ان کے
بعد ہم نے ایک اور جماعت پیدا کی (31) اور انہی میں سے ان میں ایک پیغمبرؐ بھیجا (جس نے ان سے کہا) کہ
خدا ہی کی عبادت کرو (کہ) اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ (32) تو ان کی قوم کے
سردار جو کافر تھے اور آخرت کے آنے کو جھوٹ سمجھتے تھے، اور دنیا کی زندگی میں ہم نے ان کو آسودگی دے رکھی
تھی، کہنے لگے کہ یہ تو تمہارے جیسا آدمی ہے، جس قسم کا کھانا تم کھاتے ہو اس طرح کا یہ بھی کھاتا ہے اور
(پانی) جو تم پیتے ہو اسی قسم کا یہ بھی پیتا ہے (33) اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے آدمی کا کہا مان لیا تو گھاٹے میں پڑ
گئے (34) کیا یہ تم سے یہ کہتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور مٹی ہو جاؤ گے اور اُستخوان (کے سوا کچھ نہ رہے گا) تو
تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے (35) جس بات کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے (بہت) بعید (اور بہت) بعید ہے
(36) زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے کہ اسی میں ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم پھر نہیں اٹھائے جائیں
گے (37) یہ تو ایک ایسا آدمی ہے جس نے خدا پر جھوٹ افتراء کیا ہے اور ہم اس کو ماننے والے نہیں (38)
پیغمبرؐ نے کہا کہ اے پروردگار انہوں نے مجھے جھوٹا سمجھا ہے تُو میری مدد کر (39) فرمایا کہ تھوڑے ہی عرصے
میں پشیمان ہو کر رہ جائیں گے (40) تو ان کو (وعدۂ بر) حق کے مطابق زور کی آواز نے آن پکڑا تو ہم نے ان
کو کوڑا کر ڈالا پس ظالم لوگوں پر لعنت ہے (41) پھر ان کے بعد ہم نے اور جماعتیں پیدا کیں (42)

مستحق ہونا، لائق ہونا

1۔ رہائی 2۔ اتارنا

گروہ، جتھہ

1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ علاوہ 3۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے

خوشحالی، آرام

نقصان اُٹھاؤ گے

1۔ ہڈی، گٹھلی 2۔ علاوہ

دُور

زندہ کئے جائیں گے

جھوٹا الزام لگایا

1۔ پچھتانا 2۔ سچ پر مبنی

کچرا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿43﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ
بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿44﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿45﴾ اِلٰى
فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿46﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿47﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا
فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿48﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿49﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ
ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿50﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿51﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ
اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿52﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿53﴾ فَذَرْهُمْ
فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿54﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿55﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا
يَشْعُرُوْنَ ﴿56﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿57﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿58﴾

کوئی جماعت اپنے وقت سے نہ آگے جا سکتی ہے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے (43) پھر ہم پے در پے اپنے پیغمبرؑ
بھیجتے رہے۔ جب کسی اُمت کے پاس اس کا پیغمبرؑ آتا تھا تو وہ اسے جھٹلا دیتے تھے تو ہم بھی بعض کو بعض
کے پیچھے (وارث کرتے اور ان پر عذاب) لاتے رہے اور ان کے افسانے بناتے رہے۔ پس جو لوگ
ایمان نہیں لاتے ان پر لعنت (44) پھر ہم نے موسیٰؑ اور ان کے بھائی ہارونؑ کو اپنی نشانیاں اور دلیل
ظاہر دے کر بھیجا (45) (یعنی) فرعون اور اس کی جماعت کی طرف، تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش
لوگ تھے (46) کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں اور ان کی قوم کے لوگ
ہمارے خدمت گار ہیں؟ (47) تو ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی۔ سو (آخر) ہلاک کر دیئے گئے
(48) اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تھی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں (49) اور مریمؑ کے بیٹے (عیسیٰؑ)
اور ان کی ماں کو (اپنی) نشانی بنایا تھا اور ان کو ایک اونچی جگہ پر جو رہنے کے لائق تھی اور جہاں (نتھرا ہوا)
پانی جاری تھا پناہ دی تھی (50) اے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو، جو عمل تم کرتے ہو میں ان
سے واقف ہوں (51) اور یہ تمہاری جماعت (حقیقت میں) ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار
ہوں تو مجھ سے ڈرو (52) تو (لوگوں نے) پھر آپس میں اپنے کام کو متفرق کر کے جُدا جُدا کر دیا جو چیز
جس فرقے کے پاس ہے وہ اسی سے خوش ہو رہا ہے (53) تو ان کو ایک مدت تک ان کی غفلت ہی میں
رہنے دو (54) کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو دنیا میں ان کو مال اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں (55)
(تو اس سے) ان کی بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں؟ (نہیں) بلکہ یہ سمجھتے ہی نہیں (56) جو لوگ اپنے
پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں (57) اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں (58)

- ایک کے بعد دوسرا
- 1۔گروہ، جماعت 2۔کچھ
- 1۔مالک 2۔کہانیاں، داستانیں
- ثبوت، سند
- 1۔کھلی 2۔غرور 3۔باغی، مشرک
- 1۔خدمت کرنے والے، نوکر چاکر 2۔جھٹلایا
- سیدھے راستے پر چلیں
- 1۔قابل 2۔صاف
- ٹھکانہ، حفاظت
- 1۔علم رکھنا 2۔اصل میں
- بٹ جانا، بکھر جانا
- 1۔عرصہ، وقت 2۔سُستی، لاپرواہی
- فائدہ

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	مشکل الفاظ کے معانی

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿59﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿60﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى
الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿61﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿62﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ
غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿63﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْئَرُوْنَ ﴿64﴾ لَا
تَجْئَرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿65﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿66﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ
سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿67﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿68﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿69﴾ اَمْ
يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿70﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ
وَمَنْ فِيْهِنَّ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿71﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّهُوَ خَيْرُ
الرّٰزِقِيْنَ ﴿72﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿73﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿74﴾

اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ شریک نہیں کرتے (59) اور جو دے سکتے ہیں وہ دیتے ہیں اور ان کے دل اس
بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ ان کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے (60) یہی لوگ نیکیوں میں جلدی
کرتے ہیں اور یہی ان کے لئے آگے نکل جاتے ہیں (61) اور ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف
نہیں دیتے اور ہمارے پاس کتاب ہے جو سچ سچ کہہ دیتی ہے اور لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا (62) مگر ان کے
دل ان (باتوں) کی طرف سے غفلت میں (پڑے ہوئے) ہیں اور اس کے سوا اور اعمال بھی ہیں، جو یہ کرتے
رہتے ہیں (63) یہاں تک کہ جب ہم نے ان میں سے آسودہ حال لوگوں کو پکڑ لیا تو وہ اس وقت چلائیں گے
(64) آج مت چلاؤ! تم کو ہم سے کچھ مدد نہیں ملے گی (65) میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں
اور تم اُلٹے پاؤں پھر پھر جاتے تھے (66) ان سے سرکشی کرتے، کہانیوں میں مشغول ہوتے اور بیہودہ بکواس
کرتے تھے (67) کیا انہوں نے اس کلام پر غور نہیں کیا؟ یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آئی ہے جو ان کے اگلے باپ
دادا کے پاس نہیں آئی تھی؟ (68) یا یہ اپنے پیغمبرؐ کو جانتے پہچانتے نہیں اس وجہ سے ان کو نہیں مانتے؟ (69) کیا
یہ کہتے ہیں کہ اسے سودا ہے (نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق کو لے کر آئے ہیں اور ان میں سے اکثر حق کو
ناپسند کرتے ہیں (70) اور اگر (خدائے) برحق ان کی خواہشوں پر چلے، تو آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں
سب درہم برہم ہو جائیں بلکہ ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت (کی کتاب) پہنچا دی ہے اور وہ اپنی (کتاب)
نصیحت سے منہ پھیر رہے ہیں (71) کیا تم ان سے (نصیحت کے صلے میں) کچھ مال مانگتے ہو؟ تو تمہارے
پروردگار کا مال بہت اچھا ہے اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے (72) اور تم تو ان کو سیدھے راستے کی
طرف بلاتے ہو (73) اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ رستے سے الگ ہو رہے ہیں (74)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اللہ کی راہ میں خرچ کرنا
- واپس
- نیک کاموں کیلئے
- 1۔لاپرواہی، سُستی 2۔علاوہ
- 1۔خوشحال، امیر 2۔چیخیں گے
- شور نہ کرو
- 1۔واپس گمراہی کی طرف مڑ مڑ جاتے 2۔بغاوت 3۔مصروف 4۔نامناسب باتیں
- 1۔پاگل پن، دیوانگی 2۔سچ
- سچائی پر ہونے والا
- گڈمڈ ہو جانا
- 1۔انکار کر رہے ہیں 2۔بدلے میں
- سامان، بدلا
- اصل راستے سے ہٹ رہے ہیں

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿75﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا
لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿76﴾ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿77﴾ وَهُوَ الَّذِىْۤ اَنْشَاَ
لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾ وَهُوَ الَّذِىْ ذَرَاَكُمْ فِى الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿79﴾ وَهُوَ
الَّذِىْ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿80﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿81﴾ قَالُوْۤا ءَاِذَا
مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿82﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿83﴾
قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿84﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿85﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ
السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿86﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿87﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُوَ
يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿88﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿89﴾

اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور جو تکلیفیں ان کو پہنچ رہی ہیں وہ دُور کر دیں تو اپنی سرکشی پر اڑے رہیں (اور
بھٹکتے (پھریں) (75) اور ہم نے ان کو عذاب میں بھی پکڑا تو بھی انہوں نے خدا کے آگے عاجزی نہ کی اور وہ
عاجزی کرتے ہی نہیں (76) یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر عذاب شدید کا دروازہ کھول دیا تو اس وقت
وہاں نا اُمید ہو گئے (77) اور وہی تو ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (لیکن) تم کم شکر
گزاری کرتے ہو (78) اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم سب جمع ہو کر جاؤ گے
(79) وہی جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور رات اور دن کا بدلتے رہنا اسی کا تصرف ہے کیا تم سمجھتے
نہیں؟ (80) بات یہ ہے کہ جو بات اگلے (کافر) کہتے تھے، اسی طرح کی (بات یہ) کہتے ہیں (81) کہتے
ہیں کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے اور استخوان (بوسیدہ کے سوا کچھ) نہ رہے گا تو کیا ہم پھر
اٹھائے جائیں گے؟ (82) یہ وعدہ ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا سے بھی ہوتا چلا آیا ہے (اجی) یہ
تو صرف اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں (83) کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ کہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے (سب
کس کا مال ہے؟ (84) جھٹ بول اٹھیں گے کہ خدا کا۔ کہو پھر تم سوچتے کیوں نہیں؟ (85) (ان سے) پوچھو
کہ سات آسمانوں کا مالک کون ہے؟ اور عرش عظیم کا (کون) مالک (ہے)؟ (86) بیساختہ کہہ دیں گے
کہ یہ (چیزیں) خدا ہی کی ہیں کہو کہ پھر تم ڈرتے کیوں نہیں؟ (87) کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ کہ وہ کون ہے
جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے کوئی (کسی کو) پناہ نہیں دے سکتا؟ (88)
فوراً! کہہ دیں گے کہ (ایسی بادشاہی تو) خدا ہی کی ہے تو کہو پھر تم پر جادو کہاں سے پڑ جاتا ہے (89)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بغاوت پر جمے یا کھڑے رہیں
- بے راہ ہوئے رہیں
- 1۔غرور کا متضاد 2۔سخت
- اختیار، استعمال
- 1۔ہڈیاں 2۔گھِسا ہوا، پرانا 3۔علاوہ
- 1۔زندہ کئے جائیں گے 2۔ارے جناب
- چیز، سامان، ملکیت
- 1۔عظمت والا 2۔بے ارادہ، بغیر سوچے، فوراً
- حفاظت، محفوظ جگہ

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْن	حوالہ جات

بَلْ اَتَیْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ﴿90﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا
خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿91﴾ عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا
یُشْرِكُوْنَ ﴿92﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ ﴿93﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ﴿94﴾ وَاِنَّا عَلٰۤى اَنْ نُّرِیَكَ مَا
نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ﴿95﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ ﴿96﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ
الشَّیٰطِیْنِ ﴿97﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ﴿98﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿99﴾ لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ
صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ﴿100﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ
فَلَاۤ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ﴿101﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴿102﴾ وَمَنْ خَفَّتْ
مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿103﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ﴿104﴾

بات یہ ہے کہ ہم نے ان کے پاس حق پہنچا دیا ہے اور یہ جو (شرک کئے جاتے ہیں) بیشک جھوٹے ہیں (90)
خدا نے نہ تو (اپنا) کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے۔ ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی اپنی مخلوقات کو
لے کر چلتا اور ایک دوسرے پر غالب آ جاتا یہ لوگ جو کچھ (خدا کے بارے میں) بیان کرتے ہیں خدا اس سے
پاک ہے (91) وہ پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے اور (مشرک) جو اس کے ساتھ شریک کرتے ہیں (اس کی شان)
اس سے اونچی ہے (92) (اے محمدؐ) کہو کہ اے پروردگار جس عذاب کا ان (کفار) سے وعدہ ہوا ہے اگر تو میری
زندگی میں ان پر نازل کر کے مجھے بھی دکھا دے (93) تو اے پروردگار! مجھے (اس سے محفوظ رکھیئے اور ان)
ظالموں میں شامل نہ کیجئے (94) اور جو وعدہ ہم ان سے کر رہے ہیں ہم تم کو دکھا کر ان پر نازل کرنے پر قادر ہیں
(95) اور بری بات کے جواب میں ایسی بات کہو جو نہایت اچھی ہو اور یہ جو بیان کرتے ہیں ہمیں خوب معلوم
ہے (96) اور کہو کہ اے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں (97) اور اے پروردگار!
اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ موجود ہوں (98) (یہ لوگ اسی غفلت میں رہیں گے)
یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے پاس موت آ جائے گی تو کہے گا اے پروردگار! مجھے پھر (دنیا میں)
واپس بھیج دے (99) تاکہ میں اس میں جسے چھوڑ آیا ہوں نیک کام کیا کروں۔ ہرگز نہیں، یہ ایک ایسی بات ہے
کہ وہ اسے زبان سے کہہ رہا ہوگا (مگر اس پر عمل نہیں ہوگا) اور ان کے پیچھے برزخ ہے (جہاں وہ) اس دن تک کہ (دوبارہ)
اٹھائے جائیں گے (رہیں گے) (100) پھر جب صور پھونکا جائے گا تو نہ تو ان میں قرابتیں ہوں گی اور نہ ایک
دوسرے کو پوچھیں گے (101) تو جن کے (عملوں کے) بوجھ بھاری ہوں گے وہ فلاح پانے والے ہیں (102)
اور جن کے بوجھ ہلکے ہوں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا۔ ہمیشہ دوزخ میں
رہیں گے (103) آگ ان کے مونہوں کو جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوں گے (104)

مشکل الفاظ کے معانی:
- سچ، سچائی
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- حاوی ہو جاتا، فتح حاصل کر لیتا
- 1۔صاف، بری 2۔چھپا ہوا
- بچائے رکھنا
- 1۔شامل 2۔صلاحیت یا طاقت رکھنا
- بہت زیادہ
- 1۔وہموں، شبہوں 2۔حفاظت
- لاپرواہی
- کسی بھی صورت
- مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ
- بیٹھکیں، نزدیکیاں، سنگتیں
- رہائی، بخشش
- 1۔نیکیوں کے وزن 2۔اپنے آپ کو 3۔نقصان
- 1۔جلا دے گی 2۔ماتھے پہ بل ڈالے ہوں گے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ	حوالہ جات

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿105﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿106﴾
رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿107﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿108﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِىْ
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿109﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ
ذِكْرِىْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿110﴾ اِنِّىْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿111﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ
فِى الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿112﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿113﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿114﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿115﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿116﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا
يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿117﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿118﴾

کیاتم کومیری آیتیں پڑھ کرنہیں سنائی جاتی تھیں (نہیں بلکہ) تم ان کو سنتے تھے (اور) جھٹلاتے تھے (105)
اے ہمارے پروردگار! ہم پر ہماری کمبختی غالب ہوگئی اور رستے سے بھٹک گئے (106) اے پروردگار! ہم کو
اس میں سے نکال دے، اگر ہم پھر (ایسے کام) کریں، تو ظالم ہوں گے (107) (خدا) فرمائے گا کہ اسی میں
ذلت کے ساتھ پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو (108) میرے بندوں میں ایک گروہ تھا جو دعا کیا کرتا تھا کہ
اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے تُو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم کر، اور تُو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے
(109) تو تم ان سے تمسخر کرتے رہے، یہاں تک کہ ان کے پیچھے میری یاد بھی بھول گئے اور تم (ہمیشہ) ان
سے ہنسی کرتے رہتے تھے (110) آج میں نے ان کو ان کے صبر کا بدلا دیا کہ وہ کامیاب ہوگئے (111) (خدا)
پوچھے گا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے؟ (112) وہ کہیں گے، کہ ہم ایک روز یا ایک روز سے بھی کم رہے تھے۔
شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجئے (113) (خدا) فرمائے گا کہ (وہاں) تم (بہت ہی) کم رہے۔ کاش تم جانتے
ہوتے (114) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر
نہیں آؤ گے؟ (115) تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان اس سے) اونچی ہے۔ اس کے سوا کوئی
معبود نہیں وہی عرش بزرگ کا مالک ہے (116) اور جو شخص خدا کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے
پاس کچھ سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے (117) اور خدا
سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تُو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے (118)

انکار کرتے تھے

1۔خدا کا حکم نہ ماننے کی شیطانی طاقت 2۔راستہ بھول گئے

1۔رُسوائی 2۔جتھہ، جماعت

1۔مذاق 2۔اُن کی وجہ سے

صلہ، معاوضہ

سال

1۔گِنتا 2۔افسوس کا کلمہ

1۔سوچتے ہو 2۔بغیر کسی وجہ کے 3۔واپس

1۔عزت 2۔بغیر، علاوہ

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔بڑا، عزت

1۔دلیل، ثبوت 2۔پاس 3۔رہائی، مخلصی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النُّوْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ① اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِىْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ
وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ
وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ② اَلزَّانِىْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا
زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ③ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ
فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ④ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ
ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ
فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑥ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ
الْكٰذِبِيْنَ ⑦

ترجمہ سورت نور

یہ (بھی ایک) سورت ہے جس کو ہم نے نازل کیا اور اس (کے احکام) کو فرض کر دیا اور اس میں واضح المطالب آیتیں نازل کیں، تاکہ تم یاد رکھو (1) بدکاری کرنے والی عورت اور بدکاری کرنے والا مرد (جب ان کی بدکاری ثابت ہو جائے تو) دونوں میں سے ہر ایک کو سو دُرّے مارو۔ اور اگر تم خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو شرع خدا (کے حکم) میں تمہیں ان پر ہرگز ترس نہ آئے اور چاہیئے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت بھی موجود ہو (2) بدکار مرد تو بدکار یا مشرک عورت کے سوا نکاح نہیں کرتا اور بدکار عورت کو بھی بدکار یا مشرک مرد کے سوا اور کوئی نکاح میں نہیں لاتا اور یہ (یعنی بدکار عورت سے نکاح کرنا) مومنوں پر حرام ہے (3) اور جو لوگ پرہیز گار عورتوں کو بدکاری کا الزام لگائیں اور اس پر چار گواہ نہ لائیں تو ان کو اَسّی دُرّے مارو اور کبھی ان کی شہادت قبول نہ کرو اور یہی بدکردار ہیں (4) ہاں جو ان کے بعد توبہ کرلیں اور (اپنی حالت) سنوار لیں تو خدا (بھی) بخشنے والا مہربان ہے (5) اور جو لوگ اپنی عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں اور خود ان کے سوا ان کے گواہ نہ ہوں تو ہر ایک کی شہادت یہ ہے کہ پہلے تو چار بار خدا کی قسم کھائے کہ بیشک وہ سچا ہے (6) اور پانچویں بار یہ (کہے) کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت (7)

حوالہ جات:

قصص:85، زخرف:43،44

مشکل الفاظ کے معانی:

- لازمی، ضروری
- 1۔صاف مطلب والی 2۔زنا
- کوڑے
- 1۔کسی بھی صورت 2۔رحم، افسوس
- 1۔گروہ، جتھّہ 2۔علاوہ
- گواہی
- الزام

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النُّوْرِ	حوالہ جات

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ⑧ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ
مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑨ وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ⑩ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا
تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ
عَظِيْمٌ ⑪ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ⑫ لَوْ لَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ
شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ⑬ وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
لَمَسَّكُمْ فِىْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑭ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ
هَيِّنًا ۖۗ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ⑮ وَلَوْ لَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖۗ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ⑯
يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑰ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑱

اور عورت سے سزا کو یہ بات ٹال سکتی ہے کہ وہ پہلے چار بار خدا کی قسم کھائے کہ بیشک یہ جھوٹا ہے (8) اور پانچویں دفعہ یوں (کہے) کہ اگر یہ سچا ہو تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل ہو) (9) اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو بہت سی خرابیاں[1] پیدا ہو جاتیں، مگر وہ صاحب کرم[2] ہے اور یہ کہ خدا توبہ قبول کرنے والا اور حکیم[3] ہے (10) جن لوگوں نے بہتان[1] باندھا ہے۔ تم ہی میں سے ایک جماعت ہے اس کو اپنے حق میں[2] بُرا نہ سمجھنا بلکہ وہ تمہارے لئے اچھا ہے۔ ان میں سے جس شخص نے گناہ کا جتنا حصہ لیا اس کے لئے اتنا وبال ہے اور جس نے ان میں سے اس بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کو بڑا عذاب ہوگا (11) جب تم نے وہ بات سنی تھی تو مومن مردوں اور عورتوں نے کیوں اپنے دلوں میں نیک گُمان[1] نہ کیا؟ اور (کیوں نہ) کہا کہ یہ صریح[2] طوفان ہے؟ (12) یہ (افتراء پرواز)[1] اپنی بات (کی تصدیق)[2] کے (لئے) چار گواہ کیوں نہ لائے؟ تو جب یہ گواہ نہیں لا سکے تو خدا کے نزدیک یہی جھوٹے ہیں (13) اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس بات کا تم چرچا کرتے تھے، اس کی وجہ سے تم پر بڑا (سخت) عذاب نازل ہوتا (14) جب تم اپنی زبانوں سے اس کا ایک دوسرے سے ذکر کرتے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہتے تھے جس کا تم کو کچھ علم نہ تھا اور تم اسے ایک ہلکی بات سمجھتے تھے اور خدا کے نزدیک وہ بڑی بھاری بات تھی (15) اور جب تم نے اسے سنا تو کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمیں شایاں[1] نہیں کہ ایسی بات زبان پر لائیں (پروردگار) تُو پاک ہے یہ تو (بہت) بڑا بہتان[2] ہے (16) خدا تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ اگر مومن ہو تو پھر کبھی ایسا (کام) نہ کرنا (17) اور خدا تمہارے (سمجھانے کے لئے) اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے (18)

مشکل الفاظ کے معانی

- غصہ، عذاب
- 1۔ بگاڑ 2۔ کرم والا 3۔ حکمت، دانائی
- 1۔ جھوٹا الزام 2۔ اپنے لئے
- مصیبت
- وزن
- 1۔ خیال 2۔ صاف
- 1۔ جھوٹ باندھنے والے 2۔ ثبوت، تسلی، وضاحت
- مشہورگی
- معمولی
- وزنی
- 1۔ مُناسب 2۔ جھوٹ باندھنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النُّوْر	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (19) وَلَوْ لَا
فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (20) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ
الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّىْ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (21) وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِى الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِىْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (22) اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ
الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (23) يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ (24) يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ (25) اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ
لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ (26)

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
عام ہوجائے	اور جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی پھیلے ان کو دنیا اور آخرت میں دُکھ دینے والا	
مہربانی	عذاب ہوگا اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (19) اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو کیا	
1۔بخشنے والا 2۔بہت زیادہ	کچھ نہ ہوتا، مگر وہ کریم ہے) اور یہ کہ خدا نہایت مہربان ورحیم ہے (20) اے مومنو! شیطان کے قدموں پر	
	نہ چلنا اور جو شخص شیطان کے قدموں پر چلے گا تو شیطان تو بے حیائی اور بُرے کام ہی بتائے گا۔ اور اگر تم پر خدا	
	کا فضل اور مہربانی نہ ہوتی تو ایک شخص بھی تم میں پاک نہ ہوسکتا، مگر خدا جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے۔	
صاحب حیثیت،خوشحال،امیر	(اور) خدا سننے والا (اور) جاننے والا ہے (21) اور جو لوگ تم میں صاحب فضل (اور صاحب) وسعت	
ضرورت مندوں	ہیں، وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور محتاجوں اور وطن چھوڑ جانے والوں کو کچھ (خرچ وغیرہ)	
معاف کردیں،بھول جائیں	نہیں دیں گے۔ ان کو چاہئے کہ معاف کر دیں اور درگزر کر دیں کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ خدا تم کو بخش دے؟ اور	
زنا	خدا تو بخشنے والا مہربان ہے (22) جو لوگ پرہیزگار اور بُرے کاموں سے بے خبر اور ایماندار عورتوں پر بدکاری	
1۔جھوٹا الزام 2۔پھٹکار	کی تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت (دونوں) میں لعنت ہے۔ اور ان کو سخت عذاب ہوگا (23)	
	(یعنی قیامت کے روز) جس دن ان کی زبانیں ہاتھ اور پاؤں (سب) ان کے کاموں کی گواہی دیں گے (24)	
سچ پر	اس دن خدا ان کو (ان کے اعمال کا) پورا پورا (اور) ٹھیک بدلا دے گا اور ان کو معلوم ہو جائے گا کہ خدا برحق	
سچائی	(اور حق کو) ظاہر کرنے والا ہے (25) ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لئے اور ناپاک مرد ناپاک عورتوں	
	کے لئے اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے۔ یہ (پاک لوگ) ان	
آزاد،الگ ہونا	(بے حیائی اور بُرائی) کی باتوں سے بَری ہیں (اور) ان کے لئے بخشش اور نیک روزی ہے (26)	نور:21

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُورَۃُ النُّور	حوالہ جات
	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿27﴾ فَاِنْ	
	لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ	
	عَلِيْمٌ ﴿28﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿29﴾ قُلْ	
	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿30﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ	
	يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۠ وَلَا	
	يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ	
	اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى	
	عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۠ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿31﴾	
علاوہ	مومنو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے (لوگوں کے) گھروں میں گھر والوں سے اجازت لئے اور ان کو سلام کئے بغیر	
	داخل نہ ہوا کرو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ (اور ہم یہ نصیحت اس لئے کرتے ہیں کہ) شاید تم یاد رکھو (27) اگر تم	
	گھر میں کسی کو موجود نہ پاؤ تو جب تک تم کو اجازت نہ دی جائے اس میں مت داخل ہو اور اگر یہ کہا جائے کہ (اس	
واپس	وقت) لوٹ جاؤ تو لوٹ جایا کرو۔ یہ تمہارے لئے پاکیزگی کی بات ہے اور جو کام تم کرتے ہو خدا سب جانتا ہے	
1۔رہتا 2۔سامان	(28) (ہاں) اگر تم کسی ایسے گھر میں جاؤ جس میں کوئی بستا نہ ہو (اور) اس میں تمہارا اسباب (رکھا) ہو تو تم پر کچھ	
1۔سامنے 2۔چُھپا کر	گناہ نہیں اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو، اور جو پوشیدہ کرتے ہو خدا کو سب معلوم ہے (29) مومن مردوں سے کہہ	
	دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں یہ ان کے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے	
1۔خبر رکھنے والا 2۔نظریں	(اور) جو کام یہ لوگ کرتے ہیں، اللہ ان سے خبردار ہے (30) اور مومن عورتوں سے بھی کہہ دو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں	
سجاوٹ، بناؤ سنگار	نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی آرائش کو ظاہر نہ ہونے دیا کریں، مگر جو اس میں	
1۔سامنے، بغیر کپڑوں کے 2۔کپڑا یا چادر وغیرہ	سے کُھلا رہتا ہو اور اپنے سینوں پر اوڑھنیاں اوڑھے رہا کریں اور اپنے خاوند اور باپ اور خسر اور بیٹوں اور خاوند	
1۔علاوہ 2۔ملازمین	کے بیٹوں اور بھائیوں اور بھتیجوں اور بھانجوں اور اپنی عورتوں اور لونڈی غلاموں کے سوا نیز ان خدام کے جو عورتوں	
	کی خواہش نہ رکھیں یا ایسے لڑکوں سے جو عورتوں کے پردے کی چیزوں سے واقف نہ ہوں (غرض ان لوگوں کے	
سجاوٹ، سنگار	سوا) کسی پر اپنی زینت کو ظاہر نہ ہونے دیں اور اپنے پاؤں (ایسے طور سے) نہ ماریں کہ (آواز نکلے اور	
1۔چھپا ہوا 2۔نجات، سلامتی	ان کا پوشیدہ زیور معلوم ہو جائے اور (لوگو!) سب خدا کے آگے توبہ کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ (31)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النُّوْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿32﴾
وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ
فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا
لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿33﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ
وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿34﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ
اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا
يُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿35﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿36﴾

اور اپنی قوم کی بیوہ عورتوں کے نکاح کر دیا کرو اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں کے بھی۔ جو نیک ہوں (نکاح کر دیا کرو) اگر وہ
مُفلس ہوں گے، تو خدا ان کو اپنے فضل سے خوشحال کر دے گا اور خدا (بہت) وسعت والا اور (سب کچھ) جاننے والا ہے
(32) اور جن کو بیاہ کا مقدور نہ ہو وہ پاک دامنی کو اختیار کئے رہیں، یہاں تک کہ خدا ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے اور
جو غلام تم سے (آزادی کی خاطر) مکاتبت چاہیں اگر تم ان میں صلاحیت پاؤ تو ان سے مکاتبت کر لو اور خدا نے جو مال تم کو
بخشا ہے اس میں سے ان کو بھی دو اور اپنی لونڈیوں کو اگر وہ پاک دامن رہنا چاہیں تو (بے شرمی سے) دنیاوی زندگی کے فوائد
حاصل کرنے کے لئے بدکاری پر مجبور نہ کرنا اور جو ان کو مجبور کرے گا تو ان (بیچاریوں) کے مجبور کئے جانے کے بعد (انہیں)
خدا بخشنے والا مہربان ہے (33) اور ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں نازل کی ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے گزر چکے ہیں، ان کی
خبریں اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت (34) خدا آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایسی ہے کہ گویا ایک
طاق ہے، جس میں چراغ ہے اور چراغ ایک قندیل میں ہے اور قندیل (ایسی صاف وشفاف ہے کہ) گویا موتی کا سا چمکتا
ہوا تارا ہے۔ اس میں ایک مبارک درخت کا تیل جلایا جاتا ہے (یعنی) زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف
(ایسا کہ) اس کا تیل خواہ آگ اسے نہ بھی چھوئے جلنے کو تیار ہے۔ (بڑی) روشنی پر روشنی (ہو رہی ہے)۔ خدا اپنے نور سے جس
کو چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے اور خدا (جو آیات پُرنور) بیان فرماتا ہے (تو) لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اور خدا ہر
چیز سے واقف ہے (35) (خدا کے) ان گھروں میں (خالص خدا کی عبادت کرو) جن کے بارے میں خدا نے ارشاد
فرمایا ہے کہ بلند کئے جائیں اور وہاں خدا کے نام کا ذکر کیا جائے (یعنی) ان میں صبح وشام اس کی تسبیح کرتے رہیں (36)

مشکل الفاظ کے معانی

- جس کا خاوند مرجائے
- 1۔غریب 2۔گنجائش
- 1۔شادی 2۔حیثیت، طاقت 3۔نیک کردار ہونا 4۔امیر
- 1۔باہمی تحریر، متفقہ تحریر 2۔اہلیت
- فائدہ، لذت
- جس کا کوئی بس نہ چلے
- 1۔برتن 2۔فانوس 3۔صاف ستھری
- اللہ کا حکم ماننا
- ذکر

حوالہ جات

- توبہ:32، شوریٰ:52، صف:8، تغابن:8
- جن:18

حوالہ جات	سُوْرَةُ النُّوْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿37﴾
لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿38﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ
كَسَرَابٍ ۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿39﴾
اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌ ۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ
يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿40﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ
صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿41﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿42﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ
فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿43﴾

(ان گھروں کو آباد کرنے والے ایسے) لوگ (ہیں) جن کو خدا کے ذکر اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ
سوداگری غافل کرتی ہے نہ خرید وفروخت۔ وہ اس دن سے جب دل (خوف اور گھبراہٹ کے سبب) اُلٹ
جائیں گے اور آنکھیں (چندھیا کر نیلی نیلی ہو جائیں گی) ڈرتے ہیں (37) تاکہ خدا ان کو ان کے عملوں کا بہت
اچھا بدلا دے اور اپنے فضل سے زیادہ بھی عطا کرے اور جس کو چاہتا ہے خدا بےشمار رزق دیتا ہے (38) اور جن
لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال (کی مثال ایسی ہے) جیسے میدان میں ریت کہ پیاسا اسے پانی سمجھے، یہاں تک کہ
جب اس کے پاس آئے تو اسے کچھ بھی نہ پائے اور خدا ہی کو اپنے پاس دیکھے تو وہ اس کا حساب پُورا پُورا چُکا دے اور
خدا جلد حساب کرنے والا ہے (39) یا (ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے) جیسے دریائے عمیق میں اندھیرے،
جس پر لہر چلی آتی ہو اور اس کے اوپر اور لہر (آ رہی ہو) اور اس کے اوپر بادل ہو۔ غرض اندھیرے ہی اندھیرے
ہوں۔ ایک پر ایک (چھایا ہوا) جب اپنا ہاتھ نکالے تو کچھ نہ دیکھ سکے اور جس کو خدا روشنی نہ دے اس کو (کہیں بھی)
روشنی نہیں (مل سکتی) (40) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں، خدا کی تسبیح کرتے ہیں
اور پَر پھیلائے ہوئے جانور بھی اور سب اپنی نماز اور تسبیح (کے طریقے) سے واقف ہیں۔ اور جو کچھ وہ کرتے ہیں
(سب) خدا کو معلوم ہے (41) اور آسمان اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لئے ہے اور خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانا
ہے (42) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا ہی بادلوں کو چلاتا ہے۔ پھر ان کو آپس میں ملا دیتا ہے اور ان کو تہہ بہ تہہ کر دیتا
ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ بادل سے مینہ نکل (کر برس) رہا ہے اور آسمان میں جو (مُنجمد بادلوں کے) پہاڑ (ہوتے)
ہیں ان سے اولے نازل کرتا ہے تو جس پر چاہتا ہے اس کو برسا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ہٹا دیتا ہے اور
بادل میں جو بجلی ہوتی ہے اس کی چمک آنکھوں کو (خیرہ کر کے بینائی کو) اُچکے لئے جاتی ہے (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ کاروبار 2۔ لاپرواہی 3۔ کی وجہ سے
- آنکھوں کا تیز روشنی کا سامنا نہ کرسکنا
- 1۔ دے 2۔ بہت زیادہ، اَن گنت
- برابر کردے
- گہرا
- ذکر
- جانتے ہیں
- واپس
- حرکت دیتا ہے
- 1۔ بارش 2۔ برفیلے، جمے ہوئے
- برف
- 1۔ تاریکی یا اندھیرا کرنا 2۔ نظر 3۔ چھین لینا

حوالہ جات:

- طٰہٰ: 102، مومنون: 104، قیامہ: 7
- آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النُّوْرِ	حوالہ جات

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ﴿44﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى
بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿45﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿46﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا
ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ
مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿48﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿49﴾ ؕ اَفِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿50﴾ ۧ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ
يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿51﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿52﴾
وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿53﴾

خداہی رات اور دن کو بدلتا رہتا ہے اہل بصارت کے لئے اس میں بڑی عبرت ہے (44) اور خدا ہی نے ہر چلنے
پھرنے والے جاندار کو پانی سے پیدا کیا تو ان میں سے بعضے ایسے ہیں کہ پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو
دو پاؤں سے چلتے ہیں۔ اور بعض ایسے ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں خدا جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ بیشک خدا ہر چیز
پر قادر ہے (45) ہم ہی نے روشن آیتیں نازل کی ہیں اور خدا جس کو چاہتا ہے سیدھے رستے کی طرف ہدایت کرتا
ہے (46) اور (بعض لوگ) کہتے ہیں کہ ہم خدا پر اور رسولؐ پر ایمان لائے اور (ان کا) حکم مان لیا پھر اس کے بعد
ان میں سے ایک فرقہ پھر جاتا ہے اور یہ لوگ صاحب ایمان ہی نہیں ہیں (47) اور جب ان کو خدا اور اس کے
رسولؐ کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ (رسولؐ خدا) ان کا قضیہ چُکا دیں تو ان میں سے ایک فرقہ منہ پھیر لیتا ہے
(48) اور اگر حق ان کو (ملتا) ہو تو ان کی طرف مطیع ہو کر چلے آتے ہیں (49) کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا
(یہ) شک میں ہیں یا ان کو یہ خوف ہے کہ خدا اور اس کا رسولؐ ان کے حق میں ظلم کریں گے؟ (نہیں) بلکہ یہ خود ظالم ہیں
(50) مومنوں کی تو یہ بات ہے کہ جب خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف بلائے جائیں، تاکہ وہ ان میں فیصلہ
کریں تو کہیں کہ ہم نے (حکم) سن لیا اور مان لیا اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں (51) اور جو شخص خدا
اور اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری کرے گا اور اس سے ڈرے گا تو ایسے ہی لوگ مُراد کو پہنچنے والے ہیں
(52) اور (یہ) خدا کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر تم ان کو حکم دو تو (سب گھروں سے) نکل کھڑے ہوں۔
کہہ دو کہ قسمیں مت کھاؤ۔ پسندیدہ فرمانبرداری (درکار ہے) بیشک خدا تمہارے اعمال سے خبردار ہے (53)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ عقل کی نظر والے 2۔ نصیحت، سبق
- 1۔ مُراد مائع 2۔ کچھ
- صلاحیت یا طاقت رکھنا
- مُکر جاتا ہے
- 1۔ جھگڑا، مقدمہ 2۔ ختم کریں، برابر کردیں
- 1۔ فائدہ، انصاف 2۔ فرمانبردار
- ان کے بارے میں
- خواہش، منزل
- چاہئے ہے

حوالہ جات

- طارق:5،6
- نساء:66

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النُّوْرِ	حوالہ جات

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى
الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿54﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۖ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا
يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْئًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿55﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿56﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿57﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ
تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۛ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ
طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿58﴾

کہہ دو کہ خدا کی فرمانبرداری[1] کرو اور رسولؐ (خدا) کے حکم پر چلو۔ اگر منہ موڑو گے[2] تو رسولؐ پر (اُس چیز کا ادا کرنا) ہے جو ان کے ذمے ہے اور تم پر (اس چیز کا ادا کرنا) ہے، جو تمہارے ذمے ہے اور اگر تم ان کے فرمان پر چلو گے تو سیدھا رستہ پالو گے اور رسولؐ کے ذمہ تو صاف صاف (احکام خدا کا) پہنچا دینا ہے (54) جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا کا وعدہ ہے کہ ان کو ملک کا حاکم بنا دے گا جیسا ان سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا اور ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے، مستحکم و پائیدار کرے گا اور خوف کے بعد ان کو امن بخشے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے (اور) میرے ساتھ کسی اور کو شریک نہ بنائیں گے اور جو اس کے بعد کفر کرے تو ایسے لوگ بدکردار ہیں (55) اور نماز پڑھتے رہو۔ اور زکوٰۃ دیتے رہو اور پیغمبرؐ خدا کے فرمان پر چلتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے (56) (اور) ایسا خیال نہ کرنا کہ تم پر کافر لوگ غالب آ جائیں گے (وہ جا ہی کہاں سکتے ہیں؟) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے (57) مومنو! تمہارے غلام، لونڈیاں اور جو بچے تم میں سے بلوغ[1] کو نہیں پہنچے، تین دفعہ[2] تم سے اجازت لیا کریں۔ (ایک تو) نماز صبح سے پہلے اور دوپہر کو جب تم کپڑے اُتار دیتے ہو، اور (تیسرے رات کے وقت) عشاء کی نماز کے بعد (یہ) تین (وقت) تمہارے پردے (کے) ہیں ان کے (آگے) پیچھے (یعنی دوسرے وقتوں میں) نہ تم پر کچھ گناہ ہے نہ ان پر کہ کام کاج کے لئے ایک دوسرے کے پاس آتے رہتے ہو۔ اس طرح خدا اپنی آیتیں تم سے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے اور خدا بڑا علم والا اور حکمت والا ہے (58)

- 1۔حکم ماننا 2۔انکار کروگے
- بادشاہ
- مضبوط اور دیرپا
- اللہ کا حکم ماننا
- بُرے اعمال والے، کافر، مشرک
- چھا جانا، فتح حاصل کر لینا
- جگہ، آخیر
- 1۔بالغ ہونا 2۔تین اوقات میں
- دانائی، عقل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النُّوْرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ النُّوْرِ

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿59﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ
غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿60﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ
بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ
اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ
لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿61﴾ ع

اور جب تمہارے لڑکے بالغ ہو جائیں تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینی چاہیے، جس طرح ان سے اگلے (یعنی بڑے آدمی) اجازت حاصل کرتے رہے ہیں اس طرح خدا تم سے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا
ہے اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (59)
اور بڑی عمر کی عورتیں جن کو نکاح کی توقع نہیں رہی اور وہ کپڑے اُتار لیا کریں تو ان پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ اپنی زینت کی چیزیں نہ ظاہر کریں اور اگر اس سے بھی بچیں تو یہ ان کے حق میں بہتر ہے اور خدا سنتا جانتا ہے (60)
نہ تو اندھے پر کچھ گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر اور نہ بیمار پر اور نہ خود تم پر کہ اپنے گھروں سے کھانا کھاؤ یا اپنے باپوں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا اس گھر سے جس کی کُنجیاں تمہارے ہاتھ میں ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (اور اس کا بھی) تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھانا کھاؤ یا جُدا جُدا۔ اور جب گھروں میں جایا کرو تو اپنے (گھر والوں کو) سلام کیا کرو۔ (یہ) خدا کی طرف سے مبارک (اور) پاکیزہ (تحفہ) ہے۔ اس طرح خدا اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (61)

مشکل الفاظ کے معانی:
- توقع: اُمید
- زینت: سجاوٹ، خوبصورتی
- کُنجیاں: چابیاں
- جُدا جُدا: الگ الگ

حوالہ جات:
- تشابہ، عمران: 7

حوالہ جات	سُوْرَةُ النُّوْرِ ، سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ
الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ
شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿62﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ
بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ
تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿63﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ
وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿64﴾

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ﴿1﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿2﴾

مومن تو وہی ہیں جو خدا پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے اور جب کبھی ایسے کام کے لئے جو جمع ہو کر کرنے کا ہو، پیغمبرؐ خدا کے پاس جمع ہوں تو ان سے اجازت لئے بغیر چلے نہیں جاتے۔ اے پیغمبرؐ جو لوگ تم سے اجازت حاصل کرتے ہیں وہی خدا پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھتے ہیں۔ سو جب یہ لوگ تم سے کسی کام کے لئے اجازت مانگا کریں تو ان میں سے جسے چاہا کرو اجازت دے دیا کرو اور ان کے لئے خدا سے بخشش مانگا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا بخشنے والا مہربان ہے (62) مومنو! پیغمبرؐ کے بلانے کو ایسا خیال نہ کرنا جیسا تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ بیشک خدا کو وہ لوگ معلوم ہیں جو تم میں سے آنکھ بچا کر چل دیتے ہیں تو جو لوگ ان کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں ان کو ڈرنا چاہیئے کہ (ایسا نہ ہو کہ) ان پر کوئی آفت پڑ جائے یا تکلیف دینے والا عذاب نازل ہو (63) دیکھو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، سب خدا ہی کا ہے۔ جس (طریق) پر تم ہو وہ اسے جانتا ہے اور جس روز لوگ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے تو جو عمل وہ (لوگ) کرتے رہے وہ ان کو بتا دے گا اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (64)

ترجمہ سورت فرقان

وہ (خدائے عزوجل) [1] بہت ہی بابرکت ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا، تاکہ اہل عالم [2] کو ہدایت کرے (1) وہی کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے اور جس نے (کسی کو) بیٹا نہیں بنایا اور جس کا بادشاہی میں کوئی شریک نہیں اور جس نے ہر چیز کو پیدا کیا، پھر اس کا ایک اندازہ ٹھہرایا (2)

مشکل الفاظ کے معانی

- بخشش: معافی
- آنکھ بچا کر: چالاکی سے چھپ کر
- آفت پڑ جائے: مصیبت نازل ہو
- طریق: طریقہ
- لوٹائے جائیں گے: واپس ہوں گے
- 1۔ عزت و مرتبہ ہونا 2۔ دنیا والے، جہان کے رہنے والے
- ہدایت کرے: سیدھے رستے کی نشاندہی کرے

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ
مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ③ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكُ ۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛ فَقَدْ
جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ④ وَقَالُوْۤا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ⑤ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ
يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑥ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ
وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ⑦ اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ
مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ⑧ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ⑨ تَبٰرَكَ الَّذِيْۤ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ
وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ⑩ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ⑪

اور (لوگوں نے) اس کے سوا اور معبود بنا لئے ہیں۔ جو کوئی چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے اور خود پیدا کئے گئے ہیں
اور نہ اپنے نقصان اور نفع کا کچھ اختیار رکھتے ہیں اور نہ مرنا ان کے اختیار میں ہے اور نہ جینا اور نہ مر کر اٹھ
کھڑے ہونا (3) اور کافر کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) من گھڑت باتیں ہیں، جو اس (مدعی رسالت) نے بنا لی
ہیں اور لوگوں نے اس میں اس کی مدد کی ہے۔ یہ لوگ (ایسا کہنے سے) ظلم اور جھوٹ پر (اُتر) آئے ہیں (4)
اور کہتے ہیں کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں جن کو اس نے لکھ رکھا ہے اور وہ صبح و شام اس کو پڑھ پڑھ کر سنائی
جاتی ہیں (5) کہہ دو کہ اُس نے اِس کو اُتارا ہے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے۔ بیشک وہ
بخشنے والا مہربان ہے (6) اور کہتے ہیں یہ کیسا پیغمبرؑ ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اس پر
کوئی فرشتہ کیوں نازل نہیں کیا گیا کہ اس کے ساتھ ہدایت کرنے کو رہتا؟ (7) یا اس کی طرف (آسمان سے)
خزانہ اُتارا جاتا یا اس کا کوئی باغ ہوتا کہ اس میں سے کھایا کرتا اور ظالم کہتے ہیں کہ تم تو ایک جادُو زدہ شخص کی
پیروی کرتے ہو (8) (اے پیغمبرؑ) دیکھو تو یہ تمہارے بارے میں کس کس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ سو
گمراہ ہو گئے اور رستہ نہیں پا سکتے (9) وہ (خدا) بہت بابرکت ہے جو اگر چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر
(چیزیں) بنا دے (یعنی) باغات جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں نیز تمہارے لئے محل بنا دے (10) بلکہ یہ تو
قیامت ہی کو جھٹلاتے ہیں اور ہم نے قیامت کے جھٹلانے والوں کے لئے دوزخ تیار کر رکھی ہے (11)

مشکل الفاظ کے معانی

سوا، معبود	1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
نفع، اختیار	1۔فائدہ 2۔کنٹرول،بس
من گھڑت، مدعی	1۔خود سے بنائی ہوئی 2۔دعویٰ کرنے والا
پوشیدہ	چھپی ہوئی
جادُو زدہ	جادو کئے گئے
پیروی	پیچھے چلنا
گمراہ	اصل راستہ چھوڑ دینا
نیز	مزید،اور

حوالہ جات

فرقان:20

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ	حوالہ جات

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ⑫ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ

ثُبُوْرًا ⑬ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ⑭ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ

الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ⑮ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا

مَّسْئُوْلًا ⑯ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا

السَّبِيْلَ ⑰ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ

حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًاۢ بُوْرًا ⑱ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ

وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ⑲ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ

وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ⑳ ع

جس وقت وہ ان کو دُور سے دیکھے گی (تو یہ) اس کے جوش (غضب) اور چیخنے چلانے کو سنیں گے (12) اور
جب یہ دوزخ کی کسی تنگ جگہ میں (زنجیروں میں) جکڑ کر ڈالے جائیں گے تو وہاں موت کو پکاریں گے
(13) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بہت سی موتوں کو پکارو (14) پوچھو کہ یہ بہتر ہے یا بہشت جاودانی، جس
کا پرہیزگاروں[1] سے وعدہ ہے؟ یہ ان (کے عملوں) کا بدلا[2] اور رہنے کا ٹھکانا[3] ہوگا (15) وہاں جو چاہیں گے ان
کے لئے (میسر[1]) ہوگا ہمیشہ اس میں رہیں گے یہ وعدہ خدا کو (پورا کرنا) لازم[2] ہے اور اس لائق[3] ہے کہ مانگ لیا
جائے (16) اور جس دن (خدا) ان کو اور ان کو جنہیں یہ خدا کے سوا پُوجتے ہیں جمع کرے گا تو فرمائے گا کیا
تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ خود گمراہ ہو گئے تھے؟ (17) وہ کہیں گے تُو پاک ہے۔ ہمیں یہ بات
شایاں نہ تھی کہ تیرے سوا اوروں کو دوست بناتے۔ لیکن تُو نے ہی ان کو اور ان کے باپ دادا کو برتنے کو نعمتیں
دیں، یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھول گئے اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے (18) تو (مشرکو) انہوں نے تو
تم کو تمہاری بات میں جھٹلا دیا پس (اب) تم (عذاب) نہ پھیر سکتے ہو، نہ کسی سے مدد لے سکتے ہو۔ اور جو
شخص تم میں سے ظلم کرے گا ہم اس کو بڑے عذاب کا مزا چکھائیں گے (19) اور ہم نے تم سے پہلے جتنے
پیغمبرؑ بھیجے ہیں سب کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے
لئے آزمائش بنایا ہے۔ کیا تم صبر کرو گے؟ اور تمہارا پروردگار تو دیکھنے والا ہے (20)

مشکل الفاظ کے معانی:

- غضب: غصہ کی انتہا
- جکڑ کر: باندھ کر، کس کر
- جاودانی: ہمیشہ رہنے کی
- 1۔ حکم ماننے والے 2۔ صلہ 3 جگہ
- 1۔ موجود، دستیاب 2۔ ضروری 3۔ قابل
- سوا پُوجتے ہیں: علاوہ پرستش کرتے ہیں
- شایاں: مناسب، موزوں
- نہ پھیر سکتے: ہٹا نہیں سکتے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفُرْقَان	حوالہ جات

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا
كَبِيْرًا ﴿21﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿22﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ
عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿23﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿24﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ
بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿25﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿26﴾ وَيَوْمَ
يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿27﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿28﴾ لَقَدْ
اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿29﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا
الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿30﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِىٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿31﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۛ كَذٰلِكَ ۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿32﴾

اور جولوگ ہم سے ملنے کی اُمید نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ ہم پر فرشتے کیوں نہ نازل کئے گئے یا ہم اپنی آنکھ سے اپنے
پروردگار کو دیکھ لیں؟ یہ اپنے خیال میں بڑائی رکھتے ہیں اور (اسی بنا پر) بڑے سرکش ہو رہے ہیں (21) جس دن
یہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن گنہگاروں کے لئے کوئی خوشی کی بات نہیں ہوگی اور کہیں گے (تم کسی طرح) روک لئے
(اور) بند کردیئے جاؤ (22) اور جو انہوں نے عمل کئے ہوں گے ہم ان کی طرف متوجہ ہوں گے تو ان کو اُڑتی خاک
کردیں گے (23) اس دن اہل جنت کا ٹھکانا بھی بہتر ہوگا اور مقام استراحت بھی عمدہ ہوگا (24) اور جس دن
آسمان ابر کے ساتھ پھٹ جائے گا اور فرشتے نازل کئے جائیں گے (25) اس دن سچی بادشاہی خدا ہی کی ہوگی اور
وہ دن کافروں پر (سخت) مشکل ہوگا (26) اور جس دن ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا (اور کہے گا)
اے کاش! میں نے پیغمبرؑ کے ساتھ رستہ اختیار کیا ہوتا (27) ہائے شامت! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ
بنایا ہوتا (28) اس نے مجھ کو (کتاب) نصیحت کے میرے پاس آنے کے بعد بہکا دیا اور شیطان انسان کو وقت
پر دغا دینے والا ہے (29) اور پیغمبرؑ کہیں گے کہ اے پروردگار! میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا (30)
اور اسی طرح ہم نے گنہگاروں میں سے ہر پیغمبرؑ کا دشمن بنا دیا اور تمہارا پروردگار ہدایت دینے کو اور مدد کرنے
کو کافی ہے (31) اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہ اُتارا گیا؟ اس طرح (آہستہ آہستہ)
اس لئے (اُتارا گیا) کہ اس سے تمہارے دل کو قائم رکھیں اور ہم اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے ہیں (32)

1۔بڑاپن 2۔وجہ سے 2۔باغی،مشرک

ظالم،مشرک

اُڑتی ہوئی دھول یعنی بیکار چیز

1۔آرام کی جگہ 2۔نہایت اچھی

بادل

1۔افسوس کا کلمہ 2۔ہائے عملوں کی سزا، بدقسمتی

1۔راہبری، راہنمائی 2۔ورغلا پھسلا

دھوکہ، فریب

نازل کیا گیا

رُک رُک کر

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿33﴾ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ
مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿34﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿35﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿36﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿37﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًاۢ بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿38﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا
تَتْبِيْرًا ﴿39﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿40﴾ وَاِذَا
رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿41﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ
وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿42﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ
وَكِيْلًا ﴿43﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿44﴾

اور (مزید اس لئے کہ) یہ لوگ تمہارے پاس جو (اعتراض کی) بات لاتے ہیں (تو) ہم تمہارے پاس اس کا معقول
اور خوب مشرح جواب بھیج دیتے ہیں (33) جو لوگ اپنے مونھوں کے بل دوزخ کی طرف جمع کئے جائیں گے،
ان کا ٹھکانا بھی بُرا ہے اور وہ رستے سے بھی بہکے ہوئے ہیں (34) اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی اور ان کے بھائی
ہارونؑ کو مددگار بنا کر ان کے ساتھ کیا (35) اور کہا کہ دونوں ان کے پاس جاؤ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کی
تکذیب کی (جب تکذیب پر اڑے رہے) تو ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا (36) اور نوحؑ کی قوم نے بھی جب
پیغمبروںؑ کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر ڈالا اور لوگوں کے لئے نشانی بنا دیا اور ظالموں کے لئے ہم نے دُکھ دینے
والا عذاب تیار کر رکھا ہے (37) اور عاد اور ثمود اور کنوئیں والوں اور ان کے درمیان اور بہت سی جماعتوں کو بھی
(ہلاک کر ڈالا) (38) اور سب کے (سمجھانے کے لئے) ہم نے مثالیں بیان کیں اور (نہ ماننے پر) سب کا
تہس نہس کر دیا (39) اور یہ کافر اس بستی پر بھی گزر چکے ہیں، جس پر بُری طرح سے مینہ برسایا گیا تھا۔ کیا وہ اس کو
دیکھتے نہ ہوں گے؟ بلکہ ان کو تو (مرنے کے بعد) جی اُٹھنے کی اُمید ہی نہیں تھی (40) اور یہ لوگ جب تم کو دیکھتے
ہیں تو تمہاری ہنسی اُڑاتے ہیں کہ کیا یہی شخص ہے جس کو خدا نے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے؟ (41) اگر ہم اپنے معبودوں کے
بارے میں ثابت قدم نہ رہتے تو یہ ضرور ان سے ہم کو بہکا دیتا (اور ان سے پھیر دیتا) اور یہ عنقریب معلوم کر لیں گے جب
عذاب دیکھیں گے کہ سیدھے رستے سے کون بھٹکا ہوا ہے (42) کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش نفس
کو معبود بنا رکھا ہے؟ تو کیا تم اس پر نگہبان ہو سکتے ہو؟ (43) یا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ان میں اکثر
سنتے یا سمجھتے ہیں؟ (نہیں) یہ تو چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں (44)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مناسب، ٹھیک
- تفصیل سے، واضع
- بھٹکے، بھولے
- 1۔انکار کیا 2۔ڈٹے رہے
- ڈبو دیا
- 1۔تباہ و برباد 2۔آبادی
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔جمے رہنا یا قائم رہنا 2۔ورغلا دیتا
- دُنیاوی خواہشات
- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔نگران 3۔زیادہ تر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿45﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا
قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿46﴾ وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿47﴾ وَهُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ
بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿48﴾ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا
وَّاَنَاسِىَّ كَثِيْرًا ﴿49﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿50﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِىْ كُلِّ قَرْيَةٍ
نَّذِيْرًا ﴿51﴾ ۖ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿52﴾ وَهُوَ الَّذِىْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ
اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿53﴾ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۗ وَكَانَ
رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿54﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿55﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ
اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿56﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿57﴾

بلکہ تم نے اپنے پروردگار (کی قدرت[1]) کو نہیں دیکھا کہ وہ سائے کو کس طرح دراز[2] کر (کے پھیلا) دیتا ہے
اور اگر وہ چاہتا تو اس کو (بے حرکت) ٹھہرا رکھتا پھر سورج کو اس کا رہنما بنا دیتا ہے (45) پھر ہم اس کو آہستہ آہستہ اپنی
طرف سمیٹ لیتے ہیں (46) اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پردہ اور نیند کو آرام بنایا اور دن کو اُٹھ
کھڑے ہونے کا وقت ٹھہرایا (47) اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت کے (مینہ کے) آگے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا
ہے اور ہم آسمان سے پاک (اور نتھرا ہوا[1]) پانی برساتے ہیں (48) تاکہ اس سے شہر مُردہ (یعنی زمین افتادہ[2]) کو
زندہ کر دیں اور پھر ہم اسے بہت سے چوپایوں اور آدمیوں کو جو ہم نے پیدا کئے ہیں پلاتے ہیں (49) اور ہم نے
اس (قرآن کی آیتوں) کو طرح طرح کے لوگوں میں بیان کیا، تاکہ نصیحت پکڑیں۔ مگر بہت سے لوگوں نے انکار
کے سوا[1] قبول نہ کیا (50) اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی[2] میں ڈرانے والا بھیج دیتے (51) تو تم کافروں کا کہا نہ مانو اور
ان سے اس (قرآن) کے حکم کے مطابق بڑے شدومد سے لڑو (52) اور وہی تو ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا دیا۔
ایک کا پانی شیریں[1] ہے، پیاس بجھانے والا اور دوسرے کا کھاری[2]، چھاتی جلانے والا اور دونوں کے درمیان ایک
آڑ[1] اور مضبوط اوٹ[2] بنا دی (53) اور وہی تو ہے، جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا پھر اس کو صاحب نسب[3] اور
صاحب قرابت دامادی[1] بنایا اور تمہارا پروردگار (ہر طرح کی) قدرت[2] رکھتا ہے (54) اور یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر ایسی
چیز کی پرستش[1] کرتے ہیں کہ جو نہ ان کو فائدہ پہنچا سکے اور نہ ضرر[2]۔ اور کافر اپنے پروردگار کی مخالفت میں بڑا زور مارتا
ہے (55) اور ہم نے (اے محمدؐ) تم کو صرف خوشی اور عذاب کی خبر سنانے کو بھیجا ہے (56) کہہ دو کہ میں تم سے اس
(کام) کی اُجرت نہیں مانگتا۔ ہاں جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی طرف (جانے کا) رستہ اختیار کر لے (57)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔طاقت،صلاحیت 2۔لمبا
- آگے چلنے والا
- اکٹھا کر لیتے ہیں
- 1۔صاف 2۔ناکارہ
- حاصل کریں
- 1۔علاوہ 2۔آبادی
- زوروشور
- 1۔میٹھا 2۔نمک والا
- 1۔حدبندی 2۔رکاوٹ 3۔سلسلہ خاندان
- 1۔رشتوں ناطوں والا 2۔طاقت
- 1۔پوجا 2۔نقصان
- معاوضہ،صلہ

حوالہ جات

- قصص: 71 تا 73

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ	حوالہ جات

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۚۛ ﴿58﴾ ۨ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۛۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿59﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا
لِلرَّحْمٰنِ ۚ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۩ ﴿60﴾ تَبٰرَكَ الَّذِىْ جَعَلَ فِى السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ
فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿61﴾ وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿62﴾ وَعِبَادُ
الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿63﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا
وَّقِيَامًا ﴿64﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖۗ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖۗ ﴿65﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا
وَّمُقَامًا ﴿66﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿67﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ
وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۙ ﴿68﴾

اور اس (خدائے) زندہ پر بھروسہ رکھو، جو (کبھی) نہیں مرے گا اور اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو اور وہ
اپنے بندوں کے گناہوں سے خبر رکھنے کو کافی ہے (58) جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے
درمیان ہے، چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہ (جس کا نام) رحمٰن (بھی) ہے تو اس کا حال کسی باخبر سے
دریافت کرلو (59) اور جب ان (کفار) سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا؟ کیا جس کے
لئے تم ہم سے کہتے ہو ہم اس کے آگے سجدہ کریں اور اس سے بدکتے ہیں (60) اور (خدا) بڑی برکت والا ہے
جس نے آسمانوں میں بُرج بنائے اور ان میں (آفتاب کا نہایت روشن) چراغ اور چمکتا ہوا چاند بھی بنایا (61)
اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے (جانے) والا بنایا (یہ باتیں) اس شخص کے لئے
جو غور کرنا چاہے یا شکر گزاری کا ارادہ کرے (سوچنے اور سمجھنے کی ہیں) (62) اور خدا کے بندے تو وہ ہیں جو زمین
پر آہستگی سے چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ ان سے (جاہلانہ) گفتگو کرتے ہیں تو سلام کہتے ہیں (63) اور وہ جو
اپنے پروردگار کے آگے سجدہ کر کے اور (عجز و ادب سے) کھڑے رہ کر راتیں بسر کرتے ہیں (64) اور وہ جو دعا
مانگتے ہیں کہ اے پروردگار! دوزخ کے عذاب کو ہم سے دُور رکھیو کہ اس کا عذاب بڑی تکلیف کی چیز ہے (65)
(اور) دوزخ ٹھہرنے اور رہنے کی بہت بُری جگہ ہے (66) اور وہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا اُڑاتے ہیں اور
نہ وہ تنگی کو کام میں لاتے ہیں بلکہ اعتدال کے ساتھ، نہ ضرورت سے زیادہ نہ کم (67) اور وہ جو خدا کے ساتھ کسی
اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کا مارڈالنا خدا نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی
حکم خدا ہی کے مطابق) اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہوگا (68)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ذکر
- اللہ کا تخت
- جانوروں کا اُچھلنا یا بھاگنا یا کُودنا
- 1۔محراب، ڈاٹ 2۔سورج 3۔بہت زیادہ
- بے عقل، بے وقوف
- 1۔غرور کا اُلٹ 2۔راتیں گزارتے ہیں
- رکھنا
- فضول
- 1۔کنجوسی 2۔درمیانی درجہ
- جس کا شرعی حکم مانا جائے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ ، سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿69﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ
يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿70﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ
مَتَابًا ﴿71﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿72﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ
يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿73﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا
لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿74﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿75﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ
مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿76﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿77﴾

طٰسٓمّٓ ﴿1﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿3﴾ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ
مِّنَ السَّمَاۗءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿4﴾

قیامت کے دن اس کو دُونا عذاب ہوگا اور ذلت و خواری سے اس میں ہمیشہ رہے گا (69) مگر جس نے توبہ کی اور — 1۔دُگنا 2۔رسوائی 3۔پریشانی
ایمان لایا اور اچھے کام کئے تو ایسے لوگوں کے گناہوں کو خدا نیکیوں سے بدل دے گا اور خدا تو بخشنے والا مہربان ہے (70)
اور جو توبہ کرتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو بیشک وہ خدا کی طرف رجوع کرتا ہے (71) اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں — توجہ، جھکاؤ
دیتے اور جب ان کو بیہودہ چیزوں کے پاس سے گزرنے کا اتفاق ہو تو بزرگانہ انداز سے گزرتے ہیں (72) اور وہ — 1۔نامناسب 2۔بڑوں کی طرح
کہ جب ان کو پروردگار کی باتیں سمجھائی جاتی ہیں تو ان پر اندھے اور بہرے ہو کر نہیں گرتے (بلکہ غور سے سنتے
ہیں) (73) اور وہ جو (خدا سے) دعا مانگتے ہیں کہ اے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی
طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا (74) ان (صفات کے) لوگوں کو ان کے صبر — 1۔خوشگوار احساس، تسکین 2۔پیشوا، رہبر 3۔خوبیوں
کے بدلے اونچے اونچے محل دیئے جائیں گے اور فرشتے ان سے دعا و سلام کے ساتھ ملاقات کریں گے (75) اس
میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ ٹھہرنے اور رہنے کی بہت ہی عمدہ جگہ ہے (76) کہہ دو کہ اگر تم (خدا کو) نہیں پکارتے تو — نہایت اچھی
میرا پروردگار بھی تمہاری کچھ پروا نہیں کرتا۔ تم نے تکذیب کی ہے سو اس کی سزا (تمہارے لئے) لازم ہوگی (77) — جھٹلایا

ترجمہ سورت شعراء

طٰسٓمّٓ (1) یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں (2) (اے پیغمبرؐ) شاید تم اس (رنج) سے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے اپنے تئیں — 1۔غم، دُکھ 2۔اپنے آپ کو — (متشابہ، عمران:7)
ہلاک کر دو گے (3) اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے نشانی اُتار دیں پھر ان کی گردنیں اس کے آگے جُھک جائیں (4) — اس کو تسلیم کرلیں یا مان لیں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات
	وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ⑤ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ	
	يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑥ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ⑦ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ	
	مُّؤْمِنِيْنَ ⑧ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑨ وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑩ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا	
	يَتَّقُوْنَ ⑪ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ⑫ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ⑬ وَلَهُمْ عَلَيَّ	
	ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ⑭ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ⑮ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑯ اَنْ	
	اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ⑰ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ⑱ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ	
	فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ⑲ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ⑳ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا	
	وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ㉑ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ㉒ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ㉓	
مُنکر ہوجانا	اوران کے پاس (خدائے) رحمٰن کی طرف سے کوئی نصیحت نہیں آتی مگر یہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں (5) سو یہ تو جھٹلا چکے اب ان کو اس چیز کی حقیقت معلوم ہوگی، جس کی ہنسی اُڑاتے تھے (6) کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں	
قیمتی، عمدہ	دیکھا کہ ہم نے اس میں ہر قسم کی کتنی نفیس چیزیں اُگائی ہیں (7) کچھ شک نہیں کہ اس میں (ایمان والوں کے لئے) نشانی ہے۔ مگر یہ اکثر ایمان (لانے) والے نہیں ہیں (8) اور تمہارا پروردگار غالب (اور) مہربان ہے (9) اور جب تمہارے پروردگار نے موسیٰؑ کو پکارا کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ (10) (یعنی) قوم فرعون کے پاس، کیا یہ ڈرتے نہیں؟ (11) انہوں نے کہا کہ میرے پروردگار میں ڈرتا ہوں کہ یہ مجھے جھوٹا سمجھیں (12) اور میرا دل تنگ ہوتا ہے اور میری زبان رُکتی ہے تو ہارونؑ کو حکم بھیج کہ میرے ساتھ چلیں (13) اوران لوگوں کا مجھ پر	
کسی بھی صورت	ایک گناہ (یعنی خون کا دعویٰ) بھی ہے سو مجھے یہ خوف ہے کہ مجھ کو مار ہی ڈالیں (14) فرمایا ہرگز نہیں تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں (15) تو دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تمام جہان کے مالک کے بھیجے ہوئے ہیں (16) (اور اس لئے آئے ہیں) کہ آپ اولادِ اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے	قصص: 33
پالا پوسا نہیں	کی اجازت دیں (17) (فرعون نے موسیٰؑ سے) کہا کیا ہم نے تم کو کہ ابھی بچے تھے پرورش نہیں کیا اور تم نے برسوں ہمارے ہاں عمر بسر (نہیں) کی؟ (18) اور تم نے ایک اور کام کیا تھا جو کیا اور تم ناشکرے معلوم ہوتے ہو (19) (موسیٰؑ	
1۔غلط کام 2۔اچانک 3۔واقع ہوگئی 4۔غلطی والوں	نے) کہا کہ (ہاں) وہ حرکت[1] مجھ سے ناگہاں[2] سرزد[3] ہوئی تھی اور میں خطا کاروں[4] میں تھا (20) تو جب مجھے تم سے ڈر لگا تو میں تم میں سے بھاگ گیا پھر خدا نے مجھے نبوت و علم بخشا اور مجھے پیغمبروںؑ میں سے کیا (21) اور (کیا) یہی احسان ہے جو	
انکی آزادی لے رکھی ہے یا قید کر رکھا ہے یا نوکر بنا کر رکھا ہوا ہے	آپ مجھ پر رکھتے ہیں کہ آپ نے اولادِ اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے؟ (22) فرعون نے کہا کہ تمام جہان کا مالک کیا؟ (23)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿24﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗۤ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿25﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿26﴾ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿27﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ
تَعْقِلُوْنَ ﴿28﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿29﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿30﴾ قَالَ فَاْتِ
بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿32﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿33﴾ قَالَ
لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿34﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿35﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ
وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿36﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿37﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿38﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ
هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿39﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿40﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ
كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿41﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿42﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿43﴾

کہا کہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک بشرطیکہ تم لوگوں کو یقین ہو (24) فرعون نے
اپنے اہالی موالی سے کہا کہ کیا تم سنتے نہیں ہو؟ (25) (موسیٰؑ نے کہا) کہ تمہارا اور تمہارے باپ دادا کا مالک
(26) (فرعون نے) کہا کہ (یہ) پیغمبرؑ جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے دیوانہ ہے (27) (موسیٰؑ نے) کہا کہ
مشرق اور مغرب اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک، بشرطیکہ تم کو سمجھ ہو (28) (فرعون نے) کہا کہ اگر تم نے
میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قید کردوں گا (29) (موسیٰؑ نے) کہا خواہ میں آپ کے پاس روشن چیز
لاؤں (یعنی معجزہ؟) (30) (فرعون نے) کہا اگر سچے ہو تو اسے لاؤ (دکھاؤ) (31) پس انہوں نے اپنی لاٹھی ڈالی
تو وہ اسی وقت صریح اژدہا بن گئی (32) اور اپنا ہاتھ نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کو سفید (نظر آنے لگا) (33)
(فرعون نے) اپنے گرد کے سرداروں سے کہا یہ کامل فن جادوگر ہے (34) چاہتا ہے کہ تم کو اپنے جادو (کے زور)
سے تمہارے ملک سے نکال دے تو تمہاری کیا رائے ہے؟ (35) انہوں نے کہا کہ اسکے اور اس کے بھائی (کے
بارے) میں کچھ توقف کیجئے اور شہروں میں ہرکارے بھیج دیجئے (36) کہ سب ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس
لے آئیں (37) تو جادوگر ایک مقررہ دن کی میعاد پر جمع ہوگئے (38) اور لوگوں سے کہہ دیا گیا کہ تم کو (بھی)
اکٹھے ہو جانا چاہئے (39) تاکہ اگر جادوگر غالب رہیں تو ہم ان کے پیرو ہو جائیں (40) جب جادوگر آگئے
تو فرعون سے کہنے لگے کہ اگر ہم غالب رہے تو ہمیں صلہ بھی عطا ہو گا؟ (41) فرعون نے کہا ہاں اور تم
مقربوں میں بھی داخل کر لئے جاؤ گے (42) موسیٰؑ نے ان سے کہا کہ جو چیز ڈالنی چاہتے ہو ڈالو (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مگر شرط یہ ہے کہ
- مصاحبین، نوکر چاکر
- پاگل
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔بھلے، چاہے
- 1۔انہونی بات، چمتکار 2۔ڈنڈا
- 1۔صاف بڑا سانپ 2۔اُسی وقت
- 1۔آس پاس 2۔پکے ہُنر والا، علامہ
- 1۔دیر، تاخیر 2۔پیغام پہنچانے والے
- عرصہ، وقت
- 1۔جیت جائیں 2۔مرید، پیچھے چلنا
- 1۔انعام 2۔دیا جائے گا یا ملے گا
- خاص قریبی لوگ

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ (44) فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ (45) فَاُلْقِىَ
السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ (46) قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (47) رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ (48) قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ
الَّذِىْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ (49) قَالُوْا لَا
ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ (50) اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ (51) وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ
بِعِبَادِىْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ (52) فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ (53) اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ (54) وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ (55)
وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ (56) فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ (57) وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ (58) كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ (59)
فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ (60) فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ (61) قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِىَ رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ (62)
فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ (63) وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ (64)

تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہنے لگے کہ فرعون کے اقبال کی قسم! ہم ضرور غالب رہیں گے (44)
پھر موسیٰؑ نے اپنی لاٹھی ڈالی، تو وہ ان چیزوں کو جو جادوگروں نے بنائی تھیں، یکایک نگلنے لگی (45) تب جادوگر
سجدے میں گر پڑے (46) (اور) کہنے لگے کہ ہم تمام جہان کے مالک پر ایمان لائے (47) جو موسیٰؑ اور ہارونؑ
کا مالک ہے (48) (فرعون نے) کہا کیا اس سے پہلے کہ میں تم کو اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے بیشک یہ
تمہارا بڑا ہے، جس نے تم کو جادو سکھایا ہے۔ سو عنقریب تم (اس کا انجام) معلوم کرلو گے کہ میں تمہارے ہاتھ اور
پاؤں اطراف مخالف سے کٹوادوں گا اور تم سب کو سُولی چڑھوادوں گا (49) انہوں نے کہا کچھ نقصان (کی بات)
نہیں ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (50) ہمیں اُمید ہے کہ ہمارا پروردگار ہمارے گناہ بخش
دے گا۔ اس لئے کہ ہم اول ایمان لانے والوں میں ہیں (51) اور ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے
بندوں کو رات کو لے کے نکلو کہ (فرعون کی طرف سے) تمہارا تعاقب کیا جائے گا (52) تو فرعون نے شہروں میں
نقیب روانہ کئے (53) (اور کہا) کہ یہ لوگ تھوڑی سی جماعت ہے (54) اور یہ ہمیں غصہ دلا رہے ہیں (55)
اور ہم سب باساز وسامان ہیں (56) تو ہم نے ان کو باغوں اور چشموں سے نکال دیا (57) اور خزانوں اور نفیس
مکانات سے (58) (ان کے ساتھ ہم نے) اس طرح (کیا) اور ان چیزوں کا وارث اولادِ اسرائیل کو کردیا (59) تو
انہوں نے سورج نکلتے (یعنی صبح کو) ان کا تعاقب کیا (60) جب دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں تو موسیٰؑ
کے ساتھی کہنے لگے کہ ہم تو پکڑ لئے گئے (61) (موسیٰؑ نے) کہا ہرگز نہیں میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ
مجھے رستہ بتائے گا (62) اس وقت ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی دریا پر مارو تو دریا پھٹ گیا اور
ہر ایک ٹکڑا (یوں) ہو گیا (کہ) گویا بڑا پہاڑ (ہے) (63) اور دوسروں کو وہاں ہم نے قریب کردیا (64)

مشکل الفاظ کے معانی:
- اقبال / غالب: 1۔ بلند مرتبے 2۔ فتحیاب ہونا
- یکایک / نگلنے لگی: 1۔ فوراً 2۔ ہڑپ کرنا
- انجام: نتیجہ، آخر
- اطراف / سُولی: 1۔ سمتوں 2۔ پھانسی
- اول: سب سے پہلے
- تعاقب: پیچھا
- نقیب: اعلان کرنے والے
- نفیس: قیمتی، عمدہ
- وارث: مالک
- تعاقب: پیچھا
- ہرگز: کسی بھی صورت
- گویا / قریب: 1۔ جیسے 2۔ پاس، نزدیک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات

وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿65﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿66﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾ وَاِنَّ
رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿68﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ
لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿71﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿72﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿73﴾ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ
يَفْعَلُوْنَ ﴿74﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿75﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿76﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿77﴾ الَّذِيْ
خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿78﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿79﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿80﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ
يُحْيِيْنِ ﴿81﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿82﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿83﴾ وَاجْعَلْ
لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿84﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿85﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ﴿86﴾ وَلَا
تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿87﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿88﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿89﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿90﴾

اور موسیٰؑ اور ان کے سب ساتھ والوں کو تو بچا لیا (65) پھر دوسروں کو ڈبو دیا (66) بیشک اس میں نشانی ہے لیکن
یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں (67) اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے (68) اور ان کو ابراہیمؑ کا
حال پڑھ کر سنا دو (69) جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ تم کس چیز کو پُوجتے ہو؟ (70)
وہ کہنے لگے ہم بتوں کو پُوجتے ہیں اور ان کی پُوجا پر قائم ہیں (71) ابراہیمؑ نے کہا کہ جب تم ان کو پکارتے ہو تو
کیا وہ تمہاری آواز کو سنتے ہیں؟ (72) یا تمہیں کچھ فائدہ دے سکتے یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ (73) انہوں نے کہا
(نہیں) بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے (74) ابراہیمؑ نے کہا کہ تم نے دیکھا کہ جن
کو تم پُوجتے رہے ہو (75) تم بھی اور تمہارے اگلے باپ دادا بھی (76) وہ میرے دشمن ہیں؟ لیکن خدائے
رب العالمین (میرا دوست ہے) (77) جس نے مجھے پیدا کیا اور وہی مجھے رستہ دکھاتا ہے (78) اور وہی
مجھے کھلاتا پلاتا ہے (79) اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا بخشتا ہے (80) اور وہ جو مجھے مارے گا (اور)
پھر زندہ کرے گا (81) اور وہ جس سے میں اُمید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشے گا (82) اے
پروردگار! مجھے علم و دانش عطا فرما اور نیکوکاروں میں شامل کر (83) اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر نیک (جاری)
کر (84) اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر (85) اور میرے باپ کو بخش دے کہ وہ گمراہوں میں
سے ہے (86) اور جس دن لوگ اٹھا کھڑے کئے جائیں گے مجھے رُسوا نہ کیجیو (87) جس دن نہ مال ہی
کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے (88) ہاں جو شخص خدا کے پاس پاک دل لے کر آیا (اس کے لئے
انعامات ہیں) (89) اور بہشت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گی (90)

مشکل الفاظ کے معانی:
- اکثر: زیادہ تر لوگ
- پُوجتے ہو: پرستش کرتے ہو یعنی شرعی حکم مانتے ہو
- قائم ہیں: پکے ہیں
- رب العالمین: جہانوں کا رب
- شفا: تندرستی، صحت یابی
- دانش: عقل
- وارثوں: مالکوں
- رُسوا نہ کیجیو: بے عزت نہ کیجئے گا

حوالہ جات:
آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿91﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿92﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿93﴾ فَكُبْكِبُوْا
فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿94﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿95﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿96﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿97﴾ اِذْ
نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿98﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿99﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿100﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿101﴾ فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿102﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿103﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿104﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ
اِۨلْمُرْسَلِيْنَ ﴿105﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿106﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿107﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿108﴾ وَمَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ
مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿109﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿110﴾ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿111﴾ قَالَ وَمَا
عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿112﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰي رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿113﴾ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿114﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ ﴿115﴾ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿116﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿117﴾

اوردوزخ گمراہوں کے سامنے لائی جائے گی (91) اوران سے کہا جائے گا کہ جن کوتم پُوجتے تھے وہ کہاں
ہیں؟ (92) (یعنی جن کو) خدا کے سوا (پُوجتے تھے) کیا وہ تمہاری مدد کرسکتے ہیں؟ یا خود بدلا لے سکتے ہیں؟ (93)
تو وہ اور گمراہ (یعنی مشرک اور شریک دونوں) اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے (94)
اور شیطان کے لشکر سب کے سب (داخل جہنم ہوں گے) (95) (وہاں) وہ آپس میں جھگڑیں گے اور کہیں
گے (96) کہ خدا کی قسم! ہم تو صریح گمراہی میں تھے (97) جبکہ تمہیں (خدائے) رب العالمین کے برابر
ٹھہراتے تھے (98) اور ہم کو ان گنہگاروں ہی نے گمراہ کیا تھا (99) تو (آج) نہ کوئی ہمارا سفارش کرنے
والا ہے (100) اور نہ گرم جوش دوست (101) کاش ہمیں (دنیا میں) پھر جانا ہو تو ہم مومنوں میں ہو
جائیں (102) بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں (103) اور تمہارا
پروردگار تو غالب اور مہربان ہے (104) قوم نوحؑ نے بھی پیغمبروںؑ کو جھٹلایا (105) جب ان سے ان
کے بھائی نوحؑ نے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ (106) میں تو تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں (107) تو خدا سے ڈرو
اور میرا کہا مانو (108) اور میں اس کام کا تم سے کچھ صلہ نہیں مانگتا، میرا صلہ تو رب العالمین ہی پر ہے (109)
تو خدا سے ڈرو اور میرے کہنے پر چلو (110) وہ بولے کہ کیا ہم تم کو مان لیں اور تمہارے پیرو تو رذیل لوگ
ہوتے ہیں (111) (نوحؑ نے) کہا مجھے کیا معلوم کہ وہ کیا کرتے ہیں؟ (112) ان کا حساب (اعمال)
میرے پروردگار کے ذمے ہے کاش تم سمجھو (113) اور میں مومنوں کو نکال دینے والا نہیں ہوں (114)
میں تو صرف کھول کھول کر نصیحت کرنے والا ہوں (115) انہوں نے کہا کہ نوحؑ اگر تم باز نہ آؤ گے تو سنگسار
کر دیئے جاؤ گے (116) نوحؑ نے کہا کہ پروردگار میری قوم نے تو مجھے جھٹلا دیا (117)

مشکل الفاظ کے معانی:

- پرستش کرتے تھے
- 1۔علاوہ 2۔انتقام
- منہ یا پیٹ کے بل
- فوج
- 1۔صاف،سیدھی سیدھی 2۔جہانوں کا رب
- افسوس کا کلمہ
- زیادہ تر
- معاوضہ،بدلا،اجرت
- 1۔پیچھے چلنے والے 2۔گھٹیا
- دور کرنے والا
- پتھر مار مار کر مار دینا

حوالہ جات:

شعراء:92،93،مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات

فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿119﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ
الْبَاقِيْنَ ﴿120﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿121﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿122﴾ كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿125﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿126﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ
اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿127﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿128﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿129﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ
بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿130﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿131﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿132﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿133﴾ وَجَنّٰتٍ
وَّعُيُوْنٍ ﴿134﴾ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿135﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿136﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا
خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿137﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿138﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿139﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ
لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿140﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿141﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿142﴾

سو تُو میرے اور ان کے درمیان ایک کُھلا فیصلہ کر دے اور مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں ان کو بچا لے (118) پس ہم
نے ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے ان کو بچا لیا (119) پھر اس کے بعد باقی لوگوں کو ڈبو دیا (120)
بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے (121) اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور)
مہربان ہے (122) عاد نے بھی پیغمبروںؑ کو جھٹلایا (123) جب ان سے ان کے بھائی ہودؑ نے کہا کیا تم ڈرتے
نہیں؟ (124) میں تو تمہارا امانت دار پیغمبرؑ ہوں (125) تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو (126) اور میں اس کا
تم سے کچھ بدلا نہیں مانگتا میرا بدلا (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے (127) بھلا تم جو ہر اونچی جگہ پر نشان
تعمیر کرتے ہو (128) اور محل بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے (129) اور جب تم (کسی کو) پکڑتے ہو تو ظالمانہ
پکڑتے ہو (130) تو خدا سے ڈرو اور میری اطاعت کرو (131) اور اس سے جس نے تم کو ان چیزوں سے مدد
دی جن کو تم جانتے ہو ڈرو (132) اس نے تمہیں چارپایوں اور بیٹوں سے مدد دی (133) اور باغوں اور چشموں
سے (134) مجھ کو تمہارے بارے میں بڑے (سخت) دن کے عذاب کا خوف ہے (135) وہ کہنے لگے ہمیں خواہ
نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لئے یکساں ہے (136) یہ تو اگلوں ہی کے طریق ہیں (137) اور ہم پر کوئی عذاب
نہیں آئے گا (138) تو انہوں نے ہودؑ کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں
اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے (139) اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے (140) اور قوم ثمود نے
بھی پیغمبروںؑ کو جھٹلایا (141) جب ان کو ان کے بھائی صالحؑ نے کہا تم ڈرتے کیوں نہیں؟ (142)

مشکل الفاظ کے معانی:
- اکثر: زیادہ تر
- بدلا / رب العالمین: 1۔معاوضہ، اجرت، صلہ 2۔جہانوں کا مالک یا رب
- تعمیر کرتے ہو: بناتے ہو
- اطاعت کرو: پیروی کرو
- خواہ: چاہے، بھلے، بیشک
- یکساں: برابر

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنِّیْ لَکُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿143﴾ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿144﴾ وَمَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿145﴾ اَتُتْرَکُوْنَ
فِیْ مَا ھٰھُنَآ اٰمِنِیْنَ ﴿146﴾ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿147﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُھَا ھَضِیْمٌ ﴿148﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا فٰرِھِیْنَ ﴿149﴾ فَاتَّقُوا
اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿150﴾ وَلَا تُطِیْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿151﴾ الَّذِیْنَ یُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿152﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ
الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿153﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰیَةٍ اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿154﴾ قَالَ ھٰذِہٖ نَاقَةٌ لَّھَا شِرْبٌ وَّلَکُمْ شِرْبُ یَوْمٍ
مَّعْلُوْمٍ ﴿155﴾ وَلَا تَمَسُّوْھَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَکُمْ عَذَابُ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿156﴾ فَعَقَرُوْھَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِیْنَ ﴿157﴾ فَاَخَذَھُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ
لَاٰیَةً ۭ وَمَا کَانَ اَکْثَرُھُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿158﴾ وَاِنَّ رَبَّکَ لَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿159﴾ کَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿160﴾ اِذْ قَالَ لَھُمْ اَخُوْھُمْ
لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿161﴾ اِنِّیْ لَکُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿162﴾ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿163﴾ وَمَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ ﴿164﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّکْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿165﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَکُمْ رَبُّکُمْ مِّنْ اَزْوَاجِکُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿166﴾

میں تو تمہارا امانت دار پیغمبرؑ ہوں (143) تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو (144) اور میں اس کا تم سے بدلا نہیں
مانگتا میرا بدلا (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے (145) کیا جو چیزیں (تمہیں یہاں میسر) ہیں ان میں تم
بے خوف چھوڑ دیئے جاؤ گے؟ (146) (یعنی) باغ اور چشمے (147) اور کھیتیاں اور کھجوریں جن کے خوشے
لطیف و نازک ہوتے ہیں (148) اور تکلف سے پہاڑوں میں تراش تراش کر گھر بناتے ہو (149) سو خدا سے
ڈرو اور میرے کہنے پر چلو (150) اور حد سے تجاوز کرنے والوں کی بات نہ مانو (151) جو ملک میں فساد کرتے
ہیں اور اصلاح نہیں کرتے (152) وہ کہنے لگے کہ تم تو جادو زدہ ہو (153) تم اور کچھ نہیں ہماری ہی طرح کے آدمی
ہو۔ اگر سچے ہو تو کوئی نشانی پیش کرو (154) (صالحؑ نے) کہا (دیکھو) یہ اونٹنی ہے (ایک روز) اس کی پانی پینے کی
باری ہے اور ایک معین روز تمہاری باری (155) اور اس کو کوئی تکلیف نہ دینا (نہیں تو) تم کو سخت عذاب آ پکڑے گا
(156) تو انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر نادم ہوئے (157) سو ان کو عذاب نے آن پکڑا بیشک اس
میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے (158) اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے
(159) (اور) قوم لوطؑ نے بھی پیغمبروںؑ کو جھٹلایا (160) جب ان سے ان کے بھائی لوطؑ نے کہا کہ تم کیوں
نہیں ڈرتے؟ (161) میں تو تمہارا امانت دار پیغمبرؑ ہوں (162) تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو (163) اور میں تم
سے اس (کام) کا بدلا نہیں مانگتا میرا بدلا (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے (164) کیا تم
اہل عالم میں سے لڑکوں پر مائل ہوتے ہو؟ (165) اور تمہارے پروردگار نے جو تمہارے لئے تمہاری
بیویاں پیدا کی ہیں ان کو چھوڑ دیتے ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ تم حد سے نکل جانے والے لوگ ہو (166)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔ جہانوں کا رب 2۔ ملی ہوئی، دستیاب

گچھے

1۔ نرم 2۔ بناوٹ

1۔ بڑھ جانا، خلاف ورزی کرنا 2۔ ظلم یا شرک

1۔ اعمال کی درستگی 2۔ کئے گئے

مقرر، طے شدہ

1۔ پاؤں یا قدم کاٹ دیئے 2۔ پچھتانا

زیادہ تر

صلہ، اُجرت، معاوضہ

1۔ دُنیا والوں 2۔ خواہش رکھتے ہو

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿167﴾ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿168﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿169﴾ فَنَجَّيْنٰهُ
وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿170﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿171﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿172﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿173﴾ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿174﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿175﴾ كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿176﴾ اِذْ
قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿177﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿178﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿179﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا
عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿180﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿181﴾ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿182﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ
اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿183﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿184﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ
الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿185﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿186﴾ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ﴿187﴾ قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿188﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿189﴾

وہ کہنے لگے کہ لوطؑ اگر تم باز نہ آؤ گے[1] تو شہر بدر[2] کر دیئے جاؤ گے (167) لوطؑ نے کہا میں تمہارے کام کا سخت
دشمن ہوں (168) اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کے کاموں (کے وبال[1] سے) نجات[2]
دے (169) سو ہم نے ان کو اور ان کے سب گھر والوں کو نجات دی (170) مگر ایک بڑھیا کہ پیچھے رہ گئی
(171) پھر ہم نے اوروں[1] کو ہلاک کر دیا (172) اور ان پر مینہ[2] برسایا سو جو مینہ ان (لوگوں) پر (برسا) جو
ڈرائے گئے بُرا تھا (173) بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے (174) اور تمہارا
پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے (175) اور بَن کے رہنے والوں نے بھی پیغمبروںؑ کو جھٹلایا (176) جب
ان سے شعیبؑ نے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ (177) میں تو تمہارا امانت دار پیغمبرؑ ہوں (178) تو خدا سے
ڈرو اور میرا کہا مانو (179) اور میں اس (کام) کا تم سے کچھ بدلا نہیں مانگتا میرا بدلا تو (خدائے) رب العالمین
کے ذمے ہے (180) (دیکھو) پیمانہ پورا بھرا کرو اور نقصان نہ کیا کرو (181) اور ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو
(182) اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور ملک میں فساد نہ کرتے پھرو (183) اور اس سے ڈرو جس نے تم
کو اور تم سے پہلی خلقت[1] کو پیدا کیا (184) وہ کہنے لگے کہ تم تو جادُو زدہ[2] ہو (185) اور تم اور کچھ نہیں، ہمارے
جیسے آدمی ہو اور ہمارا خیال ہے کہ تم جھوٹے ہو (186) اگر سچے ہو تو ہم پر آسمان سے ایک ٹکڑا لا کر گراؤ
(187) (شعیبؑ نے) کہا جو کام تم کرتے ہو میرا پروردگار اس سے خوب واقف ہے (188) تو ان لوگوں نے
ان کو جھٹلایا پس سائبان کے دن کے عذاب نے ان کو آ پکڑا۔ بیشک وہ بڑے (سخت) دن کا عذاب تھا (189)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ منع نہ ہوگے 2۔ شہر سے نکال دینا
- 1۔ مصیبت 2۔ رہائی، مخلصی
- 1۔ دوسروں 2۔ بارش
- زیادہ تر
- بناوٹ یا دکھاوا کرنے والوں
- جہانوں کا رب
- ناپ تول
- گمراہی، شرک، ظلم
- 1۔ مخلوق 2۔ کیئے گئے
- چھپّر، چھتری

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿190﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿191﴾ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِیْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿192﴾ نَزَلَ بِهِ
الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ ﴿193﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ ﴿194﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ ﴿195﴾ وَاِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿196﴾ اَوَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ اٰیَةً
اَنْ یَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ﴿197﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِیْنَ ﴿198﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَیْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِیْنَ ﴿199﴾ كَذٰلِكَ
سَلَكْنٰهُ فِیْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿200﴾ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ﴿201﴾ فَیَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿202﴾ فَیَقُوْلُوْا
هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿203﴾ اَفَبِعَذَابِنَا یَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿204﴾ اَفَرَءَیْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِیْنَ ﴿205﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿206﴾ مَآ اَغْنٰى
عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یُمَتَّعُوْنَ ﴿207﴾ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْیَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿208﴾ ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ﴿209﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ
الشَّیٰطِیْنُ ﴿210﴾ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهُمْ وَمَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ﴿211﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿212﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ
الْمُعَذَّبِیْنَ ﴿213﴾ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ ﴿214﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿215﴾

اس میں یقیناً نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے (190) اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور
مہربان ہے (191) اور یہ (قرآن خدائے) پروردگارِ عالم کا اُتارا ہوا ہے (192) اس کو امانت دار فرشتہ لے کر
اُترا ہے (193) (یعنی اس نے) تمہارے دل پر (القا) کیا ہے تاکہ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہو (194)
(اور القا بھی) فصیح عربی زبان میں (کیا ہے) (195) اس کی خبر پہلے پیغمبروں کی کتابوں میں (لکھی ہوئی)
ہے (196) کیا ان کے لئے یہ سند نہیں ہے کہ علمائے اولادِ اسرائیل اس (بات) کو جانتے ہیں؟ (197) اور اگر
ہم اس کو کسی غیر اہل زبان پر اُتارتے (198) اور وہ اسے ان (لوگوں) کو پڑھ کر سناتا تو یہ اسے (کبھی) نہ مانتے
(199) اسی طرح ہم نے انکار کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیا (200) وہ جب تک درد دینے والا عذاب نہ
دیکھ لیں گے اس کو نہیں مانیں گے (201) وہ ان پر ناگہاں آواقع ہوگا اور ان کو خبر بھی نہ ہوگی (202) اس وقت
کہیں گے۔ کیا ہمیں مہلت ملے گی؟ (203) تو کیا یہ ہمارے عذاب کو جلدی طلب کر رہے ہیں؟ (204)
بھلا دیکھو تو اگر ہم ان کو برسوں فائدے دیتے رہے (205) پھر ان پر وہ عذاب آواقع ہو جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا
ہے (206) تو جو فائدے یہ اٹھا رہے ہیں ان کے کس کام آئیں گے؟ (207) اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی
مگر اس کے لئے نصیحت کرنے والے (پہلے بھیج دیتے) تھے (208) (تاکہ) نصیحت (کر دیں) اور ہم ظالم نہیں
ہیں (209) اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نازل نہیں ہوئے (210) یہ کام نہ تو ان کو سزاوار ہے اور نہ وہ
اس کی طاقت رکھتے ہیں (211) وہ (آسمانی باتوں کے) سننے (کے مقامات سے) الگ کر دیئے گئے ہیں
(212) تو خدا کے سوا کسی اور معبود کو مت پکارنا ورنہ تم کو عذاب دیا جائے گا (213) اور اپنے قریب کے رشتہ
داروں کو ڈر سنا دو (214) اور جو مومن تمہارے پیرو ہو گئے ہیں ان سے بتواضع پیش آؤ (215)

حوالہ جات

- شوریٰ:51
- جن:8،9

مشکل الفاظ کے معانی

- زیادہ تر
- 1۔بھیجا ہوا ہے 2۔امانت میں خیانت نہ کرنے والا
- ڈالنا
- خوش بیان، شیریں کلام
- 1۔دلیل 2۔علم والے لوگ
- عربی کے علاوہ کوئی زبان والا
- اچانک
- 1۔مزید وقت 2۔مانگنا
- سالوں
- آبادی
- مستحق ہونا
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔پیچھے چلنے والے 2۔مہمان نوازی سے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ ، سُوْرَةُ النَّمل	حوالہ جات
	فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿216﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿217﴾ الَّذِیْ يَرٰىكَ حِيْنَ	
	تَقُوْمُ ﴿218﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِی السّٰجِدِيْنَ ﴿219﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿220﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿221﴾	
	تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿222﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿223﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿224﴾ اَلَمْ تَرَ	
	اَنَّهُمْ فِیْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿225﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿226﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	
	وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿227﴾	
	طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿1﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ	
	وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿3﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ	
	يَعْمَهُوْنَ ﴿4﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿5﴾	
1۔بات نہ مانیں 2۔کوئی واسطہ نہ رکھنا	پھر اگر لوگ تمہاری نافرمانی کریں تو کہہ دو کہ میں تمہارے اعمال سے بےتعلق ہوں (216) اور (خدائے	
	غالب اور مہربان پر بھروسہ رکھو (217) جو تم کو جب تم (نماز) کے وقت اٹھتے ہو دیکھتا ہے (218) اور	
	نمازیوں میں تمہارے پھرنے کو بھی (219) وہ بیشک سننے والا اور جاننے والا ہے (220) (اچھا) میں تمہیں	
بےتحقیق بات	بتاؤں کہ شیطان کس پر اُترتے ہیں؟ (221) ہر جھوٹے گنہگار پر اُترتے ہیں (222) جو سنی ہوئی بات	
زیادہ تر	(اس کے کان میں) لا ڈالتے ہیں اور وہ اکثر جھوٹے ہیں (223) اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ کیا	
	کرتے ہیں (224) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر وادی میں سر مارتے پھرتے ہیں (225) اور کہتے	قیامہ:32,31
	وہ ہیں جو کرتے نہیں (226) مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے اور خدا کو بہت یاد کرتے رہے	آئندہ حصوں میں دیکھئے
1۔اپنے پر 2۔بدلا لینا 3۔واپس	اور اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد انتقام لیا اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ کون سی جگہ لوٹ کر جاتے ہیں (227)	شوریٰ:42،41

ترجمہ سورت نمل

	طٰسٓ، یہ قرآن اور کتاب روشن کی آیتیں ہیں (1) مومنوں کے لئے ہدایت اور بشارت ہے (2)	متشابہ،عمران:7
	وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں (3) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں	
1۔سجادیئے ہیں 2۔آوارہ	رکھتے ہیں ہم نے ان کے اعمال ان کے لئے آراستہ کر دیئے ہیں تو وہ سرگرداں ہو رہے ہیں (4)	
	یہی لوگ ہیں جن کے لئے بڑا عذاب ہے اور آخرت میں بھی وہ بہت نقصان اٹھانے والے ہیں (5)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّمْلِ	حوالہ جات

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ⑥ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ
بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ⑦ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ⑧ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑨ وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ
يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۖ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ⑩ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑪
وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۖ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا
فٰسِقِيْنَ ⑫ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑬ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ⑭ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ⑮ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ⑯

اور تم کو قرآن (خدائے) حکیم و علیم کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے (6) جب موسیٰؑ نے اپنے گھر والوں
سے کہا کہ میں نے آگ دیکھی ہے میں وہاں سے (رستے کا) پتہ لاتا ہوں یا سُلگتا ہوا انگارہ تمہارے پاس لاتا
ہوں تاکہ تم تاپو (7) جب موسیٰؑ اس کے پاس آئے تو ندا آئی کہ وہ جو آگ میں (روشنی دکھاتا) ہے بابرکت
ہے اور وہ جو آگ کے اردگرد ہے اور خدا جو تمام عالم کا پروردگار ہے پاک ہے (8) اے موسیٰؑ میں ہی
خدائے غالب و دانا ہوں (9) اور اپنی لاٹھی ڈال دو جب اسے دیکھا تو (اس طرح) ہل رہی تھی گویا سانپ
ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا (حکم ہوا کہ) موسیٰؑ ڈرو مت ہمارے پاس پیغمبر ڈرا نہیں کرتے
(10) ہاں جس نے ظلم کیا پھر بُرائی کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں بخشنے والا مہربان ہوں (11) اور اپنا
ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو سفید نکلے گا بے عیب (ان دو معجزوں کے ساتھ جو) نو معجزوں میں (داخل ہیں)
فرعون اور اس کی قوم کے پاس جاؤ کہ وہ بدکردار لوگ ہیں (12) پھر جب ان کے پاس ہماری روشن نشانیاں
پہنچیں۔ کہنے لگے یہ صریح جادو ہے (13) اور بے انصافی اور غرور سے ان سے انکار کیا۔لیکن ان کے دل
ان کو مان چکے تھے سو دیکھ لو کہ فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا (14) اور ہم نے داؤدؑ اور سلیمانؑ
کو علم بخشا اور انہوں نے کہا کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہمیں بہت سے اپنے مومن بندوں پر فضیلت دی
(15) اور سلیمانؑ داؤدؑ کے قائم مقام ہوئے اور کہنے لگے کہ لوگو! ہمیں (خدا کی طرف سے) جانوروں
کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہر چیز عطا فرمائی گئی ہے۔ بیشک یہ (اس کا) صریح فضل ہے (16)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔حکمت والا 2۔علم والا 3۔دیا
- کوئلے سے آہستہ آہستہ آگ کا دھواں نکلتا ہوا
- 1۔گرم کرو،حرارت لو،سینکو 2۔آواز
- دُنیا
- 1۔عقل والا 2۔نیچے رکھ دو 3۔جیسے
- مُڑ کر
- 1۔قمیض کا گلے کے نیچے والا حصّہ 2۔بے نقص، بے داغ، 3۔کرشمہ، انہونی بات، چمتکار
- واضع، کلیئر
- صاف
- 1۔کفر، شرک 2۔نتیجہ، آخیر
- زیادہ عزت دی، برتری دی، بڑا بنایا
- خلیفہ، گدّی نشین
- 1۔زبان 2۔دی گئی 3۔مہربانی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

سُوْرَةُ النَّمْلِ

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ⑰ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا
النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ⑱ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ
اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ
الصّٰلِحِيْنَ ⑲ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَاۤ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ⑳ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاۤاَذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ
لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ㉑ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ㉒ اِنِّيْ وَجَدْتُّ
امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ㉓ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ㉔ ۙ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ㉕ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۩ ㉖ السجدة

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	اورسلیمانؑ کے لئے جنوں اور انسانوں اور پرندوں کے لشکر جمع کئے گئے اور وہ قسم وار کئے جاتے تھے (17)	1۔فوج 2۔جنس وار، قسم کے لحاظ سے
	یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں پہنچے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ اے چیونٹیو! اپنے بلوں میں داخل ہو	سوراخوں، گھروں
	جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمانؑ اور اس کے لشکر تم کو کچل ڈالیں اور ان کو خبر بھی نہ ہو (18) تو وہ اس کی بات سن کر ہنس	مسل ڈالیں
	پڑے اور کہنے لگے کہ اے پروردگار! مجھے توفیق عطا فرما، کہ جو احسان تُو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے	صلاحیت
	ہیں، ان کا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تُو ان سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک	
	بندوں میں داخل فرما (19) اور انہوں نے جانوروں کا جائزہ لیا تو کہنے لگے کیا سبب ہے کہ ہُدہُد نظر نہیں آتا؟	1۔پڑتال کی، بغور دیکھا 2۔وجہ ہے
	کیا کہیں غائب ہو گیا ہے؟ (20) میں اسے سخت سزا دوں گا یا اسے ذبح کر ڈالوں گا یا میرے سامنے (اپنی	جان لے لینا
	بے قصوری کی) دلیل صریح پیش کرے (21) ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ (ہُدہُد آ موجود ہوا اور) کہنے لگا کہ	1۔بے گناہی 2۔صاف ثبوت یا سند
	مجھے ایک ایسی چیز معلوم ہوئی ہے جس کی آپ کو خبر نہیں اور میں آپ کے پاس (شہر) سبا سے ایک سچی خبر لے کر آیا	
	ہوں (22) میں نے ایک عورت دیکھی کہ ان لوگوں پر بادشاہت کرتی ہے اور ہر چیز اسے میسر ہے اور اس کا	ملی ہوئی ہے، دستیاب ہے
	ایک بڑا تخت ہے (23) میں نے دیکھا کہ وہ اور اس کی قوم خدا کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان	سورج
	نے ان کے اعمال انہیں آراستہ کر دکھائے ہیں اور ان کو رستے سے روک رکھا ہے پس وہ رستے پر نہیں آتے (24)	سجا کر
	(اور نہیں سمجھتے) کہ خدا کو جو آسمانوں اور زمین میں چھپی چیزوں کو ظاہر کر دیتا اور تمہارے پوشیدہ اور ظاہر اعمال کو	1۔چھپے 2۔سامنے نظر آنا
	جانتا ہے کیوں سجدہ نہ کریں (25) خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی عرش عظیم کا مالک ہے (26)	1۔علاوہ 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔تختِ الٰہی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّمْلِ	حوالہ جات

قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿27﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِىْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا
يَرْجِعُوْنَ ﴿28﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّىْۤ اُلْقِىَ اِلَىَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿29﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿30﴾ اَلَّا
تَعْلُوْا عَلَىَّ وَاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِىْ فِىْۤ اَمْرِىْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿32﴾
قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِىْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿33﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً
اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْۤا اَعِزَّةَ اَهْلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿34﴾ وَاِنِّىْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿35﴾
فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۫ فَمَاۤ اٰتٰنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّاۤ اٰتٰكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿36﴾ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ
فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَاۤ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿37﴾ قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِىْ بِعَرْشِهَا
قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ ﴿38﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ اَمِيْنٌ ﴿39﴾

(سلیمانؑ نے) کہا (اچھا) ہم دیکھیں گے تُو نے سچ کہا ہے یا تُو جھوٹا ہے (27) یہ میرا خط لے جا اور اسے ان کی
طرف ڈال دے پھر ان کے پاس سے پھر آ اور دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں (28) (ملکہ نے) کہا دربار والو!
میری طرف ایک نامہ گرامی ڈالا گیا ہے (29) وہ سلیمانؑ کی طرف سے ہے اور مضمون یہ ہے شروع خدا کا نام
لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (30) (یہ) کہ مجھ سے سرکشی نہ کرو اور مطیع ہو کر میرے پاس چلے آؤ
(31) (خط سنا کر) کہنے لگی کہ اے اہل دربار! میرے اس معاملے میں مجھے مشورہ دو جب تک تم حاضر نہ ہو (اور
صلاح نہ دو) میں کسی کام کو فیصل کرنے والی نہیں (32) وہ بولے کہ ہم بڑے زور آور اور سخت جنگجو ہیں اور حکم
آپ کے اختیار میں ہے تو جو حکم دیجئے گا (اس کے مآل پر) نظر کر لیجئے گا (33) اس نے کہا کہ بادشاہ جب کسی شہر
میں داخل ہوتے ہیں، تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں اور وہاں کے عزت والوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور اسی طرح یہ
بھی کریں گے (34) اور میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لاتے ہیں (35)
جب (قاصد) سلیمانؑ کے پاس پہنچا تو سلیمانؑ نے کہا کیا تم مجھے مال سے مدد دینا چاہتے ہو، جو کچھ خدا نے مجھے
عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تمہیں دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ تم ہی اپنے تحفے سے خوش ہوتے ہو گے (36)
ان کے پاس واپس جاؤ ہم ان پر ایسے لشکر سے حملہ کریں گے، جس کے مقابلے کی ان کو طاقت نہ ہو گی اور ان کو
وہاں سے بے عزت کر کے نکال دیں گے اور وہ ذلیل ہوں گے (37) (سلیمانؑ نے) کہا کہ اے دربار والو! کوئی
تم میں ایسا ہے کہ قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہو کر ہمارے پاس آئیں، ملکہ کا تخت میرے پاس لے آئے؟
(38) جنات میں سے ایک قوی ہیکل جن نے کہا کہ قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں۔ میں اس کو آپ کے
پاس لا حاضر کرتا ہوں اور میں اس (کے اٹھانے کی) طاقت رکھتا ہوں (اور) امانت دار ہوں (39)

1۔ بھیج دے 2۔ چکر لگا آ

خط

1۔ بغاوت 2۔ فرمانبردار

1۔ دربار میں بیٹھے لوگ 2۔ کام، جھگڑا

1۔ مشورہ 2۔ فیصلہ 3۔ طاقت والے 4۔ جنگ لڑنے والے

انجام، نتیجہ

رسوا

ڈاکیا، پیغام رساں

فوج

1۔ اس سے پہلے 2۔ حکم ماننے والا یا والے

زور والا، قد آور

1۔ موجود کرتا ہوں 2۔ امانت میں خیانت نہ کرنے والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّمْلِ	حوالہ جات

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ
فَضْلِ رَبِّیْ ۚ لِیَبْلُوَنِیْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿40﴾
قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿41﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ
قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِیْنَ ﴿42﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا
كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿43﴾ قِیْلَ لَهَا ادْخُلِی الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْهَا ؕ قَالَ
اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِیْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿44﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِیْقٰنِ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿45﴾ قَالَ یٰقَوْمِ لِمَ
تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّیِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿46﴾

ایک شخص جس کو کتاب الٰہی کا علم تھا کہنے لگا کہ میں آپ کو آنکھ کے جھپکنے سے پہلے پہلے اسے آپ کے پاس حاضر
کئے دیتا ہوں جب سلیمانؑ نے تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو کہا کہ یہ میرے پروردگار کا فضل ہے تاکہ مجھے
آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا کفران نعمت کرتا ہوں اور جو شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے شکر کرتا ہے
اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے پروا (اور) کرم کرنے والا ہے (40) سلیمانؑ نے کہا کہ ملکہ کے
(امتحانِ عقل کے) لئے اس کے تخت کی صورت بدل دو دیکھیں کہ وہ سُوجھ رکھتی ہے، یا ان لوگوں میں ہے جو سُوجھ
نہیں رکھتے (41) جب وہ آپہنچی تو پوچھا گیا کہ کیا آپ کا تخت بھی اسی طرح کا ہے؟ اس نے کہا یہ تو گویا ہو بہو
وہی ہے اور ہم کو اس سے پہلے ہی (سلیمانؑ کی عظمت وشان کا) علم ہو گیا تھا اور ہم فرمانبردار ہیں (42) اور وہ
جو خدا کے سوا (اور کی) پرستش کرتی تھی (سلیمانؑ نے) اس کو اس سے منع کیا (اس سے پہلے تو) وہ کافروں میں
سے تھی (43) (پھر) اس سے کہا گیا کہ محل میں چلئے جب اس نے اس (کے فرش) کو دیکھا تو اسے پانی کا حوض
سمجھا اور (کپڑا اٹھا کر) اپنی پنڈلیاں کھول دیں (سلیمانؑ نے) کہا یہ ایسا محل ہے جس میں (نیچے بھی) شیشے
جڑے ہوئے ہیں وہ بول اٹھی کہ پروردگار میں اپنے آپ پر ظلم کرتی رہی تھی اور (اب) میں سلیمانؑ کے ہاتھ پر
خدائے رب العالمین پر ایمان لاتی ہوں (44) اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا کہ خدا کی
عبادت کرو تو وہ دو فریق ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے (45) (صالحؑ نے) کہا کہ بھائیو تم بھلائی سے پہلے
بُرائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو؟ (اور) خدا سے بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے؟ (46)

مشکل الفاظ کے معانی:

- کفران: انکاری ہونا
- بے پروا، کرم: 1۔بے غرض 2۔رحم
- صورت، سُوجھ: 1۔شکل 2۔سمجھ
- ہو بہو: جیسے بالکل ویسا
- عظمت وشان: عزت وبڑائی
- سوا، پرستش: 1۔علاوہ 2۔پوجاپاٹ
- حوض: تالاب
- جڑے ہوئے: لگے ہوئے
- رب العالمین: جہانوں کا رب
- عبادت، فریق، بھلائی: 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔پارٹیاں 3۔فائدہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّمْلِ	حوالہ جات

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿47﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ
يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿48﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ
اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿49﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿50﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا
دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿51﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿52﴾ وَاَنْجَيْنَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿53﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿54﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ
شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿55﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ
قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿56﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۡ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿57﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ
فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿58﴾ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ ءٰٓاللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿59﴾

وہ کہنے لگے کہ تم اور تمہارے ساتھی ہمارے لئے شگون بد ہو (صالحؑ نے) کہا کہ تمہاری بدشگونی خدا کی طرف
سے ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جن کی آزمائش کی جاتی ہے (47) اور شہر میں نو شخص تھے جو ملک میں فساد کیا
کرتے تھے اور اصلاح سے کام نہیں لیتے تھے (48) کہنے لگے کہ خدا کی قسم کھاؤ کہ ہم رات کو اس پر اور اس
کے گھر والوں پر شبخون ماریں گے پھر اس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم صالحؑ کے گھر والوں کے موقع
ہلاکت پر گئے ہی نہیں اور ہم سچ کہتے ہیں (49) اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور ان کو کچھ خبر
نہ ہوئی (50) تو دیکھ لو کہ ان کی چال کا انجام کیسا ہوا؟ ہم نے ان کو اور ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا (51)
اب یہ ان کے گھر ان کے ظلم کے سبب خالی پڑے ہیں جو لوگ دانش رکھتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانی ہے
(52) اور جو لوگ ایمان لائے اور ڈرتے تھے ان کو ہم نے نجات دی (53) اور لوطؑ کو (یاد کرو) جب
انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم بے حیائی (کے کام) کیوں کرتے ہو اور تم دیکھتے ہو (54) کیا تم عورتوں کو چھوڑ
کر لذت (حاصل کرنے) کے لئے مردوں کی طرف مائل ہوتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ تم احمق لوگ ہو (55)
تو ان کی قوم کے لوگ (بولے تو) یہ بولے اور اس کے سوا ان کا کچھ جواب نہ تھا کہ لوطؑ کے گھر والوں کو اپنے شہر
سے نکال دو یہ لوگ پاک بننا چاہتے ہیں (56) تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو نجات دی مگر ان کی بیوی
کہ اس کی نسبت ہم نے مقرر کر رکھا تھا (کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں ہوگی) (57) اور ہم نے ان پر مینہ برسایا سو
(جو) مینہ ان لوگوں پر برسا جن کو متنبہ کر دیا گیا تھا برا تھا (58) کہہ دو کہ سب تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے اور اس
کے بندوں پر سلام ہے جن کو اس نے منتخب فرمایا۔ بھلا خدا بہتر ہے یا وہ جن کو یہ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں؟ (59)

مشکل الفاظ کے معانی

- نقصان کی وجہ
- خرابی، شرک
- افعال کو درست کرنا
- 1۔اچانک حملہ کریں گے 2۔پیچھے بچ جانے والے
- 1۔کی وجہ سے 2۔عقل، فہم
- رہائی، مخلصی
- 1۔مزا 2۔جاتے ہو 3۔بے وقوف
- علاوہ
- کے بارے میں
- 1۔تنبیہ کر دی گئی تھی، بتا دیا گیا تھا 2۔مستحق ہونا

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- عمران: 54

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّمْلِ	مشکل الفاظ کے معانی
	اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ	
	اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿60﴾ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا	
	وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ	
	الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾ اَمَّنْ	
	يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا	
	يُشْرِكُوْنَ ﴿63﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا	
	بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿64﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ	
	يُبْعَثُوْنَ ﴿65﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿66﴾	
	بھلا کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور (کس نے) تمہارے لئے آسمان سے پانی برسایا؟ پھر ہم ہی نے	
	اس سے سرسبز باغ اگائے تمہارا کام تو نہ تھا کہ تم ان کے درختوں کو اگاتے تو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود بھی	
	ہے؟ بلکہ یہ لوگ رستے سے الگ ہو رہے ہیں (60) بھلا کس نے زمین کو قرارگاہ[1] بنایا اور اس کے بیچ[2] نہریں	1۔آرام کی جگہ 2۔اندر، میں
	بنائیں اور اس کے لئے پہاڑ بنائے اور (کس نے) دو دریاؤں کے بیچ اوٹ بنائی؟ تو کیا خدا کے ساتھ کوئی	رکاوٹ
	اور معبود بھی ہے؟ بلکہ ان میں اکثر دانش[1] نہیں رکھتے (61) بھلا کون بیقرار[2] کی التجا[3] قبول کرتا ہے جب وہ	1۔عقل 2۔بے چین 3۔مؤدبانہ فریاد
	اس سے دعا کرتا ہے اور (کون اس کی) تکلیف کو دُور کرتا ہے اور (کون) تم کو زمین میں (اگلوں[1] کا) جانشین[2]	1۔جو پہلے ہو گزرے 2۔قائم مقام
	بناتا ہے تو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ مگر تم بہت کم غور کرتے ہو (62) بھلا کون تم کو جنگل اور دریا	
	کے اندھیروں میں رستہ بتاتا ہے اور (کون) ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ تو کیا خدا	
حجرات:1	کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں خدا (کی شان) اس سے بلند ہے (63) بھلا	جس کا شرعی حکم مانا جائے
	کون خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا پھر اس کو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے اور (کون) تم کو آسمان اور زمین سے رزق	مخلوق
	دیتا ہے؟ تو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ کہہ دو کہ (مشرکو) اگر تم سچے ہو تو دلیل پیش کرو (64)	ثبوت، سند
	کہہ دو کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں خدا کے سوا غیب کی باتیں نہیں جانتے اور نہ یہ جانتے ہیں کہ	علاوہ
فرقان:44	کب (زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گے (65) بلکہ (تصوّر[1]) آخرت میں ان (میں سے اکثر[2] اہل زمین)	1۔سوچ، خیال 2۔زیادہ تر
	کا علم منتہی ہو چکا ہے۔ بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں بلکہ اس سے اندھے ہو رہے ہیں (66)	آخری حد کو پہنچنا، اختتام تک

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّمْلِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ النَّمْلِ

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿67﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ
اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿68﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿69﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ
وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿70﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿71﴾ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ
رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿72﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿73﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿74﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ
مُّبِيْنٍ ﴿75﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿76﴾ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿77﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿78﴾ ۚ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ
الْمُبِيْنِ ﴿79﴾

اور جو لوگ کافر ہیں کہتے ہیں کہ جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر (قبروں سے)
نکالے جائیں گے؟ (67) یہ وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے پہلے ہوتا چلا آیا ہے (کہاں کا اٹھنا اور کیسی
قیامت؟) یہ تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں (68) کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام
کیا ہوا ہے؟ (69) اور ان (کے حال) پر غم نہ کرنا اور نہ ان چالوں سے جو یہ کر رہے ہیں تنگ دل ہونا (70) اور
کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا (71) کہہ دو کہ جس (وعدہ عذاب) کے لئے تم جلدی کر رہے ہو
شاید اس میں سے کچھ تمہارے نزدیک آ پہنچا ہو (72) اور تمہارا پروردگار تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن ان
میں سے اکثر[1] شکر نہیں کرتے (73) اور جو باتیں ان کے سینوں میں پوشیدہ[2] ہوتی ہیں اور جو کام وہ ظاہر کرتے ہیں
تمہارا پروردگار ان (سب) کو جانتا ہے (74) اور آسمانوں اور زمین میں کوئی پوشیدہ چیز نہیں ہے مگر (وہ) کتاب روشن
میں (لکھی ہوئی) ہے (75) بیشک یہ قرآن اولادِ اسرائیل کے سامنے اکثر باتیں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں
بیان کر دیتا ہے (76) اور بیشک یہ مومنوں کے لئے ہدایت ورحمت ہے (77) تمہارا پروردگار ان میں اپنے حکم
سے فیصلہ کر دے گا اور وہ غالب (اور) علم والا ہے (78) تو خدا پر بھروسہ رکھو تم تو حق صریح پر ہو (79)

حوالہ جات:

نساء:47

مشکل الفاظ کے معانی:

آخیر،نتیجہ

افسوس کرنا

1۔زیادہ تر 2۔چھپی

الگ الگ عقیدہ رکھنا،فرقہ بندی

صاف صاف سچائی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّمْلِ	حوالہ جات

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿80﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْىِ عَنْ
ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿81﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ
الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿82﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا
فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿83﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿84﴾ وَوَقَعَ
الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿85﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِىْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿86﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ
اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿87﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِىَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِىْٓ اَتْقَنَ
كُلَّ شَىْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿88﴾

کچھ شک نہیں کہ تم مُردوں کو (بات) نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں آواز سنا سکتے ہو (80) اور نہ اندھوں کو گمراہی سے (نکال کر) رستہ دکھا سکتے ہو تم تو ان ہی کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ فرمانبردار ہو جاتے ہیں (81) اور جب ان کے بارے میں (عذاب کا) وعدہ پورا ہو گا تو ہم ان کے لئے زمین میں سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے بیان کر دے گا اس لئے کہ لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے (82) اور جس روز ہم ہر اُمت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے تو ان کی جماعت بندی کی جائے گی (83) یہاں تک کہ جب (سب) آجائیں گے تو (خدا) فرمائے گا کہ کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور تم نے (اپنے) علم سے ان پر احاطہ تو کیا ہی نہ تھا بھلا تم کیا کرتے تھے؟ (84) اور ان کے ظلم کے سبب ان کے حق میں (یہ) وعدہ (بھی) پورا ہو کر رہے گا۔ تو وہ بول بھی نہ سکیں گے (85) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات کو (اس لئے) بنایا ہے کہ اس میں آرام کریں اور دن کو روشن (بنایا ہے کہ اس میں کام کریں)؟ بیشک اس میں مومن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں (86) اور جس روز صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہیں سب گھبرا اٹھیں گے مگر وہ جسے خدا چاہے اور سب اس کے پاس عاجز ہو کر چلے آئیں گے (87) اور تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو تو خیال کرتے ہو کہ (اپنی جگہ پر) کھڑے ہیں مگر وہ (اس روز) اس طرح اُڑتے پھریں گے جیسے بادل (یہ) خدا کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا بیشک وہ تمہارے سب افعال سے باخبر ہے (88)

مشکل الفاظ کے معانی:

- فرمانبردار: حکم ماننے والے
- اُمت: جماعت، قوم
- 1۔ تکذیب 2۔ جماعت بندی: 1۔انکار کرنا 2۔الگ الگ گروپ بنانا
- احاطہ: گھیراؤ
- 1۔ سبب 2۔ حق میں: 1۔کی وجہ سے 2۔کے لئے
- صور: قیامت کا بگل
- عاجز: غرور کا متضاد
- 1۔ کاریگری 2۔ افعال سے: 1۔مہارت 2۔کاموں سے

حوالہ جات:

- (آیت 82) عمران:194، انبیاء:112، نوح:17، قیامہ:19، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے
- (آیت 87) آئندہ حصّوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّمْلِ ، سُوْرَةُ الْقَصَصِ	مشکل الفاظ کے معانی

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿89﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ
فِى النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿90﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِىْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ
كُلُّ شَىْءٍ ۫ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿91﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ
ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿92﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿93﴾

طٰسٓمٓ ﴿1﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿3﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ
عَلَا فِى الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ
الْمُفْسِدِيْنَ ﴿4﴾ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿5﴾

جو شخص نیکی لے کر آئے گا تو اس کے لئے اس سے بہتر (بدلا تیار) ہے۔ اور ایسے لوگ (اس روز) گھبراہٹ سے بے خوف ہوں گے (89) اور جو بُرائی لے کر آئے گا تو ایسے لوگ اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے تم کو تو ان ہی اعمال کا بدلا ملے گا جو تم کرتے رہے ہو (90) (کہہ دو) کہ مجھ کو یہی ارشاد ہوا ہے کہ اس شہر (مکہ) کے مالک کی عبادت کروں جس نے اس کو محترم (اور مقام ادب) بنایا ہے اور سب چیز اسی کی ہے اور یہ بھی حکم ہوا ہے کہ اس کا حکم بردار رہوں (91) اور یہ بھی کہ قرآن پڑھا کروں تو جو شخص راہِ راست اختیار کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے اختیار کرتا ہے اور جو گمراہ رہتا ہے تو کہہ دو کہ میں تو صرف نصیحت کرنے والا ہوں (92) اور کہو کہ خدا کا شکر ہے وہ تم کو عنقریب اپنی نشانیاں دکھائے گا تو تم ان کو پہچان لو گے اور جو کام تم کرتے ہو تمہارا پروردگار ان سے بے خبر نہیں ہے (93)

ترجمہ سورت قصص

طٰسٓمٓ (1) یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں (2) اے محمدؐ ہم تمہیں موسیٰؑ اور فرعون کے کچھ حالات مومن لوگوں (کے سنانے) کے لئے صحیح صحیح سناتے ہیں (3) کہ فرعون نے ملک میں سر اٹھا رکھا تھا اور وہاں کے باشندوں کو گروہ گروہ بنا رکھا تھا ان میں سے ایک گروہ کو (یہاں تک) کمزور کر دیا تھا کہ ان کے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتا اور ان کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دیتا بیشک وہ مفسدوں میں تھا (4) اور ہم چاہتے تھے کہ جو لوگ کمزور کر دیئے گئے ہیں ان پر احسان کریں اور ان کو پیشوا بنائیں اور انہیں (ملک کا) وارث کریں (5)

مشکل الفاظ کے معانی

- صلہ، معاوضہ
- منہ یا پیٹ کے بل
- حکم ملا ہے
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ احترام کے قابل 3۔ ادب کی جگہ
- حکم ماننے والا
- ٹھیک راستہ
- سخت باغی تھا، سرکش تھا
- رہنے والے
- فسادی، مشرک
- 1۔ امام 2۔ مالک

حوالہ جات

- شعراء: 227
- تشابہ، عمران: 7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات
	وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝6 وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ	
	مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ	
	مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝7 فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا	
	خٰطِـِٕيْنَ ۝8 وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ڰ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ	
	لَا يَشْعُرُوْنَ ۝9 وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۭ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ	
	الْمُؤْمِنِيْنَ ۝10 وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۡ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝11 وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ	
	قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓي اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝12 فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ	
	عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝13	
1۔طاقت 2۔فوج	اور ملک میں ان کو قدرت دیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر کو وہ چیز دکھا دیں جس سے وہ ڈرتے	
	تھے (6) اور ہم نے موسیٰؑ کی ماں کی طرف وحی بھیجی کہ اس کو دودھ پلاؤ جب تم کو اس کے بارے میں کچھ	
غم	خوف پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ رنج کرنا ہم اس کو تمہارے پاس واپس پہنچا	
	دیں گے اور (پھر) اسے پیغمبر بنا دیں گے (7) تو فرعون کے لوگوں نے اس کو اٹھا لیا اس لئے کہ (نتیجہ یہ ہونا تھا کہ	
1۔وجہ 2۔بھول جانا	وہ ان کا دشمن اور (ان کے لئے موجب) غم ہو بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر چوک گئے (8) اور	قصص:39
ہوسکتا ہے	فرعون کی بیوی نے کہا کہ (یہ) میری اور تمہاری (دونوں کی) آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔اس کو قتل نہ کرنا شاید یہ	
نتیجہ،آخر	ہمیں فائدہ پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور وہ (انجام سے) بے خبر تھے (9) اور موسیٰؑ کی ماں کا دل بے صبر	
	ہو گیا اگر ہم ان کے دل کو مضبوط نہ کر دیتے تو قریب تھا کہ وہ اس (راز) کو ظاہر کر دیں غرض یہ تھی کہ وہ	
	مومنوں میں رہیں (10) اور اس کی بہن سے کہا کہ اس کے پیچھے پیچھے چلی جا تو وہ اسے دُور سے دیکھتی رہی	
ماں کے علاوہ دودھ پلانے والیاں	اور ان (لوگوں) کو کچھ خبر نہ تھی (11) اور ہم نے پہلے ہی سے اس پر (دائیوں کے) دودھ حرام کر دیئے تھے۔تو	
	موسیٰؑ کی بہن نے کہا کہ میں تمہیں ایسے گھر والے بتاؤں کہ تمہارے لئے اس (بچے) کو پالیں اور اس کی	
1۔اچھی طرح سے 2۔طریقہ	خیر خواہی (سے پرورش) کریں (12) تو ہم نے (اس طریق سے) ان کو ان کی ماں کے پاس واپس پہنچا دیا کہ	
زیادہ تر	ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کھائیں اور معلوم کریں کہ خدا کا وعدہ سچا ہے لیکن یہ اکثر نہیں جانتے (13)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ⑭ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ
مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ
مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ⑮ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ
ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑯ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا
لِّلْمُجْرِمِيْنَ ⑰ فَاَصْبَحَ فِى الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِى اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤى
اِنَّكَ لَغَوِىٌّ مُّبِيْنٌ ⑱ فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِىْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِىْ كَمَا قَتَلْتَ
نَفْسًا ۢ بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِى الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ⑲ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ
اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۫ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّىْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ⑳

اور جب موسیٰؑ جوانی کو پہنچے اور بھرپور (جوان) ہوگئے تو ہم نے ان کو حکمت اور علم عنایت کیا اور ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (14) اور وہ ایسے وقت شہر میں داخل ہوئے کہ وہاں کے باشندے بے خبر ہو رہے تھے تو دیکھا کہ وہاں دو شخص لڑ رہے ہیں ایک تو موسیٰؑ کی قوم کا ہے اور دوسرا ان کے دشمنوں میں سے تو جو شخص ان کی قوم میں سے تھا اس نے دوسرے شخص کے مقابلے میں جو موسیٰؑ کے دشمنوں میں سے تھا موسیٰؑ سے مدد طلب کی تو انہوں نے اس کو مُکّا مارا اور اس کا کام تمام کردیا کہنے لگے کہ یہ کام تو (اغوائے) شیطان سے ہوا بیشک وہ (انسان کا) دشمن اور صریح بہکانے والا ہے (15) بولے کہ اے پروردگار میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تو مجھے بخش دے تو خدا نے ان کو بخش دیا بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے (16) کہنے لگے کہ اے پروردگار تُو نے جو مجھ پر مہربانی فرمائی ہے میں (آئندہ) کبھی گنہگاروں کا مددگار نہ بنوں گا (17) الغرض صبح کے وقت شہر میں ڈرتے ڈرتے داخل ہوئے کہ دیکھیں (کیا ہوتا ہے) تو ناگہاں وہی شخص جس نے کل ان سے مدد مانگی تھی پھر ان کو پکار رہا ہے موسیٰؑ نے اس سے کہا کہ تُو تو صریح گمراہ ہے (18) جب موسیٰؑ نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو جو ان دونوں کا دشمن تھا پکڑ لیں تو وہ (یعنی موسیٰؑ کی قوم کا آدمی) بول اٹھا کہ جس طرح تم نے کل ایک شخص کو مار ڈالا تھا (اسی طرح) چاہتے ہو کہ مجھے بھی مار ڈالو! تم تو یہی چاہتے ہو کہ ملک میں ظلم و ستم کرتے پھرو اور یہ نہیں چاہتے کہ نیکوکاروں میں ہو (19) اور ایک شخص شہر کی پرلی طرف سے دوڑتا ہوا آیا اور بولا کہ موسیٰؑ (شہر کے) رئیس تمہارے بارے میں صلاحیں کرتے ہیں کہ تم کو مار ڈالیں سو تم یہاں سے نکل جاؤ میں تمہارا خیر خواہ ہوں (20)

مشکل الفاظ کے معانی:
- بھرپور: 1۔ مکمل طور پر؛ عنایت کیا: 2۔ دیا
- باشندے: 1۔ رہنے والے؛ بے خبر: 2۔ کسی چیز کی خبر نہ ہونا، سو جانا
- طلب کی: مانگی
- کام تمام کردیا: 1۔ جان سے مار دیا؛ شیطان سے: 2۔ شیطان کے کہنے میں آکر
- صریح: صاف
- ناگہاں: اچانک
- ستم: بے انصافی، زیادتی
- پرلی طرف: 1۔ دوسری طرف سے؛ رئیس: 2۔ امیر لوگ، بڑے لوگ
- صلاحیں: 1۔ مشورے؛ خیر خواہ: 2۔ فائدہ کرنے والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿21﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ
يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿22﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۫ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ
تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٜ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿23﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ
فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿24﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ
لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ٚ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿25﴾ قَالَتْ
اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿26﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى
اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿27﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿28﴾

موسیٰؑ وہاں سے ڈرتے ڈرتے نکل کھڑے ہوئے کہ دیکھیں (کیا ہوتا ہے) (اور) دعا کرنے لگے کہ اے پروردگار
مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے (21) اور جب مدین کی طرف رُخ کیا تو کہنے لگے اُمید ہے کہ میرا پروردگار مجھے
سیدھا رستہ بتائے (22) اور جب مدین کے پانی (کے مقام) پر پہنچے تو دیکھا کہ وہاں لوگ جمع ہو رہے ہیں (اور
اپنے چارپایوں کو) پانی پلا رہے ہیں اور دیکھا کہ ان کے ایک طرف دو عورتیں (اپنے چارپایوں کو) روکے کھڑی
ہیں۔ موسیٰؑ نے (ان سے) کہا تمہارا کیا کام ہے؟ وہ بولیں کہ جب تک چرواہے (اپنے چارپایوں کو) نہ لے
جائیں ہم پانی نہیں پلا سکتے اور ہمارے والد بڑی عمر کے بوڑھے ہیں (23) تو موسیٰؑ نے ان کے لئے (چارپایوں
کو) پانی پلا دیا پھر سائے کی طرف چلے گئے اور کہنے لگے کہ پروردگار میں اس کا محتاج ہوں کہ تُو مجھ پر اپنی نعمت نازل
فرمائے (24) (تھوڑی دیر کے بعد) ان میں سے ایک عورت جو شرماتی اور لجاتی چلی آتی تھی موسیٰؑ کے پاس آئی
(اور) کہنے لگی کہ تم کو میرے والد بلاتے ہیں کہ تم نے جو ہمارے لئے پانی پلایا تھا اس کی تم کو اُجرت دیں جب وہ ان
کے پاس گئے اور ان سے (اپنا) ماجرا بیان کیا تو انہوں نے کہا کہ کچھ خوف نہ کرو تم ظالم لوگوں سے بچ آئے ہو (25)
ایک لڑکی بولی کہ ابا ان کو نوکر رکھ لیجئے کیونکہ بہتر نوکر جو آپ رکھیں وہ ہے (جو) توانا اور امانت دار (ہو) (26) انہوں
نے (موسیٰؑ سے) کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کو تم سے بیاہ دوں اس (عہد) پر کہ تم آٹھ
برس میری خدمت کرو اور اگر دس سال پورے کر دو تو وہ تمہاری طرف سے (احسان) ہے اور میں تم پر تکلیف ڈالنی نہیں
چاہتا تم مجھے انشاء اللہ نیک لوگوں میں پاؤ گے (27) (موسیٰؑ نے) کہا مجھ میں اور آپ میں یہ (عہد پختہ ہوا) میں
جونسی مدت (چاہوں) پوری کر دوں پھر مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہو اور ہم جو معاہدہ کرتے ہیں خدا اس کا گواہ ہے (28)

1۔ بچائے رکھ 2۔ جگہ کا نام 3۔ چلنے لگے

مویشی وغیرہ چرانے والے

ضرورت مند

شرم وحیا سے چلتی ہوئی

معاوضہ، صِلہ

اصل حالات

طاقت والا

1۔ مخصوص الفاظ 2۔ مضبوط، پکا

جو بھی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَص	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْقَصَص

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا
لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿29﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ
فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤى اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿30﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا
تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿31﴾ اُسْلُكْ یَدَكَ
فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ٘ وَّاضْمُمْ اِلَیْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿32﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ﴿33﴾
وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ ٘ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ﴿34﴾ قَالَ سَنَشُدُّ
عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚۛ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿35﴾

جب موسیٰؑ نے مدت پوری کردی اور اپنے گھر والوں کو لے کر چلے تو طور کی طرف سے آگ دکھائی دی تو اپنے گھر
والوں سے کہنے لگے کہ (تم) ٹھہرو مجھے آگ نظر آئی ہے شاید میں وہاں سے (رستے کا) کچھ پتہ لاؤں یا آگ کا
انگارہ لے آؤں تاکہ تم تاپو (29) جب اس کے پاس پہنچے تو میدان کے دائیں کنارے سے ایک مبارک جگہ میں
ایک درخت میں سے آواز آئی کہ موسیٰؑ میں تو خدائے رب العالمین ہوں (30) اور یہ کہ اپنی لاٹھی ڈال دو جب دیکھا
کہ وہ حرکت کر رہی ہے گویا کہ وہ سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر چل دیئے اور پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھا (ہم نے کہا کہ)
موسیٰؑ آگے آؤ اور ڈرو مت تم امن پانے والوں میں (سے) ہو (31) اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو تو بغیر کسی عیب
کے سفید نکل آئے گا اور خوف دُور ہونے (کی وجہ) سے اپنے بازو کو اپنی طرف سکیڑ لو یہ دو دلیلیں تمہارے پروردگار
کی طرف سے ہیں (ان کے ساتھ) فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (جاؤ) کہ وہ نافرمان لوگ ہیں (32)
موسیٰؑ نے کہا اے پروردگار ان کا ایک شخص میرے ہاتھ سے قتل ہو چکا ہے سو مجھے خوف ہے کہ وہ (کہیں) مجھ کو مار نہ
ڈالیں (33) اور ہارونؑ (جو) میرا بھائی (ہے) اس کی زبان مجھ سے زیادہ فصیح ہے تو اس کو میرے ساتھ مددگار
بنا کر بھیج کہ میری تصدیق کرے مجھے خوف ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں گے (34) (خدا نے) فرمایا ہم
تمہارے بھائی سے تمہارے بازو کو مضبوط کریں گے اور تم دونوں کو غلبہ دیں گے تو ہماری نشانیوں کے سبب
وہ تم تک پہنچ نہ سکیں گے (اور) تم اور جنہوں نے تمہاری پیروی کی غالب رہو گے (35)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔عرصہ 2۔پہاڑ کا نام
- ہوسکتا ہے
- 1۔سُلگتا ہوا کوئلہ 2۔گرمائش لو
- 1۔جہانوں کا رب 2۔ڈنڈا، سوٹی
- 1۔جیسے کہ 2۔مڑ کر
- نقص، داغ
- 1۔سمیٹ لو 2۔ثبوت
- حکم الٰہی نہ ماننے والے
- صاف، واضح
- انکار کرنا، جھٹلانا
- 1۔تمہیں طاقت دیں گے 2۔حاوی کریں گے 3۔کی وجہ سے
- فتح یاب رہنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَص	حوالہ جات

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿36﴾
وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿37﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا
لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿38﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ
وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿39﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿40﴾
وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿41﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ
هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿42﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ
وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿43﴾

اور جب موسیٰؑ ان کے پاس ہماری کُھلی نشانیاں لے کر آئے تو وہ کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے جو اس نے بنا کھڑا کیا ہے
اور یہ (باتیں) ہم نے اپنے اگلے باپ دادا میں تو (کبھی) سُنی نہیں (36) اور موسیٰؑ نے کہا کہ میرا پروردگار اس
شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی طرف سے حق[1] لے کر آیا ہے اور جس کے لئے عاقبت[2] کا گھر (یعنی بہشت) ہے۔
بیشک ظالم نجات[1] نہیں پائیں گے (37) اور فرعون نے کہا کہ اے اہل دربار[2] میں تمہارا اپنے سوا[3] کسی کو خدا نہیں
جانتا تو ہامان میرے لئے گارے کو آگ لگوا دو پھر میرے لئے ایک (اونچا) محل بنوا دو تا کہ میں موسیٰؑ کے خدا کی
طرف چڑھ جاؤں[1] اور میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں (38) اور وہ اور اس کے لشکر[2] ملک میں ناحق مغرور ہو رہے تھے[3]
اور خیال کرتے تھے کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے (39) تو ہم نے ان کو اور ان کے لشکروں کو پکڑ لیا
اور دریا میں ڈال دیا سو دیکھ لو کہ ظالموں کا کیسا انجام[1] ہوا (40) اور ہم نے ان کو پیشوا[2] بنایا تھا وہ (لوگوں کو) دوزخ
کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن ان کی مدد نہیں کی جائے گی (41) اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے
لعنت لگا دی اور وہ قیامت کے روز بھی بدحالوں میں ہوں گے (42) اور ہم نے پہلی اُمتوں کے ہلاک کرنے کے
بعد موسیٰؑ کو کتاب دی جو لوگوں کے لئے بصیرت اور ہدایت اور رحمت ہے تا کہ وہ نصیحت پکڑیں (43)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔سچائی 2۔انجام،نتیجہ مُراد آخرت
- 1۔رہائی 2۔درباروالے 3۔علاوہ
- گوندھی ہوئی مٹی
- 1۔اوپر چلا جاؤں 2۔فوج 3۔ناجائز تکبر کر رہے تھے
- واپس
- 1۔آخیر،نتیجہ 2۔امام،لیڈر
- بُرے حال
- اندر کی نظر،عقلمندی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿44﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا
فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿45﴾ وَمَا
كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿46﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ
اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَ
لَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظَاهَرَا ۗ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿48﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ
مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿49﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ
اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿50﴾

اور جب ہم نے موسیٰؑ کی طرف حکم بھیجا تو تم (طور کی) غرب کی طرف نہیں تھے اور نہ (ہی تمام اُمتوں کے انجام کار کو) دیکھنے والوں میں تھے (44) لیکن ہم (ہی) نے کئی اُمتوں کو پیدا کیا پھر ان پر مدت طویل گزر گئی اور نہ تم مدین والوں میں رہنے والے تھے کہ ان کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے تھے ہاں ہم ہی تو پیغمبرؐ بھیجنے والے تھے (45) اور نہ تم اس وقت جبکہ ہم نے (موسیٰؑ کو) آواز دی طور کے کنارے تھے بلکہ (تمہارا بھیجا جانا) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا ہدایت کرو تاکہ وہ نصیحت پکڑیں (46) اور (اے پیغمبرؐ ہم نے تم کو اس لئے بھیجا ہے کہ) ایسا نہ ہو کہ اگر ان (اعمال) کے سبب جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں ان پر کوئی مصیبت واقع ہو تو یہ کہنے لگیں کہ اے پروردگار تُو نے ہماری طرف کوئی پیغمبرؐ کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ایمان لانے والوں میں ہوتے؟ (47) پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ پہنچا تو کہنے لگے کہ جیسی (نشانیاں) موسیٰؑ کو ملی تھیں ویسی اس کو کیوں نہیں ملیں؟ کیا جو (نشانیاں) پہلے موسیٰؑ کو دی گئی تھیں انہوں نے ان سے کفر نہیں کیا؟ کہنے لگے کہ دونوں جادوگر ہیں ایک دوسرے کے موافق اور بولے کہ ہم سب سے منکر ہیں (48) کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم خدا کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ان دونوں (کتابوں) سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہو تاکہ میں بھی اسی کی پیروی کروں (49) پھر اگر یہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو جان لو کہ یہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں۔ اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جو خدا کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کے پیچھے چلے؟ بیشک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (50)

حوالہ جات: قصص:45

مشکل الفاظ کے معانی:
- طور، غرب، اُمتوں: 1۔ پہاڑ کا نام 2۔ مغرب 3۔ گروہوں
- انجام کار، مدت طویل: 1۔ کاموں کی آخیر 2۔ لمبا عرصہ
- سبب: کی وجہ سے
- پیروی کرتے: پیچھے چلتے، عمل کرتے
- حق: سچائی
- موافق، منکر: 1۔ برابر، مناسب 2۔ انکار کرنا
- پیروی: پیچھے چلنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْقَصَصِ

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿51﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾ وَاِذَا يُتْلٰى
عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿53﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا
وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿54﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ
اَعْمَالُكُمْ ۡ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۡ لَا نَبْتَغِى الْجٰهِلِيْنَ ﴿55﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ
اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿56﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ
ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿57﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ
مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿58﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ
فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿59﴾

اور ہم پے در پے ان لوگوں کے پاس (ہدایت کی) باتیں بھیجتے رہے ہیں تاکہ نصیحت پکڑیں (51) جن
لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب (وہدایت) دی تھی وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں (52) اور جب (قرآن) ان
کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لے آئے بیشک وہ ہمارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے
(اور) ہم تو اس سے پہلے کے حکم بردار ہیں (53) ان لوگوں کو دُگنا بدلا دیا جائے گا کیونکہ صبر کرتے رہے ہیں اور
بھلائی کے ساتھ بُرائی کو دور کرتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (54) اور
جب بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو ہمارے اعمال اور تم کو تمہارے اعمال تم کو
سلام ہم جاہلوں کے خواستگار نہیں ہیں (55) (اے محمدؐ) تم جس کو دوست رکھتے ہو اسے ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ خدا
ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے (56) اور کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے
ساتھ ہدایت کی پیروی کریں تو اپنے ملک سے اُچک لئے جائیں کیا ہم نے ان کو حرم میں جو امن کا مقام ہے جگہ
نہیں دی جہاں ہر قسم کے میوے پہنچائے جاتے ہیں (اور یہ) رزق ہماری طرف سے ہے، لیکن ان میں سے اکثر
نہیں جانتے (57) اور ہم نے بہت سی بستیوں کو ہلاک کر ڈالا جو اپنی (فراخی) معیشت میں اِترا رہے تھے سو یہ ان
کے مکانات ہیں جو ان کے بعد آباد ہی نہیں ہوئے مگر بہت کم اور ان کے پیچھے ہم ہی ان کے وارث ہوئے (58) اور
تمہارا پروردگار بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک کہ ان کے بڑے شہر میں پیغمبر نہ بھیج لے جو ان کو ہماری آیتیں
پڑھ پڑھ کر سنائے اور ہم بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتے مگر اس حالت میں کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوں (59)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔لگاتار، مسلسل 2۔حاصل کریں
- بالکل سچ
- حکموں کا ماننا
- نیکی
- نامناسب
- چاہنے والا
- 1۔اٹھا 2۔جنگ کے مخالف
- 1۔پھل فروٹ وغیرہ 2۔زیادہ تر
- 1۔آبادیوں 2۔بہت زیادہ مال ہونا 3۔مغرور تھے
- مالک
- آبادیاں
- رہنے والے

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ⑥⓪ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا
حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ⑥① وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ
شُرَكَآءِىَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ⑥② قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ
تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ⑥③ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ
اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ⑥④ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ⑥⑤ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ
لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ⑥⑥ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ⑥⑦ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ
وَيَخْتَارُ ۭ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ⑥⑧ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا
يُعْلِنُوْنَ ⑥⑨ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ⑦⓪

اور جو چیز تم کو دی گئی ہے وہ دنیا کی زندگی کا فائدہ اور اس کی زینت ہے۔ اور جو خدا کے پاس ہے وہ بہتر اور باقی
رہنے والی ہے کیا تم سمجھتے نہیں؟ (60) بھلا جس شخص سے ہم نے نیک وعدہ کیا اور اس نے اسے حاصل کر لیا تو کیا
وہ اس شخص کا سا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کے فائدے سے بہرہ مند کیا؟ پھر وہ قیامت کے روز ان لوگوں
میں ہو جو (عذاب کے لئے) حاضر کئے جائیں گے (61) اور جس روز خدا ان کو پکارے گا اور کہے گا کہ میرے وہ
شریک کہاں ہیں جن کا تمہیں دعویٰ تھا؟ (62) تو جن لوگوں پر (عذاب کا) حکم ثابت ہو چکا ہوگا وہ کہیں گے کہ
ہمارے پروردگار یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا (اور) جس طرح ہم خود گمراہ ہوئے تھے اسی طرح ان کو
گمراہ کیا تھا (اب) ہم تیری طرف (متوجہ ہو کر) ان سے بیزار ہوتے ہیں یہ ہمیں نہیں پُوجتے تھے (63) اور کہا
جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ تو وہ ان کو پکاریں گے اور وہ ان کو جواب نہ دے سکیں گے اور (جب) عذاب کو
دیکھ لیں گے (تو تمنا کریں گے کہ) کاش وہ ہدایت یاب ہوتے (64) اور جس روز (خدا) ان کو پکارے گا اور
کہے گا کہ تم نے پیغمبروں ؑ کو کیا جواب دیا؟ (65) تو وہ اس روز خبروں سے اندھے ہو جائیں گے اور آپس میں
کچھ بھی پوچھ نہ سکیں گے (66) لیکن جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل نیک کئے تو اُمید ہے کہ وہ نجات پانے
والوں میں ہو (67) اور تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) برگزیدہ کر لیتا ہے ان کو
(اس کا) اختیار نہیں ہے یہ جو شرک کرتے ہیں خدا اس سے پاک و بالاتر ہے (68) اور ان کے سینے جو کچھ مخفی
کرتے اور جو یہ ظاہر کرتے ہیں تمہارا پروردگار اس کو جانتا ہے (69) اور وہی خدا ہے اس کے سوا کوئی معبود
نہیں، دنیا اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے اور اسی کا حکم اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے (70)

سجاوٹ، خوشنمائی، رونق، خوبصورتی
سوالیہ لفظ
خوشحال، فائدہ دینا
مان تھا، فخر کرتے تھے
راستے سے بھٹکنا
1۔ رجوع کرنا، جھکنا 2 نفرت کرنا 3۔ پرستش کرنا، پوجا پاٹ
1۔ بڑی خواہش رکھنا 2۔ افسوس کا کلمہ
رہائی، مخلصی
عزت والا
1۔ بہت اوپر 2۔ چھپانا
1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
واپس جانا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَصِ	حوالہ جات

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا
تَسْمَعُوْنَ ﴿71﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ
بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿72﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿73﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿74﴾ وَنَزَعْنَا مِنْ
كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿75﴾ اِنَّ قَارُوْنَ
كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۚ اِذْ قَالَ
لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿76﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ
الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿77﴾

کہو بھلا دیکھو تو اگر خدا تم پر ہمیشہ قیامت کے دن تک رات (کی تاریکی) کئے رہے تو خدا کے سوا کون معبود ہے
جو تم کو روشنی لا دے؟ تو کیا تم سنتے نہیں؟ (71) کہو تو بھلا دیکھو تو اگر خدا تم پر ہمیشہ روز قیامت تک دن کئے رہے
تو خدا کے سوا کون معبود ہے کہ تم کو رات لا دے جس میں تم آرام کرو؟ تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ (72) اور اس
نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات کو اور دن کو بنایا تا کہ تم اس میں آرام کرو اور (اس میں) اس کا فضل
تلاش کرو اور تا کہ شکر کرو (73) اور جس دن وہ ان کو پکارے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک جن کا تمہیں
دعویٰ تھا کہاں گئے؟ (74) اور ہم ہر ایک اُمت میں سے گواہ نکال لیں گے پھر کہیں گے کہ اپنی دلیل پیش کرو
تو وہ جان لیں گے کہ سچ بات خدا کی ہے اور جو وہ افتراء کیا کرتے تھے ان سے جاتا رہے گا (75) قارون
موسیٰؑ کی قوم میں سے تھا اور ان پر تعدی کرتا تھا اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ ان کی کُنجیاں
ایک طاقتور جماعت کو اٹھانی مشکل ہوتیں جب اس سے اس کی قوم نے کہا کہ اِترائیے مت کہ خدا اِترانے
والوں کو پسند نہیں کرتا (76) اور جو (مال) تم کو خدا نے عطا فرمایا ہے اس سے آخرت (کی بھلائی) طلب
کیجئے اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلائیے اور جیسی خدا نے تم سے بھلائی کی ہے (ویسی) تم بھی (لوگوں سے)
بھلائی کرو اور ملک میں طالب فساد نہ ہو کیونکہ خدا فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا (77)

1۔اندھیرا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

سوالیہ لفظ

علاوہ

معاش، روزی

1۔مان تھا، غرور تھا، فخر کرتے تھے
2۔گروہ، جماعت

1۔جھوٹ بناتے تھے
2۔گم ہوجائے گا، ختم ہوجائے گا

1۔انتہائی ظلم 2۔چابیاں

غرور نہ کرو

1۔دیا ہے 2۔فائدہ 3۔مانگیے

1۔چاہنا 2۔ظلم، شرک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَصَص	حوالہ جات

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً
وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿78﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ
الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿79﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ
لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿80﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿81﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ
الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿82﴾ تِلْكَ
الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿83﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ
خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿84﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
بولا کہ یہ (مال) مجھے میری دانش (کے زور) سے ملا ہے۔ کیا اس کو معلوم نہیں کہ خدا نے اس سے پہلے بہت سی اُمتیں	1۔عقلمندی 2۔گروہ
جو اس سے قوت میں بڑھ کر اور جمعیت میں بیشتر تھیں ہلاک کر ڈالی ہیں؟ اور گنہگاروں سے ان کے گناہوں	1۔طاقت 2۔جماعت، اکٹھ 3۔زیادہ
کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا (78) تو (ایک روز) قارون (بڑی) آرائش (اور ٹھاٹھ) سے اپنی	سج دھج کر
قوم کے سامنے نکلا جو لوگ دنیا کی زندگی کے طالب تھے کہنے لگے کہ جیسا (مال ومتاع) قارون کو ملا ہے کاش	1۔خواہشمند تھے 2۔ساز وسامان 3۔افسوس کا کلمہ
(ایسا ہی) ہمیں بھی ملے، وہ تو بڑا ہی صاحب نصیب ہے (79) اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا وہ کہنے لگے کہ تم	خوش نصیب
پر افسوس مومنوں اور نیکوکاروں کے لئے (جو) ثواب خدا (کے ہاں تیار ہے وہ) کہیں بہتر ہے اور وہ صرف	صلہ، بدلا
صبر کرنے والوں ہی کو ملے گا (80) پس ہم نے قارون کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا تو خدا کے سوا	1۔دبا دیا 2۔علاوہ
کوئی جماعت اس کی مددگار نہ ہو سکی اور نہ وہ بدلا لے سکا (81) اور وہ لوگ جو کل اس کے رُتبے کی	1۔انتقام 2۔مرتبہ، عہدہ
تمنا کرتے تھے صبح کو کہنے لگے ہائے شامت خدا ہی تو اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق	1۔شدت کی خواہش 2۔آفت، نحوست
فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ اگر خدا ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی	کھلا
دھنسا دیتا ہائے خرابی کافر نجات نہیں پا سکتے (82) وہ (جو) آخرت کا گھر (ہے) ہم نے اسے ان لوگوں	1۔افسوس 2۔کفر، شرک 3۔رہائی
کے لئے (تیار) کر رکھا ہے جو ملک میں ظلم اور فساد کا ارادہ نہیں رکھتے اور انجام (نیک) تو پرہیزگاروں ہی	1۔کفر، شرک 2۔آخیر، نتیجہ
کا ہے (83) جو شخص نیکی لے کر آئے گا اس کے لئے اس سے بہتر (صلہ موجود) ہے اور جو بُرائی لائے گا تو	بدلا
جن لوگوں نے بُرے کام کئے ان کو بدلا بھی اسی طرح کا ملے گا جس طرح کے وہ کام کرتے تھے (84)	

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْقَصَصِ ، سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّیْۤ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰی وَمَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ
مُّبِیْنٍ ﴿85﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْۤا اَنْ یُّلْقٰۤی اِلَیْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِیْرًا
لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿86﴾ وَلَا یَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَیْكَ وَادْعُ اِلٰی رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ
الْمُشْرِكِیْنَ ﴿87﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ
وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿88﴾

الٓمّٓ ﴿1﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْۤا اَنْ یَّقُوْلُوْۤا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ﴿2﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
فَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِیْنَ ﴿3﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ
مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿4﴾ مَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿5﴾

(اے پیغمبرؐ) جس (خدا) نے تم پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے وہ تمہیں بازگشت کی جگہ لوٹا دے گا کہدو کہ میرا پروردگار اس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور (اس کو بھی) جو صریح گمراہی میں ہے (85) اور تمہیں اُمید نہ تھی کہ تم پر یہ کتاب نازل کی جائے گی مگر تمہارے پروردگار کی مہربانی سے (نازل ہوئی) تو تم ہرگز کافروں کے مددگار نہ ہونا (86) اور وہ تمہیں خدا کی آیتوں (کی تعمیل وتبلیغ) سے بعد اس کے کہ وہ تم پر نازل ہو چکی ہیں روک نہ دیں اور اپنے پروردگار کو پکارتے رہو اور مشرکوں میں ہرگز نہ ہوجیو (87) اور خدا کے ساتھ کسی اور کو معبود (سمجھ کر) نہ پکارنا اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کی ذات (پاک) کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے اسی کا حکم ہے اور اس کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے (88)

ترجمہ سورت عنکبوت

الٓمّٓ (1) کیا لوگ یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ (صرف) یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی؟ (2) اور جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں ہم نے ان کو بھی آزمایا تھا (اور ان کو بھی آزمائیں گے) سو خدا ان کو ضرور معلوم کرے گا جو (اپنے ایمان میں) سچے ہیں اور ان کو بھی جو جھوٹے ہیں (3) کیا وہ لوگ جو بُرے کام کرتے ہیں یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ ہمارے قابو سے نکل جائیں گے؟ جو یہ خیال کرتے ہیں بُرا ہے (4) جو شخص خدا کی ملاقات کی اُمید رکھتا ہو تو خدا کا (مقرر کیا ہوا) وقت ضرور آنے والا ہے اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے (5)

حوالہ جات:
زخرف:43،44
صف:2،3
متشابہ،عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی:
اصل جگہ پر واپس
صاف
1۔کسی بھی صورت 2۔خود بھی عمل کرنا اور دوسروں کو بھی کہنا
1۔شامل ہونا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔علاوہ
ختم ہونے والی
پکڑ، گرفت
طے کیا ہوا

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَنْ جٰهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝6 وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ
عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِىْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝7 وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ
جٰهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِىْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝8
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِى الصّٰلِحِيْنَ ۝9 وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِىَ
فِى اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ
بِاَعْلَمَ بِمَا فِىْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝10 وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝11 وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَىْءٍ ؕ اِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ۝12 وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝13

اور جو شخص محنت کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے محنت کرتا ہے اور خدا تو سارے جہان سے بے پرواہ ہے (6)
اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ہم ان کے گناہوں کو ان سے دُور کردیں گے اور ان کو ان کے اعمال
کا بہت اچھا بدلا دیں گے (7) اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے
(اے مخاطب) اگر تیرے ماں باپ تیرے درپے ہوں کہ تُو میرے ساتھ کسی کو شریک بنائے جس کی حقیقت سے
تجھے واقفیت نہیں تو ان کا کہنا نہ مانیو تم (سب) کو میری طرف لوٹ کر آنا ہے پھر جو کچھ تم کرتے تھے میں تم کو جتاؤں
گا (8) اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو ہم نیک لوگوں میں داخل کریں گے (9) اور بعض
لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم خدا پر ایمان لائے جب ان کو خدا (کے رستے) میں کوئی ایذا پہنچتی ہے تو لوگوں کی
ایذا کو (یوں) سمجھتے ہیں جیسے خدا کا عذاب اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے مدد پہنچے تو کہتے ہیں کہ ہم تو
تمہارے ساتھ تھے کیا جو اہل عالم کے سینوں میں ہے خدا اس سے واقف نہیں؟ (10) اور خدا ان کو ضرور معلوم
کرے گا جو (سچے) مومن ہیں اور منافقوں کو بھی معلوم کرکے رہے گا (11) اور جو کافر ہیں وہ مومنوں سے کہتے
ہیں کہ ہمارے طریق کی پیروی کرو ہم تمہارے گناہ اٹھالیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہوں کا کچھ بھی بوجھ اٹھانے
والے نہیں کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں (12) اور یہ اپنے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور
(لوگوں کے) بوجھ بھی اور جو بہتان یہ باندھتے رہے قیامت کے دن ان کی ان سے ضرور پرسش ہوگی (13)

مشکل الفاظ کے معانی:

- خاطر میں نہ رکھنا
- 1۔جس سے بات ہو 2۔پیچھے لگنا
- 1۔جانکاری یا علم نہیں 2۔ماننا 3۔یاد کرانا
- کچھ
- تکلیف
- دنیا کے رہنے والے
- دورُخے لوگ
- 1۔طریقہ 2۔پیچھے چلنا 3۔وزن
- 1۔جھوٹا الزام 2۔پوچھ گچھ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ
ظٰلِمُوْنَ ⑭ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ⑮ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑯ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ
الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ ⑰ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑱ اَوَلَمْ يَرَوْا
كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ⑲ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ
بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑳ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ
مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ㉑

اور ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس برس کم ہزار برس رہے پھر ان (کی قوم) کو طوفان
(کے عذاب) نے آ پکڑا اور وہ ظالم تھے (14) پھر ہم نے نوحؑ کو اور کشتی والوں کو نجات دی اور کشتی کو اہل عالم
کے لئے نشانی بنا دیا (15) اور ابراہیمؑ کو (یاد کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا کی عبادت کرو اور اس
سے ڈرو اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (16) تو تم خدا کو چھوڑ کر بُتوں کو پُوجتے اور طوفان باندھتے
ہو تو جن لوگوں کو تم خدا کے سوا پُوجتے ہو وہ تم کو رزق دینے کا اختیار نہیں رکھتے پس خدا ہی کے ہاں سے رزق طلب
کرو اور اسی کی عبادت کرو اور اسی کا شکر کرو اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے (17) اور اگر تم (میری) تکذیب
کرو تو تم سے پہلے بھی اُمتیں (اپنے پیغمبروںؑ کی) تکذیب کر چکی ہیں اور پیغمبرؑ کے ذمے کھول کر سنا دینے کے
سوا اور کچھ نہیں (18) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ خدا کس طرح خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا پھر (کس طرح)
اس کو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے یہ خدا کو آسان ہے (19) کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ اس نے کس
طرح خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کیا ہے۔ پھر خدا ہی پچھلی پیدائش پیدا کرے گا بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے (20)
وہ جسے چاہے عذاب دے اور جس پر چاہے رحم کرے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے (21)

مشکل الفاظ کے معانی:

- سال
- 1۔رہائی 2۔تمام دُنیا
- اللہ کا حکم ماننا
- جھوٹا الزام، دین میں اضافی بات کرنا
- 1۔پرستش کرتے ہو 2۔روزی 3۔پاس، گھر 4۔مانگو
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔جھٹلانا
- 1۔قومیں 2۔ذمہ داری
- 1۔علاوہ 2۔مخلوقات
- بعد میں آنے والی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	حوالہ جات

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿22﴾ وَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِىْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿23﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ
قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿24﴾ وَقَالَ اِنَّمَا
اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ
وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿25﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّىْ مُهَاجِرٌ اِلٰى
رَبِّىْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿26﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِىْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ
اَجْرَهٗ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿27﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۡ مَا
سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿28﴾

اور تم (اس کو) نہ زمین میں عاجز کر سکتے ہو اور نہ آسمان میں اور نہ خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار
(22) اور جن لوگوں نے خدا کی آیتوں سے اور اس کے ملنے سے انکار کیا وہ میری رحمت سے نا اُمید ہو گئے ہیں اور
ان کو درد دینے والا عذاب ہو گا (23) تو ان کی قوم کے لوگ جواب میں بولے تو یہ بولے کہ اسے مار ڈالو یا جلا دو
مگر خدا نے ان کو آگ (کی سوزش) سے بچا لیا جو لوگ ایمان رکھتے ہیں ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں (24)
اور (ابراہیمؑ نے) کہا کہ تم جو خدا کو چھوڑ کر بتوں کو لے بیٹھے ہو تو دنیا کی زندگی میں باہم دوستی کے لئے (مگر) پھر
قیامت کے دن تم ایک دوسرے (کی دوستی) سے انکار کر دو گے اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجو گے اور تمہارا ٹھکانا
دوزخ ہو گا اور کوئی تمہارا مددگار نہ ہو گا (25) پس ان پر (ایک) لوطؑ ایمان لائے اور (ابراہیمؑ) کہنے لگے میں
اپنے پروردگار کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں بیشک وہ غالب حکمت والا ہے (26) اور ہم نے ان کو اسحاقؑ اور
یعقوبؑ بخشے اور ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب (مقرر) کر دی اور ان کو دنیا میں بھی اس کا صلہ عنایت کیا اور
وہ آخرت میں بھی نیک لوگوں میں ہوں گے (27) اور لوطؑ (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم
(عجب) بے حیائی کے مرتکب ہوتے ہو تم سے پہلے اہل عالم میں سے کسی نے ایسا کام نہیں کیا (28)

1۔ ہرا سکتے ہو 2۔ علاوہ

خدا اور روز آخرت پر ایمان لانے کی تفصیلی بات

جلن، درد

ایک دوسرے سے

اصل مقام، آخیر

جانے والا ہوں

1۔ لکھ دی، طے کر دی 2۔ بدلا 3۔ دیا

1۔ عجیب 2۔ مجرم 3۔ دنیا والوں میں سے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	مشکل الفاظ کے معانی

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ۬ وَتَاْتُوْنَ فِىْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا
ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿29﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿30﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ
رُسُلُنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مُهْلِكُوْۤا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا
لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ٝ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ٝ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿32﴾ وَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا
لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۗ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ
مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿33﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰۤى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿34﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا
مِنْهَاۤ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿35﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا
تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿36﴾

تم کیوں (لذت کے ارادے سے) لونڈوں کی طرف مائل ہوتے اور (مسافروں کی) رہزنی کرتے ہو اور اپنی مجلسوں میں ناپسندیدہ کام کرتے ہو؟ تو ان کی قوم کے لوگ جواب میں بولے کہ اگر تم سچے ہو تو ہم پر خدا کا عذاب لے آؤ (29) لوطؑ نے کہا اے میرے پروردگار (ان) مُفسِد لوگوں کے مقابلے میں مجھے نصرت عنایت فرما (30) اور جب ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس خوشی کی خبر لے کر آئے تو کہنے لگے کہ ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کر دینے والے ہیں، کہ یہاں کے رہنے والے نافرمان ہیں (31) ابراہیمؑ نے کہا کہ اس میں تو لوطؑ بھی ہیں وہ کہنے لگے کہ جو لوگ یہاں (رہتے) ہیں ہمیں سب معلوم ہے ہم ان کو اور ان کے گھر والوں کو بچا لیں گے بجز ان کی بیوی کے کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں ہوگی (32) اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے تو وہ ان (کی وجہ) سے ناخوش اور تنگ دل ہوئے (فرشتوں نے) کہا کچھ خوف نہ کیجئے اور نہ رنج کیجئے ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچا لیں گے مگر آپ کی بیوی کہ پیچھے رہنے والوں میں ہوگی (33) ہم اس بستی کے رہنے والوں پر اس سبب سے کہ یہ بدکرداری کرتے رہے ہیں آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں (34) اور ہم نے سمجھنے والوں کے لئے اس بستی سے ایک کھلی نشانی چھوڑ دی (35) اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ کو (بھیجا) تو انہوں نے کہا بھائیو! خدا کی عبادت کرو اور پچھلے دن (کے آنے) کی اُمید رکھو اور ملک میں فساد نہ مچاؤ (36)

مشکل الفاظ کے معانی:

- لذت، لونڈوں، مائل، رہزنی: 1۔مزا 2۔لڑکوں 3۔جھکنا 4۔ڈاکہ، چوری
- مجلسوں: محفلوں، اکٹھ
- مُفسِد، نصرت عنایت فرما: 1۔فسادی، مشرک 2۔فتح دے
- بستی: آبادی
- نافرمان: حکم عدولی کرنا
- بجز: ماسوائے
- ناخوش، تنگ دل، رنج: 1۔پریشان 2۔دل میں تکلیف ہونا 3۔غم
- سبب سے: وجہ سے
- مدین: جگہ کا نام
- عبادت، پچھلے دن، فساد: 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔قیامت 3۔خرابی، کفر و شرک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	حوالہ جات

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿37﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَاْ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ قف
وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿38﴾ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ قف
وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿39﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ج فَمِنْهُمْ
مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ
اَغْرَقْنَا ج وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿40﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ج اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ط وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ م لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾ اِنَّ
اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿42﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ط وَمَا
يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿43﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿44﴾ ع

مگرانہوں نے ان کو جھوٹا سمجھا سوان کو زلزلے[1] (کے عذاب) نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے[2] پڑے
رہ گئے (37) اور عاد اور ثمود کو بھی (ہم نے ہلاک کر دیا) چنانچہ ان کے (ویران گھر) تمہاری آنکھوں کے سامنے
ہیں اور شیطان نے ان کے اعمال ان کو آراستہ کر دکھائے اور ان کو (سیدھے) رستے سے روک دیا حالانکہ وہ
دیکھنے والے (لوگ) تھے (38) اور قارون اور فرعون اور ہامان کو بھی (ہلاک کر دیا) اور ان کے پاس موسیٰؑ کھلی
نشانیاں لے کر آئے تو وہ ملک میں مغرور ہوگئے[1] اور وہ (ہمارے) قابو سے[2] نکل جانے والے نہ تھے (39) تو ہم
نے سب کو ان کے گناہوں کے سبب[1] پکڑ لیا ان میں کچھ تو ایسے تھے جن پر ہم نے پتھروں کا مینہ[2] برسایا اور کچھ ایسے
تھے جن کو چنگھاڑ[1] نے آ پکڑا اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا[2] اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے
غرق کر دیا اور خدا ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے (40) جن لوگوں نے خدا کے
سوا (اوروں کو) کارساز بنا رکھا ہے ان کی مثال مکڑی کی سی ہے کہ وہ بھی ایک (طرح کا) گھر بناتی ہے اور کچھ
شک نہیں کہ تمام گھروں سے کمزور مکڑی[1] کا گھر ہے کاش یہ[2] (اس بات کو) جانتے (41) یہ جس چیز کو خدا کے سوا
پکارتے ہیں (خواہ) وہ کچھ ہی ہو خدا اسے جانتا ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے (42) ہم یہ مثالیں لوگوں
کے (سمجھانے کے) لئے بیان کرتے ہیں اور اسے تو اہل دانش ہی سمجھتے ہیں (43) خدا نے آسمانوں اور زمین
کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے کچھ شک نہیں کہ ایمان والوں کے لئے اس میں نشانی ہے (44)

مشکل الفاظ کے معانی

- زلزلے، اوندھے: 1۔بھونچال 2۔اُلٹے
- ویران گھر: بے آباد گھر
- آراستہ کر: سجا کر
- مغرور ہوگئے، قابو سے: 1۔تکبر کرنا 2۔پکڑ سے
- سبب، مینہ: 1۔کی وجہ سے 2۔بارش
- چنگھاڑ، دھنسا دیا: 1۔زور کی آواز 2۔دبا دیا
- غرق: ڈبونا
- اوروں کو: علاوہ دوسروں کو
- مکڑی، کاش: 1۔ایک کیڑا جو اپنے لعاب سے جالا تنتا ہے 2۔افسوس کا کلمہ
- اہل دانش: اہل عقل
- حکمت: دانائی

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	مشکل الفاظ کے معانی

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ
يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿45﴾ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ
اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿46﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ
الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿47﴾ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ
وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿48﴾ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا
الظّٰلِمُوْنَ ﴿49﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿50﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ
اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ
شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿52﴾

(اے محمدؐ! یہ) کتاب جو تمہاری طرف وحی کی گئی ہے اس کو پڑھا کرو اور نماز کے پابند رہو۔ کچھ شک نہیں کہ نماز بے حیائی
اور بُری باتوں سے روکتی ہے اور خدا کا ذکر بڑا (دل کو آرام دیتا) ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اسے جانتا ہے (45) اور
اہل کتاب سے جھگڑا نہ کرو مگر ایسے طریق سے کہ نہایت اچھا ہو، ہاں جو ان میں سے بے انصافی کریں (ان کے ساتھ
اسی طرح مجادلہ کرو) اور کہہ دو کہ جو (کتاب) ہم پر اُتری اور جو (کتابیں) تم پر اُتریں، ہم سب پر ایمان رکھتے
ہیں اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں (46) اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف کتاب
اُتاری ہے تو جن لوگوں کو ہم نے کتابیں دی تھیں وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور بعض ان (مشرک) لوگوں میں سے
بھی اس پر ایمان لے آتے ہیں اور ہماری آیتوں سے وہی انکار کرتے ہیں جو کافر ہیں (47) اور تم اس سے پہلے کوئی
کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھ ہی سکتے تھے، ایسا ہوتا تو اہل باطل ضرور شک کرتے (48) بلکہ یہ
روشن آیتیں ہیں جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے ان کے سینوں میں (محفوظ) اور ہماری آیتوں سے وہی لوگ انکار کرتے ہیں
جو بے انصاف ہیں (49) اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے نشانیاں کیوں نازل نہیں ہوئیں کہہ
دو کہ نشانیاں تو خدا ہی کے پاس ہیں اور میں تو کُھلم کُھلا ہدایت کرنے والا ہوں (50) کیا ان لوگوں کے لئے یہ کافی نہیں
کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی جو ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے، کچھ شک نہیں کہ مومن لوگوں کے لئے اس میں رحمت اور
نصیحت ہے (51) کہہ دو کہ میرے اور تمہارے درمیان خدا ہی گواہ کافی ہے جو چیز آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب
کو جانتا ہے اور جن لوگوں نے باطل کو مانا اور خدا سے انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں (52)

حوالہ جات:

رعد: 28

آئندہ حصوں میں دیکھئے

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔طریقہ 2۔بہت زیادہ

جنگ

جس کا شرعی حکم مانا جائے

جھوٹ والے

حفاظت سے رکھی چیز

جھوٹ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْ لَاۤ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿53﴾ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ
بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿54﴾ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿55﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿56﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۫ ثُمَّ اِلَيْنَا
تُرْجَعُوْنَ ﴿57﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ
الْعٰمِلِيْنَ ﴿58﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿59﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿60﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿61﴾
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿62﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿63﴾

اور یہ لوگ تم سے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں اگر ایک وقت مقرر نہ (ہو چکا) ہوتا تو ان پر عذاب آ بھی گیا
ہوتا اور وہ (کسی وقت میں) ان پر ضرور ناگہاں آ کر رہے گا اور ان کو معلوم بھی نہ ہوگا (53) یہ تم سے عذاب کے
لئے جلدی کر رہے ہیں اور دوزخ تو کافروں کو گھیر لینے والی ہے (54) جس دن عذاب ان کو ان کے اوپر سے اور
نیچے سے ڈھانک لے گا اور (خدا) فرمائے گا کہ جو کام تم کیا کرتے تھے (اب) ان کا مزا چکھو (55) اے میرے
بندو جو ایمان لائے ہو میری زمین فراخ ہے تو میری ہی عبادت کرو (56) ہر متنفس موت کا مزا چکھنے والا ہے
پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے (57) اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو ہم بہشت کے
اونچے اونچے محلوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ہمیشہ ان میں رہیں گے (نیک) عمل کرنے
والوں کا (یہ) خوب بدلا ہے (58) جو صبر کرتے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں (59) اور بہت سے جانور
ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے۔ خدا ہی ان کو رزق دیتا ہے اور تم کو بھی اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے
(60) اور اگر ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ اور سورج اور چاند کو کس نے (تمہارے)
زیر فرمان کیا؟ تو کہہ دیں گے خدا نے تو پھر یہ کہاں اُلٹے جا رہے ہیں؟ (61) خدا ہی اپنے بندوں میں سے جس
کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے بیشک خدا ہر چیز سے واقف
ہے (62) اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے نازل فرمایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے
بعد (کس نے) زندہ کیا؟ تو کہہ دیں گے کہ خدا نے۔ کہہ دو کہ خدا کا شکر ہے۔ لیکن ان میں اکثر نہیں سمجھتے (63)

مشکل الفاظ کے معانی

- طے
- اچانک
- چھپا لے گا
- 1۔زیادہ، کھلی 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔صاحب زندگی، ذی وجود
- واپس
- یقین
- 1۔حکم کے نیچے 2۔غلط جا رہے ہیں، گمراہی
- زیادہ، کھلی، وسیع، کشادہ
- زیادہ تر

حوالہ جات

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ ، سُوْرَةُ الرُّوْمِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِىَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا
فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿65﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ
اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۭ
اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ۭ
اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾ وَالَّذِيْنَ جٰهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿69﴾

الٓمّٓ ﴿1﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿2﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿3﴾ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۭ لِلّٰهِ الْاَمْرُ
مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿4﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿5﴾

اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے اور (ہمیشہ کی) زندگی (کا مقام) تو آخرت کا گھر ہے۔ کاش
یہ (لوگ) سمجھتے (64) پھر جب یہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو خدا کو پکارتے (اور) خالص اسی کی عبادت
کرتے ہیں۔ لیکن جب وہ ان کو نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو جھٹ شرک کرنے لگ جاتے ہیں
(65) تاکہ جو ہم نے ان کو بخشا ہے اس کی ناشکری کریں اور فائدہ اٹھائیں (سو خیر) عنقریب ان کو معلوم
ہو جائے گا (66) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو مقام امن بنایا ہے اور لوگ اس کے
گردونواح سے اُچک لئے جاتے ہیں۔ کیا یہ لوگ باطل پر اعتقاد رکھتے ہیں اور خدا کی نعمتوں کی ناشکری
کرتے ہیں (67) اور اس سے (زیادہ) ظالم کون جو خدا پر جھوٹ باندھے یا جب حق بات اس کے پاس
آئے تو اس کی تکذیب کرے کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟ (68) اور جن لوگوں نے
ہمارے لئے کوشش کی ہم ان کو ضرور اپنے رستے دکھا دیں گے اور خدا تو نیکوکاروں کے ساتھ ہے (69)

ترجمہ سورت روم

الٓمّٓ (1) (اہل) روم مغلوب ہوگئے (2) نزدیک کے ملک میں۔ اور وہ مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب
ہو جائیں گے (3) (یعنی) چند ہی سال میں پہلے بھی اور پیچھے بھی خدا ہی کا حکم ہے اور اس روز مومن خوش ہو
جائیں گے (4) (یعنی) خدا کی مدد سے۔ وہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے اور وہ غالب (اور) مہربان ہے (5)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ٹھکانہ، جگہ 2۔افسوس کا کلمہ
- اللہ کا حکم ماننا
- 1۔رہائی 2۔فوراً
- بہت جلد
- 1۔خانہ کعبہ 2۔پُرسکون
- 1۔اردگرد، 2۔اُٹھالینا 3۔جھوٹ پر یقین
- سچ
- 1۔جھٹلائے 2۔مقام، جگہ
- 1۔ہار جانا 2۔فتح یاب

حوالہ جات:

- بنی اسرائیل: 19، نجم: 39، 40
- متشابہ، عمران: 7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	حوالہ جات

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑥ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖۚ وَهُمْ عَنِ
الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ⑦ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ
وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ⑧ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ⑨ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى
اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑩ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ⑪ وَيَوْمَ تَقُوْمُ
السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ⑫ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑬ وَيَوْمَ تَقُوْمُ
السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ⑭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ⑮

(یہ) خدا کا وعدہ (ہے) خدا اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (6) یہ تو دنیا کی ظاہری
زندگی ہی کو جانتے ہیں اور آخرت (کی طرف) سے غافل ہیں (7) کیا انہوں نے اپنے دل میں غور نہیں کیا کہ
خدا نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے ان کو حکمت[1] سے اور ایک وقت مقرر تک[2] کیلئے پیدا
کیا ہے اور بہت سے لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کے قائل ہی نہیں (8) کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر نہیں کی؟
(سیر کرتے) تو دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام[1] کیسا ہوا؟ وہ ان سے زور و قوت[2] میں کہیں زیادہ[3]
تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا اور اس کو اس سے زیادہ آباد کیا تھا جو انہوں نے آباد کیا اور ان کے پیغمبرؑ نشانیاں لے
کر آتے رہے تو خدا ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے (9) پھر جن لوگوں نے بُرائی کی۔
ان کا انجام[1] بھی بُرا ہوا۔ اس لئے کہ خدا کی آیتوں کو جھٹلاتے اور ان کی ہنسی اُڑاتے رہے تھے (10) خدا ہی خلقت[2] کو
پہلی بار پیدا کرتا ہے وہی اس کو پھر پیدا کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (11) اور جس دن قیامت برپا ہوگی
گنہگار نا اُمید ہو جائیں گے (12) اور ان کے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ان کا سفارشی نہ ہوگا اور وہ اپنے
شریکوں سے نامعتقد ہو جائیں گے (13) اور جس دن قیامت برپا ہوگی اس روز وہ الگ الگ فرقے ہو جائیں گے
(14) تو جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے وہ (بہشت کے) باغ میں خوش حال ہوں گے (15)

زیادہ تر
سستی، لاپرواہی
1۔ دانائی، تدبیر 2۔ طے شدہ
یقین نہیں رکھتے
1۔ آخیر، نتیجہ 2۔ طاقت 2۔ بہت زیادہ
کھیتی باڑی کی
1۔ آخیر، نتیجہ 2۔ مخلوقات
واقع ہوگی
بے عقیدہ، بے یقینے، ناامید
ہر طرح کا آرام ہونا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الرُّوْمِ

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِى الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ (16) فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ
تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ (17) وَلَهُ الْحَمْدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ (18) يُخْرِجُ الْحَىَّ
مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ وَيُحْىِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ (19) وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ
خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ (20) وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا
اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (21) وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ (22) وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ
وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ (23) وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا
وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (24)

اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا وہ عذاب میں ڈالے جائیں گے (16) تو جس
وقت تم کو شام ہو اور جس وقت صبح ہو خدا کی تسبیح کرو (یعنی نماز پڑھو) (17) اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی
تعریف ہے اور تیسرے پہر بھی اور جب دوپہر ہو (اس وقت بھی نماز پڑھا کرو) (18) وہی زندے کو مُردے سے
نکالتا اور (وہی) مُردے کو زندے سے نکالتا ہے اور (وہی) زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی
طرح تم (دوبارہ زمین میں سے) نکالے جاؤ گے (19) اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اس
نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اب تم انسان ہو کر جابجا پھیل رہے ہو (20) اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں
سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تا کہ ان کی طرف (مائل ہو کر) آرام حاصل
کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کر دی۔ جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں
ہیں (21) اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں اور
رنگوں کا جُدا جُدا ہونا اہل دانش کے لئے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (22) اور اسی کے نشانات (اور
تصرفات) میں سے ہے تمہارا رات میں اور دن میں سونا اور اس کے فضل کا تلاش کرنا۔ جو لوگ سنتے ہیں ان کے
لئے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (23) اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ تم کو خوف
اور اُمید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے مینہ برساتا ہے پھر زمین کو اس کے مر جانے کے بعد زندہ
(وشاداب) کر دیتا ہے۔ عقل والوں کے لئے ان (باتوں) میں بہت سی نشانیاں ہیں (24)

لفظ	مشکل الفاظ کے معانی
تصرفات	اختیارات، استعمال، عمل
جابجا	جگہ جگہ
جنس / مائل ہوکر	1۔ذات، نسل، چیز 2۔رجوع کرنا، ڈھل جانا
اہل دانش	عقل والے
فضل	روزی، معاش، رحمت
مینہ	بارش
وشاداب	سرسبز، ہرا بھرا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الرُّوْمِ

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ ق مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿25﴾ وَلَهٗ مَنْ
فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿26﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ
الْاَعْلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ ع ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا
مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِىْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ
نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿28﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِىْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا
لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿29﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿30﴾ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿31﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿32﴾

اوراسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ آسمان اورزمین اس کے حکم سے قائم ہیں۔ پھر جب وہ تم کو
زمین میں سے (نکلنے کے لئے) آواز دے گا تو تم جھٹ نکل پڑو گے (25) اور آسمانوں اورزمین میں اسی کے
(احکام) ہیں (اور زمین وآسمان) تمام اس کے فرمانبردار ہیں (26) اوروہی تو ہے جو خلقت کو پہلی بار پیدا
کرتا ہے پھر اسے دوبارہ پیدا کرے گا اور یہ اسے بہت آسان ہے اور آسمانوں اورزمین میں اس کی شان بہت بلند
ہے۔ اوروہ غالب حکمت والا ہے (27) وہ تمہارے لئے تمہارے ہی حال کی ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ بھلا جن
(غلاموں) کے تم مالک ہو وہ اس (مال) میں جو ہم نے تم کو عطا فرمایا ہے تمہارے شریک ہیں؟ تم اس میں
(ان کو اپنے) برابر (مالک سمجھتے) ہو (اور کیا) تم ان سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح اپنوں (کی ناراضگی)
سے ڈرتے ہو؟ اسی طرح ہم عقل والوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں (28) مگر جو ظالم ہیں
بے سمجھے اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں تو جس کو خدا گمراہ کرے اسے کون ہدایت دے سکتا ہے؟ اور ان کا کوئی
مددگار نہیں (29) تو تم ایک طرف کے ہو کر دین (خدا کے رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے جاؤ (اور) خدا کی فطرت
کو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کئے رہو) خدا کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر وتبدل نہیں ہوسکتا۔
یہی سیدھا دین ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (30) مومنو! اسی (خدا) کی طرف رجوع کئے رہو اور اس سے
ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں نہ ہونا (31) ان لوگوں میں (نہ ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے
ٹکڑے کردیا اور خود فرقے فرقے ہوگئے۔ سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو ان کے پاس ہے (32)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔استعمال،اختیارات،عمل 2۔کھڑے ہیں،وجود میں ہیں
- فوراً
- 1۔حکم ماننا 2۔مخلوق
- اونچی
- نوکر
- اصلیّت
- تبدیلی،ردّوبدل
- 1۔زیادہ تر 2۔جھکاؤ

حوالہ جات

- عمران:83

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الرُّوْمِ

وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ لِيَكْفُرُوْا
بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿34﴾ اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿35﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا
النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿36﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿37﴾ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ
لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿38﴾ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۠ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ
اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿39﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ
هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿40﴾ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿41﴾

اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتے اور اسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔ پھر جب وہ ان
کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتا ہے تو ایک فرقہ ان میں سے اپنے پروردگار سے شرک کرنے لگتا ہے (33) تاکہ جو ہم
نے ان کو بخشا ہے اس کی ناشکری کریں۔ سو (خیر) فائدے اٹھالو۔ عنقریب تم کو (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا
(34) کیا ہم نے ان پر کوئی ایسی دلیل نازل کی ہے کہ ان کو خدا کے ساتھ شرک کرنا بتاتی ہے؟ (35) اور جب
ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتے ہیں اور اگر ان کے عملوں کے سبب جو ان کے
ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں کوئی گزند پہنچے تو ناامید ہو کر رہ جاتے ہیں (36) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ خدا ہی
جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کرتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کرتا ہے؟ بیشک اس میں ایمان
لانے والوں کے لئے نشانیاں ہیں (37) تو اہل قرابت اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق دیتے رہو جو لوگ
رضائے خدا کے طالب ہیں، یہ ان کے حق میں بہتر ہے اور یہی لوگ نجات حاصل کرنے والے ہیں (38) اور
جو تم سُود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں افزائش ہو تو خدا کے نزدیک اس میں افزائش نہیں ہوتی اور جو تم زکوٰۃ دیتے
ہو اور اس سے خدا کی رضا مندی طلب کرتے ہو تو (وہ موجب برکت ہے اور) ایسے ہی لوگ (اپنے مال کو)
دو چند سہ چند کرنے والے ہیں (39) خدا ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا، پھر تم کو رزق دیا، پھر تمہیں مارے گا،
پھر زندہ کرے گا۔ بھلا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ کر سکے؟
وہ پاک ہے اور (اس کی شان) ان کے شرک سے بلند ہے (40) خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب
فساد پھیل گیا ہے تاکہ خدا ان کو ان کے بعض عملوں کا مزا چکھائے۔ عجب نہیں کہ وہ باز آ جائیں (41)

مشکل الفاظ کے معانی

- رجوع: متوجہ ہونا
- انجام: آخیر، بدلا، نتیجہ
- دلیل: سند، آئت
- کے سبب: کی وجہ سے
- گزند: نقصان
- 1۔روزی، معاش 2۔زیادہ، کُھلا پن
- 1۔ساتھ والوں 2۔ضرورت مندوں 3۔حصّہ
- 1۔خدا کی مرضی 2۔خواہش مند 3۔کے لئے 4۔رہائی
- افزائش: زیادہ ہونا
- 1۔خوشی 2۔وجہ، باعث
- دو چند سہ چند: دُگنا تین گُنا
- بلند: اونچی
- 1۔خرابی، کفر و شرک، جنگ و جدل 2۔عجیب

حوالہ جات

- یٰسین:49

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	حوالہ جات

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿42﴾ فَاَقِمْ
وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿43﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ
وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿44﴾ لِيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا
يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿45﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِىَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ
وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿46﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾ اَللّٰهُ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا
فَيَبْسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ
يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿48﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿49﴾

کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ جو لوگ (تم سے) پہلے ہوئے ہیں ان کا انجام کیسا ہوا ہے۔ ان میں سے
زیادہ تر مشرک ہی تھے (42) تو اس روز سے پہلے جو خدا کی طرف سے آکر رہے گا اور رُک نہیں سکے گا (دین کے
رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے چلو اس روز (سب) لوگ منتشر ہو جائیں گے (43) جس شخص نے کفر کیا تو اس کے
کفر کا ضرر اسی کو ہے اور جس نے نیک عمل کئے تو ایسے لوگ اپنے ہی لئے آرام گاہ درست کرتے ہیں (44) جو
لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو خدا اپنے فضل سے بدلا دے گا۔ بیشک وہ کافروں کو دوست نہیں
رکھتا (45) اور اسی کی نشانیوں میں سے ہے کہ ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ خوشخبری دیتی ہیں تا کہ تم کو اپنی رحمت کے مزے
چکھائے اور تا کہ اس کے حکم سے کشتیاں چلیں اور تا کہ تم اس کے فضل سے (روزی) طلب کرو اور عجب نہیں کہ تم
شکر کرو (46) اور ہم نے تم سے پہلے بھی پیغمبرؑ ان کی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس نشانیاں لے کر آئے سو جو
لوگ نافرمانی کرتے تھے ہم نے ان سے بدلا لے کر چھوڑا اور مومنوں کی مدد ہم پر لازم تھی (47) خدا ہی تو ہے جو
ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادل کو اُبھارتی ہیں۔ پھر خدا اس کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا اور تہہ بہ تہہ کر دیتا
ہے۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے بیچ میں سے مینہ نکلنے لگتا ہے، پھر جب وہ اپنے بندوں میں جن پر چاہتا ہے اسے برسا
دیتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں (48) اور پیشتر تو وہ مینہ کے اُترنے سے پہلے نا اُمید ہو رہے تھے (49)

آئندہ حصوں میں دیکھئے

آخر، نتیجہ

بکھر جانا

1۔نقصان 2۔آرام کرنے کی جگہ

معاوضہ، صِلہ، اجر، انعام

1۔رزق، معاش 2۔مانگو 3۔عجیب

ضروری

اوپر اڑاتی

اندر سے

پہلے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ	حوالہ جات

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿50﴾ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿51﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ
الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿52﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ
مُّسْلِمُوْنَ ﴿53﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا
وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿54﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ
كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿55﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۫ فَهٰذَا
يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿56﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿57﴾ وَلَقَدْ
ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿58﴾

تو (اے دیکھنے والے!) خدا کی رحمت کی نشانیوں کی طرف دیکھ کہ وہ کس طرح زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ
کرتا ہے۔ بیشک وہ مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (50) اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجیں کہ وہ
(اس کے سبب) کھیتی کو دیکھیں (کہ) زرد (ہوگئی ہے) تو اس کے بعد وہ ناشکری کرنے لگ جائیں (51)
تو تم مُردوں کو (بات) نہیں سنا سکتے اور بہروں کو جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں آواز سنا سکتے ہو (52) اور نہ
اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) راہ راست پر لا سکتے ہو۔ تم تو انہی لوگوں کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر
ایمان لاتے ہیں۔ سو وہی فرمانبردار ہیں (53) خدا ہی تو ہے جس نے تم کو (ابتداء میں) کمزور حالت میں پیدا
کیا پھر کمزوری کے بعد طاقت عنایت کی پھر طاقت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے
اور وہ صاحب دانش اور صاحب قدرت ہے (54) اور جس روز قیامت برپا ہوگی۔ گنہگار قسمیں کھائیں گے
کہ وہ (دنیا میں) ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے تھے اسی طرح وہ (رستے سے) اُلٹے جاتے تھے (55) اور
جن لوگوں کو علم اور ایمان دیا گیا تھا وہ کہیں گے کہ خدا کی کتاب کے مطابق تم قیامت تک رہے ہو اور یہ قیامت
ہی کا دن ہے لیکن تم کو اس کا یقین ہی نہیں تھا (56) تو اس روز ظالم لوگوں کو ان کا عذر کچھ فائدہ نہ دے گا اور نہ
ان سے توبہ قبول کی جائے گی (57) اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے قرآن میں ہر طرح کی مثال
بیان کر دی ہے اور اگر تم ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کرو تو کافر کہہ دیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو (58)

مشکل الفاظ کے معانی:
- طاقت رکھنا
- 1۔ کی وجہ سے 2۔ پیلی
- درست راستہ
- 1۔ حکم ماننے والے 2۔ شروع میں
- دی
- 1۔ عقل والا 2۔ طاقت والا 3۔ عمل میں آئے گی
- 1۔ پل 2۔ پھر جاتے تھے
- بہانہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرُّوْمِ ، سُوْرَةُ لُقْمَانَ	حوالہ جات

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (59) فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ (60)

الٓمّٓ (1) تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ (2) هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ (3) الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ
الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ (4) اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (5) وَمِنَ
النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (6) وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (7) اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ (8) خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (9) خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ
فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ (10)

اسی طرح خدا ان لوگوں کے دلوں پر جو سمجھ نہیں رکھتے، مہر لگا دیتا ہے (59) پس تم صبر کرو۔ بیشک
خدا کا وعدہ سچا ہے اور (دیکھو) جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ تمہیں اوچھا نہ بنا دیں (60)

ترجمہ سورت لقمان

الٓمّٓ (1) یہ حکمت سے (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں (2) نیکوکاروں کے لئے ہدایت اور رحمت (3) جو
نماز کی پابندی کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں (4) یہی اپنے پروردگار (کی طرف) سے
ہدایت پر ہیں اور یہی نجات[1] پانے والے ہیں (5) اور لوگوں میں بعض[2] ایسے ہیں جو بیہودہ حکایتیں[3] خریدتے
ہیں تاکہ بے سمجھے (لوگوں کو) خدا کے رستے سے گمراہ کریں اور اس سے استہزاء کریں۔ یہی لوگ ہیں، جن
کو ذلیل[1] کرنے والا عذاب ہوگا (6) اور جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو اکڑ کر[2] منہ پھیر لیتا ہے[3]۔
گویا[1] اس کو سنا ہی نہیں جیسے اس کے کانوں میں ثقل[2] ہے تو اس کو درد دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو (7)
جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے نعمت کے باغ ہیں (8) ہمیشہ ان میں رہیں گے۔
خدا کا وعدہ سچا ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے (9) اسی نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر پیدا کیا جیسا کہ تم
دیکھتے ہو اور زمین پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیئے تاکہ تم کو ہلا نہ دے اور اس میں ہر طرح کے جانور پھیلا دیئے اور
ہم نے آسمان سے پانی نازل کیا پھر (اس سے) اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اُگا ئیں (10)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اوچھا: جلد باز، کم ظرف، کم گہرا
- 1۔ رہائی، مخلصی 2۔ کچھ 3۔ نامناسب کہانیاں
- استہزاء: مذاق کرے
- 1۔ رُسوا 2۔ غرور سے 3۔ دوسری طرف ہو جانا
- 1۔ جیسے کہ 2۔ بوجھ، بھاری پن
- ستونوں: کھمبہ، ٹیک
- نفیس: عمدہ، بہت اچھی

حوالہ جات:

- تشابہ، عمران:7
- حج:8، 9

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ لُقْمَان	مشکل الفاظ کے معانی

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ⑪ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ
اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑫ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا
تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ⑬ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ
اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ⑭ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا
وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑮ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ
اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ⑯
يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ⑰ وَلَا تُصَعِّرْ
خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ⑱

یہ تو خدا کی پیدائش ہے تو مجھے دکھاؤ کہ خدا کے سوا جو لوگ ہیں انہوں نے کیا پیدا کیا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ یہ ظالم
صریح گمراہی میں ہیں (11) اور ہم نے لقمان کو دانائی بخشی کہ خدا کا شکر کرو اور جو شخص شکر کرتا ہے تو اپنے ہی
فائدے کے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو خدا بھی بے پروا اور سزاوار حمد (و ثنا) ہے (12) اور (اس
وقت کو یاد کرو) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا خدا کے ساتھ شرک نہ کرنا شرک تو ظلم عظیم
ہے (13) اور ہم نے انسان کو، جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف سہہ کر پیٹ میں اٹھائے رکھتی ہے (پھر اس کو دودھ
پلاتی ہے) اور دو برس میں اس کا دودھ چھڑانا ہوتا ہے (نیز) اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید کی ہے کہ میرا
بھی شکر کرتا رہ اور اپنے ماں باپ کا بھی (کہ تم کو) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے (14) اور اگر وہ تیرے درپے ہوں
کہ تو میرے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرے، جس کا تجھے کچھ بھی علم نہیں تو ان کا کہنا نہ ماننا۔ ہاں دنیا (کے کاموں)
میں ان کا اچھی طرح ساتھ دینا اور جو شخص میری طرف رجوع لائے اس کے رستے پر چلنا پھر تم کو میری طرف لوٹ
کر آنا ہے تو جو کام تم کرتے رہے ہو میں سب سے تم کو آگاہ کردوں گا (15) (لقمان نے یہ بھی کہا کہ) بیٹا اگر کوئی
عمل (بالفرض) رائی کے دانے کے برابر بھی (چھوٹا) ہو اور ہو بھی کسی پتھر کے اندر یا آسمانوں میں (ہو) یا زمین
میں خدا اس کو (قیامت کے دن) لاموجود کرے گا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا باریک بین (اور) خبردار ہے (16)
بیٹا! نماز کی پابندی رکھنا اور (لوگوں کو) اچھے کاموں کے کرنے کا امر اور بری باتوں سے منع کرتے رہنا اور جو
مصیبت تجھ پر واقع ہو اس پر صبر کرنا۔ بیشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں (17) اور (از راہ غرور) لوگوں سے
گال نہ پھلانا اور زمین میں اکڑ کر نہ چلنا کہ خدا کسی اترانے والے خود پسند کو پسند نہیں کرتا (18)

مشکل الفاظ کے معانی

- علاوہ
- 1۔صاف 2۔عقل
- 1۔بے غرض ہونا 2۔مستحق 3۔تعریف
- بڑا ظلم، بڑا گناہ
- محسوس کرنا، برداشت کرنا
- 1۔واپس 2۔پیچھے لگے ہوں
- متوجہ ہو
- بتادوں گا
- 1۔مثلاً 2۔چھوٹے سے چھوٹا
- 1۔سامنے لے آئے 2۔بات کی تہہ کو سمجھنا، تیز نظر 3۔خبر رکھنے والا
- اہتمام، انتظام
- 1۔حوصلہ، طاقت 2۔مغرور ہو کر
- 1۔منہ سُجانا 2۔غرور کرنے والے 3۔اپنے آپ کو بہت اعلیٰ سمجھنے والے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ لُقْمَانَ	حوالہ جات

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ⑲ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا
هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ⑳ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ
يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ㉑ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ
عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ㉒ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ㉓
نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ㉔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ
الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ㉕ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ㉖ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي
الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ㉗

اور اپنی چال میں اعتدال کیئے رہنا اور (بولتے وقت) آواز نیچی رکھنا کیونکہ (اونچی آواز گدھوں کی ہے اور کچھ
شک نہیں کہ) سب سے بُری آواز گدھوں کی ہے (19) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ
زمین میں ہے، سب کو خدا نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دی ہیں؟
اور بعض لوگ ایسے ہیں کہ خدا کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ نہ علم رکھتے ہیں اور نہ ہدایت اور نہ کتاب روشن
(20) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) خدا نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں کہ ہم
تو اسی کی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگر چہ شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا
ہو (تب بھی؟) (21) اور جو شخص اپنے تئیں خدا کا فرمانبردار کر دے اور نیکوکار بھی ہو تو اس نے مضبوط دستاویز
ہاتھ میں لے لی اور (سب) کاموں کا انجام خدا ہی کی طرف ہے (22) اور جو کفر کرے تو اس کا کفر تمہیں
غمناک نہ کر دے۔ ان کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے پھر جو کام وہ کیا کرتے تھے ہم ان کو جتادیں گے۔ بیشک خدا
دلوں کی باتوں سے واقف ہے (23) ہم ان کو تھوڑا سا فائدہ پہنچائیں گے پھر عذاب شدید کی طرف مجبور کر کے
لے جائیں گے (24) اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو بول اٹھیں گے کہ خدا
نے۔ کہہ دو کہ خدا کا شکر ہے لیکن ان میں اکثر سمجھ نہیں رکھتے (25) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب)
خدا ہی کا ہے۔ بیشک خدا بے پروا اور سزاوار حمد (وثناء) ہے (26) اگر یوں ہو کہ زمین میں جتنے درخت ہیں
(سب کے سب) قلم ہوں اور سمندر (کا تمام پانی) سیاہی ہو (اور) اس کے بعد سات سمندر اور (سیاہی ہو)
جائیں) تو خدا کی باتیں (یعنی اس کی صفتیں) ختم نہ ہوں۔ بیشک خدا غالب حکمت والا ہے (27)

- درمیانی درجہ
- 1۔تمہارے بس میں 2۔چھپی
- پیچھے چلنا
- معلوم کیا
- 1۔اپنے آپکو 2۔حکم ماننے والا 3۔تحریری سند
- آخیر، نتیجہ
- 1۔غم زدہ 2۔یاد کرانا
- سخت
- 1۔مُستحق 2۔تعریفِ الٰہی
- خوبیاں

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ لُقْمَانَ	حوالہ جات

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ ۢ بَصِيْرٌ (28) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ
النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۫ كُلٌّ يَّجْرِىْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (29) ذٰلِكَ بِاَنَّ
اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ (30) ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ
بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ (31) وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ (32) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِىْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۥ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ (33) اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِى
الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌۢ بِاَىِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (34) ع

(خدا کو) تمہارا پیدا کرنا اور جلا اٹھانا ایک شخص (کے پیدا کرنے اور جلا اٹھانے) کی طرح ہے۔ بیشک خدا سننے والا
دیکھنے والا ہے (28) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور (وہی) دن کو رات میں داخل
کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو (تمہارے لئے) زیرِفرمان کر رکھا ہے۔ ہر ایک ایک وقت مقرر تک چل رہا
ہے اور یہ کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے (29) یہ اس لئے کہ خدا کی ذات برحق ہے اور جن کو یہ خدا کے
سوا پکارتے ہیں وہ لغو ہیں اور یہ کہ خدا ہی عالی رُتبہ اور گرامی قدر ہے (30) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا ہی کی
مہربانی سے کشتیاں دریا میں چلتی ہیں، تاکہ وہ تم کو اپنی کچھ نشانیاں دکھائے۔ بیشک اس میں ہر صبر کرنے والے (اور)
شکر کرنے والے کے لئے نشانیاں ہیں (31) اور جب ان پر (دریا کی) لہریں سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہیں تو
خدا کو پکارنے (اور) خالص اس کی عبادت کرنے لگتے ہیں۔ پھر جب وہ ان کو نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے
تو بعض ہی انصاف پر قائم رہتے ہیں اور ہماری نشانیوں سے وہی انکار کرتے ہیں جو عہد شکن اور ناشکرے ہیں
(32) لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو اس دن کا خوف کرو کہ نہ تو باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام آئے اور نہ بیٹا اپنے باپ
کے کچھ کام آسکے۔ بیشک خدا کا وعدہ سچا ہے۔ پس دنیا کی زندگی تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ فریب دینے
والا (شیطان) تمہیں خدا کے بارے میں کسی طرح کا فریب دے (33) خدا ہی کو قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ
برساتا ہے۔ اور وہی پیٹ کی چیزوں کو جانتا ہے، اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کل کو کیا کام کرے گا اور کوئی متنفس نہیں
جانتا کہ کس سرزمین میں اسے موت آئے گی۔ بیشک خدا ہی جاننے والا (اور) خبردار ہے (34)

مشکل الفاظ کے معانی

- مرنے کے بعد زندہ کرنا
- 1۔حکم کے نیچے 2۔طے شدہ، فیصلہ شدہ
- 1۔خبر رکھنے والا 2۔سچائی پر ہونا
- 1۔علاوہ 2۔بکواس، بیہودہ بات، جھوٹ 3۔بلند، بہت بڑا 4۔بڑی شان والا
- چھپّر
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔رہائی، مخلصی
- 1۔کچھ ہی 2۔وعدہ خلاف
- دھوکہ
- بارش
- وجود رکھنے والا، زندہ
- 1۔جگہ 2۔معلومات رکھنا

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

الٓمّٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ② اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ③ اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا
بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا
تَتَذَكَّرُوْنَ ④ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِىْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا
تَعُدُّوْنَ ⑤ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑥ الَّذِىْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ
خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ⑦ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ⑧ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑨ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ
ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ۬ بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ⑩

ترجمہ سورت سجدہ

الٓمّٓ (1) اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے (2)
کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبرؑ نے اس کو ازخود بنا لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے
برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا، تاکہ یہ راستے
پر چلیں (3) خدا ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو چیزیں ان دونوں میں ہیں، سب کو چھ دن میں
پیدا کیا، پھر عرش[1] پر جا ٹھہرا، اس کے سوا[2] تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ سفارش کرنے والا۔ کیا تم نصیحت نہیں
پکڑتے؟ (4) وہی آسمان اور زمین تک (کے) ہر کام کا انتظام کرتا ہے، پھر وہ ایک روز جس کی مقدار
تمہارے شمار[1] کے مطابق ہزار برس[2] ہوگی اس کی طرف صعود[3] (اور رجوع) کرے گا (5) یہی تو پوشیدہ[4] اور ظاہر کا
جاننے والا (اور) غالب (اور) رحم والا (خدا) ہے (6) جس نے ہر چیز کو بہت اچھی طرح بنایا (یعنی) اس کو
پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کو مٹی سے شروع کیا (7) پھر اس کی نسل خلاصے سے[1] (یعنی) حقیر[2] پانی سے پیدا
کی (8) پھر اس کو درست کیا پھر اس میں اپنی (طرف سے) رُوح پھونکی اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل
بنائے (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو (9) اور کہنے لگے کہ جب ہم زمین میں ملیامیٹ ہو جائیں گے تو کیا
ازسرنو[1] پیدا ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے پروردگار کے سامنے جانے ہی کے قائل نہیں[2] (10)

حوالہ جات:

متشابہ، عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی:

- اپنی طرف سے
- سچائی
- 1۔خدا کا تخت 2۔علاوہ
- تعداد
- 1۔گنتی 2۔سال 3۔بلندی پر چڑھنا 4۔چھپا ہوا
- 1۔نچوڑ سے 2۔ادنیٰ، بے قدر
- پامال، روندا ہوا، گُھل جانا
- 1۔نئے سرے سے 2۔یقین نہ رکھنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿11﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿12﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ
الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿13﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا
عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿14﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ
لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿15﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿16﴾ فَلَا تَعْلَمُ
نَفْسٌ مَّآ اُخْفِىَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿17﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿18﴾
اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ
النَّارُ ۭ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِىْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿20﴾

کہہ دو کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ
گے (11) اور (اے نبیؐ وہ وقت بھی آئے گا) جب دیکھو کہ گنہگار اپنے پروردگار کے سامنے سر جھکائے ہوں گے
(اور کہیں گے کہ) اے ہمارے پروردگار! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا تو ہم کو (دنیا میں) واپس بھیج دے کہ نیک عمل
کریں۔ بیشک ہم یقین کرنے والے ہیں (12) اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو ہدایت دے دیتے۔ لیکن میری طرف
سے یہ بات قرار پا چکی ہے کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا (13) سو (آگ کے) مزے
چکھو اس لئے کہ تم نے اس دن کے آنے کو بُھلا رکھا تھا (اور انتقاماً) ہم بھی تمہیں بُھلا دیں گے اور جو کام تم کرتے
تھے ان کی سزا میں ہمیشہ کے عذاب کے مزے چکھتے رہو (14) ہماری آیتوں پر تو وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب
ان کو ان سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر پڑتے اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور
غرور نہیں کرتے (15) ان کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں (اور) وہ اپنے پروردگار کو خوف اور اُمید سے
پکارتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (16) کوئی متنفس نہیں جانتا کہ ان
کے لئے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے۔ یہ ان کے اعمال کا صلہ ہے جو وہ کرتے تھے (17) بھلا جو
مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے (18) جو لوگ ایمان لائے اور نیک
عمل کرتے رہے، ان کے (رہنے کے) لئے باغ ہیں، یہ مہمانی ان کاموں کی جزا ہے جو وہ کرتے تھے (19) اور
جنہوں نے نافرمانی کی ان کے (رہنے کے) لئے دوزخ ہے، جب چاہیں گے کہ اس میں سے نکل جائیں تو اس میں
لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ دوزخ کے جس عذاب کو تم جھوٹ سمجھتے تھے اس کے مزے چکھو (20)

مشکل الفاظ کے معانی

- لوٹائے جاؤ: واپس جانا
- قرار پا چکی: ٹھہر چکی ہے، فیصلہ ہو گیا ہے
- انتقاماً: بدلے کے طور پر
- تسبیح کرتے: ذکر کرتے
- پہلو، بچھونوں: 1۔کروٹ 2۔بستر ے
- متنفس: وجود والا، زندہ
- صلہ: معاوضہ، بدلا، اجر
- جزا: انعام
- لوٹا دیئے جائیں: واپس کر دینا

حوالہ جات

- سجدہ:22

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿21﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ
اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿22﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ
وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿23﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۗ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا
يُوْقِنُوْنَ ﴿24﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿25﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿26﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا
نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿27﴾ وَيَقُوْلُوْنَ
مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿28﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿29﴾
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿30﴾

اور ہم ان کو (قیامت کے) بڑے عذاب کے سوا عذاب دنیا کا بھی مزا چکھائیں گے۔ شاید (سیدھے رستے کی طرف) لوٹ آئیں (21) اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جائے تو وہ ان سے منہ پھیر لے۔ ہم گنہگاروں سے ضرور بدلا لینے والے ہیں (22) اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تو تم اس کے ملنے سے شک میں نہ ہونا اور ہم نے اس (کتاب) کو اولادِ اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا (23) اور ان میں سے ہم نے پیشوا بنائے تھے، جو ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے۔ جب وہ صبر کرتے اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے (24) بلاشبہ تمہارا پروردگار ان میں جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے تھے قیامت کے روز فیصلہ کردے گا (25) کیا ان کو اس (امر) سے ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتوں کو جن کے مقامات سکونت میں یہ چلتے پھرتے ہیں، ہلاک کر دیا۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں تو یہ سنتے کیوں نہیں؟ (26) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم بنجر زمین کی طرف پانی رواں کرتے ہیں، پھر اس سے کھیتی پیدا کرتے ہیں، جس میں سے ان کے چوپائے بھی کھاتے ہیں اور وہ خود بھی (کھاتے) ہیں تو یہ دیکھتے کیوں نہیں؟ (27) اور کہتے ہیں اگر تم سچے ہو تو یہ فیصلہ کب ہوگا؟ (28) کہہ دو کہ فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا کچھ بھی فائدہ نہ دے گا اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی (29) تو ان سے منہ پھیر لو اور انتظار کرو یہ بھی انتظار کر رہے ہیں (30)

مشکل الفاظ کے معانی:

- علاوہ
- 1۔پرے ہٹ جائے 2۔انتقام
- امام
- 1۔حکم، فعل، معاملہ 2۔قوموں، جماعتوں
- رہنے کی جگہیں
- 1۔خشک زمین، بے آباد زمین 2۔روانہ کرتے، بھیجتے
- 1۔مزید وقت 2۔کنارہ کشی کرلو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿1﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ
رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿2﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿3﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ
مِّنْ قَلْبَيْنِ فِىْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ
ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ ﴿4﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ
اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْۤا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَاۤ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ
وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿5﴾ اَلنَّبِىُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ
اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا
اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿6﴾

ترجمہ سورت احزاب

اے پیغمبرؐ! خدا سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا۔ بیشک خدا جاننے والا اور حکمت والا ہے (1)
اور جو (کتاب) تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اسی کی پیروی کئے جانا۔ بیشک خدا تمہارے
سب عملوں سے خبردار ہے (2) اور خدا پر بھروسہ رکھنا اور خدا ہی کارساز کافی ہے (3) خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں
دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو
تمہارے بیٹے بنایا۔ یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں۔ اور خدا تو سچی بات فرماتا ہے۔ اور وہی سیدھا رستہ دکھاتا ہے
(4) مومنو! لے پالکوں کو ان کے باپوں کے نام سے پکارا کرو کہ خدا کے نزدیک یہی درست بات ہے۔ اگر تم کو ان
کے باپوں کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں تمہارے بھائی اور دوست ہیں اور جو بات تم سے غلطی سے ہو گئی ہو اس
میں تم پر کچھ گناہ نہیں، لیکن جو قصد دلی سے کرو (اس پر مؤاخذہ ہے) اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (5) پیغمبرؐ
مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبرؐ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار آپس میں
کتاب اللہ کی رُو سے مسلمانوں اور مہاجروں سے ایک دوسرے (کے ترکے) کے زیادہ حق دار ہیں، مگر یہ کہ تم اپنے
دوستوں پر احسان کرنا چاہو (تو اور بات ہے۔) یہ حکم کتاب (یعنی قرآن) میں لکھ دیا گیا ہے (6)

مشکل الفاظ کے معانی:

- منافقوں: دورُخے لوگ
- پیروی: پیچھے چلنا
- خبردار، بھروسہ، پہلو میں: 1۔ خبر رکھنے والا 2۔ یقین 3۔ سینے میں
- لے پالکوں: گود لیا بچہ
- نزدیک: سامنے، حضور
- قصد دلی، مؤاخذہ: 1۔ پکے ارادے 2۔ پوچھ گچھ
- رُو سے، ترکے: 1۔ کے مطابق 2۔ مرنے والے کی جائیداد وغیرہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات
	وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۖ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا	
	غَلِيْظًا ⑦ لِّيَسْــَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑧ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ	
	عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ⑨ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ	
	فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ	
	الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا	
	غُرُوْرًا ⑫ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا	
	عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ⑬ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا	
	بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ⑭ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۗ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْــُٔوْلًا ⑮	
وعدہ	اور جب ہم نے پیغمبروںؑ سے عہد لیا اور تم سے اور نوحؑ سے اور ابراہیمؑ سے اور موسیٰؑ سے اور مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ	عمران:82,81
	سے۔ اور عہد بھی اُن سے پکّا لیا (7) تا کہ سچ کہنے والوں سے ان کی سچائی کے بارے میں دریافت کرے اور اس	
	نے کافروں کے لئے دُکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے (8) مومنو! خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جو (اس نے)	
فوجیں	تم پر (اس وقت کی) جب فوجیں تم پر (حملہ کرنے کو) آئیں تو ہم نے ان پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر (نازل کئے)	
	جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے اور جو کام تم کرتے ہو خدا ان کو دیکھ رہا ہے (9) جب وہ تمہارے اوپر اور نیچے کی طرف	
1۔حملہ آور ہو گئے 2۔خوفزدہ ہو گئے 3۔خوف 4۔زور زور سے دھڑ کنے لگے 5۔کے بارے میں	سے تم پر چڑھ آئے (1) اور جب آنکھیں پھر گئیں (2) اور دل (مارے دہشت (3) کے) گلوں تک پہنچ گئے (4) اور تم خدا کی نسبت (5)	
1۔خیال 2۔طریقے سے 3۔جھنجھوڑے گئے	طرح طرح کے گمان (1) کرنے لگے (10) وہاں مومن آزمائے گئے اور سخت طور پر (2) ہلائے گئے (3) (11) اور جب	
1۔دورُخے لوگ 2۔صرف	منافق (1) اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے، کہنے لگے کہ خدا اور اس کے رسولؐ نے تو ہم سے محض (2) دھوکے کا	
مدینہ والے	وعدہ کیا تھا (12) اور جب ان میں سے ایک جماعت کہتی تھی کہ اے اہل مدینہ! (یہاں) تمہارے لئے (ٹھہرنے	
جگہ	کا) مقام نہیں تو لوٹ چلو اور ایک گروہ ان میں سے پیغمبرؐ سے اجازت مانگنے اور کہنے لگا کہ ہمارے گھر کُھلے پڑے	
ہرطرف	ہیں، حالانکہ وہ کُھلے نہیں تھے، وہ تو صرف بھاگنا چاہتے تھے (13) اور اگر (دشمن) اطراف مدینہ سے ان پر آ	
1۔آپس میں لڑنا 2۔دیر، انتظار	داخل ہوں پھر ان سے خانہ جنگی (1) کے لئے کہا جائے تو (فوراً) کرنے لگیں اور اس کے لئے بہت ہی کم توقف (2)	
1۔وعدہ 2۔بھاگیں گے نہیں	کریں (14) حالانکہ پہلے خدا سے اقرار (1) کر چکے تھے کہ پیٹھ نہیں پھیریں (2) گے اور خدا سے (جو) اقرار	
پوچھ گچھ	(کیا جاتا ہے اس) کی ضرور پرسش ہو گی (15)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ⑯ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ
اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ⑰ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ
مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ⑱ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ
يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً
عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ⑲ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ
يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا
قَلِيْلًا ⑳ؑ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ㉑ وَلَمَّا رَاَ
الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ㉒

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
	کہہ دو کہ اگر تم مرنے یا مارے جانے سے بھاگتے ہو تو بھاگنا تم کو فائدہ نہیں دے گا اور اس وقت تم بہت ہی کم	
قصد، نیت	فائدہ اٹھاؤ گے (16) کہہ دو کہ اگر خدا تمہارے ساتھ بُرائی کا ارادہ کرے تو کون تم کو اس سے بچا سکتا ہے یا	
علاوہ	اگر تم پر مہربانی کرنی چاہے (تو کون اس کو ہٹا سکتا ہے)؟ اور یہ لوگ خدا کے سوا کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے	
	اور نہ مددگار (17) خدا تم میں سے ان لوگوں کو بھی جانتا ہے جو (لوگوں کو) منع کرتے ہیں اور اپنے بھائیوں	
1۔مگر بہت تھوڑے 2۔تنگ دلی، کنجوسی	سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس چلے آؤ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم (18) (یہ لوگ) تمہارے بارے میں بُخل	
	کرتے ہیں، پھر جب ڈر (کا وقت) آئے تو تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں (اور) ان کی	
1۔سخت خوفزدہ ہونا 2۔بیہوشی 3۔تیز بولنا	آنکھیں (اسی طرح) پھر رہی ہیں جیسے کسی کو موت سے غشی آ رہی ہو، پھر جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ	
نامناسب بات کرنا	تمہارے بارے میں زبان درازی کریں اور مال میں بُخل کریں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان لائے ہی نہ تھے	
1۔تباہ 2۔کی وجہ سے	تو خدا نے ان کے اعمال برباد کر دیئے اور یہ خدا کو آسان تھا (19) (خوف کے سبب سے) خیال کرتے ہیں کہ	
1۔فوج یا فوجیں 2۔شدید خواہش 3۔افسوس کا کلمہ 4۔جاہل لوگ	فوجیں نہیں گئیں اور اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) گنواروں میں جا رہیں (اور) تمہاری خبریں پوچھا	
	کریں اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو لڑائی نہ کریں مگر کم (20) تم کو پیغمبرؐ خدا کی پیروی (کرنی) بہتر ہے	بقرہ: 14
بہت زیادہ	(یعنی) اس شخص کو جسے خدا (سے ملنے) اور روز قیامت (کے آنے) کی اُمید ہو اور وہ خدا کا ذکر کثرت سے کرتا	
	ہو (21) اور جب مومنوں نے (کافروں کے) لشکر کو دیکھا تو کہنے لگے یہ وہی ہے جس کا خدا اور اس کے پیغمبرؐ نے	
حکم پر عمل کرنا، فرمانبرداری	ہم سے وعدہ کیا تھا اور اس کے پیغمبرؐ نے سچ کہا تھا اور اس سے ان کا ایمان اور اطاعت اور زیادہ ہو گئی (22)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَاب	حوالہ جات

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا
تَبْدِيْلًا ﴿23﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ﴿24﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا
عَزِيْزًا ﴿25﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ
وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿26﴾ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرًا ﴿27﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا
جَمِيْلًا ﴿28﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾ يٰنِسَآءَ
النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾

مومنوں میں کتنے ہی ایسے شخص ہیں کہ جو اقرار انہوں نے خدا سے کیا تھا اس کو سچ کر دکھایا تو ان میں بعض ایسے
ہیں جو اپنی نذر سے فارغ ہو گئے اور بعض ایسے ہیں کہ انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے (اپنے قول کو) ذرا
بھی نہیں بدلا (23) تاکہ خدا سچوں کو ان کی سچائی کا بدلا دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا (چاہے)
تو ان پر مہربانی کرے۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (24) اور جو کافر تھے ان کو خدا نے پھیر دیا وہ اپنے غصے
میں (بھرے ہوئے تھے) کچھ بھلائی حاصل نہ کر سکے اور خدا مومنوں کو لڑائی کے بارے میں کافی ہوا اور
خدا طاقتور (اور) زبردست ہے (25) اور اہل کتاب میں سے جنہوں نے ان کی مدد کی تھی ان کو ان کے قلعوں
سے اُتار دیا اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دی تو کتنوں کو تم قتل کر دیتے تھے اور کتنوں کو قید کر لیتے تھے (26)
اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مال کا اور اس زمین کا جس میں تم نے پاؤں بھی نہیں رکھا تھا، تم کو
وارث بنا دیا اور خدا ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (27) اے پیغمبرؐ اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور
اس کی زینت و آرائش کی خواستگار ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ مال دوں اور اچھی طرح سے رخصت کر دوں
(28) اور اگر تم خدا اور اس کے پیغمبرؐ اور عاقبت کے گھر (یعنی بہشت) کی طلبگار ہو تو تم میں جو نیکوکاری
کرنے والی ہیں، ان کے لئے خدا نے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے (29) اے پیغمبرؐ کی بیویو! تم میں سے جو
کوئی صریح ناشائستہ حرکت کرے گی اس کو دُونی سزا دی جائے گی، اور یہ بات خدا کو آسان ہے (30)

1۔وعدہ 2۔کچھ، چند

1۔صدقہ، مَنت 2۔زبان، عہد

دوُرخے لوگ

بے راہ کر دیا

1۔فائدہ 2۔خوب مددگار رہوا

1۔مضبوط پکڑ والا،، غالب 2۔محفوظ عمارت

خوف

1۔مالک 2۔طاقت

1۔خوبصورتی، سجاوٹ
2۔خواہش رکھنا 3۔چھوڑ دوں

چاہنے والیاں

بہت بڑا اصلہ یا معاوضہ

1۔صاف غیر مناسب 2۔دُگنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات
	وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا (31) يٰنِسَآءَ	
	النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا	
	مَّعْرُوْفًا (32) وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ	
	اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (33) وَاذْكُرْنَ مَا	
	يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا (34) اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ	
	وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ	
	وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ	
	وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا (35)	
1۔حکم ماننے والی 2۔دُگنا معاوضہ	اور جو تم میں سے خدا اور اس کے رسولؐ کی فرمانبردار رہے گی اور عمل نیک کرے گی اس کو ہم دُونا ثواب دیں گے	
معاش، رزق	اور اس کے لئے ہم نے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے (31) اے پیغمبرؐ کی بیویو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔	تحریم:11،12
	اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو نرم نرم باتیں نہ کرو، تاکہ وہ شخص جس کے دل میں کسی طرح کا مرض ہے کوئی اُمید (نہ)	یونس:57
1۔رسم ورواج 2۔گمراہی	پیدا کرے اور دستور کے مطابق بات کیا کرو (32) اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو۔ اور جس طرح (پہلے) جاہلیت	
1۔حسن کو ظاہر کرنا، خود نمائی، نمائش کرنا 2۔سجاوٹ، خوبصورتی	(کی زندگی) میں اظہارِ تجمل کرتی تھیں، اس طرح زینت نہ دکھاؤ اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ دیتی رہو۔ اور خدا	
نبی کے قریبی رشتہ دار	اور اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری کرتی رہو۔ اے (پیغمبرؐ کے) اہلِ بیت خدا چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دُور کردے	ہود:73 یٰسین:82
عقل، دانائی	اور تمہیں بالکل پاک صاف کر دے (33) اور تمہارے گھروں میں جو خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور حکمت	
1۔گہری نظر والا 2۔خبر رکھنے والا	(کی باتیں سنائی جاتی ہیں) ان کو یاد رکھو۔ بیشک خدا باریک بین (اور) باخبر ہے (34) (جو لوگ خدا کے آگے	
جُوں کا تُوں حکم ماننے والے	سر اطاعت خم کرنے والے ہیں یعنی) مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار	
سچ بولنے والے	مرد اور فرمانبردار عورتیں اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں	
عاجزی	اور فروتنی کرنے والے مرد اور فروتنی کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی	
	عورتیں اور روزے رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے	
بہت زیادہ	والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور خدا کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد	
بڑا انعام	کرنے والی عورتیں۔ کچھ شک نہیں کہ ان کے لئے خدا نے بخشش اور اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے (35)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ
ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا (36) وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ
نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا (37) مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا
فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا (38) الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ
وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا (39) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ
وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (40) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا (41) وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً
وَّاَصِيْلًا (42) هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا (43)

اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو حق نہیں ہے کہ جب خدا اور اس کا رسولؐ کوئی امر مقرر کردیں تو وہ اس کام
میں اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں اور جو کوئی خدا اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کرے وہ صریح گمراہ ہوگیا (36)
اور جب تم اس شخص سے جس پر خدا نے احسان کیا اور تم نے بھی احسان کیا۔ (یہ) کہتے تھے، کہ اپنی بیوی کو اپنے
پاس رہنے دے اور خدا سے ڈر اور تم اپنے دل میں وہ بات پوشیدہ کرتے تھے جس کو خدا ظاہر کرنے والا تھا اور تم
لوگوں سے ڈرتے تھے، حالانکہ خدا اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو، پھر جب زید نے اس سے (کوئی)
حاجت (متعلق) نہ رکھی (یعنی اس کو طلاق دے دی) تو ہم نے تم سے اس کا نکاح کردیا تاکہ مومنوں کے لئے
ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے) میں جب وہ ان سے (اپنی) حاجت
(متعلق) نہ رکھیں (یعنی دونوں طلاقیں دے دیں) کچھ تنگی نہ رہے اور خدا کا حکم واقع ہو کر رہنے والا تھا (37)
پیغمبرؐ پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں جو خدا نے ان کے لئے مقرر کردیا اور جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ان میں بھی خدا کا
یہی دستور رہا ہے اور خدا کا حکم ٹھہر چکا ہے (38) جو خدا کے پیغام (جوں کے توں) پہنچاتے اور اس سے
ڈرتے ہیں اور خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور خدا ہی حساب کرنے کو کافی ہے (39) محمدؐ تمہارے
مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں، بلکہ خدا کے پیغمبرؐ اور نبیوںؑ (کے سلسلے) کی مہر ہیں اور خدا ہر چیز
سے واقف ہے (40) اے اہل ایمان خدا کا بہت ذکر کیا کرو (41) اور صبح و شام اس کی پاکی بیان کرتے
رہو (42) وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر
روشنی کی طرف لے جائے۔ اور خدا مومنوں پر مہربان ہے (43)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔اختیار حاصل نہیں 2۔حکم،فرمان
- صاف،سیدھا سیدھا
- چھپانا
- 1۔حقدار 2۔طلاق دینے والے مرد کا نام
- ضرورت
- مشکل،تکلیف،ہچکچاہٹ
- طے کردیا،ٹھہرادیا
- 1۔طریقہ کار 2۔ایک ہی ہوتا ہے 3۔بالکل ویسا ہی
- 1۔علاوہ 2۔بہت ہے
- بند ہوجانا،آخیر کرنا،اختتام ہوجانا
- پاکیزگی

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَحْزَاب	مشکل الفاظ کے معانی

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَّاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿44﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿45﴾
وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿46﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿47﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ
وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿48﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ
ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا
جَمِيْلًا ﴿49﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِىْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ
عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِىْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ
وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِىِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِىُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا
عَلَيْهِمْ فِىْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿50﴾

جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کا تحفہ (خدا کی طرف سے) سلام ہوگا اور اس نے ان کے لئے بڑا ثواب تیار کر رکھا
ہے (44) اے پیغمبرؐ ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (45)
اور خدا کی طرف بلانے والا اور چراغ روشن (46) اور مومنوں کو خوشخبری سنادو کہ ان کے لئے خدا کی طرف سے بڑا
فضل ہے (47) اور کافروں اور منافقوں[1] کا کہنا نہ ماننا اور نہ ان کے تکلیف دینے پر نظر[2] کرنا اور خدا پر بھروسہ[3] رکھنا
اور خدا ہی کارساز کافی ہے (48) مومنو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کر کے ان کو ہاتھ لگانے (یعنی ان کے
پاس جانے) سے پہلے طلاق دے دو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ ان سے عدت پوری کراؤ۔ ان کو کچھ فائدہ (یعنی خرچ)
دے کر اچھی طرح سے رخصت کرو (49) اے پیغمبرؐ ہم نے تمہارے لئے تمہاری بیویاں جن کو تم نے ان کے مہر
دیئے ہیں حلال کر دی ہیں اور تمہاری لونڈیاں[1] جو خدا نے تم کو (کفار سے بطور مال غنیمت[2]) دلوائی ہیں اور تمہارے چچا کی
بیٹیاں اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو تمہارے ساتھ وطن
چھوڑ کر آئی ہیں (سب حلال ہیں) اور کوئی مومن عورت اگر اپنے تئیں[1] پیغمبرؐ کو بخش دے (یعنی بخوشی[2] خود نکاح میں آنا
چاہے) بشرطیکہ پیغمبرؐ بھی ان سے نکاح کرنا چاہیں (وہ بھی حلال ہے، لیکن) یہ اجازت (اے محمدؐ) خاص تم ہی کو ہے،
سب مسلمانوں کو نہیں۔ ہم نے ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارے میں جو (کچھ اس کتاب میں) مقرر کر دیا ہے ہم کو
معلوم ہے (یہ) اس لئے (کیا گیا ہے) کہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہ رہے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (50)

بقرہ:17

1۔ دورُخے لوگ 2۔ توجہ کرنا 3۔ یقین

کام بنانے والا

طلاق یافتہ عورتوں کا مخصوص دورانیہ

جانے دو، چھوڑ دو

1۔ نوکرانیاں 2۔ جنگ میں چھینا گیا مال

1۔ اپنے آپ کو 2۔ اپنی مرضی سے

مگر شرط یہ ہے کہ

طے کر دیا ہے، وضع کر دیا ہے

مشکل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ
تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿51﴾ لَا
يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۭ وَكَانَ
اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿52﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ
نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي
النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۭ
ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ
ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿53﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿54﴾

(اور صرف تم کو یہ بھی اختیار ہے کہ) جس بیوی کو چاہو اپنے پاس رکھو اور جس کو تم نے علیحدہ کر دیا ہو، اگر اس کو
پھر اپنے پاس طلب کر لو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ (خاص اجازت) اس لئے ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں
اور وہ غمناک نہ ہوں اور جو کچھ تم ان کو دو، اسے لے کر سب خوش رہیں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خدا
اسے جانتا ہے اور خدا جاننے والا (اور) بردبار ہے (51) (اے پیغمبرؐ) ان کے سوا اور عورتیں تم کو جائز نہیں
اور نہ یہ کہ ان بیویوں کو چھوڑ کر اور بیویاں کرو، خواہ ان کا حسن تم کو (کیسا ہی) اچھا لگے مگر وہ جو تمہارے ہاتھ
کا مال ہے (یعنی لونڈیوں کے بارے میں تم کو اختیار ہے) اور خدا ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے (52) مومنو! پیغمبرؐ
کے گھروں میں نہ جایا کرو مگر اس صورت میں کہ تم کو کھانے کے لئے اجازت دی جائے اور اس کے پکنے کا
انتظار بھی نہ کرنا پڑے، لیکن جب تمہاری دعوت کی جائے تو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو اور باتوں میں
جی لگا کر نہ بیٹھ رہو۔ یہ بات پیغمبرؐ کو ایذا دیتی ہے۔ اور وہ تم سے شرم کرتے ہیں (اور کہتے نہیں ہیں) لیکن
خدا سچی بات کے کہنے سے شرم نہیں کرتا اور جب پیغمبرؐ کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر سے
مانگو یہ تمہارے اور ان کے دونوں کے دلوں کے لئے بہت پاکیزگی کی بات ہے، اور تم کو یہ شایاں نہیں
کہ پیغمبرؐ خدا کو تکلیف دو اور نہ یہ کہ ان کی بیویوں سے کبھی ان کے بعد نکاح کرو۔ بیشک یہ خدا کے نزدیک
بڑا گناہ ہے (53) اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اس کو مخفی رکھو تو (یاد رکھو) کہ خدا ہر چیز سے باخبر ہے (54)

مشکل الفاظ کے معانی

- الگ
- بُلا لو
- دُکھیا، پریشان
- 1۔ برداشت کرنے والا 2۔ علاوہ
- چاہے، بیشک
- حال، حالات
- 1۔ دلچسپی لینا 2۔ تکلیف
- مناسب نہیں، زیب نہیں دیتا
- چھپانا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات
	لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَا اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ	
	وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿55﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى	
	النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿56﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي	
	الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿57﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ	
	احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿58﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ	
	جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿59﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ	
	قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿60﴾ ۚ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا	
	ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿61﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿62﴾	
باپ	عورتوں پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے اور	
	نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی (یعنی مومن) عورتوں سے اور نہ لونڈیوں سے اور (اے	
	عورتو!) خدا سے ڈرتی رہو۔ بیشک خدا ہر چیز سے واقف ہے (55) خدا اور اس کے فرشتے پیغمبرؑ پر درود بھیجتے	متشابہ، عمران:7، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے
تکلیف، غم	ہیں مومنو! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجا کرو (56) جو لوگ خدا اور اس کے پیغمبرؑ کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر	
رسوا	خدا دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کے لئے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے (57)	
1۔جھوٹا الزام 2۔تکلیف	اور جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسے کام (کی تہمت) سے جو انہوں نے نہ کیا ہو ایذا دیں تو انہوں	
1۔جھوٹا الزام 2۔صاف 3۔وزن	نے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر رکھا (58) اے پیغمبرؑ اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی	
1۔پہچان کا ذریعہ 2۔فرق، تمیز	عورتوں سے کہہ دو کہ اپنے (سینوں پر) چادر لٹکا لیا کریں یہ امر ان کے لئے موجب شناخت (و امتیاز بھی)	نور:31
1۔تکلیف 2۔دورُخے لوگ	ہوگا تو کوئی ان کو ایذا نہ دے گا اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (59) اگر منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں	
1۔عمل 2۔پیچھے نہ ہٹیں گے	مرض ہے اور جو مدینے (کے شہر) میں بُری بُری خبریں اُڑایا کرتے ہیں (اپنے کردار) سے باز نہ آئیں گے تو	
	ہم تم کو ان کے پیچھے لگا دیں گے پھر وہاں تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن (60) (وہ بھی)	
دُھتکارے ہوئے، لعنت زدہ	پھٹکارے ہوئے، جہاں پائے گئے پکڑے گئے اور جان سے مار ڈالے گئے (61) جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں	
اونچ نیچ، تبدیلی	ان کے بارے میں بھی خدا کی یہی عادت رہی ہے اور تم خدا کی عادت میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے (62)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ	حوالہ جات
	يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿63﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ	
	الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿64﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿65﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ	
	يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿66﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿67﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ	
	ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿68﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا	
	قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿69﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿70﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ	
	لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿71﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ	
	فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿72﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ	
	وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿73﴾	
1۔کے بارے میں 2۔پوچھتے ہیں	لوگ تم سے قیامت کی نسبت (1) دریافت کرتے ہیں (2) (کہ کب آئے گی) کہہ دو کہ اس کا علم خدا ہی کو ہے اور تمہیں	
ہوسکتا ہے	کیا معلوم ہے، شاید قیامت قریب ہی آگئی ہو (63) بیشک خدا نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لئے	
ہمیشہ کے لئے	(جہنم کی) آگ تیار کر رکھی ہے (64) اس میں ابدالآباد رہیں گے نہ کسی کو دوست پائیں گے اور نہ مددگار	
1۔افسوس کا کلمہ 2۔حکم ماننا	(65) جس دن ان کے منہ آگ میں اُلٹائے جائیں گے کہیں گے اے کاش (1)! ہم خدا کی فرمانبرداری (2) کرتے اور	
	رسولؐ (خدا) کا حکم مانتے (66) اور کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے سرداروں اور بڑے	
راستہ	لوگوں کا کہا مانا تو انہوں نے ہم کو رستہ سے گمراہ کر دیا (67) اے ہمارے پروردگار! ان کو دُگنا عذاب دے اور	
تکلیف، دُکھ	ان پر بڑی لعنت کر (68) مومنو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے موسیٰؑ کو رنج پہنچایا تو خدا نے ان کو	
1۔بے گناہ، بے داغ 2۔عزت	بے عیب (1) ثابت کیا اور وہ خدا کے نزدیک آبرو (2) والے تھے (69) مومنو! خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو	
	(70) وہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور جو شخص خدا اور اس کے رسولؐ کی	
1۔بڑی خواہش پوری ہوگی 2۔وزن	فرمانبرداری کرے گا تو بیشک بڑی مُراد پائے گا (1) (71) ہم نے (بار) (2) امانت آسمانوں اور زمین پر پیش کیا تو	
	انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بیشک وہ ظالم اور	
دورُخے لوگ	جاہل تھا (72) تاکہ خدا منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب	
	دے اور خدا مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی کرے اور خدا تو بخشنے والا مہربان ہے (73)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ	حوالہ جات
	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِى الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ	
	مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ② وَقَالَ	
	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِى	
	السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ③ لِّيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	
	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ④ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِىْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ	
	عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ⑤ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِىْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِىْٓ اِلٰى	
	صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ⑥ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ	
	اِنَّكُمْ لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ⑦	
	ترجمہ سورت سبا	
لائق، مناسب، مستحق	سب تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے (جو سب چیزوں کا مالک ہے یعنی) وہ کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ	
1۔دانائی، عقل 2۔خبر رکھنے والا	زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور آخرت میں بھی اسی کی تعریف ہے اور وہ حکمت[1] والا (اور) خبردار[2] ہے (1) جو	
	کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو اس میں سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اُترتا ہے اور جو اس پر چڑھتا ہے، سب	
وقت	اس کو معلوم ہے اور وہ مہربان (اور) بخشنے والا ہے (2) اور کافر کہتے ہیں کہ (قیامت کی) گھڑی ہم پر نہیں آئے	
	گی۔ کہہ دو کیوں نہیں (آئے گی) میرے پروردگار کی قسم وہ تم پر ضرور آکر رہے گی (وہ پروردگار) غیب کا جاننے	
1۔بہت ہی چھوٹی 2۔چھپی ہوئی	والا (ہے) ذرہ بھر[1] چیز بھی اس سے پوشیدہ[2] نہیں (نہ) آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور کوئی چیز ذرے سے چھوٹی	
	یا بڑی (ایسی) نہیں مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے (3) اس لئے کہ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک	
رزق، معاش	کرتے رہے ان کو بدلا دے۔ یہی ہیں جن کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے (4) اور جنہوں نے ہماری	
	آیتوں میں کوشش کی کہ ہمیں ہرا دیں گے۔ ان کے لئے سخت درد دینے والے عذاب کی سزا ہے (5) اور جن	
سچ	لوگوں کو علم دیا گیا ہے وہ جانتے ہیں کہ جو (قرآن) تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ حق ہے	
مستحق	اور (خدائے) غالب اور سزاوار تعریف کا رستہ بتاتا ہے (6) اور کافر کہتے ہیں کہ بھلا ہم تمہیں ایسا آدمی بتائیں	
1۔بتاتا ہے 2۔ٹکڑے ٹکڑے	جو تمہیں خبر دیتا ہے[1] کہ جب (مرکر) بالکل پارہ پارہ[2] ہو جاؤ گے تو نئے سرے سے پیدا ہو گے (7)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ سَبَاٍ

اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِى الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ (8) اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا
بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ
السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ (9) ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِىْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ
الْحَدِيْدَ (10) لا اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِى السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (11) وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ
غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ
عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ (12) يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ
رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِىَ الشَّكُوْرُ (13) فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا
دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ (14)

یا تو اس نے خدا پر جھوٹ باندھ لیا ہے یا اسے جنون ہے۔ بات یہ ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ
آفت اور پرلے درجے کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں (8) کیا انہوں نے اس کو نہیں دیکھا جو ان کے آگے اور پیچھے
ہے یعنی آسمان اور زمین اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں یا ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں اس میں ہر
بندے کے لئے جو رجوع کرنے والا ہے ایک نشانی ہے (9) اور ہم نے داؤدؑ کو اپنی طرف سے برتری بخشی
تھی اے پہاڑو! ان کے ساتھ تسبیح کرو اور پرندوں کو (ان کا مسخر کر دیا) اور ان کے لئے ہم نے لوہے کو نرم
کر دیا (10) کہ کشادہ زرہیں بناؤ اور کڑیوں کو اندازے سے جوڑو اور نیک عمل کرو جو عمل تم کرتے ہو میں
ان کو دیکھنے والا ہوں (11) اور ہوا کو (ہم نے) سلیمانؑ کا تابع کر دیا تھا اس کی صبح کی منزل بھی مہینے کی راہ
ہوتی اور شام کی منزل بھی مہینے بھر کی ہوتی اور ان کے لئے ہم نے تانبے کا چشمہ بہا دیا تھا اور جنوں میں ایسے
تھے جو ان کے پروردگار کے حکم سے ان کے آگے کام کرتے تھے اور جو کوئی ان میں سے ہمارے حکم سے پھرے گا
اس کو ہم (جہنم کی) آگ کا مزا چکھائیں گے (12) وہ جو چاہتے یہ ان کے لئے بناتے یعنی قلعے اور مُجسمے اور
(بڑے بڑے) لگن جیسے تالاب اور دیگیں، جو ایک ہی جگہ رکھی رہیں۔ اے داؤدؑ کی اولاد! (میرا) شکر کرو
اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں (13) پھر جب ہم نے ان کے لئے موت کا حکم صادر کیا تو کسی چیز
سے ان کا مرنا معلوم نہ ہوا۔ مگر گھُن کے کیڑے سے جو ان کے عصا کو کھاتا رہا جب عصا گر پڑا تب جنوں کو
معلوم ہوا (اور کہنے لگے) کہ اگر وہ (یعنی جن) غیب جانتے ہوتے تو ذلت کی تکلیف میں نہ رہتے (14)

مشکل الفاظ کے معانی

- پاگل پن
- 1۔مصیبت 2۔آخری 3۔پھنسا ہونا
- دبا دیں، گاڑ دیں
- 1۔جھکاؤ 2۔فضیلت
- 1۔ذکر 2۔فتح کیا گیا
- 1۔کھلے یا بڑے جنگی لباس 2۔لوہے کی زنجیر کے جوڑ
- 1۔حکم ماننے والا 2۔سفر، مسافت
- ایک دھات
- حکم نہ مانے گا
- 1۔مضبوط بڑی عمارت 2۔مورتیاں
- برتن
- حکم دیا
- 1۔لکڑی کو کھانے والا کیڑا 2۔لکڑی کی چھڑی یا ڈنڈا
- رسوائی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ	حوالہ جات

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِىْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ
وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ⑮ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَىْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ
وَّشَىْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ⑯ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِىْۤ اِلَّا الْكَفُوْرَ ⑰ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى
الَّتِىْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِىَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ⑱ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا
وَظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ⑲ وَلَقَدْ
صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑳ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ
يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِىْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ حَفِيْظٌ ㉑ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ㉒

(اہل) سبا کے لئے ان کے مقام بودوباش میں ایک نشانی تھی (یعنی) دو باغ (ایک) داہنی طرف اور ایک
بائیں طرف۔ اپنے پروردگار کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ (یہاں تمہارے رہنے کو یہ) پاکیزہ شہر ہے
اور (وہاں بخشنے کو) خدائے غفار (15) تو انہوں نے (شکر گزاری سے) منہ پھیر لیا پس ہم نے ان پر زور کا
سیلاب چھوڑ دیا اور انہیں ان کے باغوں کے بدلے دو ایسے باغ دیئے جن کے میوے بدمزا تھے اور جن میں کچھ تو جھاؤ
تھا اور تھوڑی سی بیریاں (16) یہ ہم نے ان کی ناشکری کی ان کو سزا دی اور ہم سزا ناشکرے ہی کو دیا کرتے ہیں (17)
اور ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت دی تھی دیہات بنائے تھے جو سامنے نظر
آتے تھے اور ان میں آمدورفت کا اندازہ مقرر کر دیا تھا کہ رات دن بے خوف وخطر چلتے رہو (18) تو انہوں
نے دعا کی کہ اے پروردگار! ہماری مسافتوں میں بُعد پیدا کر دے اور (اس سے) انہوں نے اپنے حق میں ظلم کیا
تو ہم نے (ان پر عذاب بھیج کر) ان کے افسانے بنا دیئے اور انہیں بالکل منتشر کر دیا اس میں ہر صابر وشاکر
کے لئے نشانیاں ہیں (19) اور شیطان نے ان کے بارے میں اپنا خیال سچ کر دکھایا کہ مومنوں کی ایک جماعت
کے سوا وہ اس کے پیچھے چل پڑے (20) اور اس کا ان پر کچھ زور نہ تھا مگر (ہمارا) مقصود یہ تھا کہ جو لوگ آخرت
میں شک رکھتے ہیں ان سے ان لوگوں کو جو اس پر ایمان رکھتے تھے ممیّز کر دیں اور تمہارا پروردگار ہر چیز پر نگہبان
ہے (21) کہہ دو کہ جن کو تم خدا کے سوا (معبود و مددگار) خیال کرتے ہو ان کو بلاؤ۔ وہ آسمانوں اور زمین میں ذرہ
بھر چیز کے بھی مالک نہیں ہیں اور نہ ان میں ان کی شرکت ہے اور نہ ان میں سے کوئی خدا کا مددگار ہے (22)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔سبا کے رہنے والے 2۔رہنے کی جگہ

1۔معاف کرنے یا بخشنے والا 2۔انکار کر دیا

1۔پھل وغیرہ 2۔خودرو جنگلی بوٹی

آبادیاں

1۔آنا جانا 2۔بغیر ڈر خوف کے

1۔سفر، فاصلہ 2۔دُوری 3۔اپنے لئے

1۔چرچے کر دیئے 2۔بکھرنا 3۔صبر اور شکر کرنے والا

1۔علاوہ 2۔مقصد

1۔تمیز کرنا، الگ کرنا 2۔نگران، محافظ

جس کا شرعی حکم مانا جائے

شراکت، حصہ داری

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ سَبَاٍ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ سَبَاٍ

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْكَبِيْرُ ﴿23﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ قُلْ لَّا
تُسْــَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْــَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿26﴾ قُلْ
اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿28﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿29﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً
وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿30﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ
رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ
الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾

اور خدا کے ہاں (کسی کی) سفارش فائدہ نہ دے گی مگر اس کے لئے جس کے بارے میں وہ اجازت بخشے۔
یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے اضطراب دُور کردیا جائے گا تو (گفتگو میں) کہیں گے تمہارے پروردگار نے
کیا فرمایا ہے کہیں گے کہ حق (فرمایا ہے) اور وہ عالی رُتبہ اور گرامی قدر ہے (23) پوچھو کہ تم کو آسمانوں اور
زمین سے کون رزق دیتا ہے؟ کہہ دو کہ خدا۔ اور ہم یا تم (یا تو) سیدھے رستے پر ہیں یا صریح گمراہی میں (24)
کہہ دو کہ نہ ہمارے گناہوں کی تم سے پرسش ہوگی اور نہ تمہارے اعمال کی ہم سے پرسش ہوگی (25) کہہ دو کہ
ہمارا پروردگار ہم کو جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کردے گا اور وہ خوب فیصلہ کرنے والا
اور صاحب علم ہے (26) کہہ دو کہ مجھے وہ لوگ تو دکھاؤ جن کو تم نے شریک (خدا) بنا کر اس کے ساتھ ملا رکھا
ہے۔ کوئی نہیں بلکہ وہی (اکیلا) خدا غالب (اور) حکمت والا ہے (27) اور (اے محمدؐ) ہم نے تم کو تمام لوگوں
کے لئے خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (28) اور کہتے ہیں اگر تم سچ
کہتے ہو تو یہ (قیامت کا) وعدہ کب وقوع میں آئے گا؟ (29) کہہ دو کہ تم سے ایک ایسے دن کا وعدہ ہے، جس
سے نہ ایک گھڑی پیچھے رہو گے، نہ آگے بڑھو گے (30) اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم نہ تو اس قرآن کو مانیں
گے اور نہ ان (کتابوں) کو جو اس سے پہلے کی ہیں اور کاش (ان) ظالموں کو تم اس وقت دیکھو جب یہ اپنے پروردگار
کے سامنے کھڑے ہوں گے اور ایک دوسرے سے ردّ وقدح کر رہے ہوں گے جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے وہ
بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور مومن ہو جاتے (31) بڑے لوگ کمزوروں سے کہیں گے
کہ بھلا ہم نے تم کو ہدایت سے جب وہ تمہارے پاس آ چکی تھی روکا تھا؟ (نہیں) بلکہ تم ہی گنہگار تھے (32)

حوالہ جات: سبا:50

مشکل الفاظ کے معانی:
- اضطراب: بے چینی
- حق / گرامی قدر: 1۔سچ 2۔نہایت عزت والا
- صریح: صاف
- پرسش: پوچھ گچھ
- صاحب علم: علم والا
- اکثر: زیادہ تر
- وقوع: واقع ہونا
- کاش: افسوس کا کلمہ
- ردّ وقدح: بحث، تکرار

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ	حوالہ جات

وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ
اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ
اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿35﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۫ فَاُولٰٓئِكَ
لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ
فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿38﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ
فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿39﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿40﴾

اور کمزور لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے (نہیں) بلکہ (تمہاری) رات دن کی چالوں نے (ہمیں روک رکھا تھا)
جب تم ہم سے کہتے تھے کہ ہم خدا سے کفر کریں اور اس کا شریک بنائیں اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو دل
میں پشیمان[1] ہوں گے اور ہم کافروں کی گردنوں میں طوق[2] ڈال دیں گے۔ بس جو عمل وہ کرتے تھے ان ہی کا ان
کو بدلا ملے گا (33) اور ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ جو
چیز دے کر تم بھیجے گئے ہو ہم اس کے قائل نہیں (34) اور (یہ بھی) کہنے لگے کہ ہم بہت سا مال اور اولاد رکھتے
ہیں اور ہم کو عذاب نہیں ہوگا (35) کہہ دو کہ میرا رب جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور
(جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (36) اور تمہارا مال اور اولاد ایسی چیز
نہیں کہ تم کو ہمارا مقرب بنا دیں۔ ہاں (ہمارا مقرب وہ ہے) جو ایمان لایا اور عمل نیک کرتا رہا۔ ایسے ہی لوگوں
کو ان کے اعمال کے سبب[1] دُگنا بدلا ملے گا اور وہ خاطر جمع سے[2] بالا خانوں[3] میں بیٹھے ہوں گے (37) اور جو
لوگ ہماری آیتوں میں کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں ہرا دیں وہ عذاب میں حاضر کئے جائیں گے (38) کہہ دو کہ میرا
پروردگار اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے)
تنگ کر دیتا ہے اور تم جو چیز خرچ کرو گے وہ اس کا (تمہیں) عوض دے گا اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے
(39) اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے فرمائے گا کیا یہ لوگ تم کو پُوجا کرتے تھے؟ (40)

مشکل الفاظ کے معانی

- چالوں: دھوکہ، فریب
- 1۔ پچھتانا، 2۔ پٹہ، بوجھ
- بستی: آبادی
- قائل نہیں: نہیں مانتے
- روزی فراخ: رزق زیادہ ہونا
- اکثر: زیادہ تر
- مقرب: قریب والا
- 1۔ کی وجہ سے 2۔ تسلی سے 3۔ چھت سے اوپر مکان کا حصّہ
- فراخ: زیادہ، کھلی، وسیع
- عوض: بدلا، متبادل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ	حوالہ جات

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ
بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِىْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿42﴾ وَاِذَا تُتْلٰى
عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَاۤ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكٌ
مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿43﴾ وَمَاۤ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا
وَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿44﴾ ؕ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَاۤ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا
رُسُلِىْ ۥ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿45﴾ ع قُلْ اِنَّمَاۤ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۥ مَا
بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿46﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ
اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿47﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّىْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿48﴾

وہ کہیں گے تُو پاک ہے تُو ہی ہمارا دوست ہے نہ کہ یہ۔ بلکہ یہ جنات کو پُوجا کرتے تھے اور اکثر ان ہی کو مانتے تھے
(41) تو آج تم میں سے کوئی کسی کو نفع اور نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا اور ہم ظالموں سے کہیں گے کہ
دوزخ کے عذاب کا جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے مزا چکھو (42) اور جب ان کو ہماری روشن آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی
ہیں تو کہتے ہیں یہ ایک (ایسا) شخص ہے جو چاہتا ہے کہ جن چیزوں کی تمہارے باپ دادا پرستش کیا کرتے تھے ان
سے تم کو روک دے اور (یہ بھی) کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) محض جھوٹ ہے جو اپنی طرف سے بنا لیا گیا ہے اور
کافروں کے پاس جب حق آیا تو اس کے بارے میں کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے (43) اور ہم نے نہ تو ان
(مشرکوں) کو کتابیں دیں، جن کو یہ پڑھتے ہیں اور نہ تم سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا بھیجا (مگر انہوں
نے تکذیب کی) (44) اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے تکذیب کی تھی اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا تھا یہ
اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے تو انہوں نے میرے پیغمبروں ؑ کو جھٹلایا سو میرا عذاب کیسا ہوا؟ (45) کہہ دو کہ
میں تمہیں صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم خدا کے لئے دو دو اور اکیلے اکیلے کھڑے ہو جاؤ۔ پھر غور کرو
تمہارے رفیق کو مطلق سودا نہیں۔ وہ تم کو عذاب سخت (کے آنے) سے پہلے صرف ڈرانے والے ہیں (46)
کہہ دو کہ میں نے تم سے کچھ صلہ مانگا ہو تو وہ تم ہی کو (مبارک رہے) میرا صلہ خدا ہی کے ذمے ہے اور وہ ہر چیز سے
خبردار ہے (47) کہہ دو کہ میرا پروردگار اوپر سے حق اُتارتا ہے اور وہ غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے (48)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ پرستش، پوجا پاٹ 2۔ زیادہ تر
- طاقت، صلاحیت
- پوجا پاٹ
- صرف
- 1۔ سچ 2۔ صاف
- جھٹلانا، نفی کرنا
- 1۔ ساتھی 2۔ بالکل 3۔ پاگل پن
- بدلا
- 1۔ خبر یا علم رکھنے والا 2۔ آسمان سے 3۔ سچائی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ سَبَاٍ ، سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿49﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا
يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿50﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿51﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا
بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿52﴾ وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿53﴾
وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿54﴾

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۭ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ
مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿1﴾ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ
فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿2﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ خَالِقٍ
غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۡ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿3﴾

کہہ دو کہ حق[1] آ چکا اور (معبود)[2] باطل[3] نہ تو پہلی بار پیدا کرسکتا ہے اور نہ دوبارہ پیدا کرے گا (49) کہہ دو
کہ اگر میں گمراہ ہوں تو میری گمراہی کا ضرر[1] مجھی کو ہے اور اگر ہدایت پر ہوں تو یہ اس کی طفیل[2] ہے جو میرا
پروردگار میری طرف وحی بھیجتا ہے۔ بیشک وہ سننے والا (اور) نزدیک ہے (50) اور کاش تم دیکھو
جب یہ گھبرا جائیں گے تو (عذاب سے) بچ نہیں سکیں گے اور نزدیک ہی سے پکڑ لئے جائیں گے (51)
اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان لے آئے اور (اب) اتنی دُور سے ان کا ہاتھ ایمان کے لینے کو کیونکر پہنچ
سکتا ہے؟ (52) اور پہلے تو اس سے انکار کرتے رہے اور بن[1] دیکھے دُور ہی سے (ظن[2] کے) تیر چلاتے
رہے (53) اور ان میں اور ان کی خواہش کی چیزوں (کے درمیان) میں پردہ حائل کر دیا گیا جیسا کہ
پہلے ان کے ہم جنسوں[1] سے کیا گیا وہ بھی اُلجھن[2] میں ڈالنے والے شک میں پڑے ہوئے تھے (54)

ترجمہ سورت فاطر

سب تعریف خدا ہی کو (سزاوار[1] ہے) جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (اور) فرشتوں کو قاصد[2]
بنانے والا ہے جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار پَر ہیں وہ (اپنی) مخلوقات میں جو چاہتا ہے بڑھاتا
ہے۔ بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے (1) خدا جو اپنی رحمت (کا عمل) کھول دے تو کوئی اس کو بند کرنے
والا نہیں اور جو بند کر دے تو اس کے بعد کوئی اس کو کھولنے والا نہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے (2)
لوگو! خدا کے جو تم پر احسانات[1] ہیں ان کو یاد کرو۔ کیا خدا کے سوا[2] کوئی اور خالق[3] (اور رازق[4] ہے) جو تم
کو آسمان اور زمین سے رزق دے؟ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کہاں بھکے پھرتے ہو؟ (3)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔سچائی 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔جھوٹ
- 1۔نقصان 2۔وجہ سے، بدولت
- افسوس کا کلمہ
- 1۔بغیر 2۔وہم، خیال
- بیچ میں آنا، روکنے والا
- 1۔ہم صِفت 2۔بے چینی، پریشانی
- 1۔مناسب، لائق 2۔پیغام دینے والا
- 1۔مہربانیاں 2۔علاوہ 3۔پیدا کرنے والا 4۔رزق دینے والا
- راستہ بھول جانا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ فَاطِرٍ

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ④ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ
الدُّنْيَا ۥ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ⑤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ
السَّعِيْرِ ⑥ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۥ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ
سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۡ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ⑧ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ
النُّشُوْرُ ⑨ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ
السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ يَبُوْرُ ⑩ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا
تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ⑪

اور (اے پیغمبرؐ) اگر یہ لوگ تم کو جھٹلائیں تو تم سے پہلے بھی پیغمبرؑ جھٹلائے گئے ہیں اور (سب) کام خدا ہی کی طرف
لوٹائے جائیں گے (4) لوگو! خدا کا وعدہ سچا ہے تو تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ (شیطان) فریب
دینے والا تمہیں فریب دے (5) شیطان تمہارا دشمن ہے تم بھی اسے دشمن ہی سمجھو وہ اپنے (پیرووں کے) گروہ کو بلاتا
ہے تاکہ وہ دوزخ والوں میں ہوں (6) جنہوں نے کفر کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے اور جو ایمان لائے اور عمل
نیک کرتے رہے، ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے (7) بھلا جس شخص کو اس کے اعمال بد آراستہ کر کے
دکھائے جائیں اور وہ ان کو عُمدہ سمجھنے لگے تو (کیا وہ نیکوکار آدمی جیسا ہوسکتا ہے؟) بیشک خدا جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا
ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ تو ان لوگوں پر افسوس کر کے تمہارا دم نہ نکل جائے یہ جو کچھ کرتے ہیں خدا اس
سے واقف ہے (8) اور خدا ہی تو ہے جو ہوائیں چلاتا ہے اور وہ بادل کو اُبھارتی ہیں۔ پھر ہم اس کو ایک بے جان شہر کی
طرف چلاتے ہیں پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں اسی طرح مُردوں کو جی اٹھنا ہوگا (9)
جو شخص عزت کا طلبگار ہے تو عزت تو سب خدا ہی کی ہے اسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھتے ہیں اور نیک عمل
اس کو بلند کرتے ہیں۔ اور جو لوگ بُرے بُرے مکر کرتے ہیں، ان کے لئے سخت عذاب ہے اور ان کا مکر
نابود ہو جائے گا (10) اور خدا ہی نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑا جوڑا بنا دیا اور کوئی
عورت نہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے اور نہ کسی بڑی عمر والے کو عمر زیادہ دی جاتی ہے اور
نہ اس کی عمر کم کی جاتی ہے۔ مگر (سب کچھ) کتاب میں (لکھا ہوا) ہے۔ بیشک یہ خدا کو آسان ہے (11)

مشکل الفاظ کے معانی

- نہ مانیں، جھوٹا کہیں
- 1۔ واپس 2۔ دھوکہ
- 1۔ پیچھے چلنے والے 2۔ جماعت
- 1۔ بہت معاوضہ، صلہ، اجر 2۔ بُرے 3۔ سجا کر
- اعلیٰ
- فوت نہ ہو جاؤ
- اوپر کرتی
- 1۔ چاہنے والا 2۔ مناسب الفاظ
- دھوکہ، بناوٹ
- 1۔ ختم 2۔ منی
- بچہ پیدا کرنا

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ فَاطِرٍ

وَمَا يَسْتَوِى الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا
وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑫ يُوْلِجُ الَّيْلَ
فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ
الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ⑬ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا
اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۭ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ⑭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ
وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ⑮ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ⑯ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ⑰ وَلَا تَزِرُ
وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَىْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۭ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ
يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ⑱

اور دونوں دریا (مل کر) یکساں نہیں ہو جاتے۔ یہ تو میٹھا ہے پیاس بجھانے والا جس کا پانی خوشگوار ہے اور یہ
کھاری ہے کڑوا اور سب سے تازہ گوشت کھاتے ہو اور زیور نکالتے ہو جسے پہنتے ہو اور تم دریا میں کشتیوں کو
دیکھتے ہو کہ (پانی کو) پھاڑتی چلی آتی ہیں تاکہ تم اس کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ شکر کرو (12)
وہی رات کو دن میں داخل کرتا اور (وہی) دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام میں لگا
دیا ہے۔ ہر ایک ایک وقت مقرر تک چل رہا ہے۔ یہی تمہارا پروردگار ہے۔ اسی کی بادشاہی ہے اور جن لوگوں کو
تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی تو (کسی چیز کے) مالک نہیں (13) اگر تم ان کو
پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سن بھی لیں تو تمہاری بات کو قبول نہ کرسکیں اور قیامت کے روز تمہارے شرک
سے انکار کر دیں گے اور (خدائے) باخبر کی طرح تم کو کوئی خبر نہیں دے گا (14) لوگو! (سب) خدا کے محتاج ہو
اور خدا بے پروا سزاوار (حمد وثنا) ہے (15) اگر چاہے تو تم کو نابود کر دے اور نئی مخلوقات لا آباد کرے
(16) اور یہ خدا کو کچھ مشکل نہیں (17) اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور کوئی بوجھ میں
دبا ہوا اپنا بوجھ بٹانے کو کسی کو بلائے تو کوئی اس میں سے کچھ نہ اٹھائے گا، اگرچہ قرابت دار ہی ہو۔ (اے
پیغمبرؐ) تم انہی لوگوں کو نصیحت کر سکتے ہو جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے اور نماز باالتزام پڑھتے ہیں اور
جو شخص پاک ہوتا ہے اپنے ہی لئے پاک ہوتا ہے اور (سب کو) خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (18)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔ برابر 2۔ اچھا لگنے والا

کھٹا، تُرش

1۔ مہربانی 2۔ روزی

علاوہ

1۔ خبر رکھنے والا 2۔ ضرورت مند

1۔ بے غرض 2۔ مُستحق 3۔ تعریفِ الٰہی 4۔ ختم 5۔ بسادے

وزن

1۔ بانٹنے کو، کچھ کم کرنے کو 2۔ قریبی ساتھی

1۔ بغیر 2۔ لازمی قرار دے کر

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ فَاطِرٍ

وَمَا يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ⑲ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ⑳ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ㉑ وَمَا يَسْتَوِى
الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ ㉒ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ㉓
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ㉔ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ㉕ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ
نَكِيْرِ ㉖ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ ۢ
بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ㉗ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ
اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ㉘ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ㉙

اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں (19) اور نہ اندھیرا اور روشنی (20) اور نہ سایہ اور دھوپ (21) اور نہ
زندے اور مُردے برابر ہو سکتے ہیں۔ خدا جس کو چاہتا ہے سنا دیتا ہے اور تم ان کو جو قبروں میں مدفون ہیں،
نہیں سنا سکتے (22) تم تو صرف ہدایت کرنے والے ہو (23) ہم نے تم کو حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا
اور ڈرانے والا بھیجا ہے اور کوئی اُمت نہیں مگر اس میں ہدایت کرنے والا گزر چکا ہے (24) اور اگر یہ تمہاری
تکذیب کریں تو جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی تکذیب کر چکے ہیں ان کے پاس ان کے پیغمبرؑ نشانیاں اور
صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آتے رہے (25) پھر میں نے کافروں کو پکڑ لیا سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب کیسا
ہوا؟ (26) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے آسمان سے مینہ برسایا؟ تو ہم نے اس سے طرح طرح کے رنگوں
کے میوے [1] پیدا کئے اور پہاڑوں میں سفید اور سرخ رنگوں کے قطعات [2] ہیں، جن کے رنگ الگ الگ ہیں اور
(بعض) کالے سیاہ ہیں (27) انسانوں اور جانوروں اور چار پایوں کے بھی کئی طرح کے رنگ ہیں۔ خدا سے
تو اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو صاحب علم [1] ہیں۔ بیشک خدا غالب [2] (اور) بخشنے والا ہے (28)
جو لوگ خدا کی کتاب پڑھتے اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے، اس میں سے پوشیدہ
اور ظاہر خرچ کرتے ہیں۔ وہ اس تجارت [1] (کے فائدے) کے اُمیدوار ہیں جو کبھی تباہ [2] نہیں ہو گی (29)

مشکل الفاظ کے معانی

- دفن ہونا
- سچائی
- جماعت، گروہ، قوم
- جھٹلانا، جھوٹا کہنا
- آسمانی کتابیں
- 1۔ پھل وغیرہ 2۔ ٹکڑے، حصّے
- چند، کچھ
- 1۔ علم والے 2۔ فاتح، حاوی
- چھپا
- 1۔ کاروبار 2۔ برباد، ختم

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿30﴾ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿31﴾ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ
ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿32﴾ؕ جَنّٰتُ
عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿33﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ
اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿34﴾ۙ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا
يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿35﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ
عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿36﴾ۚ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا
نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿37﴾ؑ

کیونکہ خدا ان کو پُورا پُورا بدلا دے گا اور اپنے فضل [1] سے کچھ زیادہ بھی دے گا۔ وہ تو بخشنے والا (اور) قدردان [2] ہے
(30) اور یہ کتاب جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے، برحق [1] ہے اور ان (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے [2] جو اس
سے پہلے کی ہیں۔ بیشک خدا اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے (31) پھر ہم نے ان لوگوں کو
کتاب کا وارث [1] ٹھہرایا، جن کو اپنے بندوں میں سے برگزیدہ [2] کیا تو کچھ تو ان میں سے اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں
اور کچھ میانہ رُو ہیں اور کچھ خدا کے حکم سے نیکیوں میں آگے نکل جانے والے ہیں' یہی بڑا فضل ہے (32) (ان
لوگوں کے لئے) بہشت جاودانی [1] (ہیں) جن میں وہ داخل ہوں گے وہاں ان کو سونے کے کنگن [2] اور موتی
پہنائے جائیں گے اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہوگی (33) وہ کہیں گے کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہم سے غم
دُور کیا۔ بیشک ہمارا پروردگار بخشنے والا (اور) قدردان ہے (34) جس نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ کے رہنے
کے گھر میں اُتارا۔ یہاں نہ تو ہم کو رنج [1] پہنچے گا اور نہ ہمیں تکان [2] ہی ہوگی (35) اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے
لئے دوزخ کی آگ ہے۔ نہ انہیں موت آئے گی کہ مرجائیں اور نہ ان کا عذاب ہی ان سے ہلکا کیا جائے گا۔ ہم
ہر ایک ناشکرے کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (36) وہ اس میں چلائیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو نکال
لے (اب) ہم نیک عمل کیا کریں گے نہ وہ جو (پہلے) کرتے تھے۔ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ اس میں جو
سوچنا چاہتا سوچ لیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا تو اب مزے چکھو۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں (37)

- 1۔رحمت، مہربانی 2۔قدر یا احساس کرنے والا
- 1۔سچ پر مبنی 2۔کو سچا کہتی ہے
- خبر رکھنا
- 1۔مالک 2۔عزت والا
- درمیانے
- 1۔ہمیشہ ہمیشہ کی 2۔کلائی کا زیور
- لباس
- ختم کر دیا
- 1۔تکلیف، غم 2۔تھکاوٹ
- کم
- چیخیں مارنا، شور شرابا کرنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ	حوالہ جات

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿38﴾ هُوَ الَّذِىْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ ؕ
فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا
خَسَارًا ﴿39﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِىْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ
شِرْكٌ فِى السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا
غُرُوْرًا ﴿40﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ۬ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿41﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ
فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا ﴿42﴾ ۙ اسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا
بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ۬ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿43﴾

بیشک خدا ہی آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے۔ وہ تو دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے
(38) وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں (پہلوں کا) جانشین بنایا تو جس نے کفر کیا اس کے کفر کا ضرر اسی کو ہے
اور کافروں کے حق میں ان کے کفر سے پروردگار کے ہاں ناخوشی ہی بڑھتی ہے اور کافروں کو ان کا کفر نقصان ہی
زیادہ کرتا ہے (39) بھلا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے
زمین سے کون سی چیز پیدا کی ہے یا (بتاؤ کہ) آسمانوں میں ان کی شرکت ہے؟ یا ہم نے ان کو کتاب دی ہے تو وہ اس کی
سند رکھتے ہیں؟ (ان میں سے کوئی بات بھی نہیں) بلکہ ظالم جو ایک دوسرے کو وعدے دیتے ہیں محض فریب ہے (40)
خدا ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ ٹل نہ جائیں اگر وہ ٹل جائیں تو خدا کے سوا کوئی ایسا نہیں جو ان کو
تھام سکے۔ بیشک وہ بردبار (اور) بخشنے والا ہے (41) اور یہ خدا کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر ان کے
پاس کوئی ہدایت کرنے والا آئے تو یہ ہر ایک اُمت سے بڑھ کر ہدایت پر ہوں۔ مگر جب ان کے پاس ہدایت
کرنے والا آیا تو اس سے ان کو نفرت ہی بڑھی (42) یعنی (انہوں نے) ملک میں غرور کرنا اور بُری چال چلنا
(اختیار کیا) اور بُری چال کا وبال اس کے چلنے والے ہی پر پڑتا ہے۔ یہ اگلے لوگوں کی روش کے سوا اور کسی چیز
کے منتظر نہیں۔ سو تم خدا کی عادت میں ہرگز تبدل نہ پاؤ گے اور خدا کے طریقے میں کبھی تغیر نہ دیکھو گے (43)

1۔چھپی ہوئی 2۔راز

1۔پہلے لوگوں کا 2۔قائم مقام 3۔نقصان

1۔کے بارے میں 2۔ناراضگی

علاوہ

شراکت، حصّہ داری

1۔دلیل، ثبوت 2۔دھوکہ

1۔سنبھالے 2۔جگہ سے ہٹ جانا 3۔علاوہ

برداشت کرنے والا

قوم، گروہ، جماعت

1۔نقصان 2۔طریقہ

1۔انتظار کرنا 2۔تبدیلی
3۔اونچ نیچ، ردّوبدل

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ فَاطِرٍ ، سُوْرَةُ یٰسٓ	حوالہ جات

اَوَ لَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ مَا كَانَ
اللّٰهُ لِیُعْجِزَهٗ مِنْ شَیْءٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِیْمًا قَدِیْرًا (44) وَ لَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا
كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا (45)

یٰسٓ (1) وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ (2) اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ (3) عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (4) تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ
الرَّحِیْمِ (5) لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ (6) لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ (7)
اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ (8) وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ
خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ (9)

کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی؟ تاکہ دیکھتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے، ان کا انجام کیا ہوا۔ حالانکہ وہ
ان سے قوت[1] میں بہت زیادہ تھے اور خدا ایسا نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں کوئی چیز اس کو عاجز کر سکے[2]۔ وہ علم
والا (اور) قدرت والا ہے (44) اور اگر خدا لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب[1] پکڑنے لگتا تو روئے زمین[2]
پر ایک (بھی) چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا۔ لیکن وہ ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے جاتا ہے جب ان
کا وقت آ جائے گا تو (ان کے اعمال کا بدلا دے گا) خدا تو اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے (45)

- انجام: آخر، نتیجہ
- 1۔طاقت 2۔ہرا سکے
- 1۔کے بدلے، کی وجہ سے 2۔تمام زمین
- مقرر: طے شدہ

ترجمہ سورت یٰسین

یٰسٓ (1) قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے (2) (اے محمدؐ) بیشک تم پیغمبروںؑ میں سے ہو
(3) سیدھے رستے پر (4) (یہ خدائے) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے (5) تاکہ تم ان لوگوں
کو جن کے باپ دادا کو متنبہ[1] نہیں کیا گیا تھا، متنبہ کر دو۔ وہ غفلت[2] میں پڑے ہوئے ہیں (6) ان میں
سے اکثر پر (خدا کی) بات پوری ہو چکی ہے۔ سو وہ ایمان نہیں لائیں گے (7) ہم نے ان کی گردنوں میں
طوق[1] ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے ہوئے ہیں) تو ان کے سر اُلل رہے ہیں[2] (8) اور ہم نے
ان کے آگے بھی دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے بھی۔ پھر ان پر پردہ ڈال دیا تو یہ دیکھ نہیں سکتے (9)

- حکمت: دانائی، عقل
- 1۔خبردار کرنا، آگاہی 2۔سستی، لاپرواہی
- اکثر: زیادہ تر
- 1۔گلوبند، بوجھ 2۔ذہنی توازن خراب ہے

حوالہ جات: متشابہ، عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يٰسٓ	حوالہ جات

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑩ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ
بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ⑪ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ
اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ⑫ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ⑬ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ
اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ⑭ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ
الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ⑮ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ⑯ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ
الْمُبِيْنُ ⑰ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑱ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ
مَّعَكُمْ ۗ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۗ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ⑲ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا
الْمُرْسَلِيْنَ ⑳ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ㉑

اورتم ان کونصیحت کرو یانہ کرو ان کے لئے برابر ہے، وہ ایمان نہیں لانے کے (10) تم توصرف اس شخص کونصیحت
کرسکتے ہو، جو نصیحت کی پیروی کرے اور خدا سے غائبانہ ڈرے۔ سو اس کو مغفرت اور بڑے ثواب کی بشارت
سنا دو (11) بیشک ہم مُردوں کو زندہ کریں گے اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے اور (جو) ان کے نشان پیچھے رہ گئے، ہم
ان کو قلمبند کرلیتے ہیں اور ہر چیز کو ہم نے کتاب روشن (یعنی لوح محفوظ) میں لکھ رکھا ہے (12) اوران سے
گاؤں والوں کا حال بیان کرو جب ان کے پاس پیغمبرؑ آئے (13) یعنی جب ہم نے ان کی طرف دو (پیغمبرؑ)
بھیجے تو انہوں نے ان کو جھٹلایا۔ پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انہوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف پیغمبرؑ ہو
کرآئے ہیں (14) وہ بولے کہ تم (اور کچھ) نہیں مگر ہماری طرح کے آدمی (ہو) اور خدا نے کوئی چیز نازل نہیں
کی۔ تم محض جھوٹ بولتے ہو (15) انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے
کر) بھیجے گئے ہیں (16) اور ہمارے ذمے تو صاف صاف پہنچا دینا ہے اور بس (17) وہ بولے کہ ہم تم کو
نامبارک سمجھتے ہیں اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں سنگسار کردیں گے اور تم کو ہم سے دُکھ دینے والا عذاب پہنچے گا
(18) انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا اس لئے کہ تم کو نصیحت کی گئی بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو
حد سے تجاوز کر گئے ہو (19) اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، کہنے لگا کہ اے میری قوم!
پیغمبروںؑ کے پیچھے چلو (20) ایسوں کے جو تم سے صلہ نہیں مانگتے اور وہ سیدھے رستے پر ہیں (21)

ایک ہی بات ہے

1۔ حکموں پر چلے 2۔ بہت 3۔ خوشخبری

1۔ لکھ لیتے 2۔ بحفاظت

طاقت

صرف

ذمہ داری میں

1۔ منحوس 2۔ یہ کام ختم نہیں کرو گے 3۔ پتھر مار مار کر مار دینا

منحوس ہونا، نقصان کا سبب

1۔ آگے چلے جانا، بڑھ جانا 2۔ دوسری طرف، آخری جگہ

معاوضہ، بدلا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يٰسٓ	حوالہ جات

سُوْرَةُ يٰسٓ

وَمَا لِىَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِىْ فَطَرَنِىْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿22﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّىْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا
وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿23﴾ اِنِّىْٓ اِذًا لَّفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ اِنِّىْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿25﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِىْ
يَعْلَمُوْنَ ﴿26﴾ بِمَا غَفَرَ لِىْ رَبِّىْ وَجَعَلَنِىْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿27﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا
مُنْزِلِيْنَ ﴿28﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿29﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿30﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿31﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿32﴾
وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿33﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا
فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿34﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿35﴾ سُبْحٰنَ الَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ
الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿37﴾

اور مجھے کیا ہے کہ اس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے (22) کیا میں
ان کو چھوڑ کر اوروں کو معبود بناؤں؟ اگر خدا میرے حق میں نقصان کرنا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کچھ بھی فائدہ
نہ دے سکے اور نہ وہ مجھ کو چھڑا ہی سکیں (23) تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا (24) میں تمہارے
پروردگار پر ایمان لاتا ہوں سو میری بات سن رکھو (25) حکم ہوا کہ بہشت میں داخل ہو جا۔ بولا کاش میری قوم کو
خبر ہو (26) کہ خدا نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں کیا (27) اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر کوئی لشکر
نہیں اُتارا اور نہ ہم اُتارنے والے تھے ہی (28) وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی سو وہ (راکھ کی طرح) ناگہاں
بُجھ کر رہ گئے (29) بندوں پر افسوس ہے کہ ان کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا مگر اس سے تمسخر کرتے ہیں
(30) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا۔ اب وہ ان کی طرف
لوٹ کر نہیں آئیں گے (31) اور سب کے سب ہمارے رُوبرو حاضر کئے جائیں گے (32) اور ایک نشانی ان
کے لئے زمین مُردہ ہے کہ ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اگایا پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں (33)
اور اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کئے اور اس میں چشمے جاری کر دیئے (34) تاکہ یہ ان کے پھل
کھائیں اور ان کے ہاتھوں نے تو ان کو نہیں بنایا پھر یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟ (35) وہ خدا پاک ہے جس نے
زمین کی نباتات کے اور خود ان کے اور جن چیزوں کی ان کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے (36) اور ایک نشانی
ان کے لئے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اس وقت ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے (37)

1۔ پُوجا 2۔ واپس جانا

1۔ دوسروں کو، غیروں کو 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔ میرے لئے، میرے بارے میں

1۔ صاف، سیدھی 2۔ پکڑا گیا، پھنس گیا

1۔ لہٰذا 2۔ افسوس کا کلمہ

فوج

1۔ بھیجا 2۔ زور کی آواز 3۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک 4۔ اچانک

1۔ ٹھنڈے ہو کر 2۔ ہنسی مذاق

1۔ واپس 2۔ سامنے

غلّہ، گیہوں

زمین سے اُگنے والی اشیاء

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يٰسٓ	حوالہ جات

سُوْرَةُ يٰسٓ

وَالشَّمْسُ تَجْرِىْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ⓷⓼ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ⓷⓽ لَا
الشَّمْسُ يَنْۢبَغِىْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِىْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ⓸⓪ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِى
الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ⓸⓵ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ⓸⓶ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ⓸⓷ اِلَّا رَحْمَةً
مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ⓸⓸ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ⓸⓹ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ
رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ⓸⓺ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ
يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ⓸⓻ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ⓸⓼ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً
وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ⓸⓽ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ⓹⓪ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ
الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ⓹⓵ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ⓹⓶

اورسورج اپنے مقرر[1] رستے پر چلتا رہتا ہے۔ یہ (خدائے) غالب اور دانا[2] کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے (38) اور
چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کردیں یہاں تک کہ کھجور کی پُرانی شاخ کی طرح ہوجاتا ہے (39) نہ تو سورج ہی
سے ہوسکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آسکتی ہے اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے
ہیں (40) اور ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا (41) اور ان کے
لئے ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں (42) اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کردیں پھر نہ تو ان کا
کوئی فریادرس ہو اور نہ ان کو رہائی ملے (43) مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک کے فائدے ہیں (44) اور
جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور جو تمہارے پیچھے ہے اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے (45) اور
ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ پھیر لیتے ہیں (46) اور جب ان
سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق تم کو خدا نے دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم ان لوگوں کو کھانا
کھلائیں جن کو اگر خدا چاہتا تو خود کھلا دیتا۔ تم تو صریح غلطی میں ہو (47) اور کہتے ہیں اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب
(پورا) ہوگا؟ (48) یہ تو ایک چنگھاڑ[1] کے منتظر ہیں جو ان کو اس حال میں کہ باہم[2] جھگڑ رہے ہوں گے آ پکڑے گی (49)
پھر نہ تو وصیت[1] کرسکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں میں واپس جاسکیں گے (50) اور صور پھونکا جائے گا[2] (تو) یہ قبروں
سے (جی نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے (51) کہیں گے (اے ہے[1]) ہمیں ہماری خوابگاہوں[2]
سے کس نے (جگا) اٹھایا؟ یہ وہی تو ہے جس کا خدا نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروںؑ نے سچ کہا تھا (52)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔طے شدہ 2۔عقلمند
- پڑاؤ،ایک دن کا سفر
- ڈبودیں،ختم کردیں
- مصیبت یا تکلیف ختم کرنے والا
- نہیں مانتے
- صاف،سیدھی سیدھی
- 1۔زور کی آواز 2۔آپس میں
- 1۔موت یا سفر سے پہلے کی تاکید 2۔قیامت کا بگل بجے گا
- 1۔حیرانگی کا احساس 2۔جہاں خواب دیکھے جارہے ہوں

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- روم:41

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ يٰسٓ	مشکل الفاظ کے معانی

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿53﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿54﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿55﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِــُٔوْنَ ﴿56﴾ لَهُمْ فِيْهَا
فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿57﴾ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿58﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿59﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا
تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿60﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿61﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ
تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿62﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿63﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿64﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ
وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿65﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى
يُبْصِرُوْنَ ﴿66﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿67﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا
يَعْقِلُوْنَ ﴿68﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿69﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿70﴾

صرف ایک زور کی آواز کا ہونا ہوگا کہ سب کے سب ہمارے رُوبرو آحاضر ہوں گے (53) اس روز کسی شخص پر کچھ
بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور تم کو بدلا ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے (54) اہل جنت اس روز عیش ونشاط کے
مشغلے میں ہوں گے (55) وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی سایوں میں تختوں پر تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے (56) وہاں ان
کے لئے میوے اور جو چاہیں گے (موجود ہوگا) (57) پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کا مبارک تحفہ) (58)
اور گنہگارو تم آج الگ ہو جاؤ (59) اے آدم کی اولاد! ہم نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پُوجنا وہ تمہارا کھلا
دشمن ہے (60) اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی سیدھا رستہ ہے (61) اور اس نے تم میں سے بہت سی خلقت
کو گمراہ کر دیا تھا، تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟ (62) یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی تھی (63) (سو) جو تم
کفر کرتے رہے ہو اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ (64) آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور
جو کچھ یہ کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے اور ان کے پاؤں (اس کی) گواہی دیں گے (65)
اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا (دیں یعنی ہفتے والوں کی طرح لعنت کر) دیں پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں
دیکھ سکیں گے (66) اور اگر ہم چاہیں تو ان کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں۔ پھر وہاں سے نہ آگے جاسکیں اور نہ (پیچھے)
لوٹ سکیں (67) اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا یہ سمجھتے نہیں؟ (68)
اور ہم نے ان (پیغمبرؑ) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔ یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف
قرآن ہے (69) تاکہ اس شخص کو جو زندہ ہو ہدایت کا رستہ دکھائے اور کافروں پر بات پوری ہو جائے (70)

مشکل الفاظ کے معانی:

- سامنے
- 1۔ جنت والے 2۔ خوشی وخرمی
- شغل، مصروفیت
- 1۔ پھل وغیرہ 2۔ نفیس، عمدہ، پاک
- پرستش کرنا
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ مخلوق
- راستہ بھولا ہوا، مشرک
- منہ بند کر دیں گے
- شکلیں بگاڑ کر پُشت کی طرف کر دیں
- 1۔ لمبی یا زیادہ عمر 2۔ بے علم، انجان
- 1۔ شاعری 2۔ لائق، مناسب 3۔ صرف
- مکمل

حوالہ جات:

- نساء: 47
- نساء: 47

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ يٰسٓ ، سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	حوالہ جات

اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿71﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿72﴾
وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿73﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿74﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ
وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿75﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿76﴾ اَوَ لَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ
نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿77﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿78﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ
اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ﴿79﴾ ۨالَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿80﴾ اَوَ
لَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿81﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا
اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿82﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿83﴾

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿1﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿2﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿3﴾

کیاانہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں، ان میں سے ہم نے ان کے لئے چارپائے پیدا کردیئے اور یہ ان کے مالک ہیں (71) اور ان کو ان کے قابو میں کردیا تو کوئی تو ان میں سے ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں (72) اور ان میں ان کے لئے (اور) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں تو یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟ (73) اور انہوں نے خدا کے سوا (اور) معبود بنا لئے ہیں کہ شاید (ان سے) ان کو مدد پہنچے (74) (مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے اور وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کئے جائیں گے (75) تو ان کی باتیں تمہیں غمناک نہ کر دیں۔ یہ جو کچھ چُھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ ہمیں سب معلوم ہے (76) کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا، پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا (77) اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بُھول گیا۔ کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں گی تو ان کو کون زندہ کرے گا؟ (78) کہہ دو کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار ان کو پیدا کیا تھا اور وہ سب قسم کا پیدا کرنا جانتا ہے (79) (وہی) جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی پھر تم اس (کی ٹہنیوں کو رگڑ کر ان) سے آگ نکالتے ہو (80) بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (ان کو پھر) ویسے ہی پیدا کر دے؟ کیوں نہیں اور وہ تو بڑا پیدا کرنے والا (اور) علم والا ہے (81) اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے (82) وہ (ذات) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے (83)

ترجمہ سورت صافات

*قسم ہے صف باندھنے والوں کی پرا جما کر (1) پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر (2) پھر ذکر (یعنی قرآن) پڑھنے والوں کی (غور کر کر) (3)

مشکل الفاظ کے معانی:

- زیر کردیا، مسخر کردیا
- 1۔علاوہ 2۔ہوسکتا ہے، ممکن ہے
- 1۔کسی بھی طرح یالحاظ سے 2۔غمگین، افسردہ
- 1۔منی 2۔تڑاتڑ، متواتر، تیز زبان ہوکر
- پُرانی، گلی سڑی
- طاقت یا صلاحیت رکھنا
- عزت، مرتبہ
- شخصیت، حقیقت
- 1۔قطار بنانا 2۔ڈانٹ کر

حوالہ جات: نحل: 74

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ④ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ⑤ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ
نِالْكَوَاكِبِ ⑥ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ⑦ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ⑧
دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ⑨ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ⑩ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ
خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ⑪ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ⑫ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ⑬ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً
يَّسْتَسْخِرُوْنَ ⑭ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑮ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ⑯ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ⑰
قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دٰخِرُوْنَ ⑱ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ⑲ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑳ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ
الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ㉑ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ㉒ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى
صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ㉓ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ㉔ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ㉕ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ㉖ وَاَقْبَلَ
بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ㉗ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ㉘ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ㉙

کہ تمہارا معبود ایک ہے (4) جو آسمانوں اور زمین اور جو چیزیں ان میں ہیں سب کا مالک ہے اور سورج کے طلوع ہونے
کے مقامات کا بھی مالک ہے (5) بیشک ہم ہی نے آسمانی دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا (6) اور ہر شیطان سرکش
سے اس کی حفاظت کی (7) کہ اوپر کی مجلس کی طرف کان نہ لگا سکیں اور ہر طرف سے (ان پر انگارے) پھینکے جاتے
ہیں (8) (یعنی وہاں سے) نکال دینے کو اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے (9) ہاں جو کوئی (کسی بات کو) چوری سے
جھپٹ لینا چاہتا ہے تو جلتا ہوا انگارہ ان کے پیچھے لگتا ہے (10) تو ان سے پوچھو کہ ان کا بنانا مشکل ہے یا جتنی خلقت ہم
نے بنائی ہے؟ انہیں ہم نے چپکتے گارے سے بنایا ہے (11) ہاں تم تو تعجب کرتے ہو اور یہ تمسخر کرتے ہیں (12) اور
جب ان کو نصیحت دی جاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتے (13) اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو ٹھٹھے کرتے ہیں (14)
اور کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے (15) بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا پھر اٹھائے جائیں گے؟ (16)
اور کیا ہمارے باپ دادا بھی (جو) پہلے (ہو گزرے ہیں؟) (17) کہہ دو کہ ہاں اور تم ذلیل ہو گے (18) وہ تو ایک زور کی
آواز ہو گی اور یہ اس وقت دیکھنے لگیں گے (19) اور کہیں گے ہائے شامت! یہی جزا کا دن ہے (20) (کہا جائے گا کہ
ہاں) فیصلے کا دن، جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے یہی ہے (21) جو لوگ ظلم کرتے تھے ان کو اور ان کے ہم جنسوں کو اور جس کو وہ
پُوجا کرتے تھے (سب کو) جمع کر لو (22) (یعنی جن کو) خدا کے سوا (پُوجا کرتے تھے) پھر ان کو جہنم کے رستے پر چلا دو
(23) اور ان کو ٹھہرائے رکھو کہ ان سے (کچھ) پوچھنا ہے (24) تم کو کیا ہوا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے (25) بلکہ
آج تو وہ فرمانبردار ہیں (26) اور ایک دوسرے کی طرف رُخ کر کے سوال (وجواب) کریں گے (27) کہیں گے کیا تم
ہی ہمارے پاس دائیں (اور بائیں) سے آتے تھے؟ (28) وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ایمان لانے والے نہ تھے (29)

مشکل الفاظ کے معانی

- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔خوبصورتی 2۔سجایا 3۔باغی
- 1۔آسمانی 2۔محفل 3۔جلتا ہوا کوئلہ
- ہمیشہ کا
- 1۔چھین لینا 2۔مخلوق
- 1۔گوندھی ہوئی مٹی 2۔حیران ہوتے ہو 3۔ہنسی مذاق
- مذاق، طنز
- صاف، سیدھا
- رُسوا
- 1۔بداعمالی، بدبختی، بدقسمتی 2۔بدلا
- ایک جیسے، ہم صِفت
- 1۔پرستش، شرک 2۔علاوہ
- حکم ماننے والے

حوالہ جات

- دیکھئے حالاتِ ذوالقرنین
- انعام:112 ناس:6

حوالہ جات	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ (30) فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ (31)
فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ (32) فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ (33) اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (34)
اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ (35) وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ (36)
بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ (37) اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ (38) وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ (39) اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ (40) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ (41) فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ (42) فِىْ
جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (43) عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ (44) يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ (45) بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ (46) لَا
فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ (47) وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ (48) كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ (49) فَاَقْبَلَ
بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ (50) قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّىْ كَانَ لِىْ قَرِيْنٌ (51) يَّقُوْلُ ءَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ (52)
ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ (53) قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ (54) فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِىْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ (55)
قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ (56)

اور ہمارا تم پر کچھ زور نہ تھا بلکہ تم سرکش لوگ تھے (30) سو ہمارے بارے میں ہمارے پروردگار کی بات پوری ہو گئی۔
اب ہم مزے چکھیں گے (31) ہم نے تم کو بھی گمراہ کیا (اور) ہم خود بھی گمراہ تھے (32) پس وہ اس روز عذاب
میں ایک دوسرے کے شریک ہوں گے (33) ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (34) ان کا یہ حال
تھا کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں تو غرور کرتے تھے (35) اور کہتے تھے کہ بھلا ہم
ایک دیوانے شاعر کے کہنے سے کہیں اپنے معبودوں کو چھوڑ دینے والے ہیں؟ (36) (نہیں) بلکہ وہ حق لے کر
آئے ہیں اور (پہلے تمام) پیغمبروں کو سچا کہتے ہیں (37) بیشک تم تکلیف دینے والے عذاب کا مزا چکھنے والے
ہو (38) اور تم کو بدلا ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے (39) مگر جو خدا کے بندگان خاص ہیں (40) یہی
لوگ ہیں جن کے لئے روزی مقرر ہے (41) (یعنی) میوے اور ان کا اعزاز کیا جائے گا (42) نعمت کے
باغوں میں (43) ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (ہوں گے) (44) شراب لطیف کے جام کا ان میں دور
چل رہا ہوگا (45) جو رنگ کی سفید اور پینے والوں کے لئے (سراسر) لذت ہوگی (46) نہ اس سے دردِ سر ہو اور
نہ وہ اس سے متوالے ہوں گے (47) اور ان کے پاس عورتیں ہوں گی جو نگاہیں نیچی رکھتی ہوں گی اور آنکھیں
بڑی بڑی (48) گویا وہ محفوظ انڈے ہیں (49) پھر وہ ایک دوسرے کی طرف رُخ کر کے سوال (و جواب)
کریں گے (50) ایک کہنے والا ان میں سے کہے گا کہ میرا ایک ہم نشین تھا (51) (جو) کہتا تھا کہ بھلا تم بھی
ایسی باتوں کے باور کرنے والوں میں ہو (52) بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم کو بدلا
ملے گا؟ (53) (دوسرا) کہے گا کہ بھلا تم (اسے) جھانک کر دیکھنا چاہتے ہو (54) (جب) وہ جھانکے گا تو اس
کو وسط دوزخ میں دیکھے گا (55) (اور) کہے گا کہ خدا کی قسم تُو تو مجھے ہلاک ہی کر چکا تھا (56)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔زبردستی 2۔باغی
3۔سچ ہوگئی، مکمل ہوگئی

شراکت دار، ایک ساتھ

1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

1۔پاگل 2۔سچ

خاص لوگ

1۔رزق 2۔پھل وغیرہ
3۔عزت، بڑا مرتبہ

1۔نرم، صاف، پاک 2۔گلاس، پیمانہ

بالکل، پوری

مدہوش، مخمور 2۔نظریں

سِمت

ساتھ رہنے یا بیٹھنے اٹھنے والا

1۔یقین 2۔کیا؟

کسی اوٹ سے یا چُھپ کر دیکھنا

درمیان

حوالہ جات	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

وَلَوْ لَا نِعْمَةُ رَبِّىْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ (57) اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ (58) اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ (59)
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (60) لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ (61) اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ (62) اِنَّا
جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ (63) اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِىْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ (64) طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ (65)
فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ (66) ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ (67) ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ
لَاْ اِلَى الْجَحِيْمِ (68) اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ (69) فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ (70) وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ
الْاَوَّلِيْنَ (71) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ (72) فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ (73) اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
الْمُخْلَصِيْنَ (74) وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ (75) وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ (76) وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ
هُمُ الْبٰقِيْنَ (77) وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ (78) سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ (79) اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى
الْمُحْسِنِيْنَ (80) اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ (81) ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ (82)

اگر میرے پروردگار کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ان میں ہوتا جو (عذاب میں) حاضر کئے گئے ہیں (57) کیا ہم
(آئندہ کبھی) مرنے کے نہیں؟ (58) ہاں (جو) پہلی بار مرنا (تھا سو مر چکے) اور ہمیں عذاب بھی نہیں ہونے کا
(59) بیشک یہ بڑی کامیابی ہے (60) ایسی ہی (نعمتوں) کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنے چاہئیں (61)
بھلا یہ مہمانی اچھی ہے یا تھوہر کا درخت؟ (62) ہم نے اس کو ظالموں کے لئے عذاب بنا رکھا ہے (63) وہ ایک
درخت ہے کہ جہنم کے اسفل میں اُگے گا (64) اس کے خوشے ایسے ہوں گے جیسے شیطانوں کے سر (65) سو وہ
اسی میں سے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے (66) پھر اس (کھانے) کے ساتھ ان کو گرم پانی ملا کر دیا
جائے گا (67) پھر ان کو دوزخ کی طرف لوٹایا جائے گا (68) انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ ہی پایا (69) سو
وہ ان ہی کے پیچھے دوڑے چلے جاتے ہیں (70) اور ان سے پیشتر بہت سے پہلے لوگ بھی گمراہ ہو گئے تھے
(71) اور ہم نے ان میں متنبہ کرنے والے بھیجے (72) سو دیکھ لو کہ جن کو متنبہ کیا گیا تھا ان کا انجام کیسا ہوا؟
(73) ہاں خدا کے بندگان خاص (کا انجام بہت اچھا ہوا) (74) اور ہم کو نوحؑ نے پکارا سو (دیکھ لو کہ) ہم
(پرہیز گاروں کی دعا کو کیسے) اچھے قبول کرنے والے ہیں (75) اور ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو بڑی
مصیبت سے نجات دی (76) اور ان کی اولاد کو ایسا کیا کہ وہی باقی رہ گئے (77) اور پیچھے آنے والوں میں ان کا
ذکر (جمیل باقی) چھوڑ دیا (78) (یعنی) تمام جہان میں، (کہ) نوحؑ پر سلام (79) نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلا
دیا کرتے ہیں (80) بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے (81) پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا (82)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔خیر، وہ 2۔ہونے والا
- مہمان ہونا
- 1۔انتہائی نچلی جگہ 2۔پھل
- واپس جانا
- پہلے
- 1۔اطلاع یابی، آگاہی 2۔آخیر
- لوگ
- رہائی، مخلصی
- خوبصورت
- غرق کر دیا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰت	حوالہ جات

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۘ﴿83﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ﴿84﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿85﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً
دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿86﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴿87﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِى النُّجُوْمِ ﴿88﴾ فَقَالَ اِنِّىْ سَقِيْمٌ﴿89﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ
مُدْبِرِيْنَ ﴿90﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿91﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ﴿92﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًاۢ بِالْيَمِيْنِ ﴿93﴾
فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿94﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿95﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا
فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿97﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿98﴾ وَقَالَ اِنِّىْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ ﴿99﴾
رَبِّ هَبْ لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿100﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿101﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْىَ قَالَ يٰبُنَىَّ اِنِّىْٓ اَرٰى فِى
الْمَنَامِ اَنِّىْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ﴿102﴾
فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿103﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿104﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿105﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ﴿106﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ﴿107﴾

اور انہی کے پیروؤں میں ابراہیمؑ تھے (83) جب وہ اپنے پروردگار کے پاس (عیب سے) پاک دل لے کر
آئے (84) جب انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کن چیزوں کو پُوجتے ہو؟ (85) کیوں
جھوٹ (بنا کر) خدا کے سوا اور معبودوں کے طالب ہو (86) بھلا پروردگار عالم کے بارے میں تمہارا کیا
خیال ہے؟ (87) تب انہوں نے ستاروں کی طرف ایک نظر کی (88) اور کہا میں تو بیمار ہوں (89) تب وہ
ان سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے (90) پھر (ابراہیمؑ) ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے کہ تم
کھاتے کیوں نہیں؟ (91) تمہیں کیا ہوا ہے تم بولتے نہیں (92) پھر ان کو داہنے ہاتھ سے مارنا (اور توڑنا)
شروع کیا (93) تو وہ لوگ ان کے پاس دوڑے ہوئے آئے (94) انہوں نے کہا کہ تم ایسی چیزوں کو کیوں
پُوجتے ہو، جن کو خود تراشتے ہو؟ (95) حالانکہ تم کو اور جو تم بناتے ہو اس کو خدا ہی نے پیدا کیا ہے (96) وہ کہنے
لگے کہ اس کے لئے ایک عمارت بناؤ پھر اس کو آگ کے ڈھیر میں ڈال دو (97) غرض انہوں نے ان کے
ساتھ چال چلنی چاہی اور ہم نے ان ہی کو زیر کر دیا (98) اور (ابراہیمؑ) بولے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف
جانے والا ہوں وہ مجھے رستہ دکھائے گا (99) اے پروردگار! مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) سعادت مندوں میں
سے (ہو) (100) تو ہم نے ان کو ایک نرم دل لڑکے کی خوشخبری دی (101) جب وہ ان کے ساتھ دوڑنے
(کی عمر) کو پہنچا تو (ابراہیمؑ نے) کہا کہ بیٹا میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ (گویا) تم کو ذبح کر رہا ہوں تو تم سوچو
کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ انہوں نے کہا کہ ابا جان جو آپ کو حکم ہوا ہے وہی کیجئے خدا نے چاہا تو آپ مجھے صابروں
میں پایئے گا (102) جب دونوں نے حکم مان لیا اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹا دیا (103) تو ہم نے
ان کو پکارا کہ اے ابراہیمؑ! (104) تم نے خواب کو سچا کر دکھایا ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں
(105) بلاشبہ یہ صریح آزمائش تھی (106) اور ہم نے ایک بڑی قربانی کو ان کا فدیہ دیا (107)

1۔ پیروی کرنے والے، پیچھے چلنے والے 2۔ نقص، داغ

پرستش کرتے ہو

1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔ چاہنے والے 4۔ جہان کا پالنے والا

توجہ کرنا

بناتے ہو

ہرا دیا

فرمانبردار

جیسے

صبر کرنے والا

پیشانی نیچے کر کے

1۔ صاف، سیدھی 2۔ بدلا، معاوضہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿108﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿109﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿110﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿111﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿112﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ
وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿113﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿114﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾
وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿119﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿120﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿121﴾ اِنَّهُمَا مِنْ
عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿122﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ
اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ﴿125﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿126﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿127﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿128﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿129﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿130﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿131﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿133﴾

اور پیچھے آنے والوں میں ابراہیمؑ کا (ذکرِ خیر باقی) چھوڑ دیا (108) کہ ابراہیمؑ پر سلام ہو (109) نیکوکاروں
کو ہم ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (110) بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے (111) اور ہم نے ان کو
اسحٰقؑ کی بشارت دی (کہ وہ) نبیؑ (اور) نیکوکاروں میں سے (ہوں گے) (112) اور ہم نے ان پر اور اسحٰقؑ
پر برکتیں نازل کی تھیں اور ان دونوں کی اولاد میں سے نیکوکار بھی ہیں اور اپنے آپ پر صریح ظلم کرنے والے
(یعنی گنہگار) بھی ہیں (113) اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ پر بھی احسان کئے (114) اور ان کو اور ان کی قوم
کو مصیبتِ عظیمہ سے نجات بخشی (115) اور ان کی مدد کی تو وہ غالب ہو گئے (116) اور ان دونوں کو کتاب
واضح (المطالب) عنایت کی (117) اور ان کو سیدھا رستہ دکھایا (118) اور پیچھے آنے والوں میں ان کا
ذکر (خیر باقی) چھوڑ دیا (119) کہ موسیٰؑ اور ہارونؑ پر سلام (120) بیشک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا
کرتے ہیں (121) وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے (122) اور الیاسؑ بھی پیغمبروںؑ میں
سے تھے (123) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ (124) کیا تم بعل کو پکارتے
(اور اسے پُوجتے) ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو (125) (یعنی) خدا کو جو تمہارا اور
تمہارے اگلے باپ دادا کا پروردگار ہے (126) تو ان لوگوں نے ان کو جھٹلا دیا۔ سو وہ (دوزخ میں) حاضر کئے
جائیں گے (127) ہاں خدا کے بندگانِ خاص (مبتلائے عذاب نہیں ہوں گے) (128) اور ان کا ذکر (خیر)
پچھلوں میں (باقی) چھوڑ دیا (129) کہ الیاسؑ پر سلام (130) ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی بدلا دیتے ہیں
(131) بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے (132) اور لوطؑ بھی پیغمبروںؑ میں سے تھے (133)

مشکل الفاظ کے معانی

- پیچھے آنے والوں: بعد میں آنے والوں
- بشارت: خوشخبری
- برکتیں / صریح: 1۔کثرت یا نعمت کی زیادتی 2۔صاف
- مصیبتِ عظیمہ / نجات / غالب: 1۔بہت بڑی مصیبت 2۔رہائی 3۔فتح ملنا
- واضح (المطالب) / عنایت: 1۔صاف مطلب 2۔دی
- خیر: نیک ذکر
- بعل: مشرکوں کا کوئی شریک
- سو: لہٰذا
- بندگان / مبتلائے: 1۔لوگ 2۔پکڑ میں، پھنسنا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ	حوالہ جات

اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿134﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ﴿135﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿136﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ
مُّصْبِحِيْنَ ﴿137﴾ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿139﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿140﴾
فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿141﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ﴿142﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿143﴾
لَلَبِثَ فِىْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿144﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿145﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿146﴾
وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿147﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿148﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ
الْبَنُوْنَ ﴿149﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿150﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿151﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ﴿152﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿153﴾ مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿154﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿155﴾ اَمْ لَكُمْ
سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿156﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿157﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ
اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿158﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿159﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿160﴾

جب ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو سب کو (عذاب سے) نجات دی (134) مگر ایک بڑھیا کہ پیچھے رہ
جانے والوں میں تھی (135) پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا (136) اور تم دن کو بھی ان (کی بستیوں کی جگہ)
کے پاس سے گزرتے رہتے ہو (137) اور رات کو بھی تو کیا تم عقل نہیں رکھتے (138) اور یونسؑ پیغمبروں میں
سے تھے (139) جب بھاگ کر بھری ہوئی کشتی میں پہنچے (140) اس وقت قرعہ ڈالا تو انہوں نے زک اٹھائی
(141) پھر مچھلی نے ان کو نگل لیا اور وہ (قابل) ملامت (کام) کرنے والے تھے (142) پھر اگر وہ (خدا
کی) پاکی بیان نہ کرتے (143) تو اس روز تک کہ لوگ دوبارہ زندہ کئے جائیں گے اسی کے پیٹ میں رہتے
(144) پھر ہم نے ان کو جبکہ وہ بیمار تھے فراخ میدان میں ڈال دیا (145) اور ان پر کدو کا درخت اگایا
(146) اور ان کو لاکھ یا اس سے زیادہ (لوگوں) کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا (147) تو وہ ایمان لے
آئے۔ سو ہم بھی ان کو (دنیا میں) ایک وقت (مقرر) تک فائدے دیتے رہے (148) ان سے پوچھو تو کہ بھلا
تمہارے پروردگار کے لئے تو بیٹیاں اور ان کے لئے بیٹے؟ (149) یا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا اور وہ (اس
وقت) موجود تھے (150) دیکھو یہ اپنی جھوٹ بنائی ہوئی (بات) کہتے ہیں (151) کہ خدا کے اولاد ہے۔ کچھ
شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں (152) کیا اس نے بیٹوں کی نسبت بیٹیوں کو پسند کیا ہے؟ (153) تم کیسے لوگ ہو
کس طرح کا فیصلہ کرتے ہو؟ (154) بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے (155) یا تمہارے پاس کوئی صریح دلیل
ہے؟ (156) اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب پیش کرو (157) اور انہوں نے خدا میں اور جنوں میں رشتہ مقرر کیا
حالانکہ جنات جانتے ہیں کہ وہ (خدا کے سامنے) حاضر کئے جائیں گے (158) یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں خدا
اس سے پاک ہے (159) مگر خدا کے بندگان خالص (مبتلائے عذاب نہیں ہوں گے) (160)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔رہائی، مخلصی 2۔بوڑھی
- 1۔باقی، دوسرے 2۔آبادیوں
- 1۔پانسہ، غیب کا حال معلوم کرنا 2۔نقصان
- 1۔ہڑپ کر لیا 2۔شرمندگی، پھٹکار
- پاکیزگی
- 1۔کھلے 2۔ایک سبزی
- کے مقابلے میں
- 1۔صاف، سیدھی 2۔سند، ثبوت
- 1۔سامنے لاؤ 2۔بنا کھڑا کیا
- 1۔اصل لوگ 2۔پکڑ میں، پھنسا ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ ، سُوْرَةُ صٓ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ ، سُوْرَةُ صٓ

فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ⑯١ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ⑯٢ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ⑯٣ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ
مَّعْلُوْمٌ ⑯٤ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ⑯٥ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ⑯٦ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ⑯٧ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا
مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ⑯٨ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ⑯٩ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ⑰٠ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا
الْمُرْسَلِيْنَ ⑰١ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ⑰٢ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ⑰٣ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ⑰٤ وَّاَبْصِرْهُمْ
فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ⑰٥ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ⑰٦ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ⑰٧ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ
حَتّٰى حِيْنٍ ⑰٨ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ⑰٩ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ⑱٠ وَسَلٰمٌ عَلَى
الْمُرْسَلِيْنَ ⑱١ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑱٢

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ① بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ② كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا
وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ③

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	سوتم اور جن کو تم پُوجتے ہو (161) خدا کے خلاف بہکا نہیں سکتے (162) مگر اس کو جو جہنم میں جانے والا ہے	ورغلانا
زمر: 75 مومن: 7	(163) اور (فرشتے کہتے ہیں کہ) ہم میں سے ہر ایک کا ایک مقام مقرر ہے (164) اور ہم صف باندھے	1۔طے شدہ ہے، فکس ہے 2۔لائن بنا کر
	رہتے ہیں (165) اور (خدائے) پاک کا ذکر کرتے رہتے ہیں (166) اور یہ لوگ کہا کرتے تھے (167)	
	کہ اگر ہمارے پاس اگلوں کی کوئی نصیحت (کی کتاب) ہوتی (168) تو ہم خدا کے خالص بندے ہوتے	1۔پہلے گزرے لوگوں کی 2۔فرمانبردار، اصل
	(169) لیکن (اب) اس سے کفر کرتے ہیں سو عنقریب ان کو (اس کا نتیجہ) معلوم ہو جائے گا (170) اور	آخیر، انجام
	اپنے پیغام پہنچانے والے بندوں سے ہمارا وعدہ ہو چکا ہے (171) کہ وہی (مظفر و) منصور ہیں (172) اور	فاتح، کامیاب
	ہمارا لشکر غالب رہے گا (173) تو ایک وقت تک ان سے اعراض کئے رہو (174) اور انہیں دیکھتے رہو یہ	1۔فوج 2۔کنارہ کشی، دُوری
	بھی عنقریب (کفر کا انجام) دیکھ لیں گے (175) کیا یہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں؟ (176)	آخیر، نتیجہ
	مگر جب وہ ان کے میدان میں آ اُترے گا تو جن کو ڈر سنا دیا گیا تھا ان کے لئے بُرا دن ہو گا (177) اور ایک	
	وقت تک ان سے منہ پھیرے رہو (178) اور دیکھتے رہو یہ بھی عنقریب (نتیجہ) دیکھ لیں گے (179) یہ جو	دُور رہو، کنارہ کشی کرو
	کچھ بیان کرتے ہیں تمہارا پروردگار جو صاحبِ عزت ہے اس سے (پاک ہے) (180) اور پیغمبروں پر سلام	عزت والا
	(181) اور سب طرح کی تعریف خدائے رب العالمین کو (سزاوار) ہے (182)	1۔دنیائیں 2۔ضروری ہونا، مستحق ہونا
	ترجمہ سورت ص	
متشابہ، عمران: 7	* صٓ قسم ہے اس قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے (کہ تم حق پر ہو) (1) مگر جو لوگ کافر ہیں وہ غرور	سچائی
	اور مخالفت میں ہیں (2) ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتوں کو ہلاک کر دیا تو وہ (عذاب کے وقت) لگے	گروہوں، جماعتوں
	فریاد کرنے اور وہ رہائی کا وقت نہیں تھا (3)	1۔رونا، منت کرنا، دہائی دینا 2۔چھٹکارا، بخشش

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ صٓ	حوالہ جات
	وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ④ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ	
	هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ⑤ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ⑥	
	مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ⑦ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ	
	شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ⑧ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ⑨ اَمْ لَهُمْ	
	مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ⑩ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ⑪	
	كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ⑫ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْــَٔيْكَةِ ۭ اُولٰٓئِكَ	
	الْاَحْزَابُ ⑬ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ⑭ وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ	
	فَوَاقٍ ⑮ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ⑯ اِصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ	
	ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑰ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ⑱	
حیرانگی کرنا	اورانہوں نے تعجب کیا اوران کے پاس انہی میں سے ہدایت کرنے والا آیا، اور کافر کہنے لگے کہ یہ تو جادوگر	
جس کا شرعی حکم مانا جائے	ہے جھوٹا (4) کیا اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنا دیا! یہ تو بڑی عجیب بات ہے (5) تو ان	
1۔جھوٹی عزت والے 2۔پرستش	میں جو معزز تھے وہ چل کھڑے ہوئے (اور بولے) کہ چلو اور اپنے معبودوں (کی پُوجا) پر قائم رہو۔	
1۔غرض 2۔پہلے	بیشک یہ ایسی بات ہے جس سے (ہمارے دین کو بدل دینا) مقصود ہے (6) یہ پچھلے مذہب میں ہم نے کبھی	مومن:26
گھڑ لی گئی	سنی ہی نہیں۔ یہ بالکل بنائی ہوئی بات ہے (7) کیا ہم سب میں سے اسی پر نصیحت (کی کتاب) اُتری ہے؟	
	(نہیں) بلکہ یہ میری نصیحت کی کتاب سے شک میں ہیں، بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزا نہیں چکھا (8)	
1۔ذخیرے 2۔دینے والا	کیا ان کے پاس تمہارے پروردگار کی رحمت کے خزانے ہیں، جو غالب (اور) بہت عطا کرنے والا ہے (9)	
بڑھا کر، کس کر، پھیلا کر	یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان (سب) پر انہی کی حکومت ہے تو چاہئے کہ رسیاں تان کر	
1۔ہارے ہوئے 2۔فوج	(آسمانوں پر) چڑھ جائیں (10) یہاں شکست کھائے ہوئے گروہوں میں سے یہ بھی ایک لشکر ہے (11)	
کِیلوں والا	ان سے پہلے نوحؑ کی قوم اور عاد اور میخوں والا فرعون (اور اس کی قوم کے لوگ) بھی جھٹلا چکے ہیں (12)	
1۔ظاہری ٹیپ ٹاپ والے 2۔جماعتیں	اور ثمود اور لوط کی قوم اور بَن کے رہنے والے بھی، یہی وہ گروہ ہیں (13) (ان) سب نے پیغمبروںؑ کو	
آنا زل ہوا	جھٹلایا تو میرا عذاب (ان پر) آ واقع ہوا (14) اور یہ لوگ تو صرف ایک زور کی آواز کا جس میں	
شروع سے آخر تک	(شروع ہوئے پیچھے) کچھ وقفہ نہیں ہوگا انتظار کرتے ہیں (15) اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو	
	ہمارا حصہ حساب کے دن سے پہلے ہی دے دے (16) (اے پیغمبرؐ) یہ جو کچھ کہتے ہیں اس پر صبر کرو اور	
1۔طاقت والے 2۔فرمانبردار، جھکاؤ والے	ہمارے بندے داؤدؑ کو یاد کرو جو صاحب قوت تھے (اور) بیشک وہ رجوع کرنے والے تھے (17) ہم نے	
حکم کے نیچے	پہاڑوں کو ان کے زیرفرمان کردیا تھا کہ صبح وشام ان کے ساتھ (خدائے) پاک (کا) ذکر کرتے تھے (18)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ صٓ	حوالہ جات

وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ⑲ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ⑳ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا
الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ㉑ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا
عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَاۤ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ㉒ اِنَّ هٰذَاۤ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ
وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ㉓ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ
نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ㉔ (السجدة) فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ
عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ㉕ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى
فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ㉖ ع
وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ㉗ ط

اور پرندوں کو بھی کہ جمع رہتے تھے، سب ان کے فرمانبردار تھے (19) اور ہم نے ان کی بادشاہی کو مستحکم کیا اور ان
کو حکومت عطا کی اور (خصومت کی) بات کا فیصلہ (سکھایا) (20) بھلا تمہارے پاس ان جھگڑنے والوں کی بھی
خبر آئی ہے جب وہ دیوار پھاندکر عبادت خانے میں داخل ہوئے (21) جس وقت وہ داؤدؑ کے پاس آئے تو وہ
ان سے گھبرا گئے۔ انہوں نے کہا کہ خوف نہ کیجئے ہم دونوں کا ایک مقدمہ ہے کہ ہم میں سے ایک نے دوسرے سے
زیادتی کی ہے تو آپ ہم میں انصاف کا فیصلہ کر دیجئے اور بے انصافی نہ کیجئے گا اور ہم کو سیدھا رستہ دکھا دیجئے (22)
(کیفیت یہ ہے کہ) یہ میرا بھائی ہے اس کے (ہاں) ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے (پاس) ایک دُنبی ہے۔ یہ کہتا
ہے، یہ بھی میرے حوالے کر دے اور گفتگو میں مجھ سے زبردستی کرتا ہے (23) انہوں نے کہا کہ یہ جو تیری دُنبی مانگتا
ہے کہ اپنی دُنبیوں میں ملا لے۔ بیشک تم پر ظلم کرتا ہے۔ اور اکثر شریک ایک دوسرے سے زیادتی ہی کیا کرتے ہیں۔
ہاں جو ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اور ایسے لوگ بہت کم ہیں اور داؤدؑ نے خیال کیا کہ (اس واقعے سے)
ہم نے ان کو آزمایا ہے تو انہوں نے اپنے پروردگار سے مغفرت مانگی اور جُھک کر گر پڑے اور (خدا کی طرف) رجوع
کیا (24) تو ہم نے ان کو بخش دیا اور بیشک ان کے لئے ہمارے ہاں قرب اور عمدہ مقام ہے (25) اے
داؤدؑ! ہم نے تم کو زمین میں بادشاہ بنایا ہے تو لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلے کیا کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ وہ
تمہیں خدا کے رستہ سے بھٹکا دے گی۔ جو لوگ خدا کے رستے سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب (تیار) ہے
کہ انہوں نے حساب کے دن کو بُھلا دیا (26) اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کائنات اس میں ہے اس کو
خالی از مصلحت نہیں پیدا کیا۔ یہ ان کا گُمان ہے جو کافر ہیں، سو کافروں کے لئے دوزخ کا عذاب ہے (27)

1۔حکم ماننا 2۔مضبوط، پائیدار
1۔دی 2۔دشمنی، عداوت
پھلانگ کر، ٹاپ کر
1۔صورتحال، حالات 2۔99 3۔بھیڑیں
1۔بات چیت 2۔سختی کرنا
شراکت دار، پارٹنر
1۔معافی 2۔متوجہ ہوئے
1۔پاس 2۔نزدیکی 3۔اعلیٰ مرتبہ
بات نہ ماننا، پیچھے نہ چلنا
راستہ بھلا دے گی
تمام دنیائیں
1۔اچھائی کے بغیر 2۔خیال، وہم

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ صٓ	حوالہ جات

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿28﴾
كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿29﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ
اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿30﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿31﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ
حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿32﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًا ۢ بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿33﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي
كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿34﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
الْوَهَّابُ ﴿35﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَاۗءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿36﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّاۗءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿37﴾
وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿38﴾ هٰذَا عَطَاۗؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿39﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ
مَاٰبٍ ﴿40﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿41﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ
هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿42﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿43﴾

جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے۔ کیا ان کو ہم ان کی طرح کر دیں گے جو ملک میں فساد کرتے ہیں یا
پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح کر دیں گے (28) (یہ) کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے، بابرکت ہے تاکہ
لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ اہل عقل نصیحت پکڑیں (29) اور ہم نے داوٗدؑ کو سلیمانؑ عطا کئے۔
بہت خوب بندے (تھے اور) رجوع کرنے والے تھے (30) جب ان کے سامنے شام کو خاصے کے گھوڑے پیش
کئے گئے (31) تو کہنے لگے کہ میں نے اپنے پروردگار کی یاد سے (کچھ دیر غافل ہو کر) مال کی محبت اختیار کی،
یہاں تک کہ (دن) پردے میں چھپ گیا (32) (بولے کہ) ان کو میرے پاس واپس لے آؤ پھر ان کی ٹانگوں اور
گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے (33) اور ہم نے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور ان کے تخت پر ایک دھڑ ڈال دیا پھر
انہوں نے (خدا کی طرف) رجوع کیا (34) (اور) دعا کی اے پروردگار! مجھے مغفرت کر اور مجھ کو ایسی بادشاہی
عطا فرما کہ میرے بعد کسی کو شایاں نہ ہو بیشک تُو بڑا عطا فرمانے والا ہے (35) پھر ہم نے ہوا کو ان کے زیرفرمان کر
دیا کہ جہاں وہ پہنچنا چاہتے ان کے حکم سے نرم نرم چلنے لگتی (36) اور دیووں کو بھی (ان کے زیرفرمان کیا) وہ سب
عمارتیں بنانے والے اور غوطہ مارنے والے تھے (37) اور اوروں کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے (38)
(ہم نے کہا) یہ ہماری بخشش ہے (چاہو) تو احسان کرو یا (چاہو تو) رکھ چھوڑو (تم سے) کچھ حساب نہیں ہے
(39) اور بیشک ان کے لئے ہمارے ہاں قُرب اور عمدہ مقام ہے (40) اور ہمارے بندے ایوبؑ کو یاد کرو
جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ (بارالٰہا) شیطان نے مجھ کو ایذا اور تکلیف دے رکھی ہے (41) (ہم نے
کہا زمین پر) لات مارو (دیکھو) یہ (چشمہ نکل آیا) نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو (شیریں) (42) اور ہم نے ان کو
اہل (وعیال) اور ان کے ساتھ ان کے برابر اور بخشے۔ (یہ) ہماری طرف سے رحمت اور عقل والوں کے لئے نصیحت تھی (43)

مشکل الفاظ کے معانی:

- خرابی، شرک
- فائدہ مند، رحمت بھری
- دیئے
- 1۔ فرمانبردار 2۔ بادشاہوں کی سواری کے گھوڑے
- سورج مکمل اوٹ میں چلا گیا
- سر اور ٹانگوں کے درمیان کا حصہ
- 1۔ متوجہ ہوئے 2۔ معاف کر
- 1۔ نہ ملے، لائق نہ ہو 2۔ دینے والا
- 1۔ ایک مخلوق 2۔ حکم کے نیچے
- 1۔ ڈوب کر پھر نکل آنے والے 2۔ پھنسے، باندھے
- رہنے دو
- 1۔ نزدیکی 2۔ اعلیٰ 3۔ جگہ، ٹھکانا
- 1۔ اے خدا 2۔ درد
- 1۔ ایڑی مارو 2۔ میٹھا
- بال بچے، گھر کے لوگ

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ صٓ	حوالہ جات

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿44﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ
اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِى الْاَيْدِىْ وَالْاَبْصَارِ ﴿45﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿46﴾ ۚ وَاِنَّهُمْ
عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿47﴾ ؕ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿48﴾ ؕ هٰذَا
ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿49﴾ لا جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿50﴾ ۚ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا
بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿51﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿52﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿53﴾ اِنَّ هٰذَا
لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿54﴾ صلے هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿55﴾ لا جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿56﴾ هٰذَا ۙ
فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿57﴾ لا وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿58﴾ ؕ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ
صَالُوا النَّارِ ﴿59﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۖ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿60﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا
هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِى النَّارِ ﴿61﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿62﴾ ؕ

اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لو اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو۔ بیشک ہم نے ان کو ثابت قدم پایا۔ بہت خوب
بندے تھے۔ بیشک وہ رجوع کرنے والے تھے (44) اور ہمارے بندوں ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کو
یاد کرو جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے تھے (45) ہم نے ان کو ایک خاص گھر کی یاد سے ممتاز کیا تھا (46)
اور وہ ہمارے نزدیک منتخب اور نیک لوگوں میں سے تھے (47) اور اسماعیلؑ اور الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو یاد کرو
وہ سب نیک لوگوں میں سے تھے (48) یہ نصیحت ہے اور پرہیزگاروں کے لئے تو عمدہ مقام ہے (49) ہمیشہ
رہنے کے باغ، جن کے دروازے ان کے لئے کُھلے ہوں گے (50) ان میں تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے اور
(کھانے پینے کے لئے) بہت سے میوے اور شراب منگواتے رہیں گے (51) اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے
والی (اور) ہم عمر (عورتیں) ہوں گی (52) یہ وہ چیزیں ہیں جن کا حساب کے دن کے لئے تم سے وعدہ کیا جاتا
تھا (53) یہ ہمارا رزق ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا (54) یہ (نعمتیں تو فرمانبرداروں کے لئے ہیں) اور سرکشوں کے
لئے بُرا ٹھکانا ہے (55) یعنی دوزخ، جس میں وہ داخل ہوں گے اور وہ بُری آرام گاہ ہے (56) یہ کھولتا ہوا
گرم پانی اور پیپ (ہے) اب اس کے مزے چکھیں (57) اور اسی طرح کے اور بہت سے (عذاب ہوں
گے) (58) یہ ایک فوج ہے جو تمہارے ساتھ داخل ہوگی۔ ان کو خوشی نہ ہو۔ یہ دوزخ میں جانے والے ہیں
(59) کہیں گے بلکہ تم ہی کو خوشی نہ ہو۔ تم ہی تو یہ (بلا) ہمارے سامنے لائے ہو۔ سو (یہ) بُرا ٹھکانا ہے (60)
وہ کہیں گے اے پروردگار! جو اس کو ہمارے سامنے لایا ہے اس کو دوزخ میں دُونا عذاب دے (61) اور کہیں
گے کیا سبب ہے کہ (یہاں) ہم ان شخصوں کو نہیں دیکھتے، جن کو بُروں میں شمار کرتے تھے (62)

- فرمانبردار، ڈٹا ہوا
- فرمانبردار، توجہ کرنے والے
- 1۔بہت محنتی 2۔صاحب نظر، خوب دیکھنے والے 3۔مشہور کیا، ذکر بلند کیا
- چنے گئے، انتخاب کئے گئے
- اعلیٰ مرتبہ، اعلیٰ جگہ
- پھل وغیرہ
- 1۔حکم الٰہی ماننے والے لوگ 2۔باغیوں، نافرمانوں
- پس
- شیطانی لشکر یا ہجوم
- 1۔مصیبت 2۔بس
- دُگنا
- 1۔وجہ ہے 2۔گننا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ صٓ	حوالہ جات

سُوْرَةُ صٓ

اَتَّخَذْ نٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿63﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿64﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا
مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿65﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿66﴾ قُلْ هُوَ
نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿67﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿68﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ ۢ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿69﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ
اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿70﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌ ۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿71﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿72﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿73﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿74﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۭ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿75﴾ قَالَ
اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿76﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿77﴾ وَاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى
يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿78﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿79﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿80﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ
الْمَعْلُوْمِ ﴿81﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿82﴾

کیا ہم نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے یا (ہماری) آنکھیں ان (کی طرف) سے پھر گئی ہیں؟ (63) بیشک یہ
اہل دوزخ کا جھگڑنا برحق ہے (64) کہہ دو کہ میں تو صرف ہدایت کرنے والا ہوں اور خدائے یکتا (اور) غالب
کے سوا کوئی معبود نہیں (65) جو آسمانوں اور زمین اور جو مخلوق ان میں ہے۔ سب کا مالک ہے، غالب
(اور) بخشنے والا (66) کہہ دو کہ یہ ایک بڑی (ہولناک چیز کی) خبر ہے (67) جس کو تم دھیان میں نہیں
لاتے (68) مجھ کو اوپر کی مجلس (والوں) کا جب وہ جھگڑتے تھے، کچھ بھی علم نہ تھا (69) میری طرف تو یہی
وحی کی جاتی ہے کہ میں کُھلم کُھلا ہدایت کرنے والا ہوں (70) جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ
میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں (71) جب اس کو درست کرلوں اور اس میں اپنی رُوح پُھونک دوں تو
اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا (72) تو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا (73) مگر شیطان اکڑ بیٹھا اور کافروں میں
ہوگیا (74) (خدا نے) فرمایا کہ اے ابلیس! جس شخص کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اس کے آگے سجدہ
کرنے سے تجھے کس چیز نے منع کیا؟ کیا تُو غرور میں آ گیا؟ یا اونچے درجے والوں میں تھا؟ (75) بولا کہ میں
اس سے بہتر ہوں' (کہ) تُو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے بنایا (76) فرمایا، یہاں سے نکل جا، تُو
مرُدود ہے (77) اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت (پڑتی) رہے گی (78) کہنے لگا کہ میرے
پروردگار مجھے اس روز تک کہ لوگ اٹھائے جائیں مہلت دے (79) فرمایا، مہلت دی جاتی ہے (80) اس
روز تک جس کا وقت مقرر ہے (81) کہنے لگا مجھے تیری عزت کی قسم میں ان سب کو بہکاتا رہوں گا (82)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ ہنسی مذاق 2۔ ہمیں نظر نہیں آرہے
- 1۔ درست، صحیح 2۔ اکیلا، واحد
- 1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ خوفناک 2۔ خیال، توجہ
- آسمانی محفل
- اعلانیہ
- مکمل
- مغرور ہوگیا
- بڑے رُتبے
- لعنت کیا گیا، رد کیا گیا
- مزید وقت
- 1۔ طے شدہ ہے 2۔ ورغلاتا

حوالہ جات

ص: 72 تا 85

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ صٓ ، سُوْرَةُ الزُّمَر	مشکل الفاظ کے معانی

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿83﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ۖ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿84﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

اَجْمَعِيْنَ ﴿85﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿86﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿87﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ

نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿88﴾

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ

الدِّيْنَ ﴿2﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۗ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ

زُلْفٰى ۗ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿3﴾ لَوْ اَرَادَ

اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿4﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۗ كُلٌّ يَّجْرِيْ

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿5﴾

سوا ان کے جو تیرے خالص بندے ہیں (83) فرمایا سچ (ہے) اور میں بھی سچ کہتا ہوں (84) کہ میں تجھ سے اور جو ان میں سے تیری پیروی کریں گے سب سے جہنم کو بھر دوں گا (85) (اے پیغمبرؐ) کہہ دو کہ میں تم سے اس کا صلہ نہیں مانگتا اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں (86) یہ قرآن تو اہل عالم کے لئے نصیحت ہے (87) اور تم کو اس کا حال ایک وقت کے بعد معلوم ہو جائے گا (88)

مشکل الفاظ کے معانی: 1۔علاوہ، بغیر 2۔حقیقی، سچے، مخلص — پیچھے چلنا — 1۔بدلا، معاوضہ، اُجرت 2۔دکھلاوا، جعل سازی — تمام جہان

حوالہ جات: نمل:82

ترجمہ سورت زمر

(اس) کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے ہے (1) (اے پیغمبرؐ) ہم نے یہ کتاب تمہاری طرف سچائی کے ساتھ نازل کی ہے تو خدا کی عبادت کرو (یعنی) اس کی عبادت کو (شرک سے) خالص کر کے (2) دیکھو خالص عبادت خدا ہی کے لئے (زیبا) ہے اور جن لوگوں نے اس کے سوا اور دوست بنائے ہیں (وہ کہتے ہیں کہ) ہم ان کو اس لئے پُوجتے ہیں کہ ہم کو خدا کا مقرب بنا دیں۔ تو جن باتوں میں یہ اختلاف کرتے ہیں، خدا ان میں ان کا فیصلہ کر دے گا۔ بیشک خدا اس شخص کو جو جھوٹا ناشکرا ہے ہدایت نہیں دیتا (3) اگر خدا کسی کو اپنا بیٹا بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا انتخاب کر لیتا۔ وہ پاک ہے۔ وہی تو خدا یکتا (اور) غالب ہے (4) اسی نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے، (اور) وہی رات کو دن پر لپیٹتا اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو بس میں کر رکھا ہے سب ایک وقت مقرر تک چلتے رہیں گے۔ دیکھو وہی غالب (اور) بخشنے والا ہے (5)

مشکل الفاظ کے معانی: دانائی، عقل، صلاحیت — اللہ کا حکم ماننا — 1۔پاک کر کے 2۔جچتی — 1۔پوجا کرتے ہیں 2۔قریبی — 1۔متفق نہیں ہیں 2۔نافرمان — 1۔خلقت، پیدائش 2۔چُن لیتا — 1۔اکیلا 2۔حکمت عملی، سوچ و بچار — کنٹرول میں، اختیار میں — طے شدہ وقت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَرِ	حوالہ جات

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِیْ بُطُوْنِ
اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِیْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى
تُصْرَفُوْنَ ⑥ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنْكُمْ ۫ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ
وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑦ وَاِذَا
مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِیَ مَا كَانَ يَدْعُوْۤا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ
لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖۗ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ⑧ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ
الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِی الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا
يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ⑨ قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِیْ هٰذِهِ
الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ⑩

اسی نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور اسی نے تمہارے لئے چار پایوں میں سے آٹھ
جوڑے بنائے۔ وہی تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں (پہلے) ایک طرح پھر دوسری طرح تین اندھیروں میں بناتا
ہے۔ یہی خدا تمہارا پروردگار ہے۔ اسی کی بادشاہی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو؟
(6) اگر ناشکری کرو گے تو خدا تم سے بے پرواہ ہے اور وہ اپنے بندوں کے لئے ناشکری پسند نہیں کرتا اور اگر شکر کرو
گے تو وہ اس کو تمہارے لئے پسند کرے گا اور کوئی اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تم کو اپنے پروردگار
کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر جو کچھ تم کرتے رہے وہ تم کو بتائے گا، وہ تو دلوں کی پوشیدہ باتوں تک سے آگاہ ہے (7)
اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتا (اور) اس کی طرف دل سے رجوع کرتا ہے۔ پھر جب
وہ اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتا ہے تو جس کام کے لئے پہلے اس کو پکارتا تھا اسے بھول جاتا اور خدا کا شریک
بنانے لگتا ہے تاکہ (ناسمجھے لوگوں کو) اس کے رستہ سے گمراہ کرے کہہ دو کہ (اے کافر نعمت) اپنی ناشکری سے تھوڑا
سا فائدہ اٹھالے پھر تو تُو دوزخیوں میں ہوگا (8) (بھلا مشرک اچھا ہے) یا وہ جو رات کے وقت میں زمین پر پیشانی
رکھ کر اور کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور آخرت سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کی رحمت کی اُمید رکھتا ہے' کہو بھلا جو لوگ
علم رکھتے ہیں اور جو نہیں رکھتے دونوں برابر ہوسکتے ہیں۔ (اور) نصیحت تو وہی پکڑتے ہیں جو عقل مند ہیں (9) کہہ
دو کہ اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو اپنے پروردگار سے ڈرو۔ جنہوں نے اس دنیا میں نیکی کی' ان کے لئے
بھلائی ہے اور خدا کی زمین کشادہ ہے۔ جو صبر کرنے والے ہیں' ان کو بے شمار ثواب ملے گا (10)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔گمراہ ہوئے

1۔نافرمانی 2۔بے غرض

گناہوں کا وزن

1۔واپس آنا 2۔چھپی 3۔واقف

توجہ، جھکاؤ

1۔بیوقوف، احمق 2۔نعمتوں سے انکاری 3۔نافرمانی

کیا؟

اللہ کا حکم ماننا

1۔فائدہ 2۔کھلی، وسیع 3۔لاتعداد، اَن گنت 4۔اجر، بدلا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَر	حوالہ جات

سُوْرَةُ الزُّمَر

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ (11) وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ (12) قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ
عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (13) قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِیْنِیْ (14) فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ قُلْ اِنَّ
الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ (15) لَهُمْ مِّنْ
فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ذٰلِكَ یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ (16) وَالَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا
الطَّاغُوْتَ اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى فَبَشِّرْ عِبَادِ (17) الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ
اَحْسَنَهٗ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓىِٕكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ (18) اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ اَفَاَنْتَ
تُنْقِذُ مَنْ فِی النَّارِ (19) لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِیَّةٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ وَعْدَ اللّٰهِ لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِیْعَادَ (20) اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ یَنَابِیْعَ فِی الْاَرْضِ ثُمَّ
یُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَجْعَلُهٗ حُطَامًا اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِی الْاَلْبَابِ (21)

کہہ دو کہ مجھ سے ارشاد ہوا ہے کہ خدا کی عبادت کو خالص کر کے اس کی بندگی کروں (11) اور یہ بھی ارشاد
ہوا ہے کہ میں سب سے اوّل مسلمان بنوں (12) کہہ دو کہ اگر میں اپنے پروردگار کا حکم نہ مانوں تو مجھے بڑے دن
کے عذاب سے ڈر لگتا ہے (13) کہہ دو کہ میں اپنے دین کو (شرک سے) خالص کر کے خدا کی عبادت کرتا ہوں
(14) تو تم اس کے سوا جس کی چاہو پرستش کرو۔ کہہ دو کہ قیامت کے روز نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں
جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈالا۔ دیکھو یہی صریح نقصان ہے (15) ان کے اوپر تو
آگ کے سائبان ہوں گے اور نیچے (اُسی کے) فرش ہوں گے۔ یہ وہ (عذاب) ہے جس سے خدا اپنے بندوں
کو ڈراتا ہے۔ تو اے میرے بندو مجھ سے ڈرتے رہو (16) اور جنہوں نے اس سے اجتناب کیا کہ بتوں کو
پُوجیں اور خدا کی طرف رجوع کیا۔ تو ان کے لئے بشارت ہے تو میرے بندوں کو بشارت سنا دو (17) جو بات کو
سنتے اور اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی اور یہی عقل والے ہیں
(18) بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم صادر ہو چکا تو کیا تم (ایسے) دوزخی کو مخلصی دے سکو گے؟ (19) لیکن
جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے لئے اونچے اونچے محل ہیں جن کے اوپر بالا خانے بنے ہوئے
ہیں (اور) ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ (یہ) خدا کا وعدہ ہے۔ خدا وعدے کے خلاف نہیں کرتا (20)
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا آسمان سے پانی نازل کرتا پھر اس کو زمین میں چشمے بنا کر جاری کرتا پھر اس سے
کھیتی اگاتا ہے، جس کے طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں، پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تم اس کو دیکھتے ہو (کہ)
زرد (ہو گئی ہے) پھر اسے چُورا چُورا کر دیتا ہے۔ بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نصیحت ہے (21)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔حکم ملا ہے 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔صاف، پاک 4۔رب کا بندہ ہونے کا حق ادا کروں
- پہلا
- 1۔علاوہ 2۔پوجا وغیرہ
- صاف، سیدھا
- چھپّر
- بچے رہے
- 1۔توجہ کرنا 2۔خوشخبری
- 1۔نافذ ہو گیا 2۔رہائی
- چھت کے اوپر مکان وغیرہ
- 1۔پیلی 2۔ٹکڑے ٹکڑے

حوالہ جات

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات		مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الزُّمَرِ

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿22﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِىَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ
رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿23﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِىْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ
تَكْسِبُوْنَ ﴿24﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿25﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْىَ فِى
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿26﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِىْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ
مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿27﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِىْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿28﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ
مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿29﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ
وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿31﴾

بھلا جس شخص کا سینہ خدا نے اسلام کے لئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا
وہ گھٹے ہوئے سینے والے گمراہ کی طرح ہوسکتا ہے؟) پس ان پر افسوس ہے جن کے دل خدا کی یاد سے سخت ہو
رہے ہیں۔ یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں (22) خدا نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی)
کتاب (جس کی آیتیں باہم) ملتی (ہیں) اور دہرائی جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں
ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں' پھر ان کے بدن اور دل نرم (ہوکر) خدا کی یاد کی
طرف (متوجہ) ہوجاتے ہیں۔ یہی خدا کی ہدایت ہے۔ وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جس کو
خدا گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں (23) بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ سے بُرے
عذاب کو روکتا ہو (کیا وہ ویسا ہوسکتا ہے جو چین میں ہو؟) اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ جو کچھ تم کرتے
رہے تھے' اس کے مزے چکھو (24) جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے بھی تکذیب کی تھی تو ان پر عذاب
ایسی جگہ سے آ گیا کہ ان کو خبر ہی نہ تھی (25) پھر ان کو خدا نے دنیا کی زندگی میں رُسوائی کا مزا چکھا دیا اور
آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے۔ کاش یہ سمجھ رکھتے (26) اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اس
قرآن میں ہر طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں (27) (یہ) قرآن عربی (ہے) جس
میں کوئی عیب (اور اختلاف) نہیں تاکہ وہ ڈر مانیں (28) خدا ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک شخص جس میں کئی
(آدمی) شریک ہیں (مختلف المزاج اور) بدخو اور ایک آدمی خاص ایک شخص کا (غلام) ہے' بھلا دونوں کی حالت
برابر ہے؟ (نہیں) الحمدللہ! بلکہ اکثر لوگ نہیں جانتے (29) (اے پیغمبرؐ) تم بھی مرجاؤ گے اور یہ بھی مرجائیں گے
(30) پھر تم قیامت کے دن اپنے پروردگار کے سامنے جھگڑو گے (اور جھگڑا فیصل کردیا جائے گا) (31)

حوالہ جات:
- انعام125
- نساء:82

مشکل الفاظ کے معانی:
- تنگ یا شکستہ ہوا ہونا
- 1۔صاف،سیدھی 2۔بہت زیادہ
- آپس میں
- سہم جاتے،ڈرجاتے
- آرام
- جھٹلایا
- افسوس کا کلمہ
- نقص،داغ
- 1۔طبیعت 2۔بدزبان
- 1۔اللہ کی ہی تعریف 2۔بہت سے
- فیصلہ

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ : اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَرِ	حوالہ جات

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾ وَالَّذِيْ
جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿36﴾
وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿37﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ
اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿38﴾ قُلْ يٰقَوْمِ
اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿40﴾

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا پر جھوٹ بولے اور سچی بات جب اس کے پاس پہنچ جائے تو اسے جھٹلائے کیا
جہنم میں کافروں کا ٹھکانا نہیں؟ (32) اور جو شخص سچی بات لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی' وہی لوگ
متقی ہیں (33) وہ جو چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس (موجود) ہے نیکوکاروں کا یہی بدلا ہے
(34) تاکہ خدا ان سے بُرائیوں کو جو انہوں نے کیں دُور کر دے اور نیک کاموں کا جو وہ کرتے رہے ان کو بدلا
دے (35) کیا خدا اپنے بندوں کو کافی نہیں؟ اور یہ تم کو ان لوگوں سے جو اس کے سوا ہیں (یعنی غیر خدا سے)
ڈراتے ہیں اور جس کو خدا گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں (36) اور جس کو خدا ہدایت دے اس کو کوئی
گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا خدا غالب (اور) بدلا لینے والا نہیں ہے؟ (37) اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان اور
زمین کو کس نے پیدا کیا تو کہہ دیں گے کہ خدا نے۔ کہو کہ بھلا دیکھو تو جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو اگر خدا مجھ کو کوئی
تکلیف پہنچانی چاہے تو کیا وہ اس تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں؟ یا اگر مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو وہ اس کی مہربانی کو
روک سکتے ہیں؟ کہہ دو کہ مجھے خدا ہی کافی ہے، بھروسا رکھنے والے اسی پر بھروسا رکھتے ہیں (38) کہہ دو کہ اے
میری قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کئے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کئے جاتا ہوں' عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا (39) کہ
کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رُسوا کرے گا اور کس پر ہمیشہ کا عذاب (بھی) نازل ہوتا ہے (40)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ مقام، جگہ 2۔ سچ ہونے کی تائید
- 1۔ پرہیزگار 2۔ اجر، صلہ، معاوضہ
- علاوہ
- انتقام
- یقین
- ذلیل

حوالہ جات:

زمر: 26

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَرِ	حوالہ جات

اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ
عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى
عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿42﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ
دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿43﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿44﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ
وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿45﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿46﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ
جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾

ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے تو جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے
(بھلے کے) لئے اور جو گمراہ ہوتا ہے اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور (اے پیغمبرؐ) تم ان کے ذمہ دار نہیں (41)
خدا لوگوں کے مرنے کے وقت ان کی رُوحیں قبض کر لیتا ہے اور جو مرے نہیں ان کی رُوحیں سوتے میں
(قبض کر لیتا ہے) پھر جن (لوگوں) پر موت کا حکم کر چکتا ہے ان (کی رُوحوں) کو روک رکھتا ہے اور باقی
رُوحوں کو ایک وقت مقرر تک کے لئے چھوڑ دیتا ہے' جو لوگ فکر کرتے ہیں' ان کے لئے اس میں نشانیاں ہیں
(42) کیا انہوں نے خدا کے سوا اور سفارشی بنا لئے ہیں؟ کہو کہ خواہ وہ کسی چیز کا بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ
(کچھ) سمجھتے ہی ہوں؟ (43) کہہ دو کہ سفارش تو سب خدا ہی کے اختیار میں ہے اسی کے لئے آسمانوں اور
زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (44) اور جب تنہا خدا کا ذکر کیا جاتا ہے تو جو
لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل منقبض ہو جاتے ہیں' اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر کیا
جاتا ہے تو خوش ہو جاتے ہیں (45) کہو کہ اے خدا (اے) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے (اور)
پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے تُو ہی اپنے بندوں میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں فیصلہ
کرے گا (46) اور اگر ظالموں کے پاس وہ سب (مال ومتاع) ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اسی قدر
اور ہو تو قیامت کے روز بُرے عذاب (سے مخلصی پانے) کے بدلے میں دے دیں (تو بھی قبول نہ ہوگا)
اور ان پر خدا کی طرف سے وہ امر ظاہر ہو جائے گا جس کا ان کو خیال بھی نہ تھا (47)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔فائدے 2۔جوابدہ
- قابو
- دیتا
- علاوہ
- واپس
- 1۔ناراض،ناخوش 2۔دوسروں
- چھپا ہوا ہونا
- سازوسامان
- رہائی
- فعل،معاملہ،کام

حوالہ جات:
- مومن: 12
- رعد: 18

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَر	حوالہ جات

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا
خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿49﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿50﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ
هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿51﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ
يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿52﴾ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا
مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿53﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ
مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿54﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿55﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ
كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿56﴾

اور ان کے اعمال کی بُرائیاں ان پر ظاہر ہوجائیں گی اور جس عذاب کی وہ ہنسی اُڑاتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا
(48) جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارنے لگتا ہے‘ پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے نعمت بخشتے ہیں
تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے (میرے) علم (و دانش) کے سبب ملی ہے (نہیں) بلکہ وہ آزمائش ہے مگر ان میں سے
اکثر نہیں جانتے (49) جو لوگ ان سے پہلے تھے‘ وہ بھی یہی کہا کرتے تھے تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے ان کے
کچھ بھی کام نہ آیا (50) اُن پر اُن کے اعمال کے وبال پڑ گئے اور جو لوگ ان میں سے ظلم کرتے رہے ہیں‘
اُن پر اُن کے عملوں کے وبال عنقریب پڑیں گے اور وہ (خدا کو) عاجز نہیں کر سکتے (51) کیا ان کو معلوم نہیں
کہ خدا ہی جس کے لئے چاہتا ہے رزق کو فراخ کر دیتا ہے اور تنگ کرتا ہے؟ جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان
کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (52) (اے پیغمبرؐ میری طرف سے لوگوں سے) کہہ دو کہ اے
میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے‘ خدا کی رحمت سے نااُمید نہ ہونا۔ خدا تو سب گناہوں
کو بخش دیتا ہے‘ (اور) وہ تو بخشنے والا مہربان ہے (53) اور اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ واقع ہو‘ اپنے
پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ (ورنہ) پھر تم کو مدد نہیں ملے گی (54) اور اس
سے پہلے کہ تم پر ناگہاں عذاب آ جائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو اس نہایت اچھی (کتاب) کی جو تمہارے
پروردگار کی طرف سے نازل ہوئی ہے پیروی کرو (55) کہ (مبادا اُس وقت) کوئی متنفس کہنے لگے کہ
(ہائے ہائے) اس تقصیر پر افسوس ہے جو میں نے خدا کے حق میں کی اور میں تو ہنسی ہی کرتا رہا (56)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ سامنے آجانا 2۔ لپیٹ لے گا، ڈھانپ لے گا
- عقل کی وجہ سے
- زیادہ تر
- وزن، بوجھ، مصیبت
- ہرا دینا
- کُھلا، زیادہ
- ظُلم
- 1۔ توجہ، جھکاؤ 2۔ حکم ماننے والے
- 1۔ اچانک 2۔ بہت ہی
- 1۔ پیچھے چلنا 2۔ ایسا نہ ہو 3۔ زندگی والا
- 1۔ افسوس کا کلمہ، پچھتاوے کی آواز 2۔ خطا، قصور 3۔ کے بارے میں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الزُّمَرِ

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِىْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿57﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِىْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿58﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿59﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ط اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿60﴾ وَيُنَجِّى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
بِمَفَازَتِهِمْ ز لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿61﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ ز وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿62﴾
لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿63﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ
تَاْمُرُوْٓنِّىْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿64﴾ وَلَقَدْ اُوْحِىَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ج لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ
عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿65﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿66﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ
قَدْرِهٖ صلے وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿67﴾

یا یہ کہنے لگے کہ اگر خدا مجھ کو ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں ہوتا (57) یا جب عذاب دیکھ لے تو کہنے
لگے کہ اگر مجھے پھر ایک دفعہ دنیا میں جانا ہو تو میں نیکوکاروں میں ہو جاؤں (58) (کہا جائے گا) کیوں نہیں
میری آیتیں تیرے پاس پہنچ گئی تھیں، مگر تُو نے ان کو جھٹلایا اور شیخی میں آ گیا اور تُو کافر بن گیا (59) اور جن
لوگوں نے خدا پر جھوٹ بولا تم قیامت کے دن دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہو رہے ہوں گے۔ کیا غرور کرنے
والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟ (60) اور جو پرہیزگار ہیں ان کی (سعادت[1] اور) کامیابی کے سبب[2] خدا
ان کو نجات[1] دے گا نہ تو ان کو کوئی سختی پہنچے گی اور نہ وہ غمناک[2] ہوں گے (61) خدا ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا
ہے اور وہی ہر چیز کا نگراں[1] ہے (62) اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں[2] ہیں، اور جنہوں نے خدا کی
آیتوں سے کفر کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں (63) کہہ دو کہ اے نادانو! تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ میں
غیر خدا کی پرستش کرنے لگوں (64) اور (اے محمدؐ) تمہاری طرف اور ان (پیغمبروںؑ) کی طرف، جو تم سے
پہلے ہو چکے ہیں، یہی وحی بھیجی گئی ہے کہ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل برباد ہو جائیں گے اور تم
زیاں کاروں[1] میں ہو جاؤ گے (65) بلکہ خدا ہی کی عبادت[2] کرو اور شکرگزاروں میں ہو (66) اور انہوں نے
خدا کی قدرشناسی جیسی کرنی چاہئے تھی نہیں کی اور قیامت کے دن تمام زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس
کے داہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوں گے اور وہ ان لوگوں کے شرک سے پاک اور عالیشان ہے (67)

مشکل الفاظ کے معانی

- حکم الٰہی ماننے والے
- غرور
- 1۔نیکیوں، خوش نصیبی 2۔کی وجہ سے
- 1۔رہائی 2۔غم زدہ
- 1۔محافظ، دیکھنے والا 2۔چابیاں
- بے عقلو
- پوجا
- تباہ، ضائع
- 1۔نقصان اٹھانا 2۔اللہ کا حکم ماننا
- عزت، ہنر کی پہچان
- بڑی عزت والا

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الزُّمَر	مشکل الفاظ کے معانی

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ
قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿68﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ
بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿69﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿70﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ
يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى
الْكٰفِرِيْنَ ﴿71﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿72﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ
فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿73﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ
فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿74﴾

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
آئندہ حصوں میں دیکھئے	اور جب صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمان میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب بیہوش ہوکر گر پڑیں گے، مگر	غشی پڑ جانا، ہوش میں نہ رہنا
	جس کو خدا چاہے۔ پھر دوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو فوراً سب کھڑے ہوکر دیکھنے لگیں گے (68) اور زمین	
نور:35	اپنے پروردگار کے نور سے جگمگا اٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول کر) رکھ دی جائے گی اور پیغمبرؑ اور (اور	انتہائی روشن ہوجائے گی
	گواہ حاضر کئے جائیں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور بے انصافی نہیں کی جائے گی (69)	
	اور جس شخص نے جو عمل کیا ہوگا اس کا پورا پورا بدلا مل جائے گا اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اس کو سب کی خبر ہے (70)	معلوم ہونا
	اور کافروں کو گروہ گروہ بنا کر جہنم کی طرف لے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو	گروپ گروپ یا جماعت جماعت
	اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو اس کے داروغہ ان سے کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے	محافظ، نگران، چوکیدار
	پیغمبرؑ نہیں آئے تھے جو تم کو تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن کے پیش آنے	سامنے آنے
	سے ڈراتے؟ کہیں گے کیوں نہیں لیکن کافروں کے حق میں عذاب کا حکم متحقق ہو چکا ہے (71) کہا جائے	1۔بارے میں 2۔تفتیش یا تحقیق کیا گیا
	گا کہ دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اس میں رہو گے۔ تکبر کرنے والوں کا بُرا ٹھکانا ہے	
	(72) اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کو گروہ گروہ بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے،	جنت
	یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو اس کے	
	داروغہ ان سے کہیں گے کہ تم پر سلام۔ تم بہت اچھے رہے۔ اب اس میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ (73)	
	وہ کہیں گے کہ خدا کا شکر ہے جس نے اپنے وعدے کو ہم سے سچا کر دیا۔ اور ہم کو اس زمین کا وارث بنا دیا ہم	مالک
	بہشت میں جس مکان میں چاہیں رہیں تو (اچھے) عمل کرنے والوں کا بدلا بھی کیسا خوب ہے (74)	1۔صلہ 2۔بہت اچھا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّمَرِ ، سُوْرَةُالْمُؤْمِنِ	حوالہ جات

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿75﴾

حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿2﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي
الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿3﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي
الْبِلَادِ ﴿4﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا
بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿5﴾ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿6﴾ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿7﴾

اورتم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے گرد گھیرا باندھے ہوئے ہیں (اور) اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے' جو سارے جہان کا مالک ہے (75)

ترجمہ سورت مومن

*حٰمٓ (1) اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب ودانا کی طرف سے ہے (2) جو گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے اور سخت عذاب دینے والا اور صاحب کرم ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف پھر کر جانا ہے (3) خدا کی آیتوں میں وہی لوگ جھگڑتے ہیں جو کافر ہیں تو ان لوگوں کا چلنا پھرنا تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے (4) ان سے پہلے نوحؑ کی قوم اور ان کے بعد اور اُمتوں نے بھی (پیغمبروںؑ کی) تکذیب کی اور ہر اُمت نے اپنے پیغمبرؑ کے بارے میں یہی قصد کیا کہ اس کو پکڑ لیں اور بیہودہ (شبہات سے) جھگڑتے رہے کہ اس کے حق کو زائل کر دیں تو میں نے ان کو پکڑ لیا۔ (سو دیکھ لو) میرا عذاب کیسا ہوا؟ (5) اور اسی طرح کافروں کے بارے میں بھی تمہارے پروردگار کی بات پوری ہو چکی ہے کہ وہ اہل دوزخ ہیں (6) جو لوگ عرش کو اٹھائے ہوئے اور جو اس کے گرداگرد (حلقہ باندھے ہوئے) ہیں وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور مومنوں کے لئے بخشش مانگتے رہتے ہیں۔ کہ اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے تو جن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے رستے پر چلے' ان کو بخش دے اور دوزخ کے عذاب سے بچا لے (7)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ذکر
- 1۔لائق، مستحق 2۔کائنات
- صاحبِ دانش
- 1۔مہربانی والا 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 4۔واپس
- 1۔گروہوں، جماعتوں 2۔جھٹلایا
- 1۔ارادہ، نیت 2۔نامناسب 3۔شبہ، شک 4۔سچائی
- ضائع
- 1۔سچی، مکمل 2۔تحتِ الٰہی
- 1۔اردگرد 2۔گھیرا باندھے
- گھیراؤ

حوالہ جات: متشابہ، عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ	حوالہ جات

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِىْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑧ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑨
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ⑩ قَالُوْا
رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ⑪ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِىَ اللّٰهُ
وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِىِّ الْكَبِيْرِ ⑫ هُوَ الَّذِىْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ
مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ⑬ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ⑭
رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِى الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ⑮ يَوْمَ هُمْ
بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَىْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ⑯

اے ہمارے پروردگار! ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل کر، جن کا تُو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو ان کے
باپ دادا اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے نیک ہوں ان کو بھی۔ بیشک تُو غالب حکمت والا ہے (8) اور
ان کو عذابوں سے بچائے رکھ' اور جس کو تُو اس روز عذابوں سے بچائے گا تو بیشک اس پر مہربانی فرمائی۔ اور یہی
بڑی کامیابی ہے (9) جن لوگوں نے کفر کیا ان سے پکار کر کہہ دیا جائے گا کہ جب تم (دنیا میں) ایمان کی طرف
بلائے جاتے تھے اور مانتے نہیں تھے تو خدا اس سے کہیں زیادہ بیزار ہوتا تھا جس قدر تم اپنے آپ سے بیزار ہو
رہے ہو (10) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! تُو نے ہم کو دو دفعہ بے جان کیا اور دو دفعہ جان بخشی ہم کو
اپنے گناہوں کا اقرار ہے تو کیا نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ (11) یہ اس لئے کہ جب تنہا خدا کو پکارا جاتا تھا تو تم
انکار کر دیتے تھے اور اگر اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جاتا تھا تو تسلیم کر لیتے تھے۔ تو حکم تو خدا ہی کا ہے جو (سب
سے) اوپر اور (سب سے) بڑا ہے (12) وہی تو ہے جو تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تم پر آسمان سے رزق اُتارتا
ہے' اور نصیحت تو وہی پکڑتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے (13) تو خدا کی عبادت کو خالص کر کے اُسی
کو پکارو اگرچہ کافر بُرا ہی مانیں (14) (وہ) مالک درجات عالی (اور) صاحب عرش ہے اپنے بندوں میں سے
جس پر چاہتا ہے اپنے حکم سے وحی بھیجتا ہے' تاکہ ملاقات کے دن سے ڈرائے (15) جس روز وہ نکل پڑیں گے
ان کی کوئی چیز خدا سے مخفی نہ رہے گی۔ آج کس کی بادشاہت ہے؟ خدا کی جو اکیلا (اور) غالب ہے (16)

1۔انکار کرتے تھے 2۔پریشان، ناراض 3۔جتنا

1۔ماننا، تسلیم کرنا 2۔راستہ، صورت

مان جاتے

1۔توجہ، جھکاؤ 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔صاف، پاک

1۔بڑے رتبوں والا 2۔عرش والا

چھپی ہوئی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ⑰ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ
الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۬ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ؕ⑱ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا
تُخْفِى الصُّدُوْرُ ⑲ وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَىْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ
الْبَصِيْرُ ⑳ؑ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ
مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ㉑ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِىٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ㉒ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى
بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ㉓ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ㉔ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ
عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ ㉕

آج کے دن ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلا دیا جائے گا' آج (کسی بھی طرح سے) بے انصافی نہیں ہو گی۔ بیشک خدا جلد حساب لینے والا ہے (17) اور ان کو قریب آنے والے دن سے ڈراؤ جبکہ دل غم سے بھر کر گلوں تک آ رہے ہوں گے (اور) ظالموں کا کوئی دوست نہیں ہو گا اور نہ کوئی سفارشی' جس کی بات قبول کی جائے (18) وہ آنکھوں کی خیانت کو جانتا ہے اور جو (باتیں) سینوں میں پوشیدہ ہیں (ان کو بھی) (19) اور خدا سچائی کے ساتھ حکم فرماتا ہے اور جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کچھ بھی حکم نہیں دے سکتے۔ بیشک خدا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے (20) کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا' وہ ان سے زور اور زمین میں نشانات (بنانے) کے لحاظ سے کہیں بڑھ کر تھے تو خدا نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب پکڑ لیا اور ان کو خدا (کے عذاب) سے کوئی بھی بچانے والا نہ تھا (21) یہ اس لئے کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لاتے تھے تو یہ کفر کرتے تھے۔ سو خدا نے ان کو پکڑ لیا۔ بیشک وہ صاحب قوت (اور) سخت عذاب دینے والا ہے (22) اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں اور دلیل روشن دے کر بھیجا (23) (یعنی) فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف تو انہوں نے کہا یہ تو جادوگر ہے جھوٹا (24) غرض جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق لے کر پہنچے تو کہنے لگے کہ جو اس کے ساتھ (خدا پر) ایمان لائے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کر دو اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دو اور کافروں کی تدبیریں بے ٹھکانے ہوتی ہیں (25)

- انتہائی تیز دھڑکن ہوگی
- 1۔مان لی جائے 2۔ناجائز استعمال 3۔چھپی
- 1۔آخیر،نتیجہ 2۔زیادہ
- کی وجہ سے
- ثبوت،شہادتیں
- طاقت والا
- واضح،چمکنا
- سچائی
- 1۔سوچ،چالاکی 2۔ناکام

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِى الْاَرْضِ
الْفَسَادَ ﴿26﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿27﴾ وَقَالَ رَجُلٌ
مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ
وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ
مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿28﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۡ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ۭ قَالَ
فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿30﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا
لِّلْعِبَادِ ﴿31﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿32﴾

اور فرعون بولا کہ مجھے چھوڑ دو کہ موسیٰؑ کو قتل کردوں اور وہ اپنے پروردگار کو بلا لے' مجھے ڈر ہے کہ وہ (کہیں)
تمہارے دین کو (نہ) بدل دے یا ملک میں فساد[1] (نہ) پیدا کردے (26) موسیٰؑ نے کہا کہ میں ہر مُتکبر[2] سے جو
حساب کے دن (یعنی قیامت) پر ایمان نہیں لاتا اپنے اور تمہارے پروردگار کی پناہ لے چکا ہوں (27) اور
فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن شخص جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتا تھا کہنے لگا کیا تم ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے
ہو جو کہتا ہے کہ میرا پروردگار خدا ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار (کی طرف) سے نشانیاں بھی لے کر آیا
ہے؟ اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس کے جھوٹ کا ضرر اسی کو ہوگا اور اگر سچا ہوگا تو کوئی سا عذاب جس کا وہ تم سے وعدہ
کرتا ہے تم پر واقع ہو کر رہے گا۔ بیشک خدا اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو بے لحاظ جھوٹا ہو (28) اے میری قوم!
آج تمہاری ہی بادشاہت ہے اور تم ہی ملک میں غالب ہو' (لیکن) اگر ہم پر خدا کا عذاب آ گیا تو (اس کے دُور
کرنے کے لئے) ہماری مدد کون کرے گا؟ فرعون نے کہا میں تمہیں وہی بات سمجھاتا ہوں جو مجھے سُوجھی ہے اور
وہی راہ بتاتا ہوں جس میں بھلائی[1] ہے (29) تو جو مومن تھا وہ کہنے لگا کہ اے میری قوم مجھے تمہاری نسبت[2] خوف
ہے کہ (مبادا[1]) تم پر اور اُمتوں[2] کی طرح کے دن کا عذاب آ جائے (30) (یعنی) نوحؑ کی قوم اور ثمود اور جو
لوگ ان کے پیچھے ہوئے ہیں ان کے حال کی طرح (تمہارا حال نہ ہو جائے) اور خدا تو بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا
(31) اور اے میری قوم! مجھے تمہاری نسبت پکار کے دن (یعنی قیامت) کا خوف ہے (32)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔خرابی 2۔مغرور
- حفاظت،نگرانی
- چھپا کر
- نقصان
- بے شرم، بے ادب
- برتری ہونا
- سمجھ آئی
- 1۔فائدہ 2۔تمہارے بارے میں، تمہارے متعلق
- 1۔ایسا نہ ہو 2۔گروہوں، جماعتوں
- تمہارے بارے میں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَۃُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

سُوْرَۃُ الْمُؤْمِن

يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ

بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ﴿34﴾ ۚۖ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ

اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿35﴾ وَقَالَ

فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿36﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ

لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿37﴾

وَقَالَ الَّذِيْۤ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿38﴾ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۫ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ

هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿40﴾

جس دن تم پیٹھ پھیر کر (بُرے عذاب سے) بھاگو گے (اس دن) تم کو کوئی (عذاب) خدا سے بچانے والا نہ ہوگا'
اور جس شخص کو خدا گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں (33) اور پہلے یوسفؑ بھی تمہارے پاس نشانیاں
لے کر آئے تھے تو وہ جو لائے تھے اس سے تم ہمیشہ شک ہی میں رہے' یہاں تک کہ جب وہ فوت ہو گئے تو تم کہنے
لگے کہ خدا اس کے بعد کبھی کوئی پیغمبرؑ نہیں بھیجے گا' اسی طرح خدا اس شخص کو گمراہ کر دیتا ہے جو حد سے نکل جانے والا
اور شک کرنے والا ہو (34) جو لوگ بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل آئی ہو خدا کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں
(وہ شیطان سرکش کے پیروکار ہیں) خدا کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک یہ جھگڑا سخت ناپسند ہے۔ اسی طرح خدا
ہر متکبر سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے (35) اور فرعون نے کہا کہ ہامان میرے لئے ایک محل بنوا' تا کہ میں (اس پر
چڑھ کر) رستوں پر پہنچ جاؤں (36) (یعنی) آسمانوں کے رستوں پر پھر موسیٰؑ کے خدا کو دیکھ لوں اور میں تو اسے
جھوٹا سمجھتا ہوں اور اسی طرح فرعون کو اس کے اعمال بد اچھے معلوم ہوتے اور وہ رستے سے روک دیا گیا تھا' اور
فرعون کی تدبیر تو بیکار تھی (37) اور وہ شخص جو مومن تھا اس نے کہا کہ بھائیو! میرے پیچھے چلو میں تمہیں بھلائی کا
رستہ دکھاؤں (38) بھائیو! یہ دنیا کی زندگی (چند روز) فائدہ اٹھانے کی چیز ہے اور جو آخرت ہے وہی ہمیشہ رہنے کا
گھر ہے (39) جو بُرے کام کرے گا اس کو بدلا بھی ویسا ہی ملے گا' اور جو نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ
صاحب ایمان بھی ہوگا تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے۔ وہاں ان کو بے شمار رزق ملے گا (40)

مشکل الفاظ کے معانی:

- مُڑ کر، واپس
- سند، ثبوت، نشانی
- پیچھے چلنے والے
- مغرور باغی
- بُرے عمل
- 1۔ سوچ، حکمتِ عملی 2۔ کسی کام نہ آنے والی 3۔ فائدہ
- اجر، معاوضہ
- 1۔ ایمان والا 2۔ بہت ہی زیادہ، لاتعداد، اَن گنت

حوالہ جات:

- زُمر: 24
- حج: 3

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿41﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ

بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿42﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي

الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿43﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ

اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿44﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ الْعَذَابِ ﴿45﴾ اَلنَّارُ

يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿46﴾ وَاِذْ يَتَحَاۗجُّوْنَ

فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿47﴾

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿48﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ

ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿49﴾

اور اے میری قوم! میرا کیا (یہ صِلہ دیا) ہے کہ میں تو تم کو نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے (دوزخ کی)

آگ کی طرف بلاتے ہو (41) تم مجھے اس لئے بلاتے ہو کہ خدا کے ساتھ کفر کروں اور اس چیز کو اس کا شریک

مقرر کروں جس کا مجھے کچھ بھی علم نہیں' اور میں تم کو (خدائے) غالب (اور) بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں

(42) سچ تو یہ ہے کہ جس چیز کی طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو دنیا اور آخرت میں بلانے (یعنی حکم کرنے) کا مقدور

نہیں اور ہم کو خدا کی طرف لوٹنا ہے اور حد سے نکل جانے والے دوزخی ہیں (43) جو بات میں تم سے کہتا ہوں'

تم اسے (آگے چل کر) یاد کرو گے اور میں اپنا کام خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ بیشک خدا بندوں کو دیکھنے والا ہے

(44) غرض خدا نے موسیٰؑ کو ان لوگوں کی تدبیروں کی بُرائیوں سے محفوظ رکھا اور فرعون والوں کو

(غرق جیسے) بُرے عذاب نے آگھیرا (45) (اور پھر) آتش کہ صبح و شام اس کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں

اور جس روز قیامت برپا ہوگی (حکم ہوگا کہ) فرعون والوں کو (جہنم کے) نہایت سخت عذاب میں داخل کرو (46)

اور جب وہ دوزخ میں جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجے کے لوگ بڑے آدمیوں سے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے تابع تھے

تو کیا تم دوزخ (کے عذاب) کا کچھ حصہ ہم سے دُور کر سکتے ہو (47) بڑے آدمی کہیں گے کہ تم (بھی اور) ہم

(بھی) سب دوزخ میں (رہیں گے) خدا بندوں میں فیصلہ کر چکا ہے (48) جو لوگ آگ میں (جل رہے) ہوں

گے وہ دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے کہ اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ ایک روز تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے (49)

مشکل الفاظ کے معانی

1-بدلا،معاوضہ 2-رہائی

اختیار،طاقت

1-واپس جانا 2-بے مہارے،مشرک

1-روز آخرت 2-حوالے

1-سوچوں،تجویزوں 2-حفاظت سے

1-ڈوب جانا 2-آگ

بہت زیادہ

1-چھوٹے 2-حکم مانتے تھے

ہٹا سکتے ہو

1-چوکیدار،محافظ 2-کم کر دے

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

اعراف:33

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

قَالُوْٓا اَوَ لَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿50﴾
اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿51﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ
وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿52﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿53﴾ هُدًى
وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿54﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ
وَالْاِبْكَارِ ﴿55﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ
بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿56﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿57﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ
قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾

وہ کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبرؑ نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں تو وہ کہیں
گے تم ہی دعا کرو اور کافروں کی دعا (اس روز) بیکار ہوگی (50) ہم اپنے پیغمبروںؑ کی اور جو لوگ ایمان
لائے ہیں ان کی دنیا کی زندگی میں بھی مدد کرتے ہیں اور جس دن گواہ کھڑے ہوں گے (یعنی قیامت کو بھی)
(51) جس دن ظالموں کو ان کی معذرت کچھ فائدہ نہ دے گی اور ان کے لئے لعنت اور بُرا گھر ہے (52)
اور ہم نے موسیٰؑ کو ہدایت (کی کتاب) دی اور اولادِ اسرائیل کو اس کتاب کا وارث بنایا (53) عقل والوں
کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے (54) تو صبر کرو بیشک خدا کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور صبح و
شام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح[1] کرتے رہو (55) جو لوگ بغیر کسی دلیل[2] کے جو ان کے پاس آئی
ہو خدا کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ ان کے دلوں میں اور کچھ نہیں (ارادۂ) عظمت ہے اور وہ اس کو پہنچنے والے نہیں
تو خدا کی پناہ مانگو۔ بیشک وہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے (56) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا لوگوں کے
پیدا کرنے سے بڑا (کام) ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (57) اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں اور نہ
ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار (برابر ہیں) (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو (58)

مشکل الفاظ کے معانی:

- بیکار: فضول، کام نہ آنا
- معذرت: بہانا، حیلہ، معذوری
- وارث: نگہبان، مالک
- 1۔ ذکر 2۔ سند، ثبوت
- عظمت: بڑا بننے کی نیت
- پناہ: حفاظت
- اکثر: زیادہ تر
- بدکار: بدکردار

حوالہ جات:

- الانعام: 124

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ	مشکل الفاظ کے معانی
	اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿59﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ	
	الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ	
	وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿61﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ	
	كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۡ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿62﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿63﴾ اَللّٰهُ	
	الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَاۗءَ بِنَاۗءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ	
	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿64﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ	
	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿65﴾ قُلْ اِنِّىْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَاۗءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ	
	رَّبِّيْ ۡ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿66﴾	
	قیامت آنے والی ہے' اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے (59) اور تمہارے پروردگار نے	زیادہ تر
	ارشاد فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر	1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔غرور سے
	کنیاتے ہیں' عنقریب جہنم میں ذلیل ہوکر داخل ہوں گے (60) خدا ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی	1۔بچنا،نظر بچا کے چلے جانا 2۔رُسوا
	کہ اس میں آرام کرو اور دن کو روشن بنایا (کہ اس میں کام کرو) بیشک خدا لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن	
آئندہ حصوں میں دیکھیے	اکثر لوگ شکر نہیں کرتے (61) یہی خدا تمہارا پروردگار ہے' جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے' اس کے سوا کوئی	علاوہ
	معبود نہیں۔ پھر تم کہاں بھٹک رہے ہو (62) اسی طرح وہ لوگ بھٹک رہے تھے جو خدا کی آیتوں سے انکار کرتے	1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔راستہ بھولنا
	تھے (63) خدا ہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہاری	
	صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی خوب بنائیں اور تمہیں پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں۔ یہی خدا تمہارا پروردگار ہے۔	1۔شکلیں 2۔بہت اچھی
	پس خدائے پروردگار عالم بہت ہی بابرکت ہے (64) وہ زندہ ہے (جسے موت نہیں) اس کے سوا کوئی عبادت	1۔بس 2۔فائدہ دینے والا،رحیم
	کے لائق نہیں تو اس کی عبادت کو خالص کرکے اُسی کو پکارو۔ ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے' جو	1۔قابل،مستحق 2۔صاف،پاک 3۔لائق،مناسب
	تمام جہان کا پروردگار ہے (65) (اے محمدؐ ان سے) کہہ دو کہ مجھے اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ جن کو تم خدا	1تمام دُنیا 2۔منع ہونا،اجازت نہ ہونا
	کے سوا پکارتے ہو اس کی پرستش کروں (اور میں ان کی کیونکر پرستش کروں) جبکہ میرے پاس میرے پروردگار	1۔پوجا 2۔کیسے،کیوں
	(کی طرف) سے کُھلی دلیلیں آ چکی ہیں اور مجھ کو حکم یہ ہوا ہے کہ پروردگار عالم ہی کا تابع فرمان رہوں (66)	1۔سند،ثبوت 2۔دُنیا 3۔فرمانبردار

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ	حوالہ جات

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ
لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (67) هُوَ الَّذِىْ يُحْيٖ
وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (68) اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِىْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى
يُصْرَفُوْنَ (69) اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (70) اِذِ الْاَغْلٰلُ فِىْٓ اَعْنَاقِهِمْ
وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ (71) فِى الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِى النَّارِ يُسْجَرُوْنَ (72) ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ
تُشْرِكُوْنَ (73) مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ
الْكٰفِرِيْنَ (74) ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ (75) اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ
جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (76) فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ
نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ (77)

وہی تو ہے جس نے تم کو (پہلے) مٹی سے پیدا کیا' پھر نطفہ بنا کر' پھر لوتھڑا بنا کر' پھر تم کو نکالتا ہے (کہ تم) بچے
(ہوتے ہو) پھر تم اپنی جوانی کو پہنچتے ہو' پھر بوڑھے ہو جاتے ہو اور کوئی تو تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تم
(موت کے) وقت مقرر تک پہنچ جاتے ہو اور تا کہ تم سمجھو (67) وہی تو ہے جو جلاتا اور مارتا ہے' اور پھر جب
کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اس سے کہہ دیتا ہے' ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے (68) کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو
خدا کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں' یہ کہاں بھٹک رہے ہیں (69) جن لوگوں نے کتاب (خدا) کو اور جو کچھ ہم
نے پیغمبروںؑ کو (نشانیوں کے طور پر) دے کر بھیجا اس کو جھٹلایا وہ عنقریب معلوم کر لیں گے (70) جبکہ ان
کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی (اور) گھسیٹے جائیں گے (71) یعنی کھولتے ہوئے پانی میں پھر
آگ میں جھونک دیئے جائیں گے (72) پھر ان سے کہا جائے گا کہ وہ کہاں ہیں جن کو تم (خدا کے) شریک
بناتے تھے؟ (73) (یعنی) غیر خدا۔ کہیں گے وہ تو ہم سے جاتے رہے بلکہ ہم تو پہلے کسی چیز کو پکارتے ہی
نہیں تھے۔ اسی طرح خدا کافروں کو گمراہ کرتا ہے (74) یہ اس کا بدلا ہے کہ تم زمین میں حق کے بغیر (یعنی
اس کے خلاف) خوش ہوا کرتے تھے اور اس کی (سزا ہے) کہ تم اِترایا کرتے تھے (75) جہنم کے
دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اسی میں رہو گے۔ مُتکبروں کا کیا بُرا ٹھکانا ہے (76) تو (اے پیغمبرؐ) صبر
کرو خدا کا وعدہ سچا ہے' اگر ہم تم کو کچھ اس میں سے دکھا دیں جس کا ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں (یعنی کافروں پر
عذاب نازل کریں) یا تمہاری مدت حیات پوری کریں تو ان کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے (77)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔منی 2۔گوشت کا ٹکڑا
- 1۔طے شدہ 2۔زندگی دینا
- راستہ بھولے ہیں
- گلے کا پٹہ، وزن
- دھکا دینا، پھینکنا
- 1۔خدا کے علاوہ 2۔گُم ہو گئے
- 1۔معاوضہ، انتقام، صلہ 2۔سچائی
- غرور کرنا
- 1۔غرور کرنے والے 2۔جگہ، مقام
- زندگی کا وقت

حوالہ جات: مومن:78،83

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُؤْمِن	حوالہ جات

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ
لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿78﴾ اَللّٰهُ
الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿79﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ
صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿80﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿81﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا
فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ
وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿83﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ
مُشْرِكِيْنَ ﴿84﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ
هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿85﴾

اور ہم نے تم سے پہلے (بہت سے) پیغمبرؑ بھیجے ان میں کچھ تو ایسے ہیں جن کے حالات تم سے بیان کر دیئے ہیں
اور کچھ ایسے ہیں جن کے حالات بیان نہیں کئے اور کسی پیغمبرؑ کا مقدور نہ تھا کہ خدا کے حکم کے سوا کوئی نشانی
لائے۔ پھر جب خدا کا حکم آ پہنچا تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا اور اہلِ باطل نقصان میں پڑ گئے (78) خدا
ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے چار پائے بنائے تاکہ ان میں سے بعض پر سوار ہو اور بعض کو تم کھاتے ہو (79)
اور تمہارے لئے ان میں (اور بھی) فائدے ہیں اور اس لئے بھی کہ (کہیں جانے کی) تمہارے دلوں میں جو
حاجت ہو ان پر (چڑھ کر وہاں) پہنچ جاؤ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو (80) اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں
دکھاتا ہے تو تم خدا کی کن کن نشانیوں کو نہ مانو گے (81) کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ دیکھتے کہ جو لوگ
ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا (حالانکہ) وہ ان سے کہیں زیادہ اور طاقتور اور زمین میں نشانات (بنانے)
کے اعتبار سے بہت بڑھ کر تھے تو جو کچھ وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آیا (82) اور جب ان کے پیغمبرؑ ان
کے پاس کُھلی نشانیاں لے کر آئے تو جو علم (اپنے خیال میں) ان کے پاس تھا اس پر اترانے لگے اور جس چیز سے
تمسخر کیا کرتے تھے اس نے ان کو آن گھیرا (83) پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے کہ ہم
خدائے واحد پر ایمان لائے اور جس چیز کو اس کے ساتھ شریک بناتے تھے اس سے نامعتقد ہوئے (84)
لیکن جب وہ ہمارا عذاب دیکھ چکے (اس وقت) ان کے ایمان نے ان کو کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔ (یہ) خدا کی
عادت (ہے) جو اس کے بندوں (کے بارے) میں چلی آتی ہے اور وہاں کافر گھاٹے میں پڑ گئے (85)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔طاقت،بس میں ہونا 2۔علاوہ،بغیر
- جھوٹ والے
- کچھ
- ضرورت،خواہش
- 1۔آخیر 2عمارتیں وغیرہ بنانے
- آگے تھے
- غرور کرنا
- 1۔مذاق 2۔آ پکڑا
- 1۔اکیلا 2۔لاتعلقی،عقیدت چھوڑ دینا
- نقصان

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

حٰمٓ ① تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ② كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ③ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا
فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ④ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ فِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا
وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ⑤ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ⑥ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ⑦
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ⑧ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ
فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ⑨ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَ بٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ
فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ⑩ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ
ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ⑪

ترجمہ سورت حٰم السجدہ

حٰمٓ (1) (یہ کتاب خدائے) رحمٰن ورحیم (کی طرف) سے اُتری ہے (2) (ایسی) کتاب جس کی آیتیں
واضح (المعانی)[1] ہیں (یعنی) قرآن عربی ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں (3) جو بشارت[2] بھی سناتا ہے
اور خوف بھی دلاتا ہے۔ لیکن ان میں سے اکثر نے منہ پھیرلیا اور وہ سنتے ہی نہیں (4) اور کہتے ہیں کہ جس
چیز کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس سے ہمارے دل پردوں میں ہیں اور ہمارے کانوں میں بوجھ[1] (یعنی بہراپن[2])
ہے اور ہمارے اور تمہارے درمیان پردہ ہے تو تم (اپنا) کام کرو ہم (اپنا) کام کرتے ہیں (5) کہہ دو کہ
میں (بھی) آدمی ہوں جیسے تم۔ (ہاں) مجھ پر یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود خدائے واحد ہے تو سیدھے اسی
کی طرف (متوجہ) رہو[1] اور اسی سے مغفرت[2] مانگو' اور مشرکوں پر افسوس ہے (6) جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور
آخرت کے بھی قائل[1] نہیں (7) جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ان کے لئے (ایسا) ثواب[2] ہے
جو ختم ہی نہ ہو (8) کہو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا' اور (شرک کرکے)
اس کا مدمقابل بناتے ہو' وہی تو سارے جہان کا مالک ہے (9) اور اسی نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ
بنائے اور زمین میں برکت[1] رکھی اور اس میں سب سامان معیشت[2] مقرر کیا (سب) چار دن میں (اور تمام)
طلبگاروں[1] کے لئے یکساں[2] (10) پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں تھا تو اس نے اس سے اور زمین
سے فرمایا کہ دونوں آؤ (خواہ) خوشی سے۔ خواہ ناخوشی سے انہوں نے کہا کہ ہم خوشی سے آتے ہیں (11)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔صاف صاف معانی ہونا 2۔خوشخبری
- انکار کیا
- 1۔وزن 2۔سنائی نہ دینا
- جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔رجوع کرو 2۔معافی، رہائی، مخلصی
- 1۔ماننے والے 2۔بدلا، انعام، صلہ
- سامنے آنے والا، مخالف، برابر کا جوڑ
- 1۔رحمت 2۔ضروریات زندگی
- 1۔چاہنے والے 2۔برابر
- چاہے

حوالہ جات:

- متشابہ، عمران: 7
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰی فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ ۖۗ
وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ⑫ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ⑬ اِذْ
جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا
بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ⑭ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ یَرَوْا
اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ⑮ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْۤ
اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِیْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْیِ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰی وَهُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ ⑯
وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَیْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰی عَلَی الْهُدٰی فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا
یَكْسِبُوْنَ ⑰ ۚ وَنَجَّیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ⑱ ۧ وَیَوْمَ یُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَی النَّارِ فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ⑲
حَتّٰۤی اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ⑳

پھر دو دن میں سات آسمان بنائے اور ہر آسمان میں اس (کے کام) کا حکم بھیجا اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے مزین کیا اور (شیطانوں سے) محفوظ رکھا یہ زبردست (اور) خبردار کے (مقرر کئے ہوئے) اندازے ہیں (12) پھر اگر یہ منہ پھیر لیں تو کہہ دو کہ میں تم کو ایسے چنگھاڑ (کے عذاب) سے آگاہ کرتا ہوں جیسے عاد اور ثمود پر چنگھاڑ (کا عذاب آیا تھا) (13) جب ان کے پاس پیغمبرؑ ان کے آگے اور پیچھے سے آئے کہ خدا کے سوا (کسی کی) عبادت نہ کرو۔ کہنے لگے کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتے اُتار دیتا سو جو تم دے کر بھیجے گئے ہو' ہم اس کو نہیں مانتے (14) جو عاد تھے وہ ناحق ملک میں غرور کرنے لگے اور کہنے لگے کہ ہم سے بڑھ کر قوت میں کون ہے؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ خدا جس نے ان کو پیدا کیا وہ ان سے قوت میں بہت بڑھ کر ہے' اور وہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے (15) تو ہم نے بھی ان پر نحوست کے دنوں میں زور کی ہوا چلائی تاکہ ان کو دنیا کی زندگی میں ذلت کے عذاب کا مزا چکھا دیں اور آخرت کا عذاب تو بہت ہی ذلیل کرنے والا ہے اور (اس روز) ان کو مدد بھی نہ ملے گی (16) اور جو ثمود تھے ان کو ہم نے سیدھا رستہ دکھا دیا تھا مگر انہوں نے ہدایت کے مقابلے میں اندھا رہنا پسند کیا تو ان کے اعمال کی سزا میں کڑک نے ان کو آ پکڑا اور وہ ذلت کا عذاب تھا (17) اور جو ایمان لائے اور پرہیز گاری کرتے رہے ان کو ہم نے بچا لیا (18) اور جس دن خدا کے دشمن دوزخ کی طرف چلائے جائیں گے تو ترتیب وار کر لئے جائیں گے (19) یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور آنکھیں اور چمڑے ان کے خلاف ان کے اعمال کی شہادت دیں گے (20)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔سجایا 2۔حفاظت کی 3۔طاقتور
- زور کی آواز
- پہلے اور بعد، لگاتار، مسلسل
- 1۔علاوہ 2۔اللہ کا حکم ماننا
- 1۔ناجائز 2۔طاقت
- منحوس ہونا
- 1۔رسوائی 2۔رسوا
- 1۔گمراہی 2۔بجلی کی خوفناک آواز
- 1۔جلدیں 2۔گواہی

حوالہ جات	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْطَقَ كُلَّ شَیْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ
وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿21﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ
ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿22﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِیْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿23﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ؕ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿24﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ
فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿25﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ
تَغْلِبُوْنَ ﴿26﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِیْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿27﴾ ذٰلِكَ جَزَآءُ
اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿28﴾

اور وہ اپنے چمڑوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں شہادت دی؟ وہ کہیں گے کہ جس خدا نے سب
چیزوں کو نطق بخشا اسی نے ہم کو بھی گویائی دی اور اسی نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم کو
لوٹ کر جانا ہے (21) اور تم اس سے تو پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور چمڑے
تمہارے خلاف شہادت دیں گے بلکہ یہ خیال کرتے تھے کہ خدا کو تمہارے بہت سے عملوں کی خبر ہی نہیں (22) اور
اسی خیال نے جو تم اپنے پروردگار کے بارے میں رکھتے تھے تم کو ہلاک کر دیا اور تم خسارہ پانے والوں میں ہو گئے
(23) اب اگر یہ صبر کریں گے تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے' اور اگر توبہ کریں گے تو ان کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی (24)
اور ہم نے (شیطانوں کو) ان کا ہم نشین مقرر کر دیا تھا تو انہوں نے ان کے اگلے اور پچھلے اعمال ان کو عمدہ کر
دکھائے تھے اور جنات اور انسانوں کی جماعتیں جو ان سے پہلے گزر چکیں ان پر بھی خدا (کے دائمی عذاب) کا
وعدہ پورا ہو گیا۔ بیشک یہ نقصان اٹھانے والے ہیں (25) اور کافر کہنے لگے کہ اس قرآن کو سنا ہی نہ کرو اور
(جب پڑھنے لگیں تو) شور مچا دیا کرو تا کہ تم غالب رہو (26) سو ہم بھی کافروں کو سخت عذاب کے مزے چکھائیں
گے اور ان کے بُرے عملوں کی جو وہ کرتے تھے سزا دیں گے (27) یہ خدا کے دشمنوں کا بدلا ہے (یعنی) دوزخ۔ ان
کے لئے اسی میں ہمیشہ کا گھر ہے۔ یہ اس کی سزا ہے کہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے (28)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ جلدوں 2۔ گواہی
- 1۔ بولنے کی طاقت یا صلاحیت 2۔ بولنا سکھایا
- 1۔ واپس 2۔ چھپ جانا
- نقصان
- 1۔ ساتھی، ساتھ رہنے والا 2۔ اعلیٰ، درست
- 1۔ ہو چکیں 2۔ ہمیشہ کا
- تمہاری جیت رہے
- معاوضہ، صلہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ
الْاَسْفَلِيْنَ ﴿29﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا
بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿30﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ
اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿31﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿32﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ
صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿33﴾ وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ
بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿34﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿35﴾ وَاِمَّا
يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿36﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ
وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿37﴾ فَاِنِ
اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿38﴾ السجدة

اور کافر کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! جنوں اور انسانوں میں سے جن لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا ان کو ہمیں دکھا کہ ہم ان کو اپنے پاؤں تلے (روند) ڈالیں تاکہ وہ نہایت ذلیل ہوں (29) جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خدا ہے' پھر وہ (اس پر) قائم رہے ان پر فرشتے اُتریں گے (اور کہیں گے) کہ نہ خوف کرو اور نہ غمناک ہو اور بہشت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا خوشی مناؤ (30) ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے دوست تھے اور آخرت میں بھی (تمہارے رفیق ہیں) اور وہاں جس (نعمت) کو تمہارا جی چاہے گا تم کو (ملے گی) اور جو چیز طلب کرو گے تمہارے لئے (موجود) ہوگی (31) (یہ) بخشنے والے مہربان کی طرف سے مہمانی ہے (32) اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہوسکتا ہے جو خدا کی طرف بلائے اور عمل نیک کرے اور کہے کہ میں مسلمان ہوں (33) اور بھلائی اور بُرائی برابر نہیں ہوسکتی۔ تو (دشمن کی بات کا) ایسے طریق سے جواب دو' جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے (34) اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے' جو برداشت کرنے والے ہیں اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں (35) اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو خدا کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بیشک وہ سنتا جانتا ہے (36) اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں' تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو بلکہ خدا ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے (37) اگر یہ لوگ سرکشی کریں تو (خدا کو بھی ان کی پروا نہیں) جو (رعد اور فرشتے) تمہارے پروردگار کے پاس ہیں' وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور (کبھی) تھکتے ہی نہیں (38)

1۔پاؤں کے نیچے 2۔کُچل دیں، مسل دیں 3۔بہت زیادہ

1۔کھڑے رہے، یقین رکھا 2۔غم زدہ

1۔دوست، ساتھی 2۔خواہش ہوگی 3۔مانگو گے

1۔فائدہ، نیکی 2۔نقصان، گناہ

1۔جیسے کہ 2۔بہترین دوست 3۔ملتی ہے

1۔صبر 2۔نصیب والے، فرمانبردار، ایمان والے

1۔وہم، گمان، خیال، سوچ 2۔حفاظت

1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔چاہئے 3۔بغاوت، شرک

ذِکر

رعد:13

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	حوالہ جات

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ
الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿39﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِى النَّارِ
خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿40﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا
جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿41﴾ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿42﴾
مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿43﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا
اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿44﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى
الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿45﴾ مَنْ
عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿46﴾

اور (اے بندے یہ) اسی کی قدرت کے نمونے ہیں کہ تُو زمین کو دبی ہوئی دیکھتا ہے۔ جب ہم اس پر پانی برسا دیتے
ہیں تو شاداب ہو جاتی اور پُھولنے لگتی ہے تو جس نے زمین کو زندہ کیا وہی مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔ بیشک وہ
ہر چیز پر قادر ہے (39) جو لوگ ہماری آیتوں میں کج روی کرتے ہیں۔ وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں' بھلا جو شخص
دوزخ میں ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن وامان سے آئے (تو خیر) جو چاہو سو کر لو جو کچھ تم
کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے (40) جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی اور یہ تو ایک عالی رُتبہ
کتاب ہے (41) اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے اور نہ پیچھے سے (اور) دانا (اور) خوبیوں والے
(خدا) کی اُتاری ہوئی ہے (42) تم سے وہی باتیں کہی جاتی ہیں جو تم سے پہلے اور پیغمبروں ؑ سے کہی گئی تھیں۔ بیشک
تمہارا پروردگار بخش دینے والا بھی ہے اور عذاب الیم دینے والا بھی ہے (43) اور اگر ہم اس قرآن کو غیر زبان عرب
میں (نازل) کرتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیتیں (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر بیان نہیں کی گئیں۔ کیا (خوب
کہ قرآن تو) عجمی اور (مخاطب) عربی۔ کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں ان کے لئے (یہ) ہدایت اور شفا ہے'
اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی ہے اور یہ ان کے حق میں (موجب) نابینائی ہے۔ گرانی
کے سبب ان کو (گویا) دُور جگہ سے آواز دی جاتی ہے (44) اور ہم نے موسیٰ ؑ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا
گیا اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا اور یہ اس
(قرآن) سے شک میں اُلجھ رہے ہیں (45) جو نیک کام کرے گا تو اپنے لئے اور جو بُرے کرے گا تو ان کا ضرر
اسی کو ہوگا' اور تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (46)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔طاقت،صلاحیت 2۔خُشک
- 1۔سرسبز، ہری بھری 2۔اُبھرنے لگتی ہے
- 1۔ٹیڑھی چال چلنا 2۔چھپے ہوئے
- سکون، اطمینان
- بڑے مرتبے والی
- 1۔اندر جانا، شامل ہونا 2۔انتہائی عقلمند
- 1۔درد دینے والا 2۔عربی کے علاوہ
- 1۔عرب سے باہر کا 2۔بات کرنے والا 3۔کفر کے مرض کی دوا
- 1۔وزن یا بوجھ ہونا 2۔لئے 3۔وجہ، باعث 4۔اندھا ہونا
- 1۔کی وجہ سے 2۔جیسے کہ
- مقرر ہونا، فیصلہ ہونا
- 1۔پھنس 2۔نقصان

حوالہ جات: یونس:57

حوالہ جات	سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ
يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِىْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ (47) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ
وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ (48) لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ (49) وَلَئِنْ
اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِىْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّىْٓ
اِنَّ لِىْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ (50) وَاِذَآ اَنْعَمْنَا
عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ (51) قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِىْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ (52) سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِى الْاٰفَاقِ وَفِىْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ
لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ (53) اَلَآ اِنَّهُمْ فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ
اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىْءٍ مُّحِيْطٌ (54) ؑ

قیامت کے علم کا حوالہ اسی کی طرف دیا جاتا ہے (یعنی قیامت کا علم اسی کو ہے) اور نہ تو پھل گابھوں سے نکلتے ہیں
اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے اور جس دن وہ ان کو پکارے گا (اور کہے گا) کہ میرے
شریک کہاں ہیں؟ تو وہ کہیں گے کہ ہم تجھ سے عرض کرتے ہیں کہ ہم میں سے کسی کو (ان کی) خبر ہی نہیں (47) اور
جن کو پہلے وہ (خدا کے سوا) پکارا کرتے تھے (سب) ان سے غائب ہو جائیں گے اور وہ یقین کر لیں گے کہ ان
کے لئے مخلصی نہیں (48) انسان بھلائی کی دعائیں کرتا کرتا تو تھکتا نہیں، اور اگر تکلیف پہنچ جاتی ہے تو ناامید ہو
جاتا اور آس توڑ بیٹھتا ہے (49) اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اس کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو کہتا ہے یہ تو
میرا حق تھا اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہو، اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو میرے
لئے اس کے ہاں بھی خوشحالی ہے۔ پس کافر جو عمل کیا کرتے ہیں وہ ہم ان کو ضرور جتائیں گے، اور ان کو سخت عذاب
کا مزا چکھائیں گے (50) اور جب ہم انسان پر کرم کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا اور پہلو پھیر کر چل دیتا ہے اور
جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے (51) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر یہ (قرآن) خدا کی
طرف سے ہو پھر تم اس سے انکار کرو تو اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو (حق کی) پرلے درجے کی مخالفت میں ہو
(52) ہم عنقریب ان کو اطراف (عالم) میں بھی اور خود ان کی ذات میں بھی نشانیاں دکھائیں گے۔ یہاں تک کہ
ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ (قرآن) حق ہے کیا تم کو یہ کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار ہر چیز سے خبردار ہے؟ (53) دیکھو
یہ اپنے پروردگار کے رُوبرو حاضر ہونے سے شک میں ہیں۔ سن رکھو کہ وہ ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے (54)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔نشان 2۔کلیوں
- بچہ پیدا کرنا
- علاوہ
- 1۔رہائی، بخشش 2۔فائدہ
- اُمید
- 1۔ٹھہرے، ہوجائے 2۔واپس
- 1۔خوش حال ہونا 2۔یاد کرانا
- 1۔مہربانی 2۔اُلٹا ہوکر
- 1۔سچائی 2۔آخری
- 1۔بہت سی سمتوں میں 2۔دُنیا
- معلومات رکھنا
- 1۔سامنے 2۔گھیراؤ

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	مشکل الفاظ کے معانی

حٰمٓ ① عٓسٓقٓ ② كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِى الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ④ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ
رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِى الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑤ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ
اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ⑥ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى
وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَرِيْقٌ فِى الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِى السَّعِيْرِ ⑦ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ
اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَاۗءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ⑧ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ
دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑨ ۧ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ
شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ڰ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ⑩

ترجمہ سورت شوریٰ

حٰمٓ (1) عسق (2) خدائے غالب ودانا اسی طرح تمہاری طرف (مضامین اور براہین) بھیجتا ہے' جس طرح
تم سے پہلے لوگوں کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے (3) جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے' اور
وہ عالی رُتبہ (اور) گرامی قدر ہے (4) قریب ہے کہ آسمان اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے پروردگار کی
تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہتے اور جو لوگ زمین میں ہیں ان کے لئے معافی مانگتے رہتے ہیں۔ سن
رکھو کہ خدا بخشنے والا مہربان ہے (5) اور جن لوگوں نے اس کے سوا کارساز بنا رکھے ہیں وہ خدا کو یاد ہیں' اور تم
ان پر داروغہ نہیں ہو (6) اور اسی طرح تمہارے پاس قرآن عربی بھیجا ہے' تاکہ تم بڑے گاؤں (یعنی مکے) کے
رہنے والوں کو اور جو لوگ اس کے اردگرد رہتے ہیں ان کو رستہ دکھاؤ اور انہیں قیامت کے دن کا بھی جس میں کچھ
شک نہیں ہے خوف دلاؤ۔ اس روز ایک فریق بہشت میں ہوگا اور ایک فریق دوزخ میں (7) اور اگر خدا چاہتا تو
ان کو ایک ہی جماعت کر دیتا' لیکن وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے۔ اور ظالموں کا نہ کوئی یار
ہے اور نہ مددگار (8) کیا انہوں نے اس کے سوا کارساز بنائے ہیں' کارساز تو خدا ہی ہے اور وہی مُردوں کو زندہ
کرے گا' اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (9) اور تم جس بات میں اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ خدا کی طرف
سے ہوگا۔ یہی خدا میرا پروردگار ہے میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (10)

حوالہ جات:

دونوں متشابہات ہیں، عمران: 7

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔عقل والا 2۔مضمون کی جمع 3۔دلائل
- 1۔بڑے مرتبے والا 2۔بہت عزت والا
- ذِکر
- 1۔علاوہ 2۔کام سنوارنے والا
- نگران، محافظ
- پارٹی
- 1۔ہدایت، مہربانی 2۔دوست
- کام بنانے والا
- طاقت، صلاحیت
- 1۔یقین 2۔توجہ، جھکاؤ

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	مشکل الفاظ کے معانی

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ۭ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ⑪ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑫ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ
وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ
اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ⑬ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا
كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ
شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ⑭ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ
كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ
يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑮ ۭ

آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (وہی ہے) اسی نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس کے جوڑے بنائے اور
چار پایوں کے بھی جوڑے (بنائے اور) اسی طریق پر تم کو پھیلاتا رہتا ہے۔ اس جیسی کوئی چیز نہیں اور وہ دیکھتا سنتا
ہے (11) آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں اسی کے ہاتھ میں ہیں' وہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے
اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے' بیشک وہ ہر چیز سے واقف ہے (12) اس نے تمہارے لئے دین
کا وہی رستہ مقرر کیا جس (کے اختیار کرنے) کا نوحؑ کو حکم دیا تھا' اور جس کی (اے محمدؐ) ہم نے تمہاری طرف
وحی بھیجی ہے' اور جس کا ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو حکم دیا تھا' وہ یہ کہ دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا۔
جس چیز کی طرف تم مشرکوں کو بلاتے ہو وہ ان کو دشوار گزرتی ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی بارگاہ کا برگزیدہ کر
لیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرے اسے اپنی طرف رستہ دکھا دیتا ہے (13) اور یہ لوگ جو الگ الگ ہوئے
ہیں تو علم (حق) آ چکنے کے بعد آپس کی ضد سے (ہوئے ہیں) اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک وقت
مقرر تک کے لئے بات نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا اور جو لوگ ان کے بعد (خدا کی) کتاب کے
وارث ہوئے وہ اس سے شُبہے کی اُلجھن میں (پھنسے ہوئے) ہیں (14) تو (اے محمدؐ) اسی (دین کی) طرف
(لوگوں کو) بلاتے رہنا اور جیسا تم کو حکم ہوا ہے (اسی پر) قائم رہنا اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا اور کہہ دو کہ
جو کتاب خدا نے نازل فرمائی ہے میں اس پر ایمان رکھتا ہوں اور مجھے حکم ہوا ہے کہ تم میں انصاف کروں۔ خدا ہی
ہمارا اور تمہارا پروردگار ہے۔ ہم کو ہمارے اعمال (کا بدلا ملے گا) اور تم کو تمہارے اعمال کا۔ ہم میں اور تم میں کچھ
بحث وتکرار نہیں' خدا ہم (سب) کو اکٹھا کرے گا اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (15)

مشکل الفاظ کے معانی:

- نسل، قسم، ہم صفت
- 1۔طریقہ 2۔بڑھاتا
- 1۔چابیاں 2۔پاس ہیں 3۔زیادہ، کھلا
- اپنانے، پیروی کرنے
- 1۔مضبوط رکھنا، ثابت رکھنا 2۔باہم دشمنی نہ کرنا
- 1۔مشکل لگتی ہے 2۔دربار، حضور 3۔عزت والا
- 1۔توجہ کرے، جھکے 2۔فرقہ بندی ہوئی
- سچ
- 1۔طے شدہ 2۔فیصلہ ہونا
- 1۔مالک 2۔شک 3۔بے چینی
- 1۔مضبوط رہنا 2۔پیچھے چلنا
- مباحثہ، جھگڑا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	حوالہ جات

وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِى اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ
عَذَابٌ شَدِيْدٌ ⑯ اَللّٰهُ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ⑰
يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ
يُمَارُوْنَ فِى السَّاعَةِ لَفِىْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ⑱ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِىُّ الْعَزِيْزُ ⑲ مَنْ
كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِىْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ
نَّصِيْبٍ ⑳ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِىَ
بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ㉑ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِىْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ㉒

اور جو لوگ خدا (کے دین کے بارے میں) بعد اس کے کہ اسے (سچا دین) مان لیا ہو، جھگڑتے ہیں ان کے
پروردگار کے نزدیک ان کا جھگڑا لغو[1] ہے اور ان پر (خدا کا) غضب[2] اور ان کے لئے سخت عذاب ہے (16)
خدا ہی تو ہے جس نے سچائی کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور (عدل و انصاف کی) ترازو۔ اور تم کو کیا معلوم
شاید قیامت قریب ہی آ پہنچی ہو (17) جو لوگ اس پر ایمان نہیں رکھتے وہ اس کے لئے جلدی کر رہے ہیں
اور جو مومن ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے۔ دیکھو جو لوگ قیامت میں جھگڑتے
ہیں، وہ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں (18) خدا اپنے بندوں پر مہربان ہے، وہ جس کو چاہتا ہے رزق دیتا
ہے وہ زوروالا (اور) زبردست[1] ہے (19) جو شخص آخرت کی کھیتی[2] کا خواستگار[3] ہو اس کو ہم اس میں سے
دے دیں گے۔ اور جو دنیا کی کھیتی کا خواستگار ہو اس کو ہم اس میں سے دے دیں گے اور اس کا آخرت میں
کچھ حصہ نہ ہوگا (20) کیا ان کے وہ شریک ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کیا ہے، جس کا خدا
نے حکم نہیں دیا اور اگر فیصلے (کے دن) کا وعدہ نہ ہوتا تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا اور جو ظالم ہیں ان کے لئے
درد دینے والا عذاب ہے (21) تم دیکھو گے کہ ظالم اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈر رہے ہوں گے۔ وہ
ان پر پڑ کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ بہشت کے باغوں میں ہوں گے وہ
جو کچھ چاہیں گے ان کے لئے ان کے پروردگار کے پاس (موجود) ہوگا یہی بڑا فضل ہے (22)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ بے ہودہ، فضول بات 2۔ غصہ
- حقیقت، سچائی
- دوسرے کونے، آخری حد
- 1۔ طاقت والا 2۔ ثمر، پھل 3۔ خواہشمند
- سامنے لائے، طے کیا
- وزن، بوجھ
- ضرور نازل ہوگا
- مہربانی

حوالہ جات:
- مومن:69

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	حوالہ جات

ذٰلِكَ الَّذِىْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِى
الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿23﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ
فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿24﴾
وَهُوَ الَّذِىْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿25﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿26﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ
لَبَغَوْا فِى الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿27﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ
مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿28﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ
دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿29﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ
كَثِيْرٍ ﴿30﴾ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۖۚ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿31﴾

یہی وہ (انعام ہے) جس کی خدا اپنے ان بندوں کو جو ایمان لاتے اور عمل نیک کرتے ہیں بشارت دیتا ہے۔ کہہ دو کہ میں اس کا تم سے صلہ نہیں مانگتا مگر (تم کو) قرابت کی محبت (تو چاہیئے) اور جو کوئی نیکی کرے گا ہم اس کے لئے اس میں ثواب بڑھائیں گے۔ بیشک خدا بخشنے والا قدردان ہے (23) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبرؐ نے خدا پر جھوٹ باندھ لیا ہے؟ اگر خدا چاہے تو (اے محمدؐ) تمہارے دل پر مہر لگا دے اور خدا جھوٹ کو نابود کرتا اور اپنی باتوں سے حق کو ثابت کرتا ہے۔ بیشک وہ سینے تک کی باتوں سے واقف ہے (24) اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا اور (ان کے) قصور معاف فرماتا ہے اور جو تم کرتے ہو (سب) جانتا ہے (25) اور جو ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کی (دعا) قبول فرماتا اور ان (کی ہدایت) کو اپنے فضل سے بڑھاتا ہے۔ اور جو کافر ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے (26) اور اگر خدا اپنے بندوں کے لئے رزق میں فراخی کر دیتا تو زمین میں فساد کرنے لگتے لیکن وہ جو چیز چاہتا ہے اندازے کے ساتھ نازل کرتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کو جانتا اور دیکھتا ہے (27) اور وہی تو ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا اور اپنی رحمت کی برکت کو پھیلا دیتا ہے۔ اور وہ کارساز اور سزاوار تعریف ہے (28) اور اسی کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور ان جانوروں کا جو اس نے ان میں پھیلا رکھے ہیں۔ اور وہ جب چاہے ان کے جمع کر لینے پر قادر ہے (29) اور جو مصیبت تم پر واقع ہوتی ہے سو تمہارے اپنے فعلوں سے اور وہ بہت سے گناہ تو معاف ہی کر دیتا ہے (30) اور تم زمین میں (خدا کو) عاجز نہیں کر سکتے اور خدا کے سوا نہ تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار (31)

مشکل الفاظ کے معانی

- بشارت: خوشخبری
- صلہ، قرابت: 1۔ بدلا، معاوضہ 2۔ نزدیکی
- ثواب، قدردان: 1۔ اجر، نیک بدلا 2۔ احساس کرنے والا
- نابود: ختم
- حق، ثابت، سینے تک کی باتوں: 1۔ سچائی 2۔ سامنے لاتا 3۔ چھپی بات
- قصور: غلطی، کوتاہی
- فراخی کر دیتا، فساد: 1۔ کھلا دے دیتا، کشادگی کر دیتا 2۔ خرابی، شرک
- مینہ، کارساز: 1۔ بارش 2۔ کام بنانے والا
- سزاوار تعریف: مستحق، لائق
- پھیلا رکھے، قادر: 1۔ بکھیر رکھے 2۔ طاقت رکھنا
- واقع ہوتی ہے، فعلوں: 1۔ آتی ہے 2۔ عملوں
- عاجز، سوا: 1۔ ہرانا، زیر کرنا 2۔ علاوہ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	حوالہ جات

سُوْرَةُ الشُّوْرٰى

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِى الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿32﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿33﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿34﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِىْٓ
اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿35﴾ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿36﴾ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ
يَغْفِرُوْنَ ﴿37﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿38﴾
وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْىُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿39﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿40﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿41﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى
الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿42﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ
ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿43﴾

اوراسی کی نشانیوں میں سے سمندر کے جہاز ہیں (جو) گویا پہاڑ (ہیں) (32) اگر (خدا) چاہے تو ہوا کو ٹھہرادے اور جہاز
اس کی سطح پر کھڑے رہ جائیں' تمام صبر اور شکر کرنے والوں کے لئے ان (باتوں) میں قدرت خدا کے نمونے ہیں (33) یا
ان کے اعمال کے سبب ان کو تباہ کردے اور بہت سے قصور معاف کردے (34) اور جو لوگ ہماری آیتوں میں
جھگڑتے ہیں وہ جان لیں کہ ان کے لئے خلاصی نہیں (35) (لوگو) جو (مال ومتاع) تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی
زندگی کا (ناپائیدار) فائدہ ہے' اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے۔ (یعنی) ان لوگوں کے
لئے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں (36) اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے
کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کردیتے ہیں (37) اور جو اپنے پروردگار کا فرمان
قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں' اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا
فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (38) اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم وتعدی ہو تو (مناسب طریقے
سے) بدلا لیتے ہیں (39) اور بُرائی کا بدلا تو اسی طرح کی بُرائی ہے مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کو) درست
کردے تو اس کا بدلا خدا کے ذمے ہے۔ اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا (40) اور
جس پر ظلم ہوا ہو اگر وہ اس کے بعد انتقام لے تو ایسے لوگوں پر کچھ الزام نہیں (41) الزام تو ان لوگوں پر
ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ملک میں ناحق فساد پھیلاتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کو تکلیف دینے والا
عذاب ہوگا (42) اور جو صبر کرے اور قصور معاف کردے تو یہ ہمت کے کام ہیں (43)

- 1۔ جیسے کہ 2۔ بالکل روک دے
- خدا کی طاقت یا صلاحیت کی نشانیاں ہیں
- 1۔ کی وجہ سے 2۔ غلطی، کوتاہی
- 1۔ یقین کرلیں 2۔ چھٹکارا نہیں، بخشش نہیں 3۔ ساز وسامان
- عارضی
- اعتماد، یقین
- 1۔ بچتے ہیں 2۔ حکم
- زور زبردستی
- 1۔ انتقام 2۔ معاف کردے 3۔ جھگڑے
- گلہ، شکوہ، گناہ
- 1۔ خواہ مخواہ، جھوٹا 2۔ خرابی، شرک
- 1۔ غلطی 2۔ حوصلہ، طاقت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى	حوالہ جات
	وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ	
	سَبِيْلٍ ﴿44﴾ وَتَرٰهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ	
	الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿45﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ	
	مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿46﴾ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ	
	يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿47﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ	
	عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا	
	قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿48﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا	
	وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿49﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿50﴾	
	وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿51﴾	
	اور جس شخص کو خدا گمراہ کرے تو اس کے بعد اس کا کوئی دوست نہیں' اور تم ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ (دوزخ	
راستہ، طریقہ، صورت	کا) عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی بھی کوئی سبیل ہے؟ (44) اور تم ان کو دیکھو	
1۔رسوائی 2۔تکبر کا اُلٹ	گے کہ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے' ذلت سے عاجزی کرتے ہوئے چھپی (اور نیچی) نگاہ سے دیکھ رہے	
نقصان	ہوں گے۔ اور مومن لوگ کہیں گے کہ خسارہ اٹھانے والے تو وہ ہیں' جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور	
	اپنے گھر والوں کو خسارے میں ڈالا۔ دیکھو کہ بے انصاف لوگ ہمیشہ کے دُکھ میں (پڑے) رہیں گے (45) اور	
علاوہ	خدا کے سوا ان کے کوئی دوست نہ ہوں گے کہ خدا کے سوا ان کو مدد دے سکیں اور جس کو خدا گمراہ کرے اس کے	
1۔اس سے پہلے 2۔لازمی ہونا	لئے (ہدایت کا) کوئی رستہ نہیں (46) (ان سے کہہ دو کہ) قبل اس کے کہ وہ دن جو ٹلے گا نہیں' خدا کی طرف	
چھپنے کی جگہ	سے آموجود ہو' اپنے پروردگار کا حکم قبول کرو۔ اس دن تمہارے لئے نہ کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تم سے گناہوں کا	
محافظ، نگران	انکار ہی بن پڑے گا (47) پھر اگر یہ منہ پھیر لیں تو ہم نے تم کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا تمہارا کام تو صرف	
	(احکام کو) پہنچا دینا ہے اور جب ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے' اور اگر ان کو	
مہربانیوں	ان ہی کے اعمال کے سبب کوئی سختی پہنچتی ہے تو (سب احسانوں کو بُھول جاتا ہے) بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے	
	(48) (تمام) بادشاہت خدا ہی کی ہے آسمانوں کی بھی اور زمین کی بھی۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے' جسے	
1۔دیتا ہے 2۔دیتا ہے	چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے بخشتا ہے (49) یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت	
طاقت، صلاحیت	فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔ وہ تو جاننے والا (اور) قدرت والا ہے (50) اور کسی	
	آدمی کے لئے ممکن نہیں کہ خدا اس سے بات کرے مگر وحی (کے ذریعے) سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی	
ڈالنا	فرشتہ بھیج دے تو وہ خدا کے حکم سے جو خدا چاہے القا کرے۔ بیشک وہ عالی رُتبہ (اور) حکمت والا ہے (51)	شعراء:194

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشُّوْرٰى ، سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِىْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا
نَّهْدِىْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِىْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿52﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿53﴾

حٰمٓ ﴿1﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿3﴾ وَاِنَّهٗ فِىْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِىٌّ
حَكِيْمٌ ﴿4﴾ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿5﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِىٍّ فِى
الْاَوَّلِيْنَ ﴿6﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِىٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿7﴾ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿8﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿9﴾ الَّذِىْ جَعَلَ
لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿10﴾ وَالَّذِىْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ
فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿11﴾

اوراسی طرح ہم نے اپنے حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے ذریعے سے (قرآن) بھیجا ہے۔ تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں اور بیشک (اے محمدؐ) تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو (52) (یعنی) خدا کا رستہ جو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے۔ دیکھو سب کام خدا کی طرف رجوع ہوں گے (اور وہی ان میں فیصلہ کرے گا) (53)

روح القدس: پاک روح، جبرائیل
رجوع: واپس ہونا، جھکنا

ترجمہ سورت زخرف

حٰمٓ (1) کتاب روشن کی قسم (2) کہ ہم نے اس کو قرآن عربی بنایا ہے تاکہ تم سمجھو (3) اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت[1] (اور) حکمت[2] والی ہے (4) بھلا اس لئے کہ تم حد سے نکلے ہوئے لوگ ہو ہم تم کو نصیحت کرنے سے باز رہیں گے (5) اور ہم نے پہلے لوگوں میں بھی بہت سے پیغمبرؑ بھیجے تھے (6) اور کوئی پیغمبرؑ ان کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اس سے تمسخر کرتے تھے (7) تو جوان میں سخت زور والے تھے ان کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کی حالت گزر گئی (8) اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو کہہ دیں گے کہ ان کو غالب اور علم والے (خدا) نے پیدا کیا ہے (9) جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمہارے لئے رستے بنائے تاکہ تم راہ معلوم کرو (10) اور جس نے ایک اندازے کے ساتھ آسمان سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس سے شہر مردہ کو زندہ کر دیا اسی طرح تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے (11)

حٰمٓ: متشابہ، عمران:7
فضیلت، حکمت: 1۔ برتری 2۔ دانائی
باز رہیں گے: منع ہونا، پیچھے ہونا
تمسخر: ہنسی مذاق
گزر گئی: ماضی بن گئے
شہر مردہ: مری ہوئی زمین

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ

وَالَّذِىْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ⑫ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ
تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِىْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ⑬ وَاِنَّآ
اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ⑭ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ⑮ؕ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ
وَّاَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ⑯ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ⑰ اَوَ
مَنْ يُّنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِى الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ⑱ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ
اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ⑲ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ
مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ⑳ؕ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ㉑ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ
اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ㉒ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِىْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ
مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ㉓

اور جس نے تمام قسم کے حیوانات پیدا کئے اور تمہارے لئے کشتیاں اور چار پائے بنائے' جن پر تم سوار ہوتے ہو
(12) تا کہ تم ان کی پیٹھ پر چڑھ بیٹھو اور جب ان پر بیٹھ جاؤ پھر اپنے پروردگار کے احسان کو یاد کرو اور کہو کہ وہ
پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے (13) اور ہم
اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (14) اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کے لئے
اولاد مقرر کی۔ بیشک انسان صریح ناشکرا ہے (15) کیا اس نے اپنی مخلوقات میں سے خود تو بیٹیاں لیں اور تم کو
چُن کر بیٹے دیئے (16) حالانکہ جب ان میں سے کسی کو اس چیز کی خوشخبری دی جاتی ہے جو انہوں نے خدا کے
لئے بیان کی ہے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے (17) کیا وہ جو زیور میں پرورش پائے اور
جھگڑے کے وقت بات نہ کر سکے (اسے ایسی نسبت دیتے ہیں؟) (18) اور انہوں نے فرشتوں کو کہ وہ بھی خدا
کے بندے ہیں (خدا کی) بیٹیاں مقرر کیا۔ کیا یہ ان کی پیدائش کے وقت حاضر تھے؟ عنقریب ان کی شہادت لکھ
لی جائے گی اور ان سے باز پرس کی جائے گی (19) اور کہتے ہیں کہ اگر خدا چاہتا تو ہم ان کو نہ پوجتے۔ ان کو اس
کا کچھ علم نہیں یہ تو صرف اٹکلیں دوڑا رہے ہیں (20) یا ہم نے ان کو اس سے پہلے کوئی کتاب دی تھی تو یہ اس سے
سند پکڑتے ہیں (21) بلکہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رستے پر پایا ہے اور ہم انہی کے قدم بقدم
چل رہے ہیں (22) اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے کسی بستی میں ہدایت کرنے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال
لوگوں نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راہ پر پایا ہے اور ہم قدم بقدم انہی کے پیچھے چلتے ہیں (23)

مشکل الفاظ کے معانی

- کمر
- 1۔حکم کے نیچے 2۔کنٹرول، اختیار
- واپس
- صاف، سیدھا
- انتخاب کر کے
- 1۔ناخوش ہوتا ہے 2۔بہت زیادہ دکھ ہونا
- حوالہ دینا، منسوب کرنا
- گواہی
- 1۔پوچھ گچھ 2۔پرستش کرتے
- خیالی اندازے لگانا
- 1۔دلیل 2۔بالکل ویسے ہی پیچھے چلنا
- 1۔آبادی 2۔امیر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّخْرُف	حوالہ جات

قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿24﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿25﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿26﴾ اِلَّا الَّذِيْ
فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿27﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿28﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ
حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿29﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿30﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا
نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿31﴾ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ
مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ
وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿32﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ
لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿33﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُوْنَ ﴿34﴾ وَزُخْرُفًا ؕ
وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿35﴾

پیغمبرؑ نے کہا اگرچہ میں تمہارے پاس ایسا (دین) لاؤں کہ جس رستے پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا' وہ اس
سے کہیں سیدھا رستہ دکھاتا ہے' کہنے لگے کہ جو (دین) تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے (24) تو ہم
نے ان سے انتقام لیا سو دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا (25) اور جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور
اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ جن چیزوں کو تم پُوجتے ہو میں ان سے بیزار ہوں (26) ہاں جس نے مجھ کو پیدا
کیا' وہی مجھے سیدھا رستہ دکھائے گا (27) اور یہی بات اپنی اولاد میں پیچھے چھوڑ گئے تاکہ وہ (خدا کی طرف)
رجوع کریں (28) بات یہ ہے کہ میں ان کفار کو اور ان کے باپ دادا کو متمتع کرتا رہا۔ یہاں تک کہ ان کے
پاس حق اور صاف صاف بیان کرنے والا پیغمبرؑ آ پہنچا (29) اور جب ان کے پاس حق (یعنی قرآن) آیا تو
کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اس کو نہیں مانتے (30) اور (یہ بھی) کہنے لگے کہ یہ قرآن ان دونوں بستیوں
میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہ کیا گیا؟ (31) کیا یہ لوگ تمہارے پروردگار کی رحمت کو بانٹتے ہیں؟ ہم
نے ان میں ان کی معیشت کو دنیا کی زندگی میں تقسیم کر دیا اور ایک دوسرے پر درجے بلند کئے' تاکہ ایک دوسرے
سے خدمت لیں۔ اور جو کچھ یہ جمع کرتے ہیں تمہارے پروردگار کی رحمت اس سے کہیں بہتر ہے (32) اور اگر یہ
خیال نہ ہوتا کہ سب لوگ ایک ہی جماعت ہو جائیں گے تو جو لوگ خدا سے انکار کرتے ہیں ہم ان کے گھروں کی
چھتیں چاندی کی بنا دیتے اور سیڑھیاں (بھی) جن پر وہ چڑھتے ہیں (33) اور ان کے گھروں کے دروازے
بھی اور تخت بھی جن پر تکیہ لگاتے ہیں (34) اور (خوب) تجمل و آرائش (کر دیتے) اور یہ سب دنیا کی زندگی
کا تھوڑا سا سامان ہے اور آخرت تمہارے پروردگار کے ہاں پرہیز گاروں کے لئے ہے (35)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ بدلا لینا 2۔ آخیر، نتیجہ
- ناخوش ہوں
- 1۔ توجہ کریں، جھکے رہیں 2۔ فائدہ دینا
- سچائی
- آبادیوں
- 1۔ روزگارِ زندگی، ضروریات زندگی 2۔ مرتبے
- بہت زیادہ
- ایک مہنگی دھات
- سجاوٹ، شان

حوالہ جات: توبہ:101، فتح:24

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ	حوالہ جات

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿36﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ
وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿37﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿38﴾
وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿39﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ
وَمَنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿40﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿41﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا
عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿42﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِىْٓ اُوْحِىَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿43﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ
وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿44﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ ۙ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً
يُّعْبَدُوْنَ ﴿45﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّىْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿46﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ
بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿47﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِىَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿48﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿49﴾

اور جو کوئی خدا کی یاد سے آنکھیں بند کرلے[1] ہم اس پر ایک شیطان مقرر کردیتے ہیں[2] تو وہ اس کا ساتھی ہوجاتا ہے (36)
اور یہ (شیطان) ان کو رستے سے روکتے رہتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ سیدھے رستے پر ہیں (37) یہاں تک کہ
جب ہمارے پاس آئے گا تو کہے گا کہ اے کاش[1] مجھ میں اور تجھ میں مشرق ومغرب کا فاصلہ ہوتا![2] تُو بُرا ساتھی ہے (38)
اور جب تم ظلم کرتے رہے تو آج تمہیں یہ بات فائدہ نہیں دے سکتی کہ تم (سب) عذاب میں شریک ہو (39) کیا
تم بہرے کو سنا سکتے ہو؟ یا اندھے کو رستہ دکھا سکتے ہو؟ اور جو صریح گمراہی میں ہو اُسے (راہ پر لا سکتے ہو؟) (40)
اگر ہم تم کو (وفات دے کر) اٹھالیں تو ان لوگوں سے تو ہم انتقام لے کر رہیں گے (41) یا (تمہاری زندگی ہی
میں) تمہیں وہ (عذاب) دکھا دیں گے جن کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ہم ان پر قابو رکھتے ہیں (42) پس
تمہاری طرف جو وحی کی گئی ہے اس کو مضبوط پکڑے رہو بیشک تم سیدھے رستے پر ہو (43) اور یہ (قرآن)
تمہارے لئے اور تمہاری قوم کے لئے نصیحت ہے اور (لوگو!) تم سے عنقریب[1] پرسش[2] ہوگی (44) اور (اے محمدؐ)
جو اپنے پیغمبرؑ ہم نے تم سے پہلے بھیجے ہیں ان (کے اس کتاب میں موجود حالات) سے (ہی) معلوم کرلو، کیا ہم
نے (خدائے) رحمٰن کے سوا[1] اور معبود[2] بنائے تھے کہ ان کی عبادت[3] کی جائے (45) اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں دے
کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا میں اپنے پروردگار عالم کا بھیجا ہوا ہوں (46) جب ان
کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آئے تو وہ نشانیوں سے ہنسی کرنے لگے (47) اور جو نشانی ہم ان کو دکھاتے تھے وہ دوسری
سے بڑی ہوتی تھی اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا تاکہ باز آئیں (48) اور کہنے لگے کہ اے جادوگر! اس عہد کے
مطابق جو تیرے پروردگار نے تجھ سے کر رکھا ہے اس سے دعا کر۔ بیشک ہم ہدایت یاب ہو جائیں گے (49)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔چھوڑ دے، مکمل غافل ہوجائے 2۔لگا دیتے ہیں
- 1۔افسوس کا کلمہ 2۔بہت زیادہ دوری ہوتی
- شامل
- صاف
- بدلا لینا
- کنٹرول
- 1۔بہت جلد 2۔پوچھ گچھ
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔اللہ کا حکم ماننا
- ساتھیوں
- منع ہوجائیں، رُک جائیں

حوالہ جات

نساء:158،مریم:57،56

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿50﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِىْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِىْ مُلْكُ مِصْرَ
وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِىْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿51﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِىْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿52﴾
فَلَوْلَآ اُلْقِىَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿53﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ
كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿54﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿55﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا
لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿56﴾ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿57﴾ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ
لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿58﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿59﴾ وَلَوْ
نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِى الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿60﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا
صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿61﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿62﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ
جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِىْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿63﴾

سو جب ہم نے ان سے عذاب کو دُور کر دیا تو وہ عہد شکنی کرنے لگے (50) اور فرعون نے اپنی قوم کو پکار کر
کہا کہ اے قوم کیا مصر کی حکومت میرے ہاتھ میں نہیں ہے؟ اور یہ نہریں جو میرے (محلوں کے) نیچے بہہ رہی
ہیں (میری نہیں ہیں؟) کیا تم دیکھتے نہیں؟ (51) بیشک میں اس شخص سے جو کچھ عزت نہیں رکھتا اور صاف
گفتگو بھی نہیں کر سکتا' کہیں بہتر ہوں (52) تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ اُتارے گئے؟ یا فرشتے جمع
ہو کر اس کے ساتھ آتے (53) غرض اس نے اپنی قوم کی عقل ماردی اور انہوں نے اس کی بات مان لی۔
بیشک وہ نافرمان لوگ تھے (54) جب انہوں نے ہم کو خفا کیا تو ہم نے ان سے انتقام لے کر اور سب کو ڈبو
کر چھوڑا (55) اور ان کو گئے گزرے کر دیا اور پچھلوں کے لئے عبرت بنا دیا (56) اور جب مریمؑ کے
بیٹے (عیسیٰؑ) کا حال بیان کیا گیا تو تمہاری قوم کے لوگ اس سے چلّا اٹھے (57) اور کہنے لگے کہ بھلا
ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ (جانور)، انہوں نے عیسیٰؑ کی جو مثال بیان کی ہے تو صرف جھگڑنے کو۔
حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو (58) وہ تو ہمارے ایسے بندے تھے جن پر ہم نے فضل کیا اور اولادِ اسرائیل
کے لئے ان کو (اپنی قدرت کا) نمونہ بنا دیا (59) اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے بنا دیتے جو تمہاری جگہ
زمین میں رہتے (60) اور وہ قیامت کی نشانی ہیں تو (کہہ دو کہ لوگو!) اس میں شک نہ کرو اور میرے پیچھے چلو۔ یہی
سیدھا رستہ ہے (61) اور شیطان تم کو (اس راستے سے) روک نہ دے وہ تو تمہارا اعلانیہ دشمن ہے (62) اور جب
عیسیٰؑ نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ میں تمہارے پاس دانائی (کی کتاب) لے کر آیا ہوں۔ نیز اس لئے
کہ بعض باتیں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو تم کو سمجھا دوں تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو (63)

مشکل الفاظ کے معانی:

- وعدہ توڑنا
- 1۔بول چال 2۔بہت زیادہ 3۔کلائی کا ایک زیور
- بیوقوف بنا دیا
- 1۔بے راہ، گمراہ 2۔ناراض
- 1۔بھولے بسرے 2۔نصیحت، سبق
- شور شرابا کرنا
- مشرکوں کے شریک
- سچائی
- 1۔طاقت، صلاحیت 2۔مثال
- 1۔عقل 2۔مزید
- چند، کچھ

حوالہ جات:

- نمل:82

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ	حوالہ جات

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿64﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿65﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿66﴾ اَلْاَخِلَّآءُ
يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿67﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿68﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿69﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿70﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ
وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿71﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿72﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿73﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ
خٰلِدُوْنَ ﴿74﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿75﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿76﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ
لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿77﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿78﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا
اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿79﴾

کچھ شک نہیں کہ خدا ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے پس اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا رستہ ہے (64) پھر
کتنے فرقے ان میں سے پھٹ گئے۔ سو جو لوگ ظالم ہیں ان کو درد دینے والے دن کے عذاب سے خرابی ہے
(65) یہ صرف اس بات کے منتظر ہیں کہ قیامت ان پر ناگہاں آ موجود ہو اور ان کو خبر تک نہ ہو (66)
(جو آپس میں) دوست (ہیں) اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے‘ مگر پرہیزگار (کہ باہم دوست ہی
رہیں گے) (67) میرے بندو! آج تمہیں نہ کچھ خوف ہے اور نہ تم غمناک ہو گے (68) جو لوگ ہماری
آیتوں پر ایمان لائے اور فرمانبردار ہو گئے (69) (ان سے کہا جائے گا) کہ تم اور تمہاری بیویاں عزت کے
ساتھ بہشت میں داخل ہو جاؤ (70) ان پر سونے کی پرچوں اور پیالوں کا دور چلے گا‘ اور وہاں جو جی چاہے
اور جو آنکھوں کو اچھا لگے (موجود ہو گا) اور (اے اہل جنت) تم اس میں ہمیشہ رہو گے (71) اور یہ جنت
جس کے تم مالک کر دیئے گئے ہو تمہارے اعمال کا صلہ ہے (72) وہاں تمہارے لئے بہت سے میوے ہیں‘
جن کو تم کھاؤ گے (73) (اور کفار) گنہگار ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں رہیں گے (74) جو ان سے ہلکا نہ کیا
جائے گا اور وہ اس میں نااُمید ہو کر پڑے رہیں گے (75) اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا‘ بلکہ وہی (اپنے آپ پر)
ظلم کرتے تھے (76) اور پکاریں گے کہ اے مالک تمہارا پروردگار ہمیں موت دے دے۔ وہ کہے گا کہ
تم ہمیشہ (اسی حالت میں) رہو گے (77) ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے لیکن تم اکثر حق سے ناخوش
ہوتے رہے (78) کیا انہوں نے کوئی بات ٹھہرا رکھی ہے تو ہم بھی کچھ ٹھہرانے والے ہیں (79)

مشکل الفاظ کے معانی:

- اللہ کا حکم ماننا
- 1۔الگ الگ ہونا 2۔نقصان
- 1۔انتظار کرنا 2۔اچانک
- 1۔فرمانبردار 2۔ایک دوسرے کے
- پریشان، غم زدہ
- محفل ہوگی
- 1۔بدلا 2۔پھل وغیرہ
- کم
- 1۔سچائی، آیاتِ الٰہی 2۔زیادہ تر
- باقی چھوڑی ہے

حوالہ جات:

فاطر:36

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الزُّخْرُف ، سُوْرَةُ الدُّخَان	حوالہ جات

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿80﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ
فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿81﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿82﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا
وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿83﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ
الْعَلِيْمُ ﴿84﴾ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿85﴾
وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ
خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿87﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿89﴾

حٰمۗ ﴿1﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿3﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿4﴾

کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتوں اور سرگوشیوں کو سنتے نہیں۔ ہاں ہاں (سب سنتے ہیں) اور ہمارے فرشتے ان کے پاس (ان کی) سب باتیں لکھ لیتے ہیں (80) کہہ دو کہ اگر خدا کے اولاد ہو تو میں (آپ سب سے) پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوں (81) یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں آسمانوں اور زمین کا مالک (اور) عرش کا مالک اس سے پاک ہے (82) تو ان کو بک بک کرنے اور کھیلنے دو یہاں تک کہ جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کو دیکھ لیں (83) اور وہی (ایک) آسمانوں میں معبود ہے اور (وہی) زمین میں معبود ہے اور وہ دانا (اور) علم والا ہے (84) اور وہ بہت بابرکت ہے، جس کے لئے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان دونوں میں ہے، سب کی بادشاہت ہے اور اسی کو قیامت کا علم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے (85) اور جن کو یہ لوگ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ سفارش کا کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ ہاں جو علم ویقین کے ساتھ حق کی گواہی دیں (وہ سفارش کر سکتے ہیں) (86) اور اگر تم ان سے پوچھو کہ ان کو کس نے پیدا کیا ہے۔ تو کہہ دیں گے کہ خدا نے۔ تو پھر یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں (87) اور (بسا اوقات پیغمبر) کہا کرتے ہیں کہ اے پروردگار! یہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان نہیں لاتے (88) تو ان سے منہ پھیر لو اور سلام کہہ دو۔ ان کو عنقریب (انجام) معلوم ہو جائے گا (89)

ترجمہ سورت دخان

*حٰـمٓ (1) اس کتاب روشن کی قسم (2) کہ ہم نے اس کو مبارک رات میں نازل فرمایا ہم تو سیدھا رستہ دکھانے والے ہیں (3) اسی رات میں تمام حکمت کے کام فیصل کئے جاتے ہیں (4)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔چھپی 2۔کاناپھوسی
- 1۔اللہ کاحکم ماننا 2۔باتیں کہتے
- بیہودہ یانامناسب باتیں کرنا
- جس کاشرعی حکم ماناجائے
- بہت عقل والا
- 1۔علاوہ 2۔سچی بات کی
- اکثر، عام طور پر
- 1۔کنارے ہوجاؤ 2۔آخر،نتیجہ
- 1۔دانائی،عقل 2۔فیصلہ ہونا

حوالہ جات:

- متشابہ،عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدُّخَانِ	حوالہ جات

اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۚ﴿5﴾ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ﴿6﴾ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿7﴾ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿8﴾ بَلْ هُمْ فِيْ
شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿9﴾ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿10﴾ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿11﴾ رَبَّنَا
اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿12﴾ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿13﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ
وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۘ﴿14﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۘ﴿15﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا
مُنْتَقِمُوْنَ ﴿16﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۙ﴿17﴾ اَنْ اَدُّوْۤا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ
رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۙ﴿18﴾ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْۤ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۚ﴿19﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ
تَرْجُمُوْنِ ۚ﴿20﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿21﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿22﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ
مُّتَّبَعُوْنَ ۙ﴿23﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿24﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۙ﴿25﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۙ﴿26﴾

(یعنی) ہمارے ہاں سے حکم ہوکر۔ بیشک ہم ہی (فرشتوں کو) بھیجتے ہیں (5) (یہ) تمہارے پروردگار کی رحمت
ہے وہ تو سننے والا جاننے والا ہے (6) جو کہ آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک
ہے بشرطیکہ تم لوگ یقین کرنے والے ہو (7) اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہی) جلاتا ہے اور (وہی)
مارتا ہے۔ (وہی) تمہارا اور تمہارے باپ دادا کا پروردگار ہے (8) لیکن یہ لوگ شک میں کھیل رہے ہیں (9) تو
اس دن کا انتظار کرو کہ آسمان سے صریح دھواں نکلے گا (10) جو لوگوں پر چھا جائے گا یہ درد دینے والا عذاب ہے
(11) اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو دور کر ہم ایمان لاتے ہیں (12) (اس وقت) ان کو
نصیحت کہاں مفید ہوگی جبکہ ان کے پاس پیغمبرؑ آ چکے جو کھول کھول کر بیان کر دیتے ہیں (13) پھر انہوں نے
ان سے منہ پھیر لیا اور کہنے لگے (یہ تو) پڑھایا ہوا (اور) دیوانہ ہے (14) ہم تو تھوڑے دنوں عذاب ٹال دیتے ہیں
(مگر) تم پھر کفر کرنے لگتے ہو (15) جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے تو بیشک انتقام لے کر چھوڑیں گے (16)
اور ان سے پہلے ہم نے قوم فرعون کی آزمائش کی اور ان کے پاس ایک عالی قدر پیغمبرؑ آئے (17)
(جنہوں نے) یہ (کہا) کہ خدا کے بندوں (یعنی اولادِ اسرائیل) کو میرے حوالے کر دو۔ میں تمہارا امانت دار
پیغمبرؑ ہوں (18) اور خدا کے سامنے سرکشی نہ کرو میں تمہارے پاس کھلی دلیل لے کر آیا ہوں (19) اور
(اس بات) سے کہ تم مجھے سنگسار کرو اپنے اور تمہارے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں (20) اور اگر تم مجھ پر
ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہو جاؤ (21) تب موسیٰؑ نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ یہ نافرمان لوگ
ہیں (22) (خدا نے فرمایا کہ) میرے بندوں کو راتوں رات لے کر چلے جاؤ اور (فرعونی) ضرور تمہارا
تعاقب کریں گے (23) اور دریا سے (کہ) خشک (ہو رہا ہوگا) پار ہو جاؤ (تمہارے بعد) ان کا لشکر ڈبو
دیا جائے گا (24) وہ لوگ بہت سے باغ اور چشمے چھوڑ گئے (25) اور کھیتیاں اور نفیس مکان (26)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔شرط یہ ہے کہ 2۔علاوہ 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 4۔زندگی دیتا ہے

صاف، سیدھا

فائدہ دینا

1۔انکار کیا 2۔سکھایا ہوا 3۔پاگل

بدلا لینا

بڑی عزت والا

رکھنے والا

1۔بغاوت 2۔سند، نشانی

1۔پتھر مار مار کر مار دینا 2۔حفاظت

رات ہی کو

1۔پیچھا 2۔فوج

عُمدہ

حوالہ جات:

قدر: 4، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدُّخَانِ	حوالہ جات

وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿27﴾ كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿28﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ
وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿29﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿30﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ
الْمُسْرِفِيْنَ ﴿31﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿32﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿33﴾ اِنَّ
هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿34﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿35﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿36﴾ اَهُمْ
خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ اَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿37﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿38﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿40﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿41﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ
الرَّحِيْمُ ﴿42﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿43﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿44﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿45﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿46﴾ خُذُوْهُ
فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿47﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿48﴾

اور آرام کی چیزیں جن میں عیش کیا کرتے تھے (27) اسی طرح (ہوا) اور ہم نے دوسرے لوگوں کو ان چیزوں
کا مالک بنا دیا (28) پھر ان پر نہ تو آسمان کو اور نہ زمین کو رونا آیا اور نہ ان کو مہلت ہی دی گئی (29) اور ہم نے
اولادِ اسرائیل کو ذلت کے عذاب سے نجات دی (30) (یعنی) فرعون سے۔ بیشک وہ سرکش (اور) حد سے نکلا
ہوا تھا (31) اور ہم نے اولادِ اسرائیل کو اہل عالم سے دانستہ منتخب کیا تھا (32) اور ان کو ایسی ہی نشانیاں دی
تھیں جن میں صریح آزمائش تھی (33) یہ لوگ یہ کہتے ہیں (34) کہ ہمیں صرف پہلی دفعہ مرنا ہے اور (پھر)
اٹھنا نہیں (35) پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر) لاؤ (36) بھلا یہ اچھے ہیں یا تُبّع کی قوم اور وہ
لوگ جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں، ہم نے ان (سب) کو ہلاک کر دیا۔ بیشک وہ گنہگار تھے (37) اور ہم نے
آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان میں ہے ان کو کھیلتے ہوئے نہیں بنایا (38) ان کو ہم نے تدبیر سے پیدا کیا ہے
لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (39) کچھ شک نہیں کہ فیصلے کا دن ان سب (کے اٹھنے) کا وقت ہے (40) جس دن
کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ ان کو مدد ملے گی (41) مگر جس پر خدا مہربانی کرے وہ تو غالب
اور مہربان ہے (42) بلاشبہ تھوہر کا درخت (43) گنہگار کا کھانا ہے (44) جیسے پگھلا ہوا تانبا پیٹوں میں (اس
طرح) کھولے گا (45) جس طرح گرم پانی کھولتا ہے (46) (حکم دیا جائے گا کہ) اس کو پکڑ لو اور کھینچتے ہوئے
دوزخ کے بیچوں بیچ لے جاؤ (47) پھر اس کے سر پر کھولتا ہوا پانی انڈیل دو (کہ عذاب پر) عذاب (ہو) (48)

مشکل الفاظ کے معانی:

- عیاشی
- مزید وقت
- 1۔رسوائی 2۔رہائی، چھٹکارا 3۔باغی، مُشرک
- 1۔تمام لوگوں میں سے 2۔جان کر 3۔چُن لینا
- صاف
- کیا؟
- سوچ، حکمتِ عملی
- زیادہ تر
- 1۔بیشک 2۔پگھل جانے والی ایک دھات
- اُبلنا
- 1۔اندر اندر سے ہی 2۔گرا دو

حوالہ جات: جاثیہ:17،16

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدُّخَانِ ، سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ	حوالہ جات
	ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿49﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿50﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿51﴾ فِىْ	
	جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿52﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿53﴾ كَذٰلِكَ ۣ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿54﴾ يَدْعُوْنَ	
	فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿55﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿56﴾	
	فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿57﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿59﴾	
	حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾ اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿3﴾ وَفِىْ	
	خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿4﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ	
	رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿5﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ	
	بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿6﴾	

(اب) مزا چکھ تُو بڑی عزت والا (اور) سردار ہے (49) یہ وہی (دوزخ) ہے جس میں تم لوگ شک کیا
کرتے تھے (50) بیشک پرہیزگار لوگ امن کے مقام میں ہوں گے (51) (یعنی) باغوں اور چشموں میں
(52) حریر کا باریک اور دبیز لباس پہن کر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوں گے (53) (وہاں) اس
طرح (کا حال ہوگا) اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی سفید رنگ کی عورتوں سے ان کے جوڑے لگائیں گے
(54) وہاں خاطر جمع سے ہر قسم کے میوے منگوائیں گے (اور کھائیں گے) (55) (اور) پہلی دفعہ کے
مرنے کے سوا (کہ مر چکے تھے) موت کا مزا نہیں چکھیں گے' اور خدا ان کو دوزخ کے عذاب سے بچا لے گا
(56) یہ تمہارے پروردگار کا فضل ہے' یہی تو بڑی کامیابی ہے (57) ہم نے اس (قرآن) کو تمہاری زبان
میں آسان کر دیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت پکڑیں (58) پس تم بھی انتظار کرو' یہ بھی انتظار کر رہے ہیں (59)

ترجمہ سورت جاثیہ

*حٰمٓ (1) اس کتاب کا اُتارا جانا خدائے غالب (اور) دانا (کی طرف) سے ہے (2) بیشک آسمانوں اور زمین
میں ایمان والوں کے لئے (خدا کی قدرت کی) نشانیاں ہیں (3) اور تمہاری پیدائش میں بھی اور جانوروں میں
بھی' جن کو وہ پھیلاتا ہے' یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں (4) اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے
جانے میں اور وہ جو خدا نے آسمان سے (ذریعۂ) رزق نازل فرمایا۔ پھر اس سے زمین کو اس کے مرجانے کے
بعد زندہ کیا اس میں اور ہواؤں کے بدلنے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں (5) یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم
کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں' تو یہ خدا اور اس کی آیتوں کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے؟ (6)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔آرام،سکون 2۔جگہ
- 1۔ریشمی 2۔مضبوط
- 1۔اطمینان 2۔پھل وغیرہ
- علاوہ
- 1۔نازل کرنا،بھیجا جانا 2۔عقل والا
- طاقت،صلاحیت
- نسل بڑھاتا
- بارش

حوالہ جات:

- تشابہ،عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ الۡجَاثِيَةِ	حوالہ جات

وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ⑦ يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا ۚ فَبَشِّرۡهُ
بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ⑧ وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡـًٔا ۨاتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ⑨ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ
جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡلِيَآءَ ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ⑩
هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِيۡمٌ ⑪ اَللّٰهُ الَّذِىۡ سَخَّرَ لَكُمُ الۡبَحۡرَ
لِتَجۡرِىَ الۡفُلۡكُ فِيۡهِ بِاَمۡرِهٖ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ⑫ وَسَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مِّنۡهُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ⑬ قُلۡ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يَغۡفِرُوۡا لِلَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ اَيَّامَ
اللّٰهِ لِيَجۡزِىَ قَوۡمًا ۢ بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ⑭ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ۫ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ
تُرۡجَعُوۡنَ ⑮ وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلَى
الۡعٰلَمِيۡنَ ⑯ وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًاۢ بَيۡنَهُمۡ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ⑰

ہر جھوٹے گنہگار پر افسوس ہے (7) (کہ) خدا کی آیتیں اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کو سن تو لیتا ہے (مگر) پھر
غرور سے ضد کرتا ہے کہ گویا ان کو سنا ہی نہیں۔ سو ایسے شخص کو دُکھ دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو (8) اور جب
ہماری کچھ آیتیں اسے معلوم ہوتی ہیں تو ان کی ہنسی اُڑاتا ہے' ایسے لوگوں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے (9)
ان کے سامنے دوزخ ہے اور جو کام وہ کرتے رہے۔ کچھ بھی ان کے کام نہ آئیں گے اور نہ وہی (کام آئیں گے)
جن کو انہوں نے خدا کے سوا معبود بنا رکھا تھا اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے (10) یہ ہدایت (کی کتاب) ہے'
اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں ان کو سخت قسم کا درد دینے والا عذاب ہوگا (11) خدا ہی تو
ہے جس نے دریا کو تمہارے قابو میں کر دیا تا کہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تا کہ تم اس کے فضل سے
(معاش) تلاش کرو اور تا کہ تم شکر کرو (12) اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اپنے
(حکم) سے تمہارے کام میں لگا دیا۔ جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (13)
مومنوں سے کہہ دو کہ جو لوگ خدا کے دنوں کی (جو اعمال کے بدلے کے لئے مقرر ہیں) توقع نہیں رکھتے' ان سے
درگزر کریں تا کہ وہ ان لوگوں کو ان کے اعمال کا بدلا دے (14) جو کوئی عمل نیک کرے گا تو اپنے لئے اور جو بُرے
کام کرے گا تو ان کا ضرر اسی کو ہوگا۔ پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (15) اور ہم نے اولادِ اسرائیل کو
کتاب اور حکومت اور نبوت بخشی اور پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں اور انہیں اہل عالم پر فضیلت دی (16) اور ان کو
دین کے بارے میں دلیلیں عطا کیں تو انہوں نے جو اختلاف کیا تو علم آ چکنے کے بعد آپس کی ضد سے کیا بیشک تمہارا
پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے فیصلہ کرے گا (17)

مشکل الفاظ کے معانی:

- غرور: تکبر
- 1۔ چند احکام 2۔ رُسوا
- 1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے
- 1۔ زیر استعمال 2۔ مہربانی
- معاش: زندگی کا انتظام
- 1۔ طے شدہ 2۔ اُمید
- 1۔ معاف کریں، کنارہ کریں 2۔ صلہ، معاوضہ
- 1۔ نقصان 2۔ واپس
- 1۔ دِیں 2۔ تمام لوگوں پر 3۔ برتری
- سندیں، ثبوت، نشانیاں

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ	حوالہ جات

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑱ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ
اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ⑲ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ
لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ⑳ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ
سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ㉑ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ
نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ㉒ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى
سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ㉓ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا
حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ㉔ وَاِذَا
تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ㉕ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ
ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ㉖ ع

پھر ہم نے تم کو دین کے کُھلے رستے پر (قائم) کر دیا تو اسی (رستے) پر چلے چلو اور نادانوں کی خواہشوں کے
پیچھے نہ چلنا (18) یہ خدا کے سامنے تمہارے کسی کام نہیں آئیں گے اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست
ہوتے ہیں اور خدا پرہیزگاروں کا دوست ہے (19) یہ قرآن لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں اور جو یقین
رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے (20) جو لوگ بُرے کام کرتے ہیں کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم
ان کو ان لوگوں جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے؟ اور ان کی زندگی اور موت یکساں ہوگی
یہ جو دعوے کرتے ہیں بُرے ہیں (21) اور خدا نے آسمانوں اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا ہے اور تا کہ ہر شخص
اپنے اعمال کا بدلا پائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا (22) بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو معبود
بنا رکھا ہے اور باوجود جاننے بوجھنے کے (گمراہ ہو رہا ہے تو) خدا نے (بھی) اس کو گمراہ کر دیا اور اس کے کانوں
اور دل پر مہر لگا دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ اب خدا کے سوا اس کو کون راہ راست پر لا سکتا ہے؟ بھلا تم
کیوں نصیحت نہیں پکڑتے؟ (23) اور کہتے ہیں کہ ہماری زندگی تو صرف دنیا ہی کی ہے کہ (یہیں) مرتے اور
جیتے ہیں اور ہمیں تو زمانہ مار دیتا ہے اور ان کو اس کا کچھ علم نہیں' صرف ظن سے کام لیتے ہیں (24) اور جب ان
کے سامنے ہماری کُھلی کُھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کی یہی حُجت ہوتی ہے کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو
(زندہ کر) لاؤ (25) کہہ دو کہ خدا ہی تم کو جان بخشتا ہے' پھر (وہی) تم کو موت دیتا ہے' پھر تم قیامت کے روز جس
(کے آنے) میں کچھ شک نہیں تم کو جمع کرے گا۔ لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے (26)

1۔صاف 2۔بیوقوفوں

عقل،نصیحت

برابر،ایک جیسی

1۔یقین کئے بیٹھے ہیں 2۔دانائی،تدبیر

1۔صلہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

جانتے ہوئے

1۔علاوہ 2۔ٹھیک راستہ

خیال،گمان

دلیل،بحث تکرار،شرارت

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ	حوالہ جات

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿27﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫
كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿28﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا
نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿29﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ
هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿30﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا
مُّجْرِمِيْنَ ﴿31﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا
ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿32﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿33﴾ وَقِيْلَ
الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿34﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ
اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿35﴾ فَلِلّٰهِ
الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿36﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿37﴾ ع

اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت خدا ہی کی ہے' اور جس روز قیامت برپا ہوگی اس روز اہل باطل خسارے میں پڑ
جائیں گے (27) اور تم ہر ایک فرقے کو دیکھو گے کہ گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوگا اور ہر ایک جماعت اپنی (اپنی)
کتاب (اور اعمال) کی طرف بلائی جائے گی جو کچھ تم کرتے رہے ہو آج تم کو اس کا بدلا دیا جائے گا (28) یہ
ہماری کتاب تمہارے بارے میں سچ سچ بیان کردے گی جو کچھ تم کیا کرتے تھے ہم لکھواتے جاتے تھے (29) تو جو
لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کا پروردگار انہیں اپنی رحمت (کے باغ) میں داخل کرے گا۔ یہی
صریح کامیابی ہے (30) اور جنہوں نے کفر کیا (ان سے کہا جائے گا کہ) بھلا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر سنائی نہیں
جاتی تھیں؟ پھر تم نے تکبر کیا اور تم نافرمان لوگ تھے (31) اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور قیامت
میں کچھ شک نہیں تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا ہے؟ ہم اس کو محض ظنی خیال کرتے ہیں اور ہمیں یقین
نہیں آتا (32) اور ان کے اعمال کی بُرائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑاتے تھے وہ
ان کو آگھیرے گا (33) اور کہا جائے گا کہ جس طرح تم نے اس دن کے آنے کو بُھلا رکھا تھا اسی طرح آج ہم تمہیں
بُھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں (34) یہ اس لئے کہ تم نے خدا کی آیتوں کو مخول بنا
رکھا تھا اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈال رکھا تھا سو آج یہ لوگ نہ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان کی
توبہ قبول کی جائے گی (35) پس خدا ہی کو ہر طرح کی تعریف (سزاوار) ہے جو آسمانوں کا مالک اور زمین کا مالک (اور)
تمام جہان کا پروردگار ہے (36) اور آسمانوں اور زمین میں اسی کے لئے بڑائی ہے اور وہ غالب اور دانا ہے (37)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔واقع ہوگی 2۔جھوٹ والے 3۔نقصان
- دوزانوں ہوکر
- 1۔صاف 2۔کیا؟
- 1۔غرور 2۔حکم نہ ماننے والے، مشرک
- وہم، جھوٹ
- پکڑ لے گا
- مذاق ہنسی
- مناسب، مستحق
- 1۔دُنیا 2۔بڑا ہونا، بہت زیادہ عزت ہونا 3۔عقلمند

حوالہ جات:
- فاطر:24 تا 26

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ

حٰمٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ② مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ
وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ③ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا
خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِى السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ④ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ
غٰفِلُوْنَ ⑤ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑥ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا
بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑦ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا
تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
الرَّحِيْمُ ⑧

ترجمہ سورت احقاف

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
1۔فاتح،حاوی ہونا2۔دانائی،عقل	حٰـــمٓ (1) (یہ) کتاب خدائے غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے (2) ہم نے	متشابہ،عمران:7
1۔دانائی یا تدبّر سے بھرپور2۔طے شدہ	آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں میں ہے مبنی برحکمت اور ایک وقت مقرر تک کے لئے پیدا کیا ہے	
اُلٹے جاتے ہیں	اور کافروں کو جس چیز کی نصیحت کی جاتی ہے اس سے منہ پھیر لیتے ہیں (3) کہو کہ بھلا تم نے ان چیزوں کو	
علاوہ	دیکھا ہے جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو؟ (ذرا) مجھے بھی تو دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کون سی چیز پیدا	
شراکت،شمولیت	کی ہے۔ یا آسمانوں میں ان کی شرکت ہے' اگر سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لاؤ	
باہم ایک جیسا	یا علم (الٰہی) سے کچھ (مشترک) چلا آتا ہو (تو اسے پیش کرو) (4) اور اس شخص سے بڑھ کر کون گمراہ ہو سکتا	فتح:29، نجم:36تا55
	ہے جو ایسے کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہ دے سکے اور ان کو ان کے پکارنے ہی کی خبر نہ ہو؟ (5)	
پوجا	اور جب لوگ جمع کئے جائیں گے تو وہ ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی پرستش سے انکار کریں گے (6) اور	
	جب ان کے سامنے ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کافر حق کے بارے میں' جب ان کے پاس آ چکا' کہتے	
1۔صاف،سیدھا2۔اپنی طرف سے گھڑ لیا	ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے (7) کیا یہ کہتے ہیں کہ اس نے اس کو از خود بنا لیا ہے؟ کہہ دو کہ اگر میں نے اس کو اپنی	
بات چیت	طرف سے بنایا ہو تو تم خدا کے سامنے میرے (بچاؤ کے) لئے کچھ اختیار نہیں رکھتے وہ اس گفتگو کو خوب جانتا ہے جو	
	تم اس کے بارے میں کرتے ہو۔ وہی میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے۔ اور وہ بخشنے والا مہربان ہے (8)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ	حوالہ جات

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِىْ مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا
نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ⑨ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ
فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑩ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا
سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ⑪ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ
وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ⑫ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ
ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ⑬ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑭ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ
ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِىْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ
وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِىْ فِىْ ذُرِّيَّتِىْ ۚ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ⑮

کہہ دو کہ میں کوئی نیا پیغمبرؐ نہیں آیا اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ
(کیا کیا جائے گا) میں تو اسی کی پیروی[1] کرتا ہوں جو مجھ پر وحی آتی ہے اور میرا کام تو اعلانیہ[2] ہدایت کرنا ہے (9)
کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر یہ (قرآن) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اس سے انکار کیا اور اولادِ اسرائیل میں سے ایک
گواہ اسی طرح کی ایک (کتاب) کی گواہی دے چکا اور ایمان لے آیا اور تم نے سرکشی کی (تو تمہارے ظالم
ہونے میں کیا شک ہے؟) بیشک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (10) اور کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ اگر یہ
(دین) کچھ بہتر ہوتا تو وہ لوگ اس کی طرف ان سے پہلے نہ دوڑ پڑتے؟ اور جب وہ اس سے ہدایت یاب نہ
ہوئے تو اب کہیں گے کہ یہ پُرانا جھوٹ ہے (11) اور اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب تھی (لوگوں کے لئے) رہنما
اور رحمت اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے اس کی تصدیق کرنے والی۔ تاکہ ظالموں کو ڈرائے اور نیکوکاروں کو خوشخبری
سنائے (12) جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خدا ہے پھر وہ (اس پر) قائم رہے تو ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ
غمناک ہوں گے (13) یہی اہل جنت ہیں کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے (یہ) اس کا بدلا (ہے) جو وہ کیا کرتے تھے
(14) اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیا۔ اس کی ماں نے تکلیف سے اس کو پیٹ
میں رکھا اور تکلیف ہی سے جنا اور اس کا پیٹ میں رہنا اور دودھ چھوڑنا ڈھائی برس میں ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ
خوب جوان ہوتا ہے اور چالیس برس کو پہنچ جاتا ہے تو کہتا ہے اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ تُو نے جو
احسان مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکرگزار ہوں اور یہ کہ نیک عمل کروں جن کو تُو پسند کرے اور
میری اولاد میں اصلاح (وتقویٰ)[1] دے میں تیری طرف رجوع[2] کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں[3] میں ہوں (15)

1۔ پیچھے چلنا 2۔ کھل کر

شرک کیا، باغی ہوئے

راستہ دکھانے والی

مضبوط رہے، کھڑے رہے یعنی حکم الٰہی کو مانا

غمگین

اچھائی، فائدہ

پیدا کیا

ہمت، طاقت، صلاحیت

1۔ حق بات کی نصیحت اور پرہیزگاری، فرمانبرداری 2۔ توجہ کرنا، جھکنا 3۔ حکم ماننے والے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ
الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ⑯ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ
وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖۗ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ⑰ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ⑱ وَلِكُلٍّ
دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ⑲ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ
اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ
فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ⑳ ع وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ
النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ㉑ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا
لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ㉒

یہی لوگ ہیں جن کے اعمال نیک ہم قبول کریں گے اوران کے گناہوں سے درگزر فرمائیں گے اور (یہی) اہل جنت
میں (سے) ہوں گے (یہ) سچا وعدہ (ہے) جوان سے کیا جاتا ہے (16) اور جس شخص نے اپنے ماں باپ
سے کہا کہ اُف اُف! تم مجھے یہ بتاتے ہو کہ میں (زمین سے) نکالا جاؤں گا۔ حالانکہ بہت سے لوگ مجھ سے پہلے
گزر چکے ہیں اور وہ دونوں خدا کی جناب میں فریاد کرتے (ہوئے کہتے) تھے کہ کمبخت ایمان لا' خدا کا وعدہ تو
سچا ہے' تو کہنے لگا یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں (17) یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں جنوں اور انسانوں
کی (دوسری) اُمتوں میں سے' جوان کے پہلے گزر چکیں عذاب کا وعدہ تحقیق ہو گیا۔ بیشک وہ نقصان اٹھانے
والے تھے (18) اور لوگوں نے جیسے کام کئے ہوں گے ان کے مطابق سب کے درجے ہوں گے' غرض یہ ہے
کہ ان کو ان کے اعمال کا پورا بدلا دے اور ان کا نقصان نہ کیا جائے (19) اور جس دن کافر دوزخ کے سامنے
کئے جائیں گے (تو کہا جائے گا کہ) تم اپنی دنیا کی زندگی میں لذتیں حاصل کر چکے اور ان سے متمتع ہو چکے سو
آج تم کو ذلت کا عذاب ہے۔ (یہ) اس کی سزا (ہے) کہ تم زمین میں ناحق غرور کیا کرتے تھے اور اسکی کہ
بدکرداری کرتے تھے (20) اور (قوم) عاد کے بھائی (ہودؑ) کو یاد کرو کہ جب انہوں نے اپنی قوم کو سرزمین احقاف
میں ہدایت کی اور ان سے پہلے اور پیچھے بھی ہدایت کرنے والے گزر چکے تھے کہ خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو مجھے
تمہارے بارے میں بڑے دن کے عذاب کا ڈر لگتا ہے (21) کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو
ہمارے معبودوں سے پھیر دو۔ اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو اسے ہم پر لے آؤ (22)

مشکل الفاظ کے معانی:

- درگزر فرمائیں گے: معافی دیں گے
- اُف اُف: رنجیدگی کا اظہار کرنا
- 1۔ فریاد کرتے: التجا کرنا 2۔ کمبخت: کم نصیب والا، گمراہ
- 1۔ اُمتوں: گروہوں، جماعتوں 2۔ تحقیق ہو گیا: تصدیق ہوا، ثابت ہو گیا
- درجے: رُتبے، مرتبے
- 1۔ لذتیں: مزے 2۔ متمتع: فائدہ مند
- 1۔ ذلت: رُسوائی 2۔ ناحق: سچائی کے بغیر، زیادتی سے 3۔ غرور: تکبر
- 1۔ بدکرداری: کفر یا شرک کرنا 2۔ سرزمین: اونچی جگہ 3۔ احقاف: جگہ کا نام
- عبادت: اللہ کا حکم ماننا
- 1۔ معبودوں: جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ پھیر دو: علیحدہ کر دو، تنفر کر دو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ	حوالہ جات

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿23﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا
مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿24﴾ تُدَمِّرُ
كُلَّ شَیْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿25﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ
فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْئِدَةً ۖ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ
اَفْئِدَتُهُمْ مِّنْ شَیْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿26﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا
حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿27﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا
اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿28﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ
الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِیَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿29﴾

(انہوں نے) کہا کہ (اس کا) علم تو خدا ہی کو ہے اور میں تو جو (احکام) دے کر بھیجا گیا ہوں وہ تمہیں پہنچا رہا ہوں۔
لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نادانی میں پھنس رہے ہو (23) پھر جب انہوں نے اس (عذاب کو) دیکھا کہ بادل
(کی صورت میں) ان کے میدان کی طرف آ رہا ہے تو کہنے لگے یہ تو بادل ہے جو ہم پر برس کر رہے گا (نہیں) بلکہ
(یہ) وہ چیز ہے جس کے لئے تم جلدی کرتے تھے یعنی آندھی جس میں درد دینے والا عذاب بھرا ہوا ہے (24) ہر
چیز کو اپنے پروردگار کے حکم سے تباہ کئے دیتی ہے تو وہ ایسے ہو گئے کہ ان کے گھروں کے سوا کچھ نظر ہی نہ آتا تھا۔
گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں (25) اور ہم نے ان کو ایسے مقدور دیئے تھے جو تم لوگوں کو نہیں
دیئے اور انہیں کان اور آنکھیں اور دل دیئے تھے' تو جبکہ وہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے تو نہ تو ان کے کان ہی
ان کے کچھ کام آ سکے اور نہ آنکھیں اور نہ دل اور جس چیز سے استہزاء کیا کرتے تھے اس نے ان کو آ گھیرا (26)
اور تمہارے اردگرد کی بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا' اور بار بار (اپنی) نشانیاں ظاہر کر دیں تاکہ وہ رجوع کریں
(27) تو جن کو ان لوگوں نے تقرب (خدا) کے سوا معبود بنایا تھا' انہوں نے ان کی کیوں مدد نہ کی؟ بلکہ وہ ان
(کے سامنے) سے گُم ہو گئے اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور یہی وہ افتراء کیا کرتے تھے (28) اور جب ہم نے جنوں
میں سے کئی شخص تمہاری طرف متوجہ کئے کہ قرآن سنیں تو جب وہ اس کے پاس آئے تو (آپس میں) کہنے لگے کہ
خاموش رہو۔ جب (پڑھنا) تمام ہوا تو اپنی برادری کے لوگوں میں واپس گئے کہ (ان کو) نصیحت کریں (29)

بیوقوفی، گمراہی

انتہائی تیز ہوا

1۔برباد 2۔علاوہ

حیثیت، وسائل

1۔مذاق 2۔پکڑلیا

1۔آس پاس، اطراف میں 2۔آبادیوں 3۔جھکیں

1۔قریب ہونا 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

1۔غائب 2۔جھوٹ باندھنا

دھیان دینا، غور کرنا

قوم

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ ، سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ
مُّسْتَقِيْمٍ (30) يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (31) وَمَنْ
لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (32) اَوَ
لَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (33) وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ
فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (34) فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ (35) ۧ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ (1)

کہنے لگے کہ اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰؑ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ جو (کتابیں) اس سے
پہلے نازل ہوئی ہیں ان کی تصدیق کرتی ہے (اور) سچا دین اور سیدھا رستہ بتاتی ہے (30) اے ہماری قوم خدا کی
طرف بلانے والے کی بات قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ (خدا) تمہارے گناہ بخش دے گا' اور تمہیں دُکھ دینے والے
عذاب سے پناہ میں رکھے گا (31) اور جو شخص خدا کی طرف بلانے والے کی بات قبول نہ کرے گا تو وہ زمین میں
(خدا کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور نہ اس کے سوا اس آدمی کے حمایتی ہوں گے۔ یہ لوگ صریح گمراہی میں ہیں (32)
کیا انہوں نے نہیں سمجھا کہ جس خدا نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں وہ اس
(بات) پر بھی قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے۔ ہاں ہاں وہ ہر چیز پر قادر ہے (33) اور جس روز آگ کے
سامنے کئے جائیں گے (اور کہا جائے گا) کیا یہ حق نہیں ہے؟ تو کہیں گے کیوں نہیں۔ ہمارے پروردگار کی قسم
(حق ہے) حکم ہوگا کہ تم جو (دنیا میں) انکار کیا کرتے تھے (اب) عذاب کے مزے چکھو (34) پس (اے محمدؐ)
جس طرح اور عالی ہمت پیغمبرؑ صبر کرتے رہے ہیں' اسی طرح تم بھی صبر کرو اور ان کے لئے (عذاب) جلدی نہ
مانگو۔ جس دن یہ اس چیز کو دیکھیں گے' جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو (خیال کریں گے کہ) گویا (دنیا میں) رہے
ہی نہ تھے مگر گھڑی بھر دن (یہ قرآن خدا کا آخری) پیغام ہے سو (اب) وہی ہلاک ہوں گے جو نافرمان تھے (35)

ترجمہ سورت محمد

جن لوگوں نے کفر کیا اور (اوروں کو) خدا کے رستے سے روکا' خدا نے ان کے اعمال برباد کر دیئے (1)

مشکل الفاظ کے معانی:

- پناہ: حفاظت
- 1۔ ہرانا 2۔ علاوہ 3۔ مددگار 4۔ صاف
- قادر ہے: طاقت رکھتا ہے
- حق: سچ
- عالی ہمت: بڑی ہمت والے
- گویا: جیسا کہ
- نافرمان: حکم نہ ماننے والے، کافر، مشرک
- 1۔ دوسروں کو 2۔ تباہ

حوالہ جات: عمران: 179، حزاب: 40

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ
وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ② ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ
كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ③ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ
فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّاۢ بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ ۙ
وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ④ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ
بَالَهُمْ ⑤ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ⑥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ
اَقْدَامَكُمْ ⑦ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ⑧ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ
اَعْمَالَهُمْ ⑨ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۖ
وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ⑩ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ⑪

اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور جو (کتاب) محمدؐ پر نازل ہوئی اسے مانتے رہے اور وہ ان کے
پروردگار کی طرف سے برحق ہے۔ ان سے ان کے گناہ دُور کردیئے اور ان کی حالت سنوار دی (2) یہ اس لئے
ہے کہ جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے جھوٹی بات کی پیروی کی اور جو ایمان لائے وہ اپنے پروردگار کی طرف سے
(دین) حق کے پیچھے چلے۔ اسی طرح خدا لوگوں سے ان کے حالات بیان فرماتا ہے (3) جب تم کافروں سے
بھڑ جاؤ تو ان کی گردنیں اُڑا دو' یہاں تک کہ جب ان کو خوب قتل کرچکو تو (جو زندہ پکڑے جائیں ان کو) مضبوطی
سے قید کرلو پھر اس کے بعد یا تو احسان رکھ کر چھوڑ دینا چاہیئے یا کچھ مال لے کر۔ یہاں تک کہ (فریق مقابل)
لڑائی (کے) ہتھیار رکھ دے۔ یہ (حکم یاد رکھو) اور خدا چاہتا تو (اور طرح) ان سے انتقام لے لیتا' لیکن اس
نے چاہا کہ تمہاری آزمائش ایک (کو) دوسرے سے (لڑوا کر) کرے اور جو لوگ خدا کی راہ میں مارے گئے ان
کے عملوں کو ہرگز ضائع نہ کرے گا (4) (بلکہ) ان کو سیدھے رستے پر چلائے گا اور ان کی حالت درست کردے گا
(5) اور ان کو بہشت میں جس سے انہیں شناسا کر رکھا ہے۔ داخل کرے گا (6) اے اہل ایمان! اگر تم خدا کی مدد
کروگے تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور تم کو ثابت قدم رکھے گا (7) اور جو کافر ہیں ان کے لئے ہلاکت ہے اور وہ
ان کے اعمال کو برباد کردے گا (8) یہ اس لئے کہ خدا نے جو چیز نازل فرمائی انہوں نے اس کو ناپسند کیا تو
خدا نے بھی ان کے اعمال اکارت کردیئے (9) کیا انہوں نے ملک میں سیر نہیں کی' تاکہ دیکھتے کہ جو لوگ
ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا؟ خدا نے ان پر تباہی ڈال دی اور اسی طرح کا (عذاب) ان کافروں کو
ہو گا (10) یہ اس لئے کہ جو مومن ہیں ان کا خدا کارساز ہے اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں (11)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ سچ ہی سچ ہے 2۔ درست کردی
- پیچھے چلنا
- سچے دین یعنی قرآن
- لڑو
- 1۔احسان چڑھا کر 2۔مقابلہ کرنے والی پارٹی
- 1۔ لڑائی بند کردے 2۔ بدلا
- کسی بھی صورت
- واقفیت ہونا
- مضبوط، قائم رہنا
- تباہ، ختم
- ضائع
- آخیر، نتیجہ
- کام بنانے والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	حوالہ جات

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿12﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ
الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿13﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ
وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿14﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ
يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿15﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ
اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۟ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿16﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰهُمْ ﴿17﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ
اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿18﴾

جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو خدا بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں داخل فرمائے گا'
اور جو کافر ہیں وہ فائدے اٹھاتے ہیں اور (حلال اور حرام میں تمیز کئے بغیر اس طرح) کھاتے ہیں جیسے حیوان
کھاتے ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے (12) اور بہت سی بستیاں تمہاری بستی سے جس (کے باشندوں) نے
تمہیں (وہاں سے) نکال دیا زور وقوت میں کہیں بڑھ کر تھیں ہم نے ان کا ستیاناس کر دیا اور ان کا کوئی مددگار
نہ ہوا (13) بھلا جو شخص اپنے پروردگار (کی مہربانی) سے کھلے رستے پر (چل رہا) ہو وہ ان کی طرح (ہوسکتا) ہے
جن کے اعمال بد انہیں اچھے کر کے دکھائے جائیں اور جو اپنی خواہشوں کی پیروی کریں (14) جنت جس کا
پرہیزگاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جو بُو نہیں کرے گا' اور دودھ کی
نہریں ہیں جس کا مزا نہیں بدلے گا' اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لئے (سراسر) لذت ہے' اور
شہد مُصفّٰی کی نہریں ہیں (جو حلاوت ہے) اور (وہاں) ان کے لئے ہر قسم کے میوے ہیں اور ان کے پروردگار کی
طرف سے مغفرت ہے (کیا یہ پرہیزگار) ان کی طرح (ہوسکتے) ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور جن کو کھولتا
ہوا پانی پلایا جائے گا تو ان کی انتڑیوں کو کاٹ ڈالے گا (15) اور ان میں بعض ایسے بھی ہیں جو تمہاری طرف کان
لگائے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب تمہارے پاس سے نکل کر چلے جاتے ہیں تو جن لوگوں کو علم (دین) دیا گیا ہے
ان سے کہتے ہیں کہ (بھلا) انہوں نے ابھی کیا کہا تھا؟ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر خدا نے مہر لگا رکھی ہے اور وہ
اپنی خواہشوں کے پیچھے چل رہے ہیں (16) اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں ان کو وہ ہدایت مزید بخشتا ہے اور پرہیزگاری
عنایت کرتا ہے (17) اب تو یہ لوگ قیامت کو دیکھ رہے ہیں کہ ناگہاں ان پر آ واقع ہو۔ سو اس کی نشانیاں (وقوع میں)
آ چکی ہیں پھر جب وہ ان پر آ نازل ہو گی اس وقت انہیں نصیحت کہاں (مُفید ہو سکے گی؟) (18)

مشکل الفاظ کے معانی:

- تمیز: فرق، تفریق
- 1۔آبادی 2۔رہائشی لوگوں
- 1۔طاقت 2۔بہت زیادہ 3۔تباہ و برباد
- کیا
- 1۔بُرے عمل 2۔پیچھے چلنا
- 1۔خوبی 2۔بدبو
- مکمل طور پر
- 1۔پاک صاف شہد 2۔مٹھاس 3۔پھل وغیرہ
- 1۔بخشش 2۔اُبلتا ہوا، سخت گرم
- آنتوں
- دین یعنی آسمانی کتاب کا علم
- اور زیادہ
- 1۔دیتا 2۔اچانک 3۔واقع ہونا
- فائدہ دینا

حوالہ جات	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ (19)
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ (20) طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا
عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (21) فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ
وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ (22) اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ (23) اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ
عَلٰي قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا (24) اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ
وَاَمْلٰى لَهُمْ (25) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
اِسْرَارَهُمْ (26) فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ (27) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ
وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ (28) اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ (29)

پس جان رکھو کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور (دیگر) مومن مردوں اور مومن عورتوں
کے لئے بھی۔ اور خدا تم لوگوں کے چلنے پھرنے اور ٹھہرنے سے واقف ہے (19) اور مومن لوگ کہتے ہیں کہ (جہاد کی)
کوئی سورت کیوں نازل نہیں ہوتی، لیکن جب کوئی صاف معنوں کی سورت نازل ہو اور اس میں جہاد کا بیان ہو، تو جن
لوگوں کے دلوں میں (کفر کا) مرض ہے تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف اس طرح دیکھنے لگیں جس طرح کسی پر موت کی
بیہوشی (طاری) ہو رہی ہو۔ سو ان کے لئے خرابی ہے (20) (خوب کام تو) فرمانبرداری اور پسندیدہ بات کہنا
(ہے) پھر جب (جہاد کی) بات پختہ ہوگئی تو اگر یہ لوگ خدا سے سچے رہنا چاہتے تو ان کے لئے بہت اچھا ہوتا (21)
(اے کافرو) تم سے عجب نہیں کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ تو ملک میں خرابی کرنے لگو۔ اور اپنے رشتوں کو توڑ ڈالو (22)
یہی لوگ ہیں جن پر خدا نے لعنت کی ہے اور ان (کے کانوں) کو بہرا اور (ان کی) آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے (23)
بھلا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر قفل لگ رہے ہیں (24) جو لوگ راہ ہدایت ظاہر ہونے
کے بعد پیٹھ دے کر پھر گئے شیطان نے (یہ کام) ان کو مزین کر دکھایا اور انہیں طول (عمر کا وعدہ) دیا (25) یہ اس
لئے کہ جو لوگ خدا کی اُتاری ہوئی (کتاب) سے بیزار ہیں۔ یہ ان سے کہتے ہیں کہ بعض کاموں میں ہم تمہاری بات
بھی مانیں گے اور خدا ان کے پوشیدہ مشوروں سے واقف ہے (26) تو اس وقت (ان کا) کیسا حال ہوگا جب فرشتے
ان کی جان نکالیں گے اور ان کے مونہوں اور پیٹھوں پر مارتے جائیں گے (27) یہ اس لئے کہ جس چیز سے خدا
ناخوش ہے یہ اس کے پیچھے چلے اور اس کی خوشنودی کو اچھا نہ سمجھے تو اس نے بھی ان کے عملوں کو برباد کر دیا (28) کیا
وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ خدا ان کے کینوں کو ظاہر نہ کرے گا (29)

مشکل الفاظ کے معانی

1۔ علاوہ 2۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔ دوسرے، اور

1۔ چھا رہی ہو 2۔ نقصان، تباہی، کفر و شرک

پکی ہوگئی، ٹھہرگئی

1۔ بعید نہیں 2۔ فساد، شرک

تالے

1۔ مکر گئے 2۔ سجا کر 3۔ لمبی عمر

متنفر، ناراض

چھپے

1۔ بیزار ہونا 2۔ خوش ہوجانا 3۔ تباہ

دشمنیوں

حوالہ جات

یونس:57

ممتحنہ:2

حوالہ جات	سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿30﴾
وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَاْ اَخْبَارَكُمْ ﴿31﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿32﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿33﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿34﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖۗ
وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿35﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ
اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ
تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ
وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ﴿38﴾ ع

اور اگر ہم چاہتے تو وہ لوگ تم کو دکھا بھی دیتے اور تم ان کو ان کے چہروں ہی سے پہچان لیتے اور تم انہیں (ان
کے) انداز گفتگو ہی سے پہچان لو گے اور خدا تمہارے اعمال سے واقف ہے (30) اور ہم تم لوگوں کو آزمائیں
گے تاکہ جو تم میں لڑائی کرنے والے اور ثابت قدم رہنے والے ہیں' ان کو معلوم کریں اور تمہارے حالات
جانچ لیں (31) جن لوگوں کو سیدھا رستہ معلوم ہو گیا (اور) پھر بھی انہوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) خدا کی راہ سے
روکا اور پیغمبرؐ کی مخالفت کی وہ خدا کا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکیں گے اور خدا ان کا سب کیا کرایا اکارت کر دے گا (32)
مومنو! خدا کا ارشاد مانو اور پیغمبرؐ کی فرمانبرداری کرو اور اپنے عملوں کو ضائع نہ ہونے دو (33) جو لوگ کافر
ہوئے اور خدا کے رستے سے روکتے رہے' پھر کافر ہی مر گئے خدا ان کو ہرگز نہیں بخشے گا (34) تو تم ہمت نہ ہارو
اور (دشمنوں کو) صلح کی طرف نہ بلاؤ اور تم تو غالب ہو' اور خدا تمہارے ساتھ ہے وہ ہرگز تمہارے اعمال کو کم
(اور گم) نہیں کرے گا (35) دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشا ہے اور اگر تم ایمان لاؤ گے اور پرہیزگاری کرو
گے تو وہ تم کو تمہارا اجر دے گا اور تم سے تمہارا مال طلب نہیں کرے گا (36) اور وہ تم سے مال طلب کرے
اور تمہیں تنگ کرے تو تم بخل کرنے لگو اور وہ (بخل) تمہارا کینہ (یا کدورت) ظاہر کر کے رہے (37)
دیکھو تم وہ لوگ ہو کہ خدا کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے بلائے جاتے ہو تو تم میں ایسے شخص بھی ہیں جو بخل
کرنے لگتے ہیں۔ اور جو بخل کرتا ہے اپنے آپ سے بخل کرتا ہے اور خدا بے نیاز ہے اور تم محتاج۔ اور اگر تم
منہ پھیرو گے تو وہ تمہاری جگہ اوروں کو لے آئے گا' اور وہ تمہاری طرح کے نہیں ہوں گے (38)

مشکل الفاظ کے معانی

- بات کرنے کا طریقہ
- قائم رہنا، کھڑے رہنا، جمے رہنا
- معلوم کرلیں
- 1۔کام کاج، اعمال 2۔ضائع
- کسی بھی صورت
- فاتح، حاوی
- غائب
- 1۔معاوضہ، بدلا 2۔مانگنا
- 1۔کنجوسی 2۔دشمنی 3۔رنجش
- 1۔بے پرواہ 2۔کسی کے رحم وکرم پر ہونا
- 1۔جھٹلاؤ گے، انکار کرو گے 2۔دوسروں

حوالہ جات

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- اعراف:43

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَتْح	حوالہ جات

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ① لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ② وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ③ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ
لِيَزْدَادُوْۤا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ④ لِّيُدْخِلَ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ
عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ⑤ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ
السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ⑥ وَلِلّٰهِ
جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑦ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ⑧ لِّتُؤْمِنُوْا
بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ⑨

ترجمہ سورت فتح

(اے محمدؐ) ہم نے تم کو فتح دی' فتح بھی صریح وصاف (1) تاکہ خدا تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے اور — انتہائی واضح
تم پر اپنی نعمت پوری کر دے اور تمہیں سیدھے رستے چلائے (2) اور خدا تمہاری زبردست مدد کرے (3) — انتہائی زور اور طاقت سے
وہی تو ہے جس نے مومنوں کے دلوں پر تسلی[1] نازل فرمائی تاکہ ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان بڑھے[2]۔ اور — 1۔تشفی،اطمینان 2۔زیادہ ہو
آسمانوں اور زمین کے لشکر (سب) خدا ہی کے ہیں' اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (4) یہ اس — فوج یا افواج
لئے کہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں' جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں' داخل کرے۔ وہ اس
میں ہمیشہ رہیں گے اور ان سے ان کے گناہوں کو دُور کر دے اور یہ خدا کے نزدیک بڑی کامیابی ہے (5) اور — ختم کردے،مٹادے
(اس لئے کہ) منافق[1] مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو خدا کے حق میں[2] — 1۔دورُخے لوگ 2۔بارے میں
بُرے بُرے خیال رکھتے ہیں' عذاب دے۔ انہی پر بُرے حادثے واقع ہوں اور خدا ان پر غصے ہوا اور ان پر — حادثات — آئندہ حصوں میں دیکھئے
لعنت کی اور ان کے لئے دوزخ تیار کی اور وہ بُری جگہ ہے (6) اور آسمانوں اور زمین کے لشکر خدا ہی کے
ہیں' اور خدا غالب (اور) حکمت[1] والا ہے (7) اور ہم نے (اے محمدؐ) تم کو حق[2] ظاہر کرنے والا اور خوشخبری — 1۔دانائی،تدبیر 2۔سچائی
سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے (8) تاکہ (مسلمانو!) تم لوگ خدا پر اور اس کے پیغمبرؐ پر
ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کو بزرگ[1] سمجھو اور صبح و شام اس کی تسبیح[2] کرتے رہو (9) — 1۔عالی رُتبہ،بڑا 2۔ذکر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَتْح	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ
اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿10﴾ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا
وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ
بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿11﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا ۢ بُوْرًا ﴿12﴾ وَمَنْ
لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿13﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿14﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا
ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ
تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿15﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ	حوالہ جات
فرمانبرداری کا عہد	جولوگ (اے محمدؐ) تم سے بیعت کرتے ہیں وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں۔ خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔	بقرہ:138، نفال:17
وعدہ، قول قرار	پھر جو عہد کو توڑے تو عہد توڑنے کا نقصان اسی کو ہے اور جو اس بات کو جس کا اس نے خدا سے عہد کیا ہے پورا	
1۔بہت جلد 2۔بہت زیادہ معاوضہ 3۔جاہل	کرے تو وہ اسے عنقریب اجر عظیم دے گا (10) جو گنوار پیچھے رہ گئے وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور	
1۔گھروالے، عزیز رشتہ دار 2۔معافی، رہائی	اہل وعیال نے روک رکھا۔ آپ ہمارے لئے (خدا سے) بخشش مانگیں یہ لوگ اپنی زبان سے وہ بات کہتے	
	ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہے۔ کہہ دو کہ اگر خدا تم (لوگوں) کو نقصان پہنچانا چاہے یا فائدہ پہنچانے کا ارادہ	
مجاز ہونا، طاقت رکھنا	فرمائے تو کون ہے جو اس کے سامنے کسی بات کا کچھ اختیار رکھے؟ (کوئی نہیں) بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس	
	سے واقف ہے (11) بات یہ ہے کہ تم لوگ یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ پیغمبرؐ اور مومن اپنے اہل وعیال میں کبھی	
واپس	لوٹ کر آنے ہی کے نہیں اور یہی بات تمہارے دلوں کو اچھی معلوم ہوئی اور (اسی وجہ سے) تم نے بُرے	
بالآخر، نتیجۃً	بُرے خیال کئے اور (آخرکار) تم ہلاکت میں پڑ گئے (12) اور جو شخص خدا پر اور اس کے پیغمبرؐ پر ایمان نہ	
	لائے تو ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے آگ تیار کر رکھی ہے (13) اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی خدا ہی	
جنگ سے حاصل ہونے والا مال	کی ہے وہ جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے سزا دے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (14) جب تم لوگ غنیمتیں لینے	
	چلو گے تو جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ کہیں گے ہمیں بھی اجازت دیجئے کہ آپ کے ساتھ چلیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ	
1۔بات، بول 2۔کسی بھی صورت میں	خدا کے قول کو بدل دیں۔ کہہ دو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے۔ اسی طرح خدا نے پہلے سے فرما دیا ہے۔	
بدخواہی، جلن	پھر کہیں گے (نہیں) تم تو ہم سے حسد کرتے ہو بات یہ ہے کہ یہ لوگ سمجھتے ہی نہیں مگر بہت کم (15)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَتْح	حوالہ جات

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا
يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى
حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿17﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ
الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿18﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿19﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ
عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿20﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ
بِهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿21﴾ وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا
نَصِيْرًا ﴿22﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿23﴾

جو گنوار[1] پیچھے رہ گئے تھے‘ ان سے کہہ دو کہ تم ایک سخت جنگجو[2] قوم کے (ساتھ لڑائی کے) لئے بلائے جاؤ گے ان سے
تم (یا تو) جنگ کرتے رہو گے یا وہ اسلام لے آئیں گے۔ اگر تم حکم مانو گے تو خدا تم کو اچھا بدلا دے گا‘ اور اگر منہ
پھیر لو گے جیسے پہلی دفعہ پھیرا تھا تو وہ تم کو بُری تکلیف کی سزا دے گا (16) نہ تو اندھے پر گناہ ہے (کہ جنگ سے
پیچھے رہ جائے) اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ ہے اور جو شخص خدا اور اس کے پیغمبرؐ کے فرمان پر چلے گا‘
خدا اس کو بہشتوں میں داخل کرے گا‘ جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں اور جو رُوگردانی کرے گا اسے بڑے دُکھ کی سزا
دے گا (17) (اے پیغمبرؐ) جب مومن تم سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے تو خدا ان سے خوش ہوا‘ اور جو
(صدق وخلوص[1]) ان کے دلوں میں تھا وہ اس نے معلوم کر لیا تو ان پر تسلی نازل فرمائی اور انہیں جلد فتح عنایت کی[2]
(18) اور بہت سی غنیمتیں جو انہوں نے حاصل کیں اور خدا غالب حکمت والا ہے (19) خدا نے تم سے بہت سی
غنیمتوں کا وعدہ فرمایا کہ تم ان کو حاصل کرو گے۔ سو اس نے غنیمت کی تمہارے لئے جلدی فرمائی اور لوگوں کے ہاتھ تم
سے روک دیئے۔ غرض یہ تھی کہ یہ مومنوں کے لئے (خدا کی) قدرت[1] کا نمونہ[2] ہو اور وہ تم کو سیدھے رستے پر چلائے
(20) اور اور (غنیمتیں دیں) جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور) وہ خدا ہی کی قدرت میں تھیں اور خدا ہر چیز پر
قادر ہے (21) اور اگر تم سے کافر لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے‘ پھر کسی کو نہ دوست پاتے اور نہ مددگار (22)
(یہی) خدا کی عادت ہے جو پہلے سے چلی آتی ہے اور تم خدا کی عادت کبھی بدلتی نہ دیکھو گے (23)

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1-جاہل 2-جنگ کرنے والے
- منہ پھیرنا، نافرمانی، مکر جانا
- فرمانبرداری کا عہد
- 1-سچی دوستی، مخلصی 2-دی
- جنگ میں چھینا گیا مال
- 1-طاقت، حیثیت 2-مثال
- طاقت، قابو
- ڈر کر، واپس مُڑ کر
- طریق، فطرت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَتْحِ	حوالہ جات

وَهُوَ الَّذِىْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿24﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْىَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ
وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ
لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِىْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿25﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ
كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا ﴿26﴾ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا
بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ
مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿27﴾ هُوَ الَّذِىْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ
عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿28﴾

اور وہی تو ہے جس نے تم کو ان (مشرکوں) پر فتح یاب کرنے کے بعد سرحد مکہ میں ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے
ہاتھ ان سے روک دیئے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھ رہا ہے (24) یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم
کو مسجد حرام سے روک دیا اور قربانیوں کو بھی کہ اپنی جگہ پہنچنے سے رُکی رہیں اور اگر ایسے مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں
نہ ہوتیں جن کو تم جانتے نہ تھے کہ اگر تم ان کو پامال کر دیتے تو تم کو ان کی طرف سے بے خبری میں نقصان پہنچ جاتا (تو
بھی تمہارے ہاتھ سے فتح ہو جاتی مگر تاخیر) اس لئے (ہوئی) کہ خدا اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کر لے اور
اگر دونوں فریق الگ الگ ہو جاتے تو جو ان میں کافر تھے ان کو ہم دُکھ دینے والا عذاب دیتے (25) جب کافروں
نے اپنے دلوں میں ضد کی اور ضد بھی جاہلیت کی۔ تو خدا نے اپنے پیغمبرؐ اور مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل
فرمائی اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور وہ اسی کے مستحق اور اہل تھے اور خدا ہر چیز سے خبردار ہے (26)
بیشک خدا نے اپنے پیغمبرؐ کو سچا (اور) صحیح خواب دکھایا کہ تم خدا نے چاہا تو مسجد حرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے
بال کتروا کر امن وامان سے داخل ہو گے اور کسی طرح کا خوف نہ کرو گے۔ جو بات تم نہیں جانتے تھے اس کو معلوم
تھی۔ سو اس نے اس سے پہلے ہی جلد فتح کرا دی (27) وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبرؐ کو ہدایت اور دین حق
دے کر بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے اور حق ظاہر کرنے کے لئے خدا ہی کافی ہے (28)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ فتح حاصل کرنے 2۔ مکہ کی حدود
- 1۔ کچل دیتے 2۔ لاعلمی میں، نہ جانتے ہوئے
- دیر
- پارٹیاں
- 1۔ بے عقلی 2۔ تسلی، سکون
- 1۔ حقدار 2۔ خبر رکھنے والا
- سچا دین یعنی قرآن
- 1۔ چھا جانا 2۔ سچائی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَتْحِ ، سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ	حوالہ جات

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ
اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۛۚ وَمَثَلُهُمْ فِي
الْاِنْجِيْلِ ۛۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ
الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿1﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿2﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ
لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿3﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿4﴾

محمدؐ خدا کے پیغمبرؑ ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم
دل (اے دیکھنے والے) تُو ان کو دیکھتا ہے کہ (خدا کے آگے) جھکے ہوئے سربسجود ہیں اور خدا کا فضل
اور اس کی خوشنودی طلب کر رہے ہیں سجود کے اثر سے ان کی پیشانیوں پر نشان پڑے ہوئے ہیں' ان
کے یہی اوصاف تورات میں (مرقوم) ہیں اور یہی اوصاف انجیل میں ہیں۔ (وہ) گویا ایک کھیتی ہیں'
جس نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی' پھر اس کو مضبوط کیا پھر موٹی ہوئی اور پھر اپنی نال پر سیدھی
کھڑی ہو گئی اور لگی کھیتی والوں کو خوش کرنے' تاکہ کافروں کا جی جلائے۔ جو لوگ ان میں سے ایمان
لائے اور نیک عمل کرتے رہے' ان سے خدا نے گناہوں کی بخشش اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے (29)

ترجمہ سورت حجرات

مومنو! (کبھی بھی) خدا اور اس کے رسولؑ سے آگے نہ بڑھو اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا سنتا
جانتا ہے (1) اے اہل ایمان! اپنی آوازیں پیغمبرؑ کی آواز سے اونچی نہ کرو اور جس طرح آپس
میں ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو (اس طرح) ان کے رُوبرو زور سے نہ بولا کرو۔ (ایسا نہ
ہو) کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو (2) جو لوگ پیغمبرؑ خدا کے سامنے دبی
آواز سے بولتے ہیں خدا نے ان کے دل تقوٰی کے لئے آزما لئے ہیں' ان کے لئے بخشش اور اجرِ عظیم ہے
(3) جو لوگ تم کو حُجروں کے باہر سے آواز دیتے ہیں' ان میں اکثر بے عقل ہیں (4)

مشکل الفاظ کے معانی

- کے بارے میں
- سجدہ کئے ہوئے
- 1۔خوشی 2۔مانگ رہے ہیں 3۔ماتھوں
- 1۔خوبیاں 2۔لکھے ہوئے 3۔جیسے کہ
- تنا
- دل
- 1۔معافی، رہائی 2۔بڑا صلہ، بڑا معاوضہ
- حد یں نہ پھلانگو
- 1۔اونچی آواز سے 2۔سامنے
- 1۔پرہیزگاری، فرمانبرداری 2۔بہت بڑا صلہ یا معاوضہ
- 1۔قیام گاہ، رہائش 2۔زیادہ تر

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ
جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ⑥ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ
فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ⑦ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑧ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى
فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰۤى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُقْسِطِيْنَ ⑨ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ⑩ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا
مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑪

اور اگر وہ صبر کئے رہتے، یہاں تک کہ تم خود نکل کر ان کے پاس آتے تو یہ ان کے لئے بہتر تھا اور خدا تو بخشنے والا
مہربان ہے (5) مومنو! اگر کوئی بدکردار[1] تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق[2] کرلیا کرو (مبادا[3]
کہ کسی قوم کو نادانی[1] سے نقصان پہنچا دو، پھر تم کو اپنے کئے پر نادم[2] ہونا پڑے (6) اور جان رکھو کہ تم میں خدا کے
پیغمبر ؑ ہیں۔ اگر بہت سی باتوں میں وہ تمہارا کہا مان لیا کریں تو تم مشکل میں پڑ جاؤ، لیکن خدا نے تم کو ایمان
عزیز[1] بنا دیا اور اس کو تمہارے دلوں میں سجا دیا اور کفر اور گناہ اور نافرمانی سے تم کو بیزار کر دیا[2]۔ یہی لوگ راہ
ہدایت پر ہیں (7) (یعنی) خدا کے فضل اور احسان سے۔ اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے (8) اور
اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صُلح کرا دو اور اگر ایک فریق دوسرے پر زیادتی
کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو، یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع لائے پس جب وہ رجوع
لائے تو دونوں فریق میں مساوات کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو کہ خدا انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا
ہے (9) مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں تو اپنے دو بھائیوں میں صُلح کرا دیا کرو اور خدا سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر
رحمت کی جائے (10) مومنو! کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے ممکن ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ
عورتیں عورتوں سے (تمسخر کریں) ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی ہوں، اور اپنے (مومن بھائی) کو عیب نہ لگاؤ اور نہ
ایک دوسرے کا بُرا نام رکھو۔ ایمان لانے کے بعد بُرا نام (رکھنا) گناہ ہے، اور جو توبہ نہ کریں وہ ظالم ہیں (11)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ کافر، مشرک 2۔ چھان بین 3۔ کہیں ایسا نہ ہو
- 1۔ بیوقوفی 2۔ شرمندہ
- 1۔ پیارا ہونا 2۔ نفرت دے دی
- پارٹی
- توجہ کرے، جھکے
- انصاف، برابری
- مذاق، ہنسی
- داغ، نقص

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ	حوالہ جات

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ
اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ⑫ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا
خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
خَبِيْرٌ ⑬ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ
تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑭ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ⑮ قُلْ
اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑯ يَمُنُّوْنَ
عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ⑰ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑱ ع

اے اہل ایمان! بہت گمان کرنے سے احتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں' اور ایک دوسرے کے حال کا
تجسّس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مرے
ہوئے بھائی کا گوشت کھائے اس سے تم ضرور نفرت کرو گے (تو غیبت نہ کرو) اور خدا کا ڈر رکھو۔ بیشک خدا توبہ
قبول کرنے والا مہربان ہے (12) لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قوم اور
قبیلے بنائے تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرو اور خدا کے نزدیک تم سے زیادہ عزت والا وہ ہے' جو زیادہ پرہیزگار
ہے۔ بیشک خدا سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبردار ہے (13) دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے
آئے۔ کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے (بلکہ یوں) کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ہنوز تمہارے دلوں میں
داخل ہی نہیں ہوا اور اگر تم خدا اور اس کے رسولؑ کی فرمانبرداری کرو گے تو خدا تمہارے اعمال میں کچھ کم نہیں
کرے گا۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (14) مومن تو وہ ہیں جو خدا اور اس کے رسولؑ پر ایمان لائے پھر
شک میں نہ پڑے اور خدا کی راہ میں مال اور جان سے لڑے۔ یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں (15) ان
سے کہو کیا تم خدا کو اپنی دینداری جتلاتے ہو؟ اور خدا تو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں سے واقف ہے' اور
خدا ہر شے کو جانتا ہے (16) یہ لوگ تم پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ کہہ دو کہ اپنے مسلمان ہونے
کا مجھ پر احسان نہ رکھو' بلکہ خدا تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا رستہ دکھایا بشرطیکہ تم سچے (مسلمان)
ہو (17) بیشک خدا آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھتا ہے (18)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔خیال 2۔گریز کرو، بچو 3۔کچھ، چند 4۔حالات
- 1۔شوق سے کھوج لگانا 2۔مظلوم کے علاوہ کسی کا اعلانیہ بُرا کہنا
- 1۔ایک دادا کی اولاد، گروہ 2۔پہچانو
- باخبر ہونا
- ابھی تک
- یاد کراتے، آگاہ کرتے
- چیز
- شرط یہ ہے کہ
- چھپی ہوئی

حوالہ جات:

- نساء:148

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ قٓ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ قٓ

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ⓵ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ⓶ ءَاِذَا
مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ⓷ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ⓸ بَلْ
كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ⓹ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا
وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ⓺ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ⓻ تَبْصِرَةً
وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ⓼ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ⓽
وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ⓾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ (11) كَذَّبَتْ
قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ (12) وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ (13) وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ
كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ (14) اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ (15)

ترجمہ سورت ق

ق ، قرآن مجید کی قسم (کہ محمدؐ پیغمبر خدا ہیں) (1) لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ ان ہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا ان کے پاس آیا تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے (2) بھلا جب ہم مرگئے اور مٹی ہو گئے (تو پھر زندہ ہوں گے؟) یہ زندہ ہونا (عقل سے) بعید ہے (3) ان کے جسموں کو زمین جتنا (کھا کھا کر) کم کرتی جاتی ہے ہمیں معلوم ہے اور ہمارے پاس تحریری یادداشت بھی ہے (4) بلکہ (عجیب یہ خود ہیں کہ) جب ان کے پاس (دین) حق آ پہنچا تو انہوں نے اس کو جھوٹ سمجھا سو یہ ایک اُلجھی ہوئی بات میں (پڑ رہے) ہیں (5) کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس کو کیونکر بنایا اور (کیونکر) سجایا اور اس میں کہیں شگاف تک نہیں (6) اور زمین کو (دیکھو اسے) ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑ رکھ دیئے اور اس میں ہر طرح کی خوشنما چیزیں اگائیں (7) تاکہ رجوع لانے والے بندے ہدایت اور نصیحت حاصل کریں (8) اور آسمان سے برکت والا پانی اُتارا اور اس سے باغ و بستان اگائے اور کھیتی کا اناج (9) اور لمبی لمبی کھجوریں جن کا گابھا تہہ بہ تہہ ہوتا ہے (10) (یہ سب کچھ) بندوں کو روزی دینے کے لئے (کیا ہے) اور اس (پانی) سے ہم نے شہر مُردہ (یعنی زمین اُفتادہ) کو زندہ کیا (بس) اسی طرح (قیامت کے روز) نکل پڑنا ہے (11) ان سے پہلے نوحؑ کی قوم اور کنوئیں والے اور ثمود جھٹلا چکے ہیں (12) اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائی (13) اور بَن کے رہنے والے اور تُبّع کی قوم (غرض) ان سب نے پیغمبروںؑ کو جھٹلایا تو ہمارا وعید (عذاب) بھی پورا ہو کر رہا (14) کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ نہیں بلکہ یہ از سرنو پیدا کرنے میں شک میں (پڑے ہوئے) ہیں (15)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔بزرگ 2۔حیرانگی
- بہت دُور
- لکھی ہوئی ڈائری
- سچ
- 1۔نظر 2۔کیسے
- سوراخ
- 1۔خوبصورت نظر آنے والی 2۔جھکنا، توجہ کرنا
- 1۔فائدہ مند 2۔باغات 3۔درمیان سے پھوٹنے والا نیا پتہ
- رزق
- ناکارہ زمین
- سزا دینے کا وعدہ
- نئے سرے سے پھر

حوالہ جات

- متشابہ،عمران:7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ قٓ	حوالہ جات

سُوْرَةُ قٓ

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۖۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿16﴾ اِذْ يَتَلَقَّى
الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿17﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿18﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ
الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿19﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿20﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ
مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿21﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿22﴾
وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيْدٌ ﴿23﴾ ؕ اَلْقِيَا فِىْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿24﴾ ۙ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿25﴾ ۙ
اِۨلَّذِىْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِى الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿26﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِىْ
ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿27﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَىَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿28﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَىَّ وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ
لِّلْعَبِيْدِ ﴿29﴾ ۧ يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿30﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿31﴾
هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿32﴾ ۚ مَنْ خَشِىَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ﴿33﴾ ۙ اِۨدْخُلُوْهَا
بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿34﴾

اور ہم ہی نے انسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں' اور ہم اس کی
رگِ جان سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں (16) جب (وہ کچھ بولتا ہے یا کچھ کرتا ہے تو) دو لکھنے والے جو دائیں بائیں
بیٹھے ہیں لکھ لیتے ہیں (17) کوئی بات اس کی زبان پر نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے (18) اور موت
کی بیہوشی حقیقت کھولنے کو طاری ہوگئی (اے انسان!) یہی (وہ وقت) ہے جس سے تُو بھاگتا تھا (19) اور صُور پھونکا
جائے گا۔ یہی (عذاب کے) وعید کا دن ہے (20) اور ہر شخص (اعمال کے حساب کے لئے) آئے گا ایک (فرشتہ)
اس کے ساتھ چلانے والا ہوگا اور ایک (اس کے عملوں کی) گواہی دینے والا (21) (یہ وہ دن ہے) کہ اس سے تُو
غافل ہو رہا تھا۔ اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھا دیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے (22) اور اس کا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا
یہ اعمال نامہ میرے پاس حاضر ہے (23) (حکم ہوگا کہ) ہر سرکش ناشکرے کو دوزخ میں ڈال دو (24) جو مال
میں بُخل کرنے والا' حد سے بڑھنے والا' شُبہے نکالنے والا تھا (25) جس نے خدا کے ساتھ اور معبود مقرر کر رکھے
تھے تو اس کو سخت عذاب میں ڈال دو (26) اس کا ساتھی (شیطان) کہے گا۔ اے ہمارے پروردگار! میں نے اس کو
گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ آپ ہی رستے سے بھٹکا ہوا تھا (27) (فرمانے والا) فرمائے گا کہ ہمارے حضور میں
ردّ و قدح نہ کرو۔ ہم تمہارے پاس پہلے ہی (عذاب کی) وعید بھیج چکے تھے (28) ہمارے ہاں بات بدلا نہیں کرتی اور
ہم بندوں پر ظلم نہیں کیا کرتے (29) اس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کہ کیا تُو بھر گئی؟ وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے؟
(30) اور بہشت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گی (کہ مطلق) دُور نہ ہوگی (31) یہی وہ چیز ہے جس کا تم
سے وعدہ کیا جاتا تھا (یعنی) ہر رجوع لانے والے حفاظت کرنے والے سے (32) جو خدا سے بِن دیکھے ڈرتا ہے اور
رجوع لانے والا دل لے کر آیا (33) اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے (34)

مشکل الفاظ کے معانی:

- پیدا ہوتے ہیں
- شہ رگ
- نگران
- 1۔غشی 2۔آوارد ہوئی 3۔قیامت کا بگل
- وعدہ
- 1۔لاپرواہ 2۔نظر 3۔ساتھی
- باغی، مشرک
- 1۔کنجوسی 2۔شکوک 3۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
- دربار میں، سامنے
- 1۔بحث تکرار 2۔سزا دینے کا وعدہ
- بالکل بھی
- 1۔جھکنا 2۔بغیر دیکھے

حوالہ جات:

- حجرات:12
- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- سجدہ:13، ص:85

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ قٓ ، سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ	حوالہ جات

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ (35) وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِى
الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ (36) اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ (37) وَلَقَدْ
خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ (38) فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ (39) وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ (40) وَاسْتَمِعْ
يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ (41) يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ (42) اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ
وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ (43) يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ (44) نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا
يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ (45)

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا (1) فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا (2) فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا (3) فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا (4) اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ
لَصَادِقٌ (5) وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ (6)

وہاں وہ جو چاہیں گے ان کے لئے حاضر ہے اور ہمارے ہاں اور بھی (بہت کچھ) ہے (35) اور ہم نے ان
سے پہلے کئی اُمتیں ہلاک کر ڈالیں۔ وہ ان سے قوت میں کہیں بڑھ کر تھے۔ وہ شہروں میں گشت کرنے لگے
کہ کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟ (36) جو شخص دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے' اس کے لئے
اس میں نصیحت ہے (37) اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے سب کو چھ دن
میں بنا دیا' اور ہم کو ذرا بھی تکان نہیں ہوئی (38) تو جو کچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو اور
آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ
تسبیح کرتے رہو (39) اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی اس (کے نام) کی تنزیہہ کیا
کرو (40) اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا (41) جس دن لوگ چیخ یقیناً سن لیں
گے۔ وہی نکل پڑنے کا دن ہے (42) ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہمارے ہی پاس
لوٹ کر آنا ہے (43) اس دن زمین ان پر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ نکل کھڑے ہوں گے' یہ
جمع کرنا ہمیں آسان ہے (44) یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے اور تم ان پر زبردستی کرنے والے
نہیں ہو' پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو (45)

ترجمہ سورت ذاریات

بکھیرنے والیوں کی قسم جو اُڑا کر بکھیر دیتی ہیں (1) پھر (چیزوں کا) بوجھ اُٹھاتی ہیں (2) پھر آہستہ
آہستہ چلتی ہیں (3) پھر چیزیں تقسیم کرتی ہیں (4) کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچا ہے (5)
اور انصاف (کا دن) ضرور واقع ہوگا (6)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔گروہ، جماعتیں 2۔طاقت 3۔بہت زیادہ 4۔اِدھر اُدھر دوڑنے لگے
- واقف ہونا
- 1۔تھکاوٹ 2۔بیہودہ بات کرنا
- سورج کا سامنے آنا
- 1۔ذکر 2۔ذکر اذکار
- قیامت کے بگل کی آواز
- فوراً
- بہت اچھی طرح
- سزا دینے کا وعدہ
- 1۔ہوائیں 2۔جُدا جُدا کرنا 3۔اشیاء 4۔بوجھ
- امر، واقعہ، اہتمام
- رونما ہوگا

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ⑦ اِنَّكُمْ لَفِىْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ⑧ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ⑨ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ⑩
الَّذِيْنَ هُمْ فِىْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ⑪ يَسْــَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ⑫ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ⑬ ذُوْقُوْا
فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِىْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ⑭ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ⑮ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ۭ
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ⑯ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ⑰ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ⑱
وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ⑲ وَفِى الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ⑳ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا
تُبْصِرُوْنَ ㉑ وَفِى السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ㉒ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ
تَنْطِقُوْنَ ㉓ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ㉔ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ
مُّنْكَرُوْنَ ㉕ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ㉖ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ㉗ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ
قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ㉘ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ㉙
قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ㉚

اور آسمان کی قسم جس میں رستے[1] ہیں (7) کہ (اے مشرکو) تم ایک متناقض[2] بات میں (پڑے ہوئے) ہو[3] (8) اس سے
وہی پھرتا ہے جو (خدا کی طرف سے) پھیرا جائے (9) اٹکل دوڑانے والے ہلاک ہوں (10) جو بے خبری میں
بھولے ہوئے ہیں (11) پوچھتے ہیں کہ جزا کا دن کب ہوگا؟ (12) اس دن (ہوگا) جب ان کو آگ میں عذاب
دیا جائے گا (13) اب اپنی شرارت کا مزا چکھو یہ وہی ہے جس کے لئے تم جلدی مچایا کرتے تھے (14) بیشک پرہیزگار
بہشتوں اور چشموں میں (عیش کر رہے) ہوں گے (15) (اور) جو جو (نعمتیں) ان کا پروردگار انہیں دیتا ہوگا ان
کو لے رہے ہوں گے۔ بیشک وہ اس سے پہلے نیکیاں کرتے تھے (16) رات کے تھوڑے سے حصے میں سوتے تھے
(17) اور اوقات سحر میں بخشش مانگا کرتے تھے (18) اور ان کے مال میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے (دونوں)
کا حق[1] ہے (19) اور یقین کرنے والوں کے لئے زمین میں (بہت سی) نشانیاں ہیں (20) اور خود تمہارے نفوس[2]
میں۔ تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ (21) اور تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے (22) تو
آسمانوں اور زمین کے مالک کی قسم! یہ (اسی طرح) قابل یقین ہے جس طرح تم بات کرتے ہو (23) بھلا تمہارے
پاس ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی خبر پہنچی ہے؟ (24) جب وہ ان کے پاس آئے تو سلام کہا۔ انہوں نے بھی
(جواب میں) سلام کہا (دیکھا تو) ایسے لوگ کہ نہ جان نہ پہچان (25) تو اپنے گھر جا کر ایک (بھنا ہوا) موٹا بچھڑا
لائے (26) (اور کھانے کے لئے) ان کے آگے رکھ دیا۔ کہنے لگے کہ آپ تناول کیوں نہیں کرتے؟ (27) اور دل
میں ان سے خوف معلوم کیا۔ انہوں نے کہا کہ خوف نہ کیجئے اور ان کو ایک دانش مند[1] لڑکے کی بشارت[2] بھی سنائی (28)
تو ابراہیمؑ کی بیوی چلاتی[1] آئی اور اپنا منہ پیٹ[2] کر کہنے لگی (اے ہے ایک تو) بڑھیا اور (دوسرے) بانجھ[3] (29)
(انہوں نے) کہا (ہاں) تمہارے پروردگار نے یوں ہی فرمایا ہے وہ بیشک صاحب حکمت (اور) خبردار ہے (30)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ راستے 2۔ اُلٹی، برعکس 3۔ مشغول ہو، مصروف ہو
- اندازہ، خیال
- صلہ، معاوضہ
- کوشش کرتے
- فجر کی نماز کا وقت
- 1۔ حصہ 2۔ وجود، ہستی
- قابل عزت
- کھانا کھانا
- 1۔ عقل مند 2۔ خوشخبری
- 1۔ شور کرنا 2۔ اپنے منہ پر چانٹے مارنا 3۔ بچہ جننے کی صلاحیت نہ ہونا
- قدرت، صلاحیت

حوالہ جات:

- ھود: 69

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿31﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ
طِيْنٍ ﴿33﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿34﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿35﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا
غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿36﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿37﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ
اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿38﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿39﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ
وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿40﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿41﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ
كَالرَّمِيْمِ ﴿42﴾ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿43﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ
يَنْظُرُوْنَ ﴿44﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿45﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا
فٰسِقِيْنَ ﴿46﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿47﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿48﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ
خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿49﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿50﴾

(ابراہیمؑ نے) کہا کہ فرشتو! تمہارا مُدّعا کیا ہے؟ (31) انہوں نے کہا کہ ہم گنہگار لوگوں کی طرف بھیجے گئے
(32) تاکہ ان پر کھنگر برسائیں (33) جن پر حد سے بڑھ جانے والوں کے لئے تمہارے پروردگار کے
ہاں سے نشان کردیئے گئے ہیں (34) تو وہاں جتنے مومن تھے ان کو ہم نے نکال لیا (35) اور اس میں ایک
گھر کے سوا[1] مسلمانوں کا کوئی گھر نہ پایا (36) اور جو لوگ عذاب الیم[2] سے ڈرتے ہیں ان کے لئے وہاں نشانی
چھوڑ دی (37) اور موسیٰؑ (کے حال) میں (بھی نشانی ہے) جب ہم نے ان کو فرعون کی طرف کُھلا ہوا معجزہ
دے کر بھیجا (38) تو اس نے اپنی جماعت (کے گھمنڈ[1]) پر منہ موڑ لیا اور کہنے لگا یہ تو جادوگر ہے یا دیوانہ[2] (39)
تو ہم نے اس کو اور اس کے لشکروں[1] کو پکڑ لیا اور ان کو دریا میں پھینک دیا اور وہ کام ہی قابل ملامت[2] کرتا تھا
(40) اور عاد (کی قوم کے حال) میں بھی (نشانی ہے) جب ہم نے ان پر نامبارک ہوا چلائی (41) وہ
جس چیز پر چلتی اس کو ریزہ ریزہ کئے بغیر نہ چھوڑتی (42) اور (قوم) ثمود (کے حال) میں بھی (نشانی ہے)
جب ان سے کہا گیا کہ ایک وقت تک فائدہ اٹھالو (43) تو انہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی
سو ان کو کڑک نے آ پکڑا اور وہ دیکھ رہے تھے (44) پھر وہ نہ تو اُٹھنے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ مقابلہ ہی کر
سکتے تھے (45) اور اس سے پہلے (ہم) نوحؑ کی قوم کو (ہلاک کر چکے تھے)۔ بیشک وہ نافرمان لوگ تھے
(46) اور آسمانوں کو ہم ہی نے ہاتھوں سے بنایا اور ہم کو سب مقدور ہے (47) اور زمین کو ہم ہی نے بچھایا
تو (دیکھو) ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں (48) اور ہر چیز کی ہم نے دو قسمیں بنائیں تاکہ تم نصیحت پکڑو
(49) تو تم لوگ خدا کی طرف بھاگ چلو میں اس کی طرف سے صریح رستہ بتانے والا ہوں (50)

مشکل الفاظ کے معانی

لفظ	معنی
مُدّعا	اصل مقصد
کھنگر	پکائے گئے گارے کے مضبوط پتھر
1۔ سوا 2۔ الیم	1۔علاوہ 2۔دردوالا
معجزہ	کرشمہ، چمتکار
1۔ گھمنڈ 2۔ دیوانہ	1۔غرور 2۔پاگل
1۔ لشکروں 2۔ قابل ملامت	1۔فوجوں 2۔پھٹکار کے قابل
نامبارک	ناخوشگوار، تکلیف بھری
ریزہ ریزہ	ذرہ ذرہ، ٹکڑے ٹکڑے
سرکشی	بغاوت، شرک
کڑک	بجلی چمکنے کی خوفناک آواز
مقدور	طاقت، صلاحیت، اہلیت
صریح	صاف، سیدھا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ ، سُوْرَةُ الطُّوْرِ	حوالہ جات

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿51﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ
اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿52﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿53﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿54﴾
وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿55﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿56﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ
رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿57﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿58﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ
اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿59﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِیْ يُوْعَدُوْنَ ﴿60﴾

وَالطُّوْرِ ﴿1﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿2﴾ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿3﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿4﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿5﴾ وَالْبَحْرِ
الْمَسْجُوْرِ ﴿6﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿7﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿8﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿9﴾ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ
سَيْرًا ﴿10﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿11﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِیْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿12﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ
دَعًّا ﴿13﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿14﴾

اور خدا کے ساتھ کسی اور کو معبود [1] نہ بناؤ میں اس کی طرف سے صریح [2] رستہ بتانے والا ہوں (51) اسی طرح ان
سے پہلے لوگوں کے پاس جو پیغمبر آتا وہ اس کو جادوگر یا دیوانہ کہتے (52) کیا یہ ایک دوسرے کو اسی بات کی
وصیت [1] کرتے آتے ہیں بلکہ یہ شریر [2] لوگ ہیں (53) تو ان سے اعراض [3] کرو تم کو (ہماری طرف سے) ملامت [4]
نہ ہوگی (54) اور نصیحت کرتے رہو کہ نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے (55) اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس
لئے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت [1] کریں (56) میں ان سے طالب [2] رزق نہیں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ مجھے (کھانا)
کھلائیں (57) خدا ہی تو رزق دینے والا زور آور اور مضبوط ہے (58) کچھ شک نہیں کہ ان ظالموں کے لئے
بھی (عذاب کی) نوبت مقرر ہے جس طرح ان کے ساتھیوں کی نوبت تھی تو ان کو مجھ سے (عذاب) جلدی نہیں
طلب کرنا [1] چاہئے (59) جس دن کا ان کافروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس سے ان کے لئے خرابی [2] ہے (60)

ترجمہ سورت طور

(کوہ) طور [1] کی قسم (1) اور کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے (2) کشادہ اوراق [2] میں (3) اور آباد گھر کی (4) اور اونچی
چھت کی (5) اور اُبلتے ہوئے دریا کی (6) کہ تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہو کر رہے گا (7) (اور) اس کو
کوئی روک نہیں سکے گا (8) جس دن آسمان لرزنے لگے کپکپا کر [1] (9) اور پہاڑ اُڑنے لگیں اُون [2] ہو کر (10) اس
دن جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہے (11) جو خوض (باطل) میں پڑے کھیل رہے ہیں (12) جس دن ان کو
آتش جہنم کی طرف دھکیل دھکیل کر لے جائیں گے (13) یہی وہ جہنم ہے جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے (14)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔صاف،سیدھا
- پاگل
- 1 مرنے یا سفر پر جانے والے کی تاکید 2۔شرارتی 3۔منہ پھیرنا،کنارہ کشی کرنا 4۔ڈانٹ ڈپٹ
- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔خواہش کرنا
- طاقتور
- خاص حالات یا خاص وقت
- 1۔مانگنا 2۔نقصان،تباہی
- 1۔طور کا پہاڑ 2۔کھلے صفحات
- 1۔کانپتے ہوئے ہلنے لگے 2۔پشم
- جھوٹی سوچ
- آگ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الطُّوْرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الطُّوْرِ

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ (15) اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْلَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ (16) اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ (17) فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (18)
كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْۗـــًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (19) مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰي سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ (20)
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ
امْرِۍ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ (21) وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ (22) يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا
وَلَا تَاْثِيْمٌ (23) وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ (24) وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ
يَّتَسَاۗءَلُوْنَ (25) قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ (26) فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ (27) اِنَّا كُنَّا
مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ (28) فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ (29) اَمْ يَقُوْلُوْنَ
شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ (30) قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ (31)

تو کیا یہ جادو ہے یا تم کو نظر ہی نہیں آتا؟ (15) اس میں داخل ہو جاؤ اور صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے یکساں ہے جو
کام تم کیا کرتے تھے (یہ) انہی کا تم کو بدلا مل رہا ہے (16) جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے
(17) جو کچھ ان کے پروردگار نے ان کو بخشا اس (کی وجہ) سے خوشحال اور ان کے پروردگار نے ان کو دوزخ کے
عذاب سے بچا لیا (18) اپنے اعمال کے صلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو (19) تختوں پر جو برابر بچھے ہوئے ہیں
تکیہ لگائے ہوئے اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم ان کا عقد کر دیں گے (20) اور جو لوگ ایمان لائے
اور ان کی اولاد بھی (راہ) ایمان میں ان کے پیچھے چلی، ہم ان کی اولاد کو بھی ان (کے درجے) تک پہنچا دیں گے اور
ان کے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے اعمال میں پھنسا ہوا ہے (21) اور جس طرح کے میوے
اور گوشت ان کا جی چاہے گا ہم ان کو عطا کریں گے (22) وہاں وہ ایک دوسرے سے جام شراب جھپٹ لیا کریں
گے جس (کے پینے) سے نہ ہذیان سرائی ہوگی نہ کوئی گناہ کی بات (23) اور نوجوان خدمت گار (جو ایسے ہوں
گے) جیسے چھپائے ہوئے موتی، ان کے آس پاس پھریں گے (24) اور ایک دوسرے کی طرف رُخ کر کے آپس
میں گفتگو کریں گے (25) کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم اپنے گھر میں (خدا سے) ڈرتے رہتے تھے (26) تو خدا
نے ہم پر احسان فرمایا اور ہمیں لُو کے عذاب سے بچا لیا (27) اس سے پہلے ہم اس سے دعائیں کیا کرتے تھے،
بیشک وہ احسان کرنے والا مہربان ہے (28) تو (اے پیغمبرؐ) تم نصیحت کرتے رہو، تم اپنے پروردگار کے فضل
سے نہ تو کاہن ہو اور نہ دیوانے (29) کیا کافر کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہے (اور) ہم اس کے حق میں زمانے کے
حوادث کا انتظار کر رہے ہیں (30) کہہ دو کہ انتظار کئے جاؤ، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں (31)

مشکل الفاظ کے معانی:

- یکساں: برابر
- بدلا: معاوضہ، صلہ، اجر
- خوشحال: خوش و خرم
- صلے: بدلے
- عقد: نکاح، گانٹھ
- درجے: رُتبے
- 1۔ پھنسا ہوا: گروی ہے 2۔ میوے: پھل، فروٹ
- 1۔ جی چاہے گا: دل چاہے گا 2۔ عطا کریں گے: دیں گے 3۔ جام: گلاس
- ہذیان سرائی: بے معنی گفتگو
- لُو: گرم ہوا
- 1۔ کاہن: جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا 2۔ دیوانے: پاگل
- حوادث: حادثہ کی جمع

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الطُّوْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الطُّوْرِ

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿32﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿33﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ
مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿34﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿35﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ
لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿36﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿37﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ
مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿38﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿39﴾ اَمْ تَسْئَلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿40﴾
اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿41﴾ اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿42﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ
اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿43﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿44﴾ فَذَرْهُمْ
حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿45﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿46﴾ وَاِنَّ
لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿47﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿48﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿49﴾

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
کیا ان کی عقلیں ان کو یہی سکھاتی ہیں؟ بلکہ یہ لوگ ہیں ہی شریر (32) کیا (کفار) کہتے ہیں کہ ان پیغمبرؑ نے قرآن	شرارتی
ازخود[1] بنالیا ہے بات یہ ہے کہ یہ (خدا پر) ایمان نہیں رکھتے (33) اگر یہ سچے ہیں تو ایسا کلام[2] بنا تو لائیں (34)	1-اپنی طرف سے یا اپنے آپ 2-باتیں
کیا یہ کسی کے پیدا کئے بغیر ہی پیدا ہوگئے ہیں یا یہ خود (اپنے تئیں) پیدا کرنے والے ہیں (35) یا انہوں نے	اپنے آپ کو
آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے (نہیں) بلکہ یہ یقین ہی نہیں رکھتے (36) کیا ان کے پاس تمہارے پروردگار	
کے خزانے[1] ہیں یا یہ (کہیں کے) داروغہ[2] ہیں (37) یا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے' جس پر (چڑھ کر آسمان سے	1-انبار، ڈھیر 2-نگران، محافظ
باتیں) سن آتے ہیں؟ تو جو سن کر آتا ہے وہ صریح سند دکھائے (38) کیا خدا کی تو بیٹیاں اور تمہارے بیٹے؟ (39)	صاف دلیل
(اے پیغمبرؑ) کیا تم ان سے صلہ مانگتے ہو کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے؟ (40) یا ان کے پاس غیب (کا	جرمانے کا وزن
علم) ہے کہ وہ اسے لکھ لیتے ہیں؟ (41) کیا یہ کوئی داؤں کرنا چاہتے ہیں؟ تو کافر تو خود داؤں میں آنے	چال چلنا
والے ہیں (42) کیا خدا کے سوا[1] ان کا کوئی اور معبود[2] ہے؟ خدا ان کے شریک بنانے سے پاک ہے (43)	1-علاوہ 2-جس کا شرعی حکم مانا جائے
اور اگر یہ آسمان سے (عذاب) کا کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو کہیں کہ یہ گاڑھا بادل ہے (44) پس ان کو چھوڑ	بہت گہرا
دو یہاں تک کہ وہ روز جس میں وہ بیہوش کر دیئے جائیں گے سامنے آجائے (45) جس دن ان کا کوئی داؤں	
کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ ان کو (کہیں سے) مدد ہی ملے (46) اور ظالموں کے لئے اس کے سوا اور عذاب بھی	علاوہ
ہے' لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے (47) اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو تم تو	زیادہ تر
ہماری آنکھوں کے سامنے ہو اور جب اٹھا کرو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کیا کرو (48)	ذکر
اور رات کے بعض[1] اوقات میں بھی اور ستاروں کے غروب ہونے کے بعد اس کی تنزیہہ[2] کیا کرو (49)	1-کچھ 2-پاکیزگی بیان کرنا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّجْمِ	مشکل الفاظ کے معانی
	وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ① مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ② وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ③ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ	
	يُّوْحٰى ④ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ⑤ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ⑥ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ⑦ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ⑧ فَكَانَ	
	قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ⑨ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ⑩ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ⑪ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا	
	يَرٰى ⑫ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ⑬ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ⑭ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ⑮ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا	
	يَغْشٰى ⑯ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ⑰ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ⑱ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ⑲	
	وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ⑳ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ㉑ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ㉒ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ	
	سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ	
	جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ㉓ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ㉔ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ㉕	
	ترجمہ سورت نجم	
	تارے کی قسم جب غائب ہونے لگے (1) کہ تمہارے رفیق (محمدؐ) نہ رستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں (2) اور نہ	1۔ساتھی، دوست 2۔بے راہ ہوجانا
یوسف:53، نجم:23، قمر:3	خواہش نفس سے منہ سے بات نکالتے ہیں (3) یہ (قرآن) تو حکم خدا ہے جو (ان کی طرف) بھیجا جاتا ہے (4)	دنیاوی زندگی کی غرض سے
	ان کو نہایت قوت والے نے سکھایا (5) (یعنی جبرائیلؑ) طاقتور نے' پھر وہ پورے نظر آئے (6)	بہت زیادہ طاقت والے
تکویر:23	اور وہ (آسمان کے) اونچے کنارے میں تھے (7) پھر قریب ہوئے اور آگے بڑھے (8) تو دو کمان کے	دائرے کا کوئی حصّہ
	فاصلے پر یا اس سے بھی کم (9) پھر خدا نے اپنے بندے کی طرف جو بھیجا سو بھیجا (10) جو کچھ انہوں نے دیکھا	یعنی صرف خدا اور رسول کے درمیان بات ٹھہری
	ان کے دل نے اس کو جھوٹ نہ جانا (11) کیا جو کچھ وہ دیکھتے ہیں تم اس میں ان سے جھگڑتے ہو (12) اور	
تکویر:19 تا 23	انہوں نے اس کو ایک اور بار بھی دیکھا ہے (13) پرلی حد کی بیری کے پاس (14) اسی کے پاس رہنے کی جنت	1۔دوسری طرف کا کنارہ 2۔ایک درخت
	ہے (15) جبکہ اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا (16) ان کی آنکھ نہ تو اور طرف مائل ہوئی اور نہ (حد سے) آگے	متوجہ ہوئی، جھکی
بنی اسرائیل:36	بڑھی (17) انہوں نے اپنے پروردگار (کی قدرت) کی کتنی ہی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں (18) بھلا تم لوگوں	طاقت، صلاحیت
بنی اسرائیل:36	نے لات اور عزّٰی کو دیکھا (19) اور تیسرے منات کو (20) (مشرکو!) کیا تمہارے لئے تو بیٹے اور خدا کے لئے	1/2۔ نبی پاک کی دیکھی ہوئی اشیاء یا جگہیں
	بیٹیاں؟ (21) یہ تقسیم تو بہت بے انصافی کی ہے (22) وہ تو صرف نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ	
	دادا نے گھڑ لئے ہیں۔ خدا نے تو ان کی کوئی سند نازل نہیں کی۔ یہ لوگ محض ظن (فاسد) اور خواہشات نفس کے	1۔بنالئے 2۔دلیل 3۔جھوٹا بگاڑ
	پیچھے چل رہے ہیں۔ حالانکہ ان کے پروردگار کی طرف سے ان کے پاس ہدایت آچکی ہے (23) کیا جس چیز کی	
	انسان آرزو کرتا ہے وہ اسے ضرور ملتی ہے؟ (24) آخرت اور دنیا تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے (25)	شدید خواہش

حوالہ جات	سُوْرَةُ النَّجْم	مشکل الفاظ کے معانی

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿26﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿27﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا
الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿28﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ
الدُّنْيَا ﴿29﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿30﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
بِالْحُسْنٰى ﴿31﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ
اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿32﴾
اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿33﴾ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿34﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿35﴾ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ
صُحُفِ مُوْسٰى ﴿36﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿37﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿38﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿39﴾

اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی مگر اس وقت کہ خدا جس کے لئے
چاہے اجازت بخشے اور (سفارش) پسند کرے (26) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کو لڑکیوں
کے نام سے موسوم کرتے ہیں (27) حالانکہ ان کو اس کی کچھ خبر نہیں وہ صرف ظن پر چلتے ہیں اور ظن یقین
کے مقابلہ میں کچھ کام نہیں آتا (28) تو جو ہماری یاد سے رُوگردانی کرے اور صرف دنیا ہی کی زندگی کا خواہاں
ہو اس سے تم بھی منہ پھیر لو (29) ان کے علم کی یہی انتہا ہے' تمہارا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اس
کے رستے سے بھٹک گیا اور اس سے بھی خوب واقف ہے جو رستے پر چلا (30) اور جو کچھ آسمانوں میں ہے
اور جو کچھ زمین میں ہے' سب خدا ہی کا ہے (اور اس نے خلقت کو) اس لئے (پیدا کیا ہے) کہ جن لوگوں نے
بُرے کام کئے ان کو ان کے اعمال کا (بُرا) بدلا دے اور جنہوں نے نیکیاں کیں ان کو نیک بدلا دے (31) جو
صغیرہ گناہوں کے سوا بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے ہیں۔ بیشک تمہارا
پروردگار بڑی بخشش والا ہے۔ وہ تم کو خوب جانتا ہے' جب اس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں
کے پیٹ میں بچے تھے تو اپنے آپ کو پاک صاف نہ جتاؤ جو پرہیزگار ہے وہ اس سے خوب واقف ہے (32)
بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے منہ پھیر لیا (33) اور تھوڑا سا دیا (پھر) ہاتھ روک لیا (34) کیا اس کے
پاس غیب کا علم ہے کہ وہ اس کو دیکھ رہا ہے؟ (35) کیا جو باتیں موسیٰؑ کے صحیفوں میں ہیں ان کی اس کو خبر نہیں
پہنچی (36) اور ابراہیمؑ کی جنہوں نے (حق طاعت و رسالت) پورا کیا؟ (37) یہ کہ کوئی شخص (ازراہِ ہمدردی)
دوسرے (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا (38) اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے (39)

حوالہ جات:
- آئندہ حصوں میں دیکھیے
- اعلیٰ: 9 تا 19
- بنی اسرائیل: 19، طٰہٰ: 15

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔ جوڑنا، نام رکھنا 2۔ خیال
- 1۔ منکر ہونا 2۔ خواہشمند
- 1۔ کنارہ کش ہو جاؤ 2۔ آخری حد
- مخلوق
- 1۔ چھوٹے 2۔ علاوہ 3۔ دور رہنا، بچنا
- تاکید کرنا
- آسمانی کتاب
- فرمانبرداری
- وزن

فَاِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوۡرَةُ النَّجۡمِ ، سُوۡرَةُ الۡقَمَرِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاَنَّ سَعۡیَهٗ سَوۡفَ یُرٰی ﴿40﴾ ثُمَّ یُجۡزٰىهُ الۡجَزَآءَ الۡاَوۡفٰی ﴿41﴾ وَاَنَّ اِلٰی رَبِّکَ الۡمُنۡتَهٰی ﴿42﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضۡحَکَ

وَاَبۡکٰی ﴿43﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحۡیَا ﴿44﴾ وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوۡجَیۡنِ الذَّکَرَ وَالۡاُنۡثٰی ﴿45﴾ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اِذَا تُمۡنٰی ﴿46﴾ وَاَنَّ

عَلَیۡهِ النَّشۡاَةَ الۡاُخۡرٰی ﴿47﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغۡنٰی وَاَقۡنٰی ﴿48﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعۡرٰی ﴿49﴾ وَاَنَّهٗۤ اَهۡلَکَ عَادَا ۨالۡاُوۡلٰی ﴿50﴾

وَثَمُوۡدَا۠ فَمَاۤ اَبۡقٰی ﴿51﴾ وَقَوۡمَ نُوۡحٍ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّهُمۡ کَانُوۡا هُمۡ اَظۡلَمَ وَاَطۡغٰی ﴿52﴾ وَالۡمُؤۡتَفِکَةَ اَهۡوٰی ﴿53﴾ فَغَشّٰهَا

مَا غَشّٰی ﴿54﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکَ تَتَمَارٰی ﴿55﴾ هٰذَا نَذِیۡرٌ مِّنَ النُّذُرِ الۡاُوۡلٰی ﴿56﴾ اَزِفَتِ الۡاٰزِفَةُ ﴿57﴾ لَیۡسَ لَهَا مِنۡ

دُوۡنِ اللّٰهِ کَاشِفَةٌ ﴿58﴾ اَفَمِنۡ هٰذَا الۡحَدِیۡثِ تَعۡجَبُوۡنَ ﴿59﴾ وَتَضۡحَکُوۡنَ وَلَا تَبۡکُوۡنَ ﴿60﴾ وَاَنۡتُمۡ سٰمِدُوۡنَ ﴿61﴾

فَاسۡجُدُوۡا لِلّٰهِ وَاعۡبُدُوۡا ﴿62﴾ السجدۃ

اِقۡتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانۡشَقَّ الۡقَمَرُ ﴿1﴾ وَاِنۡ یَّرَوۡا اٰیَةً یُّعۡرِضُوۡا وَیَقُوۡلُوۡا سِحۡرٌ مُّسۡتَمِرٌّ ﴿2﴾ وَکَذَّبُوۡا وَاتَّبَعُوۡۤا

اَهۡوَآءَهُمۡ وَکُلُّ اَمۡرٍ مُّسۡتَقِرٌّ ﴿3﴾

اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی (40) پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا (41) اور یہ کہ تمہارے پروردگار ہی کے پاس پہنچنا ہے (42) اور یہ کہ وہ ہنساتا اور رُلاتا ہے (43) اور یہ کہ وہی مارتا اور جِلاتا ہے (44) اور یہ کہ وہی نر اور مادہ دو قسم (کے) پیدا کرتا ہے (45) (یعنی) نطفے سے جو ڈالا جاتا ہے (46) اور یہ کہ (قیامت کو) اسی پر دوبارہ اٹھانا لازم ہے (47) اور یہ کہ وہی دولت مند بناتا اور مُفلس کرتا ہے (48) اور یہ کہ وہی شعریٰ کا مالک ہے (49) اور یہ کہ اسی نے عادِ اول کو ہلاک کر ڈالا (50) اور ثمود کو بھی۔ غرض کسی کو باقی نہ چھوڑا (51) اور ان سے پہلے قوم نوحؑ کو بھی' کچھ شک نہیں کہ وہ لوگ بڑے ہی ظالم اور بڑے ہی سرکش تھے (52) اور اسی نے الٹی ہوئی بستیوں کو دے پٹکا (53) پھر ان پر چھایا جو چھایا (54) تو (اے انسان) تُو اپنے پروردگار کی کون سی نعمت پر جھگڑے گا؟ (55) یہ (محمدؐ) بھی اگلے ڈر سنانے والوں میں سے ایک ڈر سنانے والے ہیں (56) آنے والی (یعنی قیامت) قریب آ پہنچی (57) اس (کے وقت) کو خدا کے سوا کوئی دُور نہیں کر سکے گا (58) (اے منکرین خدا) کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو (59) اور ہنستے ہو اور روتے نہیں (60) اور تم غفلت میں پڑ رہے ہو؟ (61) تو خدا کے آگے سجدہ کرو اور (اسی کی) عبادت کرو (62)

ترجمہ سورت قمر

قیامت قریب آ گئی اور چاند شق ہوگیا (1) اور اگر (کافر) کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ایک ہمیشہ کا جادو ہے (2) اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام کا وقت مقرر ہے (3)

مشکل الفاظ کے معانی:
- زندگی دینا، زندہ کرنا
- منی
- غریب
- 1۔ایک ستارے کا نام 2۔پہلے
- 1۔باغی، سرکش 2۔آبادیوں 3۔دے مارا، گرایا
- علاوہ
- حیرت، حیرانگی
- 1۔سستی، لاپرواہی 2۔اللہ کا حکم ماننا
- روز قیامت کے وقوع پذیری کے مراحل میں چاند کا بھی پھٹ جانا
- پیچھے چلے

حوالہ جات:
- رعد:14
- جن:25
- انعام:35، بنی اسرائیل:59، رحمٰن:37، ملک:25 تا 27، حاقہ:16، نوح:15،16، انشقاق:1،2

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْقَمَرِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ⑤ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ
اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ⑦ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى
الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ
وَّازْدُجِرَ ⑨ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ⑩ فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ⑪ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ
عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ⑫ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ⑬ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ
كَانَ كُفِرَ ⑭ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَاۤ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑮ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ⑯ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ
لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑰ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ⑱ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا
فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ⑲ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ⑳ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ㉑ وَلَقَدْ
يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ㉒ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ㉓ فَقَالُوْۤا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا
لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ㉔

اور ان کو ایسے حالات (سابقین) پہنچ چکے ہیں، جن میں عبرت ہے (4) اور کامل دانائی لیکن ڈرانا ان کو کچھ
فائدہ نہیں دیتا (5) تو تم بھی ان کی کچھ پروا نہ کرو جس دن بلانے والا ان کو ایک ناخوش چیز کی طرف بلائے گا
(6) تو آنکھیں نیچی کئے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں (7) اس بلانے والے کی
طرف دوڑتے جاتے ہوں گے، کافر کہیں گے یہ دن بڑا سخت ہے (8) ان سے پہلے نوحؑ کی قوم نے بھی تکذیب
کی تھی تو انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا کہ دیوانہ ہے اور انہیں ڈانٹا بھی (9) تو انہوں نے اپنے
پروردگار سے دعا کی کہ (بارالہا) میں (ان کے مقابلے میں) کمزور ہوں تُو (ان سے) بدلا لے (10) پس ہم
نے زور کے مینہ سے آسمان کے دہانے کھول دیئے (11) اور زمین میں چشمے جاری کر دیئے تو پانی ایک کام
کے لئے جو مقدور ہو چکا تھا جمع ہو گیا (12) اور ہم نے نوحؑ کو ایک کشتی پر جو تختوں اور میخوں سے تیار کی گئی
تھی سوار کر لیا (13) وہ ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی تھی (یہ سب کچھ) اس شخص کے انتقام کے لئے (کیا گیا)
جس کو کافر مانتے نہ تھے (14) اور ہم نے اس کو ایک عبرت بنا چھوڑا تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ (15) سو (دیکھ
لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا؟ (16) اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ
سوچے سمجھے؟ (17) عاد نے بھی تکذیب کی تھی سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا (18) ہم نے ان پر
سخت منحوس دن میں آندھی چلائی (19) وہ لوگوں کو (اس طرح) اکھیڑے ڈالتی تھی گویا اُکھڑی ہوئی کھجوروں کے
تنے ہیں (20) سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا (21) اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا
ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ (22) ثمود نے بھی ہدایت کرنے والوں کو جھٹلایا (23) اور کہا کہ بھلا ایک آدمی جو
ہم ہی میں سے ہے، ہم اس کی پیروی کریں؟ یوں ہو تو ہم گمراہی اور دیوانگی میں پڑ گئے (24)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔گزشتہ، سابقہ 2۔نصیحت، سبق 3۔مکمل 4۔عقلمندی، فائدہ مند کتاب
- پَر والے کیڑے
- جھٹلایا
- پاگل
- 1۔اے خدائے بزرگ 2۔انتقام
- مُنہ، بہت زیادہ پانی گرنے کی جگہ
- 1۔مُہیا کر دیا گیا تھا 2۔پھٹوں 3۔کیلوں
- بدلا لینا
- نمونہ، نصیحت
- 1۔ناخوشگوار 2۔انتہائی تیز ہوا 3۔زمین سے اُٹھا دینا
- 1۔پیچھے چلیں 2۔پاگل پن

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَمَرِ	حوالہ جات

ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿25﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿26﴾ اِنَّا مُرْسِلُو
النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿27﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿28﴾ فَنَادَوْا
صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿29﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿30﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا
كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿31﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿32﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۢ بِالنُّذُرِ ﴿33﴾ اِنَّآ
اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿34﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿35﴾
وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿36﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ
وَنُذُرِ ﴿37﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿38﴾ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿39﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿40﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿41﴾ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿42﴾ اَكُفَّارُكُمْ
خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿43﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿44﴾

کیا ہم سب میں سے اسی پر وحی نازل ہوئی ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ جھوٹا خود پسند ہے (25) ان کو کل ہی معلوم ہو
جائے گا' کہ کون جھوٹا خود پسند ہے (26) (اے صالحؑ!) ہم ان کی آزمائش کے لئے اونٹنی بھیجنے والے ہیں تو
تم ان کو دیکھتے رہو اور صبر کرو (27) اور ان کو آگاہ کردو کہ ان میں پانی کی باری مقرر کردی گئی ہے۔ ہر (باری
والے کو اپنی) باری پر آنا چاہیئے (28) تو ان لوگوں نے اپنے رفیق کو بلایا تو اس نے (اونٹنی کو پکڑ کر اس کی
کونچیں کاٹ ڈالیں (29) سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہے (30) ہم نے ان پر (عذاب کے
لئے) ایک چیخ بھیجی تو وہ ایسے ہو گئے جیسے باڑ والے کی سُوکھی اور ٹوٹی ہوئی باڑ (31) اور ہم نے قرآن کو سمجھنے
کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ (32) لوطؑ کی قوم نے بھی ڈر سنانے والوں کو جھٹلایا تھا
(33) تو ہم نے ان پر کنکر بھری ہوا چلائی مگر لوطؑ کے گھر والے کہ ہم نے ان کو پچھلی رات ہی سے بچا لیا
(34) اپنے فضل سے شکر کرنے والے کو ہم ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (35) اور لوطؑ نے ان کو ہماری پکڑ سے
ڈرایا بھی تھا' مگر انہوں نے ڈرانے میں شک کیا (36) اور ان سے ان کے مہمانوں کو لے لینا چاہا تو ہم نے
ان کی آنکھیں مٹا دیں سو (اب) میرے عذاب اور ڈرانے کے مزے چکھو (37) اور ان پر صبح سویرے ہی
اٹل عذاب آ نازل ہوا (38) تو اب میرے عذاب اور ڈرانے کا مزا چکھو (39) اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے
لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ (40) اور قوم فرعون کے پاس بھی ڈر سنانے والے آئے (41)
انہوں نے ہماری تمام نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو اس طرح پکڑ لیا جس طرح ایک قوی اور غالب شخص پکڑ لیتا
ہے (42) (اے اہل عالم) کیا تمہارے کافر ان لوگوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لئے (پہلی) کتابوں میں کوئی
فارغ خطی لکھ دی گئی ہے؟ (43) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری جماعت بڑی مضبوط ہے (44)

- خود پسند: اپنی تعریف کرنے یا کرانے والا
- آگاہ کردو، باری، مقرر کردی گئی ہے: 1۔ بتادو 2۔ اپنا اپنا وقت 3۔ طے ہوگئی ہے
- رفیق: ساتھی، ہمراہی
- کونچیں کاٹ ڈالیں: پاؤں کاٹ دینا، لُولا یا اپاہج کرنا
- باڑ: کانٹوں یا جھاڑی سے حد بندی کرنے کا سامان
- کنکر: نوکیلے پتھر
- فضل: مہربانی
- مٹا دیں: تباہ یا ختم کردیں
- اٹل: نہ ٹلنے والا
- قوی: طاقتور، مضبوط
- فارغ خطی: بے باکی کی سند یا دلیل

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْقَمَرِ ، سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ	مشکل الفاظ کے معانی
	سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿45﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿46﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِىْ ضَلٰلٍ	
	وَّسُعُرٍ ﴿47﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِى النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿48﴾ اِنَّا كُلَّ شَىْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿49﴾ وَمَآ	
	اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿51﴾ وَكُلُّ شَىْءٍ فَعَلُوْهُ فِى	
	الزُّبُرِ ﴿52﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿53﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۙ﴿54﴾ فِىْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿55﴾	
	اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿1﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿2﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿3﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿4﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ﴿5﴾ وَّالنَّجْمُ	
	وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿6﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ﴿7﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ﴿8﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ	
	بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿9﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿10﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۖ﴿11﴾	
	وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۚ﴿12﴾ فَبِاَىِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿13﴾	
	عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے (45) ان کے وعدے کا وقت تو	بہت جلد
	قیامت ہے اور قیامت بڑی سخت اور بہت تلخ ہے (46) بیشک گنہگار لوگ گمراہی اور دیوانگی میں (مبتلا) ہیں (47)	1۔کڑوی، بدمزا 2۔پاگل پن 3۔پکڑے یا پھنسے ہوئے ہیں
آئندہ حصوں میں دیکھئے	اس روز منہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (اب) آگ کا مزا چکھو (48) ہم نے ہر چیز اندازۂ مقرر کے	
	ساتھ پیدا کی ہے (49) اور ہمارا حکم تو آنکھ کے جھپکنے کی طرح ایک بات ہوتی ہے (50) اور ہم تمہارے ہم	
	مذہبوں کو ہلاک کر چکے ہیں تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ (51) اور جو کچھ انہوں نے کیا (ان کے) اعمال ناموں	
	میں (مندرج) ہے (52) (یعنی) ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھ دیا گیا ہے (53) جو پرہیز گار ہیں وہ باغوں اور نہروں	لکھا ہوا
	میں ہوں گے (54) (یعنی) پاک مقام میں ہر طرح کی قدرت رکھنے والے بادشاہ کی بارگاہ میں (55)	1۔صاف، مبارک 2۔جگہ 3۔دربار، حضور
	ترجمہ سورت رحمٰن	
	(خدا جو) نہایت مہربان (1) اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی (2) اسی نے انسان کو پیدا کیا (3) اسی نے اس کو بولنا	1۔بہت زیادہ 2۔علم دیا
	سکھایا (4) سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں (5) اور بُوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں (6)	1۔طے شدہ 2۔گھاس پھوس
حدید:25	اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی (7) کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو (8) اور انصاف	بڑھ جانا
	کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول کم مت کرو (9) اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی (10) اس میں میوے اور	1۔مخلوق 2۔پھل، فروٹ وغیرہ
	کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں (11) اور اناج جس کے ساتھ بُھس ہوتا ہے اور	1۔گُچھا 2۔کوّر 3۔گیہوں، گندم 4۔بھوسہ
	خوشبودار پھول (12) تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (13)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ	حوالہ جات

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ⑭ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ⑮ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑯
رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ⑰ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑱ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ⑲ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا
يَبْغِيٰنِ ⑳ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉑ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ㉒ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉓
وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ㉔ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉕ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ㉖
وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ㉗ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉘ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط
كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ㉙ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉚ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ㉛ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ㉜ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ط لَا
تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ㉝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉞ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ㉟
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㊱ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ㊲ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㊳

اسی نے انسان کو ٹھیکرے[1] کی طرح کھنکھناتی[2] مٹی سے بنایا (14) اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا
(15) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (16) وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا
مالک (ہے) (17) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (18) اسی نے دو دریا رواں کئے جو
آپس میں ملتے ہیں (19) دونوں میں ایک آڑ[1] ہے کہ (اس سے) تجاوز[2] نہیں کر سکتے (20) تو تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (21) دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں (22) تو تم
اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (23) اور جہاز بھی اسی کے ہیں جو دریا میں پہاڑوں کی طرح
اونچے کھڑے ہوتے ہیں (24) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (25) جو (مخلوق) زمین
پر ہے سب کو فنا[1] ہونا ہے (26) اور تمہارے پروردگار ہی کی ذات (بابرکت) جو صاحب جلال وعظمت[2] ہے باقی
رہے گی (27) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (28) آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں
سب اسی سے مانگتے ہیں۔ وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے (29) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو
جھٹلاؤ گے؟ (30) اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں (31) تو تم اپنے پروردگار
کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (32) اے گروہ جن وانس! اگر تمہیں قدرت ہو کہ آسمان اور زمین کے کناروں
سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ اور زور (لگانے) کے سوا تو تم نکل سکنے ہی کے نہیں (33) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی
نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (34) تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر تم مقابلہ نہ کرسکو گے (35) تو تم
اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (36) پھر جب آسمان پھٹ کر تیل کی تلچھٹ کی طرح گلابی ہو
جائے گا (تو وہ کیسا ہولناک دن ہوگا) (37) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (38)

1۔مٹی کے برتن وغیرہ 2۔آگ پر تپنا

چلائے

1۔رکاوٹ 2۔بڑھ جانا

سِیپ

1۔ختم ہوجانا،موت آجانا 2۔عزت وشان

بہت جلد

طاقت،صلاحیت

علاوہ

مائع کی تہہ میں بیٹھ جانا

خوفناک

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ	مشکل الفاظ کے معانی

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿39﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿40﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ
فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿41﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿42﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿43﴾
يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿44﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿45﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿46﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿47﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿48﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿49﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿50﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿51﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿52﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿53﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۢ بَطَآئِنُهَا مِنْ
اِسْتَبْرَقٍ ۭ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿54﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿55﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ
قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿56﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿57﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿58﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿60﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿63﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿64﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿65﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿66﴾

اس روز نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہوں کے بارے میں پرسش کی جائے گی اور نہ کسی جن سے (39) تو تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (40) گنہگار اپنے چہرے ہی سے پہچان لئے جائیں گے تو پیشانی کے
بالوں اور پاؤں سے پکڑ لئے جائیں گے (41) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (42)
یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ جھٹلاتے تھے (43) وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان گھومتے پھریں
گے (44) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (45) اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے
ہونے سے ڈرا اس کے لئے دو باغ ہیں (46) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (47) ان
دونوں میں بہت سی شاخیں (ہیں) (48) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (49) ان میں دو
چشمے بہہ رہے ہیں (50) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (51) ان میں سب میوے دو دو
قسم کے ہیں (52) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (53) (اہل جنت) ایسے بچھونوں پر
جن کے استر اطلس کے ہیں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اور دونوں باغوں کے میوے قریب (جھک رہے) ہیں
(54) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (55) ان میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں جن کو
اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے (56) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ
گے؟ (57) گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں (58) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (59) نیکی
کا بدلا نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے (60) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (61) اور ان باغوں
کے علاوہ دو باغ اور ہیں (62) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (63) دونوں خوب گہرے سبز
(64) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (65) ان میں دو چشمے اُبل رہے ہیں (66)

مشکل الفاظ کے معانی:
- پوچھ گچھ
- سر کا اگلا حصہ
- انتہائی گرم
- ٹہنیاں
- پھل فروٹ وغیرہ
- نیچے بچھائی جانے والی چیز
- کوئی دوہرا ریشمی کپڑا
- نظر
- موتیوں کی قسمیں
- علاوہ
- چھلکنا

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات
	سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ ، سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ	

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿67﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿68﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿69﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ
حِسَانٌ ﴿70﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿71﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿72﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾ لَمْ
يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿74﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿75﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ
حِسَانٍ ﴿76﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿78﴾

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿1﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿2﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿3﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿4﴾ وَّبُسَّتِ
الْجِبَالُ بَسًّا ﴿5﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ﴿6﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿7﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ
الْمَيْمَنَةِ ﴿8﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿9﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿10﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿11﴾
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿12﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿13﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿14﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿15﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿16﴾

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (67) ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں (68) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (69) ان میں نیک سیرت (اور) خوبصورت عورتیں ہیں (70) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (71) (وہ) حوریں (ہیں جو) خیموں میں مستور (ہیں) (72) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (73) ان کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے (74) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (75) سبز قالینوں[1] اور نفیس[2] مسندوں[3] پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (76) تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ (77) (اے محمدؐ) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال وعظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے (78)

ترجمہ سورت واقعہ

جب واقع ہونے والی واقع ہو جائے (1) اس کے واقع ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں (2) کسی کو پست کرے کسی کو بلند (3) جب زمین بھونچال[1] سے لرزنے لگے (4) اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ[2] ہو جائیں (5) پھر غبار[3] ہو کر اُڑنے لگیں (6) اور تم لوگ تین قسم ہو جاؤ (7) تو داہنے ہاتھ والے (سبحان اللہ) داہنے ہاتھ والے کیا (ہی چین میں) ہیں (8) اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (گرفتار عذاب) ہیں (9) اور جو آگے بڑھنے والے ہیں (ان کا کیا کہنا) وہ آگے ہی بڑھنے والے ہیں (10) وہی (خدا کے) مقرب ہیں (11) نعمت کے بہشتوں میں (12) وہ بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے ہوں گے (13) اور تھوڑے سے پچھلوں میں سے (14) (لعل و یاقوت[1] وغیرہ سے) جڑے ہوئے[2] تختوں پر (15) آمنے سامنے تکیہ لگائے ہوئے (16)

مشکل الفاظ کے معانی

- پھل، فروٹ وغیرہ
- کردار
- ڈیرہ
- مست ہونا
- 1۔ کارپٹ 2۔ عمدہ 3۔ تخت
- شان وشوکت والا
- نیچا، ذلیل، رسوا
- 1۔ زلزلہ 2۔ ٹکڑے ٹکڑے، ذرہ ذرہ 3۔ دُھول
- سکون، اطمینان
- عذاب میں پکڑے ہوئے
- قریبی
- 1۔ موتی وغیرہ 2۔ آراستہ ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ	حوالہ جات

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ⑰ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ⑱ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا
يُنْزِفُوْنَ ⑲ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ⑳ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ㉑ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ㉒ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ
الْمَكْنُوْنِ ㉓ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ㉔ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ㉕ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ㉖
وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ㉗ فِىْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ㉘ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ㉙ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ㉚ وَّمَآءٍ
مَّسْكُوْبٍ ㉛ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ㉜ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ㉝ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ㉞ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ㉟
فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ㊱ عُرُبًا اَتْرَابًا ㊲ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ㊳ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ㊴ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ㊵
وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ㊶ فِىْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ㊷ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ㊸ لَّا بَارِدٍ وَّلَا
كَرِيْمٍ ㊹ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ㊺ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ㊻ وَكَانُوْا
يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ㊼ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ㊽ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ㊾
لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ㊿ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ (51)

نوجوان خدمت گزار جو ہمیشہ (ان کی خدمت کے لئے) رہیں گے ان کے آس پاس پھریں گے (17) یعنی
آبخورے اور آفتابے اور صاف شراب کے گلاس لے کر (18) اس سے نہ تو سر میں درد ہوگا اور نہ ان کی
عقلیں زائل ہوں گی (19) اور میوے جس طرح کے ان کو پسند ہوں (20) اور پرندوں کا گوشت جس قسم کا ان کا
جی چاہے (21) اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں (22) جیسے (حفاظت سے) تہہ کئے ہوئے (آبدار) موتی (23)
یہ ان اعمال کا بدلا ہے جو وہ کرتے تھے (24) وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے اور نہ گالی گلوچ (25) ہاں ان کا کلام
سلام سلام (ہوگا) (26) اور داہنے ہاتھ والے (سبحان اللہ) داہنے ہاتھ والے کیا (ہی عیش میں) ہیں (27)
(یعنی) بے خار کی بیریوں (28) اور تہہ بہ تہہ کیلوں (29) اور لمبے لمبے سایوں (30) اور پانی کے جھرنوں
(31) اور میوہ ہائے کثیر (کے باغوں) میں (32) جو نہ کبھی ختم ہوں اور نہ ان سے کوئی روکے (33) اور اونچے
اونچے فرشوں میں (34) ہم نے ان (حوروں) کو پیدا کیا (35) تو ان کو کنواریاں بنایا (36) (اور
شوہروں کی) پیاریاں اور ہم عمر (37) داہنے ہاتھ والوں کے لئے (38) یہ بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے
ہیں (39) اور بہت سے پچھلوں میں سے (40) اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (ہی عذاب
میں) ہیں (41) (یعنی دوزخ کی) لپٹ اور کھولتے ہوئے پانی میں (42) اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں (43)
(جو) نہ ٹھنڈا (ہے) اور نہ خوشنما (44) یہ لوگ اس سے پہلے عیش نعیم میں پڑے ہوئے تھے (45) اور گناہ عظیم
پر اڑے ہوئے تھے (46) اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں رہ گئے) تو
کیا ہمیں پھر اٹھنا ہوگا؟ (47) اور کیا ہمارے باپ دادا کو بھی؟ (48) کہہ دو کہ بیشک پہلے اور پچھلے (49)
(سب) ایک روز مقرر کے وقت پر جمع کئے جائیں گے (50) پھر تم اے جھٹلانے والے گمراہو! (51)

مشکل الفاظ کے معانی:
- خدمت کرنے والے
- مٹی کے ڈھکن والے برتن
- 1۔کم ہونا 2۔پھل،فروٹ وغیرہ
- 1۔خواہش ہو 2۔چمکیلے
- نامناسب،لغو
- 1۔بغیر کانٹوں کے 2۔فروٹ 3۔آبشار
- بہت زیادہ پھل یا فروٹ
- لپیٹ،گھیراؤ یا پکڑ
- 1۔اچھا دکھنا 2۔انعامات 3۔بڑے گناہ
- کیا؟
- حکم نہ ماننے والو

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ	حوالہ جات

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿52﴾ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿53﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ
الْهِيْمِ ﴿55﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿58﴾ ءَاَنْتُمْ
تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿59﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿60﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ
وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَالَا تَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿63﴾
ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿64﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿65﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿66﴾ بَلْ
نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿67﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿68﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿69﴾ لَوْ
نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿71﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ
الْمُنْشِئُوْنَ ﴿72﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿73﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿74﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ
النُّجُوْمِ ﴿75﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿76﴾

تھوہر کے درخت کھاؤ گے (52) پھر اسی سے پیٹ بھرو گے (53) پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پیو گے (54) اور
پیو گے بھی تو اس طرح جیسے پیاسے اونٹ پیتے ہیں (55) جزا کے دن یہ ان کی ضیافت ہوگی (56) ہم نے تم کو
(پہلی بار بھی تو) پیدا کیا ہے تو تم (دوبارہ اٹھنے کو) کیوں سچ نہیں سمجھتے؟ (57) دیکھو تو کہ جس (نطفے) کو تم
ڈالتے ہو (58) کیا تم اس (سے انسان) کو بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں؟ (59) ہم نے تم میں مرنا ٹھہرا دیا ہے
اور ہم اس بات سے عاجز نہیں ہیں (60) کہ تمہاری طرح کے اور لوگ تمہاری جگہ لے آئیں اور تم کو ایسے
جہان میں، جس کو تم نہیں جانتے، پیدا کر دیں (61) اور تم نے پہلی پیدائش تو جان ہی لی ہے، پھر تم سوچتے کیوں
نہیں؟ (62) بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم بوتے ہو (63) تو کیا تم اسے اگاتے ہو یا ہم اگاتے ہیں (64) اگر ہم
چاہیں تو اسے چورا چورا کر دیں اور تم باتیں بناتے رہ جاؤ (65) (کہ ہائے) ہم تو مفت تاوان میں پھنس گئے
(66) بلکہ ہم ہیں ہی بدنصیب (67) بھلا دیکھو تو جو پانی تم پیتے ہو (68) کیا تم نے اس کو بادل سے نازل کیا
ہے یا ہم نازل کرتے ہیں؟ (69) اگر ہم چاہیں تو ہم اسے کھاری کر دیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟
(70) بھلا دیکھو تو جو آگ تم درخت سے نکالتے ہو (71) کیا تم نے اس کے درخت کو پیدا کیا ہے یا ہم پیدا
کرتے ہیں؟ (72) ہم نے اسے یاد دلانے اور مسافروں کے برتنے کو بنایا ہے (73) تو تم اپنے پروردگار
بزرگ کے نام کی تسبیح کرو (74) مجھے تاروں کی منزلوں کی قسم (75) اور اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے (76)

ضیافت: مہمان نوازی
نطفے: منی
عاجز: کمزور
1۔ سوالیہ لفظ 2۔ بیج بونا
1۔ ٹکڑے ٹکڑے 2۔ جرمانہ، نقصان
کھاری: نمکین
1۔ استعمال کرنے کو 2۔ پالنے والا
1۔ بڑے 2۔ ذکر

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ ، سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ	حوالہ جات

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ (77) فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ (78) لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (79) تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ (80) اَفَبِهٰذَا
الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ (81) وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ (82) فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ (83) وَاَنْتُمْ
حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ (84) وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ (85) فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ (86)
تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (87) فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (88) فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ (89) وَاَمَّآ اِنْ
كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (90) فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (91) وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ
الضَّآلِّيْنَ (92) فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ (93) وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ (94) اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ (95) فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (96)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (1) لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (2) هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (3)

کہ یہ بڑے رُتبے[1] کا قرآن ہے (77) (جو) کتاب محفوظ[2] میں (لکھا ہوا) ہے (78) اس کو وہی ہاتھ
لگاتے ہیں جو پاک ہیں (79) پروردگار عالم کی طرف سے اُتارا گیا ہے (80) کیا تم اس کلام سے انکار کرتے
ہو؟ (81) اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ اسے جھٹلاتے ہو؟ (82) بھلا جب رُوح گلے میں آ پہنچتی ہے (83)
اور تم اس وقت کی (حالت کو) دیکھا کرتے ہو (84) اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ
نزدیک ہوتے ہیں' لیکن تم کو نظر نہیں آتے (85) پس اگر تم کسی کے بس میں نہیں ہو (86) تو اگر سچے ہو تو
رُوح کو پھیر کیوں نہیں لیتے[1]؟ (87) پھر اگر وہ (خدا کے) مقربوں[2] میں سے ہے (88) تو (اس کے لئے)
آرام اور خوشبودار پھول اور نعمت کے باغ ہیں (89) اور اگر وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے ہے (90) تو
(کہا جائے گا کہ) تجھ پر داہنے ہاتھ والوں کی طرف سے سلام (91) اور اگر وہ جھٹلانے والے گمراہوں میں
سے ہے (92) تو (اس کے لئے) کھولتے پانی کی ضیافت ہے (93) اور جہنم میں داخل کیا جانا (94) یہ
(سب کچھ) حق الیقین[1] ہے (95) تو تم اپنے پروردگار بزرگ[2] کے نام کی تسبیح[3] کرتے رہو (96)

ترجمہ سورت حدید

جو مخلوق آسمانوں اور زمین میں ہے خدا کی تسبیح کرتی ہے' اور وہ غالب[1] (اور) حکمت[2] والا ہے (1) آسمانوں اور زمین کی
بادشاہی اسی کی ہے (وہی) زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (2) وہ (سب سے) پہلا اور (سب سے)
پچھلا اور (اپنی قدرتوں سے سب پر) ظاہر اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے اور وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے (3)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ مرتبے 2۔ حفاظت کی گئی
- جہان کے پالنے والا
- مسلسل کہنا، کسی بات کی رٹ لگانا
- اختیار میں
- 1۔ واپس کیوں نہیں لاتے؟ 2۔ قریبی لوگ
- مہمان نوازی
- 1۔ عین یقینی 2۔ بڑے 3۔ ذکر
- 1۔ فاتح، حاوی 2۔ طاقت، صلاحیت، دانائی
- قدرت یا صلاحیت ہونا
- چھپا ہوا

حوالہ جات: ق:16

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ	حوالہ جات

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا
يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ⑤ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ؕ
وَهُوَ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑥ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ
مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑧ هُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑨ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
لَا يَسْتَوِىْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ
وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑩ ع

وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر جا ٹھہرا، جو چیز زمین میں داخل ہوتی اور جو
اس سے نکلتی ہے اور جو آسمان سے اُترتی اور جو اس کی طرف چڑھتی ہے سب اس کو معلوم ہے' اور تم جہاں کہیں ہو
وہ تمہارے ساتھ ہے' اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھ رہا ہے (4) آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے
اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں (5) (وہی) رات کو دن میں داخل کرتا اور دن کو رات میں داخل
کرتا ہے' اور وہ دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے (6) (تو) خدا پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور
جس (مال) میں اس نے تم کو (اپنا) نائب بنایا ہے اس میں سے خرچ کرو۔ جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور
(مال) خرچ کرتے رہے ان کے لئے بڑا ثواب ہے (7) اور تم کیسے لوگ ہو کہ خدا پر ایمان نہیں لاتے؟
حالانکہ (اس کے) پیغمبرؑ تمہیں بلا رہے ہیں کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ اور اگر تم کو باور ہو تو وہ تم سے (اس
کا) عہد بھی لے چکا ہے (8) وہی تو ہے جو اپنے بندے پر واضح (المطالب) آیتیں نازل کرتا ہے تاکہ تم کو
اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لائے' اور بیشک خدا تم پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے (9) اور تم کو
کیا ہوا ہے کہ خدا کے رستے میں خرچ نہیں کرتے؟ حالانکہ آسمانوں اور زمین کی وراثت خدا ہی کی ہے' جس شخص
نے تم میں سے فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور لڑائی کی وہ (اور جس نے یہ کام پیچھے کئے وہ) برابر نہیں ان
لوگوں کا درجہ ان لوگوں سے کہیں بڑھ کر ہے جنہوں نے بعد میں خرچ (اموال) اور (کفار سے) جہاد و قتال کیا
اور خدا نے سب سے (ثواب) نیک (کا) وعدہ تو کیا ہے' اور جو کام تم کرتے ہو خدا ان سے واقف ہے (10)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔کام 2۔جھکاؤ
- رازوں
- قائمقام،سفیر
- معاوضہ،بدلا
- اچھی طرح یاد ہو، یقین ہو
- 1۔نبیؐ ،پیغمبرؐ یا رسولؐ (محمدؐ عربی) 2۔صاف مطلب والی
- 1۔بہت زیادہ 2۔مہربانی
- اصل ملکیت
- 1۔بہت زیادہ 2۔مال وغیرہ
- صلہ،بدلا

حوالہ جات:

- اعراف:173,172
- فتح:24

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ	حوالہ جات

مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَ لَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ⑪ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑫ؐ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ
قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ
الْعَذَابُ ⑬ؕ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ
الْاَمَانِىُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ⑭ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِىَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑮ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا
نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ
مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ⑯ اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يُحْىِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ⑰

کون ہے جو خدا کو (نیت) نیک (اور خلوص سے) قرض دے؟ تو وہ اس کو اس سے دُگنا ادا کرے اور اس کے لئے عزت کا صلہ (یعنی جنت) ہے (11) جس دن تم مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھو گے کہ ان (کے ایمان) کا نور ان کے آگے آگے اور داہنی طرف چل رہا ہے (تو ان سے کہا جائے گا کہ) تم کو بشارت ہو (کہ آج تمہارے لئے) باغ ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ان میں ہمیشہ رہو گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے (12) اس دن منافق مرد اور منافق عورتیں مومنوں سے کہیں گے کہ ہماری طرف نظر (شفقت) کیجئے کہ ہم بھی تمہارے نور سے روشنی حاصل کریں، تو ان سے کہا جائے گا کہ پیچھے کو لوٹ جاؤ اور (وہاں) نور تلاش کرو۔ پھر ان کے بیچ میں ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہوگا جو اس کی جانب اندرونی ہے اس میں تو رحمت ہے اور جو جانب بیرونی ہے اس طرف عذاب (و اذیت) (13) (تو منافق لوگ مومنوں سے) کہیں گے کہ کیا ہم دنیا میں تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں تھے لیکن تم نے خود اپنے تئیں بلا میں ڈالا اور (ہمارے حق میں حوادث کے) منتظر رہے اور (کلام الٰہی میں) شک کیا اور (لاطائل) آرزوؤں نے تم کو دھوکا دیا یہاں تک کہ خدا کا حکم آ پہنچا اور خدا کے بارے میں تم کو (شیطان) دغاباز دغا دیتا رہا (14) تو آج تم سے معاوضہ نہیں لیا جائے گا اور نہ (باقی) کافروں ہی سے (قبول کیا جائے گا) تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے (کہ) وہی تمہارے لائق ہے اور وہ بُری جگہ ہے (15) کیا ابھی تک مومنوں کے لئے اس کا وقت نہیں آیا کہ خدا کی یاد کرنے کے وقت اور (قرآن) جو (خدائے) برحق (کی طرف) سے نازل ہوا ہے اس کے سننے کے وقت ان کے دل نرم ہو جائیں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جن کو (ان سے) پہلے کتابیں دی گئی تھیں پھر ان پر زمان طویل گزر گیا تو ان کے دل سخت ہو گئے اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں (16) جان رکھو کہ خدا ہی زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے، ہم نے اپنی نشانیاں تم سے کھول کھول کر بیان کر دی ہیں تاکہ تم سمجھو (17)

- سچی دوستی
- بدلا
- 1۔روشنی 2۔خوشخبری
- 1۔دورُخے لوگ 2۔مہربانی کی نظر
- 1۔مُڑ جاؤ، واپس جاؤ 2۔درمیان
- تکلیف، درد
- 1۔اپنے آپکو 2۔مصیبت 3۔ہمارے لئے
- 1۔حادثات 2۔انتظار کرنا 3۔بے فائدہ 4۔خواہشاتِ دیرینہ
- 1۔دھوکہ باز 2۔بدلا، صلہ، رشوت
- 1۔آخیر، جگہ 2۔مناسب ہونا
- لمبا عرصہ
- 1۔زیادہ تر 2۔حکم الٰہی کے مُنکر

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ

اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ⑱ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑲ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ
وَتَكَاثُرٌ فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ
وَفِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ⑳ سَابِقُوْٓا اِلٰى
مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ
اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ㉑ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا
فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ㉒ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ
اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ㉓ اِۨلَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ
اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ㉔

جولوگ خیرات[1] کرنے والے ہیں مرد بھی اور عورتیں بھی اور خدا کو (نیت) نیک (اور خلوص سے[2]) قرض دیتے
ہیں ان کو دوچند[1] ادا کیا جائے گا اور ان کے لئے عزت کا صلہ[2] ہے (18) اور جولوگ خدا اور اس کے پیغمبروںؑ پر
ایمان لائے۔ یہی اپنے پروردگار کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں' ان کے لئے ان (کے اعمال) کا صلہ ہوگا اور
ان (کے ایمان) کی روشنی (ہے) اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی اہل دوزخ ہیں (19)
جان رکھو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زینت (و آرائش)[1] اور تمہارے آپس میں فخر (وستائش)[2] اور
مال واولاد کی ایک دوسرے سے زیادہ طلب ہے' (اس کی مثال ایسی ہے) جیسے بارش کہ (اس سے کھیتی اُگتی
اور) کافروں کو کھیتی بھلی لگتی ہے پھر وہ خوب زور پر آتی ہے' پھر (اے دیکھنے والے) تُو اس کو دیکھتا ہے
کہ (پک کر) زرد[1] پڑ جاتی ہے پھر چُورا چُورا[2] ہو جاتی ہے اور آخرت میں (کافروں کے لئے) عذاب شدید[3]
اور (مومنوں کے لئے) خدا کی طرف سے بخشش اور خوشنودی[1] ہے اور دنیا کی زندگی تو متاع فریب[2] ہے (20)
(بندو) اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف اور جنت کی طرف جس کا عرض آسمان اور زمین کے عرض کا سا ہے'
(اور) جو ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو خدا پر اور اس کے پیغمبروںؑ پر ایمان لائے ہیں لپکو یہ خدا کا فضل
ہے' جسے چاہے عطا فرمائے' اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے (21) کوئی مصیبت ملک پر اور خود تم پر نہیں پڑتی مگر
پیشتر اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں ایک کتاب میں (لکھی ہوئی) ہے (اور) یہ (کام) خدا کو آسان ہے
(22) تاکہ جو (مطلب)[1] تم سے فوت ہوگیا[2] ہے اس کا غم نہ کھایا کرو اور جو تم کو اس نے دیا ہو اس پر اِترایا نہ کرو[3]
اور خدا کسی اِترانے اور شیخی بگھارنے والے[1] کو دوست نہیں رکھتا (23) جو خود بھی بُخل[2] کریں اور لوگوں کو بھی
بُخل سکھائیں اور جو شخص رُوگردانی[1] کرے تو خدا بھی بے پرواہ[2] ہے (اور) وہی سزاوار[3] حمد[4] ہے (24)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔خدا کی راہ میں خرچ 2۔سچی نیت سے
- 1۔دُگنا 2۔بدلا، معاوضہ
- سچے
- دوزخ میں رہنے والے
- 1۔سجاوٹ وغیرہ 2۔غرور اور تعریف
- خواہش
- اچھی، فائدہ مند
- 1۔پیلی 2۔ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ 3۔سخت
- 1۔خوش ہونا 2۔دھوکے کا سامان
- چوڑائی
- دوڑ کر جانا، جھپٹنا
- پہلے
- 1۔مقصد 2۔ختم ہوگیا، گُم ہوگیا 3۔غرور نہ کرنا
- 1۔لمبی لمبی چھوڑنا 2۔کنجوسی
- 1۔نافرمانی 2۔بے غرض 3۔مستحق، مناسب 4۔تعریفِ الٰہی

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ الۡحَدِيۡدِ	حوالہ جات
	لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِالۡبَيِّنٰتِ وَاَنۡزَلۡنَا مَعَهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡمِيۡزَانَ لِيَقُوۡمَ النَّاسُ بِالۡقِسۡطِ ۚ وَاَنۡزَلۡنَا الۡحَدِيۡدَ فِيۡهِ	
	بَاۡسٌ شَدِيۡدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعۡلَمَ اللّٰهُ مَنۡ يَّنۡصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيۡزٌ (25) ع وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا	
	نُوۡحًا وَّاِبۡرٰهِيۡمَ وَجَعَلۡنَا فِىۡ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالۡكِتٰبَ فَمِنۡهُمۡ مُّهۡتَدٍ ۚ وَكَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ (26) ثُمَّ قَفَّيۡنَا عَلٰٓى	
	اٰثَارِهِمۡ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيۡنَا بِعِيۡسَى ابۡنِ مَرۡيَمَ وَاٰتَيۡنٰهُ الۡاِنۡجِيۡلَ ۙ وَجَعَلۡنَا فِىۡ قُلُوۡبِ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُ رَاۡفَةً وَّرَحۡمَةً ؕ	
	وَرَهۡبَانِيَّةَ ۟ابۡتَدَعُوۡهَا مَا كَتَبۡنٰهَا عَلَيۡهِمۡ اِلَّا ابۡتِغَآءَ رِضۡوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوۡهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيۡنَا الَّذِيۡنَ	
	اٰمَنُوۡا مِنۡهُمۡ اَجۡرَهُمۡ ۚ وَكَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ (27) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوۡا بِرَسُوۡلِهٖ يُؤۡتِكُمۡ	
	كِفۡلَيۡنِ مِنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ نُوۡرًا تَمۡشُوۡنَ بِهٖ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ (28) لِّئَلَّا يَعۡلَمَ اَهۡلُ	
	الۡكِتٰبِ اَلَّا يَقۡدِرُوۡنَ عَلٰى شَىۡءٍ مِّنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الۡفَضۡلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ (29) ع	
انصاف کے اصول	ہم نے اپنے پیغمبروںؑ کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور ان پر کتابیں نازل کیں اور ترازو (یعنی قواعد عدل) تاکہ	
1۔مضبوط رہیں، کھڑے رہیں 2۔اعتبار سے 3۔سخت، بہت زیادہ	لوگ انصاف پر قائم رہیں اور لوہا پیدا کیا' اس میں (اسلحۂ جنگ کے لحاظ سے) خطرہ بھی شدید ہے اور لوگوں کے	
بغیر دیکھے	لئے فائدے بھی ہیں اور اس لئے کہ جو لوگ بن دیکھے خدا اور اس کے پیغمبروںؑ کی مدد کرتے ہیں' خدا ان کو معلوم کر	
1۔طاقتور 2۔سب سے اوپر، فاتح	لے۔ بیشک خدا قوی (اور) غالب ہے (25) اور ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو (پیغمبرؑ بنا کر) بھیجا اور ان کی اولاد	
1۔کچھ 2۔زیادہ تر	میں پیغمبریؑ اور کتاب (کے سلسلے) کو (جاری) رکھا تو بعض تو ان میں سے ہدایت پر ہیں اور اکثر ان میں سے	
گمراہ، نافرمان، سرکش	خارج از اطاعت ہیں (26) پھر ان کے پیچھے انہی کے قدموں پر (اور) پیغمبرؑ بھیجے اور ان کے پیچھے مریمؑ کے	
1۔دی 2۔پیچھے چلے 3۔لُطف، محبت	بیٹے عیسیٰؑ کو بھیجا اور ان کو انجیل عنایت کی' اور جن لوگوں نے ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں شفقت اور مہربانی	
1۔مزے، لُطف 2۔دُوری اختیار کی	ڈال دی اور لذّات سے کنارہ کشی کی تو انہوں نے خود ایک نئی بات نکال لی تھی' ہم نے ان کو اس کا حکم نہیں دیا تھا مگر	
رضامندی، خوشی	(انہوں نے اپنے خیال میں) خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے (آپ ہی ایسا کر لیا تھا) پھر جیسا اس کو	
1۔پر پورا اُترنا چاہئے تھا 2۔اس پر عمل نہ کر سکے 3۔بدلا، صلہ	نباہنا چاہئے تھا نباہ بھی نہ سکے۔ پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے ان کو ہم نے ان کا اجر دیا اور ان میں بہت	
1۔گمراہ، مشرک 2۔دوگنا بدلا	سے نافرمان ہیں (27) مومنو! خدا سے ڈرو اور اس کے پیغمبرؑ پر ایمان لاؤ۔ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دُگنا اجر	
دے گا	عطا فرمائے گا' اور تمہارے لئے روشنی کر دے گا جس میں چلو گے اور تم کو بخش دے گا اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (28)	
1۔معلوم کر لیں 2۔اختیار، طاقت	(یہ باتیں) اس لئے (بیان کی گئی ہیں) کہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ خدا کے فضل پر کچھ بھی قدرت نہیں رکھتے اور	
رحمت، مہربانی	یہ کہ فضل خدا ہی کے ہاتھ میں ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے (29)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ	حوالہ جات

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ
بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓئِيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ
لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ② وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا
قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۭ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ④ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا
كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑤ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا
فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ⑥

ترجمہ سورت مجادلہ

(اے پیغمبرؐ) جو عورت تم سے اپنے شوہر کے بارے میں بحث وجدال کرتی اور خدا سے شکایت (رنج وملال) کرتی تھی' خدا نے اس کی التجا سن لی اور خدا تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ کچھ شک نہیں کہ خدا سنتا دیکھتا ہے (1) جو لوگ تم میں سے اپنی عورتوں کو ماں کہہ دیتے ہیں وہ ان کی مائیں نہیں ہو جاتیں۔ ان کی مائیں تو وہی ہیں' جن کے بطن سے وہ پیدا ہوئے ہیں۔ بیشک وہ نامعقول اور جھوٹی بات کہتے ہیں' اور خدا بڑا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے (2) اور جو لوگ اپنی بیویوں کو ماں کہہ بیٹھیں پھر اپنے قول سے رجوع کر لیں تو (ان کو) ہم بستر ہونے سے پہلے ایک غلام آزاد کرنا (ضرور) ہے۔ (مومنو) اس (حکم) سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو' خدا اس سے خبردار ہے (3) جس کو غلام نہ ملے وہ مجامعت سے پہلے متواتر دو مہینے کے روزے (رکھے)۔ جس کو اس کا بھی مقدور نہ ہو (اسے) ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (چاہیئے)۔ یہ (حکم) اس لئے (ہے) کہ تم خدا اور اس کے رسولؐ کے فرمانبردار بن جاؤ اور یہ خدا کی حدیں ہیں اور نہ ماننے والوں کے لئے درد دینے والا عذاب ہے (4) جو لوگ خدا اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں' وہ (اسی طرح) ذلیل کئے جائیں گے' جس طرح ان سے پہلے لوگ ذلیل کئے گئے تھے اور ہم نے صاف اور صریح آیتیں نازل کر دی ہیں اور جو نہیں مانتے ان کو ذلت کا عذاب ہوگا (5) جس دن خدا ان سب کو جلا اٹھائے گا تو جو کام وہ کرتے رہے ان کو جتائے گا۔ خدا کو وہ سب (کام) یاد ہیں اور یہ ان کو بھول گئے ہیں اور خدا ہر چیز سے واقف ہے (6)

1۔ جھگڑا 2۔ غم وافسوس
منت، عرض، درخواست
1۔ پیٹ 2۔ غیر مناسب، غلط
1۔ اپنی بات 2۔ اپنی بات کی معافی مانگ لیں 3۔ عورت کے ساتھ سونا
لازمی
1۔ باخبر ہونا 2۔ مباشرت 3۔ مسلسل
طاقت، صلاحیت، اہلیت
حکم ماننے والے
رسوا
سیدھی
1۔ رسوائی 2۔ زندہ کرے گا
باور کرائے گا، یاد کرائے گا

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا
خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَاۤ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ⑦ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ
وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِىْۤ
اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑧ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا
تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْۤ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ⑨ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى
اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑩ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِى الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ
وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑪

کیا تم کو معلوم نہیں کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے' خدا کو سب معلوم ہے' (کسی جگہ) تین
(شخصوں) کا (مجمع اور) کانوں میں صلاح ومشورہ نہیں ہوتا مگر وہ ان میں چوتھا ہوتا ہے اور نہ کہیں پانچ کا مگر وہ ان
میں چھٹا ہوتا ہے اور نہ اس سے کم یا زیادہ مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ کہیں ہوں۔ پھر جو جو کام یہ کرتے رہے
ہیں' قیامت کے دن وہ (ایک ایک) ان کو بتائے گا۔ بیشک خدا ہر چیز سے واقف ہے (7) کیا تم نے ان لوگوں کو
نہیں دیکھا جن کو سرگوشیاں کرنے سے منع کیا گیا تھا' پھر جس (کام) سے منع کیا گیا تھا وہی پھر کرنے لگے اور یہ تو
گناہ اور ظلم اور رسولؐ (خدا) کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو جس
(کلمے) سے خدا نے تم کو دعا نہیں دی اس سے تمہیں دعا دیتے ہیں' اور اپنے دل میں کہتے ہیں' کہ (اگر یہ واقعی پیغمبر
ہیں تو) جو کچھ ہم کہتے ہیں خدا ہمیں اس کی سزا کیوں نہیں دیتا؟ (اے پیغمبرؐ) ان کو دوزخ (ہی کی سزا) کافی ہے۔
یہ اسی میں داخل ہوں گے اور وہ بُری جگہ ہے (8) مومنو! جب تم آپس میں سرگوشیاں کرنے لگو تو گناہ اور زیادتی اور
پیغمبرؐ کی نافرمانی کی باتیں نہ کرنا بلکہ نیکوکاری اور پرہیزگاری کی باتیں کرنا اور خدا سے جس کے سامنے جمع کئے جاؤ
گے' ڈرتے رہنا (9) (کافروں کی) سرگوشیاں تو شیطان (کی حرکات) سے ہیں (جو) اس لئے (کی جاتی ہیں)
کہ مومن (ان سے) غمناک ہوں مگر خدا کے حکم کے سوا ان سے انہیں کچھ نقصان نہیں پہنچ سکتا تو مومنوں کو چاہیئے
کہ خدا ہی پر بھروسا رکھیں (10) مومنو! جب تم سے کہا جائے کہ مجلس میں کھل کر بیٹھو تو کھل کر بیٹھا کرو۔ خدا تم کو
کشادگی بخشے گا' اور جب کہا جائے کہ اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو۔ جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور
جن کو علم عطا کیا گیا ہے خدا ان کے درجے بلند کرے گا اور خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے (11)

حوالہ جات:

- آئندہ حصوں میں دیکھئے
- آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی:

- اکٹھ ہونا
- چاہے، بیشک
- کانا پھوسی کرنا
- لفظ، الفاظ
- بُرے اعمال
- 1۔افسردہ 2۔علاوہ
- 1۔یقین، اعتماد 2۔محفل
- کھلا پن
- 1۔دیا گیا 2۔مرتبے اونچے کرے گا

مشکل الفاظ کے معانی		حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ
تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ
عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑬ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ
تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ⑭ اَعَدَّ
اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑮ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑯ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑰ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰي شَيْءٍ ۭ اَلَآ
اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ⑱ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ
حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ⑲ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ⑳

مومنو! جب تم پیغمبرؐ کے کان میں کوئی بات کہو تو بات کہنے سے پہلے (مساکین کو) کچھ خیرات دے دیا کرو۔
یہ تمہارے لئے بہت بہتر اور پاکیزگی کی بات ہے' اور اگر خیرات تم کو میسر نہ ہو تو خدا بخشنے والا مہربان ہے (12)
کیا تم اس سے کہ پیغمبرؐ کے کان میں کوئی بات کہنے سے پہلے خیرات دیا کرو' ڈر گئے' پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا
اور خدا نے تمہیں معاف کردیا تو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو اور خدا اور اس کے پیغمبرؐ کی فرمانبرداری کرتے
رہو اور جو کچھ تم کرتے ہو' خدا اس سے خبردار ہے (13) بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسوں سے دوستی
کرتے ہیں جن پر خدا کا غضب ہوا' وہ نہ تم میں ہیں نہ ان میں اور جان بوجھ کر جھوٹی باتوں پر قسمیں کھاتے ہیں
(14) خدا نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ یہ جو کچھ کرتے ہیں یقیناً بُرا ہے (15) انہوں نے اپنی
قسموں کو ڈھال بنالیا اور (لوگوں کو) خدا کے رستے سے روک دیا ہے' سو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہے (16)
خدا کے (عذاب کے) سامنے نہ تو ان کا مال ہی کچھ کام آئے گا اور نہ اولاد ہی (کچھ فائدہ دے گی)۔ یہ لوگ
اہل دوزخ ہیں' اس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے (17) جس دن خدا ان سب کو جلا اٹھائے گا تو جس طرح
تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں (اسی طرح) خدا کے سامنے قسمیں کھائیں گے اور خیال کریں گے کہ (ایسا
کرنے سے) کام لے نکلے ہیں۔ دیکھو یہ جھوٹے (اور برسرغلط) ہیں (18) شیطان نے ان کو قابو میں کرلیا ہے
اور خدا کی یاد ان کو بھلا دی ہے یہ (جماعت) شیطان کا لشکر ہے۔ اور سن رکھو کہ شیطان کا لشکر نقصان اٹھانے والا
ہے (19) جو لوگ خدا اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں وہ نہایت ذلیل ہوں گے (20)

1۔ سرگوشی کرو 2۔ غریب لوگ 3۔ خدا کی راہ میں خرچ کرنا

دستیاب نہ ہو سکے، مل نہ سکے

حکم ماننا

خبر رکھنے والا

غصہ

1۔ چالاکی کا ذریعہ 2۔ رسوائی

1۔ دوزخ میں رہنے والے 2۔ زندہ کرے گا

1۔ کام ہو گیا ہے 2۔ اصل غلطی پر

فوج

1۔ بہت، حد درجہ 2۔ رسوا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ ، سُوْرَةُ الْحَشْرِ	حوالہ جات

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿21﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ
مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ
قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿22﴾

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿1﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي
الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿2﴾ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ فِي
الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿3﴾

خدا کا حکم ناطق ہے کہ میں اور میرے پیغمبرؑ ضرور غالب رہیں گے۔ بیشک خدا زورآور (اور) زبردست ہے (21) جو لوگ خدا پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسولؐ کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں یہ وہ لوگ ہیں، جن کے دلوں میں خدا نے ایمان تحریر کر دیا ہے، اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے، اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں، داخل کرے گا۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے خدا ان سے خوش اور وہ خدا سے خوش۔ یہی گروہ خدا کا لشکر ہے (اور) سن رکھو کہ خدا ہی کا لشکر مُراد حاصل کرنے والا ہے (22)

ترجمہ سورت حشر

جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں (سب) خدا کی تسبیح کرتی ہیں، اور وہ غالب حکمت والا ہے (1) وہی تو ہے جس نے کفار اہل کتاب کو پہلے ہی ہلّے میں ان کے گھروں سے نکال دیا۔ تمہارے خیال میں بھی نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ لوگ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ان کے قلعے ان کو خدا (کے عذاب) سے بچا لیں گے مگر خدا نے ان کو وہاں سے آ لیا جہاں سے ان کو گُمان بھی نہ تھا اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دی کہ اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں اور مومنوں کے ہاتھوں سے اُجاڑنے لگے تو اے (بصیرت کی) آنکھیں رکھنے والو! عبرت پکڑو (2) اور اگر خدا نے ان کے بارے میں جلاوطن کرنا نہ لکھ رکھا ہوتا تو ان کو دنیا میں بھی عذاب دے دیتا اور آخرت میں تو ان کے لئے آگ کا عذاب (تیار) ہے (3)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔دوسرے کو خاموش کرا دینے والا 2۔فتح یاب 3۔طاقتور
- بیشک، بھلے، چاہے
- 1۔لکھ دیا 2۔غیب سے فائدہ ملنا
- نیچے
- 1۔جماعت 2۔فوج 3۔مقصد، خواہش
- ذکر
- چڑھائی، حملہ
- پناہ گاہیں
- 1۔پکڑا 2۔وہم، خیال
- 1۔گھبراہٹ، خوف 2۔برباد کرنے لگے
- 1۔عقل کی آنکھیں 2۔نصیحت 3۔دیس نکالا، ملک بدری

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَشْرِ	حوالہ جات

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ
تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ
اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ⑥ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ
السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑦ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ⑧ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ
مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ
كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑨

یہ اس لئے کہ انہوں نے خدا اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کی اور جو شخص خدا کی مخالفت کرے تو خدا سخت عذاب
دینے والا ہے (4) (مومنو!) کھجور کے جو درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا' سو خدا کے
حکم سے تھا اور مقصود یہ تھا کہ نافرمانوں کو رُسوا کرے (5) اور جو (مال) خدا نے اپنے پیغمبرؐ کو ان لوگوں سے
بغیر (لڑائی بھڑائی کے) دلوایا ہے اس میں تمہارا کچھ حق نہیں' کیونکہ اس کے لئے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ
اونٹ۔ لیکن خدا اپنے پیغمبروںؐ کو جن پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے اور خدا ہر چیز پر قادر ہے (6) جو مال خدا نے
اپنے پیغمبرؐ کو دیہات والوں سے دلوایا ہے وہ خدا کے اور پیغمبرؐ کے اور (پیغمبرؐ کے) قرابت والوں کے اور
یتیموں کے اور حاجت مندوں کے اور مسافروں کے لئے ہے تاکہ جو لوگ تم میں دولت مند ہیں انہی کے ہاتھوں
میں نہ پھرتا رہے۔ سو جو چیز تم کو پیغمبرؐ دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو اور خدا سے ڈرتے
رہو۔ بیشک خدا سخت عذاب دینے والا ہے (7) (اور) ان مُفلسان تارک الوطن کے لئے بھی جو اپنے گھروں اور مالوں
سے خارج (اور جُدا) کر دیئے گئے ہیں (اور) خدا کے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلبگار اور خدا اور اس کے
پیغمبرؐ کے مددگار ہیں۔ یہی لوگ سچے (ایماندار) ہیں (8) اور (ان لوگوں کے لئے بھی) جو مہاجرین سے پہلے
(اپنے) گھر میں مقیم اور ایمان میں (مستقل) رہے اور جو لوگ ہجرت کر کے ان کے پاس آتے ہیں ان سے محبت
کرتے ہیں اور جو کچھ ان کو ملا اس سے اپنے دل میں کچھ خواہش (اور خلش) نہیں پاتے اور ان کو اپنی جانوں سے مقدم
رکھتے ہیں' خواہ ان کو خود احتیاج ہی ہو اور جو شخص حرص نفس سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ مُراد پانے والے ہیں (9)

- 1۔مُراد یا مقصد ہونا 2۔حکم نہ ماننے والے 3۔ذلیل
- 1۔جنگ وجدل 2۔حصّہ
- 1۔غالب، حاوی 2۔طاقت رکھنا
- قریبی لوگ، رشتہ دار وغیرہ
- 1۔ضرورت مندوں 2۔امیر لوگ
- رُکے رہو
- 1۔غریب مہاجر 2۔ضروریات یا اسبابِ زندگی
- 1۔نکالے 2۔الگ 3۔رحمت، مہربانی 4۔خوشی 5۔چاہنے والے
- حمایتی
- 1۔ٹھہرنا، رہنا، رہائش ہونا 2۔پکے، مضبوط
- 1۔رنجش یا ناراضگی 2۔عزیز، پیارا
- 1۔چاہے، بھلے 2۔ضرورت، حاجت 3۔دنیاوی زندگی کا لالچ 4۔خواہش، منزل

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْحَشْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑩ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ
وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ⑪ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ
نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ⑫ لَاَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَفْقَهُوْنَ ⑬ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ
جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ⑭ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑮ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ
اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ⑯

اور (ان کے لئے بھی) جوان (مہاجرین) کے بعد آئے (اور) دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار!
ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے
ہمارے دل میں کینہ[1] (وحسد[2]) نہ پیدا ہونے دے' اے ہمارے پروردگار! تُو بڑا شفقت[3] کرنے والا مہربان
ہے (10) کیا تم نے ان منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے کافر بھائیوں سے جو اہل کتاب ہیں کہا کرتے ہیں کہ
اگر تم جلاوطن کئے گئے تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل چلیں گے اور تمہارے بارے میں کبھی کسی کا کہا نہ مانیں گے
اور اگر تم سے جنگ ہوئی تو تمہاری مدد کریں گے مگر خدا ظاہر کئے دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں (11) اگر وہ
نکالے گئے تو یہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان سے جنگ ہوئی تو ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر مدد
کریں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے' پھر ان کو (کہیں سے بھی) مدد نہ ملے گی (12) (مسلمانو!) تمہاری
ہیبت ان لوگوں کے دلوں میں خدا سے بھی بڑھ کر ہے' یہ اس لئے کہ یہ (لوگ ایسے ہیں کہ) سمجھ نہیں رکھتے (13)
یہ سب جمع ہوکر بھی تم سے (بالمواجہہ[1]) نہیں لڑ سکیں گے مگر بستیوں[2] کے قلعوں[3] میں (پناہ لے کر[4]) یا دیواروں
کی اوٹ میں (ہوکر)۔ ان کا آپس میں بڑا رعب ہے' تم شاید خیال کرتے ہو کہ یہ اکٹھے (اور ایک جان)
ہیں مگر ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں[1]۔ یہ اس لئے کہ یہ بے عقل لوگ ہیں (14) ان کا حال ان لوگوں کا سا[2] ہے
جو ان سے کچھ ہی پیشتر اپنے کاموں کی سزا کا مزا چکھ چکے ہیں اور (ابھی) ان کے لئے دُکھ دینے والا عذاب
(تیار) ہے (15) (ان کی) مثال شیطان کی سی ہے کہ انسان سے کہتا رہا کہ کافر ہوجا۔ جب وہ کافر ہوگیا
تو کہنے لگا کہ مجھے تجھ سے کچھ سروکار[1] نہیں۔ مجھ کو تو خدائے رب العالمین[2] سے ڈر لگتا ہے (16)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔دشمنی،عداوت 2۔جلن 3۔مہربانی
- دورُخے لوگ
- ملک بدر، دیس نکالا
- واضح کئے دیتا ہے، بتائے دیتا ہے
- بزدلی سے، پیچھے مڑ کر
- وحشت، خوف
- 1۔کھل کر، اعلانیہ 2۔آبادیوں 3۔مضبوط پناہ گاہوں 4۔چھپ کر، حفاظت سمجھ کر
- پیچھے
- 1۔درحقیقت ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہیں 2۔جیسا
- پہلے
- 1۔واسطہ، تعلق، غرض 2۔جہانوں کا رب

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْحَشْر	مشکل الفاظ کے معانی

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِى النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ⑰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑱ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ
فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ⑲ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ⑳ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ
نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ㉑ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ㉒ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ㉓ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ㉔ ۧ

تو دونوں کا انجام یہ ہوا کہ دوزخ میں (داخل ہوں گے) ہمیشہ اس میں رہیں گے اور بے انصافوں کی یہی سزا
ہے (17) اے ایمان والو! خدا سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیئے کہ اس نے کل (یعنی فردائے
قیامت) کے لئے کیا (سامان) بھیجا ہے اور (ہم پھر کہتے ہیں کہ) خدا سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا تمہارے
اعمال سے خبردار ہے (18) اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا' جنہوں نے خدا کو بھلا دیا تو خدا نے ایسا کر دیا کہ خود
اپنے تئیں بھول گئے یہ بدکردار لوگ ہیں (19) اہل دوزخ اور اہل بہشت برابر نہیں۔ اہل بہشت تو کامیابی
حاصل کرنے والے ہیں (20) اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ خدا کے خوف سے دبا
اور پھٹا جاتا ہے' اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ فکر کریں (21) وہی خدا ہے جس کے
سوا کوئی معبود نہیں پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (22) وہی خدا ہے جس
کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ بادشاہ حقیقی' پاک ذات (ہر عیب سے) صاف' امن دینے والا' نگہبان'
غالب' زبردست بڑائی والا۔ خدا ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے (23) وہی خدا (تمام
مخلوقات کا) خالق' ایجاد و اختراع کرنے والا۔ صورتیں بنانے والا۔ اس کے سب اچھے سے اچھے نام
ہیں۔ جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے (24)

مشکل الفاظ کے معانی

- آخیر، نتیجہ
- آئندہ
- اعمال وغیرہ
- باخبر ہونا
- اپنے آپکو
- نیچے ہوا
- سوچیں، غور کریں
- 1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔چھپا ہوا 4۔بہت زیادہ
- 1۔قابل 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔اصل 4۔نقص، کمزوری 5۔نگران
- 1۔طاقتور 2۔طے کرنا
- 1۔بنانے والا 2۔نئی چیز یا بات پیدا کرنا 3۔شکلیں
- 1۔ذکر 2۔دانائی، تدبیر، صلاحیت

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھئے

آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ	حوالہ جات

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّىْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ
الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِىْ سَبِيْلِىْ وَابْتِغَآءَ
مَرْضَاتِىْ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ
السَّبِيْلِ ① اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ
تَكْفُرُوْنَ ② لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ③ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِىْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا
قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ④

ترجمہ سورت ممتحنہ

مومنو! اگر تم میری راہ میں لڑنے اور میری خوشنودی طلب کرنے کے لئے (گھروں سے) نکلے ہو تو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ' تم تو ان کو دوستی کے پیغام بھیجتے ہو اور وہ (دین) حق سے جو تمہارے پاس آیا ہے' منکر ہیں اور اس باعث سے کہ تم اپنے پروردگار خدائے تعالیٰ پر ایمان لائے ہو' پیغمبرؐ کو اور تم کو جلاوطن کرتے ہیں، تم ان کی طرف پوشیدہ پوشیدہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو اور جو کچھ تم مخفی طور پر اور جو علی الاعلان کرتے ہو' وہ مجھے معلوم ہے اور جو کوئی تم میں ایسا کرے گا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا (1)
اگر یہ کافر تم پر قدرت پالیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں اور ایذا کے لئے تم پر ہاتھ (بھی) چلائیں اور زبانیں (بھی) اور چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ (2)
قیامت کے دن نہ تمہارے رشتے ناطے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔ (اس روز) وہی تم میں فیصلہ کرے گا اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھتا ہے (3)
تمہیں ابراہیمؑ اور ان کے رفقاء کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے۔ جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اور ان (بتوں) سے جن کو تم خدا کے سوا پُوجتے ہو' بے تعلق ہیں (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی) قائل نہیں (ہو سکتے) اور جب تک تم خدائے واحد پر ایمان نہ لاؤ' ہم میں تم میں ہمیشہ کھلم کھلی عداوت اور دشمنی رہے گی۔ ہاں ابراہیمؑ نے اپنے باپ سے یہ (ضرور) کہا کہ میں آپ کے لئے مغفرت مانگوں گا اور میں خدا کے سامنے آپ کے بارے میں کسی چیز کا کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ اے ہمارے پروردگار تجھ ہی پر ہمارا بھروسا ہے' اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور تیرے ہی حضور میں ہمیں لوٹ کر جانا ہے (4)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔خوشی، رضامندی 2۔مانگنے
سچ
1۔انکاری 2۔وجہ
1۔ملک بدر 2۔خفیہ، چھپ کر 3۔چھپانا
کھل کر
1۔غلبہ، فتح 2۔تکلیف
ساتھیوں
1۔علاوہ 2۔پرستش کرنا 3۔واسطہ نہیں رکھتے 4۔جس کا شرعی حکم مانا جائے
1۔ہار ماننا، لاجواب ہونا 2۔اکیلے، یکتا 3۔سامنے سامنے یا ہر لحاظ سے
1۔بغض، کینہ 2۔معافی، رہائی
طاقت، پاور
1۔اعتماد، یقین 2۔توجہ کرتے ہیں 3۔دربار میں، سامنے 4۔واپس

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَة	حوالہ جات

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْلَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑤ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ
حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ⑥ عَسَى اللّٰهُ اَنْ
يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑦ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ
الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُقْسِطِيْنَ ⑧ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي
اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ
مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ
حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ ۭ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْــَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْــَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ۭ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۭ يَحْكُمُ
بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑩

اے ہمارے پروردگار! ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا اے پروردگار ہمارے! ہمیں معاف فرما۔ بیشک تُو
غالب حکمت والا ہے (5) تم (لوگوں) کو یعنی جو کوئی خدا (کی واحدنیت) اور روز آخرت (کے آنے) کی
اُمید رکھتا ہو' اسے ان لوگوں کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے اور جو رُوگردانی کرے تو خدا بھی بے پروا اور سزاوار
حمد ہے (6) عجب نہیں کہ خدا تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تم دشمنی رکھتے ہو' دوستی پیدا کر دے اور خدا قادر
ہے' اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (7) جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور نہ تم کو
تمہارے گھروں سے نکالا' ان کے ساتھ بھلائی اور انصاف کا سلوک کرنے سے خدا تم کو منع نہیں کرتا۔ خدا تو
انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے (8) خدا انہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے' جنہوں نے
تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی تو جو
لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں (9) مومنو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو
ان کی آزمائش کر لو۔ (اور) خدا تو ان کے ایمان کو خوب جانتا ہے۔ سو اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں تو ان کو کفار کے
پاس واپس نہ بھیجو کہ نہ یہ ان کو حلال ہیں اور نہ وہ ان کو جائز اور جو کچھ انہوں نے (ان پر) خرچ کیا ہو' وہ ان کو دے دو
اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان عورتوں کو مہر دے کر ان سے نکاح کر لو اور کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو (یعنی کفار
کو واپس دے دو) اور جو کچھ تم نے ان پر خرچ کیا ہو تم ان سے طلب کر لو اور جو کچھ انہوں نے (اپنی عورتوں پر) خرچ
کیا ہو وہ تم سے طلب کر لیں۔ یہ خدا کا حکم ہے' جو تم میں فیصلہ کئے دیتا ہے اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے (10)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔ دانائی، صلاحیت، تدبیر 2۔ یکتائی، اکیلا ہونا
- 1۔ انکار کرے 2۔ بے نیاز 3۔ مستحق، مناسب، لائق
- 1۔ تعریف 2۔ اختیار رکھنا
- نیکی، فائدہ
- دوسروں
- پرکھنا، امتحان لینا
- آبرو، شرم، عزت
- مانگ لو

حوالہ جات:

بقرہ:62، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ ، سُوْرَةُ الصَّفِّ	حوالہ جات

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا
وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ
فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا
غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ⑬

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا
تَفْعَلُوْنَ ② كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا
كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی عورت تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کے پاس چلی جائے (اور اس کا خرچ
وصول نہ ہوا ہو) پھر تم ان سے جنگ کرو (اور ان سے تم کو غنیمت ہاتھ لگے) تو جن کی عورتیں چلی گئی ہیں' ان کو
(اس مال میں سے) اتنا دے دو جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور خدا سے جس پر تم ایمان لائے ہو' ڈرو (11)
اے پیغمبرؐ! جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ خدا کے ساتھ نہ تو شرک کریں گی اور
نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ
لائیں گی اور نہ نیک کاموں میں تمہاری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لئے خدا سے بخشش
مانگو۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (12) مومنو ان لوگوں سے جن پر خدا غصہ ہوا ہے' دوستی نہ کرو (کیونکہ) جس طرح
کافروں کو مُردوں (کے جی اٹھنے) کی اُمید نہیں' اسی طرح ان لوگوں کو بھی آخرت (کے آنے) کی اُمید نہیں (13)

ترجمہ سورت صف

جو چیز آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے' سب خدا کی تنزیہہ کرتی ہے اور وہ غالب
حکمت والا ہے (1) مومنو! تم ایسی باتیں کیوں کہا کرتے ہو جو کیا نہیں کرتے (2) خدا اس
بات سے سخت بیزار[1] ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں (3) جو لوگ خدا کی راہ میں (ایسے طور پر[2])
پرے جما کر[1] لڑتے ہیں گویا سیسا پلائی ہوئی[2] دیوار ہیں' وہ بیشک محبوب[3] کردگار[4] ہیں (4)

مشکل الفاظ کے معانی:
- غنیمت: جنگ میں چھینا گیا مال
- بیعت: عہد
- بہتان: بدنامی
- نافرمانی: حکم نہ ماننا
- تنزیہہ: ذکر الٰہی
- حکمت: تدبیر، دانائی، صلاحیت
- 1۔ ناراض 2۔ طریقے سے
- 1۔ صفیں باندھ کر 2۔ مضبوط دھات سے بنی ہوئی 3۔ جس سے محبت کی جائے، جس کو چاہا جائے 4۔ کردار

حوالہ جات:
- جن پر خدا غصہ ہوا ہے: آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الصَّفِّ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الصَّفِّ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ
قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑥ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑦ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
الْكٰفِرُوْنَ ⑧ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ
الْمُشْرِكُوْنَ ⑨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ⑩ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑪ يَغْفِرْ
لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ
الْعَظِيْمُ ⑫ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑬

اور وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا دیتے ہو
حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا ہوں تو جب ان لوگوں نے کج روی کی خدا نے بھی ان
کے دل ٹیڑھے کر دیئے اور خدا نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا (5) اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب مریمؑ کے بیٹے
عیسیٰؑ نے کہا کہ اے اولادِ اسرائیل! میں تمہارے پاس خدا کا بھیجا ہوا آیا ہوں (اور) جو (کتاب) مجھ سے پہلے
آچکی ہے (یعنی) تورات اس کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک پیغمبرؐ جو میرے بعد آئیں گے جن کا نام احمدؐ ہوگا'
ان کی بشارت سناتا ہوں (پھر) جب وہ ان لوگوں کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح
جادو ہے (6) اور اس سے (بڑھ کر) ظالم کون کہ بلایا تو جائے اسلام کی طرف اور وہ خدا پر جھوٹ بہتان
باندھے اور خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (7) یہ چاہتے ہیں کہ خدا کی روشنی کو منہ سے بجھا دیں' حالانکہ
خدا اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا خواہ کافر ناخوش ہی ہوں (8) وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبرؐ کو ہدایت اور
دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اسے اور سب دینوں پر غالب کرے' خواہ مشرکوں کو برا ہی لگے (9) مومنو! میں تم کو
ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں عذابِ الیم سے مخلصی دے (10) (وہ یہ کہ) خدا پر اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور
خدا کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔ اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (11) وہ تمہارے گناہ
بخش دے گا اور تم کو باغہائے جنت میں جن میں نہریں بہہ رہی ہیں اور پاکیزہ مکانات میں جو بہشت ہائے جاودانی
میں (تیار) ہیں' داخل کرے گا۔ یہ بڑی کامیابی ہے (12) اور ایک اور چیز جس کو تم بہت چاہتے ہو (یعنی تمہیں) خدا
کی طرف سے مدد (نصیب ہوگی) اور فتح (عن) قریب ہوگی اور مومنوں کو (اس کی) خوشخبری سنا دو (13)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔قابل، مستحق 2۔تکلیف
- ٹیڑھی چال چلنا
- حکم نہ ماننے والے لوگ
- 1۔خوشخبری 2۔صاف
- غلط یا جھوٹا الزام
- کتاب الٰہی یعنی قرآن پاک
- بھلے، چاہے، بیشک
- 1۔سچا دین 2۔دوسرے، باقی 3۔حاوی، فتح یاب
- 1۔دردناک 2۔رہائی
- لئے
- 1۔بہت سے باغ 2۔ہمیشہ ہمیشہ کی
- لازمی ملے گی

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الصَّفِّ ، سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ	حوالہ جات

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى
عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿14﴾

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿1﴾ هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى
الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿2﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿3﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿4﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ
اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿5﴾ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿6﴾

مومنو! خدا کے مددگار بن جاؤ جیسے عیسیٰؑ ابن مریمؑ نے حواریوں[1] سے کہا کہ (بھلا)[2] کون ہیں جو خدا کی
طرف (بلانے میں) میرے مددگار ہوں؟ حواریوں نے کہا کہ ہم خدا کے مددگار ہیں تو اولادِ اسرائیل
میں سے ایک گروہ[1] تو ایمان لے آیا اور ایک گروہ کافر رہا۔ آخرالامر[2] ہم نے ایمان لانے والوں کو ان
کے دشمنوں کے مقابلہ میں مدد دی اور وہ غالب ہو گئے (14)

ترجمہ سورت جمعہ

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے‘ سب خدا کی تسبیح[1] کرتی ہے جو بادشاہ حقیقی[2]‘ پاک ذات‘
زبردست[1] حکمت[2] والا ہے (1) وہی تو ہے جس نے اَن پڑھوں میں انہی میں سے (محمدؐ کو) پیغمبرؑ بنا کر بھیجا
جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور انہیں (خدا کی) کتاب اور دانائی سکھاتے
ہیں‘ اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے (2) اور ان میں سے اور لوگوں کی طرف بھی (ان کو
بھیجا ہے) جو ابھی ان (مسلمانوں سے) نہیں ملے اور وہ غالب حکمت والا ہے (3) یہ خدا کا فضل ہے جسے
چاہتا ہے عطا کرتا[1] ہے‘ اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے (4) جن لوگوں پر تورات لدوائی گئی[2] پھر انہوں نے اس
(کے بارِ تعمیل) کو نہ اٹھایا‘ ان کی مثال گدھے کی سی ہے جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں۔ جو لوگ خدا کی آیتوں
کی تکذیب کرتے ہیں ان کی مثال بُری ہے اور خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا (5) کہہ دو کہ اے یہود! اگر تم
کو یہ دعویٰ[1] ہو کہ تم ہی خدا کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو اگر تم سچے ہو تو (ذرا) موت کی آرزو[2] تو کرو (6)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔وفادار، دوست 2۔سوالیہ کلمہ
- 1۔جماعت 2۔آخرکار، بالآخر
- حاوی، فتح یاب
- 1۔ذکر 2۔سچا
- 1۔طاقتور 2۔دانائی، تدبیر، طاقت
- عقل
- صاف
- مہربانی
- 1۔دیتا 2۔جانوروں پر کوئی وزن رکھنا
- حکم ماننے کا وزن
- مذاق اڑانا
- 1۔چیلنج کرنا 2۔شدید خواہش

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ ، سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ	مشکل الفاظ کے معانی

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ⑦ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ
مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا
نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑨
فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑩
وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ۨ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ
وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ⑪

اِذَا جَاۗءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
لَكٰذِبُوْنَ ① اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③

اور یہ ان (اعمال) کے سبب جو کر چکے ہیں، ہرگز اس کی آرزو نہیں کریں گے اور خدا ظالموں سے خوب واقف ہے (7) کہہ دو کہ موت جس سے تم گریز کرتے ہو وہ تو تمہارے سامنے آکر رہے گی۔ پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے (خدا) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر جو جو کچھ تم کرتے رہے ہو وہ سب تمہیں بتائے گا (8) مومنو! جب جمعے کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو خدا کی یاد (یعنی نماز) کے لئے جلدی کرو اور (خرید و) فروخت ترک کر دو اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (9) پھر جب نماز ہو چکے تو اپنی اپنی راہ اور خدا کا فضل تلاش کرو اور خدا کو بہت بہت یاد کرتے رہو تاکہ نجات پاؤ (10) اور جب یہ لوگ سودا بکتا یا تماشا ہوتا دیکھتے ہیں تو ادھر بھاگ جاتے ہیں اور تمہیں (کھڑے کا) کھڑا چھوڑ جاتے ہیں، کہہ دو کہ جو چیز خدا کے ہاں ہے وہ تماشے اور سودے سے کہیں بہتر ہے، اور خدا سب سے بہتر رزق دینے والا ہے (11)

ترجمہ سورت منافقون

(اے محمدؐ) جب منافق لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ آپ بیشک خدا کے پیغمبرؐ ہیں اور خدا جانتا ہے کہ درحقیقت تم اس کے پیغمبرؐ ہو، لیکن خدا ظاہر کئے دیتا ہے کہ منافق (دل سے اعتقاد نہ رکھنے کے لحاظ سے) جھوٹے ہیں (1) انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور ان کے ذریعے سے (لوگوں کو) راہ خدا سے روک رہے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ جو کام یہ کرتے ہیں، بُرے ہیں (2) یہ اس لئے کہ یہ (پہلے تو) ایمان لائے، پھر کافر ہو گئے تو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی سو اب یہ سمجھتے ہی نہیں (3)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ کی وجہ سے 2۔ کسی بھی صورت 3۔ شدید خواہش 4۔ اچھی طرح
- 1۔ بچنا، ہٹنا 2۔ چھپے
- واپس ہونا
- 1۔ چھوڑ دو 2۔ لئے
- 1۔ راستہ 2۔ رزق، روزی، معاش 3۔ رہائی، مخلصی 4۔ ضروریات زندگی کا سامان
- 1۔ دورُخے لوگ 2۔ مانتے ہیں
- واقعی، سچ میں
- 1۔ یقین رکھنا، عقیدہ ہونا 2۔ ریاکاری، بچاؤ یا چالاکی کا ہتھیار

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ	حوالہ جات
	وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ	
	صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۫ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ	
	رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ⑤ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ	
	تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑥ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى	
	مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ⑦	
	يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ	
	الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑧ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ	
	ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ⑨ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ	
	اَخَّرْتَنِىْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ⑩ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ	
	خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑪	
جسم کے اعضاء کی بناوٹ	اور جب تم ان (کے تناسب اعضاء) کو دیکھتے ہو تو ان کے جسم تمہیں (کیا ہی) اچھے معلوم ہوتے ہیں	
جسطرح، جیسے کہ	اور جب وہ (دنیاوی زندگی کی) گفتگو کرتے ہیں تو تم ان کی تقریر توجہ سے سنتے ہو گویا لکڑیاں ہیں جو	بقرہ: 204
مصیبت	دیواروں سے لگائی گئی ہیں۔ (بزدل ایسے کہ) ہر زور کی آواز کو سمجھیں (کہ) ان پر (بلا آئی)۔ یہ (تمہارے)	
گمراہی	دشمن ہیں ان سے بے خوف نہ رہنا۔ خدا ان کو ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں (4) اور جب ان سے کہا	
1۔ کئے گئے 2۔ معافی	جائے کہ آؤ رسولؐ خدا تمہارے (کردہ گناہوں کے) لئے مغفرت مانگیں تو اپنے سر ہلا دیتے ہیں اور تم ان کو	
غرور	دیکھو کہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں (5) تم ان کے لئے مغفرت مانگو یا نہ مانگو ان کے حق میں برابر	
1۔ بالکل بھی، کسی بھی صورت 2۔ حکم نہ ماننے والے	ہے۔ خدا ان کو ہرگز نہ بخشے گا بیشک خدا نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (6) یہی ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ	
اپنے آپ، آپ ہی خود	رسولؐ خدا کے پاس (رہتے) ہیں ان پر (کچھ) خرچ نہ کرو یہاں تک کہ یہ (خودبخود) بھاگ جائیں۔	
1۔ دورُخے لوگ 2۔ واپس	حالانکہ آسمانوں اور زمین کے خزانے خدا ہی کے ہیں لیکن منافق نہیں سمجھتے (7) کہتے ہیں کہ اگر ہم لوٹ کر مدینے	
رسوا	پہنچے تو عزت والے ذلیل لوگوں کو وہاں سے نکال باہر کریں گے۔ حالانکہ عزت خدا کی ہے اور اس کے رسولؐ کی	
بے خبر	اور مومنوں کی لیکن منافق نہیں جانتے (8) مومنو! تمہارا مال اور تمہاری اولاد تم کو خدا کی یاد سے غافل نہ کر دے اور	
نقصان	جو ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں (9) اور جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس (وقت)	
پہلے	سے پیشتر خرچ کرلو کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے تو (اس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار! تُو نے	
1۔ مزید وقت 2۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا	مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کرلیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہو جاتا؟ (10) اور جب	
خبر رکھنے والا	کسی کی موت آجاتی ہے تو خدا اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس سے خبردار ہے (11)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّغَابُنِ	حوالہ جات

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ① هُوَ
الَّذِىْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ
وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا
تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑤ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا
وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِىٌّ حَمِيْدٌ ⑥ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ
بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ⑦ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِىْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرٌ ⑧

ترجمہ سورت تغابن

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے (سب) خدا کی تسبیح کرتی ہے۔ اس کی سچی بادشاہی ہے اور
اسی کی تعریف (لامتناہی) ہے' اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (1) وہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر کوئی تم میں کافر
ہے اور کوئی مومن اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھتا ہے (2) اسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی برحکمت
پیدا کیا اور اسی نے تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی پاکیزہ بنائیں اور اسی کی طرف (تمہیں) لوٹ کر
جانا ہے (3) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے' وہ سب جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپا کر کرتے ہو اور جو کھلم کھلا
کرتے ہو اس سے بھی آگاہ ہے اور خدا دل کے بھیدوں سے واقف ہے (4) کیا تم کو ان لوگوں کے حال کی
خبر نہیں پہنچی جو پہلے کافر ہوئے تھے؟ تو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزا چکھ لیا اور (ابھی) دکھ دینے والا
عذاب (اور) ہونا ہے (5) یہ اس لئے کہ ان کے پاس پیغمبرؑ کھلی نشانیاں لے کر آتے تو یہ کہتے کہ کیا آدمی
ہمارے ہادی بنتے ہیں؟ تو انہوں نے (ان کو) نہ مانا اور منہ پھیر لیا اور خدا نے بھی بے پروائی کی اور خدا
بے پروا (اور) سزاوار حمد ہے (6) جو لوگ کافر ہیں ان کا اعتقاد ہے کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہیں اٹھائے
جائیں گے۔ کہہ دو کہ ہاں ہاں میرے پروردگار کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر جو جو کام تم کرتے رہے ہو'
وہ تمہیں بتائے جائیں گے اور یہ (بات) خدا کو آسان ہے (7) تو خدا پر اور اس کے رسولؑ پر اور
نورِ (قرآن) پر جو ہم نے نازل فرمایا ہے ایمان لاؤ۔ اور خدا تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے (8)

مشکل الفاظ کے معانی:

- ذکر
- نہ ختم ہونے والی
- عقل یا دانائی یا تدبیر کے تحت
- 1۔شکلیں 2۔واپس
- سرِعام، اعلانیہ
- 1۔واقف 2۔رازوں
- محسوس کرلیا
- مزید
- 1۔راہنما، لیڈر 2۔بےفکری، بے نیازی
- 1۔مستحق، مناسب 2۔اللہ کی تعریف 3۔یقین، ایمان 4۔کسی بھی صورت
- خبر رکھنے والا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّغَابُنِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑨ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑩ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ
بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑫ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑬ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ
اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑭ اِنَّمَآ
اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑮ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا
خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑯ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ
لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ⑰ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑱

جس دن وہ تم کو اکٹھا ہونے (یعنی قیامت) کے دن اکٹھا کرے گا' وہ نقصان اٹھانے کا دن ہے' اور جو شخص خدا پر
ایمان لائے اور نیک عمل کرے وہ اس سے اس کی بُرائیاں دُور کر دے گا اور باغہائے بہشت میں' جن کے نیچے
نہریں بہہ رہی ہیں' داخل کرے گا۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے' یہ بڑی کامیابی ہے (9) اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری
آیتوں کو جھٹلایا' وہی اہل دوزخ ہیں۔ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور وہ بُری جگہ ہے (10) کوئی مصیبت نازل نہیں
ہوتی مگر خدا کے حکم سے' اور جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے' اور خدا ہر چیز سے باخبر ہے
(11) اور خدا کی اطاعت کرو اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اگر تم منہ پھیر لو گے تو ہمارے پیغمبرؐ کے ذمے تو
صرف پیغام کا کھول کھول کر پہنچا دینا ہے (12) خدا (جو معبود[1] برحق[2] ہے اس) کے سوا[3] کوئی عبادت[4] کے
لائق[1] نہیں تو مومنوں کو چاہیئے کہ خدا ہی پر بھروسا[2] رکھیں (13) مومنو! تمہاری عورتوں اور اولاد میں سے بعض[3]
تمہارے دشمن (بھی) ہیں سو[1] ان سے بچتے رہو اور اگر معاف کر دو اور درگزر[2] کرو اور بخش دو تو خدا بھی بخشنے والا مہربان
ہے (14) تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو آزمائش ہے اور خدا کے ہاں بڑا اجر ہے (15) سو جہاں تک ہو سکے خدا سے
ڈرو اور (اس کے احکام کو) سنو اور (اس کے) فرمانبردار[1] رہو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو۔ (یہ) تمہارے حق میں[2]
بہتر ہے اور جو شخص طبیعت[1] کے بُخل[2] سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ مُراد[3] پانے والے ہیں (16) اگر تم خدا کو
(اخلاص[1] اور نیت) نیک (سے) قرض دو گے تو وہ تم کو اس کا دوچند[2] دے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا
اور خدا قدر شناس[1] اور بُردبار[2] ہے (17) پوشیدہ[3] اور ظاہر کا جاننے والا غالب اور حکمت[4] والا ہے (18)

مشکل الفاظ کے معانی

- باغہائے: بہت سے باغات
- اہل دوزخ: دوزخ میں رہنے یا جانے والے
- باخبر: معلومات یا خبر رکھنے والا
- اطاعت: حکم ماننا
- 1۔ جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔ مکمل سچائی 3۔ علاوہ 4۔ اللہ کا حکم ماننا
- 1۔ مناسب ہونا 2۔ یقین 3۔ کچھ
- 1۔ ہر صورت، ہر چند 2۔ چشم پوشی کرنا، معاف کرنا
- اجر: صلہ، بدلا، معاوضہ
- 1۔ حکم ماننا 2۔ لئے
- 1۔ مزاج، عادت 2۔ کنجوسی 3۔ خواہش، منزل
- 1۔ محبت 2۔ دوگنا
- 1۔ قدر جاننے والا 2۔ صابر، برداشت کرنے والا 3۔ چھپے 4۔ تدبیر، سوچ، صلاحیت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الطَّلَاقِ	حوالہ جات

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ
بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ
نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا (1) فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ
فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ڛ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا (2) وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ
عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (3) وَالّٰٓـِٔيْ يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ
مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰۗـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ۭ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ
حَمْلَهُنَّ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا (4) ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ
سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا (5)

ترجمہ سورت طلاق

اے پیغمبرؐ (مسلمانوں سے کہہ دو کہ) جب تم عورتوں کو طلاق دینے لگو تو ان کی عدت[1] (کو ملحوظ رکھتے ہوئے[2])
طلاق دو اور عدت کا شمار[1] رکھو اور خدا سے جو تمہارا پروردگار ہے' ڈرو۔ (نہ تو تم ہی) ان کو (ایام عدت میں[2]) ان
کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ (خود ہی) نکلیں۔ ہاں اگر وہ صریح بے حیائی کریں (تو نکال دینا چاہیئے) اور یہ
خدا کی حدیں ہیں جو خدا کی حدوں سے تجاوز کرے گا وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔ (اے طلاق دینے والے!)
تجھے کیا معلوم شاید خدا اس کے بعد کوئی (بھلائی[1]) اور سبیل[2] پیدا کر دے (1) پھر جب وہ اپنی میعاد[3] (یعنی
انقضائے عدت[1]) کے قریب پہنچ جائیں تو یا تو ان کو اچھی طرح سے (زوجیت میں[2]) رہنے دو یا اچھی طرح سے
علیحدہ کر دو اور اپنے میں سے دو منصف مردوں کو گواہ کر لو اور (گواہو!) خدا کے لئے درست گواہی دینا ان
باتوں سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے' اور جو کوئی خدا سے ڈرے گا
وہ اس کے لئے (رنج و محن[1] سے) مُخلصی[2] (کی صورت) پیدا کر دے گا (2) اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا
جہاں سے (وہم و) گُمان[1] بھی نہ ہو اور جو خدا پر بھروسا[2] رکھے گا تو وہ اس کو کفایت[3] کرے گا' خدا اپنے کام کو (جو
وہ کرنا چاہتا ہے) پورا[1] کر دیتا ہے۔ خدا نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے (3) اور تمہاری (مطلقہ[2]) عورتیں جو
حیض[1] سے نااُمید ہو چکی ہوں اگر تم کو (ان کی عدت کے بارے میں) شُبہہ[2] ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے' اور
جن کو ابھی حیض نہیں آنے لگا (ان کی عدت بھی یہی ہے) اور حمل والی عورتوں کی عدت وضع حمل (یعنی بچہ
جننے) تک ہے' اور جو خدا سے ڈرے گا خدا اس کے کام میں سہولت پیدا کر دے گا (4) یہ خدا کے حکم ہیں جو خدا
نے تم پر نازل کئے ہیں اور جو خدا سے ڈرے گا وہ اس سے اس کے گناہ دُور کر دے گا اور اسے اجر عظیم بخشے گا (5)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔مطلقہ عورتوں کا مخصوص عرصہ 2۔سامنے رکھ کر، لحاظ کرتے ہوئے
- 1۔گنتی 2۔عدت کے دنوں میں
- کھلی، صاف
- پھلانگے گا
- 1۔فائدہ 2۔صورت یا انتظام 3۔مخصوص مقررہ وقت
- 1۔مدّت پوری ہونا 2۔نکاح میں
- انصاف کرنے والے
- 1۔درد، دکھ، مصیبت 2۔رہائی
- 1۔خیال، سوچ 2۔یقین، ایمان 3۔فائدہ دینا
- 1۔مکمل 2۔طلاق یافتہ
- 1۔عورت کے ایام ناپاکی 2۔شک
- جن کے پیٹ میں بچہ ہو
- نرمی، آسانی
- بہت ہی بڑا بدلا

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الطَّلَاقِ	مشکل الفاظ کے معانی
	اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ	
	فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ	
	تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ⑥ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ	
	لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ⑦ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا	
	وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ⑧ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا	
	خُسْرًا ⑨ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ	
	ذِكْرًا ⑩ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى	
	النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ قَدْ	
	اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ⑪ اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْۤا	
	اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا ⑫	
	(مطلقہ) عورتوں کو (ایام عدت میں) اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو جہاں خود رہتے ہو اور ان کو تنگ کرنے	1۔طلاق یافتہ 2۔عدت کے دنوں میں 3۔حیثیت، طاقت
	کے لئے تکلیف نہ دو اور اگر حمل سے ہوں تو بچہ جننے تک ان کا خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر وہ بچے کو تمہارے کہنے	پیدا کرنے
	سے دودھ پلائیں تو ان کو ان کی اُجرت دو اور (بچے کے بارے میں) پسندیدہ طریق سے موافقت رکھو' اور اگر	1۔معاوضہ 2۔اچھی طرح 3۔برابری
نساء 35	باہم ضد (اور نا اتفاقی) کرو گے تو (بچے کو) اس (معاملے کے منصفین) کے کہنے سے کوئی اور عورت دودھ	1۔ایک دوسرے سے 2۔جھگڑا 3۔فیصلہ کرنے والے
	پلائے گی (6) صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہئے اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا	امیری، کشادگی
	خدا نے اس کو دیا ہے' اس کے موافق خرچ کرے۔ خدا کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے'	مطابق، برابر
	اور خدا عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا (7) اور بہت سی بستیوں (کے رہنے والوں) نے اپنے پروردگار	1۔ہاتھ کھلنا، امیر ہو جانا 2۔آبادیوں
	اور اس کے پیغمبروںؑ کے احکام سے سرکشی کی تو ہم نے ان کو سخت حساب میں پکڑ لیا اور ان پر (ایسا) عذاب	بغاوت
	نازل کیا جو نہ دیکھا تھا نہ سنا (8) سو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزا چکھ لیا' اور ان کا انجام نقصان ہی تو تھا	آخر، نتیجہ
	(9) خدا نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے' تو اے ارباب دانش! جو ایمان لائے ہو' خدا سے ڈرو۔	صاحب عقل
	خدا نے تمہارے پاس نصیحت (کی کتاب) بھیجی ہے (10) (اور اپنے) پیغمبرؐ (بھی بھیجے ہیں) جو تمہارے	
	سامنے خدا کی واضح المطالب آیتیں پڑھتے ہیں تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ہیں ان کو	صاف معنوں والی
	اندھیرے سے روشنی میں لے آئیں اور جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور عمل نیک کرے گا' ان کو باغہائے بہشت	بہت سے باغات
	میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ابدالآباد ان میں رہیں گے۔ خدا نے ان کو خوب رزق دیا ہے	1۔ہمیشہ کیلئے آباد 2۔بہت اچھا
	(11) خدا ہی تو ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور ویسی ہی زمینیں۔ ان میں (خدا کے) حکم اُترتے رہتے	ہو بہو ایسی برکات والی تو نہیں، مگر کائنات میں دیگر کئی زمینیں ہونے کی نشاندہی
	ہیں تاکہ تم لوگ جان لو کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے' اور یہ کہ خدا اپنے علم سے ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے (12)	گھیراؤ کئے ہوئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ	حوالہ جات

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ① قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ
لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ② وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا
نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۗ قَالَ
نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ
وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا
مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ⑤ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا
اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ⑥

ترجمہ سورت تحریم

اے پیغمبرؐ جو چیز خدا نے تمہارے لئے جائز کی ہے‘ تم اس سے کنارہ کشی کیوں کرتے ہو؟ کیا اس سے اپنی
بیبیوں کی خوشنودی چاہتے ہو؟ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے (1) خدا نے تم لوگوں کے لئے تمہاری قسموں کا
کفارہ[1] مقرر کر دیا ہے‘ اور خدا ہی تمہارا کارساز[2] ہے اور وہ دانا[3] (اور) حکمت[4] والا ہے (2) اور (یاد کرو) جب
پیغمبرؐ نے اپنی ایک بی بی سے ایک بھید[1] کی بات کہی تو (اس نے دوسری کو بتا دی) جب اس نے اس کو افشاء[2]
کیا اور خدا نے اس (حال سے) پیغمبرؐ کو آگاہ کر دیا تو پیغمبرؐ نے (ان بی بی کو وہ بات) کچھ تو بتائی اور کچھ
نہ بتائی تو جب وہ ان کو جتائی تو پوچھنے لگیں کہ آپ کو یہ کس نے بتایا؟ انہوں نے کہا کہ مجھے اس نے بتایا ہے جو
جاننے والا خبردار[1] ہے (3) اگر تم دونوں خدا کے آگے توبہ کرو (تو بہتر ہے کیونکہ) تمہارے دل کج[2] ہو گئے ہیں
اور اگر پیغمبرؐ (کی ایذا[1]) پر باہم اعانت[2] کرو گی تو خدا اور جبرائیلؑ اور نیک کردار مسلمان ان کے حامی[3] (اور
دوست دار) ہیں اور (ان کے علاوہ) فرشتے بھی مددگار ہیں (4) اگر پیغمبرؐ تم کو طلاق دے دیں تو عجب نہیں
ان کا پروردگار تمہارے بدلے ان کو تم سے بہتر بیبیاں دے دے۔ مسلمان‘ صاحب ایمان‘ فرمانبردار‘ توبہ کرنے
والیاں‘ عبادت[1] گزار‘ روزہ رکھنے والیاں بن[2] شوہر اور کنواریاں (5) مومنو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال[3]
کو آتش[1] (جہنم) سے بچاؤ جس کا ایندھن[2] آدمی اور پتھر ہیں اور جس پر تندخو[3] اور سخت مزاج فرشتے (مقرر)
ہیں‘ جو ارشاد خدا ان کو فرماتا ہے اس کی نافرمانی[1] نہیں کرتے اور جو حکم ان کو ملتا ہے اسے بجا لاتے ہیں[2] (6)

مشکل الفاظ کے معانی

- پَرے ہونا، چھوڑنا
- خوشی
- 1۔ بدلا، سزا 2۔ کام بنانے والا 3۔ عقل والا 4۔ دانائی، سوچ، تدبیر
- 1۔ راز 2۔ ظاہر کرنا، بکھیرنا
- واقف
- یاد کرائی
- 1۔ خبر رکھنے والا 2۔ ٹیڑھے
- 1۔ تکلیف 2۔ ایک دوسرے کی مدد یا سہارا بننا 3۔ مددگار، ساتھی
- عجیب
- 1۔ اللہ کا حکم ماننا 2۔ بغیر 3۔ عزیز و اقارب، خاندان والے
- 1۔ آگ 2۔ جلانے کا سامان 3۔ سخت فطرت والے
- 1۔ حکم نہ ماننا 2۔ تعمیل حکم کرتے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التَّحْرِيْم	حوالہ جات
	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑦ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى	
	اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ	
	لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا	
	نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑧ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ	
	وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑨ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا	
	تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ	
	الدّٰخِلِيْنَ ⑩ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ	
	وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑪ ۙ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا	
	فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ⑫ ع	
صلہ، اجر، معاوضہ	کافرو! آج بہانے مت بناؤ جو عمل تم کیا کرتے تھے انہی کا تم کو بدلا دیا جائے گا (7) مومنو! خدا کے	
1۔سچے دل سے 2۔ختم کردے گا 3۔بہت سے باغ	آگے صاف دل سے توبہ کرو۔ اُمید ہے کہ وہ تمہارے گناہ تم سے دُور کر دے گا اور تم کو باغہائے	
نیچے	بہشت میں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں' داخل کرے گا۔ اس دن خدا پیغمبرؐ کو اور ان لوگوں کو جو	
1۔ذلیل 2۔روشنی	ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں رُسوا نہیں کرے گا۔ (بلکہ) ان کا نور ایمان ان کے آگے اور داہنی	
عرض، درخواست	طرف (روشنی کرتا ہوا) چل رہا ہوگا' اور وہ خدا سے التجا کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارا	
طاقت رکھنا	نور ہمارے لئے پورا کر اور ہمیں معاف فرما بیشک تُو ہر چیز پر قادر ہے (8) اے پیغمبرؐ کافروں اور	
1۔دورُخے لوگ 2۔گھر، انجام	منافقوں سے لڑو اور ان پر سختی کرو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بہت بُری جگہ ہے (9) خدا نے	
	کافروں کے لئے نوحؑ کی بیوی اور لوطؑ کی بیوی کی مثال بیان فرمائی ہے۔ دونوں ہمارے دو نیک	
امانت کے الٹ	بندوں کے گھر میں تھیں اور دونوں نے ان کی خیانت کی تو وہ خدا کے مقابلے میں ان عورتوں کے کچھ بھی	
	کام نہ آئے اور ان کو حکم دیا گیا کہ اور داخل ہونے والوں کے ساتھ تم بھی دوزخ میں داخل ہو جاؤ (10)	
عرض گزار ہوئی، شدید خواہش کی	اور مومنوں کے لئے (ایک) مثال (تو) فرعون کی بیوی کی بیان فرمائی کہ اس نے خدا سے التجا کی کہ	
	اے میرے پروردگار! میرے لئے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا اور مجھے فرعون اور اس کے	
1۔بُرے انجام والے کرتوت 2۔رہائی 3۔چھٹکارا	اعمال (زشت مآل) سے نجات بخش اور ظالم لوگوں کے ہاتھ سے مجھ کو مخلصی عطا فرما (11) اور (دوسری)	
حفاظت کرنا	عمران کی بیٹی مریمؑ کی جنہوں نے اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھا تو ہم نے اس میں اپنی رُوح پھونک دی اور وہ	
1۔باتیں 2۔سچ پر مبنی 3۔حکم ماننے والے	اپنے پروردگار کے کلام اور اس کی کتابوں کو برحق سمجھتی تھیں اور فرمانبرداروں میں سے تھیں (12)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُلْكِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُلْكِ

تَبٰرَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرُ ۨ ① الَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ
اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ ② الَّذِىْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِىْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ
تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ③ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ
حَسِيْرٌ ④ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ⑤
وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑥ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِىَ تَفُوْرُ ۙ ⑦
تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ اُلْقِىَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ⑧ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا
نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَىْءٍ ۚۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ⑨ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ
مَا كُنَّا فِىْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ⑩

ترجمہ سورت ملک

وہ (خدا) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے' بڑی برکت والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (1) اسی نے موت اور
زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے عمل کرتا ہے اور وہ زبردست اور بخشنے والا ہے
(2) اس نے سات آسمان اوپر تلے بنائے (اے دیکھنے والے!) کیا تُو (خدا) رحمٰن کی آفرینش میں کچھ
نقص دیکھتا ہے؟ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ' بھلا تجھ کو آسمان میں کوئی شگاف نظر آتا ہے؟ (3) پھر دوبارہ (سہ بارہ)
نظر کر تو نظر (ہر بار) تیرے پاس ناکام اور تھک کر لوٹ آئے گی (4) اور ہم نے قریب کے آسمان کو
چراغوں سے زینت دی اور ان کو شیطان کے مارنے کا آلہ بنایا اور ان کے لئے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا
ہے (5) اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار سے انکار کیا ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے (6)
جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کا چیخنا چلانا سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی (7) گویا مارے جوش
کے پھٹ پڑے گی۔ جب اس میں ان کی کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو دوزخ کے داروغہ ان سے پوچھیں گے
کیا تمہارے پاس کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تھا؟ (8) وہ کہیں گے کیوں نہیں ضرور ہمارے پاس ہدایت
کرنے والا آیا تھا لیکن ہم نے (اس کو) جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے تو کوئی چیز نازل ہی نہیں کی۔ تم تو بڑی غلطی
میں (پڑے ہوئے) ہو (9) اور کہیں گے اگر ہم سنتے یا سمجھتے ہوتے تو دوزخیوں میں نہ ہوتے (10)

طاقت یا صلاحیت رکھنا

طاقتور، زورآور

1۔ نیچے 2۔ پیدائش

1۔ عیب 2۔ دراڑ، جھری

واپس

1۔ سجایا 2۔ ہتھیار 3۔ سخت گرم

گھر، جگہ

1۔ کھولنا 2۔ جیسے کہ

1۔ گروہ 2۔ محافظ، نگران

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُلْكِ	حوالہ جات

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ⑪ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ
كَبِيْرٌ ⑫ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑬ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ
الْخَبِيْرُ ⑭ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ⑮
ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ⑯ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ
عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ⑰ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ⑱ اَوَلَمْ يَرَوْا
اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؔ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ⑲ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ
هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ⑳ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ
اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ㉑ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ㉒

پس وہ اپنے گناہ کا اقرار کرلیں گے سو دوزخیوں کے لئے (رحمت خدا سے) دُوری ہے (11) اور جو لوگ
بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں‘ ان کے لئے بخشش اور اجر عظیم ہے (12) اور تم (لوگ) بات پوشیدہ
کہو یا ظاہر وہ دل کے بھیدوں تک سے واقف ہے (13) بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے؟ وہ تو پوشیدہ
باتوں کا جاننے والا اور (ہر چیز سے) آگاہ ہے (14) وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو نرم کیا تو اس کی
راہوں میں چلو پھرو اور خدا کا (دیا ہوا) رزق کھاؤ اور (تم کو) اُسی کے پاس (زمین سے) نکل کر جانا ہے
(15) کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے اور وہ اس وقت حرکت کرنے
لگے (16) کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو کہ تم پر کنکر بھری ہوا چھوڑ دے؟ سو تم عنقریب جان لو
گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے (17) اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے بھی جھٹلایا تھا سو (دیکھ لو کہ) میرا کیسا
عذاب ہے (18) کیا انہوں نے اپنے سروں پر اُڑتے جانوروں کو نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے رہتے ہیں
اور ان کو سکیڑ بھی لیتے ہیں؟ خدا کے سوا انہیں کوئی تھام نہیں سکتا۔ بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (19) بھلا ایسا
کون ہے جو تمہاری فوج ہو کر خدا کے سوا تمہاری مدد کر سکے۔ کافر تو دھوکے میں ہیں (20) بھلا اگر وہ اپنا رزق
بند کر لے تو کون ہے جو تم کو رزق دے؟ لیکن یہ سرکشی اور نفرت میں پھنسے ہوئے ہیں (21) بھلا جو شخص چلتا
ہوا منہ کے بل گر پڑتا ہو وہ سیدھے رستے پر ہے یا وہ جو سیدھے رستے پر برابر چل رہا ہو؟ (22)

مشکل الفاظ کے معانی:
- منظور کرنا، تسلیم کرنا
- 1۔ بغیر 2۔ بہت بڑا صلہ 3۔ چھپی
- 1۔ رازوں 2۔ لاعلم
- واقف ہونا
- راستوں
- گھسا دینا
- 1۔ بے خوف 2۔ نوکیلے پتھر 3۔ بہت جلد
- 1۔ سمیٹ 2۔ علاوہ 3۔ حفاظت کرنا، سہارا دینا
- باغی ہونا یا شرک کرنا
- سمت، طرف

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُلْكِ ، سُوْرَةُ الْقَلَمِ	مشکل الفاظ کے معانی

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿23﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ
ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿24﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿25﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ
اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿26﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تَدَّعُوْنَ ﴿27﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿28﴾ قُلْ
هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿29﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ
غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿30﴾ ع

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ﴿1﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿2﴾ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿3﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى
لَخُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿4﴾ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ﴿5﴾ بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿6﴾

کہو وہ خدا ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم کم احسان مانتے ہو
(23) کہہ دو کہ وہی ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا دیا اور اسی کے رُوبرو تم جمع کئے جاؤ گے (24) اور کافر
کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعید کب (پورا) ہوگا؟ (25) کہہ دو کہ اس کا علم خدا ہی کو ہے اور میں تو کھول کھول
کر ڈر سنا دینے والا ہوں (26) سو جب وہ دیکھ لیں گے کہ وہ (وعدہ) قریب آ گیا تو کافروں کے منہ بُرے ہو
جائیں گے اور (ان سے) کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے (27) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر خدا مجھ کو
اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر مہربانی کرے تو کون ہے جو کافروں کو دُکھ دینے والے عذاب سے پناہ
دے؟ (28) کہہ دو کہ وہ (جو خدائے) رحمٰن (ہے) ہم اسی پر ایمان لائے اور اسی پر بھروسا رکھتے ہیں۔ تم کو جلد
معلوم ہو جائے گا کہ صریح گمراہی میں کون پڑ رہا ہے (29) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر تمہارا پانی (جو تم پیتے ہو اور
برتتے ہو) خشک ہو جائے تو (خدا کے سوا) کون ہے جو تمہارے لئے شیریں پانی کا چشمہ بہا لائے؟ (30)

ترجمہ سورت قلم

نٓ۔ قلم اور جو لکھتے ہیں اس کی قسم (1) کہ (اے محمدؐ) تم اپنے پروردگار کے فضل سے دیوانے نہیں
ہو (2) اور تمہارے لئے بے انتہا اجر ہے (3) اور اخلاق تمہارے بہت (عالی) ہیں (4) سو
عنقریب تم بھی دیکھ لو گے اور یہ (کافر) بھی دیکھ لیں گے (5) کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے (6)

مشکل الفاظ کے معانی:

- سامنے
- سزا کا وعدہ
- آخرکار
- خواہش مند
- حفاظت
- اعتماد، یقین
- صاف، سیدھی
- 1۔ استعمال کرتے ہو 2۔ علاوہ 3۔ میٹھے
- پاگل
- 1۔ بے حد صلہ یا معاوضہ یا بدلا 2۔ عُمدہ
- بہت جلد

حوالہ جات:

- متشابہ، عمران: 7

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَلَمِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْقَلَمِ

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۪ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ⑦ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ⑧ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ
فَيُدْهِنُوْنَ ⑨ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ⑩ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ⑪ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ⑫ عُتُلٍّۭ بَعْدَ
ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ⑬ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ⑭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ⑮ سَنَسِمُهٗ عَلَى
الْخُرْطُوْمِ ⑯ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ⑰ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ⑱
فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ⑲ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ⑳ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ㉑ اَنِ اغْدُوْا
عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ㉒ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ㉓ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ
مِّسْكِيْنٌ ㉔ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ㉕ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ㉖ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ㉗ قَالَ
اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ㉘ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ㉙ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
يَّتَلَاوَمُوْنَ ㉚ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ㉛

تمہارا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کے رستے سے بھٹک گیا' اور ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کے
رستہ پر چل رہے ہیں (7) تو تم جھٹلانے والوں کا کہنا نہ ماننا (8) یہ لوگ چاہتے ہیں کہ تم نرمی اختیار کرو تو یہ بھی
نرم ہو جائیں (9) اور کسی ایسے شخص کے کہے میں نہ آ جانا جو بہت قسمیں کھانے والا ذلیل اوقات ہے (10)
طعن آمیز اشارتیں کرنے والا چغلیاں لئے پھرنے والا (11) مال میں بُخل کرنے والا حد سے بڑھا ہوا
بدکار (12) سخت خُو اور اس کے علاوہ بدذات ہے (13) اس لئے کہ مال اور بیٹے رکھتا ہے (14) جب اس کو
ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کے افسانے ہیں (15) ہم عنقریب اس کی ناک پر
داغ لگائیں گے (16) ہم نے ان لوگوں کی اسی طرح آزمائش کی ہے جس طرح باغ والوں کی آزمائش کی تھی'
جب انہوں نے قسمیں کھا کھا کر کہا کہ صبح ہوتے ہوتے ہم اس کا میوہ توڑ لیں گے (17) اور ان شاء اللہ نہ کہا
(18) سو وہ ابھی سو ہی رہے تھے کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے (راتوں رات) اس پر ایک آفت پھر گئی
(19) تو وہ ایسا ہو گیا جیسے کٹی ہوئی کھیتی (20) جب صبح ہوئی تو وہ لوگ ایک دوسرے کو پکارنے لگے (21) کہ
اگر تم کو کاٹنا ہے تو اپنی کھیتی پر سویرے ہی جا پہنچو (22) تو وہ چل پڑے اور آپس میں چُپکے چُپکے کہتے جاتے تھے
(23) کہ آج یہاں تمہارے پاس کوئی فقیر نہ آنے پائے (24) اور کوشش کے ساتھ سویرے ہی جا پہنچے (گویا
کھیتی پر) قادر (ہیں) (25) جب باغ کو دیکھا تو (ویران) ۔ کہنے لگے کہ ہم رستہ بھول گئے ہیں (26) نہیں
بلکہ ہم بے نصیب ہیں (27) ایک جو ان میں سمجھدار تھا' بولا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں
کرتے؟ (28) (تب) وہ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بیشک ہم ہی قصوروار تھے (29) پھر لگے
ایک دوسرے کو رو در رو ملامت کرنے (30) کہنے لگے ہائے شامت ہم ہی حد سے بڑھ گئے تھے (31)

مشکل الفاظ کے معانی

- درست راستے سے الگ ہو گیا
- رسوائے زمانہ
- 1۔طعنہ بھرے اشارے 2۔کنجوسی
- 1۔عادی اکڑ والا 2۔شرارتی، کمینہ
- کہانیاں، ذکر اذکار
- نشان
- 1۔پھل وغیرہ 2۔مخصوص الفاظ
- 1۔رات ہی کو 2۔مصیبت، بلا
- آہستہ آہستہ سے
- جیسا کہ
- 1۔ہر طرح کی طاقت رکھنا 2۔اُجڑا ہوا
- 1۔بے عمل 2۔ذِکر
- غلطی پر ہونا
- 1۔منہ پر، اعلانیہ 2۔ڈانٹ، پھٹکار 3۔نحوست، اعمال کی سزا

حوالہ جات

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَلَم	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْقَلَم

عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿32﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا
يَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿34﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿35﴾ مَا لَكُمْ ۟
كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿36﴾ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿37﴾ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿38﴾ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا
بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿39﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿40﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا
بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿41﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿42﴾
خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿43﴾ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ
بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿44﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿45﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ
اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿46﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿47﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ
كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿48﴾

اُمید ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمیں اس سے بہتر باغ عنایت کرے۔ ہم اپنے پروردگار کی طرف
رجوع لاتے[1] ہیں (32) (دیکھو) عذاب یوں ہوتا ہے اور آخرت کا عذاب اس سے کہیں بڑھ کر[2] ہے۔ کاش![3] یہ
لوگ جانتے ہوتے (33) پرہیزگاروں کے لئے ان کے پروردگار کے ہاں نعمت کے باغ ہیں (34) کیا ہم
فرمانبرداروں کو نافرمانوں کی طرح (نعمتوں سے محروم[1]) کردیں گے؟ (35) تمہیں کیا ہوگیا ہے؟ کیسی تجویزیں[2]
کرتے ہو؟ (36) کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں (یہ) پڑھتے ہو (37) کہ جو چیز تم پسند کرو گے وہ تم
کو ضرور ملے گی؟ (38) یا تم نے ہم سے قسمیں لے رکھی ہیں جو قیامت کے دن تک چلی جائیں گی کہ جس چیز کا تم
حکم کرو گے وہ تمہارے لئے حاضر ہوگی (39) ان سے پوچھو کہ ان میں سے اس کا کون ذمہ لیتا ہے (40) کیا
(اس قول میں) ان کے اور بھی شریک ہیں؟ اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لا سامنے کریں (41) جس دن
پنڈلی کھول دی جائے گی اور کفار سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو سجدہ نہ کرسکیں گے (42) ان کی آنکھیں
جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھا رہی ہوگی حالانکہ پہلے (اس وقت) سجدے کے لئے بلائے جاتے تھے جب
کہ صحیح وسالم تھے (43) تو مجھ کو اس کلام کے جھٹلانے والوں سے سمجھ لینے دو۔ ہم ان کو آہستہ آہستہ ایسے طریق
سے پکڑیں گے کہ ان کو خبر بھی نہ ہوگی (44) اور میں ان کو مہلت[1] دیئے جاتا ہوں میری تدبیر[2] قوی[3] ہے (45) کیا
تم ان سے کچھ صلہ[1] مانگتے ہو کہ ان پر تاوان[2] کا بوجھ[3] پڑ رہا ہے؟ (46) یا ان کے پاس غیب کی خبر ہے کہ (اسے)
لکھتے جاتے ہیں؟ (47) تو اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور مچھلی (کا لقمہ ہونے) والے
(یونس) کی طرح نہ ہونا کہ انہوں نے (خدا کو) پکارا اور وہ (غم و) غصے میں بھرے ہوئے تھے (48)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دے
- 1۔ توجہ کرتے، جھکتے 2۔ بہت زیادہ 3۔ کیا ہی اچھا ہوتا، افسوس کا کلمہ
- 1۔ ناکام، خالی 2۔ رائے
- ذمہ داری
- بات
- رسوائی
- بھلے چنگے، تندرست
- 1۔ مزید وقت 2۔ سوچ یا حکمت عملی 3۔ مضبوط
- 1۔ بدلا 2۔ جرمانہ 3۔ وزن
- نوالہ

حوالہ جات:

- متشابہ، عمران: 7

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقَلَمِ ، سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ	حوالہ جات

لَوْ لَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿49﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿50﴾ وَاِنْ يَّكَادُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿51﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿52﴾

اَلْحَآقَّةُ ﴿1﴾ مَا الْحَآقَّةُ ﴿2﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ﴿3﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ﴿4﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا
بِالطَّاغِيَةِ ﴿5﴾ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿6﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا
فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿7﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿8﴾ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ
قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿9﴾ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿10﴾ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي
الْجَارِيَةِ ﴿11﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿12﴾

اگر تمہارے پروردگار کی مہربانی ان کی یاوری نہ کرتی تو وہ چٹیل میدان میں ڈال دیئے جاتے اور ان
کا حال ابتر ہو جاتا (49) پھر پروردگار نے ان کو برگزیدہ کر کے نیکوکاروں میں کرلیا (50) اور
کافر جب (یہ) نصیحت (کی کتاب) سنتے ہیں تو یوں لگتے ہیں کہ تم کو اپنی نگاہوں سے پھسلا دیں گے
اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے (51) اور (لوگو) یہ (قرآن) اہل عالم کے لئے نصیحت ہے (52)

1۔مدد 2۔بغیر سائے کے میدان
1۔بُرا حال ہونا 2۔عزت ہونا، بڑا ہونا
ڈرانا، دوڑانا
1۔پاگل 2۔تمام جہان

ترجمہ سورت حاقہ

سچ مچ ہونے والی (1) وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے؟ (2) اور تم کو کیا معلوم ہے کہ وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے؟
(3) (وہی) کھڑکھڑانے والی (جس) کو ثمود اور عاد (دونوں) نے جھٹلایا (4) سو ثمود تو کڑک سے ہلاک کر
دیئے گئے (5) رہے عاد تو ان کا نہایت تیز آندھی سے ستیاناس کر دیا گیا (6) خدا نے اس کو سات رات اور
آٹھ دن لگاتار ان پر چلائے رکھا تو (اے مخاطب) تُو لوگوں کو اس میں (اس طرح) ڈھئے (اور مرے) پڑے
دیکھے جیسے کھجوروں کے کھوکھلے تنے (7) بھلا تُو ان میں سے کسی کو بھی باقی دیکھتا ہے؟ (8) اور فرعون اور جو لوگ
اس سے پہلے تھے اور وہ جو الٹی بستیوں میں رہتے تھے' سب گناہ کے کام کرتے تھے (9) انہوں نے اپنے پروردگار
کے پیغمبرؑ کی نافرمانی کی تو خدا نے بھی ان کو بڑا سخت پکڑا (10) جب پانی طغیانی پر آیا تو ہم نے تم (لوگوں) کو کشتی
میں سوار کر لیا (11) تاکہ اس کو تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں (12)

بالکل حقیقت میں
1۔دھمکانے والی، جھڑکنے والی، مراد قیامت 2۔آسمانی بجلی کی خوفناک آواز
1۔باقی بچے 2۔بہت زیادہ 3۔تباہ، برباد
1۔مسلسل 2۔پڑھنے یا سننے والے 3۔گرے
1۔اندر سے خالی 2۔سوالیہ کلمہ
آبادیوں
1۔حکم نہ ماننا 2۔سیلاب
یاد کئے جانے کے قابل

آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ	حوالہ جات

فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ⑬ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ⑭ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ
الْوَاقِعَةُ ⑮ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِىَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ⑯ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ
فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ⑰ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ⑱ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ
هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ⑲ اِنِّىْ ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ⑳ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ㉑ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ㉒
قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ㉓ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ㉔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ
فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ㉕ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ㉖ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ㉗ مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ
مَالِيَهْ ㉘ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ ㉙ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ㉚ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ㉛ ثُمَّ فِىْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ
ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ㉜ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ㉝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ㉞

تو جب صور میں ایک (بار) پھونک ماری جائے گی (13) اور زمین اور پہاڑ دونوں اٹھا لئے جائیں
گے پھر ایک بارگی توڑ پھوڑ کر برابر کر دیئے جائیں گے (14) تو اس روز ہو پڑنے والی (یعنی قیامت)
ہو پڑے گی (15) اور آسمان پھٹ جائے گا تو وہ اس دن کمزور ہوگا (16) اور فرشتے اس کے کناروں
پر (ہوں گے) اور تمہارے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اپنے سروں پر اٹھائے ہوں گے (17)
اس روز تم (سب لوگوں کے سامنے) پیش کئے جاؤ گے اور تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گی
(18) تو جس کا (اعمال) نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (دوسروں سے) کہے گا کہ لیجئے
میرا نامۂ (اعمال) پڑھئے (19) مجھے یقین تھا کہ مجھ کو میرا حساب (کتاب) ضرور ملے گا (20) پس وہ
(شخص) من مانے عیش میں ہوگا (21) (یعنی) اونچے (اونچے محلوں کے) باغ میں (22) جن کے
میوے جھکے ہوئے ہوں گے۔ (23) جو (عمل) تم ایام گزشتہ میں آگے بھیج چکے ہو اس کے صلے میں
مزے سے کھاؤ اور پیو (24) اور جس کا نامۂ (اعمال) اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا' وہ کہے گا
اے کاش! مجھ کو میرا (اعمال) نامہ نہ دیا جاتا (25) اور مجھے معلوم نہ ہوتا کہ میرا حساب کیا ہے؟ (26)
اے کاش موت (ابدالآباد کیلئے میرا کام) تمام کر چکی ہوتی (27) (آج) میرا مال میرے کچھ بھی کام
نہ آیا (28) (ہائے) میری سلطنت خاک میں مل گئی (29) (حکم ہوگا کہ) اسے پکڑ لو اور طوق پہنا دو
(30) پھر اسے دوزخ کی آگ میں جھونک دو (31) پھر زنجیر سے جس کی ناپ ستر گز ہے اسے جکڑ دو
(32) یہ نہ تو خدائے جل شانہٗ پر ایمان لاتا تھا (33) اور نہ فقیر کو کھانا کھلانے پر آمادہ کرتا تھا (34)

مشکل الفاظ کے معانی

- قیامت کا بگل
- ایک ہی دفعہ، اچانک
- چھپی
- دنیا میں کئے گئے کاموں کا نتیجہ
- کردار کی تفصیل
- من پسند
- 1۔ پھل، فروٹ وغیرہ 2۔ گزرے دنوں 3۔ بدلا، معاوضہ
- کیا ہی اچھا ہوتا، افسوس کا کلمہ
- 1۔ ہمیشہ کے لئے 2۔ مجھے مار دیتی
- 1۔ افسوس یا پچھتاوے کا کلمہ 2۔ حکومت، بادشاہی 3۔ گلے کا پٹہ، وزن
- 1۔ پھینک دو 2۔ مضبوط باندھ دو
- 1۔ بڑی شان والا 2۔ راغب کرنا، قائل کرنا، ترغیب دینا

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ ، سُوْرَةُ الْمَعَارِج	حوالہ جات

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿35﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿36﴾ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخٰطِئُوْنَ ﴿37﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا
تُبْصِرُوْنَ ﴿38﴾ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿39﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿40﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ وَلَا
بِقَوْلِ كَاهِنٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿42﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿43﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿44﴾
لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿45﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿46﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿47﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ
لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿48﴾ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿49﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿50﴾ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿51﴾ فَسَبِّحْ
بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿52﴾

سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿1﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿2﴾ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ﴿3﴾ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ
اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿4﴾

سو آج اس کا بھی یہاں کوئی دوست دار نہیں (35) اور نہ پیپ (اور خاردار جھاڑ) کے سوا (اس کے لئے) کھانا ہے (36) جس کو گنہگاروں کے سوا کوئی نہیں کھائے گا (37) تو ہم کو ان چیزوں کی قسم جو تم کو نظر آتی ہیں (38) اور ان کی جو نظر نہیں آتیں (39) کہ یہ (قرآن) فرشتۂ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے (40) اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں۔ لیکن تم لوگ بہت ہی کم ایمان لاتے ہو (41) اور نہ کسی کاہن کے مزخرفات ہیں، لیکن تم لوگ بہت کم فکر کرتے ہو (42) (یہ تو) پروردگار عالم کا اُتارا ہوا ہے (43) اگر یہ پیغمبرؐ ہماری نسبت کوئی بات جھوٹ بنا لاتے (44) تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے (45) پھر ان کی رگ گردن کاٹ ڈالتے (46) پھر تم میں سے کوئی (ہمیں) اس سے روکنے والا نہ ہوتا (47) اور یہ (کتاب) تو پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہے (48) اور ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض اس کو جھٹلانے والے ہیں (49) نیز یہ کافروں کے لئے (موجب) حسرت ہے (50) اور کچھ شک نہیں کہ یہ برحق (اور) قابل یقین ہے (51) سو تم اپنے پروردگار عزوجل کے نام کی تنزیہہ کرتے رہو (52)

ترجمہ سورت معارج

ایک طلب کرنے والے نے عذاب طلب کیا، جو نازل ہو کر رہے گا (1) (یعنی) کافروں پر (اور) کوئی اس کو ٹال نہ سکے گا (2) (اور وہ) خدائے صاحب درجات کی طرف سے (نازل ہوگا) (3) جس کی طرف رُوح اور فرشتے چڑھتے ہیں (اور) اس روز (نازل ہوگا) جس کا اندازہ پچاس ہزار برس کا ہوگا (4)

مشکل الفاظ کے معانی:

1۔دوستی رکھنے والا 2۔ مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑ جاتا ہے 3۔کانٹوں والی جھاڑی 4۔علاوہ

بلند مرتبہ والے

جنوں سے پوچھ کر غائب کی خبریں دینے والا

1۔جھوٹی یا بنائی ہوئی باتیں 2۔سوچنا

1۔ہمارے متعلق یا بارے میں 2۔دائیاں

نس، نبض

کچھ، چند

1۔افسوس کی وجہ 2۔مکمل سچائی

1۔عزت اور بزرگی والا 2۔ذکر

مانگا

1۔پرے کرنا 2۔بلند مرتبوں والے

حوالہ جات:

حاشیہ:6

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ	حوالہ جات

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ⑤ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۙ⑥ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ۭ⑦ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۙ⑧ وَتَكُوْنُ
الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۙ⑨ وَلَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۚۖ⑩ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۢ
بِبَنِيْهِ ۙ⑪ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ⑫ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـــْٔوِيْهِ ۙ⑬ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۙ⑭ كَلَّا ۭ اِنَّهَا
لَظٰى ۙ⑮ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚۖ⑯ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ⑰ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ⑱ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ⑲
اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ⑳ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ㉑ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ㉒ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۙ㉓
وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۙ㉔ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۙ㉕ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۙ㉖ وَالَّذِيْنَ
هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۚ㉗ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ㉘ وَّالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ㉙
اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ㉚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ㉛

(توتم کافروں کی باتوں کو) قوت کے ساتھ برداشت کرتے رہو (5) وہ ان لوگوں کی نگاہ میں دُور ہے (6)
اور ہماری نظر میں نزدیک (7) جس دن آسمان ایسا ہوجائے گا جیسا پگھلا ہوا تانبا (8) اور پہاڑ (ایسے) جیسے
(دھنکی ہوئی) رنگین اُون (9) اور کوئی دوست کسی دوست کا پرسان نہ ہوگا (10) (حالانکہ) ایک دوسرے کو
سامنے دیکھ رہے ہوں گے (اس روز) گنہگار خواہش کرے گا کہ کسی طرح اس دن کے عذاب کے بدلے میں
(سب کچھ) دے دے (یعنی) اپنے بیٹے (11) اور اپنی بیوی اور اپنے بھائی (12) اور اپنا خاندان' جس میں
وہ رہتا تھا (13) اور جتنے آدمی زمین میں ہیں' (غرض) سب (کچھ دے دے) اور اپنے تئیں عذاب سے
چھڑا لے (14) (لیکن) ایسا ہرگز نہ ہوگا وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے (15) کھال ادھیڑ ڈالنے والی (16) ان
لوگوں کو اپنی طرف بلائے گی جنہوں نے (دینِ حق سے) اعراض کیا اور منہ پھیر لیا (17) اور (مال) جمع کیا
اور بند کر رکھا (18) کچھ شک نہیں کہ انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے (19) جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اٹھتا
ہے (20) اور جب آسائش حاصل ہوتی ہے تو بخیل بن جاتا ہے (21) مگر نماز گزار (22) جو نماز کا التزام
رکھتے ہیں (23) اور جن کے مال میں حصہ مقرر ہے (24) (یعنی) مانگنے والے کا اور نہ مانگنے والے کا (25)
اور جو روز جزا کو سچ سمجھتے ہیں (26) اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے خوف رکھتے ہیں (27) بیشک ان
کے پروردگار کا عذاب ہے ہی ایسا کہ اس سے بےخوف نہ ہوا جائے (28) اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت
کرتے ہیں (29) مگر اپنی بیویوں یا (منکوحہ) لونڈیوں سے کہ (ان کے پاس جانے پر) انہیں کچھ ملامت نہیں
(30) اور جو لوگ ان کے سوا اور کے خواستگار ہوں' وہ حد سے نکل جانے والے ہیں (31)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔طاقت، ہمت 2۔نظر
- ایک دھات
- 1۔صاف کی گئی، نئی کی گئی 2۔پشم 3۔حال پوچھنے والا، مددگار
- اپنے آپکو
- 1۔بالکل بھی، کسی بھی صورت 2۔جِلد 3۔اُکھاڑنا
- 1۔سچا دین 2۔مُنکر ہونا
- کم برداشت والا
- 1۔آسانی، آرام 2۔کنجوس 3۔لازمی رکھنا
- طے ہے، فِکس ہے
- صلہ، بدلا، معاوضہ
- شرمندگی، پھٹکار
- 1۔علاوہ 2۔خواہش رکھنا

حوالہ جات: آئندہ حصوں میں دیکھیے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ ، سُوْرَةُ نُوحٍ	حوالہ جات

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿32﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ﴿33﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى
صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿34﴾ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿35﴾ فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿36﴾ عَنِ
الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿37﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿38﴾ كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا
يَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿40﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ
بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿41﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿42﴾ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ
الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿43﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ
كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿44﴾

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿1﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿2﴾

اور جو اپنی امانتوں اور اقراروں کا پاس کرتے ہیں (32) اور جو اپنی شہادتوں پر قائم رہتے ہیں (33) اور جو اپنی نماز کی خبر رکھتے ہیں (34) یہی لوگ باغہائے بہشت میں عزت واکرام سے ہوں گے (35) تو ان کافروں کو کیا ہوا ہے کہ تمہاری طرف دوڑے چلے آتے ہیں (36) (اور) دائیں بائیں سے گروہ گروہ ہوکر (جمع ہوتے) جاتے ہیں (37) کیا ان میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟ (38) ہرگز نہیں۔ ہم نے ان کو اس چیز سے پیدا کیا ہے' جسے وہ جانتے ہیں (39) ہمیں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی قسم کہ ہم طاقت رکھتے ہیں (40) (یعنی) اس بات پر (قادر ہیں) کہ ان سے بہتر لوگ بدل لائیں اور ہم عاجز نہیں ہیں (41) تو (اے پیغمبرؐ) ان کو باطل میں پڑے رہنے اور کھیل لینے دو' یہاں تک کہ جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ان کے سامنے آموجود ہو (42) اس دن یہ قبر سے نکل کر (اس طرح) دوڑیں گے جیسے (تیز رفتاری سے) شکار کے جال کی طرف دوڑتے ہیں (43) ان کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی اور ذلت ان پر چھا رہی ہوگی۔ یہی وہ دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (44)

ترجمہ سورت نوح

ہم نے نوحؑ کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ پیشتر اس کے کہ ان پر درد دینے والا عذاب واقع ہو' اپنی قوم کو ہدایت کردو (1) انہوں نے کہا کہ اے میری قوم! میں تم کو کھلے طور پر نصیحت کرتا ہوں (2)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔وعدوں 2۔احساس یالحاظ 3۔گواہی 4۔پکارہنا، کھڑے رہنا
- 1۔خیال رکھتے 2۔بہت سے باغ 3۔کرم، بخشش
- اُمید
- بالکل بھی
- طاقت رکھتے ہیں
- 1۔کمزور ہونا یا ہارنا 2۔جھوٹ
- رسوائی
- پہلے
- اعلانیہ، سرِ عام

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ نُوحٍ	حوالہ جات

سُوْرَةُ نُوحٍ

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ③ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ
اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ دَعَوْتُ قَوْمِىْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ⑤ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِىْٓ اِلَّا
فِرَارًا ⑥ وَاِنِّىْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا
وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ⑦ ثُمَّ اِنِّىْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ⑧ ثُمَّ اِنِّىْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ⑨
فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۗ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ⑩ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ⑪ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ
وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ⑫ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ⑬ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ⑭ اَلَمْ
تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ⑮ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ⑯ وَاللّٰهُ
اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ⑰ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ⑱

کہ خدا کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میرا کہا مانو (3) وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور وقت مقررہ تک
تم کو مہلت عطا کرے گا۔ جب خدا کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو تاخیر نہیں ہوتی۔ کاش تم جانتے ہوتے
(4) جب لوگوں نے نہ مانا تو (نوحؑ نے) خدا سے عرض کی کہ اے میرے پروردگار! میں اپنی قوم کو رات
دن بلاتا رہا (5) لیکن میرے بلانے سے وہ اور زیادہ گریز کرتے رہے (6) جب جب میں نے ان کو بلایا کہ (توبہ
کریں اور) تُو ان کو معاف فرمائے تو انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور کپڑے اوڑھ لئے اور اَڑ گئے
اور اکڑ بیٹھے (7) پھر میں ان کو کُھلے طور پر بھی بلاتا رہا (8) اور ظاہر اور پوشیدہ ہر طرح سمجھاتا رہا (9) اور کہا
کہ اپنے پروردگار سے معافی مانگو کہ وہ بڑا معاف کرنے والا ہے (10) وہ تم پر آسمان سے لگاتار مینہ برسائے
گا (11) اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہیں باغ عطا کرے گا اور (ان میں) تمہارے لئے
نہریں بہا دے گا (12) تم کو کیا ہوا ہے کہ تم خدا کی عظمت کا اعتقاد نہیں رکھتے (13) حالانکہ اس نے تم کو
طرح طرح (کی حالتوں) کا پیدا کیا ہے (14) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے سات آسمان کیسے اوپر تلے
بنائے ہیں (15) اور چاند کو ان میں نور بنایا ہے اور سورج کو چراغ ٹھہرایا ہے (16) اور خدا ہی نے تم کو
زمین سے پیدا کیا ہے (17) پھر اسی میں تمہیں لوٹا دے گا اور (اسی سے) تم کو نکال کھڑا کرے گا (18)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔اللہ کا حکم ماننا 2۔طے شدہ
- 1۔مزید وقت دے 2۔دیر 3۔افسوس کا کلمہ
- بچنا یا پرے ہونا
- ضدکی، ڈٹ گئے
- 1۔غرور کیا 2۔چھپ کر
- مسلسل
- 1۔بزرگی 2۔یقین
- نیچے
- خوشگوار روشنی، چمک
- 1۔واپس کردے گا 2۔پھر زندگی دے گا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ نُوْحٍ ، سُوْرَةُ الْجِنِّ	حوالہ جات

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ⑲ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ⑳ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا
مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ اِلَّا خَسَارًا ㉑ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ㉒ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا
سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ㉓ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ㉔ مِمَّا خَطِيْٓئٰتِهِمْ
اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ㉕ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ㉖ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ㉗ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ
وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ㉘

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ①

اورخدا ہی نے زمین کو تمہارے لئے فرش بنایا (19) تا کہ اس کے بڑے بڑے کشادہ راستوں پر چلو پھرو (20) (اس
کے بعد) نوحؑ نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار! یہ لوگ میرے کہنے پر نہیں چلے اور ایسوں کے تابع ہوئے ہیں،
جن کو ان کے مال اور اولاد نے نقصان کے سوا کچھ فائدہ نہیں دیا (21) اور وہ بڑی بڑی چالیں چلے (22)
اور کہنے لگے کہ اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور وداور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو کبھی ترک نہ کرنا
(23) (پروردگار) انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کردیا ہے اور تُو ان کو اور گمراہ کردے (24) (آخر) وہ اپنے
گناہوں کے سبب ہی غرقاب کردیئے گئے پھر آگ میں ڈال دیئے گئے تو انہوں نے خدا کے سوا کسی کو اپنا مددگار نہ
پایا (25) اور (پھر) نوحؑ نے (یہ) دعا کی کہ اے میرے پروردگار! کسی کافر کو روئے زمین پر بستا نہ رہنے دے
(26) اگر تُو ان کو رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان سے جو اولاد ہوگی وہ بھی بدکار اور ناشکر گزار ہو
گی (27) اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر میں آئے اس کو اور تمام
ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف فرما اور ظالم لوگوں کے لئے اور زیادہ تباہی بڑھا (28)

ترجمہ سورت جن

(اے پیغمبرؐ لوگوں سے) کہہ دو کہ میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے (اس
کتاب کو) سنا تو کہنے لگے کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا (1)

مشکل الفاظ کے معانی:

کھلے

1۔اس طرح کے لوگوں 2۔حکم ماننا

علاوہ

1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔کسی بھی صورت 3۔مشرکوں کے کوئی شریک 4۔نہیں چھوڑنا

1۔کی وجہ سے 2۔ڈبونا

1۔تمام زمین پر 2۔رہنا، گزر اوقات کرنا

بربادی زیادہ کردے

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْجِنِّ	حوالہ جات

يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝2 وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝3
وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝4 وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝5 وَّاَنَّهٗ
كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝6 وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ
يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝7 وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝8 وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا
مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝9 وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ
اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝10 وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝11 وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ
اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۝12 وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا
وَّلَا رَهَقًا ۝13 وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ۝14

جو بھلائی کا رستہ بتاتا ہے سو ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں
گے (2) اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی عظمت (شان) بہت بڑی ہے وہ نہ بیوی رکھتا ہے اور نہ اولاد (3)
اور یہ کہ ہم میں سے بعض بیوقوف خدا کے بارے میں جھوٹ افتراء کرتے ہیں (4) اور ہمارا (یہ) خیال تھا
کہ انسان اور جن خدا کی نسبت جھوٹ نہیں بولتے (5) اور یہ کہ بعض بنی آدم بعض جنات کی پناہ پکڑا کرتے
تھے (اس سے) ان کی سرکشی اور بڑھ گئی تھی (6) اور یہ کہ ان کا بھی یہی اعتقاد تھا جس طرح تمہارا تھا کہ خدا
کسی کو نہیں جلائے گا (7) اور یہ کہ ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو اس کو مضبوط چوکیداروں اور انگاروں سے بھرا ہوا
پایا (8) اور یہ کہ پہلے ہم وہاں بہت سے مقامات میں (خبریں) سننے کے لئے بیٹھا کرتے تھے۔ اب کوئی سننا
چاہے تو اپنے لئے انگارا تیار پائے (9) اور یہ کہ ہمیں معلوم نہیں کہ اس سے اہل زمین کے حق میں بُرائی
مقصود ہے یا ان کے پروردگار نے ان کی بھلائی کا ارادہ فرمایا ہے (10) اور یہ کہ ہم میں کوئی نیک ہیں اور
کوئی اور طرح کے۔ ہمارے کئی طرح کے مذہب ہیں (11) اور یہ کہ ہم نے یقین کرلیا ہے کہ ہم زمین میں
(خواہ کہیں ہوں) خدا کو ہرا نہیں سکتے اور نہ بھاگ کر اس کو تھکا سکتے ہیں (12) اور جب ہم نے ہدایت (کی
کتاب) سنی' اس پر ایمان لے آئے تو جو شخص اپنے پروردگار پر ایمان لاتا ہے' اس کو نہ نقصان کا خوف ہے نہ ظلم کا
(13) اور یہ کہ ہم میں بعض فرمانبردار ہیں اور بعض گنہگار ہیں تو جو فرمانبردار ہوئے وہ سیدھے رستے پر چلے (14)

- فائدہ
- بزرگی، عزت، اعلیٰ مرتبت
- 1۔ کچھ، چند 2۔ جھوٹا الزام
- 1۔ کے بارے میں 2۔ آدم کی اولاد 3۔ حفاظت
- 1۔ بغاوت، شرک 2۔ زیادہ ہوگئی 3۔ یقین
- 1۔ دوبارہ زندہ ہونا 2۔ چُھوا 3۔ سُلگتا ہوا کوئلہ وغیرہ
- جگہوں
- 1۔ زمین والے 2۔ کیلئے
- 1۔ مقصد ہونا 4۔ فائدہ
- حکم ماننے والے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْجِنِّ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ⑮ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ⑯ لِّنَفْتِنَهُمْ
فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ⑰ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ⑱
وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ⑲ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ⑳
قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ㉑ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ
مُلْتَحَدًا ㉒ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ㉓
حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ㉔ قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا
تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ㉕ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ㉖ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ
فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ㉗

حوالہ جات	ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
	اور جو گنہگار ہوئے وہ دوزخ کا ایندھن بنے (15) اور (اے پیغمبرؑ) یہ (بھی ان سے کہہ دو) کہ اگر یہ لوگ	جلانے کی چیزیں
	سیدھے رستے پر رہتے تو ہم ان کے پینے کو بہت سا پانی دیتے (16) تاکہ اس سے ان کی آزمائش کریں' اور جو	
	شخص اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے گا وہ اس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا (17) اور یہ کہ	انکار کرے گا
	(عبادت گاہیں اور) مسجدیں خدا کی ہیں تو خدا کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کرو (18) اور جب خدا کے بندے	1۔دیگر مذاہب کے عبادت گھر 2۔اللہ کا حکم ماننا
	(محمدؐ) اس کی عبادت کو کھڑے ہوئے تو کافر ان کے گرد ہجوم کر لینے کو تھے (19) کہہ دو کہ میں تو اپنے	بھیڑ،مجمع
آئندہ حصوں میں دیکھئے	پروردگار ہی کی عبادت کرتا ہوں اور کسی کو شریک نہیں بناتا (20) (یہ بھی) کہہ دو کہ میں تمہارے حق میں نقصان	بارے میں، لئے
	اور نفع کا کچھ اختیار نہیں رکھتا (21) (یہ بھی) کہہ دو کہ خدا (کے عذاب) سے مجھے کوئی پناہ نہیں دے سکتا اور میں	حفاظت
	اس کے سوا کہیں جائے پناہ نہیں رکھتا (22) ہاں خدا کی طرف سے (احکام کا) اور اس کے پیغاموں کا پہنچا دینا	1۔علاوہ 2۔حفاظت کی جگہ
	(ہی) میرے ذمے ہے اور جو شخص خدا اور اس کے پیغمبرؐ کی نافرمانی کرے گا تو ایسوں کے لئے جہنم کی آگ ہے۔	1۔حکم نہ ماننا 2۔ایسے لوگوں
	ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہیں گے (23) یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ (دن) دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا	
	جاتا ہے۔ تب ان کو معلوم ہو جائے گا کہ مددگار کس کے کمزور اور شمار کن کا تھوڑا ہے (24) کہہ دو کہ جس (دن)	گنتی
	کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ میں نہیں جانتا کہ وہ (عن) قریب (آنے والا ہے) یا میرے پروردگار نے اس کی	بہت جلد
	مدت دراز کر دی ہے (25) (وہی) غیب (کی بات) جاننے والا ہے اور کسی پر اپنے غیب کو ظاہر نہیں کرتا (26)	عرصہ یا وقت زیادہ کر دیا
عمران:44،179،مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے	ہاں جس پیغمبرؐ کو پسند فرمائے تو اس (کو غیب کا علم دے کر اس) کے آگے اور پیچھے نگہبان مقرر کر دیتا ہے (27)	محافظ،نگران

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْجِنِّ ، سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ	حوالہ جات

لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿28﴾

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿1﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿2﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿3﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿4﴾
اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿5﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿6﴾ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا
طَوِيْلًا ﴿7﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿8﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ
وَكِيْلًا ﴿9﴾ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿10﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ
قَلِيْلًا ﴿11﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿12﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿13﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ
وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿14﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿15﴾

تاکہ معلوم فرمائے کہ انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے ہیں؟ اور (یوں تو) اس نے ان
کے آس پاس سب چیزوں کو ہر طرف سے قابو کر رکھا ہے اور ایک ایک چیز گن رکھی ہے (28)

قریب قریب، گرداگرد

ترجمہ سورت مزمل

اے (محمدؐ) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو (1) رات کو قیام کرو، مگر تھوڑی رات (2) (قیام) آدھی رات
(کیا کرو) یا اس سے کچھ کم (3) یا کچھ زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو (4) ہم عنقریب تم پر ایک
بھاری فرمان نازل کریں گے (5) کچھ شک نہیں کہ رات کا اٹھنا (نفسانی خواہشوں کو) سخت پامال کرتا
ہے اور اس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے (6) دن کے وقت تو تمہیں اور بہت سی مصروفیات ہوتی ہیں
(7) تو اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ (8)
(وہی) مشرق اور مغرب کا مالک (ہے اور) اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو اسی کو اپنا کارساز بناؤ (9) اور
جو جو (دل آزار) باتیں یہ لوگ کہتے ہیں ان کو سہتے رہو اور ان سے اچھے طریق سے کنارہ کش رہو (10)
اور مجھے ان جھٹلانے والوں سے جو دولت مند ہیں، سمجھ لینے دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو (11) کچھ
شک نہیں کہ ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ ہے (12) اور گلوگیر کھانا ہے اور درد دینے والا
عذاب (بھی) ہے (13) جس دن زمین اور پہاڑ کانپنے لگیں اور پہاڑ (ایسے بھربھرے کہ گویا) ریت کے
ٹیلے ہو جائیں (14) (اے اہل عالم) جس طرح ہم نے فرعون کے پاس (موسیٰؑ کو) پیغمبرؑ (بنا کر) بھیجا
تھا (اسی طرح) تمہارے پاس (محمدؐ) رسولؐ بھیجے ہیں، جو تمہارے مقابلے میں گواہ ہوں گے (15)

حوالہ جات:
بنی اسرائیل:79،
مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

تکویر:27

مشکل الفاظ کے معانی:
1۔رُک رُک کر، غور کر کر کے، سمجھ کر 2۔بہت جلد
1۔وزنی، بڑا 2۔دُنیاوی زندگی کی خواہشات 3۔نقصان دینا، کچلنا
1۔واسطہ توڑ کر 2۔متوجہ کرنا
1۔علاوہ 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 3۔کام بنانے والا
1۔دل کو دکھی کرنا 2۔برداشت کرتے رہو 3۔علیحدہ یا الگ ہونا
مزید وقت
1۔پاؤں کی زنجیر 2۔تیز جلتی ہوئی آگ 3۔گردن پکڑنے والا
1۔بکھرے ہوئے، خستہ 2۔جیسا کہ
چھوٹا ڈھیر

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ	حوالہ جات

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا (16) فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا (17)
اِۨلسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا (18) اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا (19) اِنَّ رَبَّكَ
يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ
عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ
يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ
اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (20)

سو فرعون نے (ہمارے) پیغمبرؑ کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو بڑے وبال میں پکڑ لیا (16) اگر تم بھی (ان
پیغمبرؑ کو) نہ مانو گے تو اس دن سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا (17) (اور) جس سے
آسمان پھٹ جائے گا' یہ اس کا وعدہ (پورا) ہو کر رہے گا (18) یہ (قرآن) تو نصیحت ہے' سو جو چاہے
اپنے پروردگار تک (پہنچنے کا) راستہ اختیار کر لے (19) تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم اور تمہارے
ساتھ کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات قیام کیا
کرتے ہو' اور خدا تو رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے۔ اس نے معلوم کیا کہ تم اس کو نباہ نہ سکو گے تو اس نے
تم پر مہربانی کی۔ پس جتنا آسانی سے ہو سکے (اتنا) قرآن پڑھ لیا کرو۔ اس نے جانا کہ تم میں بعض بیمار بھی
ہوتے ہیں اور بعض خدا کے فضل (یعنی معاش) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہیں' اور بعض خدا کی راہ
میں لڑتے ہیں' تو جتنا آسانی سے ہو سکے اتنا پڑھ لیا کرو اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو' اور خدا کو
نیک (اور خلوص نیت سے) قرض دیتے رہو' اور جو نیک عمل تم اپنے لئے آگے بھیجو گے اس کو خدا کے ہاں
بہتر اور صلے میں بزرگ تر پاؤ گے اور خدا سے بخشش مانگتے رہو۔ بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے (20)

مشکل الفاظ کے معانی:

- وبال: مصیبت، نقصان
- کیونکر / جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا: 1۔کیسے 2۔انتہائی لمبے دورانیے کا ہوگا
- اختیار کر لے: اپنا لے، بنا لے
- تہائی: تیسرا حصہ، $1/3$
- نباہ نہ سکو گے: پورا نہ کر سکو گے
- بعض: کچھ
- معاش: ذریعۂ روزی
- خلوص نیت سے / ہاں: 1۔دل سے، سچی نیت سے 2۔پاس
- صلے / بزرگ تر: 1۔بدلا، معاوضہ 2۔بہت بڑا

حوالہ جات: معارج:4

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ① قُمْ فَاَنْذِرْ ② وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ③ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ④ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ⑤ وَلَا تَمْنُنْ
تَسْتَكْثِرُ ⑥ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ⑦ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ⑧ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ⑨ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ
يَسِيْرٍ ⑩ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ⑪ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ⑫ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ⑬ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ
تَمْهِيْدًا ⑭ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ⑮ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ⑯ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ⑰ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ⑱
فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ⑲ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ⑳ ثُمَّ نَظَرَ ㉑ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ㉒ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ㉓ فَقَالَ اِنْ
هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ㉔ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ㉕ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ㉖ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ㉗ لَا تُبْقِيْ وَلَا
تَذَرُ ㉘ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ㉙ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ㉚

ترجمہ سورت مدثر

اے (محمدؐ) جو کپڑا لپیٹے پڑے ہو (1) اٹھو اور ہدایت کرو (2) اور اپنے پروردگار کی بڑائی کرو (3) اور اپنے
کپڑوں کو پاک رکھو (4) اور ناپاکی سے دُور رہو (5) اور (اس نیت سے) احسان نہ کرو کہ اس سے زیادہ کے
طالب[1] ہو (6) اور اپنے پروردگار کے لئے صبر کرو (7) جب صور[2] پھونکا جائے گا (8) وہ دن مشکل کا دن ہوگا
(9) (یعنی) کافروں پر آسان نہ ہوگا (10) ہمیں اس شخص سے سمجھ لینے دو جس کو ہم نے اکیلا پیدا کیا (11)
اور مال کثیر (بھی) جسے دیا (12) اور بہت زیادہ (وقت پاس) حاضر رہنے والے بیٹے (دیئے) (13) اور
اسے ہر طرح کے سامان میں وسعت[1] دی (14) ابھی خواہش رکھتا ہے کہ اور زیادہ دیں (15) ایسا ہرگز[2] نہیں ہوگا۔
یہ ہماری آیتوں کا دشمن رہا ہے (16) ہم اسے صعود[1] پر چڑھائیں گے (17) اس نے فکر کیا اور تجویز[2] کی (18)
یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی (19) پھر یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی (20) پھر تامل کیا (21) پھر
تیوری چڑھائی[1] اور منہ بگاڑ لیا (22) پھر پشت[2] پھیر کر چلا اور (قبول حق سے) غرور کیا (23) پھر کہنے لگا یہ تو جادو
ہے جو (اگلوں سے)[1] منتقل[2] ہوتا آیا ہے (24) (پھر بولا) یہ (خدا کا کلام نہیں بلکہ) بشر[3] کا کلام ہے (25) ہم
عنقریب اس کو سقر میں داخل کریں گے (26) اور تم کیا سمجھے کہ سقر کیا ہے؟ (27) (وہ آگ ہے کہ) نہ باقی رکھے
گی اور نہ چھوڑے گی (28) (اور) بدن کو جھلس[1] کر سیاہ کر دے گی (29) اس پر انیس داروغہ[2] ہیں (30)

مشکل الفاظ کے معانی

- تعریف بیان کرو
- 1۔خواہشمند 2۔قیامت کا بگل
- خبر لینے دو، نمٹنے دو
- بہت زیادہ
- 1۔دسترس، پہنچ، کشادگی 2۔بالکل بھی، کسی بھی صورت
- 1۔بلندی 2۔رائے، سوچ
- تذبذب، شش و پنج
- 1۔ماتھے پر بل ڈالنا 2۔کمر
- 1۔پہلے لوگوں سے 2۔ٹرانسفر 3۔انسان
- 1۔جلنا، جلانا 2۔محافظ

حوالہ جات

آئندہ حصوں میں دیکھیے

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ

وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿31﴾ كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿32﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿33﴾ وَالصُّبْحِ
اِذَآ اَسْفَرَ ﴿34﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿35﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿36﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿37﴾ كُلُّ نَفْسٍ
بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿38﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿39﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿40﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿41﴾ مَا
سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿42﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿43﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿44﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ
الْخَآئِضِيْنَ ﴿45﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿46﴾ حَتّٰىٓ اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿47﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿48﴾ فَمَا
لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿49﴾

اور ہم نے دوزخ کے داروغہ[1] فرشتے بنائے ہیں اور ان کا شمار[2] کافروں کی آزمائش کے لئے مقرر کیا ہے (اور) اس
لئے کہ اہل کتاب یقین کریں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو اور اہل کتاب اور مومن شک نہ لائیں اور اس لئے کہ
جن لوگوں کے دلوں میں (کسی طرح کا) مرض ہے اور کافر (ہیں) کہیں کہ اس مثال (کے بیان کرنے) سے خدا کا
مقصود کیا ہے؟ اسی طرح خدا جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے' اور تمہارے
پروردگار کے لشکروں[1] کو اس کے سوا[2] کوئی نہیں جانتا اور یہ تو بنی آدمؑ[3] کے لئے نصیحت ہے (31) ہاں (ہاں ہمیں
چاند کی قسم (32) اور رات کی جب پیٹھ پھیرنے لگے (33) اور صبح کی جب روشن ہو (34) کہ وہ (قیامت) ایک
بہت بڑی (آفت) ہے (35) (اور) بنی آدمؑ کے لئے موجب خوف (36) جو تم میں سے آگے بڑھنا چاہے یا
پیچھے رہنا چاہے (37) ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے (38) مگر داہنی طرف والے (نیک لوگ)
(39) (کہ) وہ باغہائے بہشت میں (ہوں گے اور) پوچھتے ہوں گے (40) (آگ میں جلنے والے)
گنہگاروں سے (41) کہ تم دوزخ میں کیوں پڑے؟ (42) وہ جواب دیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے (43)
اور نہ فقیروں کو کھانا کھلاتے تھے (44) اور اہل باطل[1] کے ساتھ مل کر (حق[2] سے) انکار کرتے تھے (45) اور
روز جزا کو جھٹلاتے تھے (46) یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی (47) تو (اس حال میں) سفارش کرنے والوں کی
سُفارش ان کے حق میں[1] کچھ فائدہ نہ دے گی (48) ان کو کیا ہوا ہے کہ نصیحت سے روگرداں[2] ہو رہے ہیں (49)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔محافظ،نگران 2۔گنتی
- مقصد سے
- 1۔افواج 2۔علاوہ 3۔آدم کی اولاد
- واپس جانے لگے
- سبب،باعث
- رہن،بدلے میں پابند
- بہت سے باغ
- 1۔جھوٹ 2۔سچائی
- صلہ،بدلا
- 1۔کے لئے 2۔منہ پھیرنا،منکر ہونا

حوالہ جات

- یونس:57، حزاب:32
- نازعات:34

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ ، سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ	مشکل الفاظ کے معانی

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝50 فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝51 بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝52
كَلَّا ۭ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝53 كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝54 فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝55 وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ
هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝56

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝1 وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝2 اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝3 بَلٰى
قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝4 بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝5 يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝6 فَاِذَا بَرِقَ
الْبَصَرُ ۝7 وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝8 وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝9 يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝10 كَلَّا
لَا وَزَرَ ۝11 اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ اِۨلْمُسْتَقَرُّ ۝12 يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝13 بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝14

گویا گدھے ہیں کہ بدک جاتے ہیں (50) (یعنی) تیرانداز سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں (51) اصل یہ ہے
کہ ان میں سے ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کے پاس کھلی ہوئی کتاب آئے (52) ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ حقیقت یہ
ہے کہ ان کو آخرت کا خوف ہی نہیں (53) کچھ شک نہیں کہ یہ نصیحت ہے (54) تو جو چاہے۔ اسے یاد رکھے
(55) اور یاد بھی تب ہی رکھیں گے جب خدا چاہے وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کا مالک ہے (56)

- حوالہ: انعام:124
- 1۔ کسی جانور کا خوفزدہ ہونا 2۔ تیر چلانے والا
- کسی بھی صورت
- قابل، مستحق

ترجمہ سورت قیامہ

ہم کو روز قیامت کی قسم (1) اور نفس لوامہ کی (کہ سب لوگ اٹھا کر کھڑے کئے جائیں گے) (2) کیا انسان یہ
خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی (بکھری ہوئی) ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے؟ (3) ضرور کریں گے (اور) ہم اس
بات پر قادر ہیں کہ اس کی پور پور درست کر دیں (4) مگر انسان چاہتا ہے کہ آگے کو خودسری کرتا جائے (5)
پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگا؟ (6) جب آنکھیں چندھیا جائیں (7) اور چاند بےنور ہو جائے (8) اور
سورج اور چاند جمع کر دیئے جائیں (9) اس دن انسان کہے گا کہ (اب) کہاں بھاگ جاؤں؟ (10) بیشک
کہیں پناہ نہیں (11) اس روز تیرے پروردگار ہی کے پاس ٹھکانا ہے (12) اس دن انسان کو جو (عمل) اس
نے آگے بھیجے اور جو پیچھے چھوڑے ہوں گے سب بتا دیئے جائیں گے (13) بلکہ انسان آپ اپنا گواہ ہے (14)

- ملامت کرنے والا نفس
- 1۔ طاقت یا صلاحیت رکھنا 2۔ ٹکڑا ٹکڑا 3۔ ضِد
- 1۔ روشنی کا سامنا نہ کر سکیں 2۔ اس کی روشنی ختم ہو جائے
- 1۔ حفاظت 2۔ جگہ، مقام

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ	حوالہ جات
	وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ (15) لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (16) اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ (17) فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ	
	قُرْاٰنَهٗ (18) ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ (19) كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ (20) وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ (21) وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ (22)	
	اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (23) وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ (24) تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ (25) كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ (26)	
	وَقِيْلَ مَنْ ٜ رَاقٍ (27) وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ (28) وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29) اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِالْمَسَاقُ (30) فَلَا	
	صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى (31) وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى (32) ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى (33) اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى (34) ثُمَّ	
	اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى (35) اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى (36) اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى (37) ثُمَّ كَانَ	
	عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى (38) فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى (39) اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ	
	الْمَوْتٰى (40)	
1۔بہانے بازی 2۔حرکت دینا	اگرچہ عذر و معذرت[1] کرتا رہے (15) اور (اے محمدﷺ) وحی کے پڑھنے کے لئے اپنی زبان نہ ہلایا[2] کرو کہ اس کو جلد	
اکٹھا کرنا	یاد کرلو (16) اس کا جمع کرنا اور پڑھوانا ہمارے ذمہ ہے (17) جب ہم وحی پڑھا کریں تو تم (اس کو سنا کرو اور)	اعلیٰ:6
	پھر اسی طرح پڑھا کرو (18) پھر اس کا بیان بھی ہمارے ذمہ ہے (19) مگر (لوگو) تم دنیا کو دوست رکھتے ہو	نمل: 82
1۔چھوڑ دینا 2۔چمکدار، پرکشش	(20) اور آخرت کو ترک[1] کئے دیتے ہو (21) اس روز بہت سے منہ رونق دار[2] ہوں گے (22) (اور) اپنے	
1۔درشن یا نظارے میں گم 2۔پریشان	پروردگار کے محو دیدار[1] ہوں گے (23) اور بہت سے منہ اس دن اُداس[2] ہوں گے (24) خیال کریں گے کہ ان پر	
بلا	مصیبت نازل ہونے کو ہے (25) دیکھو جب جان گلے تک پہنچ جائے (26) اور لوگ کہنے لگیں (کہ اس کی اب موت	واقعہ: 87،86
1۔شعبدہ بازی، دھوکہ، چالاکی 2۔مرنے کے قریب	ہے تو پھر) کون جھاڑ پھونک[1] کرنے والا ہے (27) اور اس (جان بلب[2]) نے سمجھا کہ اب سے جُدائی ہے (28)	
انجام کی فکر نہ کرنے والا	اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے (29) اس دن تجھ کو اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہے (30) تو اس (ناعاقبت اندیش)	
1۔سچا ماننا 2۔انکار کردیا	نے نہ تو (کلام خدا کی) تصدیق[1] کی نہ نماز پڑھی (31) بلکہ جھٹلایا اور منہ پھیرلیا[2] (32) پھر اپنے گھر والوں کے	
غرور کرتا	پاس اکڑتا ہوا[1] چل دیا (33) افسوس ہے تجھ پر، پھر افسوس ہے (34) پھر افسوس ہے تجھ پر، پھر افسوس ہے (35) کیا	
بچہ دانی	انسان خیال کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا (36) کیا وہ منی کا جو رحم میں ڈالی جاتی ہے ایک قطرہ نہ تھا؟ (37)	
1۔گوشت کا ٹکڑا 2۔عضو کی جمع	پھر لوتھڑا[1] ہوا پھر (خدا نے) اس کو بنایا۔ پھر (اس کے اعضاء[2] کو) درست کیا (38) پھر اس کی دو قسمیں بنائی (ایک	
1۔طاقت، صلاحیت 2۔دوبارہ زندگی ہونا	مرد اور (ایک) عورت (39) کیا اس خالق کو اس بات پر قدرت[1] نہیں کہ مُردوں کو جلا[2] اٹھائے؟ (40)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدَّهْرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الدَّهْرِ

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ① اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ
نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ② اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ③ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ
سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ④ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ⑤ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ
اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ⑥ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ⑦ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ
مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ⑧ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ⑨ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا
يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ⑩ فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ⑪ وَجَزٰهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً
وَّحَرِيْرًا ⑫ مُّتَّكِئِيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ⑬ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا
وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ⑭

ترجمہ سورت دھر

بیشک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آ چکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابل ذکر نہ تھی (1) ہم نے انسان کو نطفہ
مخلوط سے پیدا کیا تاکہ اسے آزمائیں تو ہم نے اس کو سنتا دیکھتا بنایا (2) (اور) اسے رستہ بھی دکھا دیا۔ (اب)
خواہ وہ شکر گزار ہو خواہ ناشکرا (3) ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے
(4) جو نیکوکار ہیں وہ ایسی شراب نوش جان کریں گے جس میں کافور کی آمیزش ہو گی (5) یہ ایک چشمہ ہے
جس میں سے خدا کے بندے پئیں گے اور اس میں سے (چھوٹی چھوٹی) نہریں نکال لیں گے (6) یہ لوگ
نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی سختی پھیل رہی ہو گی' خوف رکھتے ہیں (7) اور باوجود یہ کہ ان کو
خود طعام کی خواہش (اور حاجت) ہے۔ فقیروں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھلاتے ہیں (8) (اور کہتے ہیں کہ)
ہم تم کو خالص خدا کے لئے کھلاتے ہیں۔ نہ تم سے عوض کے خواستگار ہیں نہ شکر گزاری کے (طلبگار) (9) ہم کو
اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر لگتا ہے جو (چہروں کو) کریہ المنظر اور (دلوں کو) سخت (مضطر کر دینے والا)
ہے (10) تو خدا ان کو اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور تازگی اور خوش دلی عنایت فرمائے گا (11) اور ان کے
صبر کے بدلے ان کو بہشت (کے باغات) اور ریشم (کے ملبوسات) عطا کرے گا (12) ان میں وہ تختوں پر
تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے وہاں نہ دھوپ (کی حدت) دیکھیں گے نہ سردی کی شدت (13) ان سے
(ثمردار شاخیں اور) ان کے سائے قریب ہوں گے اور میوؤں کے گچھے جھکے ہوئے لٹک رہے ہوں گے (14)

مشکل الفاظ کے معانی:

- نطفہ: منی
- مخلوط: مِلا جُلا، گڈمڈ
- 1۔ چاہے 2۔ گلوبند، وزن 3۔ تیز جلتی ہوئی
- 1۔ پینا 2۔ ایک تیز خوشبو 3۔ ملاوٹ
- نذریں: منت وغیرہ
- 1۔ کھانا 2۔ ضرورت
- 1۔ بدلے 2۔ خواہشمند 3۔ چاہنا
- 1۔ بدصورت، بدشکل 2۔ بے بس، بے چین، پریشان
- 1۔ اطمینان، سکون 2۔ دے گا
- 1۔ پہننے کے کپڑے 2۔ دے گا
- 1۔ سختی، شدت 2۔ بہت زیادہ ہونا
- ثمردار: پھلوں والی

حوالہ جات:

آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدَّهْرِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الدَّهْرِ

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَاۡ ⑮ قَوَارِيْرَاۡ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ⑯ وَيُسْقَوْنَ
فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ⑰ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ⑱ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ
اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ⑲ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ⑳ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ
خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ㉑ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ
سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ㉒ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ㉓ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ
كَفُوْرًا ㉔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ㉕ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ㉖ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ
يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ㉗ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ
تَبْدِيْلًا ㉘ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ㉙ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَلِيْمًا حَكِيْمًا ㉚

(خدام) چاندی کے باسن لئے ہوئے ان کے اردگرد پھریں گے اور شیشے کے (نہایت شفاف) گلاس (15)
اور شیشے بھی چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں (16) اور وہاں ان کو ایسی شراب (بھی)
پلائی جائے گی، جس میں سُونٹھ کی آمیزش ہوگی (17) یہ بہشت میں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے
(18) اور ان کے پاس لڑکے آتے جاتے ہوں گے، جو ہمیشہ رہیں گے جب تم ان پر نگاہ ڈالو تو خیال کرو کہ
بکھرے ہوئے موتی ہیں (19) اور بہشت میں (جہاں) آنکھ اٹھاؤ گے، کثرت سے نعمت اور عظیم (الشان) سلطنت
دیکھو گے (20) ان (کے بدنوں) پر دیبا کے سبز اور اطلس کے کپڑے ہوں گے، اور انہیں چاندی کے کنگن
پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار ان کو نہایت پاکیزہ شراب پلائے گا (21) یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری
کوشش (خدا کے ہاں) مقبول ہوئی (22) (اے محمدؐ) ہم نے تم پر قرآن آہستہ آہستہ نازل کیا ہے (23) تو
اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق صبر کئے رہو اور ان لوگوں میں سے کسی بدعمل اور ناشکرے کا کہا نہ مانو (24)
اور صبح وشام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو (25) اور رات کو بڑی رات تک سجدے کرو اور اس کی پاکی بیان
کرتے رہو (26) یہ لوگ دنیا کو دوست رکھتے ہیں اور (قیامت کے) بھاری دن کو پس پشت چھوڑ دیتے ہیں
(27) ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے مفاصل کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے انہی کی طرح
اور لوگ لے آئیں (28) یہ تو نصیحت ہے۔ سو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا راستہ اختیار کرے
(29) اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو خدا کو منظور ہو۔ بیشک خدا جاننے والا حکمت والا ہے (30)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔خدمتگار،نوکر 2۔برتن 3۔صاف
- 1۔ادرک 2۔ملاوٹ
- 1۔بہت زیادہ 2۔بلندعزت والی 3۔بادشاہی،حکومت
- 1۔ریشمی کپڑا 2۔ریشمی کپڑا 3۔کلائی کازیور
- 1۔بہت زیادہ 2۔بدلا
- قبول کی گئی
- بدکردار
- خاطرمیں نہیں لاتے
- اعضاء

حوالہ جات

- طور:24،واقعہ:17،18
- نجم:24

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الدَّهْرِ ، سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ	حوالہ جات

يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿31﴾

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿1﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿2﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿3﴾ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿4﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿5﴾
عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿6﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿7﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿8﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿9﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ
نُسِفَتْ ﴿10﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿11﴾ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿12﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿13﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿14﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿15﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿16﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿17﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿18﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿19﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿20﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿21﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿22﴾
فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿23﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿24﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿25﴾

جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ظالموں کے لئے اس نے دُکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے (31)

ترجمہ سورت مرسلات

ہواؤں کی قسم جو نرم نرم چلتی ہیں (1) پھر زور پکڑ کر جھکڑ ہو جاتی ہیں (2) اور (بادلوں کو) پھاڑ کر پھیلا
دیتی ہیں (3) پھر ان کو پھاڑ کر جُدا جُدا کر دیتی ہیں (4) پھر فرشتوں کی قسم جو وحی لاتے ہیں (5) تاکہ
عذر (رفع) کر دیا جائے یا ڈر سنا دیا جائے (6) کہ جس بات کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ہو کر رہے گی
(7) جب تاروں کی چمک جاتی رہے (8) اور جب آسمان پھٹ جائے (9) اور جب پہاڑ اُڑے اُڑے
پھریں (10) اور جب پیغمبر فراہم کئے جائیں (11) بھلا (ان امور میں) تاخیر کس دن کے لئے کی
گئی؟ (12) فیصلے کے دن کے لئے (13) اور تمہیں کیا خبر کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟ (14) اس دن جھٹلانے
والوں کی خرابی ہے (15) کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا؟ (16) پھر ان پچھلوں کو بھی ان کے
پیچھے بھیج دیتے ہیں (17) ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں (18) اس دن جھٹلانے والوں کی
خرابی ہے (19) کیا ہم نے تم کو حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا؟ (20) (پہلے) اس کو ایک محفوظ جگہ میں رکھا
(21) ایک معین وقت تک (22) پھر اندازہ مقرر کیا اور ہم کیا ہی خوب اندازہ مقرر کرنے والے ہیں
(23) اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (24) کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ (25)

مشکل الفاظ کے معانی:

- دُکھ: تکلیف
- جھکڑ: تیز ہوا، آندھی
- عذر (رفع) کر دیا جائے: بہانہ دُور کر دیا جائے
- 1۔ فراہم کئے جائیں: سامنے لائے جائیں 2۔ امور: کاموں 3۔ تاخیر: دیر
- خرابی: نقصان، تباہی
- 1۔ حقیر: بے قدر، گھٹیا 2۔ محفوظ: بحفاظت ہونا
- معین وقت: طے کی گئی مدت یا خاص عرصہ
- سمیٹنے والی: اپنے اندر لے لینے والی

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ	حوالہ جات

اَحۡيَآءً وَّاَمۡوَاتًا ﴿26﴾ وَّجَعَلۡنَا فِيۡهَا رَوَاسِىَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسۡقَيۡنٰكُمۡ مَّآءً فُرَاتًا ﴿27﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿28﴾
اِنۡطَلِقُوۡۤا اِلٰى مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ﴿29﴾ اِنۡطَلِقُوۡۤا اِلٰى ظِلٍّ ذِىۡ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿30﴾ لَّا ظَلِيۡلٍ وَّلَا يُغۡنِىۡ مِنَ
اللَّهَبِ ﴿31﴾ اِنَّهَا تَرۡمِىۡ بِشَرَرٍ كَالۡقَصۡرِ ﴿32﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفۡرٌ ﴿33﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿34﴾ هٰذَا يَوۡمُ لَا
يَنۡطِقُوۡنَ ﴿35﴾ وَلَا يُؤۡذَنُ لَهُمۡ فَيَعۡتَذِرُوۡنَ ﴿36﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿37﴾ هٰذَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ ۚ جَمَعۡنٰكُمۡ
وَالۡاَوَّلِيۡنَ ﴿38﴾ فَاِنۡ كَانَ لَكُمۡ كَيۡدٌ فَكِيۡدُوۡنِ ﴿39﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿40﴾ اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ ظِلٰلٍ وَّعُيُوۡنٍ ﴿41﴾
وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشۡتَهُوۡنَ ﴿42﴾ كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِيۡٓـئًا ۢ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿43﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿44﴾
وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿45﴾ كُلُوۡا وَتَمَتَّعُوۡا قَلِيۡلًا اِنَّكُمۡ مُّجۡرِمُوۡنَ ﴿46﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿47﴾ وَاِذَا قِيۡلَ
لَهُمُ ارۡكَعُوۡا لَا يَرۡكَعُوۡنَ ﴿48﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿49﴾ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۢ بَعۡدَهٗ يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿50﴾

(یعنی) زندوں اور مُردوں کو بنایا (26) اور اس پر اونچے اونچے پہاڑ رکھ دیئے اور تم لوگوں کو میٹھا پانی پلایا (27)
اس دن جھٹلانے والوں[1] کی خرابی[2] ہے (28) جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے (اب) اس کی طرف چلو (29)
(یعنی) اس سائے کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں (30) نہ ٹھنڈی چھاؤں اور نہ لپٹ سے بچاؤ (31)
اس سے (آگ کی اتنی اتنی بڑی) چنگاریاں اُڑتی ہیں جیسے محل (32) گویا زرد رنگ کے اونٹ ہیں (33) اس
دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (34) یہ وہ دن ہے کہ (لوگ) لب تک نہ ہلا سکیں گے (35) اور نہ ان کو
اجازت دی جائے گی کہ عذر کر سکیں (36) اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (37) یہی فیصلے کا دن
ہے (جس میں) ہم نے تم کو اور پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے (38) اگر تم کو کوئی داؤ آتا ہو تو مجھ سے کر لو (39)
اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی[1] ہے (40) بیشک پرہیزگار سایوں اور چشموں میں ہوں گے (41) اور میووں[2]
میں جو ان کو مرغوب ہوں (42) جو عمل تم کرتے رہے تھے ان کے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو (43) ہم
نیکو کاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں (44) اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (45) (اے جھٹلانے والو!) تم
کسی قدر کھا لو اور فائدے اٹھا لو تم بیشک گنہگار ہو (46) اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (47) اور جب
ان سے کہا جاتا ہے کہ (خدا کے آگے) جھکو تو جھکتے نہیں (48) اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے (49) اب
اس کے بعد یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے! (50)

1۔انکار کرنے والوں 2۔نقصان، تباہی

شُعلہ، لُو

پیلا

ہونٹ

بہانہ، معذرت

داؤ، چالاکی

1۔نقصان، بربادی، تباہی
2۔پھل فروٹ وغیرہ

دل پسند، اچھا لگنا

کسی حد تک

تکویر:12، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّبَا	حوالہ جات

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ (1) عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ (2) الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ (3) كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ (4) ثُمَّ كَلَّا
سَيَعْلَمُوْنَ (5) اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا (6) وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا (7) وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا (8) وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ
سُبَاتًا (9) وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا (10) وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا (11) وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا (12) وَّجَعَلْنَا
سِرَاجًا وَّهَّاجًا (13) وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا (14) لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا (15) وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا (16) اِنَّ
يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا (17) يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا (18) وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا (19)
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا (20) اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا (21) لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا (22) لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا (23)
لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا (24) اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا (25) جَزَآءً وِّفَاقًا (26) اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ
حِسَابًا (27)

ترجمہ سورت نبا

(یہ) لوگ کس چیز کی نسبت[1] پوچھتے ہیں؟ (1) (کیا) بڑی خبر کی نسبت؟ (2) جس میں یہ اختلاف[2] کر رہے ہیں
(3) دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے (4) پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے (5) کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں
بنایا؟ (6) اور پہاڑوں کو (اس کی) میخیں (نہیں ٹھہرایا؟) (7) (بیشک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑا بھی پیدا کیا (8)
اور نیند کو تمہارے لئے (موجب[1]) آرام بنایا (9) اور رات کو پردہ مقرر کیا[2] (10) اور دن کو معاش[3] (کا وقت)
قرار دیا (11) اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے (12) اور (آفتاب کا) روشن چراغ بنایا (13)
اور نچڑتے[1] بادلوں سے موسلا دھار مینہ[2] برسایا (14) تاکہ اس سے اناج[3] اور سبزہ پیدا کریں (15) اور گھنے گھنے
باغ (16) بیشک فیصلے کا دن مقرر ہے (17) جس دن صور[1] پھونکا جائے گا تو تم لوگ غٹ کے غٹ[2] آموجود ہو گے
(18) اور آسمان کھولا جائے گا (اس میں) دروازے ہو جائیں گے (19) اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت
ہو کر رہ جائیں گے (20) بیشک دوزخ گھات میں ہے[1] (21) (یعنی) سرکشوں[2] کا وہی ٹھکانا[3] ہے (22) اس میں
وہ مدتوں پڑے رہیں گے (23) وہاں نہ ٹھنڈک کا مزا چکھیں گے نہ (کچھ) پینا (نصیب ہو گا) (24) مگر گرم پانی
اور بہتی پیپ (25) (یہ) بدلا ہے پورا پورا (26) یہ لوگ حساب (آخرت) کی اُمید ہی نہیں رکھتے تھے (27)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ کے بارے میں 2۔ اتفاق نہ کرنا
- بہت جلد
- کیلیں
- 1۔ باعث، وجہ 2۔ طے کیا، ٹھہرایا 3۔ روزگار
- ٹھہرایا
- 1۔ ٹپکتے 2۔ تیز بارش 3۔ غلّہ، جنس
- 1۔ قیامت کا بگل 2۔ گروہ کے گروہ
- 1۔ مورچہ زن ہے، تاک میں ہے 2۔ باغی لوگ 3۔ جگہ، مقام
- بہت ہی عرصہ
- پَس، پھوڑوں یا زخموں پر بننے والا مواد

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النَّبَا ، سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ	حوالہ جات
	وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿28﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿29﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿30﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ	
	مَفَازًا ﴿31﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿32﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿33﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿34﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا	
	كِذّٰبًا ﴿35﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿36﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ	
	خِطَابًا ﴿37﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿38﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ	
	الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿39﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ	
	الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿40﴾	
	وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿1﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿2﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿3﴾ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿4﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿5﴾	
	يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿6﴾ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿7﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿8﴾	
1۔انکارکرتے 2۔محفوظ	اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے (28) اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط کر رکھا ہے (29) سو	
زیادہ کرتے	(اب) مزا چکھو۔ ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے (30) بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے (31)	
1۔جنتیوں کی عمر جیسی 2۔ناجائز، نامناسب	(یعنی) باغ اور انگور (32) اور ہم عمر نوجوان عورتیں (33) اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس (34) وہاں نہ بیہودہ	
1۔بکواس 2۔بدلا 3۔بہت زیادہ	بات سنیں گے نہ جھوٹ (خرافات) (35) یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام کثیر (36) وہ جو	
طاقت، ہمت	آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے' بڑا مہربان کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہوگا	
مراد جبرائیلؑ	(37) جس دن روح (الامین) اور (اور) فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے' تو کوئی بول نہ سکے گا' مگر جس کو	
1۔ٹھیک 2۔سچ، حقیقت	(خدائے) رحمٰن اجازت بخشے اور اس نے بات بھی درست کہی ہو (38) یہ دن برحق ہے پس جو شخص چاہے اپنے	
1۔جگہ، مقام 2۔بتادیا	پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنالے (39) ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا' جس دن ہر	
افسوس کا کلمہ، اگر ایسا ہوسکتا	شخص ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ اے کاش! میں مٹی ہوتا (40)	
	ترجمہ سورت نازعات	
	ان کی قسم جو ڈوب کر کھینچ لیتے ہیں (1) اور ان کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں (2) اور ان کی	
	جو تیرتے پھرتے ہیں (3) پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں (4) پھر (دنیا کے) کاموں کا انتظام	قدر:4
زلزلہ	کرتے ہیں (5) (کہ وہ دن آ کر رہے گا) جس دن زمین کو بھونچال آئے گا (6) پھر اس کے	
خوفزدہ	پیچھے اور (بھونچال) آئے گا (7) اس دن (لوگوں) کے دل خائف ہو رہے ہوں گے (8)	

حوالہ جات	سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ	مشکل الفاظ کے معانی

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ (9) يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ (10) ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً (11) قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ
خَاسِرَةٌ ۘ (12) فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ (13) فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ (14) هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ (15) اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ
بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى (16) اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى (17) فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰى اَنْ تَزَكّٰى (18) وَاَهْدِيَكَ
اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى (19) فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى (20) فَكَذَّبَ وَعَصٰى (21) ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى (22) فَحَشَرَ
فَنَادٰى (23) فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى (24) فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى (25) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ
يَّخْشٰى (26) ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا (27) رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا (28) وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ
ضُحٰىهَا (29) وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا (30) اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا (31) وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا (32) مَتَاعًا
لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ (33) فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى (34) يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى (35) وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ
لِمَنْ يَّرٰى (36) فَاَمَّا مَنْ طَغٰى (37) وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (38)

اور آنکھیں جھکی ہوئی (9) (کافر) کہتے ہیں کیا ہم الٹے پاؤں پھر لوٹیں گے؟ (10) بھلا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں
ہو جائیں گے (تو پھر زندہ کئے جائیں گے) (11) کہتے ہیں کہ یہ لوٹنا تو (موجب) زیاں ہے (12) وہ تو — نقصان کا باعث یا وجہ ہے
صرف ایک ڈانٹ ہوگی (13) اس وقت وہ (سب) میدان (حشر) میں آجمع ہوں گے (14) بھلا تم کو موسیٰ — قیامت — ص:15
کی خبر پہنچی ہے (15) جب ان کے پروردگار نے ان کو پاک میدان (یعنی) طویٰ میں پکارا (16) (اور حکم — جگہ کا نام
دیا) کہ فرعون کے پاس جاؤ۔ وہ سرکش ہو رہا ہے (17) اور (اس سے) کہو کیا تو چاہتا ہے کہ پاک ہو جائے — باغی، مشرک
(18) اور میں تجھے تیرے پروردگار کا رستہ بتاؤں تاکہ تجھ کو خوف (پیدا) ہو (19) غرض انہوں نے اس کو
بڑی نشانی دکھائی (20) اس نے جھٹلایا اور نہ مانا (21) پھر لوٹ گیا اور تدبیریں کرنے لگا (22) اور — سوچ، تجویز، چال
(لوگوں کو) اکٹھا کیا اور پکارا (23) کہنے لگا کہ تمہارا سب سے بڑا مالک میں ہوں (24) تو خدا نے اس کو دنیا
اور آخرت (دونوں) کے عذاب میں پکڑ لیا (25) جو شخص (خدا سے) ڈر رکھتا ہے اس کے لئے اس میں
عبرت ہے (26) بھلا تمہارا بنانا مشکل ہے یا آسمان کا؟ اسی نے اس کو بنایا (27) اس کی چھت کو اونچا کیا پھر — نصیحت، سبق
اسے برابر کر دیا (28) اور اسی نے رات کو تاریک بنایا اور (دن کو) دھوپ نکالی (29) اور اس کے بعد زمین — اندھیری
کو پھیلا دیا (30) اسی نے اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارا[1] اگایا (31) اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ[2] رکھ دیا — 1۔سبزہ 2۔وزن
(32) یہ سب کچھ تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے فائدے کے لئے (کیا) (33) تو جب بڑی
آفت آئے گی (34) اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا (35) اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے — مصیبت
نکال کر رکھ دی جائے گی (36) تو جس نے سرکشی کی[1] (37) اور دنیا کی زندگی کو مقدم[2] سمجھا (38) — 1۔گمراہ ہوا، مشرک ٹھہرا 2۔افضل، برتر

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ ، سُوْرَةُ عَبَسَ	حوالہ جات

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿39﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ
الْمَاْوٰى ﴿41﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿42﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿43﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿44﴾ اِنَّمَآ
اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿45﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿46﴾

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿1﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿2﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿3﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿4﴾ اَمَّا مَنِ
اسْتَغْنٰى ﴿5﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿6﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿7﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿8﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿9﴾
فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿10﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿11﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿12﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿13﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿14﴾
بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿15﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿16﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿17﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿18﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ۭ خَلَقَهٗ
فَقَدَّرَهٗ ﴿19﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿20﴾

اس کا ٹھکانا دوزخ ہے (39) اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں
سے روکتا رہا (40) اس کا ٹھکانا بہشت ہے (41) (اے پیغمبرؐ لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں
پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا؟ (42) سو تم اس کے ذکر سے کس فکر میں ہو؟ (43) اس کا منتہا تمہارے
پروردگار ہی کو (معلوم ہے) (44) جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے تم تو اس کو ڈر سنانے والے ہو (45) جب وہ
اس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کریں گے) کہ گویا (دنیا میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے (46)

1۔مقام،جگہ 2۔دل کو،اپنے کو

1۔واقع ہونے کا وقت 2۔حد،انجام

جیسے کہ،تسلیم شدہ

ترجمہ سورت عبس

(محمدؐ) تُرش رُو ہوئے اور منہ پھیر بیٹھے (1) کہ ان کے پاس ایک نابینا آیا (2) اور تم کو کیا خبر شاید وہ
پاکیزگی حاصل کرتا (3) یا سوچتا تو سمجھانا اسے فائدہ دیتا (4) جو پروا نہیں کرتا (5) اس کی طرف تو تم
توجہ کرتے ہو (6) حالانکہ اگر وہ نہ سنورے تو تم پر کچھ (الزام) نہیں (7) اور جو تمہارے پاس دوڑتا
ہوا آیا (8) اور (خدا سے) ڈرتا ہے (9) اس سے تم بے رُخی کرتے ہو (10) دیکھو یہ (قرآن) نصیحت
ہے (11) پس جو چاہے اسے یاد رکھے (12) قابل ادب ورقوں میں (لکھا ہوا) (13) جو بلند مقام
پر رکھے ہوئے (اور) پاک ہیں (14) (ایسے) لکھنے والے کے ہاتھوں میں (15) جو سردار (اور) نیکوکار
ہیں (16) انسان ہلاک ہو جائے کیسا ناشکرا ہے (17) اسے (خدا نے) کس چیز سے بنایا؟ (18) نطفے
سے بنایا پھر اس کا اندازہ مقرر کیا (19) پھر اس کے لئے راستہ آسان کر دیا (20)

1۔ناخوش،چڑچڑے 2۔اندھا

1۔غور کرنا 2۔حالت درست کرنا

بے لحاظی،بے توجہی

1۔ادب کرنے کے لائق
2۔صفحات 3۔اونچی جگہ

منی

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ عَبَسَ ، سُوْرَةُ التَّكْوِيْر	حوالہ جات

ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿21﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿22﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿23﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿24﴾ اَنَّا صَبَبْنَا
الْمَآءَ صَبًّا ﴿25﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿26﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿27﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿28﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿29﴾ وَّحَدَآئِقَ
غُلْبًا ﴿30﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿31﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿32﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿33﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿34﴾ وَاُمِّهٖ
وَاَبِيْهِ ﴿35﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿36﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿37﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿38﴾ ضَاحِكَةٌ
مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿39﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿40﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿41﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿42﴾

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿1﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿2﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿3﴾ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿4﴾
وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ﴿5﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ﴿6﴾ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿7﴾

پھر اس کو موت دی' پھر قبر میں دفن کرایا (21) پھر جب چاہے گا اسے کھڑا کرے گا (22) کچھ شک نہیں کہ خدا
نے اسے جو حکم دیا' اس نے اس پر عمل نہ کیا (23) تو انسان کو چاہیئے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرے (24)
بیشک ہم ہی نے پانی برسایا (25) پھر ہم ہی نے زمین کو چیرا پھاڑا (26) پھر ہم ہی نے اس میں اناج اگایا
(27) اور انگور اور ترکاری[1] (28) اور زیتون اور کھجوریں (29) اور گھنے گھنے باغ (30) اور میوے[2] اور چارا
(31) (یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے لئے بنایا (32) تو جب (قیامت کا) غُل مچے گا
(33) اس دن بھائی اپنے بھائی سے دُور بھاگے گا (34) اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (35) اور اپنی بیوی
اور اپنے بیٹوں سے (36) ہر شخص اس روز ایک فکر میں ہوگا جو اسے (مصروفیت کے لئے) بس کرے گا (37)
اور کتنے منہ اس روز چمک رہے ہوں گے (38) خنداں وشاداں[1] (یہ مومنانِ[2] نیکوکار ہیں) (39) اور کتنے
منہ ہوں گے جن پر گرد پڑ رہی ہوگی (40) (اور) سیاہی چڑھ رہی ہوگی (41) یہ کفار بدکردار ہیں (42)

ترجمہ سورت تکویر

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا (1) اور جب تارے بےنور ہو جائیں گے (2) اور جب پہاڑ چلائے
جائیں گے (3) اور جب بیانے والی[1] اونٹنیاں بےکار[2] ہو جائیں گی (4) اور جب وحشی[3] جانور اکٹھے ہو جائیں
گے (5) اور جب دریا آگ ہو جائیں گے (6) اور جب رُوحیں (بدنوں) سے ملا دی جائیں گی (7)

مشکل الفاظ کے معانی

- نظر کرے: دیکھے، غور کرے
- چیرا پھاڑا: جوتا، کھیتی باڑی کی
- ترکاری، میوے: 1۔ پکی ہوئی خوراک 2۔ پھل، فروٹ وغیرہ
- غُل: شور
- بس کرے گا: کافی ہوگا
- خنداں وشاداں، مومنانِ: 1۔ مسکراتے اور خوش 2۔ مومن کی جمع
- گرد: دھول
- بےنور: روشن نہ رہنا
- بیانے والی، بےکار، وحشی: 1۔ حاملہ 2۔ کسی کام کا نہ ہونا 3۔ جنگلی، غیر مہذب

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ ، سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ	مشکل الفاظ کے معانی

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ⑧ بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ⑨ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ⑩ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ⑪
وَاِذَا الْجَحِیْمُ سُعِّرَتْ ⑫ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ⑬ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّاۤ اَحْضَرَتْ ⑭ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ⑮
الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ⑯ وَالَّیْلِ اِذَا عَسْعَسَ ⑰ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ⑱ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِیْمٍ ⑲ ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ
ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ ⑳ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ㉑ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ㉒ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ㉓ وَمَا هُوَ
عَلَى الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ ㉔ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ㉕ فَاَیْنَ تَذْهَبُوْنَ ㉖ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ㉗
لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ یَّسْتَقِیْمَ ㉘ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ㉙

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ① وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ② وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ③ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ④
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ⑤

اور جب اس لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائے گا (8) کہ وہ کس گناہ پر ماردی گئی؟ (9) اور جب (عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے (10) اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی (11) اور جب دوزخ بھڑکائی جائے گی (12) اور جب بہشت قریب لائی جائے گی (13) تب ہر شخص معلوم کرلے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے (14) ہم کو ان ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں (15) (اور) جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں (16) اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے (17) اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے (18) کہ بیشک یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے (19) جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا ہے (20) سردار (اور) امانت دار ہے (21) اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمدؐ) دیوانے نہیں ہیں (22) بیشک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے) کُھلے کنارے پر دیکھا ہے (23) اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں (24) اور یہ شیطان مرُدود کا کلام نہیں (25) پھر تم کدھر جا رہے ہو؟ (26) یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے (27) (یعنی) اس کے لئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے (28) اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو خدائے رب العالمین چاہے (29)

ترجمہ سورت انفطار

جب آسمان پھٹ جائے گا (1) اور جب تارے جھڑ پڑیں گے (2) اور جب دریا بہہ (کر ایک دوسرے میں مل) جائیں گے (3) اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی (4) تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا (5)

مشکل الفاظ کے معانی

- جلد
- 1۔تیز آگ لگنا 2۔پاس
- سامنے آنا
- 1۔بلند مرتبہ 2۔طاقت والے
- 1۔مرتبہ،رُتبہ 2۔سرغنہ،افسر 3۔ساتھی 4۔پاگل
- 1۔چھپی 2۔کنجوس 3۔لعنت زدہ
- گرنا
- اُکھاڑنے کا عمل

حوالہ جات

- نجم:7، 8، 13،14
- نجم:24

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْفِطَار ، سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْن	حوالہ جات

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ⑥ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ ⑦ فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ
رَكَّبَكَ ⑧ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ⑨ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ⑩ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ⑪ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ⑫
اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ⑬ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ⑭ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ⑮ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ⑯ وَمَاۤ
اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑰ ثُمَّ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑱ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ⑲

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ① الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ② وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ
يُخْسِرُوْنَ ③ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ④ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑤ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑥ كَلَّاۤ
اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ⑦ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ⑧ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ⑨ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ⑩

اے انسان تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے باب میں کس چیز نے دھوکا دیا؟ (6) (وہی تو ہے) جس نے تجھے
بنایا اور (تیرے اعضاء کو) ٹھیک کیا اور (تیرے قامت کو) معتدل رکھا (7) (اور) جس صورت میں چاہا تجھے
جوڑ دیا (8) مگر ہیہات تم لوگ جزا کو جھٹلاتے ہو (9) حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں (10) عالی قدر (تمہاری
باتوں کے) لکھنے والے (11) جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں (12) بیشک نیکوکار نعمتوں (کی بہشت)
میں ہوں گے (13) اور بدکردار دوزخ میں (14) (یعنی) جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے (15) اور اس
سے چھپ نہیں سکیں گے (16) اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟ (17) پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا
ہے؟ (18) جس روز کوئی کسی کا کچھ بھلا نہ کر سکے گا اور حکم اس روز صرف خدا ہی کا ہوگا (19)

1۔ بخشش پھیلانے والا 2۔ کے بارے میں

1۔ عضو کی جمع 2۔ قد، جسم
3۔ درمیانی درجہ کا

1۔ افسوس 2۔ نگران 3۔ بہت عزت والے

فائدہ

ترجمہ سورت مطففین

ناپ اور تول میں کمی کرنے والوں کے لئے خرابی ہے (1) جو لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا لیں
(2) اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو کم دیں (3) کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اٹھائے
بھی جائیں گے (4) (یعنی) ایک بڑے (سخت) دن میں (5) جس دن (تمام) لوگ رب العالمین
کے سامنے کھڑے ہوں گے (6) سن رکھو کہ بدکاروں کے اعمال سجّین میں ہیں (7) اور تم کیا جانتے
ہو کہ سجّین کیا چیز ہے؟ (8) ایک دفتر ہے لکھا ہوا (9) اس دن جھٹلانے والوں کی تباہی ہے (10)

نقصان، تباہی

جہانوں کا رب

بُرے اعمال والے، گمراہ، مشرک

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ	حوالہ جات

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ

اَلَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ⑪ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ⑫ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ⑬ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ⑭ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ
لَّمَحْجُوْبُوْنَ ⑮ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ⑯ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِىْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ⑰ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ
الْاَبْرَارِ لَفِىْ عِلِّيِّيْنَ ⑱ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ⑲ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ⑳ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ㉑ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِىْ
نَعِيْمٍ ㉒ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ㉓ تَعْرِفُ فِىْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ㉔ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ
مَّخْتُوْمٍ ㉕ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۗ وَفِىْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنٰفِسُوْنَ ㉖ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ㉗ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا
الْمُقَرَّبُوْنَ ㉘ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ㉙ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ㉚
وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ㉛ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ㉜ وَمَآ اُرْسِلُوْا
عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ㉝

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
(یعنی) جو انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہیں (11) اور اس کو جھٹلاتا وہی ہے جو حد سے نکل جانے والا گنہگار ہے	
(12) جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے[1] لوگوں کے افسانے[2] ہیں (13) دیکھو یہ جو	1۔گزرے 2۔کہانیاں وغیرہ
(اعمال بد[1]) کرتے ہیں ان کا ان کے دلوں پر زنگ[2] بیٹھ گیا ہے (14) بیشک یہ لوگ اس روز اپنے پروردگار	1۔بُرے اعمال 2۔میل، گردوغیرہ
(کے دیدار[1]) سے اوٹ[2] میں ہوں گے (15) پھر دوزخ میں جا داخل ہوں گے (16) پھر ان سے کہا جائے گا	1۔نظارہ 2۔پردے
کہ یہ وہی چیز ہے جس کو تم جھٹلاتے تھے (17) (یہ بھی) سن رکھو کہ نیکوکاروں کے اعمال علّیّین میں ہیں (18)	
اور تم کو کیا معلوم کہ علّیّین کیا چیز ہے؟ (19) ایک دفتر ہے لکھا ہوا (20) جس کے پاس مقرب (لوگ) حاضر	قریب والے
رہتے ہیں (21) بیشک نیک لوگ چین میں ہوں گے (22) تختوں پر بیٹھے ہوئے نظارے کریں گے (23) تم	سکون، اطمینان
ان کے چہروں ہی سے راحت[1] کی تازگی[2] معلوم کر لو گے (24) ان کو خالص شراب سربمہر[3] پلائی جائے گی	1۔آرام 2۔خوشگوار احساس 3۔سِیل ہوئی
(25) جس کی مہر مُشک[1] کی ہوگی تو (نعمتوں کے) شائقین[2] کو چاہئے کہ اسی سے رغبت[3] کریں (26) اور اس	1۔کستوری، ایک خوشبو 2۔شوق رکھنے والے 3۔خواہش
میں تسنیم کی آمیزش ہوگی (27) وہ ایک چشمہ ہے جس میں سے (خدا کے) مقرب پئیں گے (28) جو گنہگار	جنت کی کسی چیز کی ملاوٹ
(یعنی کافر) ہیں وہ (دنیا میں) مومنوں سے ہنسی کیا کرتے تھے (29) اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو	
حقارت[1] سے اشارے کرتے (30) اور جب اپنے گھر کو لوٹتے تو اتراتے ہوئے[2] لوٹتے (31) اور جب ان	1۔نفرت، بے عزتی 2۔غرور کرتے
(مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے کہ یہ تو گمراہ ہیں (32) حالانکہ وہ ان پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے (33)	نظر رکھنے والا، محافظ

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ ، سُوْرَةُ الِانْشِقَاق	مشکل الفاظ کے معانی

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿34﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿35﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿1﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿2﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿3﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿4﴾
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿5﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿6﴾ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ
بِيَمِيْنِهٖ ﴿7﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿8﴾ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿9﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ
ظَهْرِهٖ ﴿10﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿11﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿12﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿13﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ
يَّحُوْرَ ﴿14﴾ بَلٰۤى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿15﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿16﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿17﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا
اتَّسَقَ ﴿18﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿19﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿20﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿21﴾ السجدة

تو آج مومن کافروں سے ہنسی کریں گے (34) (اور) تختوں پر (بیٹھے ہوئے ان کا حال) دیکھ رہے ہوں
گے (35) تو کافروں کو ان کے عملوں کا (پورا پورا) بدلا مل گیا (36)

ترجمہ سورت انشقاق

جب آسمان پھٹ جائے گا (1) اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے (2) اور
جب زمین ہموار کردی جائے گی (3) اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر ڈال دے گی اور (بالکل) خالی
ہوجائے گی (4) اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی یہی ہے (5) (تو قیامت
قائم ہوجائے گی) اے انسان! تُو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا
(6) تو جس کا نامۂ (اعمال) اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا (7) اس سے حساب آسان لیا جائے گا (8)
اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا (9) اور جس کا نامۂ (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے
گا (10) وہ موت کو پکارے گا (11) اور دوزخ میں داخل ہوگا (12) یہ اپنے اہل (وعیال) میں مست رہتا
تھا (13) اور خیال کرتا تھا کہ (خدا کی طرف) پھر کر نہ جائے گا (14) ہاں ہاں اس کا پروردگار اس کو دیکھ رہا تھا
(15) ہمیں شام کی سُرخی کی قسم (16) اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کرلیتی ہے ان کی (17) اور چاند
کی جب کامل ہوجائے (18) کہ تم درجہ بدرجہ (رُتبہ اعلیٰ پر) چڑھو گے (19) تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ
ایمان نہیں لاتے (20) اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے (21)

مشکل الفاظ کے معانی

- بدلا: اجر، معاوضہ
- فرمان، واجب: 1۔حکم 2۔ضروری
- ہموار: برابر
- تعمیل، لازم: فرمان یا حکم پر عمل کرنا 2۔ضروری
- قائم ہوجائے گی: واقع ہوجائے گی
- پہنچنے میں: عملوں کا نتیجہ
- گھر والوں میں، پیٹھ: 1۔ایمان والے لوگوں میں 2۔کمر
- اہل (وعیال)، مست: 1۔خاندان 2۔بے فکر، مدہوش
- پھر کر: واپس
- اکٹھا کرلیتی: سمیٹ لیتی
- کامل، درجہ بدرجہ، رُتبہ اعلیٰ: 1۔پورا مکمل 2۔سٹیپ بائی سٹیپ، بتدریج 3۔بلند مرتبہ یا درجہ

حوالہ جات

- نجم:42، مزمل:19
- ھود:45تا47

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ ، سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ	حوالہ جات

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿22﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿23﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿24﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿25﴾

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿1﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿2﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴿3﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿4﴾ النَّارِ ذَاتِ
الْوَقُوْدِ ﴿5﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿6﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿7﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ
يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿8﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿9﴾ اِنَّ
الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿10﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿11﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ
لَشَدِيْدٌ ﴿12﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿13﴾

بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں (22) اور خدا ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے (23) تو ان کو دُکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو (24) ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے (25)

ترجمہ سورت بروج

آسمان کی قسم جس میں برج ہیں (1) اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے (2) اور حاضر ہونے والے کی اور جو اس کے پاس حاضر کیا جائے۔ اس کی (3) کہ خندقوں والے ہلاک کر دیئے گئے (4) (یعنی) آگ (کی خندقیں) جس میں ایندھن (جھونک رکھا) تھا (5) جبکہ وہ ان (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے (6) اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے (7) ان کو مومنوں کی یہی بات بُری لگتی تھی کہ وہ خدا پر ایمان لائے ہوئے تھے' جو غالب (اور) قابل ستائش ہے (8) وہی جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے' اور خدا ہر چیز سے واقف ہے (9) جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی ان کو دوزخ کا (اور) عذاب بھی ہوگا اور جلنے کا عذاب بھی ہوگا (10) (اور) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے' ان کے لئے باغات ہیں جن' کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے (11) بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے (12) وہ پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا (13)

مشکل الفاظ کے معانی:
- جھٹلاتے: انکار کرتے
- بے انتہا اجر: نہ ختم ہونے والا بدلا یا معاوضہ
- برج: گنبد
- خندقوں: کھائی، گڑھا
- 1 ایندھن، 2 جھونک رکھا: 1۔جلانے کی چیزیں 2۔ڈال رکھا
- قابل ستائش: قابل تعریف

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ ، سُوْرَةُ الطَّارِقِ	حوالہ جات

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ⑭ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ⑮ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ⑯ هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ⑰ فِرْعَوْنَ
وَثَمُوْدَ ⑱ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ⑲ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ⑳ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ㉑ فِيْ
لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ㉒

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ① وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ② النَّجْمُ الثَّاقِبُ ③ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ④
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ⑤ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ⑥ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ⑦ اِنَّهٗ عَلٰى
رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ⑧ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ⑨ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ⑩ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ⑪ وَالْاَرْضِ
ذَاتِ الصَّدْعِ ⑫ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ⑬ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ⑭ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ⑮ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ⑯
فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ⑰

اور وہ بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے (14) عرش کا مالک بڑی شان والا (15) جو چاہتا ہے کر دیتا ہے
(16) بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے (17) (یعنی) فرعون اور ثمود کا (18) لیکن کافر (جان
بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں (19) اور خدا (بھی) ان کو گرداگرد سے گھیرے ہوئے ہے (20)
(یہ کتاب ہزل و بطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے (21) لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) (22)

ترجمہ سورت طارق

آسمان اور رات کے وقت (سامنے) آنے والے کی قسم (1) اور تم کو کیا معلوم کہ رات کے وقت آنے والا کیا ہے؟
(2) وہ تارا ہے چمکنے والا (3) کہ کوئی متنفس نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں (4) تو انسان کو دیکھنا
چاہئے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے (5) وہ اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے (6) جو پیٹھ اور سینے کے
درمیان سے نکلتا ہے (7) بیشک خدا اس کے اعادے پر (بھی) قادر ہے (8) جس دن دلوں کے بھید
جانچے جائیں گے (9) تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہوگا (10) آسمان کی قسم
جو مینہ برساتا ہے (11) اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے (12) کہ یہ کلام (حق کو باطل سے) جُدا کرنے
والا ہے (13) اور بیہودہ بات نہیں (14) یہ لوگ تو اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں (15) اور ہم اپنی
تدبیر کر رہے ہیں (16) تو تم کافروں کو مہلت دو۔ بس چند روز ہی مہلت دو (17)

مشکل الفاظ کے معانی

- بڑی عزت
- افواج
- 1۔جھٹلانا 2۔پھنسے ہوئے 3۔آگے پیچھے،اردگرد
- 1۔مذاق پر مشتمل 2۔بہت بڑی شان والا 3۔اصل کتاب
- 1۔بنی آدم،ذی وجود 2۔نگران
- کس چیز سے
- 1۔دھرانا،دوبارہ پیدائش 2۔طاقت یا صلاحیت رکھنا 3۔راز
- 1۔پرکھے 2۔بس نہ چلے گا
- 1۔سچ کو جھوٹ سے 2۔الگ
- 1۔نامناسب،غیر مہذب 2۔سوچ،چال
- مزید وقت

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْاَعْلٰى ، سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ	حوالہ جات

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ① الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى ② وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ③ وَالَّذِىْٓ اَخْرَجَ
الْمَرْعٰى ④ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ⑤ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ⑥ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا
يَخْفٰى ⑦ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ⑧ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ⑨ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ⑩ وَيَتَجَنَّبُهَا
الْاَشْقَى ⑪ الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ⑫ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ⑬ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ⑭ وَذَكَرَ
اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ⑮ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ⑯ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ⑰ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ
الْاُوْلٰى ⑱ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ⑲

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ① وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ② عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ③ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ④ تُسْقٰى
مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ⑤ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ⑥ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِىْ مِنْ جُوْعٍ ⑦

ترجمہ سورت اعلیٰ

(اے پیغمبرؐ) اپنے پروردگار جلیل الشان کے نام کی تسبیح کرو (1) جس نے (انسان کو) بنایا پھر (اس کے اعضا
کو) درست کیا (2) اور جس نے (اس کا) اندازہ ٹھہرایا (اور) رستہ بتایا (3) اور جس نے چارہ اگایا (4) پھر
اس کو سیاہ رنگ کا کوڑا کردیا (5) ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم فراموش نہ کرسکو گے (6) مگر جو خدا چاہے وہ کھُلی
بات کو بھی جانتا ہے اور چھُپی کو بھی (7) ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے (8) سو جہاں تک نصیحت (کے
نافع (ہونے کی اُمید) ہو نصیحت کرتے رہو (9) جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا (10) اور
(بے خوف) بدبخت پہلوتہی کرے گا (11) جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہوگا (12) پھر وہاں
نہ مرے گا اور نہ جئے گا (13) بیشک وہ مُراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا (14) اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا
اور نماز پڑھتا رہا (15) مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو (16) حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر
ہے (17) یہی بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے (18) (یعنی) ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں (19)

ترجمہ سورت غاشیہ

بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (قیامت) کا حال معلوم ہوا ہے؟ (1) اس روز بہت سے منہ (والے)
ذلیل ہوں گے (2) سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے (3) دہکتی آگ میں داخل ہوں گے
(4) ایک کھولتے ہوئے چشمے کا ان کو پانی پلایا جائے گا (5) اور خاردار جھاڑ (اور پیپ) کے
سوا ان کے لئے کوئی کھانا نہیں (ہوگا) (6) جو نہ فربہی لائے' نہ بھوک میں کچھ کام آئے (7)

مشکل الفاظ کے معانی

- 1۔ بہت بڑی عزت والے 2۔ ذکر 3۔ عضو کی جمع
- سبزہ وغیرہ
- 1۔ کچرا 2۔ بھول جانا
- طاقت، ہمت، اسباب
- فائدہ مند
- 1۔ گمراہ 2۔ ٹال مٹول کرے گا
- خواہش، حسرت
- 1۔ اپناتے 2۔ بہت زیادہ مضبوط یا پائیدار
- 1۔ آسمانی کتابوں 2۔ لکھی ہوئی
- گھیر لینے والی، چھپا لینے والی
- 1۔ رُسوا 2۔ بہت زیادہ تھکاوٹ ہونا
- 1۔ کانٹوں والی جھاڑی 2۔ پس
- 1۔ علاوہ 2۔ موٹائی یا جسم کی خاص ضرورت

حوالہ جات

- حاقہ:36

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ ، سُوْرَةُ الْفَجْرِ	مشکل الفاظ کے معانی

سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ ، سُوْرَةُ الْفَجْرِ

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ⑧ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ⑨ فِیْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ⑩ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ⑪ فِيْهَا عَيْنٌ
جَارِيَةٌ ⑫ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ⑬ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ⑭ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ⑮ وَّزَرَابِیُّ مَبْثُوْثَةٌ ⑯ اَفَلَا
يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ⑰ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ⑱ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ⑲
وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ⑳ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ㉑ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ㉒ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى
وَكَفَرَ ㉓ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ㉔ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ㉕ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ㉖

وَالْفَجْرِ ① وَلَيَالٍ عَشْرٍ ② وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ③ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ④ هَلْ فِیْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ⑤
اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ⑥ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ⑦ الَّتِیْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ⑧ وَثَمُوْدَ
الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ⑨

اور بہت سے منہ (والے) اس روز شادماں ہوں گے (8) اپنے اعمال (کی جزا) سے خوش دل (9) بہشت
بریں میں (10) وہاں کسی طرح کی بکواس نہیں سنیں گے (11) اس میں چشمے بہہ رہے ہوں گے (12) وہاں
تخت ہوں گے اونچے بچھے ہوئے (13) اور آبخورے (قرینے سے) رکھے ہوئے (14) اور گاؤ تکیے قطار کی
قطار لگے ہوئے (15) اور نفیس مسندیں بچھی ہوئی (16) کیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ
کیسے (جسم دیگر) پیدا کئے گئے ہیں (17) اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے (18) اور پہاڑوں کی طرف کہ کس
طرح کھڑے کئے گئے ہیں (19) اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی (20) تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت
کرنے والے ہی ہو (21) تم ان پر داروغہ نہیں ہو (22) ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا (23) تو خدا اس کو بڑا
عذاب دے گا (24) بیشک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے (25) پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے (26)

ترجمہ سورت فجر

فجر کی قسم (1) اور دس راتوں کی (2) اور جفت اور طاق کی (3) اور رات کی' جب جانے لگے (4) (اور)
بیشک یہ چیزیں عقلمندوں کے نزدیک قسم کھانے کے لائق ہیں (کہ کافروں کو ضرور عذاب ہوگا) (5) کیا تم نے
نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا؟ (6) ارم (کہلوانے والے) دراز قد (7) کہ
تمام ملک میں ایسے پیدا نہیں ہوئے تھے (8) اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جو وادی میں پتھر تراشتے (اور گھر
بناتے) تھے (9)

حوالہ جات:
اعراف:142

مشکل الفاظ کے معانی:
- 1۔بہت زیادہ خوش 2۔صلہ، بدلا
- 1۔اعلیٰ، برتر 2۔بیہودہ یا نامناسب بات
- 1۔پینے کیلئے مٹی کا برتن 2۔ڈھنگ یا سلیقہ 3۔لمبا تکیہ
- 1۔عمدہ 2۔تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ، تخت
- 1۔نگران، محافظ 2۔انکار کیا
- واپس
- 1۔وہ عدد جو 2 پر تقسیم ہو جائے 2۔وہ عدد جو 2 پر تقسیم نہ ہو
- لمبے قد والے
- ویلی، پہاڑوں کا درمیانی علاقہ

فَاِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوۡرَةُ الۡفَجۡرِ	حوالہ جات

وَفِرۡعَوۡنَ ذِی الۡاَوۡتَادِ ﴿10﴾ الَّذِیۡنَ طَغَوۡا فِی الۡبِلَادِ ﴿11﴾ فَاَکۡثَرُوۡا فِیۡهَا الۡفَسَادَ ﴿12﴾ فَصَبَّ عَلَیۡهِمۡ رَبُّكَ
سَوۡطَ عَذَابٍ ﴿13﴾ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالۡمِرۡصَادِ ﴿14﴾ فَاَمَّا الۡاِنۡسَانُ اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَکۡرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَیَقُوۡلُ رَبِّیۡۤ
اَکۡرَمَنِ ﴿15﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَیۡهِ رِزۡقَهٗ ۙ فَیَقُوۡلُ رَبِّیۡۤ اَهَانَنِ ﴿16﴾ کَلَّا بَلۡ لَّا تُکۡرِمُوۡنَ الۡیَتِیۡمَ ﴿17﴾ وَلَا
تَحٰٓضُّوۡنَ عَلٰی طَعَامِ الۡمِسۡکِیۡنِ ﴿18﴾ وَتَاۡکُلُوۡنَ التُّرَاثَ اَکۡلًا لَّمًّا ﴿19﴾ وَّتُحِبُّوۡنَ الۡمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿20﴾ کَلَّاۤ اِذَا
دُکَّتِ الۡاَرۡضُ دَکًّا دَکًّا ﴿21﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالۡمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿22﴾ وَجِایۡٓءَ یَوۡمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ یَوۡمَئِذٍ یَّتَذَکَّرُ
الۡاِنۡسَانُ وَاَنّٰی لَهُ الذِّکۡرٰی ﴿23﴾ یَقُوۡلُ یٰلَیۡتَنِیۡ قَدَّمۡتُ لِحَیَاتِیۡ ﴿24﴾ فَیَوۡمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗۤ اَحَدٌ ﴿25﴾ وَّلَا
یُوۡثِقُ وَثَاقَهٗۤ اَحَدٌ ﴿26﴾ یٰۤاَیَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ ﴿27﴾ ارۡجِعِیۡۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرۡضِیَّةً ﴿28﴾ فَادۡخُلِیۡ فِیۡ
عِبٰدِیۡ ﴿29﴾ وَادۡخُلِیۡ جَنَّتِیۡ ﴿30﴾

مشکل الفاظ کے معانی	ترجمہ
1۔تمبُو، ڈیرہ 2۔کیلیں 3۔باغی مشرک	اور فرعون کے ساتھ (کیا کیا) جو خیمے اور میخیں رکھتا تھا (10) یہ لوگ ملکوں میں سرکش ہو رہے تھے (11) اور ان
1۔فساد، شرک 2۔ناکارہ چیز، کچرا	میں بہت سی خرابیاں کرتے تھے (12) تو تمہارے پروردگار نے ان پر عذاب کا کوڑا نازل کیا (13) بیشک تمہارا
انتظار، نگرانی	پروردگار تاک میں ہے (14) مگر انسان (ایسی مخلوق ہے کہ) جب اس کا پروردگار اس کو آزماتا ہے کہ اسے عزت
خوشی کا اظہار	دیتا اور نعمت بخشتا ہے تو کہتا ہے کہ (آہا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی (15) اور جب (دوسری طرح
1۔رزق 2۔دکھ یا افسوس کا کلمہ 3۔رسوا	آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہتا ہے کہ (ہائے) میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا (16) نہیں،
1۔خدمت 2۔غریب، محتاج 3۔رغبت دینا 4۔مرنے والے کا مال	بلکہ تم لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے (17) اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو (18) اور میراث کے مال
1۔اکٹھا کر کے 2۔پیارا 3۔مار مار کر 4۔نیچے	کو سمیٹ کر کھا جاتے ہو (19) اور مال کو بہت ہی عزیز رکھتے ہو (20) تو جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست
نظارہ کرائے گا	کر دی جائے گی (21) اور تمہارا پروردگار (جلوہ فرما ہوگا) اور فرشتے قطار باندھ باندھ کر آ موجود ہوں گے (22)
1۔خبردار، آگاہ 2۔ہوشمندی	اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی، تو انسان اس دن متنبہ ہوگا، مگر (اب) انتباہ (سے) اسے (فائدہ) کہاں
1۔افسوس کا کلمہ 2۔ہمیشہ ہمیشہ کی	(مل سکے گا)؟ (23) کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی کے لئے) کچھ آگے بھیجا ہوتا (24) تو اس
سخت پکڑ، شکنجا کسنا	دن نہ کوئی خدا کے عذاب کی طرح کا (کسی کو) عذاب دے گا (25) اور نہ کوئی ویسا جکڑنا جکڑے گا (26)
1۔سکون 2۔واپس 3۔خوش	اے اطمینان پانے والی روح! (27) اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل۔ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی
معزز، اعلیٰ، مشہور	(28) تو میرے (ممتاز) بندوں میں شامل ہو جا (29) اور میری بہشت میں داخل ہو جا (30)

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَلَدِ ، سُوْرَةُ الشَّمْسِ	حوالہ جات

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ① وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ② وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ③ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ④

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ⑤ يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ⑥ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ⑦ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

عَيْنَيْنِ ⑧ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ⑨ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ⑩ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ⑪ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْعَقَبَةُ ⑫ فَكُّ

رَقَبَةٍ ⑬ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ⑭ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ⑮ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ⑯ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ

اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ⑰ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ⑱ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ⑲ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ⑳

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ① وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ② وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ③ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ④ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ⑤

ترجمہ سورت بلد

ہمیں اس شہر کی قسم (1) اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو (2) اور باپ (یعنی آدمؑ) اور اس کی اولاد کی قسم (3) کہ ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے (4) کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا (5) کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد[1] کیا (6) کیا اسے یہ گُمان[2] ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں (7) بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟ (8) اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے) (9) (یہ چیزیں بھی دیں) اور اس کو (خیر و شر[1] کے) دونوں رستے بھی دکھا دیئے (10) مگر وہ گھاٹی[2] پر سے ہو کر نہ گزرا (11) اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے؟ (12) کسی (کی) گردن کا چھڑانا (13) یا بُھوک کے دن کھانا کھلانا (14) یتیم رشتہ دار کو (15) یا فقیر خاکسار کو (16) پھر ان لوگوں میں بھی (داخل) ہوا جو ایمان لائے اور صبر کی نصیحت اور (لوگوں پر) شفقت[1] کرنے کی وصیت[2] کرتے رہے (17) یہی لوگ صاحب سعادت[3] ہیں (18) اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بدبخت ہیں (19) یہ لوگ آگ میں بند کر دیئے جائیں گے (20)

ترجمہ سورت شمس

سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی (1) اور چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے (2) اور دن کی جب اسے چمکا دے (3) اور رات کی جب اسے چھپا لے (4) اور آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اسے بنایا (5)

مشکل الفاظ کے معانی:

- 1۔تباہ 2۔خیال، وہم
- 1۔نیکی اور بُرائی 2۔تنگ راستہ
- کسی مجبور کی مدد کرنا
- غریب وعاجز
- 1۔مہربانی 2۔سفر اور موت سے پہلے کی ہدایت 3۔خوش نصیبی یا ہدایت ملنا
- بدنصیبی یا گمراہی

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

حوالہ جات	سُوْرَةُ الشَّمْسِ ، سُوْرَةُ الَّيْلِ	مشکل الفاظ کے معانی
	وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝6 وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝7 فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝8 قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝9	
	وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝10 كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝11 اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝12 فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ	
	وَسُقْيٰهَا ۝13 فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝14 وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝15	
	وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝1 وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝2 وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۝3 اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝4 فَاَمَّا مَنْ	
	اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝5 وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝6 فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝7 وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝8 وَكَذَّبَ	
	بِالْحُسْنٰى ۝9 فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝10 وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝11 اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝12 وَاِنَّ لَنَا	
	لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝13 فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝14 لَا يَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝15 الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝16 وَسَيُجَنَّبُهَا	
	الْاَتْقَى ۝17 الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝18	
	اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے پھیلایا (6) اور انسان کی اور اس کی جس نے اس (کے اعضاء) کو	
دھر:3، بلد:8 تا 10	برابر کیا (7) پھر اس کو بدکاری اور پرہیزگاری (میں تمیز) کرنے کی سمجھ دی (8) کہ جس نے (اپنے)	فرق کرنے
	نفس کو پاک رکھا، وہ مُراد کو پہنچا (9) اور جس نے اسے خاک میں ملایا، وہ خسارے میں رہا (10)	1۔دنیاوی غرض یا خواہشات سے دُور رہا 2۔منزل 3۔مٹی 4۔نقصان
	(قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب (پیغمبرؑ کو) جھٹلایا (11) جب ان میں سے ایک نہایت بدبخت اٹھا	1۔بغاوت 2۔کی وجہ سے 3۔گمراہ
	(12) تو خدا کے پیغمبرؑ (صالحؑ) نے ان سے کہا کہ خدا کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے حذر کرو	1۔نمبر پر آنا 2۔دُور رہو، گریز کرو
	(13) مگر انہوں نے پیغمبرؑ کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں، تو خدا نے ان کے گناہ کے سبب ان پر عذاب	لُولا کردیا، پاؤں کاٹ دیئے
	نازل کیا اور سب کو (ہلاک کرکے) برابر کر دیا (14) اور اس کو ان کے بدلا لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں (15)	انتقام
	ترجمہ سورت لیل	
	رات کی قسم جب (دن کو) چُھپالے (1) اور دن کی قسم جب چمک اُٹھے (2) اور اس (ذات) کی قسم جس	ہستی
	نے نر اور مادہ پیدا کئے (3) کہ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے (4) تو جس نے (خدا کے رستے میں	
	مال) دیا اور پرہیزگاری کی (5) اور نیک بات کو سچ جانا (6) اس کو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے	طاقت، ہمت، اسباب
	(7) اور جس نے بُخل کیا اور بے پروا بنا رہا (8) اور نیک بات کو جھوٹ جانا (9) اسے سختی میں پہنچائیں گے	1۔کنجوسی 2۔لاپرواہی کی 3۔تکلیف
	(10) اور جب وہ (دوزخ کے گڑھے میں) گرے گا تو اس کا مال اس کے کچھ بھی کام نہ آئے گا (11)	کھڈا، سوراخ
	ہمیں تو راہ دکھا دینا ہے (12) اور آخرت اور دنیا ہماری ہی چیزیں ہیں (13) سو میں نے تم کو بھڑکتی آگ	
	سے متنبہ کر دیا (14) اس میں وہی داخل ہوگا جو بڑا ابدبخت ہے (15) جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا (16)	1۔آگاہ کرنا، بتادینا 2۔بدنصیب، ظالم، گمراہ، مشرک
	اور جو بڑا پرہیزگار ہے وہ (اس سے) بچا لیا جائے گا (17) جو اپنا مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو (18)	

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الَّیلِ ، سُوْرَةُ الضُّحٰی ، سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ	حوالہ جات
	وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ⑲ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ⑳ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ㉑	
	وَالضُّحٰی ① وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ② مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ③ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ④	
	وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ⑤ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ⑥ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ⑦ وَوَجَدَكَ	
	عَآئِلًا فَاَغْنٰی ⑧ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ⑨ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ⑩ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ⑪	
	اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ① وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ② الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ③ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ④	
	فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ⑤ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ⑥ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ⑦ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ⑧	
احسان برابر کرتا ہے	اور (اس لئے) نہیں (دیتا کہ) اس پر کسی کا احسان (ہے) جس کا وہ بدلا اُتارتا ہے (19) بلکہ اپنے	
1۔خوشنودی،خوشی 2۔بہت جلد	خداوندِاعلیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے دیتا ہے (20) اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا (21)	
	ترجمہ سورت ضحیٰ	
1۔سورج 2۔اندھیرا،سیاہی	آفتاب کی روشنی کی قسم (1) اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے (2) (اے محمدؐ) تمہارے	
	پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا (3) اور آخرت تمہارے لئے پہلی	
1۔بہت زیادہ 2۔دے گا	(حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے (4) اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش	
	ہو جاؤ گے (5) بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی؟ (بیشک دی) (6) اور رستے سے ناواقف	
1۔غریب 2۔مالا مال 3۔ظلم،زیادتی	دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا (7) اور تنگدست پایا تو غنی کر دیا (8) تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا (9)	
ڈانٹنا	اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا (10) اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا (11)	
	ترجمہ سورت الم نشرح	
1۔چھاتی،دل 2۔وزن 3۔کمر	(اے محمدؐ) کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ (1) اور تم سے بوجھ بھی اُتار دیا (2) جس نے تمہاری پیٹھ توڑ	انعام:125
اونچا	رکھی تھی (3) اور تمہارا ذکر بلند کیا (4) ہاں ہاں مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (5) (اور) بیشک مشکل کے ساتھ	
1۔بہت زیادہ 2۔توجہ کرنا	آسانی ہے (6) تو جب فارغ ہوا کرو تو (خوب) محنت کیا کرو (7) اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو جایا کرو (8)	بنی اسرائیل:79، دھر:26 مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ التِّيْنِ ، سُوْرَةُ الْعَلَقِ	حوالہ جات

سُوْرَةُ التِّيْنِ ، سُوْرَةُ الْعَلَقِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ① وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ② وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ③ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ④
ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ⑤ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ⑥ فَمَا يُكَذِّبُكَ
بَعْدُ بِالدِّيْنِ ⑦ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ⑧

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ① خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ② اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ③ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ④
عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ⑤ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ⑥ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ⑦ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ⑧
اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ⑨ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ⑩ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ⑪ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ⑫ اَرَءَيْتَ
اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ⑬ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ⑭ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۬ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ⑮ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ
خَاطِئَةٍ ⑯ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ⑰

ترجمہ سورت تین

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی	حوالہ جات
انجیر کی قسم اور زیتون کی (1) اور طور سینین کی (2) اور اس امن والے شہر کی (3) کہ ہم نے انسان کو	کوہِ طور	
بہت اچھی صورت میں پیدا کیا ہے (4) پھر اس (کی حالت) کو (اس کے کفر کے سبب) پست سے پست	1۔شکل 2۔کی وجہ سے 3۔نیچا، ذلیل	نفال:20 تا 23، مزید آئندہ حصّوں میں دیکھئے
کر دیا (5) مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے (6) تو	نہ ختم ہونے والا	
(اے آدم زاد) پھر تُو جزا کے دن کو کیوں جھٹلاتا ہے؟ (7) کیا خدا سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟ (8)	1۔آدم کی اولاد 2۔بدلا، معاوضہ	

ترجمہ سورت علق

ترجمہ	مشکل الفاظ کے معانی
(اے محمدؐ) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے (عالم کو) پیدا کیا (1) جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا	1۔دنیا 2۔جمی ہوئی بوند
(2) پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے (3) جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا (4) اور انسان کو وہ باتیں	معاف کرنے والا، بخشنے والا
سکھائیں جن کا اس کو علم نہ تھا (5) مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے (6) جبکہ اپنے تئیں غنی دیکھتا ہے (7) کچھ شک	1۔مشرک، باغی 2۔اپنے آپکو 3۔دولت مند
نہیں کہ (اس کو) تمہارے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (8) بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے (9)	واپس
(یعنی) ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے (10) بھلا دیکھو تو اگر یہ راہ راست پر ہو (11) یا پرہیز گاری کا حکم	ٹھیک یا سیدھا راستہ
کرے (تو منع کرنا کیسا) (12) اور دیکھ تو اگر اس نے دینِ حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا (تو کیا ہوا) (13) کیا	سچے دین
اس کو معلوم نہیں کہ خدا دیکھ رہا ہے؟ (14) دیکھو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم (اس کی) پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے	1۔رُکے گا نہیں، منع نہ ہوگا 2۔ماتھے کے اوپر والے سر کے بال
(15) یعنی اس جھوٹے خطا کار کی پیشانی کے بال (16) تو وہ اپنے یاروں کی مجلس کو بلا لے (17)	1۔غلط کام کرنے والا، مشرک 2۔اکٹھ

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَلَقِ ، سُوْرَةُ الْقَدْرِ ، سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ	حوالہ جات

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿18﴾ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿19﴾ السجدة

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿1﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿2﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ڏ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿3﴾ تَنَزَّلُ
الْمَلٰۗىِٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ﴿4﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿5﴾

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿1﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا
صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ﴿2﴾ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ﴿3﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿4﴾
وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڏ حُنَفَاۗءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ
الْقَيِّمَةِ ﴿5﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ﴿6﴾

ہم بھی اپنے مؤکلان دوزخ کو بلائیں گے (18) دیکھو اس کا کہا نہ ماننا اور سجدے کر کے قرب (خدا) حاصل کرتے رہنا (19)

1۔وکیل مقرر ہونا 2۔نزدیکی

ترجمہ سورت قدر

ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا (1) اور تمہیں کیا معلوم کہ شب قدر کیا ہے؟ (2) شب قدر ہزار مہینے سے بہتر ہے (3) اس میں روح اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے) لئے اپنے پروردگار کے حکم سے اُترتے ہیں (4) یہ (رات) طلوع صبح تک (امان اور) سلامتی ہے (5)

دخان:2 تا 5، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

رعد:2، سجدہ:5، مزید آئندہ حصوں میں دیکھئے

1۔نیچے آتے ہیں 2۔صبح پھوٹنے تک 3۔امن

ترجمہ سورت بینہ

جو لوگ کافر ہیں (یعنی) اہل کتاب اور مشرک وہ (کفر سے) باز آنے والے نہ تھے' جب تک کہ ان کے پاس کُھلی دلیل (نہ) آتی (1) (یعنی) خدا کے پیغمبرؐ جو پاک اوراق پڑھتے ہیں (2) جن میں مستحکم (آیتیں) لکھی ہوئی ہیں (3) اور اہل کتاب جو متفرق (ومختلف) ہوئے ہیں تو دلیل واضح کے آ جانے کے بعد (ہوئے ہیں) (4) اور ان کو حکم تو یہی ہوا تھا کہ اخلاص کے ساتھ خدا کی عبادت کریں اور (یکسو ہو کر) نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور یہی سچا دین ہے (5) جو لوگ کافر ہیں (یعنی قرآن پر ایمان نہ لانے والے) اہل کتاب اور مشرک وہ دوزخ کی آگ میں پڑیں گے (اور) ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہ لوگ سب مخلوق سے بدتر ہیں (6)

1۔ثبوت، سند، سرٹیفیکیٹ 2۔صفحات 3۔مضبوط

1۔بکھر جانا، فرقہ فرقہ ہونا 2۔صاف

1۔دل سے 2۔اللہ کا حکم ماننا 3۔ایک طرف ہو کر

بُرا ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ(98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ ، سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ ، سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ	حوالہ جات

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ⑦ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ⑧

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ① وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ② وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ③ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ
اَخْبَارَهَا ④ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ⑤ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ڏ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ⑥ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ
ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ⑦ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ⑧

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ① فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ② فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ③ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ④ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ⑤
اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ⑥ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ⑦ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ⑧

(اور) جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ تمام مخلوق سے بہتر ہیں (7) ان کا صلہ ان کے پروردگار کے ہاں ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں' جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں' ابدالآباد ان میں رہیں گے خدا ان سے خوش۔ اور وہ اس سے خوش یہ (صلہ) اس کے لئے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا رہا (8)

صلہ: بدلا، معاوضہ
ابدالآباد: ہمیشہ ہمیشہ کے لئے

ترجمہ سورت زلزال

جب زمین بھونچال[1] سے ہلا دی جائے گی (1) اور زمین اپنے (اندر) کے بوجھ[2] نکال ڈالے گی (2) اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا ہے؟ (3) اس روز وہ اپنے حالات بیان کردے گی (4) کیونکہ تمہارے پروردگار نے اس کو حکم بھیجا (ہوگا) (5) اس دن لوگ گروہ گروہ ہوکر آئیں گے۔ تاکہ ان کو ان کے اعمال دکھائے جائیں (6) تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا (7) اور جس نے ذرہ بھر بُرائی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا (8)

1۔زلزلہ 2۔وزن
گروہ: جماعت
ذرہ بھر: چھوٹی سے چھوٹی

ترجمہ سورت عادیات

ان سرپٹ[1] دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپ اٹھتے ہیں[2] (1) پھر (پتھروں پر نعل[1]) مار کر آگ نکالتے ہیں (2) پھر صبح کو چھاپہ مارتے ہیں[2] (3) پھر اس میں گرد[3] اٹھاتے ہیں (4) پھر اس وقت (دشمن کی) فوج میں جا گھستے ہیں (5) کہ انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس[1] ہے (6) اور وہ اس سے آگاہ[2] بھی ہے (7) وہ تو مال کی سخت محبت کرنے والا ہے (8)

1۔گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ 2۔تیز تیز سانس لیتے ہیں
1۔گھوڑے کے پاؤں کے نیچے لگی دھات 2۔شب خون مارنا 3۔دھول
1۔احسان کو یاد نہ رکھنے والا 2۔جاننا، معلوم ہونا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ ، سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ ، سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ	حوالہ جات

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ⑨ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ⑩ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ⑪

اَلْقَارِعَةُ ① مَا الْقَارِعَةُ ② وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْقَارِعَةُ ③ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ④ وَتَكُوْنُ
الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ⑤ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ⑥ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ⑦ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ
مَوَازِيْنُهٗ ⑧ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ⑨ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا هِيَهْ ⑩ نَارٌ حَامِيَةٌ ⑪

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ① حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ② كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ③ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ④ كَلَّا لَوْ
تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ⑤ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ⑥ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ⑦ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ⑧

کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو (مُردے) قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لئے جائیں گے (9) اور جو (بھید) دلوں
میں ہیں وہ ظاہر[1] کردیئے جائیں گے (10) بیشک ان کا پروردگار اس روز ان سے خوب[2] واقف ہوگا (11)

راز

1۔سامنے 2۔بہت اچھی طرح

ترجمہ سورت قارعہ

کھڑکھڑانے والی (1) کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ (2) اور تم کیا جانو کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ (3)
(وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے (4) اور پہاڑ ایسے ہو
جائیں گے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اُون (5) تو جس کے (اعمال کے) وزن بھاری نکلیں
گے (6) وہ دل پسند[1] عیش میں ہوگا (7) اور جس کے وزن ہلکے نکلیں گے (8) اس کا مرجع[2] ہاویہ[3]
ہے (9) اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا چیز ہے؟ (10) (وہ) دہکتی ہوئی آگ ہے (11)

کھٹ کھٹ کرنے والی، دھمکانے والی

پروانے

صاف یا نئی کی گئی اون یا پشم

1۔دل کو اچھا لگنا 2۔واپسی کی جگہ یا ٹھکانا 3۔اندھیرا، غار، دوزخ کا ایک حصہ

ترجمہ سورت تکاثر

(لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب[1] نے غافل[2] کردیا (1) یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں (2) دیکھو
تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا (3) پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا (4) دیکھو! اگر تم جانتے
(یعنی) علم الیقین[1] (رکھتے تو غفلت[2] نہ کرتے) (5) تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے (6) پھر اس کو (ایسا) دیکھو
گے (کہ) عین الیقین[1] (آجائے گا) (7) پھر اس روز تم سے (شکر) نعمت کے بارے میں پرسش[2] ہوگی (8)

1۔خواہش 2۔غفلت، گمراہی

بہت جلد

1۔پوری واقفیت، آگاہی ہونا 2۔لاپرواہی

1۔آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا 2۔پوچھ گچھ، پوچھا جانا

آئندہ حصّوں میں دیکھئے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْعَصْرِ ، سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ ، سُوْرَةُ الْفِيْلِ	حوالہ جات

وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا
بِالصَّبْرِ ۝٣

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۨ ۝١ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝٢ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝٣ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي
الْحُطَمَةِ ۝٤ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝٥ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ
مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝١ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝٢ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا
اَبَابِيْلَ ۝٣ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٤ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

ترجمہ سورت عصر

عصر کی قسم (1) کہ انسان نقصان میں ہے (2) مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے (3)

- زمانہ، وقت
- 1۔ایک دوسرے کو 2۔تعلیم و تربیت 3۔نصیحت، ہدایت

ترجمہ سورت ہمزہ

ہر طعن آمیز اشارتیں کرنے والے چغل خور کی خرابی ہے (1) جو مال جمع کرتا اور اس کو گن گن کر رکھتا ہے (2) (اور) خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اس کی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہوگا (3) ہرگز نہیں وہ ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا (4) اور تم کیا سمجھے کہ حطمہ کیا ہے؟ (5) وہ خدا کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے (6) جو دلوں پر جا لپٹے گی (7) (اور) وہ اس میں بند کر دیئے جائیں گے (8) (یعنی آگ کے) لمبے لمبے ستونوں میں (9)

- 1۔طنز سے بھری 2۔اشارے 3۔چغلیاں کرنے والا 4۔تباہی، بربادی
- 1۔سبب، وجہ 2۔بالکل بھی، کسی بھی صورت 3۔دوزخ کی ایک جگہ، آگ ہی آگ
- کھمبا، لاٹھ، اہم رکن، چمنی

ترجمہ سورت فیل

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ (1) کیا ان کا داؤں غلط نہیں کیا (گیا؟) (2) اور ان پر جھلڑ کے جھلڑ جانور بھیجے (3) جو ان پر کھنگر کی پتھریاں پھینکتے تھے (4) تو ان کو ایسا کر دیا جیسے کھایا ہوا بھُس (5)

- 1۔مشرکوں کی کوئی قوم 2۔داؤ
- 1۔پرندوں کا غول 2۔نوکیلے پتھر
- بھُوسا، اناج کا چھلکا

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ قُرَيْشٍ ، سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ ، سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ ، سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ	حوالہ جات

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ① اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ② فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ③ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ④

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ① فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ② وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ③
فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ④ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ⑤ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ⑥ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ⑦

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ① فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ② اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ③

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ②

ترجمہ سورت قریش

قریش کے مانوس کرنے کے سبب (1) (یعنی) ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب (2) لوگوں کو چاہئے کہ اس گھر کے مالک کی عبادت کریں (3) جس نے ان کو بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے امن بخشا (4)

1۔ واقف، ہلا ہوا، مائل، پسند 2۔ کی وجہ سے 3۔ سردی

اللہ کا حکم ماننا

اطمینان، سکون

ترجمہ سورت ماعون

بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو (روز) جزا کو جھٹلاتا ہے (1) یہ وہی (بدبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے (2) اور فقیر کو کھانا کھلانے کے لئے (لوگوں کو) ترغیب نہیں دیتا (3) تو ایسے نمازیوں کی خرابی ہے (4) جو نماز کی طرف سے غافل رہتے ہیں (5) جو ریاکاری کرتے ہیں (6) اور برتنے کی چیزیں عاریۃً نہیں دیتے (7)

1۔ بدلے یا صلے کا دن 2۔ بدنصیب، گمراہ

1۔ غریب لوگ 2۔ تربیت 3۔ نقصان، تباہی

1۔ لاپرواہ 2۔ مکر، فریب 3۔ روزمرہ استعمال کی چیزیں

اُدھار

ترجمہ سورت کوثر

(اے محمدؐ) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے (1) تو اپنے پروردگار کے لئے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو (2) کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا (3)

1۔ خدا کا اپنے نبی کو دیا جانے والا کوئی تحفہ 2۔ دی

سنتِ ابراہیم کیلئے حج کے دنوں میں دیا جانے والا فدیہ

ترجمہ سورت کافرون

(اے پیغمبرؐ ان منکرانِ قرآن سے) کہہ دو کہ اے کافرو! (1) جن (شریکوں) کو تم پوجتے ہو' ان کو میں نہیں پوجتا (2)

1۔ انکار کرنے والے 2۔ خدا مانتے ہو

آئندہ حصوں میں دیکھیے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (98) (النحل)

ترجمہ: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْن ، سُوْرَةُ النَّصْرِ ، سُوْرَةُ اللَّهَبِ ، سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ	حوالہ جات
	وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ③ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ④ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ⑤ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ⑥	
	اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ① وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ② فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ③	
	تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ① مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ② سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ③ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ④ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ⑤	
	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ② لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ③ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④	
اللہ کا حکم ماننا 1۔خدا ماننا 2۔مکمل حکم ماننے والا اللہ کا حکم ماننا یا عبادت کرنا	اور جس (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے (3) اور (میں کہتا ہوں کہ) جن کی تم پرستش[1] کرتے ہو ان کی میں پرستش کرنے والا نہیں ہوں (4) اور نہ تم اس کی بندگی[2] کرنے والے (معلوم ہوتے) ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں (5) تم اپنے دین پر، میں اپنے دین پر (6)	
	ترجمہ سورت نصر	
گروہ کے گروہ 1۔ذکر 2۔معافی	جب اللہ کی مدد آ پہنچی اور فتح (حاصل ہو گئی) (1) اور تم نے دیکھ لیا کہ لوگ غول کے غول خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں (2) تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح[1] کرو اور اس سے مغفرت[2] مانگو۔ بیشک وہ معاف کرنے والا ہے (3)	
	ترجمہ سورت لہب	
کسی ایک مشرک کا نام بیوی 1۔جلانے کا سامان 2۔ایک مضبوط گھاس	ابولہب کے ہاتھ ٹوٹیں اور وہ ہلاک ہو (1) نہ تو اس کا مال ہی اس کے کچھ کام آیا اور نہ وہ جو اس نے کمایا (2) وہ جلد بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہو گا (3) اور اس کی جورو بھی جو ایندھن[1] سر پر اٹھائے پھرتی ہے (4) اس کے گلے میں مونج[2] کی رسی ہو گی (5)	
	ترجمہ سورت اخلاص	
1۔جس کا شرعی حکم مانا جائے 2۔سچ ہی سچ والا 1۔بے پرواہ 2۔برابری کرنے والا، ہم رُتبہ، ہم پلّہ	کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے (1) (وہ) معبود[1] برحق[2] جو بے نیاز[1] ہے (2) نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا (3) اور کوئی اس کا ہمسر[2] نہیں ہے (4)	

مشکل الفاظ کے معانی	سُوْرَةُ الْفَلَقِ ، سُوْرَةُ النَّاسِ	حوالہ جات
	قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ① مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ② وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ③ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ④ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ⑤	
	قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ① مَلِكِ النَّاسِ ② اِلٰهِ النَّاسِ ③ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ④ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ⑤ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ⑥	

ترجمہ سورت فلق

کہو کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں (1) ہر اس چیز کی بُرائی سے جو اس نے پیدا کی (2) اور شب تاریک [1] کی بُرائی سے' جب اس کا اندھیرا چھا جائے (3) اور گنڈوں [2] پر (پڑھ پڑھ کر) پُھونکنے والیوں کی بُرائی سے (4) اور حسد کرنے والے کی بُرائی سے' جب حسد کرنے لگے (5)

1۔اندھیری رات 2۔گرہوں،گانٹھ

بدخواہی چاہنا،جلن کرنا

ترجمہ سورت ناس

کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں (1) (یعنی) لوگوں کے حقیقی [1] بادشاہ کی (2) لوگوں کے معبود [2] برحق [1] کی (3) (شیطان) وسوسہ انداز [2] کی بُرائی سے جو (خدا کی پناہ [3] لینے سے) پیچھے ہٹ جاتا ہے (4) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے (5) (خواہ وہ) جنات سے (ہو) یا انسانوں میں سے (6)

1۔اصل،سچے 2۔جس کا شرعی حکم مانا جائے

1۔سچ ہی سچ والے 2۔وہم یا شک ڈالنے والا 3۔حفاظت

انعام:112،صافات:27 تا 29